اِتنیاں: اتنے

(1) اتیاں کا خون تیری گردن (وجہی۔ تاج الحقائق) (2) تیرا جیو اتیاں میں کن پرہے کہہ (وجہی۔ قطب مشتری)

اَتھ: بہت زیادہ

(1) بہور رنگ بالے بال ہے تج میں چنچل اتھ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) لیا واتھ چاؤسوں مجلس کے میانے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اتول: بیش قیمت

یک اِک بول کے خوش صدف میں اتول (نصرتی۔ علی نامہ)

اَتلکونا: جس کی تکنا (موازنہ۔ مقابلہ) نہیں کی جاسکتی۔ بے نظیر۔ بے مثال

انکھیاں میں کھار لا بھرتا کہ تیرا روپ اتلکونا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اتولی: جس کو تولا نہ جاسکے

اتولی اتھی آسماں سوں زمین (نصرتی علی نامہ)

اتلوے: (جس کو تولا نہیں جاسکتا) عظیم۔ باوقار

نہ کن تولیا مجھ اتولے کے تیئں (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

اتھا: تھا

کہ بڑ تاد گرتا دا اتا اتھا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اتھانہ تھاسو: سب کا سب

اتھا نہ تھا سو سب چارہ گل جا کو پاش پاش ہوگیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

اَتھار: وسیع۔ بڑا

نہ جانوں کہاں دھیان پنچتی اتھار (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

اتھڑا: (مراٹھی اتھڑانے) پھیل جانا

جو اتھڑا اس میں بے شک وے بڑا ہے (علی۔ پند نامہ)

اُتھل: اوپر۔ سطح پر

ہور پانی میں دبک کو اتھل ہور چتی تیرنے لگی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

اَتھل: ظاہر

اتھل جائے کیون نہ ہوئے وہ تھری (فخری دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اَتھیاں: اتھی (تھی) کی جمع

(1) پچونڈا وسیدیاں تریاں اتھیاں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) (2) اتھیاں ماہ رویاں امرت بھریاں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) (3) اتھیاں جتنیاں خوباں زہرہ جبیں (رستمی۔ خاور نامہ) (4) کنیزاں اتھیاں مج پہ رونے لگیاں (رستمی۔ خاور نامہ)

اتھیں: تھیں

کئی انکھیاں کالیاں اتھیں بعد مرگ (رستمی۔ خاور نامہ)

اَتی: (سنسکرت) بہت زیادہ

دصال ہے اتی او ہجرت دو عدد (قریشی۔ بھوگ بل)

اِتی: اتنی

گرفتار کیتی ہے اِتی بلا (رستمی۔ خاور نامہ)

اِتے: اتنے

تیرے ہوناں اتے میٹھے ہیں موہن (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَتیت:ماضی

تجا اپنے تیئں سو بوج گت یا کلا اتیت (میراں جی شمس العشاق۔مغز مرغوب)

اتیت:اوجھل۔غائب۔سنیاسی

سب موں بن سب آپ اتیت (شیخ داول۔کشف الوجود)

اتیت انگھانا: تال کی چار گرہ سم،بسم،انیت اور اناگت ہوتی ہیں اناگت (انگھانا)ایک گرہ ہے

باجے فتح نصرت اتیت انگھانا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اُٹ: اٹھ

شتاب اٹ کے ڈھونڈنے لگیا چوب وسنگ (صنعتی۔قصہ بےنظیر)

اَٹا آٹ میں پڑنا:مصیبت میں مبتلا ہونا

دونوں دھیر تے پڑا اٹا آٹ میں (نصرتی۔علی نامہ)

دہ تھے تو گیانی تھی نکوٹ دل لئی تھا اٹاوٹ پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُٹنا:اٹھنا

کہ پڑتا او اٹا وگرتا اٹھا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اَٹک: رکاوٹ

باٹ چلنے میں کچھ اٹک ہووے تو پیر تھے مدد منگے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)

اَٹک: اندازہ

سالنے کا کچھ نہ تھا اس کو اٹک (وجدی۔پنچھی باچھا)

اَٹک رہنا:محبت کرنا

اٹک ہمیں رہیا سو جھبلیاں اپر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَٹکتے: دل لگاتے

اٹکتے ہیں کوئی نقش دیوار پر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَٹکٹ:بہت زیادہ۔بےحد

کہا اٹکٹ خوشی سوں میں ہوئی اب رات راحت کی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَٹکل:ایک لئی جس سے عورتیں سر دھوتی ہیں

بزاں لاکے اٹکل خلاسے کا گھال (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَٹکل جانا:اندازہ کرنا

تیری نگہ کے رمز کوں اٹکل گیا ہوں میں (ولی۔کلیات ولی)

اٹ کھٹ: نٹ کھٹ۔ضدی

دیکھو اٹ کھٹ ڈھٹائی سوں انکھی سو کھ کر کھڑک ہوئی ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَٹکو:رُک۔ٹھہر

تو اٹکو نکو یہاں پکڑ گھر کی باٹ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اٹمبر:جماعت۔خانداں

اپنے ذات بھایاں ہور اٹمبر میں سب سوں سرس ہوجائے گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اٹنبر: (سنسکرت)انبار۔ڈھیر

خیال عشق کا دل میں اٹنبر (وجدی۔مخزن عشق)

اٹوپ: (اٹپ)مہارت۔ڈھب۔ڈھنگ

تجھے میزبانی کا سنپڑا اٹوپ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اٹھاویس:اٹھائیس

ملک ہور ملکوت کے عالم اٹھاویس ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)

اٹھاویس کلا: کلا چاند کے قطر کا چھوٹا حصہ ہوتا ہے دوج کے چاند کی سولہ کلا ہوتی ہیں اور سورج کی بارہ دونوں کو جمع کردیا جائے تو اٹھائیس کلا ہوتی ہے۔

سُرج چاند دو ل اٹھائیس کلا (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اُٹھ بیٹھ میں لگ جانا:بےچین ہونا

بہت بیقرار ہو کر اٹھ بیٹھ میں لگ گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَٹھلنا مٹھلنا:اٹھلانا'نازوادادکھانا

اٹھلتی اور مٹھلتی چپ گھڑی دو چار بیٹھوں گی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُٹھنگل:بدتمیزی۔بیہودہ

(1) نہ تھا بن فتنہ انگیزی فن گمراہ اُٹھنگل کا (نصرتی۔علی نامہ) (2) ایسی

اُٹھنگل چال دیکھ کرناک چڑھانا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اٹھیا: اٹھا

(1) توں چلبلی بنیا ہے تو جگ میں غل اٹھیا ہے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) ابھال آکر ہور آگ بارا اٹھیا (رستمی۔خاورنامہ)

اٹھی: اٹھی

(1) اٹھی جاکے مہ نے نین کھول کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

(2) ٹرنگاں کے تل تے جی گرداوٹی (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

اٹھیاں: اٹھی (فعل مونث) کی جمع

کنیزاں اٹھیاں چھوڑ اوجائے کا (رستمی۔خاورنامہ)

اثاق: (عربی اثاق) عہدوپیاں

کہ کبھی اٹھی مرد کا وہ اثاق (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَج: آج

اسی وضع عالم ہے اج تھے نہیں (رستمی۔خاورنامہ)

اُجاڑ: ایک کوسنا (خدا کرے برباد ہوجائے)

اُجاڑ او قصائی کٹھن دل تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اوجالا: اجالا

اندھیرے میں کرنا ہمیشہ اوجالا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

اُوجالے: اُجالے

یکا یک اوجالے کا دیکھے نشاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اُجالیاں: اُجالے کی جمع

تو تن کے کھرگ اجالیاں تھے گئی بھگ فوج اندھیاریاں کی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اجبار: (عربی جبر) ظلم وستم۔زیادتی

بھوائے لھو کے ندیاں طوفاں اٹھیا اجبار کا (نصرتی۔علی نامہ)

اُجت: سورج (اسم۔مذکر)

(1) اجت روپ تھے پرتو دھوپ (جانم۔ارشادنامہ) (2) میرے من گگن کا اجت ناہوا (غواصی۔کلیات غواصی)

اجت پنا: روشنی

چاند پنا سو محمد کا نور اجت پنا سعں خدا کا نور (میراں جی خدا نما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

اَجتے: رہتے

غواصی سار کا مٹ بول خاص اجتے براں (غواصی۔کلیات غواصی)

اُوجڑی: اُجڑی۔جوبرباد ہوگئی ہو۔عورتوں کا ایک کوسا

جو پردے میں تے کی اوجڑی چلتر کر کے آتی ہے (ہاشمی۔دیون ہاشمی)

اُجڑگی: عورتوں کا ایک کوسنا۔بدنصیب

اوجڑگی کاں جو میں تمنایوں بھولے پن سوں ملنے کی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُجگر: اُجاگر

اجگر دھوں جگ سو ہوئے جن (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اُجگریاں: اژدھے (اسم۔مذکر۔جمع)

پڑیں اجگریاں سانپ بچھویاں نمن (نصرتی۔علی نامہ)

اجدہام: اژدہام

کہاں بھیڑ ہے اور کہاں اجدہام (فراقی۔مراۃ الحشر)

اُجرت خوار: ملازم

اپنی اجرت خوار اُن دو کوں کیا (نامعلوم۔قصہ دو شہزادے)

اُجل: اُجلا۔سفید

(1) کوئی زعفرانی بنفشہ اجل (عبدل۔ابراہیم نامہ) (2) ہوکر اُجل نظر میں او دکتا ہے رات دیس (سلطان۔دیوان سلطان)

اُجل بیڑے: چاندی کا ورق لگی ہوئی گلوریاں

کوئی کھا اجل بیڑے سکھ گونٹ کر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اُجل کرنا: چمکانا۔روشن کرنا

اول سورج کی آگ پر عنبر اندھارا اجل کیا (نصرتی۔علی نامہ)

اجموا: اجوائن کی ایک قسم جو بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔

کہ لاوتے نہیں بچھولڑے پہ اجموا (محمود بحری۔کلیات بحری)

اجنو: ابھی

کہ اوماہ ہم کوں ننا اجنو سے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اجنوں: اب تک

تج سارتن کس کہاں تھے اجنوں نکل نحیں آیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَجوت: تاریکی۔سیاہی۔جس میں جوت نہ ہو

حسن تیرا نج نین کوں بخشتے اجوت (غواصی۔کلیات غواصی)

اَجورہ: (عربی) اجرت۔مزدوری

اجورہ دے کے قاصد کو چلا کر (سعید۔قصۂ مرجان)

اَجوگی: جو جوگی نہ ہو

وہ جوگیوں میں مل کر اجوگی رہے گا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

اجولے: ناراض۔خفا

سکھی میں کچھ نہیں بولی پیا چپکے اجولے ہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُجھالا: اُجالا

قمر کا سو اجھالا میں (اسماعیل۔کلام اسماعیل)

اَجھوں: اب تک، ابھی

(1) اجھوں دھڑ دھڑاتا ہے سینا برا (غواصی۔طوطی نامہ)
(2) ولے ہے ترا کام اجھوں ناتمام (غواصی۔طوطی نامہ)
(3) کس ملک میں ظہور اجھوں نحیں کہاں گیا (غواصی۔کلیات غواصی)

اَجیت: (اجت) سورج (اسم۔مذکر)

(1) ظاہر اجالا اجیت کا (محمود خوش دہاں۔رسالہ وجودیہ)
(2) کروڑوں کالے اجیت ہوئیں اس کی تاب تلھار (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

اجیوں: ابھی تک۔ہنوز

معشوق سیج پر آتی ہے ہور عاشق اجیوں تلملتا (وجہی۔سب رس)

اَچ: رہ۔بن

(1) بوالہوس نکو اچ (وجہی۔تاج الحقائق) (2) تو اس کی عبادت میں دن رات اچ (وجہی۔قطب مشتری)

اُچ: اونچائی۔بلندی

جیوں روز کوں اُچ ہے اس روحی سوں (محمود بحری۔من لگن)

اُچا: اُٹھا۔بلند کر

علم عشق کا میں کھڑی ہواچا (رستمی۔خاور نامہ)

اُچاٹ: اکتاہٹ۔اداسی

بادشاہاں کوں بہوت اچاٹ خوب نحیں (وجہی۔سب رس)

اُچاٹ پکڑنا: اکتاہٹ محسوس کرنا۔اداس ہونا

توبہ کوں پکڑیا اچاٹ (وجہی۔سب رس)

اُچاچ: اچھائی

یہ منج لاگیا گھر اچاچ (جانم۔ارشاد نامہ)

اُچار: (اچارن) ذکر (اسم۔مذکر)

(1) کس موکھوں کروں اُچار (میراں جی شمس العشاق۔شہادت الحقیقت) (2) چارتن کروں اچار (جانم۔گفتار برہان)

اَچارج: اچاریہ۔عالم

ملیا گیانی اچارج کا مروپ سوں ہور بدیا چندسو (سید احمد ہنر۔نیہ درپن)

اُچارن: تلفظ (اسم۔مذکر)

اچارن سبد سوک موہن سو جان (میراں جی شمس العشاق۔شہادت الحقیقت)

اُچاری: عالم (اسم۔مذکر)

کلاتے ہیں کیتے برہمن اچاری (شاہ تراب۔من سمجھاون)

اُچاون ہارا: اٹھانے والا

دھوم اچاون ہارا یو (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

اُچاون: اٹھانا

(1) اچاون نہ سر دیہہ ہم درس ہم (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
(2) سو وہ پردہ اچاون کیوں سکے کوئی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اچنباچ: اچنبھائی (چیتا کیدی۔مراٹھی)

اچنباچ کر کام مشہور توں (نصرتی۔علی نامہ)

اُچاٹیا: اٹھا

مہکار اچاٹیا ہے پھر من میں دھاؤ سکیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَچپل: شوخ (اسم۔مذکر)

بڑا شوخ چنچل و اچپل پیا ہے (شاہ تراب ۔ من سمجھاون)

اچپلی: شوخ عورت (اسم ۔ مونث)

پلو چپ کر دیکھوں اس اچپلی کوں (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

اچپلیاں: اچپلی (شوخ عورت) کی جمع (اسم ۔ مونث جمع)

نظر کی ایسی اچپلیاں نین میں (شفیق ۔ تصویر جاناں)

اَچتا: رکھتا

کہ منڈپ ابر کا اچتا ہے سایا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَچرج: تعجب ۔ حیرت

(1) اچرج کہیا شاہی غزل سنتے بدل فرزانہ را (شاہی ۔ کلیات شاہی) (2) مجھے اچرج یہی آتا پیا کے پان کھانے کا (ولی ۔ کلیات ولی) (3) اچرج مہیا پیرابلا بلی تو ہیں سانچو اوتار (ابراہیم عادل شاہ ۔ کتاب نورس) (4) رھیا یا نسو برس آدم جدا اچرج صبوری ہے (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَچکر: (اچھ کر): رہتے ہوئے

بول نہ جاوے اچکر جیب (شیخ داول ۔ کشف الوجود)

اَچکل: شوخ

ناریاں میں جو نار بھاگ اچکل (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَچکل: خوبصورت

اچکل روپ اگر یوسف کوں دینا (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

اَچکل: چوڑا ۔ بڑا

اچکل ہار لو سر گوندا اس کوں (مومن ۔ اسرار عشق)

اَچکلا: شوخ

چندر کلا تیر اگلا ہے نرلائے اچکلا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اچمبا: اچنبھا ۔ تعجب خیز

(1) اچمبا کیک جون نادر چمن کا (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار) (2) نازک اچنبا ہے بدل نکھن بھریا ایسا محل (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) (3) جگ میں اچنبا ہور رھیا دستے ہی یو اوتار عید (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (4) اچنبا ہے یو چھانوں پروردگار (صنعتی ۔ قصہ بے نظیر)

اچنبا ہونا: متعجب ہونا

اچنبا ہوا خضر سن کرندا (جنیدی ۔ تحفۃ النصائح)

اچنباک: عجیب ۔ انوکھا

(1) مکھڑا سکی کا عید سا دستا اچنباک نور سوں (نصرتی ۔ کلام نصرتی)
(2) چھپے چھند سوں کیتا اچنباک پچھان (نصرتی ۔ کلام نصرتی)

اچنت: جس کو کوئی چنتا (فکر) نہ ہو

کہ پیا اچنت چنتا بھاس (جانم ۔ ارشاد نامہ)

اَچنتا: لاپرواہ

اچنتا جو کوئی پہنے الٹا چہ تھنڈ (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

اچوک: جس میں چوک (غلطی) نہ ہو ۔ درست ۔ سچا

بڑے سانچے کہہ کر گئے بول اچوک (فخر دین نظامی ۔ کدم راو پدم راؤ)

اُچھا: اونچا

قد او چایا ہے ہریا ہر سرو تھے بھی اُچھا علم (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اچھپلیاں: اچھپلی (شوخ) کی جمع

لکیاں کھانے کوں جھولے سب نویلیاں اچھپلیاں بالیاں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اچھر: حرف (اسم ۔ مذکر)

او آرام کا یک پڑی تھیں اچھر (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

اچھر کھولنا: فال کھولنا

کہ مہ پنڈتاں سو اچھر کھولنے (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

اچھران: اچھر (حرف) کی جمع (اسم ۔ مذکر ۔ جمع)

ہیں ایسے نرملے امرت سے اچھے اچھران میرے (غواصی ۔ کلیات غواصی)

اچھرٹی: (اچھروٹی) تار سے بنا ہوا ایک باجا (اسم۔مذکر)
بجا کر اچھرٹی اکثر جنتر میں گئی چھبیلی نے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُچھلتیاں: اُچھلتی (فعل مونث) کی جمع
اچھلتیاں ہیں بجلیاں ابھالاں تلے (وجہی۔قطب مشتری)

اُچھلنا: غرور کرنا۔اترانا
اس حیات پر اپنا کیا اُچھلنا (وجہی۔سب رس)

اُچھلیا: اُچھلا
دندیاں مارے گئے اچھلیا رگت لال (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اُچھن دینا: رہنے دینا
خاطر جمع اچھن دیو بولیں گے لاکھ کوئی تو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اچھنہار: رہنے والا
اچھنہار ہے گیند تازہ یو جم (غواصی۔طوطی نامہ)

اچھوں گا، اچھوں گی: رہے گا، رہے گی
اچھوں گا میں اپنی بی سوگند پر۔اچھوں گی اگر توں بھی مجھ بند پر (رستمی۔خاور نامہ)

اَچھری: (اپسرا) پری۔حور (اسم۔مونث)
نہ جانے یا سرگ کی اچھری ہے (ابن نشاطی۔پھول بن)

اَچھریاں: پریاں۔اپسرائیں (اسم۔مونث۔جمع)
جو اس نکویاں پر اچھریاں دشت بھاویں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اچھیاں: اچھی (صفت۔مونث) کی جمع
سو کچ اچھیاں ہتیلیاں لال سورنگ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

احدی: سنتری (اسم۔مذکر)
احدی جیوں اورنگ زیب کا دن رات چلتا گھاٹ پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

احوال نہیں: حیثیت نہیں۔سکت نہیں
لوگاں کے سری کا کرنے کوں تیرے میں کچھ احوال نہیں ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

احوج: (عربی) ناگزیر۔نہایت ضروری
فہم اس سرکار ھے تجے احوج (قربی۔دیوان قربی)

اَخل: عقل
(1) اخل گم ہوئی شہہ ہوا بے خبر (وجہی۔قطب مشتری) (2) اخل آنکس ہے لیکن مانتا ئیں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اِخلاص جوڑنا: دوستی کرنا
ملیابات میں اس کی اخلاص جوڑ (نصرتی۔علی نامہ)

اخوں ماں: خواتین کا کلمہ تخاطب
اخوں ماں رانڈ کے دیدے سے ڈرنا (شاہ تراب۔قصہ مہ جبین وملا)

اِخواتاں: (عربی) اخ (بھائی) کی جمع
اخواتاں جتے تھے ہر اک شہ کنے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اخنی: یخنی
برنج اخنی قلیا ترشی موافوں شوربا شلغم کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُدآد: آغاز۔افرنیش
جو ادآد تھیں نا چلے یوں کوئے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اُدار: (آدھار) سہارا
گسائیں جہیں ایک دنہ جگ ادار (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اُداس: علاحدہ۔مختلف
اپنی اپنی روت اداس (اشرف۔نوسرہار)

اُداسی: سنیاسیوں کا ایک فرقہ
سنیاہوں نہ تھا وہ اداسی کنے (معظم۔شجرۃ الاتقیاء)

ادایاں: ادا کی جمع
ادایاں سب کی تو دیکھیا ولیکن یو ادا تیرا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ادباٹ: آدھا راستہ
دیکھے چیونٹی ہے تو ادباٹ پر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

ادب خانہ: قید خانہ
ادب خانے میں شہہ بندے کوں دیتا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

ادب خوانی: سزا
بچاروں کوں ادب خوانی دیا میں (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
اُدت: سورج (اسم۔مذکر)
سوکھیا اوت راؤ اس ورتمان (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)
اُدت: پوشیدہ
کدم راؤ گھر میں دھریا ہیم اوت (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم)
ادر: ادھر
(1) جو کوئی باگ آتا نہیں ہے ادر (رستمی۔ خاور نامہ) (2) ادھر تھے کہاں جائیں گے سوکہو (رستمی۔ خاور نامہ)
اردنگ: آدھا جسم
سکھی ہوئے بیٹھا اردنگ کھول (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)
اُدک: پانی (اسم۔مذکر)
یاجوں کمل ادک اپر (جانم۔ ارشاد نامہ)
ادھ کھلنا: آدھا کھلنا
اَدکھیلیا: نیم وا۔ آدھا کھلا ہوا
کہ یا ادکھیلیا پھول جاسوں لیائے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)
ادلنا= برباد کرنا
اُدلنا: برباد کرنا
ہوکر اجل نظر میں اولتا ہے رات دیس (سلطان۔ دیوان سلطان)
اُدم: (اسم) (سنسکرت اُدیم) محنت۔ کوشش
اُدم اتال چلے جوہریاں کے کیا پتھرے (محمود بحری۔ کلیات بحری)
ادماد: (اسم) عیش و عشرت
جسے ایک تل ہوئے ادماد سکھ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)
ادمار: (اسم) (سنسکرت اُن مار) شر۔ آفت۔ تکبر
ہردم شیطان ادمار۔ بسرے سب خدا کا یاد (دائم۔ لوری نامہ)
اُدمی: آدمی (اسم۔مذکر)
(1) اوادمی کیتا کیسے تو بھی خاک ہے (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزاء) (2) دنیا باغ آدمی بھلانے کوں ہے (رستمی۔ خاور نامہ)

اُدمیاں: ادمی (آدمی) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
(1) اس ادمیاں منیں دستگیر آئی ہوں (رستمی۔ خاور نامہ) (2) زمیں کوں ادمیاں سیتیں سنواریا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) (3) کہ جاگے کوں ہے ادمیاں سو شرف (صنعتی۔ مثنوی گلدستہ)
ادموا: (صفت) نیم جان (اد: آدھا + موا: مراہوا) آدھا مراہوا
(1) ہوا ادموا سخت اڑ جا پڑا اس (غواصی۔ طوطی نامہ) (2) برہ تھے ادموا ہو کر رھیا تو کیا ہوایوں میں (غواصی۔ کلیات غواصی)
اُدنتری: (صفت) ادھورا۔ نامکمل
کام ناتمام ادنتری سیکھا سوکام (وجہی۔ قطب مشتری)
ادو: سورج (اسم۔مذکر)
ادو ہوئے پنجم کے روپ بھان (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)
ادھار: سہارا (اسم۔مذکر)
یکیلی جو بیٹھی ہے توں بن ادھار (غواصی طوطی نامہ)
ادھاری: تاریکی (اسم۔مونث)
ادھاری کہ جے منجھ جائے کہیں (فخر دین نظامی۔ کدم راو پدم راؤ)
اُدھان: (سنسکرت) جوش اُبال۔ طوفان (اسم۔مذکر)
جوانی کے دریا کوں آیا ادھان (وجہی۔ قطب مشتری)
ادھتری: (صفت) ادھوری۔ بے ڈھنگی
ہمیں سب کچھ سمجھتیاں ہیں ادھتری چال بیگانی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
ادھر: (صفت) غیر مستحکم۔ ادھورا
ادھر ست نہ دے کام کرتو تمام (وجہی۔ سب رس)
ادھر: (اسم) ہونٹ
(1) ادھر سوں انپڑ او بیڑیاں پان کے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) (2) ادھر ہیں رسیلے کہ نابات کے جھب (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) و لے تج ادھر ہیں امرت تھے الذ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
اُدھر: طرف
دل کی ادھر تے عقل بھی حیران ڈاواں ڈول ہے (وجہی۔ سب رس)

اَڈھڑ: (صفت) ادھیڑ
ادھڑ ہے او عورت سو تو نوجوان (غواصی۔طوطی نامہ)

اُدھک: (صفت) (سنسکرت) زیادہ۔بہت
(1) تج زلف کی زنجیر کا دھرتا ہے من میں چونک ادھک (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) خورشید سوں ادھک ہے ترے چہرے کی جھلک (ولی۔کلیات ولی)

اُدھکا: (صفت) (ادھک) زیادہ۔بہت
فرہاد کے تیشے سوں بجھا ادھکا ہوا ہے غم ترا (ولی۔کلیات ولی)

اَدھل: (صفت) (اڈھل) نہ ڈھلنے والا۔مضبوط سیدھا
کھڑا تیر ہوں جیوں رہیا تھا ادھل (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اُدہم: (صفت) ادنیٰ۔حقیر
بھی ادہم رہیں صحبتاں جنس چار (قریشی۔بھوگ بل)

ادھنتر: (صفت) معلق
ادھنتر باؤ او پر گانٹھ بھائے (سید احمد ہنر۔نیہ درپن)

اَدھی: (صفت) آدھی
(1) چلا گشت کرنے ادھی رات کوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) (2) گی چھٹی سو ادھی رات کوں (غواصی۔طوطی نامہ) (3) جو رانڈیں کن آئی ادھی رات کوں (غواصی۔طوطی نامہ)

ادھیان: (اسم۔مذکر) طغیانی۔سیلاب
جوانی کی دریا کوں آیا ادھیان (وجہی۔قطب مشتری)

اَدھے: (صفت) آدھے
ادھے باٹ گئے پردیے چھوڑ کر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَدھیں: (صفت) آدھی
چلیا شاہ بہرام ادھیں رات میں (طبعی۔بہرام وگل اندام)

ادھیکاری: (صفت) حقدار۔قابض
جہاں ملائک اچھے ادھیکاری (میراں جی شمس العشاق۔مغز مرغوب)

ادیک: (ادھک) (صفت) زیادہ۔بہت
(1) سو بیتاب سنیج پایا ادیک (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) (2) سو اس کا جنا باپ خوش ہوا دیک (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ادیکھے: حاسد۔دشمن
ادیکھے کا میرے نکو رکھ تو نام۔مرے حاسدوں کو فنا کر تمام (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ادیکھیاں: حاسد۔دشمن
(1) ادیکھیاں کے سلے سینے کٹارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) ادیکھیاں میں ہو سرخرو سرا اُچائیں (غواصی۔طوطی نامہ) (3) کہ طعنے ادیکھیاں کی میں سوتی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) (4) ادیکھیاں نے لیائے دونوں میانے دوئی (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنون)

اڑلنا: پسند آنا

اُڑلیا: پسند آیا
میوا کوئی اڑلیا نہیں اے دھن تیرے چھب سوں لذیذ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَڑیاں: اذان (اسم۔مونث)
اذیاں جب ہوتی لیتی بیج پر بیج (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اَر: (فارسی) اگر
دشمن ار مجھ پر کرے گا دشمنی کی جب نظر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَرّا: (اسم۔مذکر) آرا
دن کا ذکر جیوں ارّا ہوا ہے منج جلانی کوں (محمود بحری۔کلیات بحری)

اَراب: توپ (اسم۔مونث)
سکل جیوں ارابے کوں دتی بتھی (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

اَرابا: توپ گاڑی (اسم۔مونث)
عجب شہر دستا ارابا نگار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اَراخت: (فارسی۔ارافت) پیشاب (اسم۔مذکر)
(1) اراخت تب کری تھی واں دہ ناری (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
(2) سیہ گائے کیرا ارافت پکڑ (قریشی۔بھوگ بل)

اُربسی:(اروشی)راجا اندر کے اکھاڑے کی ایک اپسرا
مٹیکار نبھا اربسی آکے ناچیاں(عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اُربسیاں:اُربسی (اُربسی: اندر کے سبھا کی ایک اپسرا) کی جمع۔پریاں۔خوبصورت عورتیں
اسا ورا ور ابسیاں کئی گاون کار کرتے ہیں(ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَربند:(سنسکرت۔اروند)کنول (اسم۔مذکر)
مدکھر سوآ کر نیہ سوں بیٹھا ہے جوں اربند سوں ال(شاہی۔کلیات شاہی)

اَرت:(سنسکرت ارتھ)(اسم)معنی۔مفہوم۔اشارت
(1)پرت کی ارت کہہ جگت سب رجھایا(عبداللہ قطب شا۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)(2)دوآرت سید باج ریجھے نہ کوئے(فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راؤ)(ج)یوتوے ارت اور دکھلا کے تال(ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَرت بندنا:معنی پیدا کرنا
بندیا کہیں ارت پر یکس وہم کا(نصرتی۔گلشن عشق)

اَرت بھاؤ:رقص کی ایک اصطلاح
ارت بھاؤ میں درنمن ڈھال اتھی(صنعتی۔قصہ بے نظیر)

اَرتھ:(اسم)ارتھ۔معنی۔مفہوم
ارتھ بھید مہکار خوشبو دی باس(عبدل۔ابراہیم نامہ)

اَرجو: (اسم)آرزو
تو جہاں میں ارجو چاواں سوں بکا تا ہے رواں(محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَرچل:(صفت)تیز گام
مقابل رہ نہ سک بھاگیا چندرا سوار ارچل کا(نصرتی۔علی نامہ)

اَرد:(صفت)نصف۔ادھیڑ
جب یہ تریا ارد پڑا(جانم۔ارشاد نامہ)

اَرد:(اسم)(ارادھنا)پوجا۔عبادت
جوں ارد پر آکے دیکھ نظر(جانم۔ارشاد نامہ)

اَرداش:عرض داش (اسم۔مذکر)
(1) کیتیا ارداش سر بھویں دھر سلحدار(احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
(2)منج کوں ہے تج ارداش یک جم راج کرائے راج توں(غواصی۔کلیات غواصی)

اَردبیل:ایران کا ایک شہر
کدھیں شیراز اچھتا ہور اردبیل(ابن نشاطی۔پھول بن)

اَردگان: نجوم کی ایک جدول جس سے نتائج اخذ کیے جاسکتے ہیں
گگن سار کے منج کتک اردگان(فخر دین نظامی۔کدم راو پدم را)

اُرگن:تارے
اکاس او پہاں بدھ بل سانچی سارا ں ارگن سارے(ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اَردماتر:(اسم)لاہوت
(1)ہنکھی نیند سوں اردماتر میں سوئے گا(شاہ تراب۔من سمجھاون)
(2)نہ آکار نہ اوکار نہ اردماتر(شاہ تراب۔من سمجھاون)

اَردنگ:(سنسکرت)آدھا جسم
ارنگ ہو پیا کی دِسّی ہوں چھاؤں سم ہو(شاہی۔کلیات شاہی)

اردھار: چالیس سال سے زیادہ عمر کی عورت
سو چوتھی کیرا ناؤں اردھا ہے(قریشی۔بھوگ بل)

اَردھ چندر: آدھا چاند(ناخن کا نشان)
نہوں مارے تو نام اردھ چندر(قریشی۔بھوگ بل)

اَردھنگ:(اسم)آدھا جسم
نہ اردھنگ سوں سیس اُپر بائے انچل(محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَرڑا:چیخا۔چلایا
پڑیا بہوت ارڑا کے دیو سیاہ(رستمی۔خاور نامہ)

اُڑانی:پنکھا۔(ضعیف)(اسم۔مذکر)
دروان ہے بوڑھا سا بوڑا موا اڑانی(ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُڑدھا:بوڑھی(اسم۔مونث)
سو چوتھی ہے اُڑدھا بلند عمر سال(قریشی۔بھوگ بل)

ارڑانا: آہ وزاری کرنا۔پکارنا
یوں پڑیا شاہ حسین اڑڑاؤ(اشرف۔نوسرہار)

اَرڑائے: چیخے

پڑیا دھرتی پر سوار ڑائے کر (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

اَزما: آزما

(1) کہوں گا تسوں کھول ازمائے دیک (غواصی۔ طوطی نامہ) (2) غواصی اس نگر میں تو دکھیا ازما کے بخت اپنا (غواصی۔ کلیات غواصی)

اَرس: آرسی۔ آئینہ (اسم۔ مذکر)

کن اس جمالیت کے نگر کا ارس ہوا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

اَرسی: آرسی (اسم۔ مونث)

جو ارسی تھے دل کی دھوئے گا بخار (رستمی۔ خاور نامہ)

اَرش: عرش (اسم۔ مذکر)

کیتے ارش روشن سو تاریاں مثال (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

ارگجا: ایک خوشبودار مرکب (اسم۔ مذکر)

(1) جو خوشبو صندل ارگجا سات لائی (غواصی۔ طوطی نامہ) (2) ابیر ارگجا لا کے تشریف دیے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) (3) لگایا اتھا ارگجا ہور چوا (طبعی۔ بہرام و گل اندام)

ارگجی: (صفت) پیلی۔ زرد

پوچھیں گے کر کے ڈرتے تمیں کری ہے ارگجی چولی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اَرگند: ایک پھول کا نام (اسم۔ مذکر)

ارگند رائے بیل، سیوتی دونا و مروا کیا کروں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اَرمان: ارمینیا۔ ایک ملک کا نام

سنجان و کرمان وارمان و روس (نصرتی۔ گلشن عشق)

اَرمان پُھنجنا: ارمان نکالنا

خدا کے مہر کے بغیر ارمان تمیں پھنجگی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

ارمرتا: (صفت) آدھا مرا ہوا

جے کوئی پیاسوں تھے ارمرتا پڑیا ہوئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَرُن: سرخ رنگ۔ شفق (اسم۔ مذکر)

(1) ارن صندل شفق کاں سے منگا دے جشن کے کارن (شاہی۔ کلیات شاہی) (2) بھانو بسنت بنتی کریں ارن شفق رنگ منگ (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

اَرنب: آغاز۔ ابتدا

ارنب شہادت اس کن جان خوب پانی میں چند (میراں جی شمس العشاق۔ مغز مرغوب)

ارنیاں: ارنا (ارنا بھینسہ) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

پلنگ گرگ ارنیاں کے تئیں لات سوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اَروا: (اسم) رغبت۔ خواہش

نیں جیو ہیں کوئی ساقی یہاں میوے پہ اروا کیا کروں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اروا۔ ارواں: حمل کے دوران کسی خاص چیز کی خواہش جو استقرار حمل کی علامت ہے

بفضل ربی بجھتی ہوں میں یہ سب طور ارواں کے ہیں اُس کتیں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اَرواح: (اسم۔ مونث) روح

سوارواح اس راج کی جیوں اڑی (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

ارواح کو خبر نہیں آنا: فرشتوں کو بھی خبر نہ ہونا

زلف دل کوں کلف ہو کر اس چھجے پر یوں کھینچ لیائی کہ دل کی ارواح کو خبر نہیں آتا (وجہی۔ سب رس)

اَروگن کرنا: ضیافت کرنا

(1) کہ ہوں لوڑنے تھی اروگن کرن (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

(2) بھوندا بلدورت اروگن کروں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اَروے لگنا: حمل کے ابتدائی مہینوں میں حاملہ کی کسی خاص غذا کی جانب رغبت یا نفرت

مہینے تین بعد از جا اروے لگے۔ قبیلے کے لوگ اس کوں کڑوے لگے (اولیاء۔ قصہ ابو شحمہ)

اَرہ: آرا (اسم۔ مذکر)

اسے ارہ و تیشہ کا کام نمیں (رستمی۔خاور نامہ)

اڑ: (اسم) ضد۔مخالفت

رہا ہے وہی شخص مہدی سوں اڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اُرانے: (سنسکرت اُلہانا) الاہنا۔طنز کرنا،طعنہ دینا

اُرانے ملیں اس کوں چونڈھیر تے (وجہی۔قطب مشتری)

اَڑباٹ: (اسم۔مذکر) وہ راستہ جو کم فاصلہ سے منزل تک پہنچائے۔

تو باٹ اب ہمیں سٹ کر اڑباٹ جائیں (وجہی۔قطب مشتری)

اَڑتل: (اڑچل) رکاوٹ

خلل تھا سبھوں تے جب لگ ہم کوں سخت اڑتل کا (نصرتی۔علی نامہ)

اَڑتلا: اوٹ۔پناہ گاہ

انے یہ دیکھ کر اڑ تلے میں سو جانے منگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَڑتے بختوں: (صفت) بدنصیب

اسی تے بھوت ڈرآتا میں اڑتے بختوں کی ہوں کر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُڑچک: (اسم) اُچکا

میں بڑی اڑ چک ہور اچکی ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اُڑا: آڑا

باڑی سو پلکاں لاے کر سو کا کرے آڑا اڑا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اُڑاوے: اڑھاے

اڑاوے مجھ پرت کا شاہ شالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اُڑچن: رکاوٹ۔خلل اندازی

اور گڑا نہایت سوا اڑچن ہوا (سیوک۔جنگ نامہ)

اڑدابیگیاں: (صفت) ملازمہ یا ملازم کی ایک قسم

لچھن کیان چلیاں اڑدابیگیاں سنگات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَڑذات: (صفت) بدذات

اڑذات کو پالنا اپنے ماں باپ سے ہاتھ دھونا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَڑسری: مقابلہ۔سرکشی

جو مجھ گال سوں لیہہ وہ اڑسری (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اڑکنا: اٹکنا

اَڑک: اٹک

رہی تھی کنگورے میں جا کر اڑک (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اڑکا: پیتل کا سکہ جو جنوبی ہند میں رائج تھا (اسم۔مذکر)

خدا کے واسطے اجڑی کسے اڑکا نہ گردانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَڑگڑ: (اسم) ایک سمندری مچھلی جو گھڑیال سے مشابہہ ہوتی ہے

دسے اڑگڑ نمن ہر موج کھا تاؤ (سید احمد ہنر۔نیہ درپن)

اڑگن: (سنسکرت اڈگن) ستارے (اسم۔مذکر)

چنبیلی، جائی وجوئی اسے اڑگن کے نمن (شاہی۔کلیات شاہی)

اڑلانا: چلانا

اَڑلا: چلا

سب اڑلا کو رونے لگے زار زار (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

اَڑناوں: (اسم) عرف

یکس کوں بلا ایک اڑناؤں سوں (وجہی۔قطب مشتری)

اڑنگ: اڑنگا

کسی ٹھار پر کچھ نہ کرنا اڑنگ (طبعی۔بہرام وگل اندام)

اڑواڑ: درمیان میں آنا۔مداخلت کرنا

دوسرا بیٹا اڑواڑ ہور آڑا پڑ کر بولنے لگا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَڑی: ناز و ادا۔نخرہ

مرداں ہوں کیوں نہ عاشق عورتاں کی نت اڑی ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَڑی: غوطہ

ایک انبیکا کنارے سوں دریا میں اڑی ماریا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَڑیاں: اڑی (حائل ہوئی۔فعل مونث) کی جمع

سوالکھ پر تب سوں اڑیاں ہوئیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

اُڑی پڑ کے ملنا: ملاقات میں اشتیاق کے ساتھ پہل کرنا

اڑی پڑ کو جو ملتے ہیں ہزاروں تو ڑا چھوری کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُڑیا: (صفت) مصیبت میں مبتلا
اڑیا کیا سنگتا ہے امداد (وجہی۔سب رس)

اُڑیا: اڑا
(1) کبوتر بھی دل کا اڑیا واں تھے باز (رستمی۔خاور نامہ) (2) ہوا پردہ اڑیا بارا ہو سارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَڑیا: رکا
اڑیا کیا ان بولوں باج رکھوں دو جانور (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

اُڑیاں: اُڑی (فعل۔مونث) کی جمع
(1) اڑیاں چنگلیاں تیزیاں تھے جانو شتاب (رستمی۔خاور نامہ) (2) اڑیاں اس گل کوں ہاتے لے کر (ابن نشاطی۔پھول بن)

اَزلی وقت: وہ وقت جو ازل سے مقرر ہے۔موت کا وقت
جانو تو کہ حسین علی کیرا آیا وقت ازلی (اشرف۔نوسرہار)

اِسبند: (اسم) اسپند
ان کو اپنی عین پناہ ہم کوں اسبند رانی (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

اَسپاس: آس پاس
سوبے سد ہو اسپاس سگلیاں سوتیاں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

اُساس: آہ (اسم۔مونث)
(1) اپس میں اپس بھر ٹھنڈی سرد اساس (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) (2) انجو لیانے انکھیاں میں بھرتی اساس (غواصی۔طوطی نامہ) (3) کھڑی تھی سو دمیں سرد بھا کر اساس (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

اُساساں: اُساس (آہ) کی جمع
اساساں بھاوے او کئی لک ہزار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اُساساں بانا: آہیں بھرنا
اساساں ٹھنڈے غم کی بانے لگیا (طبعی۔بہرام و گل اندام)

اُساس بھانا: آہ بھرنا
سن اس بات کوں او پنکھی بھا اساس (غواصی۔طوطی نامہ)

اساولی: (اسم) سوتی کپڑا
جیوں سوں پکڑ رہی ہوں تیرے اساولی کو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَسپت: (سنسکرت۔اشوپتی) گھڑسوار۔گھوڑے کا مالک
کھڑے بھوت اسپت گجپت راؤ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اَسپرس: (اسپرش) لمس۔حواس خمسہ میں سے ایک
دیا روپ رس گند اسپرس او (شاہ تراب۔من سمجھاون)

اَسائش: آسائش
اسائش کیا کھا کرا سکو شتاب (رستمی۔خاور نامہ)

اَس پَیس: آس پاس
چکڑی گھونسلے کے اس پیس چکراں مارتی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

استاوار: (صفت) استوار
دستے گھوڑے استاوار (اشرف۔نوسرہار)

اَست: (صفت) (جوست (سچ) نہ ہو) جھوٹ
صحیح ہو تو یا است ہو تو سہائے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

اَستُت: (اسم) تعریف۔مدح
(1) میں استت تمارا تو کاں لگ سراؤں (شاہ تراب۔من سمجھاون)
(2) کرن استت علی شاہ ولایت کا سو ہر ٹھارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَستُتی: (سنسکرت ستتی) (اسم) ستائش۔تعریف
کرتوں پرتھم استتی او نکار کا (شاہ تراب۔ظہور کلی)

اَستی: (اسم) ہستی۔وجود
استی پیلا ڑبے چوں واں کیا دیکھے گا چرا اہور چوں (وجہی۔سب رس)

اِستدا: (اسم) استدعا
فلانے برہمن کے ہات استدا (غواصی۔طوطی نامہ)

اِستر: مرد (اسم۔مذکر)
(1) اچھے گا وہ استر گھوڑے پر سوا (رستمی۔خاور نامہ) (2) اگر توں استری استر پہ دھر پیار (محمود بحری۔کلیات بحری)

اِستری: عورت (اسم۔مونث)
(1) کہا دوجا کہ اس پر استری ہے (ملک خوشنود۔جنت سنگار) (2) کرے راج جو لگ پرب استری (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) (3) مرد

ناراو پاپی استری (غواصی۔ مینا ستونتی) (4) کہ ون بول عجب ہے سو اواستری (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اَستوت: (اَستت) تعریف۔ ستائش (اسم۔ مونث)

(1) استوت بوڑوں کرنے چکھ (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزاء)

(2) شیخ کی استوت کوں کرآسرا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

اَستھول: ظاہر۔ دکھائی دینے والا

توں استھول کوں دیتا نا کہہ (جانم۔ ارشاد نامہ)

اَسرار چرنا: بھید کھلنا

اسرار نہ چرتے مجھے بن برہ کے دکھ راست (محمود بحری۔ کلیات بحری)

اَسرواد: (آشیرواد)۔ دعا (اسم۔ مونث)

اسرواددے کر پھریا راؤ کوں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اِس کیاں: اس کے یہاں۔ اسکے پاس

جو کوئی شخص آاس کیاں یکبار کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اُسل: (عربی۔ اَشل) جوشل ہوگیا ہو

ہور اس اسل ہور کیڑ کھائے سوں والے کو حکومت دینا کہتے سو کیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

اِسم اُچائے: نام روشن کرے

مرد وہ جو اسم اپنا اچائے (وجہی۔ سب رس)

اَسمان: آسمان (اسم۔ مذکر)

اجت جوں کہ اسمان میں تھے پھریاؑ (رستمی۔ خاور نامہ)

اَسمان سرپر ٹوٹ پڑیا: مصیبت نازل ہوئی

پڑیا آمرے سرپہ اسمان ٹوٹ (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اَسماناں: اسمان (آسماں) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

روشن ہوئے اسماناں جھلکاے رتن کھاناں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اسمان کی جھاڑوں: کہکشاں (اسم۔ مونث)

جھاڑوں تھی اسمان کی بھی اس کی دم (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

اَسمانی: (صفت) آسمانی

تقدیر جے اسمانی آئے (جانم۔ ارشاد نامہ)

اِسمیچ: اس میں ہی (چ تاکیدی۔ مراٹھی)

دیکھے وھونڈ تو پند اسمیچ ہے (غواصی۔ طوطی نامہ)

اُسن: (سنسکرت اوشن) گرمی۔ جوش

کیتی آہ یک جوں کرے کوئی اسن (وجدی۔ تحفہ عاشق)

اَسنگت: بے تعلق۔ بے جوڑ

اسنگت لے کیوں دیکھ سکوں اینا د (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اسنگت: (اسم) جدائی۔ فراق

اسنگت کے وہ من لگے بھی نہیں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اِسو: اسی

اسو سے بھریا جائے تیرا پران (ہاشمی یوسف زلیخا)

اَسُو: (سنسکرت اَشو) گھوڑا (اسم۔ مذکر)

کہیں اسو جس مرد کوں نام ورنگ (قریشی۔ بھوگ بل)

اَسواس: آہ (اسم۔ مونث)

انچھوڑ ھالن لگی اسواس بہہ بہہ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَسوجھ: جس کو سوجھ بوجھ نہ ہو

بھوندا چلیا کرن لاگا اسوجھ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اَسوں: آنسو (اسم۔ مذکر)

اسوں لاکر اسے کریاد دے آرام دونگا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اُسوں: اس سے

جو میں حظ کروں رات ساری اُسوں (غواصی۔ طوطی نامہ)

اَسوسی: امید کرنے والی۔ آس لگانے والی

اسوسی کی بجھاوے نا جوں تو آگ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَسومتی: زمین (اسم۔ مونث)

جب لگ ابھرم اسومت نس پتی دنکر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

اِسیان: (اسم) عصیاں۔ گناہ

ہمنا کوں بھی اس اسیاں سوں بخشے گا (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیاء)

اَسیرواد: آشیرواد۔ دعا (اسم۔ مذکر)

پہلیں کبی سراوں سوں آسیر داد (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
اسی کاچ: اسی کا (چہ تاکیدی۔ مراٹھی)
الھیا شہر میں سب اسی کاچ شور (غواصی۔ طوطی نامہ)
اَش: اُف
جامنی گھبرات سوں اش نہیں کہی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
اَشاڑہ: ہندی مہینے کا نام جو جون جولائی میں آتا ہے۔ گرم موسم
یارب نہ بھارا بھیج دے اس جھاڑ پر اشاڑہ کا (محمود بحری۔ کلیات بحری)
اِشتال: (اسم) اشتعال
کیا یوں اسے عشق تیرا اشتال (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
اَشت دِک: (اَشٹ دِشا) آٹھ سمتیں
نہ ٹھاوں ہے وہاں نہ اشت دک ہے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
اَشٹ ایسور: اٹھ قسم کی دولت اور نعمت
جو مہر آئی اشٹ ایسور اشٹ بھوگی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
اَشت بھوگی: آٹھ قسم کے عیش کرنے اور آٹھ قسم کی نعمتوں سے بہرہ مند ہونے والا
جو مہر آئی اشٹ ایسور اشت بھوگی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
اَشٹ دِکھ: آٹھ سمت
منج اسکا دھیان پھریا اشت دکھ سے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
اَشٹم: آٹھ
دگر روز جھٹ روز اشٹم ہے وے (قریشی۔ بھوگ بل)
اَشرفی: گُلِ اشرفی
ہے باہم اشرفی کا پھول سنبل (شفیق۔ تصویر جاناں)
اَشکار: (صفت) (آشکار) ظاہر
نگر میں جب ہوی یہ سدھ اشکار (نصرتی۔ گلشن عشق)
اَصیل: (صفت) اصلی۔ شریف
کہ اے مونی تو ہے ناری اصیل (غواصی۔ طوطی نامہ)
اَصیلا: (صفت) اصل۔ اچھے نسب والا
تازی گھوڑا اصیلا چین (اشرف۔ نوسرہار)

اِضطراب کھڑنا: بےچینی پیدا ہونا
دونوں کوں کھڑیا ہے اضطراب (وجہی۔ سب رس)
اضطراب کھڑیا: بےچینی پیدا ہوئی
اِطاعیت: اطاعت
اطاعیت تے جو کری اس کے بھار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
اعراج: (صفت) مجبور
توں اپس کی موزی سوں ہے اعرج (قربی۔ دیوان قربی)
اَعصا: (اسم) عصا
دیویں خوب اعصا او فرزند کے ہات (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
اَعلا: (صفت) اعلیٰ
ہر اک شئی پہ اعلا ہے اس کا مقام (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
اَفساں: (اسم) افسانہ
جو افساں اس میں ہے سورس بھرا ہے (غواصی۔ طوطی نامہ)
اَفسوس کھانا: افسوس کرنا
(1) پریشان ہو افسوس کھایوں کہیا (نصرتی۔ علی نامہ) (2) پس کہا افسوس کھا کر وہ غلام (وجدی۔ پنچھی باچھا) (3) نہ سجدہ کیے کر کے افسوس کھائے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
اَفلاکیاں: آسماں پر رہنے والے
اتا چل تو افلاکیاں کوں نواز (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
اَفیم: افیون (اسم۔ مونث)
تاڑی کھجوری ناریلی چھوڑیا ہوں تو تے بھنگ افیم (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
اَفیونیاں: (صفت) افیون استعمال کرنے والے (افیونی کی جمع)
افیونیاں کو گلا نہ ملنے لگیا (نصرتی۔ علی نامہ)
اَقل: عقل (اسم۔ مونث)
پروا نہیں اقل کی عاشق اہے دوانا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)
اَک: (سنسکرت)۔ ایک قسم کا درخت (اسم۔ مذکر)
انب اچھویا اک کے پھل پرورش یک آب کے (محمود بحری۔ کلیات بحری)
اَکاس: (آکاش) آسمان (اسم۔ مذکر)

(1) چندسور کا سو بایا ہے زر کر اکاس (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) آکاس او تجھ پاتال دھرتی تہیں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اَکاسا: (آکاش) آسماں (اسم۔مذکر)

سمجھ دیکھ ہے سب اکاسا بھی کاسا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

اَکاسی: (صفت) آسمانی۔ آکاش کا

اکاسی ہے تو یہ ہے پاتال کا (نصرتی۔ گلشن عشق)

اَکال: نکال

بھوڑتے بجن بات دیتے اکال (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

اکانت: اکیلا۔ تنہا

یوں ان کہا مائی اکانت (اشرف۔ نوسرہار)

اِکایک: (صفت) اچانک

اکایک کہیا تو تجھ میراج سکھ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اَکت: (اَگت) سکت۔ طاقت (اسم۔ مونث)

اکت کس میں ہے تجھ مورت سنورنے (مومن۔ اسرار عشق)

اُکت: (سنسکرت اکتی) (اسم) بات چیت۔ گفتگو۔ قول

یو ناز نین اُکت یوادایاں میں اختری (محمود بحری۔ کلیات بحری)

اَکت کھٹن: (اَگھٹ گھٹن) (صفت) کبھی نہ گھٹا ہوا۔ صوفیانہ اصلاح میں ہمیشہ قائم رہنے والا

جو کبھی واقع نہ ہوا ہو۔ ناممکن الوقوع۔ پس دیوا بجھایا تو دیوا اکت کھٹن کھیا نہ جائے (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

اَکحل: ہاتھ کی رگ

ہر اک کانٹا سو لہو لینے بدل نشتر ہے اکحل کا (نصرتی۔ علی نامہ)

اَکرن: نہ کرنا

کرن اکرن تھا تو جے بول دیہہ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اَکروٹ: اخروٹ (اسم۔مذکر)

کہ پستے وا اَکروٹ ہور جانب کے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اَکشتا: سرخ چاول جو برہمن پیشانی پر چپکاتے ہیں

تلک اکشتا سوا یسورا اگن نیتر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

اَکشر: (سنسکرت اکھشر) حرف (اسم۔مذکر)

اے کیسے نکالے ہو جھوٹے دو اکشر (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

اِکن: ایک

سو ہو گھابرا یوں اکن کا دُوگن (غواصی۔ طوطی نامہ)

اکنگھا: (صفت) تنہا۔ اکیلا

پڑے انگھے جا کے دہشت سوں نار (نصرتی۔ علی نامہ)

اَکوڑہ: مڑا ہوا لوہا (اسم۔مذکر)

ایک لکڑی کوں اکوڑہ لگا کر لوگوں کے کپڑے چراتا (نامعلوم۔ ترجمہ مشکواۃ جلد دوم)

اَکوے: بیج سے نکلنے والی کونپلیں (اسم۔مذکر)

جے کچھ اکوے من ادکار (جانم۔ ارشاد نامہ)

اَکھار: (سنسکرت آکار) شکل وضع۔ روپ (اسم۔مذکر)

گیان چک اس کی دیکھ کر اکھار (سلطان۔ دیوانِ سلطان)

اُکھاڑ: اکھاڑ

ہمیں وہ ہیں اس کے اکھاڑیں گے پیر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

اَکھت: کہتا ہے

ابراہیم اکھت لچھن درگ بھیرو مہا اتم سندرا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

اَکھٹ: (اسم) رمز۔ راز

مخفی کیرا اکھٹ حال (میراں جی شمس العشاق۔ مغز مرغوب)

اکھرتیاں: اکھرتی۔ (اکڑتی) کی جمع (فعل مونث)

اکھرتیان دپھرتیاں او جھلتیاں چلیاں (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

اکھم: کانا۔ اندھا

ہمارا ہے بابا سو اندلا اکھم (قدرتی۔ قصص الانبیاء)

اَکھن: آنکھیں (اسم۔مونث۔ جمع)

روئے بہائے اکھن نیر (اشرف۔ نوسرہار)

اَکھنڈ: غیر منقسم۔ ثابت

(1) کدھیں کی اکھنڈ ہور کدھیں سوکلا (وجہی۔ قطب مشتری) (2) تراشے اکھنڈ ایک پتھرے کے سب (طبعی۔ بہرام وگل اندام) (3) تو یو بات ہوئی جگ میں ظاہر اکھنڈ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) (4) اکھنڈ پاچ کاداں دیکھیا ایک تخت (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

اکھنڈیت: (صفت) سالمیت

اکھنڈیت رھیا ہو سب دیس ماں (جانم۔ بشارت الذکر)

اَکھوا: کونپل (اسم۔مذکر)

جوں کہ کیچڑ مانہہ اکھوا (جانم۔ارشادنامہ)

اکھیاں: انکھیاں کی غیر انفیائی ہوئی اور غیر ہاکاری شکل

(1) کہ نرگس اکھیاں ناک چنپا عجب (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) (2) جو اکھیاں تجے ہوئے پرآکھوں تجے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اگیٹھی: انگیٹھی (اسم۔مونث)

ہوی دھک ہوئی کر سب تن اگیٹھی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اکیلا چھ: اکیلا ہی (چھ تاکیدی۔مراٹھی)

قبر میں اکیلا چھ سونا ہے آخر (شاہ تراب۔من سمجھاون)

اَکھیلے: (صفت) اکیلے

دونوں بل کے یک ہوا کھیلے چلے (رستمی۔خاور نامہ)

اَگ: آگ (اسم۔مونث)

(1) پگل اگ ہوئے صاف پانی تمام (نصرتی۔علی نامہ) (2) نظر نا لگے تیوں سنو اگ سپند (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) لھوا گرم کرتا ہے اگ میں لھوار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اگاڑی: آگے

بلی جالے میں سپڑی ہوئی اگاڑی کھڑی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اگارہ: گیارہ

اگارہ مہینے کے نمنے محرم کیوں نہیں ہے توں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اگاس: (آکاش) آسمان (اسم۔مذکر)

اگاس ایمان بدھ بل ساچی ساراں ارگن سارے (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

اُگال: (اسم) پیک۔تھوک

اگال اس گال کا جن نا سکے پائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اگاو: پہلے سے۔آگے

کہ اس تے کتا ہوں تمن کوں اگاو (فراقی۔مراۃ الحشر)

اُگت: استقبال

کھڑے ہیں اگت کر سو ہر دار بار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اُگت: (صفت) دُرگت۔بری حالت

ہوئی دنگ اس وضع اس کی اگت دیکھ (سید احمد ہنر۔ہنہ درپن)

اُگت: شکل۔کیفیت

نہیں اس کا اگت بچار (جانم۔ارشادنامہ)

اُگر: خوشبودار شئے جسے جلانے سے خوشبودار دھواں نکلتا ہے۔(اسم۔مذکر)

(1) اگر عشق میں تو کی جل کر اگر۔چوا ہور ہے دھن کی چھاتی اوپر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) (2) صندل عود اگر کے بیرک بے حساب (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) (3) ہزار اونٹ صندل اگر ہور چوا (طبعی۔بہرام وگل اندام)

اَگلا: (صفت) زیادہ۔بڑھ کر

جھکاٹ ان میں اگلا ہے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

اگلی: آگے۔زیادہ

سورج تھے توں ہے اگلی چندر تیرا ہے بندا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اگلیاں: اگلی کی جمع۔خوب تر۔آگے

جتیاں سور جیسا جوت اگلیان (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اگم: (صفت) گہرا۔اتھاہ

(1) آکار بی گیان بل اگم گیان (محمود بحری۔من لگن) (2) ایسا دستا دیک اگم (جانم۔ارشادنامہ)

اگم: (سنسکرت) اُگنا۔پیدائش

کرے جھاڑ طوبی کا دل میں اگم (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

اگم: (سنسکرت اوگم) وجہ۔سبب

(1) عداوت کا اپنا کہو کیا اگم (اسماعیل۔کلام اسماعیل) (2) جوں کہ

چنارغم کی اگن کا اگم ہوا (محمود بحری۔کلیات بحری)

اگم: (صفت) آگے۔زیادہ

کہ ظلمات تھا بلکہ تھا وہ اگم (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَگن: آنگن۔صحن۔آنگن کی غیر انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)

(1) دسے گگن اگن ہور مکاں نشاں (عبدل۔ابراہیم نامہ) (2) موہن سوں قد سہادے لکے جو دھن اگن میں (حسن شوقی۔غزلیات)

اگن: آگ (اسم۔مونث)

(1) اگن تک گو بری کو بھی دیا تھا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) (2) نکل آئیا سور جیوں لال اگن (غواصی۔طوطی نامہ) (3) میلا سر جیا اوک مائی اگن باؤ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (4) اگن آب مائی ملا کر یون (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَگن پن: (صفت) آگ کی خصوصیت۔جلانا

اگن پن او فتنے کی چوندھیر سوں (نصرتی۔علی نامہ)

اَگنا: مشرق

جنوب اور اگنے طرف منہ کر کے کھانا مکروہ ہے (عابد شاہ۔کنزالمومنین)

اَگن نیتر: شیو کی تیسری آگ کی آنکھ جس میں انہوں نے نفسانی خواہشات کو بھسم کر ڈالا تھا

تلک اکشا سوا یسورا اگن نیتر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اَگن ہار: اُگنے والا

اگن ہار ہیں یوں سو چوٹی مجھار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَگنیاں: اَگنی (جاہل۔بیوقوف) کی جمع

سوال آکھے ہیں اگنیاں (جانم۔ارشاد نامہ)

اَگو: آگ (اسم۔مونث)

جو او بال سارے اگو میں جلے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

اگوچر: (صفت) مخفی۔غیر محسوس۔جو نظر نہ آئے

(1) درشت کیا ان اگوچر کے (جانم۔ارشاد نامہ) (2) اگوچر کی آرسی کیا (جانم۔کلمۃ الحقائق) (3) سیپ پور نرکار درشت اگوچر (جانم۔کلمۃ الحقائق)

اگو ماں: استقبال۔پیشوائی

بھی وزرا و امرا کوں شاہ یمن۔اگو مان بھیجا مہر شبہ رخن (مذنب۔پنجہ آفتاب)

اگھار: شوق

لومڑی کا اگھارئی ہوا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اگھار بھر کو کھانا: سیر ہو کر کھانا

ہور اگھار بھر کو کھاتی تلک ایک بڑا کتا آیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اگھانا: نگانا

کوئی تیلیا باس پر پل اگھا (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اگھاون: سیر ہونا

گھاون پورتی ناہیں سو کھانا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اگوانا: پیاس بجھانا۔تسکین دینا

اگھوائے اگن کی جیب جل میں (محمود بحری۔کلیات بحری)

اگھایا: سیر ہوا

کہ جیوں سانت کے مھیوں تھے جگ اگھایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اگھوری: زیادہ کھانے والی۔حریص (اسم۔مونث)

اگھوری خوار ہو۔سرت مان پان سوا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَگھوری: بدروح (اسم۔مونث)

رگھوری وکھوڑی بسے کا پری (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

اَگے: او۔اے۔کلمہ تخاطب

(1) اگے ماں تجھ کوں یو عالم کہے گا (شاہ تراب۔قصہ مہ جبین وملا) (2) اگے ماؤی تیرے موں پو کی گھابرات دستی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اُگیا: (اسم) اُگا

گل ارغواں اُگیا از خاک وسنگ (رستمی۔خاور نامہ)

اگیانی: (اسم) جاہل۔جسے گیان نہ ہو

بھی یک سول گیانی ہور اگیانی (محمود بحری۔کلیات بحری)

اُگیں: آگے

سوطوبیٰ تے جبرئیل اُگیں نہ بلے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

اُگیٹی: انگیٹھی کی غیر انفیائی ہوئی اور غیر ہاکاری شکل (اسم۔مونث)

لگے زرکسوٹی اگیٹی کے سار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اُلا: اللہ

چندر کلا تیرا لگا ہے زرملا اے الا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَلاپن: الاپنا

الاپن لگیا او جو سرتان لے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

الاپیا: الاپا

الاپیا گلا تان کرتان خاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

اِلاچا: ایک قسم کا دھاری دار کپڑا (اسم۔مذکر)

الاچا جو دھوئیں تو یوں ہر لکھیر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اِلاچیاں: الائچیاں (اسم۔مونث۔جمع)

قبول استد عاسب الاچیاں دیاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

الاچیاں پٹھانا: شادی کی دعوت دینے الائچیاں بھیجی جاتی تھیں

سواول گھر ے گھر الاچیاں پٹھاے (وجدی۔تحفہ عاشق)

اَلادا: علاحدہ

وہ توں اس کا الادا دیکھن ہارا (جانم۔کلمتہ الحقائق)

اَلادھا: علاحدہ

یہ تن الادھا دستا (جانم۔کلمتہ الحقائق)

اَلادھی: علاحدہ۔جدا

اس جگ میانے آخر زمانی یہ مت پکھا الادھی (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق)

اُلاس: (سنسکرت) شوق۔ولولہ

پایا ز دکیری کا م الاس (اشرف۔نوسرہار)

اُلاس: (اسم) خوشی۔روشنی

ہو یو شعر مجلس بچن کے الاس (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اُلاسی: (سنسکرت) پرشوق

یوں الاسی خوشی ساتھ (اشرف۔نوسرہار)

اُلاسین اُلاس: ذوق وشوق کے ساتھ

دیے سدہ بکیں الاسیں الاس (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راو)

اُلالا: جوش۔ولولہ

(1) ادک ہوئے تلبل جیو کا اُلالا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (2) سنبھالی دھیر ہومن کا الالا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (3) کہ دیتا ہے وہ یہہ رنج کوں الالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اُلانا: الاہنا (اسم) الزام۔طعنہ

کہ اس میں خرچ کا کچھ بھی الانا (علی۔پندنامہ)

اُلائے: (اسم) شوق۔امنگ

بھور کے بھی کہے جاتے اُلائے (ابن نشاطی۔پھول بن)

البت: البتہ

جو کوئی دیکھے کہے البت موا او (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

البتا: البتہ

پری ہووے گی وہ ہرن البتا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزاء)

البلے: البیلے

کہ اک رات بہرام نے البلے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

الپت: (صفت) تھوڑا۔معمولی

ان تھے الپت دیکھ سروپ (جانم۔ارشاد نامہ)

الپت: بے تعلق۔غیر ملوث

(1) کیڑے تھے الپت ہور منزہ موتی (جانم۔کلمتہ الحقائق) (2) کہ ورخاک منزہ والپت اتھا (جانم۔کلمتہ الحقائق)

اُلٹ: الٹ

کہ شاہیں جس طرح چھپٹے الٹ کر (شفیق۔تصویر جاناں)

اُلٹ کو آنا: واپس ہونا

تیر الٹ کو آنا ہور میرا پڑ کو بھاگنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اُولٹھا: الٹا

تو اولٹھا گھڑی میں سٹیں پھاڑ کوں (غواصی۔طوطی نامہ)

اُٹھایئے: درہم وبرہم کیجئے

ادھر یک بیک فوج الٹھایئے (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

اُلٹھے :(صفت) الٹے

(1) جو الٹھے ہوں تو کھم پڑے پشت سوں (وجہی۔ قطب مشتری)
(2) نیکے کھ پر جو الٹھے ہات ماریں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَلج :(صفت) محروم۔نادیدہ

الج دیدے ہوئے ملنے کے مشتاق (مومن۔اسرار عشق)

اِلحام :الہام (اسم۔مذکر)

یکا یک اوالحام ہوا رات کوں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

الڑ :(صفت) الھڑ۔ناتجربہ کار

(1) نہیں یاں کام عاقل ہور الڑ کا (عادل۔قصہ حضرت عمرو شرع)
(2) کہ ہے سخت الڑ ہور نادان توں (غواصی۔طوطی نامہ)

اَلس :(صفت)(سنسکرت السیہ) سستی۔کاہلی

(1) کہ اس وقت یک تل بھی نا کر الس (نصرتی۔گلشن عشق) (2) الس ہور سستی کے تئیں کاڑ سٹ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اُلس :(الش۔سنسکرت) کھانا۔پینا

سو کس کھوا مرت سکے گا الس (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

السّا :سستی۔لاپرواہی

اونے کیا چیز ہے کر کر اوس سوں السانہ کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

اَلغار :یلغار۔حملہ (اسم۔مونث)

شاباش یوں الغار کردھائے سو (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

اَلک :(سنسکرت الکشیہ) غائب غیر مرئی۔خدا کی ایک صفت

الک نام اللہ نرنجن ہری ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

اَلک: بال۔زلف (اسم۔مونث)

(1) الک نُبھے گنگر والے بدن پر (ملک خوشنود۔جنت سنگار) (2) الک جوں ناگنی بس کی نرآسی (ملک خوشنود۔جنت سنگار) (3) سو دھن لٹک کے جب جھلک دونوں الک کے سوہپ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (4) الک ہور چک کوں کلینھی کر میں اپنا نام کیوں کاڑوں (محمود بحری۔کلیات بحری)

الکھ :(الک) زلف۔لٹ (اسم۔مونث)

(1) جو میں الکھ کو تیری جیوں شب برات کھیا (غواصی۔کلیات غواصی) (2) نین او پر الکھ بکھری ڈھلک کر (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَلکن: لکنت (صفت)

اتھے گرچہ موسیٰ تو الکن زبان (مظفر۔ظفر نامہ)

اَلکھانی: منحوس (صفت)

ادھیٹ ننگ چلبلی کرو قبیلے کوں ہے الکھانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَلگ: (الک) زلف (اسم۔مونث)

گالاں پہ الگ بکھیرے یا لہر ہیں دریا کے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَلگ: عبور کرنا۔پار کرنا۔کودنا

غصے سوں شہنشاہ خندق کوں الگ (شاہی۔کلیات شاہی)

اَلگاؤں: پارنگاؤں

کہ اول یو اسباب الگاؤں گا (غواصی۔طوطی نامہ)

اُلگی :(الگنا) پھاندنا

چاروں تنوں سوں الگی تب روح سوں ملگے (میراں جی خدانما۔بشارت الانوار)

اُلگی: جدائی

جو الگی کرے من دہرا نکھ جگ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اَلنکار: (سنسکرت) زیور۔تزئین۔خوبصورتی

(1) النکار کیتک جوں دستے نہ دوئی (میراں جی شمس العشاق۔بشارت الذکر) (2) تجھے بنگار کوں اس تھے النکار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (3) انکار سوں سائیں مسکاونا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اُلنگ :(سنسکرت لنگھیہ۔ناقابل عبور) چھلانگ لگانا۔عبور کرنا

(1) النگ ناسک رہے تھے داں ابھالاں (ابن نشاطی۔ پھول بن)
(2) کریں نوبتاں سوں النگ دم بدم (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) (3) کانٹیاں کوں النگ جانا تو پھول پانا (وجہی۔سب رس)

اَلنگ :(سنسکرت) رخ۔کنارہ (اسم۔مذکر)

فلک ہے جس کے تلے کی کمینہ ایک النگ (ولی ۔ کلیات ولی)

اُلنگی: حصار ۔ سرحد (اسم ۔ مونث)

النگی تو پاکی کی رکھا اپنے کن (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

اُلنگی: عیش پسند ۔ عاشق (صفت)

(1) پڑے نس تو ہر شب النگی اچھے (نصرتی ۔ گلشن عشق) (2) جس کا النگی نت دھرے زہرا سوں نا تا یار کا (نصرتی ۔ علی نامہ)

اُلنگے: (سنسکرت ۔ لنگھیہ) چھلانگ

منگے سورج جو ہونے کاند تے بھار ۔ تو لگتے تھے النگے اس کو دو چار (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

اَلُوپ: مخفی (صفت)

آپ نرنکار ہے الوپ (جانم ۔ ارشاد نامہ)

اَلُوگ: اب تک

نہ سینا الونگ کہ اس ورتماں (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اَلُون: رنگ ۔ قسم

تجے بن اور نہ مانسو یہ تو بول الون (میراں جی شمس العشاق ۔ وصیت النور)

الوفہ: (عربی علوفہ) اشیائے خوردنی (اسم)

مٹھائی و میوے الوفہ لے آئے (نصرتی ۔ گلشن عشق)

اُلینڈ: خالی کرنا ۔ انڈیلنا

چپے سات الینڈ آپنے ترکشاں (نصرتی ۔ علی نامہ)

اولینڈن: انڈیلنا

اولینڈں لگیا مُہر مُہر کوں (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

الینڈنا: انڈیلنا

الینڈے: الٹ گے

الینڈے گئے زین تے کئی سوار (نصرتی ۔ علی نامہ)

اُلینڈیا: انڈیلا ۔ (تقلیب حروف)

الینڈیا انکھیاں میں تے دکھ بیشمار (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

اما: لیکن

گیا ظلمات میں یو جیو عجب ادت ہے اما کوئی ۔ خضر ہوگا سو پاگا باٹ اس امرت کے پانی کا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَماس: (سنسکرت ۔ اماوسیا) اماوس ۔ مہینے کی سب سے تاریک رات

(1) سندر نکھوں کو چندرانے دیکھیا و جھل ہوا تب اماوس میں چھپ (شاہی ۔ کلیات شاہی) (2) اماوس اور گھنا تنہائی دونی (شفیق ۔ تصویر جاناں)

امانت: احتیاط سے ۔ سنبھال کر

(1) امانت رکھی سیج اوس کھواو پر (غواصی ۔ طوطی نامہ) (2) بغیر بھید امانت رہے کیوں گہر (عاجز ابن احمد گجراتی ۔ لیلیٰ مجنون)

اُمت: (آ+مت: فرقہ و مذہب) مذہب اور فرقے سے بالاتر

ان اپنے تئیں امت پچھانیا (محمود بحری ۔ من لگن)

اُمت: زیادہ (صفت)

(1) امت بال پن میں تسے سدھ تھی (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)
(2) کہ جے کوئی لوڑے امت دیکھ رنج (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اُمت: پوشیدہ (صفت)

جس کے پاس تھے سب او گن اچھیں امت بار (میراں جی شمس العشاق ۔ وصیت النور)

اُمت بدیا: ایک علم کا نام (اسم ۔ مذکر)

امت بدیا جانتا اوتھ نات (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اُمتی: بہت

آ کاش امتی دیوے کاں (جانم ۔ ارشاد نامہ)

اُمتے: پیدا ہوا

جاں تھے امتے وھاں مل جنے (جانم ۔ ارشاد نامہ)

اُمٹنا: پیدا ہونا

اُمٹیا: ابھرا ۔ پیدا ہوا

امٹیا محمد نور تھسا (جانم ۔ ارشاد نامہ)

اُمر: امرت ۔ آب حیات (اسم ۔ مذکر)

و لے تج ادھر ہیں امر تھے الذ (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اُمراؤ: امراء ۔ امیر کی جمع

کئی مغلیاں کو ہات دھر امراؤ کیتا پل میں توں (ہاشمی ۔ قصیدہ)

اُمرت بھریاں: اُمرت بھری (امرت سے بھری ہوئی) کی جمع

اتھیاں ماہ رویاں اوامرت بھریاں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اَمرت گن: (امرت: آب حیات+گن: صفت) حیات بخش (صفت)

وہ امرت گن کی پراپکار موہن (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

امرس: آم رس (اسم۔ مذکر)

پنیر خربوزے کا وہ امرس نچھل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

امریت: امرت (اسم۔ مذکر)

کھڑا جوں خضر آامریت جل پر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اُمس: جوش۔ ولولہ (اسم۔ مذکر)

(1) امس پر مج امس از انتہا تا ابتدا دیتا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) امس سوں شاہ کی خدمت کوں دھایا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اُمس پکڑنا: جوش۔ ولولہ حاصل کرنا

جوں جوں نظر ای دسے تیوں تیوں کچہ دینا۔ تا نظر کچہ امس پکڑے (وجہی۔ سب رس)

اَمل: نشہ آور مشروب (اسم۔ مذکر)

ہرامل اس دیکھ تو کیوں نا ڈرے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

اَمنیت: سکون۔ اطمینان (صفت)

ذکر کا ذوق ہوئے گا تو ذکر بی کر کہ اس وقت بھوت امنیت سوں ذکر کیا جائے گا (وجہی۔ تاج الحقائق)

اَمواس: (اماوس) اندھیرے پاکھ کی آخری تاریخ (اسم۔ مونث)

بھی امواس لگ راہ تھے اندھکار پاک (قریشی۔ بھوگ بل)

اَموتی: ایک قسم کی باریک بھاجی جسکے پتے تین حصوں میں منقسم ہوتے ہیں۔ (اسم۔ مونث)

میٹھی سوئی چوکا اموتی چینول (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

اَموڑ: مضبوط۔ بہادر (صفت)

سپاہی اموڑ آپ خاصے جھجھاڑ (نصرتی۔ علی نامہ)

اَمولک: بے بہا۔ قیمتی (صفت)

(1) امولک بہا ونہ کر مال موجہ (عبدل۔ ابراہیم نامہ) (2) دو رخسار روشن امولک ہلال (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) (3) امولک

رتن توں کہ جگ مانیا (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

اَمولے: قیمتی۔ بے بہاؤ (صفت)

مست نین ہور اچپل امولے یوں رے (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) امولے رتن میں رتن مول راکھے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

امیٹ: (ایٹھا) راجپوتوں کا ایک قبیلہ (اسم)

امیٹ ات سخت بازی کے دلیراں (مومن۔ اسرار عشق)

اُمیداں: امید کی جمع

عید آئی آس لیای پاس امیداں پائیا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اُمید ترٹنا: ناامید کرنا

امید مجھ دکھیا کی ساری تو ذکر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اَمیرا: امیر

جو ہے دونوں جہانوں کا امیرا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَن: اناج۔ غذا (اسم۔ مذکر)

(1) کہ بن ان رہا مئیں کچ منج میں حال (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) (2) ان ہے سو حیات ہے (وجہی۔ تاج الحقائق) (3) اگر دل تیرا ایک ان سو بھگے (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزاء) (4) نہ مج ان بھائے نا پانی نگر شہہ کچ کیا ٹونا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اُنا: اُن

کہ کچ نسخے مناسب ہوئیں انا کن (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَنا ٹک: آزاد۔ رکاوٹ کے بغیر (صفت)

اناٹک کھڑے وہ عراپے کو سانڈ (نصرتی۔ علی نامہ)

اَناچیت: اچانک۔ ایکا یک۔ فوراً

(1) اناچیت یک روز اس پھاندے میں پڑوں (میراں جی خدا نما۔ شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ) (2) اناچیت سوا نپہ آنگ پر جا لگے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

اَناچتی: لاعلمی۔ بے خبری (صفت)

نا جان کر اناچتی دل کو تیر ماریا (وجہی۔ سب رس)

اَناچیتی: نادانستہ۔ بےارادہ
لگی تھی میں اناچیتی گلے تج بھول سوں یک دن (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَناد: ازلی (صفت)
ہے آدانا د حاصل سو یوچ (محمود بحری۔ من لگن)

اَناردانا: ایک قسم کا کپڑا (اسم۔ مذکر)
کٹوریاں دو گنگا جمنی زری اناردانے کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اَناران: انار کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
(1) اناراں او گل نا رنج ہت دلایا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) اناراں کے جھاڑاں یکس بار تھے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اَنانص: اناس (اسم۔ مذکر)
ترنجاں دسے ہو انانص سے لال (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

انب: (سنسکرت انبھو) تجربہ۔ تفہیم
جب لگ دونوں ایک ہوئے نہیں اس کا انب نہ پائے (صدرالدین۔ رسالہ صدرالدین)

اَنّب: آم (انبا۔ فارسی) (اسم)
(1) دیسیں انب کے جھاڑ جیوں ہست چل (عبدل۔ ابراہیم نامہ) (2) لیا سور کی انب کوں جوں اتار (غواصی۔ طوطی نامہ)

اَنب: (عربی) عنب۔ انگور (اسم)
انب اچھو یا اگ کے پھل پرورش یک آب کے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

اَنبرلوگ: آسمانی مخلوق
ابراہیم انبرلوگ اب پرای راکھیں میل (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

اَنبر: آسمان (اسم۔ مذکر)
(1) کلیہ روھنور نگ منڈل انبر کا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) رین کوں تری بار گا پر انبر (صنعتی۔ قصہ بے نظیر) (3) رھیا چاند بن کر انبر کے اوپر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اَنبراوتی: اندر کے رہنے کا مقام (اندر پوری) (اسم)
اندر ایک انبراوتی رہن ٹھار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

اَنبرت: امرت (اسم۔ مذکر)
(1) کہیں کڑوا کہیں زہر کہیں انبرت (جانم۔ کلمۃ الحقائق) (2) جب انبرت ادھرتے سوان پایا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اَنبردھرترے: آسمان و زمین
جس انبر دھرترے ڈھونا سکن ہار (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

انباریاں: انباری (عماری) کی جمع (اسم۔ مونث جمع)
(1) کجاوے انباریاں اتے بیشمار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) (2) ہتیاں کی انباریاں اپر کراخبار (وجہی۔ قطب مشتری)

اَنبج: کنول (اسم۔ مذکر)
تج شیہ سیت سوا چوتھے انبج کر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

ان بندی: ناسفتہ موتی (صفت)
(1) بہہ خوب ڈھال موتی ان بندی سو (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
(2) یو موتیاں ان بندی سب رول زاہد (ابن نشاطی۔ پھول بن)

انبل: (انبیل) ایک قسم کی چھاچھ جو چاول اور مسالے سے تیار کی جاتی ہے۔ (اسم۔ مونث)
انبل کنکیاں کی سو تج لذتاں (غواصی۔ مینا ستونتی) انبل سٹے گرم انجھواں کی کر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

انبلیاں: املی (املی) کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)
کھڑے جوڑ نکوے سو انبلیاں کے جھاڑ (عبدل۔ ابراہیم)

انبیلاں: انبیل (ایک قسم کی چھاچھ) کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)
رکھیں جوش میں نت انبیلاں کی آش (نصرتی۔ علی نامہ)

اَن بھاتا: ناپسندیدہ۔ جو بھاتا نہ ہو (صفت)
نہ ان بھاتا کروں کرتار کیرا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

ان بھاوتا: جو بھاتا نہ ہو۔ ناپسندیدہ (صفت)
جو کچ ان بھاؤتا میرا جو تج بھاؤ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

ان بھاوتے: ناپسندیدہ (صفت)
جو ہے تیار وہ ان بھاوتے پر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَن بوج: (ان بوجھ) جاہل
خدا تعالیٰ ان جان ہور ان بوج کیا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیاء)

انجھو: پانی (اسم۔ مذکر)

اپس میں تو انھو نی گھول (جانم۔ارشاد نامہ)

انھوں: پانی (انھو کی انفیائی ہوئی شکل) (اسم۔مذکر)

انھوں کیرا گھڑیا سار (جانم۔ارشاد نامہ)

انبکار۔امبیکار: (سنسکرت۔امب (پانی)+کار): ملاح (اسم۔مذکر)

ایک انبکار کنارے سوں دریا میں اڑی ماریا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

انب: (انبہ) آم (اسم۔مذکر)

وَلے انب کی کاں ہے لذت سو باس (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

اَن پان: کھانا پینا (اسم۔مذکر)

نا بھاوے سکھ منج اَن پان (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اَن پانی: کھانا پانی

جوان پانی کوں ناری ناؤں ہوئے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اَنٹیک: سپہ سالار۔نادر (اسم۔مذکر)

لیا سات اپن قلعے انٹیک توڑ بند (نصرتی۔علی نامہ)

انپڑن ہاری: پکڑنے والی۔پہنچنے والی

1) ہماری نظر نمیں انپڑن ہاری (جانم۔کلمۃ الحقائق) (2) یہ نظر انپڑن ہاری ہوئی ذات کوں (جانم۔کلمۃ الحقائق)

انپڑے: پہنچے۔پکڑے

جو نزدیک انپڑے جا کارواں کوں (رستمی۔خاور نامہ)

اَنت: حد۔اختتام (صفت)

(1) جو اس کی نعمتاں کوں جب نہیں انت (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (2) موجاں کوں انت نمیں ہے رہنے کوں پنت نمیں ہے (میراں جی خدا نما۔بشارت الانوار) (3) کہ قدرت کوں تیری نہ انت ہے نہ پار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اَنت آپار: بیحد۔وانتہا

انت آپار جگ ہوئیں دوئی جگ دھائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اَن تا ہے: جس کی تہہ نہ ہو

ان تاہے کالا یا تھایا (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

اَنتر: فرق

گھڑی کیوں کہ دونوں میں لئی ہے انتر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

اَنتر: پوشیدہ۔باطنی (صفت)

(1) انتر تیج دونوں میں بازی لگی (غواصی۔طوطی نامہ) (2) جے وہ انتر کیری بدھ (جانم۔ارشاد نامہ) (3) لینا انتر کری بود (شیخ داول۔کشف الوجود)

اَنتر بچارک: باطن پر غور کرنے والا۔غیب داں

کہے یوں سب بڑے انتر بچارک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اَنتر جامی: (انتریامی) باطن کا بھید جاننے والا

توں تو انتر جامی دل (جانم۔ارشاد نامہ)

اَنتھ: (انت) اختتام۔حد (صفت)

اس قدرت انتھ نہ پار (جانم۔کلمۃ الحقائق)

اَنٹ: ہاتھ (اسم۔مذکر)

لیا میں اسی وقت پریاں تے انٹ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

اَنٹی: پھندا (اسم۔مذکر)

ہر یک جھاڑ رہزن پہ انٹی کرے (نصرتی۔علی نامہ)

اَنجانتی: انجان پنی (صفت)

یکیلی دیکھ مجھ انجانتی ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

انجانتا: ناواقف۔ناآشنا (صفت)

انجانتا اسے خوشی مانتا (وجہی۔تاج الحقائق)

اَنجانگی: جہالت لاعلمی۔ناواقفیت (صفت)

جو میں گمراہ تھی انجانگی تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

انجاؤ: ناواقفی۔ناواقفیت (صفت)

پھر پوچھیا راؤ انجاؤ کوں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اَنجر: خدمت

سوکیت دھوا نجر کے جو (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

انجنوں: انجن (سرمہ۔کاجل) کی جمع

جوں انجنوں پھوتے پاٹھا (جانم۔ارشاد نامہ)

انجواں: (سنسکرت۔اشرو) انجو (آنسو) کی جمع

(1) ہمیں مفلس ہیں مفلسی باج آہاں کی ہور انجواں کی (محمود بحری۔ کلیات بحری) (2) اپس سوں کو انجواں ستی دھوئے کر (رستمی۔خاور نامہ)

انج: آنسو (سنسکرت۔اشرو) (اسم۔مذکر)

(1) چھنک نیر انج صفادار تھاؤں (غواصی۔طوطی نامہ) (2) کہ دھونے لگی مک انج رول کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

انجن کرنا: سرمہ لگانا

(1) دل کے انکھیاں میں جو کئی تج عشق کا انجن کیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) لگا انجن گیا بھی رام یک بار (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) (3) یہ نجن جیوں انجن جان (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور) (4) اپنے نین میں ہے وہ نور۔کاڑتے ہیں لوگ انجن کوں (محمود بحری۔کلیات بحری)

اَنچھو: آنسو (اسم۔مذکر)

انچھو ڈھالن لگی اسواس بہہ بہہ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اَنجلی: چلّو

او چھالیا ہے میں انجلی سوں ہنسی اور یوں چنچل بولی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

انجیراں: انجیر کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

انجیراں سوں جھاڑاں کوں نت بارتھی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اَنجو چکنا: آنسو ٹپکنا

جنم انجو جس کی چک سوں چکتے ہیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

اَنچ: آنچ (اسم۔مونث)

اس پر دوزخ کی انچ حرام ہوتی ہے (امین الدین اعلیٰ۔کلمۃ الاسرار)

اُنچا: اونچا

چھجے کے اک طرف انچا اتھا جھاڑ (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

اُنچ نچ: اونچ نیچ

کہے جے مرا انچ نچ (جانم۔ارشاد نامہ)

اُنچائی: بلندی (صفت)

دیا کی مہر سوں دیکھیا ہوں طالع کی انچای (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَنچت: اچانک۔غیر متوقعہ

انچت ایک تیز نظر پڑیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَنچل: (اچل پہاڑ) کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)

کہیں جل ہور کہیں تھل ہور کہیں بیٹھا ہے انچل ہو (سلطان۔دیوان سلطان)

اَنچل: آنچل (اسم۔مذکر)

(1) نہ اردھنگ سوں سیس اپر بائے انچل (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَنچھ: آنچ (اسم۔مونث)

مچھی کھائے بھن سور کی آنچھ پر (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

اَنچھار: (انچھر: اکثر) لفظ۔بول۔(اسم۔مذکر)

سد سکن انچھار کہو ندھان (شاہ تراب۔گیان سروپ)

اَنچھواں ڈھال: آنسو بہا

نیر بہاوے انچھواں ڈھال (اشرف۔نوسرہار)

انچھو گھوٹنا: آنسو پینا

دو نھوں نیناں انچھو گھوٹ (اشرف۔نوسرہار)

اِند: (اندو) چاند (اسم۔مذکر)

اتر کر سورگ تے کدھیں اند آئے (نصرتی۔علی نامہ)

اندار: مجال۔تاب۔طاقت

اندار کس کا جو کوئی واں آئے (وجہی۔سب رس)

اِندر: راجہ اندر۔دیوتا

اندر کی صبا ساری واں ہوئی تھی رد (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اندران: اندرائیں۔ایک قسم کا زہریلا پھل۔حنظل (اسم۔مذکر)

درا چھا چیل پر اندران دیکھی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اِندر برماں: (اسم) اندر کی تخلیق۔کائنات۔دنیا

وہی اندر برماں وہی کشن ہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

اندر سبا: اندر سبھا (اسم۔مونث)

ہے تعریف جگ میں تو اندر سبا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

اَندرے: انڈے (اسم۔مذکر۔جمع)

بلیاں کی گود میں اندرے چھپاویں (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

اندرسے: ایک قسم کی مٹھائی (اسم۔مذکر)

اندرسے اولاڑو سو کھاجے آپار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اندرکار: اندھیرا (اسم۔مذکر)

(1) کھلیا اس بائیں کا کالا اندرکار (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) (2) کلنگ جھوٹ جہاں کھاڑ تہاں اندرکار (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

اَندرکند: (اسم) خاندان۔نام ونشان۔جڑ

تو رہنے کسی کوں نہ دیوں اندرکند (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

اندکھار: اندھیرا (اسم۔مذکر)

پڑیا گرد چاروں طرف اندکھار (غواصی ۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

اِندرلوک: (اسم) اندر کے رہنے کی جگہ

ہنکاتاں تے لوک اندر کے ہر پڑے (نصرتی ۔علی نامہ)

اَندلا: اندھا (اسم۔مذکر)

مگر جیوں انکھیاں ٹھپ ہوا اندلا (طبعی ۔بہرام وگل اندام)

اَندلے: (صفت) (اندھلے) اندھے

(1) کہ منج اندلے کی یک لکڑی کے تیئں دو (ابن نشاطی ۔ پھول بن) (2) ہلوں کھول کر انکھیاں اندلے کے ناد (غواصی ۔طوطی نامہ) (3) کہ اندلے انگے کیا رتن کیا پتھر (نصرتی ۔علی نامہ)

اِندن: ایندھن (اسم۔مذکر)

وہ دوزخ جلانے کوں اندن کیا (سیوک ۔ جنگ نامہ)

اِندو: (سنسکرت اندک) ہاتھی کو باندھنے کی زنجیر (اسم۔مونث)

اندو اس دھن کی چوٹی کا اہے خیال (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اِندو: (سنسکرت) چاند (اسم۔مذکر)

(1) اندو جھلکار سورج نا بجلی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) یا اندرا اندو چندنا ایراوت ہتی (ابراہیم عادل شاہ ۔کتاب نورس)

اَندوں: سمجھوں۔لاؤں

سو اندوں نہ میں تج ہوں تج باج (فخر دین نظامی ۔کدم راؤ پدم راؤ)

اَندھارا: اندھیرا (اسم۔مذکر)

او مرنے تھے عالم اندھارا ہوا (رستمی ۔خاور نامہ)

اَندھاراچ: اندھیرا ہی (چِتا کیدی ۔مراٹھی)

اندھاراچ تیرا اجالا دسے (شاہ معظم ۔کلام معظم)

اَندھاری نین: اندھی آنکھ (اسم۔مونث)

اندھاری نین پادیں سکھ تو مجھ پر دکھ دیا سے نا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَندھکاراں: (صفت) اندھکار (اندھیرا) کی جمع

چھپا گھونپے میں پھل تارے بدل کے اندھکاراں کر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَندہ گند: (اسم) نام ونشان۔جڑ۔خاندان

نہ راکھے ہمن کون ہمن اندہ گند (فخر دین نظامی ۔کدم راؤ پدم راؤ)

اَندھلا: اندھا (اسم۔مذکر)

(1) انکھیاں جھانپ اندھلا ہوا کر مکر (عاجز ابن احمد گجراتی ۔ لیلیٰ مجنوں) (2) ہاشم سب ہی رنڈولیاں اندھلا تج کتیاں ہیں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اندھلی: اندھی (اسم۔مونث)

بنجتیج کی اندھلی ہوئی نہ میں (غواصی ۔طوطی نامہ)

اندھلے: (صفت) اندھے

(1) دیے تو ہات اندھلے کے برابر سنگ و جوہر ہے (نصرتی ۔کلام نصرتی) (2) اس قوم سے روڑے بھلے جم اندھلے بوڑھے بھلے (غواصی ۔کلیات غواصی)

اَندھیارے: اندھیرے

اکیلا اندھیارے میں جاتا نہیں ہے (شاہ تراب ۔من سمجھاون)

اَن سیا پراوا: بغیر سیا ہوا لباس۔کفن (اسم۔مذکر)

جو سادا ان سیا پہنا پراوا (احمد گجراتی ۔یوسف زلیخا)

اندیشا: اندیشہ

عقل اندیشا اس میں بہوت (محمود خوش وہاں۔ رسالہ وجوریہ)

انڈے سیکنا: انڈے سینا

ہور انڈے سینک کر بچے نکالی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

انڈے میں کی زردی: ناتجربہ کار ناسمجھ

تے انڈے میں کی ہوزردی مثال (مذنب۔ پنجۂ آفتاب)

اَنڈریاں: انڈے (اسم۔ مذکر۔ جمع)

سو مچھلیاں کے کھنڈرے انڈریاں کے راس (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

اَنڈ کے: ٹوکرے (اسم۔ مذکر)

ہزار اونٹ انڈ کے پکے پان کے (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

اَن ذات: (صفت) غیر ذات

او آزاد ہیں اور ان ذات ہیں (معظم۔ کلام معظم)

اَنڑا: لانا

نورس سور جگ جگ موتی انڑا سر دگن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

اِنزوا: علاحدگی

مجھے سارے جہاں سے انزوا تھا (شفیق۔ تصویر جاناں)

اَنس: اناس (اسم۔ مذکر)

دُریاں موز جامون شہتوت انس (نصرتی۔ گلشن عشق)

اُنست: (اسم) محبت۔ انس

گوانا نہ تھی اس سوں انست کسے (نصرتی۔ علی نامہ)

انعاماں: (اسم) انعام کی جمع

اضافے انعاماں دلانے لگے (فائز۔ رضواں شاہ وروح افزا)

انک: آنکھ (اسم۔ مونث)

یکایک عزیز پر پڑی جائے انک (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

انک: آنکھ (اسم۔ مونث)

(1) چھپاتا ہے کولنگ جوں باز سے انک (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) (2) سوئی کی انک میں کنجر نہ جاسے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) (3) جو مجھ انک دیسے سو مندان کچھ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) (4) سنیا تھا جو کن پر بیٹھا آج انک (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اُنکات: (صفت) (انکھات)۔ ضرر پہنچانا۔ تکلیف دینا

دھرے لات عزا کی عزت انکات (نصرتی۔ علی نامہ)

اَنکٹ: (صفت) (سنسکرت انگت) کندہ۔ نقش کیا ہوا

جو انکٹ پیار ہے دل میں چھپا رکھنا چ بہتر ہے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اَنکڑ: اکڑ کی انفیائی ہوئی شکل

(1) نہ بدسک کلیاں سب رھیاں تھیاں انکڑ (نصرتی۔ گلشن عشق) (2) لگیا بولنے جوں غصے سوں انکڑ (غواصی۔ طوطی نامہ) (3) برہ طوق قمری رہی او انکڑ (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں) (4) رھیا بات او غیب تے دئیں انکڑ (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

انکڑ والی: انکھڑیوں (آنکھوں) والی

پرت والی تری بالی انکڑ والی میں ہوں آلی (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَنکڑے: (انگڑے) رُکے

کہ اَنکڑے نہ کھڑی کے جالے تے سانپ (نصرتی۔ تاریخ اسکندری)

اَنکور: کونپل (اسم۔ مذکر)

جب یہ آیا پاہر انکور (جانم۔ ارشاد نامہ)

اَنکھ: آنکھ (اسم۔ مونث)

ترا زدو عشق جو کھی ہے پیاری انکھ انکھ ستیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

انکھاں: آنکھیں (اسم۔ مونث۔ جمع)

اپنی انکھاں کے نور کوں تیرے قدم تلے (ولی۔ کلیات ولی)

ان کھلے: پھول جو کھلے نہ ہوں۔ کلی

جلے ان کھلے کان کے دُر ہوئے (نصرتی۔ علی نامہ)

انکھی: آنکھ (اسم۔ مونث)

(1) ماریا تیر انکھی میں ایک باراو (رستمی۔ خاور نامہ) (2) غباری کا خطاں پڑھنے سو چشمک سوں انکھی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

انکھے: آگے۔ سامنے

انکھے دین آتا و جاتی دنیاں (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

انکھیاں: آنکھیں (اسم۔ مونث۔ جمع)

آدیکھ اپس انکھیاں کے بیمار کا تماشا (ولی)

انکھیاں کوں چوندی پڑنا: آنکھیں چکاچوند ہونا

جو انکھیاں کوں چوندی پڑے تاب سوں (وجدی۔تحفہ عاشق)

انکھیاں مڑوڑنا: ناراضگی کا اظہار کرنا

کہوں گی نازباں سوں چپ انکھیاں جھٹ مت مڑوڑوں گی (ہاشمی)

اَنکھیاں میں سلنا: آنکھوں میں کھٹکنا

انکھیاں میں اس کے سلنے کا مزا تو کیا عجب بولو (ہاشمی)

اَنگ: جسم (اسم۔مذکر)

(1) چڑاُوزرینہ انگ بھاری (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (2) لگا انگ کوں آگ سنتوش پاؤں (غواصی۔طوطی نامہ) (3) وہن تنگ نرم انگ باریک تر (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) (4) سٹی پیرہن انگ کی کاڑ کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اَنگات، اَنکات: مصیبت۔تکلیف۔دکھ (اسم۔مونث)

ہزاروں کو یک گج نے دیتا انگات (نصرتی۔علی نامہ)

انگار: آگ (اسم۔مونث) اور (اسم۔مذکر)

(1) لگا ہمیں اسے غم کی تازی انگار (غواصی۔مینا ستونتی) (2) انگار اس میں یوں دھگ دھگاتی ہے لال (غواصی۔طوطی نامہ) (3) نکلنے لگا اس وضع میں انگار (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

انگار: (صفت) غصہ۔طیش

بڑی انگار سوں جورو کو پیٹنے لگا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَنگار چیتنا: آگ بھڑک اٹھنا

اس کے دل میں انگار چیت گئی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَنگار لگانا: فتنہ و فساد برپا کرنا

تو میرے حق میں برائی کرنے یو آویں گی ہور بہت انگار لگادیں گی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَنگٹ: شخصیت۔دکھاوا

بُرے ملبّع سوں انگٹ براہوتا ہے جیو میرا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اَنگاراں: (اسم) انگارے

انگاراں سوں بھری سودن سین سب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

انگشتاں: انگوٹھیاں (اسم۔مونث۔جمع)

پہنے کر انگشتاں زنگیر جھلے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اُنگل: انگلی۔پیمانہ

(1) دکھایا محل کوں جو مستعید کر کہ ہر اک انگل کوں تھا سو ہنر (وجہی۔قطب مشتری) (2) انگل ہت کر چندر کرتا دو بھاڑ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

انگلی کترنا: تعجب کرنا

تعجب ستی اپنی انگلی کتر (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

اُنگلیا: (اسم) انگلیاں کی غیر انفیائی ہوئی شکل

کوتے ساتو دریا جو انگلیں کولائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اَنگن: (صفت) ان گنت

مخالف اد کہ جس کن تھا ترنگ ہور پاٹل انگن (نصرتی۔علی نامہ)

اَنگن: (اسم) آنگن

(1) کھڑے ہور رہیا آ کو اس کے انگن (صنعتی۔قصہ بے نظیر) (2) جب دھن انگن کھڑی ہے تن ابرہن پڑی ہے (حسن شوقی۔غزلیات) (3) صدر اس سویولا رنگ کرے انگن بھیتر ہور بھار کا (نصرتی۔علی نامہ)

انگنا: (اسم) آنگن۔صحن

مشک عنبر بچھائے انگنا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اُنگنا: اونگھنا

تا اسے انگنا ہے نا نیند (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)

اَن گندا: (صفت) ان گندھا

توماں گندا پھولاں نمن پانواں تل اچھنا کب تلک (محمود بحری۔کلیات بحری)

اَنگوٹھے چومنا: خوشامد کرنا

دشمن کی خوشامد ہور انگوٹھے چومنے پڑتا پھر جانا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَنگوٹھے کا سر دسانا: انگوٹھا دکھانا

انگوٹھے کا دسا سر کو تو خاوند سوں کر کھٹ پٹ (ہاشی۔دیوان ہاشمی)

انگوٹی: (اسم) انگوٹھی

(1) انگوٹھی نو تلک چندر نگینا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) (2) انگوٹھی

منے جنوں کہ جیٹھے کنکر (طبعی۔بہرام و گل اندام)(3) انگوٹھی نو لک
چندر رنگینا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

انگوٹیاں (انوٹیاں) : (اسم۔مونث) سرلی دونوں پٹیوں میں
پیشانی کے قریب گوندھی جانے والی چھوٹی چوٹیاں
کہ ریشم و زرسوں انگوٹیاں گوندی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

انگور کی کنواری: (اسم۔مونث) دخت رز۔شراب
انگور کی کنواری سوں دے وصال ساقی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیاتِ محمد قلی
قطب شاہ)

انگھے: آگے۔سامنے۔زیادہ۔بڑھ کر
پچھیں بیری انگھے گھات (اشرف۔نوسرہار)

انگھیں: آگے۔سامنے
دھیرے ان انگھیں کپڑے خاص (اشرف۔نوسرہار)

انگیٹی: (اسم) انگیٹھی
انگیٹی جس کہتے میرا چمن ہے (ابن نشاطی۔پھول بن)

انگیز: طاقت۔سکت
بارے کو اتنی انگیز نیں تھی کہ تیڑھا بانکا جاسکے (ابراہیم بیجاپوری۔
انوار سہیلی)

انگی کار: (اسم) صورت گر۔روپ دینے والا
قادر قدرت انگی کار (سلطان۔دیوان سلطان)

انگیکارے: منتخب کرئے۔پسند کرئے
جس کے انگیکارے اللہ وہ نعمت اسکے ٹھار (میراں جی شمس
العشاق۔وصیت النور)

انگے: آگے
(1) ناٹے اس انگے تھے جے سب سوار (رستمی۔خاورنامہ)(2) نکل
واں تے اوس سوں جو انگے بڑی (غواصی۔طوطی نامہ)

انگیں: آگے
گئے بیگی سوں عرش کیرے انگیں (رستمی۔خاورنامہ)

اَنمان: (سنسکرت انومان) گمان۔خیال۔اندیشہ
(1) تجھ انمان سو آتے ہے ارے جانور (غواصی۔طوطی نامہ)(2) کیے
پھل گیندر آتا ہے ان مان (ابن نشاطی۔پھول بن)

اَنمل: (صفت) جو دستیاب نہیں ہوسکتا نایاب
سب ہی جگ ملیا رام ان میل ہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

انمنانا: پس و پیش کرنا۔بے دلی سے کام لینا
ضرورت کوں شہہ انمناتے پے (وجہی۔قطب مشتری)

اَنمانوں: (ان مان کی جمع) گمانوں
ٹھدا اپنی انمانوں سب خدا کر دیکھے (میراں جی شمس العشاق۔خوش نغز)

اَنمن: (صفت) بے دلی۔اداسی
من نہ تھا لگ جیو کے جینے کوں انمن تھا تمام (محمود بحری۔کلیات بحری)

اَن مناٹ: (صفت) بے دلی
اس میں انمناٹ ہور چاو ذرہ بھی نہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَننا: لانا
سکوں جیو تے اننا دمدسوں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اَننت: (صفت) جس کا انت نہ ہو۔بے حد
دھن دھن سوں جو میلے تو انند ہوئے اننت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی
قطب شاہ)

اَنند: (صفت) خوشی۔اطمینان
مرید کے گھر میں انندا ں پائے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَنندکاج: (اسم) خوشی کی تقریب
گھرے گھر انند کاج لوگاں کیے (وجہی۔قطب مشتری)

اُنن: اُن (ضمیر) کی جمع
(1) انگے جا اُنن کوں بلالیا (رستمی۔خاورنامہ)(2) اچھو جی اسم
اُنن کے کیش میں یوں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

اُنن کیاں: ان کے یہاں۔ان کے پاس
(1) کہتے ہیں آنہارے یوں اندر کی ہے سبا ان کیاں (ہاشمی۔دیوان
ہاشمی)(2) کیا تھا یوسف نے انن کیاں سو ٹھاؤں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اُننگ: آگ۔جذبہ۔محبت

نئے بھر کے خرمن میں ان کے اننگ (نصرتی۔کلام نصرتی)

اُنو: وہ(ضمیر)

(1)انو ہاتھ میں لے کے شمشیر تیز (رستمی ۔خاور نامہ) (2) یک کرامت انو کا ٹیں کسی پیغمبر میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) غلام انو کے گھر کا ہے یو گنبد دوار (غواصی ۔کلیاتِ غواصی) (4) کتک باتاں جو کرتے تھے انو میں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

انواس: محل سرا (اسم۔مذکر)

گیاراؤ انواس میں گھنٹ کر (فخر دین۔کدم راؤ پدم راؤ)

اَنواؤ: منگواؤ

ترت آج انواؤ لوہا شت ست (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اُنوں کوں: ان کو

انوکوں کدھیں وحی خواب میں ہوتا تھا (میراں یعقوب شمائل الاتقیاء)

اَنوپ: (سنسکرت انوپم)(صفت)انوکھا۔اعلیٰ۔عمدہ

(1) منگایا اتم ذات تیزی انوپ (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) (2) پوچھی آدی کس وجہ سوں ہے خوب۔علم ہور ادب سوں ہے بولیا انوپ (صنعتی۔مثنوی گلدستہ) (3) کماناں پڑے تت کے چلے انوپ (نصرتی۔علی نامہ) (4) بزاں شعر کا باغ لایا انوپ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

انو تیچہ: ان ہی سے (چیتا کیدی مراٹھی)

انو تیچہ عالم بنایا ہے سب (رستمی۔خاور نامہ)

اَنوٹ: چھوٹی چوٹی جو بالوں کی پٹی کے سامنے گوندھی جاتی ہیں (اسم۔مونث)

گندی کوئی انوٹ کوئی سیس پھول کی ٹھار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَنوٹ: انگوٹھے کا چھلا جس میں گھنگرو ہوتے ہیں (اسم۔مذکر)

پھولا یں پھول لادیں سویو انوٹ ہور بچھوے ہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

انوٹ: اونٹ کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)

بندے انوٹ پر کیتے اس کا بھی ٹھانوؔ (رستمی۔خاور نامہ)

اَنوٹاں: انوٹ (اونٹ) کی جمع

دوڑن ہارا انوٹاں بھرے بار سب (رستمی۔خاور نامہ)

انو چا: (صفت)اونچا

اتھا انو چا چوڑا انسو دارا او (رستمی۔خاور نامہ)

اُنو کن: ان کے پاس

نئیں ہے غلط یہ بات انو کن ہے راست جام (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اُنوں: ان(ضمیر)

(1) انوں کا سر پھلیا سو وہ رکت بھر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (2) ایک بار انوں کا یوں آنا ہزار معجزیاں برابر ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

اُنے: وہ(ضمیر)

(1) انے آیا نزدیکِ مردان دیں (رستمی۔خاور نامہ) (2) یتا خیر کا مغز کھایا انے (صنعتی۔قصۂ بے نظیر) (3) کی جا کے بستی اُنے ایک ٹھار (غواصی۔مینا ستونتی)

اُنھ: ان(ضمیر)

رہے کھو عشق جی اُنھ کے دوارا (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اُنھاں: ان(ضمیر)

مرگ انھاں کی یاد دلاؤ (اشرف۔نوسر ہار)

اُنھوں: اُن

تو چہ انھو کا ماہور ماپ (اشرف نوسر ہار)

انیاُلا: (صفت)انی۔نوک والا۔نوکدار

سو کا سو جا نو کا ٹا کا ٹا سو بھی انیالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

اَنیاں۔اَنی: (صفت)(نوک) کی جمع۔نوکدار

(1) پلک کی انیاں سیتی بیندتوں مانک رتن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) نہ جانوں چو بیاں ہیں انیاں یارا و (احمد جنیدی ماہ۔پیکر)

اُنیچ: اُن(وہ)ہی (چیتا کیدی مراٹھی)

یو کہہ کہ انیچ آ کے یک جھاڑ پاس (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

اَنی دار: (صفت)نوکدار

انی دار کا ٹا اسے پھول تھا (وجہی۔قطب مشتری)

اُنیدی: نیند میں۔ کچی نیند
ارانت کوں بیٹھی انیدی کے سار (غواصی۔طوطی نامہ)

اُنیں: وہ (ضمیر)
انیں آیا خیمے کیے جوں فراز (رستمی۔کاورنامہ)

انیاؤ: (صفت) (انیائے)۔ ناانصافی
جو کچھ میں کہیا جوگ انیاؤ تجھ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اَوارا: (صفت) آوارہ
(1) عزیز کا تو دھن من اوارا ہوا (ہاشمی۔یوسف زلیخا) (2) بہت لوگاں ہوئے ہیں یوں اوارہ (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

اَوازاں: اواز (آواز) کی جمع
سب اوازاں دل میں سو نچھ نکلتے ہیں (امین الدین اعلی۔کلمۃ الاسرار)

اَوائی پڑنا: آمد کی خبر پہنچنا
اوائی پڑی دل کے لشکر میں کل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اَوائی: دوہائی
ہوئی سارے لشکر میں چوندھیر اوائی (نصرتی۔کلام نصرتی)

اُبھانا: پیدا ہونا کھڑا ہونا
دو شک دو جا اوبھا ہوئے (جانم۔ارشاد نامہ)

اُوبھا: (عربی اوبہ) خدا کی طرف رجوع ہونا
اوبھا ہوا جیسا چاند (اشرف۔نوسرہار)

اُوبھاگن: بدقسمت (صفت)
اوبھاگن نہ تھی بلکہ بھاگن اتھی (عالم۔لیلیٰ مجنوں)

اُوبھے: نمودار ہو۔ ابھرے۔ بلند ہو
جو اوبھے سوئی تیز نکلے سمند (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

اُوپاڑ: اکھاڑ
(1) نکالی جو تھی اوس کے شبہ پر اوپاڑ (غواصی۔طوطی نامہ) (2) اگر نکیں تو لیتی ہوں میں جیب اوپاڑ (غواصی۔طوطی نامہ)

اُوپاؤ: پیدا کرو
ہر دیں میرے گیان اوپاؤ (اشرف۔نوسرہار)

اُوپٹنا: اکھڑنا۔ بیخ کنی
اوپٹ بر ہا لشکروں ماریا کھندل (غواصی۔مینا ستونتی)

اوپٹنا: بڑھنا
اوپٹا ہوا کا فوج یوں شبنم کیاں گولیاں چھانٹنا (نصرتی۔کلام نصرتی)

اُوپجھ: پیدا ہوا
ہر اک کلی کی ٹھار اوپجھ ہوئے گل کھلیا مہکار کا (نصرتی۔علی نامہ)

اُوپرال: اوپر
(1) کد ہیں سوتلیں ہور کد ہیں اوپرال (غواصی۔طوطی نامہ) (2) کہ یوتس کے اوپرال چوٹی دسے۔ پرت راز کی جوں کسوٹی دسے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اُوت: اختراع
نکالیا ہوں کئی ایک طبعیت سوں اوت (نصرتی۔علی نامہ)

اُوت: (اوت) آتا ہے
ابراہیم تا نور جڑا دیوں ویں پانچیں پار اوت چھتریتی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اُوتار: اعلیٰ۔ نایاب۔ ممتاز
پھولاں سب نادر سب اچنبا سب اوتار (وجہی۔سب رس)

اُوتاریا: اوتار
علی خاطر خدا اتر دار اوتاریا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

اوتاول: (صفت) عجلت پسند
سو شمشیر رن میں اوتاول اچھے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

اوتالا: بے چین۔ جلد باز
اوتالا کو ہو کہ یو بج زیان ہے (غواصی سیف الملوک و بدیع الجمال)

اُوتانا: آپے میں نہ رہنا۔ مغرور ہو جانا
یو بستی سو دنیا پر ہو کر اوتانا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

اُوتی: (صفت) احمق۔ ناداں
سورج کی رانڈ ہوئی بدنام اوتی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اُوٹ: جوش کھانا۔ کھولنا
(1) رھیا خشک ہو اوٹ جا جیو کا آب (نصرتی۔علی نامہ) (2) سکل

اوٹ پانی کیا جل ابھال (نصرتی۔علی نامہ)

اُوٹ: اٹھ

باراں ہوا اوٹ کھڑا (اشرف۔نوسرہار)

اُوٹن: کھولنا۔طیش میں آنا

اوٹن لاگا کس کس دھات (اشرف۔نوسرہار)

اُوٹن: اوٹنی (اسم۔مونث)

تیرا حال اوٹن کے بچے سر یکا ج ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اوٹنا: کھولنا۔کڑھنا

موا کیا اوٹنا جو تو گھڑی بھر چپ رہتے نئی واں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُوٹنگل۔اٹھنگل: (صفت) بدسلیقہ۔پھوہڑ

اوٹنگل خرچ کی اجڑی ماں کی بات نامانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اوٹھے: (اٹھے) پیدا ہوئے

سرگ میں پیڑ کے لیے کے جو اوٹھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اوٹھیاں: اوٹھی (اٹھی۔فعل مونث) کی جمع

(1) کہ اوٹھیاں پوچھیاں یہ ہوئے مانس (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
(2) پھرا ٹیاں اوٹھیا تھیاں نکھاں کھو نچ کھونچ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اوٹے: اونٹ۔(اسم۔مذکر)

حشم دار گھوڑے ہتی تھے اوٹے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

اُوجا: (مراٹھی اوجھا) بوجھ

ہور ضعیف ناتوان کا اوجا سر تھے اتارنا ہور اچیں اجالینا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)

اُوجاپاک: (اُجال پاکھ) قمری مہینے کا نصف اول جو روشن ہوتا ہے

کہیں ناؤں دکھی اس اوجاپاک (قریشی۔بھوگ بل)

اُوجال: روشن۔منور

پدک لاتی جیوتی موا اوجال ہے (جنیدی۔تحفۃ النصائح)

اُوجڑ: جس کی جڑ نہ ہو۔برباد۔جڑ سے اکھاڑا ہوا

اُپر ہوں میں موجوں پھول ڈال اوجڑ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

اُوجل: (اوجھل) آڑ

زمین پر جوں چھپانے کس رھیا تھیں تھار اوجھل کا (نصرتی۔علی نامہ)

اُوجھاڑیا: اجاڑا

میرا گھر کیے بار اوجھاڑیا تمہیں (سیوک۔جنگ نامہ)

اُوجھڑ: اُچنتی۔اچنتی نظر

(1) جو بن تیرے گالاں تھڈی اوجھڑتے دیکھا ہے جو کوئی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) (2) سٹ نین کی شمشیر کی اوجھڑ وتی کے دل اُپر (ولی۔کلیات ولی)

اوجھڑتے دیکھنا: اچنتی نظر ڈالنا

(1) اک بار تمنا کوں اگر اوجھڑتے دیکھا ہے جو کوئی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اوجھل: (اسم) پردہ

اڑیا تب لاج کا منھ پر تے اوجھل (سید احمد ہنر۔نیہ درپن)

اوجیاؔل: (صفت) روشن۔چمکدار

گلے رست چاروں یوں دیوے اوجیال (عبدل۔ابراہیم نامہ)

اوچ: وہی (او: (وہ) + چ) (چ تاکیدی مراٹھی)

اُچایا کوے پر تھے بھی اوچ سنگ (رستمی۔خاور نامہ)

اُوچار: قبضہ۔غلبہ۔تسلط

(1) توں اوچار کر بھانپ دیناتوی سپاہی کریں سب تری پیروی (نصرتی۔علی نامہ) (2) اوچار کر جب جگ میں توں ظاہر کیا اسکندری (نصرتی۔علی نامہ)

اُوچار: اٹھا

دوہوں ہاتوں لے اوچار (اشرف۔نوسرہار)

اوچاڑ: (صفت) محنتی، جفاکش

یکس یک تھے چڑ سخت اوچاڑ کے (نصرتی۔علی نامہ)

اُوچت: مناسب۔موزوں

(1) جو اوچت یک مدن موہن پڑیا دشٹ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
(2) ایسا اوچت گھڑیا حال (جانم۔ارشاد نامہ)

اوچٹ: سایہ۔آسیب (اسم۔مذکر)

(1) یوسپنات کی تج کوں اوچٹ ہوا (غواصی۔مینا ستونتی) (2) اما

ملانے یو کہیں ! بچرسی اوچٹ ہوا (حسن شوقی۔غزلیات) (3) کہ کوئی اسے یوسو اوچٹ ہوا (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) (4) اوچٹ کی مانند او شانڈی ہوئی (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اوچٹ: اچانک
پڑنہار ہے اوچٹا یک نظر (نصرتی۔گلشن عشق)

اوچٹی: اچانک
یکا یک لگی اوچٹی نین بان (وجدی۔تحفہ عاشق)

اوچٹے: اچانک
جوں اوچٹے یکبارگی باجیا دماماں کوچ کا (نصرتی۔علی نامہ)

اُوچہ: وہی (چہ تاکیدی مراٹھی)
بھجتا ہے سو اوچہ ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)

اُود: عود (اسم۔مذکر)
اودکا دھنواں بھرے ہردو جہاں پار ادھنواں (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اوداسا: (سنسکرت اوداشا) (صفت) بدحال۔مغموم۔غمگین
(1) تکو پھرے گھرے گھر تو ہو کر اوداسا (شاہ تراب۔من سمجھاون) (2) سمجھ بات نہ سک اوداسا ہوا (غواصی۔طوطی نامہ) (3) نہ رہ تو اپاسا نہ رہ تو اوداسا (شاہ تراب من سمجھاون)

اُوداس پن: (صفت) غم
اوداس پن کی لا آگ پھر چار و دھیر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اُودان: نفس امارہ
نفس امارہ کوں ناری ہے پہچان۔اصطلاح ہندوی اودان جان (شاہ تراب۔ظہور کلی)

اُودت: طلوع
اودت سکل کلا پنوروں جوں پڑ چاند سلطان (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اُودسے: (او+دسے رودشا) (صفت) بری حالت
نہ کس کوں میرے اودسے کا ملال (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

اُودم: کوشش۔سبب
سوداگری ہو چاکری ہر یک اودم بھاتا نہیں گیت (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اودھار: قرض (اسم۔مذکر)
(1) آیا ہوں تیرے پاس میں نوسو روپے کا کر اودھار (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) (2) دے جام بھر دے زہر سوں پھیرے اودھار اپکار کا (نصرتی۔علی نامہ)

اُودھر: (ادھر) ہونٹ (اسم۔مذکر)
شفق سوں اودھر کھول تارے دسن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

اودھان: (سنسکرت) ہوش و حواس۔توجہ۔شعور
(1) جب آتا ہے شرزہ سو اودھان میں (نصرتی۔علی نامہ) (2) سب جگ بھلے ہیں گیاں میں میں نہ بھلوں اودھان میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) بسر جاوے شرزے کے اودھان کوں (نصرتی۔کلام نصرتی)

اودھانی: شیوہ۔طریقہ۔ڈھنگ
سینا اس شہر کا شہہ جیوں مست کر عشق اودھانی (ابن نشاطی۔پھول بن)

اُودھرم: لامذہب۔بے ایمان
یعنی سب لوگاں ہیں اودھرم انو کوں خدا کی بی نہیں شرم (وجہی۔سب رس)

اُودھوت: بہادر۔قوی
(1) چلیا نمیں کچھ اس دیو اودھوت سوں (وجہی۔قطب مشتری) (2) شاہ دلاوران اودھوت (اشرف۔نوسرہار)

اودھوت: سیناسی۔ترک دنیا کرنے والا
جکوئی عالم تے گذرتا ہے حق پرست ہے۔ ست ہے اودھوت ہے (میران جی شمس العشاق۔رسالہ سب رس)

اودھیٹ: شوخ۔بے خوف
دیکھ چال اس اودھیٹ کی سُد بُد مری اڑی ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُوڈگن: (اوڑگن) ستارے (اسم۔مذکر)
گگن سات ہیں پانچ اوڑگن تمہیں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

اُوڑھنگا: (صفت) بے ڈھنگا۔بدسلیقہ
اوڑھنگا خرچ کرنے والے شیطان کے بھائی بند ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اوڑھنی: (اسم) دوپٹہ
زرکیاں کناریاں لکھ لکھا اوڑھی ہے دلبر اوڑھنی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

اُوڑیاؔ: اڑا
نہیں کوچ رہتا اوڑیاؔ ہے سواد (غواصی۔ طوطی نامہ)

اُورس چورس: لمبائی چوڑائی۔ حدود
چین کے ملک کے اورس چورس میں یک بڑا بادشاہ تھا (ابراہیم بیجاپوری ۔انوار سہلی)

اُوڑ: (اسم) تعمیر کا کام کرنے والا مزدور
ہنرمند نائی بلائے اوڑ (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اُوڑ: اوڑھ
کھڑا ہو رھیا یک نمدا اوڑ کر (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

اُوڑ: اوٹ۔ پناہ
جو تقدیر کے مارکوں نیں ہے اوڑ (شاکر۔ مولود نامہ)

اُوڑانا: افواہ پھیلانا۔ چرچا کرنا
اودیکھیاں آس کاتیاں ہوا ڑانا چپ کریں یاں واں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اُوڑ جوڑ: انداز۔ طور طریق
لڑائی کے ہم جانتے اوڑ جوڑ (نصرتی۔ علی نامہ)

اُوڑے: اوڑھے
جو اوڑے ہے جلوے کا چادر صفا سوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اُوڑنا کھٹولا: اڑن کھٹولا
اوڑنے کھٹولے بچھادیں گے تب (مذنب۔ پنجہ آفتاب)

اُوڑنی: دوپٹہ
اوڑنی داونی مہ کوں کہتے چندا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

اُوکھد: (اسم) دوا
سو کچھ دیوں اوکھد کہ بے رائے کھائے (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اوکلی: (صفت) اُوکھلی
بونی کھل رہی تھی سو جیوں اوکلی (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

اُوکل گھڑی: (اسم) براوقت۔ بری ساعت
بہت باغ چلنے کی اوکل گھڑی (نصرتی۔ گلشن عشق)

اُوست: (صفت) جو ست (سچ) نہ ہو۔ جھوٹ۔ باطل
دستے ست ہور اوست بات تھے سب (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اُوستاد: (اسم) استاد
جو لکھتا ہے تاریخ جو اوستاد (نصرتی۔ علی نامہ)

اُوسری: (اسم) جھونپڑی
بس ہے مجے پیو آئے لگ یک اوسری کھپریل کی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اوسیچ: اس ہی (چ تاکیدی مراٹھی)
اوسیچ لھوسوں بڑا اس ہوتی ہیں (وجہی۔ تاج الحقائق)

اُوکار: (صفت) غیر متغیر۔ خدا
جے کچھ اکوے من اوکار (جانم۔ ارشاد نامہ)

اُوکال: براوقت
(1) کہ دودن کو اوکال اچھے گا ترا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)
(2) تماشا دیکھیا نادر اوکال منے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

اُوکالی: (صفت) بے موسم
پڑی بجلی اوکالی مج گھر اُپر (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

اوکل: (صفت) یکا یک۔ دفعتاً
سو اوکل قضا قدرآ کر کھڑیا (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

اُوکل: (صفت) براوقت۔ خراب وقت
غریباں سب ہمیں اوکل میں ایسے (ولی ویلوری۔ روضۃ الشہداء)

اُوکل: (صفت) بے چین
(1) طبیعت چلانے کی اوکل گھڑی (نصرتی۔ علی نامہ) (2) انکیا اچھے گا تو تمیں جیوڑا انکو اوکل کرو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) (3) جو یک بولنا مجھ پہ اوکل ہوا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

اوکل پن: بے چینی۔ اضطراب
کہوں کیوں اوکل پن سوں رہے گی ٹہر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

اُوکم: آغاز
سنتے تھے رودنیل کا ہے کرگگن پر تم اوکم (نصرتی۔ علی نامہ)

اُوگت کرنا: (سنسکرت اوگتی) واقف کروانا۔ انکشاف کرنا

ایسی اوگت نہ بھاوے منج دوتن جو کن ڈراتی ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَوگڑ گڑ: براگڑھ۔ ایسا گڑھ جو قابل رسائی نہ ہو

جو اوگڑگڑ ہوا کوٹ ات بلی (نصرتی۔ علی نامہ)

اوگن: (صفت) برے گن والا۔ بدخصلت۔ منحوس

(1) جو اوگن ستارا نکل جائے گا (وجدی۔ تحفۂ عاشق) (2) سنگیا اس کی بیٹی اُس اوگن بدل (غواصی۔ طوطی نامہ) (3) ویکھیا اس ہنر کو جو اوگن ندان (غواصی۔ طوطی نامہ) (4) جس کے پاس تھے سب اوگن اچھیں اوت پار (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

اوگنو: (صفت) برے گن۔ بری خصلتیں

بھوگن پاپ سوں ہور اوگنو سات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اوگھائے: میر کردے۔ چھکادے

کہیں گیت جو نادسوں کھنڈا اوگھائے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

اوگھے: اُگے

جیوں چاندسوں ستارے اوگھے ہیں سیام کھن میں (حسن شوقی۔ غزلیات)

اُولچ: ہاتھوں سے باہر پھینکنا

کہ ٹمیں سہل دریاو کھانا اولچ (نصرتی۔ گلشن عشق)

اَولکھن: (صفت) بدخصلت

(1) تھی اولکھن او رانڈ بھوتیچ بری (طبعی۔ بہرام و گل اندام) (2) کڈھنگی زنگی اولکھن اس پہ چڑ (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) (3) جن اولکھن گن اولکھن کرن جائے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَوگھڑ: (صفت) بے ڈھنگا۔ بدوضع

اوگھڑ سہیلیاں میں دستی توں سا چلی سنپارا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اوگھڑ: (صفت) ناسمجھ۔ بیوقوف

(1) اوگھڑ بولنا کیوں سیمیں سکے (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) (2) تمھیں اس پنتھ میں اوگھڑ بیٹھر ہوئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَونا: آنا

لے کرا وناپی پاس (اشرف۔ نوسرہار)

اَونام: (صفت) بدنامی

ہوتی ہے اوہشیار اونام سو (مخدوم۔ نافرمان عورت)

اونٹن: (اسم) اونٹ کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

چڑی ہو وج میں ہور اونٹن چلائی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اُونٹ وال: (اسم) اونٹ والا۔ ساربان

ترت وہ اونٹ وال اونٹن چلاے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اُونچ: (صفت) اونچا۔ بلند

(1) کیا ٹیک مدن کا اونچ لگتا ہے مجھے (شاہی۔ کلیات شاہی) (2) منڈپ اونچ تانے گگن سار کا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) (3) دویا کالوٹ انبر اونچ آپار (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اُونچہ: (صفت) اونچا۔ بلند

(1) اکاس اونچہ پاتال دھرتی تمہیں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)
(2) تمہیں اونچہ انبر سریابن ادھار (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اُونچیا: (صفت) اونچا

افلاک کا اونچیا بندیا ہے محل کس بستار کا (نصرتی۔ علی نامہ)

اونچ ہمت: (صفت) بلند ہمت

کہا حاجب کہ ہے او اونچ ہمت (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اَوندا گیان: (اوندھا گیان) غلط علم۔ الٹی عقل

اس کے سر یکا لکھی کھوپڑی اوندے گیان کا چ ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

اَوندھی: (صفت) الٹی۔ بےوقوف

او اوندھی لونڈی بھی ان کے باتاں پر بھول کو پڑیاں سوں مال خرچنے لگی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

اُونکار: (سنسکرتی اوکاری) جوں کا توں۔ قائم۔ خدا

کرتون پرتھم استی اونکار کا (شاہ تراب۔ ظہور کلی)

اونھاں: وہاں

اونھاں تھے اڑیا رج بکسے کا نشان (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

اونینڈی: نیم بیدار

(1) اونیندی کے نمنیج رگڑے نین (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) (2) اونیندی رس بھری نیناں بلاتھی (سید محمد والہ۔ طالب وموہنی)
(3) اونیندی پنے سوں انکھیاں کھول کر (نصرتی۔ گلشن عشق)

اوو: وہ
بہت ناامید دھن من میں ہوئی اوو۔ ہوی بے سدپڑی جایوں ہوی اوو (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

اوہ: وہ
اسیا قادر سکےاوہ (اشرف۔ نوسرہار)

اوہاں: وہاں
(1) اوہاں نام لے نبی کا سورج شے لگائے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) اوہاں گاون سوزہرہ مشتری ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) جوکوئی دیکھے اوہاں آئے (اشرف۔ نوسرہار)

اَوہوت: (صفت) بہادر
جتے رج کے پوتاں میں اوہوت تھا (نصرتی۔ علی نامہ)

اویرا: دیر۔ تاخیر۔ سویر (جلدی) کی ضد
گزرے وقت اور کرے اویرا (اشرف۔ لازم المبتدی)

اُوئی کی بولی: عورتوں کی بولی۔ ریختی
دیے ہیں ہاشمی عزت ہماری اوئی کی بولی کوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اُہت: (اسم) دشمن
اہٹ سراٹھے چند تجھ راج ہند (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اہل اَخل: (صفت) اہل عقل۔ عقلمند
یو اہل اخل میں یو اہل جہل ہیں (میراں جی شمس العشاق۔ رسالہ سب رس)

اہنکار: انا۔ غرور
اہنکار کا ہانک جو پھیر بھایا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

اہوڑ: (اوڑ) اوڑھ
ہرناں کالا پیرن اھوڑ (اشرف۔ نوسرہار)

اہوں: ہوں
تو بیچ مان مجنوں میں لیلیٰ اہوں (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

اہے: (مراٹھی) ہے
(1) اہے دو میں تمرا آنکھ میں کنکر (عاجز ابن احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
(2) چولے کے پیچھے سو ہنڈولی اہے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

اَہیں: ہیں
کسوت مکلل زرزری شبہ آج سنگارے اہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ای: یہ
خدا باج ای دیہارا دوسرا کوئی نہیں (میراں جی خدانما۔ شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

ائے: آکر
چھپا اس ہائیں بھتیر نہاس کرائے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

اے: یہ
(1) سو بولن لگیا اے بچن رول رول (غواصی۔ طوطی نامہ) (2) اے اوس کی من کی پوتی کا جواب ہے کہ جس کا جگ میں رام داس خطاب ہے (شاہ تراب۔ من سمجھاون) (3) پرست کریاں کا اے سنسار (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

اَیا: آیا
(1) یو کس کا ہے لشکر ایا کام کیا (رستمی۔ خاورنامہ) (2) ایا آگ کا شعلہ اس تھے بدر (رستمی۔ خاورنامہ)

اَیاں: ای (آئی) فعل مونث کی جمع
کماناں کشش تھے ایاں تھیاں بھی تنگ (رستمی۔ خاورنامہ)

اَیانی: (صفت) ناداں۔ جاہل
اسی کا ہے دو جگ میں جینا انند سوں۔ جن نے میہہ بوجھا سنوا ایانی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

اَیانا: (صفت) نادان۔ بیوقوف (اسم۔ مذکر)
ہمنا کوں جان بوجا ایانا کیے موہن (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

اَیاناں: ایانی (نادان۔ ناسمجھ) کی جمع
ایاناں کہ جے ہوئے ہر کام کوئے (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

ایاغیب: اچانک۔ ایکا یک

ایا غیب سوں ایک دندی اس پر چڑدوڑا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

اِیتا: اتنا

آتا ہے پس کہ قتل کو ایتا شتاب آج (ولی ۔ کلیات ولی)

اِیتال: اب

(1) کلیلہ تو تک کرم کرنا ایتال (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر) (2) ایتال آخر بھی دیساچ ہے (میراں جی خدانما ۔ شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

ایتیم: یتیم

پسند کر جو ایتیم کے تیس اتال (قدرتی ۔ قصص الانبیاء)

اِیرابت: (اسم خاص) ایراوت ۔ اندر کا سفید ہاتھی

ایرابت نہ سوے اندر کی تھان میں (نصرتی ۔ علی نامہ)

اِیراوتی ۔ ایراوت: (اسم خاص) اندر کا سفید ہاتھی

(1) اسنے چمن کے ایساچ کاڑا ہتی ۔ تجل دیک ہوے جس کے ایراوتی (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا) (2) نہیں جوڑ فیلاں میں ایراوتی (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ)

اِیتی: اتنی

ایتی ڈالیاں ایتی پھولاں ایتی پاتاں سوں پنچ ۔ تھا تو وہ پنچ جھاڑ ہوا (وجہی ۔ تاج الحقائق)

ایرائیکی: حاسد

ایرائیکی بری بات کرنے لگیاں (شاکر ۔ مولودنامہ)

ایزد: یزید

یوں کہہ بھیجا ایزد پاس (اشرف ۔ نوسرہار)

ایڑکیوں: ایڑکا (لڑنے والا طاقتور بکرا) کی جمع

اگر لومڑی اگھاری ہور سوراتی نا ہوتی ایڑکیوں کا ڈھچا نہ کھاتی (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

اِیسوراشٹ: آٹھ قسم کی دولت

انت اپار ایسوراشٹ نرگن (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

ایسیاں: ایسے یا ایسی کی جمع

(1) دے ہمت جو ایسیاں تے پاؤں خلاص (غواصی ۔ طوطی نامہ)

(2) ایسیاں صورتاں زشت آیا بروں (رستمی ۔ خاور نامہ)

ایکانگی: (ایکانت) تنہائی ۔ خلوت

تجے ہور تیری ایکانگی کہاں پانوں میں (نامعلوم ۔ کتاب حسینی)

ایک بارا: ایک بار

بعد آئے گی ہماری سدھ جین ایک بارا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ایک پنا: (صفت) یکتائی ۔ وحدت

اس یگانگی باج کوئی بھی کچھ گمان نا رکھے ایک پنے کا (میراں جی خدانما ۔ شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

ایکٹ: (صفت) واحد ۔ تنہا

(1) کہتی تھی ایکٹ ہو جو اچھے گا گھر میں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) گسائیں ایکٹ تھا نہ ہور کچھ موجود (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

ایک جول: (صفت) ایک ساتھ ۔ بیک وقت

سپاری چونا کھات مل ایک جول (صنعتی ۔ مثنوی گلدستہ)

ایک چت: یکسوئی

یک دھیان ایک چت سوں دل ہور جیو میرا (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ایکچھ: ایک ہی

نبی ہو مہدی کوں ایکچھ پچھان (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

ایکس: ایک

(1) دیے ایکس کے دل کوں اک گواہی (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)
(2) نپٹ نازک ایکس تھے ایک آلا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) (3) ایکس رات دیکھی زلیخا سپن (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

ایک سکٹ: متحد ۔ تمام ۔ کل

جب کہ ہوئیں ایک سکٹ چمٹیاں (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

ایکل کھری: جو ملنسار نہ ہو ۔ کم آمیز ۔ بدمزاج

پڑوسن کوئی بھاتی نئیں تو ہے ایکل کھری سوکن (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

ایکلا: (صفت) اکیلا

ایکلا خلوت منے اپنے بلائے (وجدی۔پنچھی باچھا)

ایکن: ایک

(1) ایکن ورزی ایکن سو زاہد گنبھر (غواصی۔طوطی نامہ) (2) ہر ایکن روپ اچھیا چندنی تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (3) ایکن پنچھیں باٹ پڑو (اشرف۔نوسرہار)

ایکی موٹ: یکجا۔متحد

ایکی موٹ مل کر تر ناں سٹو (سیوک۔جنگ نامہ)

ایک میاں میں دو فرنگ نہ سما سکیں: ایک میان میں دو تلواریں نہیں رہ سکتیں

سمانہ سکے میان میں دو فرنگ (غواصی۔طوطی نامہ)

ایکھ: ایک

(1) نا کد کیتا کہنیں ایکھ (جانم۔ارشادنامہ) (2) اس پر بھی ہے مالک ایکھ (جانم۔ارشادنامہ)

ایکچ: ایک ہی (چ تاکیدی۔مراٹھی)

ہمن دونوں کا حال ایکچ ہے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

ایکی: ایک

کہ سب کے نات کی رسری بجن کے ہات ایکی ہے (غواصی۔کلیات غواصی)

ایلار: آگے۔سامنے اس طرف، ادھر کو، کم تر، درجہ میں غ

یہ دو عالم ہیں ایلار (شیخ داول۔کشف الوجود)

ایلاڑ: آگے۔سامنے

کھڑا ہے رضا لے کے ایلاڑ خوش (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ایلاقہ: (علاقہ) تعلق

ایلاتے قبیلے سوں اور جگ سوں توڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ایکیں: ایک

جیسا ایکیں میں ہے دو (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

ایگیارا: گیارہ

(1) ایگیارا ستارے چندر آفتاب (ہاشمی۔یوسف زلیخا) (2) کھیا سوتے دیکھیا تارے ایگیارا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ایلیا: حضرت علی کا ایک نام

منگتا ہوشیار ہونے لے نام ایلیا کا (شاہی۔کلیات شاہی)

ایمام: امام (اسم۔مذکر)

(1) حضرت ایمام مہدی کو حضرت عیسیٰ دفن کریں گے (محمد شریف۔کنز مخفی) (2) ہر ایک ایمام پر یک دکھ بہت گھاتک بساتا ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ایم رے ایم: (تلگو) کیا ہے؟

بچن ہندی سوں بولے ایم رے ایم (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ایمن: امن

دنیا کی بھیجاں سوں رک توں ایمن (ابن نشاطی۔پھول بن)

اینٹ اینٹ مرنا: غرور کرنا

شرم نہیں آتی ایسی بڑائی کرتے اس بڑائی پر بھی اینٹ اینٹ مرتے (وجہی۔سب رس)

اِینٹاں: اینٹ کی جمع (اسم/مونث۔جمع)

(1) بھرنت اس کے انگن اینٹاں سُنے سوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
(2) سنے ہور روپے کیاں سو اینٹاں اتھیاں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

اینٹھوپنا: (صفت) غرور۔تکبر

اس میں ذرا بھی اینٹھوپنا نہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اَینٹھے: غرور کرے۔اکڑے

سہس نس میں اینٹھے سو سرور دواں (نصرتی۔علی نامہ)

اِینچ کھینچ: کشاکش

ہور زمانے کی اینچ کھینچ میں سپڑیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

اِینچا: کھینچا

نہیں ہے چشم پر دنبالہ اینچا (شفیق۔تصویر جاناں)

اینچت: (اینچا۔کھینچا) کھینچتی

اینچت دستر زر کر دھرتا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

اِینْدرِیَن: حواس خمسۂ ظاہر و باطن

ایندرین کا بکار و روپ دہی دو سرا تن (جانم ۔ کلمۃ الحقائق)

اینکی ایک: ایک ایک

بہت رائے تھے جگ اینکی ایک (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

اِینو: ان

(1) کمیں ہے اینو تینوں منے چوتھے کا گذر (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) اینو کے اشتیاق کا جللت کم نہ ہووے (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا)

اینوں: یہ (جمع)

طریقت میں اینوں زورہ دار ہیں (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا)

ایہاں: یہاں

ایہاں تھے تو لیجا کر (اشرف ۔ نوسرہار)

ایہاچہ: یہیں (چہ تاکیدی ۔ مراٹھی)

ایہاچہ اس کی قبر ہے (اشرف ۔ نوسرہار)

ایہیں: یہیں

ایہیں راکھ یہ بات وہ بات کہہ (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

ایہ: یہہ

کہوں تجہ اگل تو سن ایہ بات (قریشی ۔ بھوگ بل)

ایہہ: یہ

برا کر ذکر ایہہ کدم راؤ آئے (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

OOOO

ب

با: ڈال ۔ رکھ

(1) آج کا وعدہ لجا ہر گز صبا پر توں نہ با (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) جو تابوت میں با کر اس پھند کرو (رستمی ۔ خاور نامہ)

بابُل: بُلبل (اسم ۔ مذکر)

بھولا نے انکھیاں بابل کا من ۔ لیا چک میں بلالے نے کالا انجن (نصرتی ۔ کلام نصرتی)

بابُوں: باب (واسطے ۔ لیے) کی جمع

بڑی کے گھر اس کے بابوں دکال تھا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

باپ وادے: آباؤاجداد (اسم ۔ مذکر)

ڈبا کر اپس باپ وادے کا نام (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

بات اُچانا: گفتگو کرنا

کہ میں تج اگے ناسکوں بات اُچا (غواصی ۔ طوطی نامہ)

باتاں: بات کی جمع (اسم ۔ مذکر)

بولیا ایسا او بہوت باتاں وہاں (رستمی ۔ خاور نامہ)

باتاں میں پاڑنا: باتوں میں لگانا

ہلو بعد ازاں ج کوں باتاں میں پاڑ (غواصی ۔ طوطی نامہ)

بات بدلائے: مکر گئے

اپنے غرض کو پھسلانے آئے غرض سری پیچھیس بات بدلائے (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

بات بھار پڑنا: راز کا افشا ہونا

یو بات باہر کیوں پڑی یو بات غیر ٹھار کیوں پڑی (وجہی ۔ سب رس)

بات پھوٹنا: راز فاش ہونا

او چھپاں کرتے جگ میں کی بات نہ پھوٹے گی (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

بات پھوڑنا: راز افشا کرنا

ہر کس کوں جوڑ بیچ یو بات پھوڑتی کی (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

بات توڑنا: مخالفت کرنا۔ رد کرنا
نہ ہرگز کیس یک کی توڑیں او بات (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

باترن: باتیں (اسم۔ مونث)
کتیں باترن تمھیں دیتے سو رتن (فخر دین نظامی۔ کدم راو پدم راؤ)

بات رکھنا: طعنہ دینا۔ الزام دینا
ترے سوں بات کرتی جو ادیکھیاں بات رکھتیاں ہیں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بات کا مایا کھولنا: راز فاش کرنا
بات کا مایا کھولنا.......... (وجہی۔ سب رس)

بات گھنمٹ ہونا: بات پکی ہونا
اول بیچ گھنمٹ ہوئی ہے یو بات (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

بات لانا: شادی کی بات چیت
ترے بات لیا ہے مراتب سنگات (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بات میں کر دینا: حکم کے تابع کرنا
وزیراں کو سب کر دیا بات میں (نصرتی۔ گلشن عشق)

باٹ: راستہ (اسم۔ مذکر)
(1) دیکھت تج باٹ سو یو دکھ کھنڈلات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
(2) کہ باٹ بھوت ہے باریک رات اندھیاری (غواصی۔ کلیات غواصی) (3) تجے دیکھنے باٹ اگر پاوتے (غواصی۔ طوطی نامہ)
(4) خبر بولیاں تے کتی باٹ ہے (رستمی۔ خاور نامہ)

باٹ پاڑنا: راہ نکالنا۔ راستہ تلاش کرنا
اتا نوی باٹ پاڑیا۔ گاڑیا سو گنج کاڑیا (وجہی۔ سب رس)

باٹ آونا: راستے پر آنا۔ سیدھی راہ اختیار کرنا
نہیں باٹ آوتا ماریں جتے وحات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

باٹاں: باٹ (راستہ) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
نیناں مرے اسمان ہو باٹاں دیکھیں اس لال کی (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

باٹ پاڑنا: گمراہ کرنا
حرص ہوا کا جالا بھا کر شیطان یوں باٹ پاڑیا (محمود خوش دہاں۔ انصاف الحق)

باٹ پاڑو: (اسم۔ مذکر) رہزن۔ ڈاکو
(1) وہاں باٹ پاڑو سو (وجہی۔ سب رس) (2) باٹ پاڑ دکھڑا سنبھال (جانم۔ ارشاد نامہ)

باٹ پکڑنا: راہ چلنا
شریعت میانے محکم ہو کر طریقت باٹ پکڑنا (محمود خوش دہاں۔ انصاف الحق)

باٹ تڑانا: راستے سے ہٹ جانا
ملحد سو چلتی باٹ تڑاویں لیویں آہ (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نامہ)

باٹ دیکھنا: انتظار کرنا
دیکھت تیری باٹ گھڑیاں (اشرف۔ نوسرہار)

باٹ چوک: راستہ بھولنے والا
کہ آئے اگر کوئی واں باٹ چوک (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

باٹ خرچ: سفر خرچ
ان کوں باٹ خرچے کچ دلایا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

باٹ سارو: مسافر
(1) سے باٹ سارو جو اس بھوئیں پہ پانوں (نصرتی۔ تاریخ اسکندری)
(2) ہمن باٹ سارو تمن یاں رہے (وجہی۔ قطب مشتری)

باٹ کاڑنا: راہ نکالنا۔ نیا راستہ اختیار کرنا
ولے یو باٹ کیوں کاڑے (وجہی۔ سب رس)

باٹ ماریا: رہزن
یا جاہل ہے یا شیطان باٹ ماریا ہے (وجہی۔ سب رس)

باٹھ: باٹ۔ راستہ (اسم۔ مذکر)
باٹھ نہیں اب کیدھر جانھ (اشرف۔ نوسرہار)

باٹاں: (اسم۔ مذکر۔ جمع) باٹ (راستہ) کی جمع
باٹاں کیا ہیں دیکھ بچار (شیخ داول۔ کشف الوجود)

باٹن: باٹنا
کہ باٹن لگے سارے ہر ٹھار ٹھار (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

باٹیں باٹ: راستہ راستہ
تن ہنڈا تا باٹیں باٹ (اشرف۔نوسرہار)
باج: بغیر
(1) پیا باج پیالا پیا جائے نا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
(2) باج حیرانگی منج نین تلیں کچھ نہ دسے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
باجن: باجا کی جمع (اسم۔مذکر)
کتے بھانت باجن لگے باجنے (بلاقی۔معراج نامہ)
باجن: بجنا
جورا ہے سبھ باجن تھے طبل ڈھول (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
باجنا: بجنا
باجن لاگے فوج انند (اشرف۔نوسرہار)
باجتا: (صفت) شہرت یافتہ۔معروف
ایک راجا......... بہت خوبیاں والا باجتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
باجنتر: (اسم) (بجنتر) ساز۔باجا
ہر ہر جنس باجنتر (اشرف۔نوسرہار)
باجتیاں: باجتی (بجتی) کی جمع (فعل۔مونث)
سوسر دلوک ترلوک کی باجتیاں (جن شوقی۔میزبانی نامہ)
باجی: بازی (اسم۔مذکر)
نس پتی کیا بردو نگر باجی ہارے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
باچا: (سنسکرت واچیا) بات۔کلام (اسم۔مونث)
(1) تم بولے ایسی باچا (جانم۔ارشاد نامہ) (2) شکر ہے جو ہوئی پنچھی باچا تمام (وجدی۔پنچھی باچھا)
بادر: بادل (اسم۔مذکر)
بادر اپجر تا پرمت لاگے کب گیت پرگٹ دیسے بدن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
بادل: اپیچ (اسم۔مذکر)
دس آوے رائے چنپا جاں کینہ پھول بادل کا (نصرتی۔علی نامہ)
بادلا: ایک قسم کا نفیس کپڑا (اسم۔مذکر)
پنچ سیر سونا لیتی ہوں وہی بادلا ہور تاش کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
بادلیاں: بادلی (کپڑے کی ایک قسم) کی جمع (اسم۔مونث)
کسنی بادلیاں بامیاں زری کے تھان چپ رس رس (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
بادی خزاں: بادِ خزاں
کہ بادی خزاں تھے سو آزادتر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
بادِ مرگ: بعد مرگ۔مرنے کے بعد
کیتی انکھیاں کالیاں اتھیں باد مرگ (رستمی۔خاور نامہ)
بار: (فارسی) وقت۔موقع
(1) کیا اب آکھوں مرتے بار (اشرف۔نوسرہار) (2) تو سینا میرا ترخنے بارکیں (غواصی۔طوطی نامہ)
بار: دروازہ۔چوکھٹ
(1) بھتر ہیں محرم ہوا بار کا (فیروز بیدری پرت نامہ) (2) پھرے ملک نوبت ہوا اس بار کا (عبدل۔ابراہیم نامہ)
بار: دیر
آدمی کے جنس کوں حق پر آنے کیا بار ہے (وجہی۔سب رس)
بار: واسطے۔لیے
توں بھی چلیا لوجھن بار (اشرف۔نوسرہار)
بار: بہار (اسم۔مذکر)
ہنر کا خزاں جا کو آیا ہے بار (صنعتی۔قصہ بے نظیر)
بارا: ڈھول۔بالٹی (اسم۔مذکر)
کہ او یک طاس کوں کہتے ہیں بارا (محمود بحری۔کلیات بحری)
بارا: ہوا (اسم۔مذکر)
بھیا ہے منج طرف بارا مسیحا کے نگر دم کا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
بارابٹ: منتشر۔بکھرے ہوئے۔پریشان۔تباہ
(1) تن کے تکڑے بارا باٹ (اشرف۔نوسرہار) (2) مری زندگی کا کیا بارا باٹ (غواصی۔طوطی نامہ) (3) کیا تو مرے جیو کو بارا باٹ (غواصی۔طوطی نامہ) (4) ستاریاں کی بکریاں بارا باٹ کر۔یو دھنگر گیا چاند کا ٹھاٹ کر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

بارہ برس بعد گھوڑ پر دسا آتی ہے: کچھ عرصہ بعد حالات بہتر ہوجاتے ہیں
بارہ برس کوں گھوڑ پر آتی دسا عالم کتا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بارا چھنا: بارآور ہونا۔ پھل آنا
اس جھاڑ کوں کچھ بارا چھے تو خوب ہے (وجہی۔سب رس)

بارا کھانا: ہواخوری
کبھی بارا کھانے کے خاطر پانی کے کڑ کے آتی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بارا بنی سونا: زرخالص۔خالص سونا
بات کے بھسم سوں کھوٹے دل کو بارا بنی سونا بنانے جائے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بارا کرنا: پنکھا جھلنا۔ پنکھا کرنا
اجریاں گھیاں نمکس جلیاں کرتیاں ہیں بارا کاہے کوں (ہاشمی۔دیوانِ ہاشمی)

باراں: بارہ
واری تجھ پر باراں لکھ (اشرف۔نوسرہار)

بارک: (صفت) باریک
کہ بارک بات میں جیسے کھنڈے کی دھار پکڑیا ہوں (غواصی۔کلیات غواصی)

بارکھ: بارگاہ (اسم۔مونث)
جوتھی اس بارکھ میں دائی اس سات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

باروان چندر: بارہواں چاند۔مزاج کا میل نہ کھانا۔طبائع کا اختلاف ہے
تجے اورا پنے باروان چندر ہے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

باریں بار: باربار
جبرئیل آویں باریں بار (جانم۔ارشادنامہ)

باری تعالا: باری تعالیٰ
سوسب ذات باری تعالا کا ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

بارے: ہوا (اسم۔مذکر)
جوں عیسیٰ کے دم تس میں بجتے ہیں بارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بارے پو عاشقاں کی برات: ہواپر عاشقوں کی برات لاحاصل۔بے سود۔مایوس کن
کہ مشہور ہے سو یو عالم میں بات۔جو بارے پو ہے عاشقاں کی برات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

باڑا: احاطہ (اسم۔مذکر)
بلبلاتا ہوں رات میں میں یوں۔جو ہوا ہے پتنگ سب باڑا (محمود بحری۔کلیات بحری)

باڑاں: باڑ (حصار) کی جمع
(1) کہ صوف ہور سقلا دباڑاں دیے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) (2) دیویں جلوہ ڈیرے کے باڑاں تمام (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

باڑے: احاطہ۔گھر۔صحن (اسم۔مذکر)
ڈھال ڈھکنی کدھیں کھیلے باڑے منے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

باڑ پکڑنا: شہہ دینا۔اکسانے
ہور اسے بہت بہت باڑ پکڑنے کے باتاں کرے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

باڑی: حصار۔حدبندی (اسم۔مونث)
(1) کہ میں کھیت ہوں تو ہے باڑی کے سار ہے باڑی کیرا کھیت کوں اعتبار (غواصی۔طوطی نامہ) (2) پھولوں باڑی گملائے (اشرف۔نوسرہار)

باڑیاں: باڑی (کیاری) کی جمع (اسم۔مونث جمع)
پھول میں لئی دیکھیا جا پھول باڑیاں میں ولے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بازد: (فارسی) بعداز
بازدکتیا ہے ہوا (جانم۔ارشادنامہ)

بازوند: بازوکا ایک زیور بازوبند (اسم۔مذکر)
بندے بازوندزر کے بھارتی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بازوبنداں: بازوبند (ایک زیور) کی جمع۔(اسم۔مذکر۔جمع)
بازوبنداں کے سرتھے پھندنے پھلاؤ سکیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بازیچ: بازی ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)
چلیے سات بازیچ کرنے لگیا (رستمی۔خاورنامہ)

باس: بو۔خوشبو (اسم۔مونث)

(1) تیرے بالاں تھے پکڑیا باس بالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) او بہشتی باس سوں کھیلے ہیں پھل سب جگ منے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

باساں: باس (بو) کی جمع

(1) ہوا اس کی باساں تے سب تر دماغ (وجہی۔قطب مشتری) (2) تو چوندھیر تے سب مہکتا جیوں باساں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) پھول ہر اک کھل کے اب باساں ستیں گایا بسنت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

باس باون: خوشبو کی باون (۵۲) اقسام

کدم باس باون ہر اک تن لگاؤ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

باسک: سانپوں کا بادشاہ (اسم۔مذکر)

(1) مگر گر پڑی پائے باسک تھار (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) (2) چلے پاتال یوں باسک سو پیچ و تاب سوں اٹھ کر (ولی۔کلیات ولی)

باسن: برتن (اسم۔مذکر)

یک بار پانی جو پیے ہر کیسے باسن میں تمھیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

باسُو: آٹھ ناگوں میں سے دوسرا ناگ جس کے پھن پر زمین قائم ہے ناگ راج

ہوا رنگ باسوا جل جا سو کال (عبدل۔ابراہیم نامہ)

باسوک: اٹھ ناگوں میں دوسرا ناگ جس کے پھن پر زمین قائم ہے۔ناگ راج (اسم۔مذکر)

سوں آواز باسوک دمامیوں پتال (عبدل۔ابراہیم نامہ)

باسی: باشندہ رہنے والا (اسم۔مذکر)

جو گی دل وہاں کا باسی ہے (ولی۔کلیات ولی)

باطین: باطن

خلافت سو ظاہر ہے باطین کا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

باغی جناں: باغ جناں (اسم۔مذکر)

کہ باغی جناں تھا سو شرمندہ تر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بافتہ: ریشمی کپڑے کی ایک قسم (اسم۔مذکر)

(1) حریر و بافتہ سالو سری صاف (ابن نشاطی۔پھول بن) (2) زمیں پر مخمل بافتہ لا بچھائے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بافتے: بافتہ (ایک قیمتی ریشمی کپڑا) کی جمع (اسم۔مذکر جمع)

زربفت اطلس مخملاں نیلک مشجر بافتے (نصرتی۔علی نامہ)

باکھر: وہ گائے جس نے دودھ دینا بند کر دیا ہو

ہوئی دیکھ باکھرا سے کاٹ کھائے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

باگ: شیر (اسم۔مذکر)

جو اس میں بن بھرت اور باگ کچ تاں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

باگاں: باگ (شیر) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

جھڑے ڈرتے باگاں کے پنجیاں کے نھوں (غواصی۔طوطی نامہ)

باگ دار: شہسوار

فرنگ سیف و گروے کتے باگ دار (نصرتی۔علی نامہ)

باگ نکھ: شیر کا ناخن (اسم۔مذکر)

بھنواں باگ نکھ اور انکھیاں ہرن (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

باگل: بگلا (اسم۔مذکر)

چھتر پال باگل چلے راج ہنس (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

باگ مار: شیر کا شکار کرنے والا (اسم۔مذکر)

کمینہ انوں میں سو جیوں باگ مار (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

باگن: شیرنی (اسم۔مونث)

دلاور ہے باگن پلنگ افگنی (رستمی۔خاور نامہ)

باگلیاں: باگل (بگلا) کی جمع بگلے (اسم۔مذکر۔جمع)

رہی باگلیاں کی ہو درمیان مال (عبدل۔ابراہیم نامہ)

باگھ: باگ (شیر) کی باکاری شکل (اسم۔مذکر)

باگھ اٹھے جوں تھانے پر (اشرف۔نوسرہار)

بالا: (صفت) نوجوان۔نوخیز

(1) دسے جوں دو دو چنداں اس میں موہن۔سہیا جوں کہ نرل چاند بالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) جو بن بالے انا رانب (اشرف۔نوسرہار)

بالا: ایک قسم کی خوشبودار بوٹی (اسم۔مونث)
(1) ترے بالاں تھے پکڑیا باس بالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) کہ دونا دو بالا دبانا اتھا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بالا: بالائی (اسم۔مونث)
یو حلوہ چکڑ ہور بالا کمچال (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بالا چاند: ہلال (اسم۔مذکر)
بالا چاند چودا رات کو مسافری سوں سپورن بن جاتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بالاں: بال کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
(1) ترے بالاں تھے پکڑیا باس بالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) کاں لگ بیاں کروں میں بالاں کے کھب کی شوخی (ولی۔کلیات ولی) (3) ترے بالاں پہ تھے بلہار جاتا ہر گھڑی بالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بال بینگا کرنا: نقصان پہنچانا
کرے جو اوس کا بینگا بال (اشرف۔نوسرہار)

بال پن: بچپن
(1) جسے بال پن میں سو یو خیال ہوئے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنون) (2) جوانی اگلے ہور پچھے بالپن (ہاشمی۔یوسف زلیخا) (3) نہ کل آج بل بالپن کا پرت (محمود بحری۔کلیات بحری)

بالک: بچہ۔لڑکا (اسم۔مذکر)
(1) آپ ہی بالک آپی دائی (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) (2) بالک پھر پنا عقل جائے (جانم۔ارشاد نامہ) (3) دیکھی حال بالک ہوا خوار زار (غواصی۔مینا ستونتی) (4) کہ اے بالک بچے جے کچ بچ بول (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بالک بھاؤ: بچے کا جذبہ۔بچے کا انداز
ہے جیسا بالک بھاؤ (جانم۔ارشاد نامہ)

بالکا: بالک۔بچہ (اسم۔مذکر)
(1) میں ہوں عاشق عاشقی کوں کیا بڈھا کیا بالکا (محمود بحری۔کلیات بحری) (2) یہ ہمارا بالکا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بالکے: بچے (اسم۔مذکر۔جمع)
حال کو کیا بوجتے یو بالکے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بال بیاہی: جس کا بچپن میں بیاہ ہو جائے
بال بیاہی جس کی تھی (اشرف۔نوسرہار)

بانک: کنار (اسم۔مذکر)
1۔کلیجے میں سو فکر جیوں بانک تے (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ہوا اس مارنے لے بانک سیدھا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بالکپن: بچپن
بالکپن بھی ترتا (جانم۔ارشاد نامہ)

بالکیاں: بالک (بچے) کی جمع
موے بالکیاں کو جیوا اس دیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بالی: لڑکی۔حسینہ (اسم۔مونث)
(1) عاشق ہے تیرا بالی ہم جیو کا پیارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) تھی بالی یو نرل ہو بالی کے بال (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) (3) مکل ہولکیاں جھکانے بجلیاں بالیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بالے: ایک قسم کی خوشبودار بوٹی (اسم۔مونث)
او بالاں کی خوشبو سو بالے میں نیں (طبعی۔بہرام وگل اندام)

بالیس بال: بال بال۔نہایت تفصیل سے
جب لگا کر بالیس بال بولیا اس کے سب احوال (وجہی۔سب رس)

بالے بال: بال بال
(1) ہر جاب میں دھرتا ہوں میں سو جیب بالے بال رے (غواصی۔کلیات غواصی) (2) جو جیاں ہوئے بالے بال سب من (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بالم: (اسم) محبوب
(1) اے ہیرا ساچ بھاری ہے سیتا مچھری پہ بالم کا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
(2) دے گا نہ دے گا کیوں کہوں بالم تو بھنڈاری ہوا (محمود بحری۔کلیات بحری)
(3) بحریا بالم کے آگے لاج سٹ احوال بول (محمود بحری۔کلیات بحری)

بام: مچھلی کی ایک قسم جو دکن میں بکثرت پائی جاتی ہے (اسم۔ مونث)
(1) تیرے جو بام آجل میں دسے رو مالی یو اس (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) گئی نابود ہو پانی میں تھے بام (ابن نشاطی۔ پھول بن)

بامن: برہمن (اسم۔ مذکر)
راہ میں ملیا بامن تو (اشرف۔ نوسرہار)

بامناں: بامن (برہمن) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
سدا بامناں کو رسوئی کھلاتے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

بان: تیر (اسم۔ مذکر)
(1) ترے بیہ کی جسے مارے مدن بان (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) (2) نین بان سوں کر اشارت اُسے (غواصی۔ طوطی نامہ) (3) اچنبا رام کا جوں بان کر میں (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

بانا: (اسم) تیر
رادت نے ہات میانے جانو لیا ہے بانا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

باناں: بان (تیر) کی جمع
بلایاں کے باناں کو جیو آگ لائی (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

باناں: لباس (اسم۔ مذکر)
کہ یک دلبر کا کیسریا تھا باناں (سید محمد والہ۔ طالب و موہنی)

بانی: (سنسکرت وانی) بات
جو فرق ہے تو یہی ہر یکس کے بانیاں میں (محمود بحری۔ کلیات بحری)

بانبھن: برہمن
نہ بانبھن سکے مجھ پار دکرن (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

بانٹا: حصہ
جس وقت کہ تیسرا بانٹا آخرات کا رہتا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

بانٹا بخرا: حصہ بخرا
اپنا اپنا بانٹا بخرا سمن مانے تیوں خرچ کرین گے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بانٹاں: (بانٹا۔ حصہ) کی انفیائی ہوئی شکل
کہے میرا بانٹاں کیا ہوں معاف (عاجز۔ جنگ نامہ)

بانٹن: تقسیم کرنے والا
دونوں جواں مرد ہور بانٹن ہمارے نین (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

بانٹی داونی: آوارہ۔ بدچلن
تو بانٹی داونی سو کن دو تن کوں لائے تو کوں گی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بانجھ: (بانجھ) لاولد
بر اپوت اپنا بھلا اس تے بانجھ (طبعی۔ بہرام و گل اندام)

بانچ: بچ
(1) نہ ضائع ہو گئیں سب بلایاں تھے بانچ (غواصی۔ طوطی نامہ)
(2) شکر میں تو میں جیوا بانچ پھر سلامت سوں آئی تو اپنے مندھر (غواصی۔ طوطی نامہ)

بانچ کاڑا: (بانچ: بانجھ + کاڑا: جوشاندہ) بانجھ پن پیدا کرنے والی دوا
دیا بانچ کاڑا سو نا دیکھ سک (نصرتی۔ گلشن عشق)

بانچا: بچا
(1) جز مخلص کوئی بانچا نیں (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن) (2) بانچا ہوں یاد کر کے امریت سے تجھ ادھر کوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بانچنا: بچنا
تو بچ جان تج بانچنا تھا عجب (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

بانچنے: بچانے
(1) تو جیو بانچنے کا مجھے دے سبق (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) (2) نھاٹے تو کیا بانچے پاوے گا (وجہی۔ سب رس)

بانچے: بچے
(1) سو منگتے تھے جو بانچے دور ہو کر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) (2) جو بانچے اتھے سو ملے آس پاس (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بانچیا: بچا
کیا شکر بھو تج بانچیا کے جاں (وجہی۔ قطب مشتری)

بانڈ: باندی۔ کنیز (اسم۔ مونث)
باند غلام اے گھوڑے بھی (اشرف۔ نوسرہار)

باند: باندھ
کچے سوت سوں کیوں باند رکھنا کنجر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بانڈیا: برتن (اسم۔مذکر)
یتی کچھ رکھو کر کے بانڈیاں کو بار۔کہ ہر موں میں انپڑے نوالے ہزار (نصرتی۔علی نامہ)

بانڈر: بندر (اسم۔مذکر)
(1) وولے آئی باندر کے جیو پر بلا (غواصی۔طوطی نامہ) (2) صورت پر اعتبار نہ راکھے باندر بھی ہیں ایسے (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

بانڈرا: بندر (اسم۔مذکر)
کہ یک باندرا یو نچ اپن جنس چھوڑ (غواصی۔طوطی نامہ)

بانڈری: بندریا (اسم۔مونث)
(1) ادباندری رانڈ باندی کے اس کام سوں کڑھ گی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
(2) بُری باندری سوں بھی صورت بری (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

بانڈرے: بندر (اسم۔مذکر)
بھرے ہیں دہاں باندرے جاں تہاں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بانڈے: باندھے
آتے شیویاں ستی چت سوں چت باندے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بانڈیا: باندھا۔تعمیر کیا
باندیا نہ کوئی آخر اول جمشید یا دارا ہوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بانوئیں: بائیں
ہوا طرف بانوئیں قنبر نامدار (رستمی۔خاور نامہ)

بانی: سرسوتی
دنت دامنی گھٹ گھور گھور منڈاں چال بدھو بانی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

باؤ: ہوا (اسم۔مذکر)
(1) انے باد تھے بیگ اُس کن گیا (رستمی۔خاور نامہ) (2) اگر دم کہوں تو باؤ ہے (جانم۔کلمۃ الاسرار) (3) بلوند گھوڑا بجلی باؤ (اشرف۔نوسر ہار)

باورا: دایوانہ (اسم۔مذکر)
(1) کرے اس باس تھے میرا دماغ باورارست (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) برہ کا یا دمنجے باورا کیا ہے اب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

باؤری: دیوانی۔نادان (اسم۔مونث)
(1) پیرت برن شرطاں اہیں تج من سنے اے باؤری (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) (2) جو اس باوری کا پری زاد کوت (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) (3) کھیا اے مدن باد کی باوری (غواصی۔طوطی نامہ) (4) سہیلیاں دیکھیاں باوری دھن ہوئی (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

باوڑی: باولی (اسم۔مونث)
(1) دل گھٹ کر کے باوڑی میں اتر گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
(2) اوندھے منہ باوڑی میں گر کر پیندے کو لگ گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

باؤ کی ماری: آفت زدہ۔مصیبت کی ماری (اسم۔مونث)
باؤ کی ماری جاتی رہے (اشرف۔نوسر ہار)

باول۔باولا: دیوانہ (اسم۔مذکر)
(1) اپس کوں باول نہ کرنا اتاول نہ کرنا (وجہی۔سب رس) (2) باتاں سنو سب باؤلیاں دل کو نکو باول کرو (ہاشمی۔دیوانِ ہاشمی) (3) ہو باول اپن یار کی اوکنور (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) (4) یو جیو باول تج بنا بن جل مچھی تڑپیا (جانم۔کلمۃ الحقائق)

باولا: دیوانہ (اسم۔مذکر)
(1) برانا باولا ہو کر ندھاں تے بے خبر پھرتا (حسن شوقی۔غزلیات)
(2) ہوا بات میں لے ہو باول وہیں (غواصی۔طوطی نامہ) (3) دلے باول ہوئے سب اس ڈھنڈا جائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

باول پن: دیوانگی
ہو طبلے میں باول پنے کے جتن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

باؤلی: بالی۔کان کا ایک زیور (اسم۔مونث)
چھپی ہوئی ہر اک باؤلی کان کی (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

باؤلیاں: بالی (کان کا ایک زیور) کی جمع
عبث لا پناتے مجھے باؤلیاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

باوٗمارنا: ہوا کا مارنا
وہاں ٹھنڈا باوٗمارتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

باون: (۵۲) کثیر تعداد میں
(1) مہک باس باون شہر درمیان (عبدل۔ابراہیم نامہ) (2) مغل ملک دیراں جو باون کیا (نصرتی۔علی نامہ)

باویس سرتیاں: موسیقی کی اصطلاح
ملاکر تو باویس سرتیاں سنگھات (عبدل۔ابراہیم نامہ)

باویں: بائیں
نہ کر دشت سید ھے وباویں کدھن (غواصی۔طوطی نامہ)

باہ: باندھنا۔ڈالنا
(1) گزارے کنگن باہ کرتس جھلا (عبدل۔ابراہیم نامہ) (2) گلے باہ کنٹھمال بازار ہاڑ (عبدل۔ابراہیم نامہ) (3) پنجرے میں اُس جتن باہ (جانم۔ارشاد نامہ)

باہاں: باہیں (اسم۔مونث۔جمع)
(1) سو باہاں کیرا ہانس بھایا گلے (غواصی۔طوطی نامہ) (2) باہاں میں باہاں بلائے شاہ مجھ لے گلے لگایا (محمود بحری۔کلیات بحری) (3) کہ دونی کا پھندنا او باہاں پہ ساجے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (4) باہاں میرے مشتاق ہیں تج بانہہ کے گل ہار کے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

باہاں گلے بھانا: گلے میں باہیں ڈالنا
جو تو بھی آتی ہے مجھے باہاں گلے بھانے ہوس (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

باہر پھوڑنا: تشہیر کرنا۔راز فاش کرنا
اس بھید کو باہر پھوڑیا (ابراہیم زہری۔انوار سہیلی)

باہن: (واہن) سواری (اسم۔مونث)
باہن بلی ورو سیت جات گسائیں ایشورا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

باہنا: ڈالنا

باہیا: ڈالا
زمیں باہیا گل پدک کر سنگار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

باہیر: باہر
ہوا جب دگھ میرا حد تھے باہیر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

باہیں: لیے۔واسطے
(1) کہہ کر بھیجا تجھ باہیں (اشرف۔نوسرہار) (2) سگلیں باہیں رحمت کر (اشرف۔نوسرہار)

بائیں: کنواں (اسم۔مونث)
(1) اندھارے تنگ ڈوگے باٹ کی بائیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (2) اتر بائیں کے پاس تب آئے کر (صنعتی۔مثنوی گلدستہ) (3) چلو جائیں نزدیک یک بائیں پاس (غواصی۔مینا ستونتی)

بایا: ڈالا
(1) عشق تیرا منج پہ سوائے موہنی بایا ہے جالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (2) تمھاری بندگی کا حلقہ کن میں بایا ہوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) سُنے کے جام میں جیوں زہر بایا (ابن نشاطی۔پھول بن)

بایاں: بائی (عورت) کی جمع۔عورتیں (اسم۔مونث۔جمع)
ملیاں خوش ہو مایاں وبایاں تمام (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بایاں: بائی (فعل۔مونث۔ڈالی) کی جمع
سہیلیاں ساتو گل کنٹھ مال بایاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بَیرچی: باورچی (اسم۔مذکر)
(1) اتھا ایک ساقی بیرچی ہے ایک (ہاشمی۔یوسف زلیخا) (2) بیرچی ہو مہتر اتھا شاہ کا (قدرتی۔قصص الانبیاء)

بیبیانی: بی بیوں کا انداز
اُجڑی میں کچھ رہا نہیں سکھ چال گن بیبیانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بپت: بپتا۔مصیبت (اسم۔مونث)
یو کیسی بپت آمرے سر کھڑی (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بپت کھولنا: مصیبت بیان کرنا۔بپتا سنانا
اے بپت کس طرح سوں اپنے قصہ سوں کھولوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بتاں: ڈنڈا۔عصا (اسم)
بتاں ہاتھ رتنوں کندن کیا سنوار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بَت خانیاں: بت خانے (اسم۔مذکر۔جمع)

تمام بتکانیاں کوں شہہ توڑ کر (رستمی۔ خاور نامہ)

بتّر: بدتر

(1) سو بے علم حیوان تے ہے بتر (صنعتی۔ قصہ بے نظیر) (2) بتر یہ سن لگی ترحمن زلیخا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) (3) جیونے کا ہوس کرنا بتراز مرنا ہے (وجہی۔ تاج الحقائق)

بِتَری: منتشر۔ منقسم

جینا جوڑ ملا دیں مال بتیا جا کے بتری خیال (شیخ داول۔ کشف الوجود)

بدتری: برتر

تو بدتری کیا تجھ کوں غمگیں نہ بھل (غواصی۔ طوطی نامہ)

بتیس برن: بتیس (۳۲) قسم کے زیورات

بتیس برن سازاں اب تن اُپر سجاؤ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بتیس لکھن: ۳۲ خوبیاں والی۔ تمام خوبیوں کی حامل

تھی صورت وسیرت میں بتیس لکھن (شاکر۔ مولود نامہ)

بتم: (صفت) تھوڑا۔ ذرا۔ قدرے

کہی یو بتم بات جب پیر زن (صنعتی۔ مثنوی گلدستہ)

بتّہ: بٹا (سل پر پیسنے کا پتھر) (اسم۔ مذکر)

پیلا ہے کھرل من اور بتہ (بحری۔ من لگن)

بتھر: بہتر

جو دیکھی کہ شہہ ہے بتھر لشکری (وجہی۔ قطب مشتری)

بُتّی: (اسم) توشہ۔ ایک قسم کی غذا جو دکن میں محرم کے مہینے میں بالعموم تیار کی جاتی ہے

بھیجوں توشہ اور بُتی تیار کر (مذنب۔ پنجۂ آفتاب)

بتیاں: بتی کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

پلکاں بتیاں کا جل دھواں دیتا ہے لویں چراغ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بَٹ: باٹ (اسم۔ مذکر)

(1) تس میں اس رات کے بٹ کوں دھریا پاسنگ کے بدل (شاہی۔ کلیات شاہی) (2) بٹ پاڑواں کا جا بجا اس باٹ میں لٹی کھنڈلات ہے (غواصی۔ کلیات غواصی)

بَٹ موگرا: ایک سفید خوشبودار پھول (اسم۔ مذکر)

کہ بٹ موگرا ہو بتا سے سوکل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بٹاؤ: مسافر۔ راہ گیر

لک باٹ یو یک بٹاؤ جونا (محمود بحری۔ من لگن)

بَٹ بَٹ کرنا: فضول گفتگو کرنا

اجڑیا سوں بٹ بٹ کر کے سب چپ سر پھراتا ہے موا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بَٹ پاڑ: راہزن (اسم۔ مذکر)

دھتارا دغا باز فتنہ ہے بٹ پاڑ (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بٹورنا: جمع کرنا

پہنی ہے تس او پرتوں باناں بٹور گھنگرو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بٹایا: تقسیم کیا

سو شکراں بٹایا کھنڈیاں در کھنڈیاں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بٹورنی: وہ ملازم عورتیں جن کے ذمے چراغ روشن کرنے کا کام ہوتا ہے۔ (اسم۔ مونث)

چراغاں لگائے ہوا وقت شام کیے آ کو بٹورنیاں اہتمام (مذنب۔ پنجۂ آفتاب)

بٹنا: پھیلانا۔ ڈالنا

بدن پرتوں بٹ پانی تن بار دھو (حسامی۔ خاص اللغہ)

بٹول: گول مٹول

تھڈی بٹول نورانی ستارا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بٹھے: بیٹھے

جہاں شاہ عالم بٹھے تھے ہوا (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

بٹی: بھٹی (اسم۔ مونث)

سُنا تو بٹی کا نہ ہوسے مرے سم (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بٹے باٹ: باٹ باٹ۔ راستہ راستہ

بٹے باٹ دھگ نورتن کے بجھائے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بٹیراں: بٹیر کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

ذراجاں کے ڈھلکے بٹیراں کے ڈھیرے (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

بجتی: بجھتی

غواصی یوں جلیا بی تج پرت کی آگ بجتی نیں (غواصی۔کلیات غواصی)

بج: بجلی (اسم۔مونث)

کنول کلی میں جھمک رہے بج جیوں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بج: بیج

وہی سلگائے جیو کوں تو جاوے گا بج (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بج انار: انار کے بیج

تو بھر بیچ معنی سو جیوں بج انار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بُجا: بُجھا

بجھائیں ہے اس کے درونے کا سوز (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

بجاتی: بجھاتی

بی بی پن کا کی تو بجاتی چراغ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بجاتے گجاتے: دھوم دھڑکے کے ساتھ

بجاتے گجاتے ہوؤں شہر بھار (فتح۔قصہ زلیخا ثانی)

بجاک: ایک قسم کا سانپ (اسم۔مذکر)

مجھ کیا کیچے یہ بجاک (اشرف۔نوسرہار)

بجاؤ: بجالاؤ

سلام تحیت اُن بجاؤ (اشرف۔نوسرہار)

بجاویں: بجھائیں

اسے یک طرف تے بجاویں تلک (نصرتی۔علی نامہ)

بجاوے: بجھاوے کی غیر ہاکاری شکل

سو سوکیاں کے پاوک چھنداں سوں بجاوے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بجا: بجھا

جب شبہ کھڑک کے آب سوں جیو آگ فتنے کا بوجا (نصرتی۔کلام نصرتی)

بجانا: بجھانا

ذرا آگ ہے لگ بجانا بھلا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بجانے: بجھانے

کر کی آگ کوں تل تل بجانے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بجد: (عربی) اصرار۔مصر ہونا

(1) ہوئے لئی بجد او لجانے مگے (ہاشمی۔یوسف زلیخا) (2) ہوا جوں بجد شاہ اس بات پر (غواصی۔طوطی نامہ) (3) بجد ہو کے جدو و جو دھرنے لگیا (وجہی۔قطب مشتری)

بجر: (اسم) پتھر

1۔رھیا لھو میرا ہو بجر صبر تے (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔چھیں تو وہ بجر کا سینا اوس کا پتھر کا (اشرف۔نوسرہار) 3۔دیکھے نیر اسکا بجر کا ہے دل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بجرانگ: ہنومان کا ایک نام۔بندر۔مضبوط جسم والا

بجرانگ انجن انے بندھار (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بجر کا کلیجا: (صفت) سخت دل

بجر کا کلیجا بجر کا ہے دل (طبعی۔بہرام و گل اندام)

بجر سل: پتھر کی سل

پڑے پن بجر سل ہو سینے پر رات (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

بجرنی: ہیرا۔قیمتی پتھر (اسم۔مذکر)

یاتو تنی نیر و بجرنی کھن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بجل: بجلی (اسم۔مونث)

دسیں کنداس کیرے تیزی سوں بجل (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بجلی پاو: (صفت) بجلی کی تیزی سے چلنے والا۔تیز رفتار

بلوند گھوڑا بجلی پاؤ (اشرف۔نوسرہار)

بجلیا: (بجلیاں کی غیر انفیائی ہوئی شکل) بجلیاں

بجلیا بدل اڑلاوتے ہیں رات ساری وائے وائے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بجنتر: باجا۔ساز۔(اسم۔مذکر)

(1) چلے لشکر بجنتر سات بجتا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (2) بجاتے سو بجنتر کیا کم آوے گا منج کوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بجھار: بوجھنے والا۔سمجھنے والا۔واقف

(1) بجھار دیسے اوک راز کا (غواصی۔طوطی نامہ) (2) بجھار دولت کے رنگ رس کا نغز (نصرتی۔علی نامہ) (3) اگر جھوٹ سچ کوئی بجھار ہوئے (وجہی۔قطب مشتری)

بجوڑ: بے جوڑ۔ بے مثل

(1) دھنی مال کا ہور تنی تھا بجوڑ (غواصی۔طوطی نامہ) (2) بجوڑ حسن میں ہے گرتوں تیرے تیغ بجوڑ (غواصی۔کلیات غواصی)

بجوڑنا: مارنا

غلام ہور بٹی کوخوب بجوڑیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بجونگ: (بھجنگ) سانپ (اسم۔مذکر)

شعر غزل کے منتر بجونگ (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

بجھانو: بجھاوں

بجھانو دیپک کوں تر اسوں دینکر آئے گا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بجھاون: بجھانا

بجھاون آگ برسائے انجھواں مینھ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بجھاڑے: کلیا۔مٹی کا چھوٹا برتن (اسم۔مذکر۔جمع)

رکھے ان پر بجھاڑے مشک کے دو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بچھتر: (سنسکرت۔وچتر) انوکھا۔نادر

بچھتر جھبجھر نقش کا ٹھار ٹھار (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بچھرنا: حرکت کرنا

نین منگل متا جھرتا بچھرتا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بھنجن: ٹکڑے ہونا۔ پھٹنا

نہ جانو بھنجن ہوئے کس حل منے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بچھوہی: جدائی

کہ دکھیا کوں بچھوہی سوں اتا بیزار کرنا کیا (ولی۔کلیات ولی)

بجھے: بوجھے

(1) نہ کچ معشوق کیاں بیچیاں بجھے کوئی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) (2) یک حرف اس کہ جفر کا مشکل کن بجھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بجی: پیدا ہوئی (اپجی)

بجی تھی عشق جب تھے اُو بجی تھی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بجے: بوجھے۔سمجھے

کیا بجے جن فام اچھے ہے تو اچنبا سامیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بجیا: بجا

میراں محی الدین کر طبل بجیا ہے ست اسماں منے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بجید: بھید

کہا شاہزادہ اسے ہو بجید (وجہی۔قطب مشتری)

بچ: بیچ

(1) جدھان تلگ ہے بچن کو رواج بچ سنسار (غواصی۔کلیات غواصی) (2) زمیں اسمان بچ بارے کوں لایا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بچار: خیال۔مشورہ۔فکر۔اندیشہ

(1) ایسیچ اچھے ہیں حضرت کے یار جنوسوں حضرت کرتے تھے بچار (وجہی۔سب رس) (2) وہ بسریا منج کوں کیوں ہے سو بڑا دل پر بچار آیا (غواصی۔کلیات غواصی)

بچارتے: سوچتے

تس مجھ سپن میں آو نے بے حد بچارتے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بچارک: فکرمند (اسم۔مذکر)

بچارک ہور اؤ جیو آپ میں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بچارن: سوچ۔فکر۔(بچارکرنا)

پرندیاں سوں اپنے بچارن لگیا (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بچارن: بچاری (بیچاری) کی جمع

بچارن آپ میں اپ مان بیٹھیاں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بچارو: سوچو۔سمجھو

ہمارا اتمارا انکو چپ بچارو (شاہ تراب۔من سمجھاون)

بچاڑی: گھاس جو اصطبل میں بچھائی جاتی ہے (اسم۔مونث)

ہوا ہے یو خطاب آخر بلا روئی کی بچاڑی کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بچتر: (سنسکرت۔وچتر) انوکھا۔عجیب وغریب

بچتر چتر وہ چترنے لگا (وجہی۔قطب مشتری)

بچتر: طرح طرح۔جنس جنس

اے بر ہے موبچتر موہن لاگے پل پل کوٹ کوٹ راج (ابراہیم عادل

شاہ۔ کتاب نورس)

بجتر: رسنا

بجر تحت الثری لگ جالکیا کرے ستی تھر کوں (نصرتی علی نامہ)

بجر کر: بولنا۔ وضاحت اور تفصیل سے اظہار خیال کرنا

توں یہ کیا بیوار ہے سوسگل بجر کر بول (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بجرول: پھیلانا۔ ریزہ ریزہ کرنا

بجروں کی ہومایا تراجیوں ردی تپتا ہے نداف (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بچھرول: چورہ (اسم۔ مذکر)

کہ اس تھیں مٹھای کے بچھراں جھڑے (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

بچڑا: (بچھڑا) فراق۔ دوری

جدای کا بچڑا پڑے گا سدا (شاکر۔ سولونامہ)

بچ کچ: بچے کچے (اولاد)

اسے ماں باپ ہور بچ کچ ہور کچھ چیز کا دکھ نہیں تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بچک: ڈر

1۔ کدھی نیند میں تھے بچک کر اٹھے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ ہلادے زمیں تل بچک گاوے سنگ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بچکنا: ڈرنا۔ خوف زدہ ہونا

1۔ بچکتے اپن چھانوں دیک ٹھانوں میں (وجہی۔ سب رس) 2۔ بچکا دیکھ اپنی چھاؤں آپھی (ابن نشاطی۔ پھول بن)

بچکوں: ڈروں

مرے سوں تو ملتی لکر پوچھے تو کوئی بچکوں نکو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بچکتی: ڈرتی

1۔ بچکتی گاو بہو دھرتی تلی تھی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ ادشہ چہ کیاں سیں بچکتی کھڑی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بچکتے: ڈرتے

1۔ ہاتاں کو دیکھ بچکتے سو جو بن کو جیو ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ دیکھ نج نار کے خنجر کوں بچکتے ہیں دلاں (غواصی۔ کلیات غواصی)

بچلا: ایک قسم کی بھاجی

چاکوٹ گھول چوتلائی بچلانول (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بچمیاں: بچنے (طعنہ دینے) والیاں

مرا تیرا تو دل اک ہے دلے ڈر ہے بچمیاں کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بچن: (اسم) بات۔ سخن

1۔ ہیں حیران میرے بچن تھے تمام (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ کہے گا سو سب کھول یہہ کا بچن (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 3۔ سو جائے کر اسمان پر ہر اک بچن تارا ہوا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ بچن کا انجمن جو دلکشا ہے (سید محمد والہ۔ طالب وموہنی)

بچن پارکھی: بچن کو پرکھنے والا۔ سخن فہم۔ نقاد

بڑا گیان ونار تن پارکھی رتن پارکھی اور بچن پارکھی (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

بچنک: (اسم) بچن۔ بات۔ قول

سانچا ہوا بچنک ہردے کو جو سیا کا (شاہی۔ کلیات شاہی)

بچن کاڑنا: گفتگو کرنا۔ بات چیت

اول دین داری کے کاڑے بچن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بچھانا: (اسم) بچھونا

1۔ سستیجا کے اک دن بچھانے اوپر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ بچھانے بار گاہاں ہور سراپچے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔ دھگڑ کوں بکلیا بچھانے میں ست (غواصی۔ طوطی نامہ)

بچھانے: بچھونے

ہمیشہ رہے چپ بچھانے پہ لیٹ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بچھاون: بچھانا

نہ ہوئے سفرا بچھاون دھرت پوری (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بچھڑ: جدائی۔ فراق

کہ بچھڑ کے دک سوں منج آرام دے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بچھڑا: جدائی۔ فراق

1۔ نہ رکھ اس کو بچھڑے میں کر جتلا (نصرتی۔ گلشن عشق) 2۔ جو عاشق چکھے بچھڑا یاد کرتا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بچھڑات: دوری۔ جدائی

(1) کریں یاراں کارن بچھڑات کی شام (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
(2) نہیں راضی ہے جیو بچھڑات پر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بچھڑپن: جدائی۔ ہجر

بچھڑپن تے خون جگر جل کے کھائے (نصرتی۔گلشن عشق)

بچھڑی: جدائی۔فراق

1۔محمد کے بچھڑی تھے رویاو دوزار (رستمی۔خاورنامہ) 2۔بھنوَر پھولاں کے بچھڑی میں ہوکالا جوں کہ کوئل ہو (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بچھڑیا: بچھڑ گیا۔جدا ہوا

1۔انن میں سوں بچھڑیا بچھڑ کر گیا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا) 2۔جو بچھڑیا ہوں میں بھی کتے برس تے (غواصی۔طوطی نامہ)

بچھڑے کی رات: شب فراق۔جدائی کی رات

ولیکن نہ آتا ہے بچھڑے کی رات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بچھوا: پاؤں کا ایک زیور (اسم۔مذکر)

1۔زنجریاں ولولاں سو بچھوے او جال (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔تک پاؤں کے بچھوؤں کی آواز سناتی جا (ولی۔کلیات ولی)

بچھوڑا: جدائی۔دوری

اب بچھوڑا ہوا جم (اشرف۔نوسرہار)

بچھوڑے: بچھڑے ہوئے

اب کے بچھڑے کدملیں (اشرف۔نوسرہار)

بچھوہا: بچھڑا۔فراق۔دوری

1۔پیو سات بچھوہا کاری ہے (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔بچھوہا اچھے جاں اچھے مل دویار (وجہی۔قطب مشتری) 3۔کھیں روتی بچھوہا یاد کرکے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بچھی: بیچ

انہ است بچھی بدنادنت لوگ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بچھوے: پاؤں کا ایک زیور (اسم۔مذکر۔جمع)

کرن پھول کو بچھوے کئی کوئی بھول (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بچے بھانے: (بچے ڈالنے) بچے دینے

آتا ہے وہاں بھانے بچے سیمرغ دریا پار کا (نصرتی۔علی نامہ)

بچے والی مرغی: ثریا۔پروین

ہور گگن کی بچے والی مرغی بھی اس کنے اڑ کو نہیں جاسکتی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بچہ بغل میں دھنڈ تے نگر میں: کوئی چیز موجود ہونے کے باوجود اسے گمشدہ تصور کر کے تلاش کرنا

بچہ بغل میں ہوکر دھونڈتے نگر میں روکر (میراں جی خدانما۔بشارت الانوار)

بچیاں: بچہ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔کھلانے بچیاں کوں لگا صبح شام (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔بچیاں پاس اپنے چلا دوڑ دئیں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بحریان: بحر (سمندر) کی جمع (اسم۔مذکر)

ہنسیاں بحریاں کے گھنگھرو میں کے دانے (ابن نشاطی۔پھول بن)

بخت اُڑنا: بدبختی۔قسمت خراب ہونا

اُڑتے ہیں بخت اجڑے تس پر ہے نوجوانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بختیاں پھٹی: بدنصیب۔بدقسمت (اسم۔مونث)

کتی ہوں اتا سن تو بختیاں پھٹی (غواصی۔میناستونتی)

بخت نکالنا: خوش نصیب ہونا

جہاں میں نکالے بڑے بخت او (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

بختوار: خوش نصیب

بختوار قابل خردمند توں (فائز۔رضواں شاہ وروح افزا)

بختوں جلیاں: بدنصیب عورتیں (اسم۔مونث۔جمع)

چلنتر بھریاں ہیں یو بختوں جلیاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بخرا: حصہ (اسم۔مذکر)

نِھے آدمی کا کام گھر میں آنا جانا بخرے لانا لے جانا (وجہی۔سب رس)

بخور: خوشبودار دھواں۔بھانپ

بخوراں کے اسمان چھانے لگے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بخشن ہار: بخشنے والا

جو ہووے رج بخشن ہار سائیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بخشن ہارا: بخشنے والا

جواں بخت بخشن ہارا داد گیر (رستمی۔خاورنامہ)

بخشیا: بخشا۔عطا کیا

1۔ولایت حسن کا سب گل کوں بخشیا (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔براہیم

کوں بخشیا کرم کر تمام (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

بُد: (بُدھ) عقل۔فہم

1۔کم اندیش بد حوصلہ بُد کا خام (نصرتی۔علی نامہ) 2۔لیا سو برس کا بدتل میں کھوتا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔دل پر سو بد بدونت کے ڈھل گئے سو کوو ہ کون تھے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بدا: وداع۔رخصت

بدا ہو چلیا مجنوں صحرا طرف (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

بدا گی دنیا: وداع کرنا

بدا گی دیا مہر و اخلاص تھے (وجدی۔تحفہ عاشق)

بدام: بادام (اسم۔مونث)

1۔انکھی ساری شربت میں کشش بدام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔ترے ہونٹ خرما نین تج بدام (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بداماں: بدام (بادام) کی جمع

شیر خرما قند بداماں پستے جیواں ملا کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بدائی: بدھائی۔مبارکباد دینا

بدای شروع کر کے گانے لگی (مختار۔مولود نامہ)

بدخ: بطخ

بدخ مرغ و مرغا و مرغابیاں (نصرتی۔گلشن عشق)

بدر: بیدر (کرناٹک کا ایک شہر)

کوتا ادگیر میں راکھی بدر میں کوئی چھبیلی ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بدریاں: بدری (عربی بدرۃ۔تھیلی) کی جمع

وہ پیکیاں کے بدریاں کے سر باز کر (رستمی۔خاور نامہ)

بدرا: (بدرہ: عربی) تھیلی

(1) مہریں کھلے داراں ہوے بدرا بھرا دینار کا (نصرتی۔علی نامہ) (2) دلے دینار کا بدرا سو کھولیا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بدرہ: بدراہ۔گمراہ

اگر بدرہ چلنے میں تک بار لاے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

بدرگ: بڑی نسل والا

زہرا تنے میں بدرگ کو چڑھا ہے (سید محمد والہ۔طالب و موہنی)

بدری: بدلی۔بادل (اسم۔مونث)

میں کالی ہو بدری ابر میں رہوں (نامعلوم۔قصہ کالی گوری)

بدرے: (بدرۃ۔عربی۔تھیلا) تھیلے (اسم۔مذکر۔جمع)

بھرے بدرے شہہ جو دیے مال بھر (وجہی۔قطب مشتری)

بدزاد: بدذات

جگت میں پکھل بہت ہیں یو چ بدزاد (محمود بحری۔کلیات بحری)

بدشکال: برا۔بدخصال

جنم نجس تھا جو زحل بدشکال (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بدق: بطخ (اسم۔مونث)

ایک بدق چوک کھائی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بُدکجی: (بُد: عقل+کجی: ٹیڑھی) بیوقوف

1۔کیا بدکجی سو جیو آخر دیا (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔نہ کی توں مجھے چھوڑ کچھ بدکجی (غواصی۔طوطی نامہ)

بدل: بادل

1۔عشرت بدل امرت چھڑکیا ہماری بزم میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔بدل کے نیر سوں گل تر کیے سب (ابن نشاطی۔پھول بن) 3۔بدل کے منتے یا چوندھیر اچا کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔لٹکتا دو جدھر جاوے بدل چھتر ہو سر چھائے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بدل: واسطے۔لیے

1۔منگیا اُس کی بیٹی اُس اوگن بدل (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔اس بدل کیا جان کہ بتاں شرک لیائے (میراں جی خدا نما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

بدلام: بدنام

1۔ترے کارنے میں تو بدلام ہوئی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔ہوئی تمیں کے ساتھ بدلام تو (عالم۔لیلیٰ مجنوں)

بدلکھن: بدقسمت۔بدنصیب

اسی بات میں چھوڑا او بدلکھن (غواصی۔مینا ستونتی)

بدلاں: بدل (بادل) کی جمع

یا نچھل دو بدلاں سیام ہے جو بن کے کھناں میں (محمد قلی قطب

شاہ۔کلیات قلی قطب شاہ)

بَدلہ کاڑنا: بدلہ لینا

میں اس سوں تیرا بدل لیوں گا ہور اپنا بدلہ بھی کاڑوں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بَدلی: (مراٹھی بدا) چمڑے کی بوتل

ملبب ہے بدلیوں میں خوش باس تیل (مذنب۔پنجہ آفتاب)

بَدنا: ٹوٹنا۔کھلنا

نہ بدسک کلیاں سب رھیاں تھیاں اکڑ (نصرتی۔گلشن عشق)

بَدنے: (بدنا: مٹی کی کلیا) مٹی کا لوٹا (اسم۔مذکر)

طلب کی سو بدنے میں غربت کی آش (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بُدانکیاں: عقل کی آنکھیں (بد: عقل+انکیاں: انکھیاں)

تو یہ میری بد انکیاں (جانم۔ارشاد نامہ)

بدوارکا: گجرات کا ایک مقدس مقام

مومن کہیں مکہ ہی کافر کہیں بدوارکا (حسن شوقی۔غزلیات)

بُدونت: عقلمند۔سمجھدار

1۔نہ تجھ لوت بدونت نا بیربل (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راوٗ) 2۔چنچل چتر بدونت فتی لک لک ملک جس ورسنی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔وکاری کوں کدھیں بدونت کراوے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بُدھ: عقل

1۔نہ بدھ شاہ استاد کا رج ہو جائے (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔دلے تھی بہت بدھ تو آگلی (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راو)

بَدھا: (بڈھا) بڈھا (اسم۔مذکر)

محبت کوں خوب بدھا (وجہی۔تاج الحقائق)

بُدھامت: بدھ مت

بدھامت کلا کوئی پیری جگاتے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

بدھانا: وداع کرنا

بدھاماں تشریف ہور پان سوں (نصرتی۔گلشن عشق)

بدھارا: (بدھ: عقل۔ہارا: والا) عقلمند

یاد کا بدھارا باہر آتا ہے (جانم۔کلمۃ الحقائق)

بدھاوا: بدھائی۔مبارک باد دینا

1۔ہوا پر بدھاوا پریاں سو کریں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔بدھاوا بڑا خسروانی کیا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔گھر گھر بدھاوا کاج ہے بھوساج ہے دن آج کے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بَدھاوا: عیش و عشرت

حرص بدھاوا نہ ہوئے کم (شیخ داول۔کشف الوجود)

بَدھاوا کرن: بدھائی دینا۔مبارکباد دینا

بدھاوا کرن لاگے دن ہور رات (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بُدھ پتی: عقلمند۔سمجھدار

دلیری مری دیکھ سب بدھ پتی (نصرتی۔گلشن عشق)

بُدھ دینا: عقل کی بات سمجھانا

اسے کچھ بدھ دے اے مادر (اشرف۔نوسرہار)

بُدھ کوڑی: بیوقوفی

کہ یہ بدھ کوڑی نہ کر راوٗ توں (فخر دین نظامی۔کدم راوٗ پدم راوٗ)

بُدھ مان: عقلمند

وزارت وہی کر سکے بدھ مان (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راو)

بَدھنا: ٹوٹنا

بدھے باز و بند بند چولی کے چھوٹے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بَدھو: عورت (اسم۔مونث)

دنت دامنی گھٹ گھور گھور منڈاں بھال بدھو بانی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بَدھی: پھولوں سے تیار کیا ہوا زیور (اسم۔مونث)

بدھی ہور ہار موتیوں کے ٹٹے میرے بدن تے سب (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بَدھی: ٹوٹی

بدھی تھی رات کو گلسر ٹوٹا تھا ہار موتیاں کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بَدی: ننگی۔چھوٹی

بدی سوفلک کا چھ منڈ وا چڑی (نصرتی۔علی نامہ)

بدے: نکلے

مبادا ایکا یک بدے شور کچھ (غواصی۔طوطی نامہ)

بدیا: (سنسکرت ودیا) علم۔دانش

بدیا کمیں جوڑ دیوے وودوان (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بدیاونت: عقلمند۔عالم

1۔بدیاونت ملکے ملک کے تمام (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔انھ رست بچھی بدیاونت لوگ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بُڈ: معمر۔بوڑھا۔بوڑھی

کہا عورت بڈا ہے سب سوں بد (صنعتی۔مثنوی گلدستہ)

بڈا: بڑا (اسم۔مذکر)

اتا نصرتی یو بچن نا بڈا (نصرتی۔علی نامہ)

بُڈا: بوڑھا

فلک ہے بڈا اس کا یک خرقہ پوش (رستمی۔خاور نامہ)

بڈتا: بڑھتا

کہ جوں جھاڑ بڈتا اہے نیر تھے (وجہی۔قطب مشتری)

بڈنام: بڑا نام۔نامور

رسنے سوں لگا کرا و بڈ نام نے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

بڈانھارا: بڑھنے والا

ہور نامیہ سوتن کوں بڈانھارا یعنی بڑا کرنہار (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بُڈپن: بڑھاپا

1۔نکو ہوتو بڑپن میں منج تے جدا (وجہی۔قطب مشتری) 2۔تسرا بڈپن پڑیا سر (جانم۔ارشاد نامہ) 3۔ہوا پھر کر بڈپن تھے او جواں (رستمی۔خاور نامہ)

بُڈھاپنکھ: ضعیف اور لاغر

بڈھاپنکھ یک شخص جو تھا سنگات (غواصی۔طوطی نامہ)

بڈھانا: بڑھانا

علم یک نقطہ ہے ملاں اسے بڈھائے (وجہی۔سب رس)

بُڈھاپنا: (صفت) ضعیفی

اب جوانی جا چکی آیا مجھ پر بڈھاپنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بڈھاتی: بدذات۔بدخصلت

چتر ہور استری چنچل بڈھاتی وو نڈر اجڑو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بڈھائی: بڑھائی

بڈھائی تج اپنا دوو دے کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بڈھن: بڑھنا۔ترقی کرنا

موسیدھا کدھیں رکھ بڈھن نہ ہوئے (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راو)

بُڈھی: بوڑھی (اسم۔مذکر)

بڈھی پٹنہ کا رایک کٹنی کو چن (غواصی۔طوطی نامہ)

بُڈھیاں: بوڑھے (اسم۔مذکر۔جمع)

بڈھیاں کو نزک اپنے رکھتے اہیں (وجہی۔قطب مشتری)

بُڈی: بوڑھی

1۔نہ سمجھی بڈی کینہ جن کوں (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔نکل واں نے اس سوں جو لنگے بڈی (غواصی۔طوطی نامہ)

بُڈے: بوڑھے (اسم۔مذکر)

1۔وہاں تھے بی جا کر بڈے کوں دیکھیا (رستمی۔خاور نامہ) 2۔بڈے پاتے تھے پھر تازہ جوانی (ابن نشاطی۔پھول بن)

بر: بری

مسی ہور ار گجا بر کا پیا بن پیار چھوڑی ہوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

برآگاہ: برآئے گا

بہوت نیکا برآگاہ مدعا کا کام منج دست (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بُرا: سفوف۔کھوکھلا (اسم۔مذکر)

ایک جھاڑ تھا کھوڑ کا ہور برا ہو گیا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

براٹیاں: (بھراٹیاں) خاردار جھاڑی

رکھی کیوں ہے اومہ براٹیاں اوپر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

براڑی: براڑ (جنوبی ہند کا ایک شہر جو حیدرآباد کی آصف جاہی مملکت کی شمالی سرحد پر واقع تھا) کا رہنے والا

کہیں دل تھمن جس براڑی وزیر (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بُراس: بُرائی۔کدورت

بہت دل کے درمیان لاکر براس (مذنب۔پنجۂ آفتاب)

براک: درخت (سنسکرت ورکش)

تدھان تھے عشق منج دل کے برک کا بار ہوایا (غواصی۔کلیات غواصی)

براں: بار۔مرتبہ۔وقت

1۔اپنے دل میں سو براں حیرت سلیماں پایا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ہر گھڑی میں کئی براں ابلیس کوں رسوا کیا (شاہی۔کلیات شاہی) 3۔لے کر آئے سنگات آتے براں (غواصی۔طوطی نامہ)

بَراں: (باراں) بارش

آتش سوزاں باد براں (اشرف۔نوسرہار)

برانا: بیگانہ۔پرایا (اسم۔مذکر)

1۔برانا پرکھ چھوڑ اپنا سنبھال (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔برانا باؤلا ہوکر تدھن تے بے خبر پھرتا (حسن شوقی۔غزلیات) 3۔برانا ہوکر سٹ دیا تن کی سود (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں) 4۔کہیں میرے من میں محبت برائی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

برائی: پرائی (اسم۔مونث)

1۔اشارت ہور نشاں اس تھے برائی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔گھر میں بڑی نہیں تس پر عورت اچیں برائی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 3۔برائی ہوئی اب جن ماں باپ تھے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بُرائی: برائی

1۔بورائی کا سکل مارگ دکھایا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔بورائی مجہ نصیباں میں نیکی حرام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

برانے: بیگانے

1۔اجڑ گی کی خوں چپ ملتی گلے پڑ پڑ برانے کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔عجب کیا ہے جو اتھ بھڑ کا برانے بزم کوں جانے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بُرایاں: برائیاں

جس دل میں برایاں غالب ہوئے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بَربٹ: عرق۔رس (اسم۔مذکر)

کانجی پلاتیاں گھول کر املی کا کر بربٹ مجھے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بُربرادے: چھڑکے

کوئی اس پولا بر برادے عبیر (مذنب۔پنجۂ آفتاب)

بَرَت: برتاؤ۔سلوک

دیہہ کچھ دل کچھ برت کچھ نین کچھ ہور بات کچھ (محمود بحری۔کلیات بحری)

برتنک: برتاؤ۔سلوک

ہور جوں برتنک ہوا کرنے کا حق ہے تیوں بجالیا دے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بَرتن ہارا: برتنے والا۔سلوک کرنے والا

یہ جیتیاں شاہدیاں برتہاراں سوتیرا روپ (جانم۔کلمۃ الحقائق)

بَرجاچ: بجاہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)

صفت ان کیا تھا سو برجاچ ہے (غواصی۔طوطی نامہ)

بُرجاں: بُرج۔جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

کنجن برجاں پو کنجن کے کنگورے (ابن نشاطی۔پھول بن)

برجنا: انکار کرنا۔مخالفت کرنا

کدم راؤ سن برجنا راؤ کہ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بَرجے: روکے۔منع کرے

کون اب برجے مجھ اس باب (اشرف۔نوسرہار)

برجیس: مشتری۔اس کا مقام چھٹا آسمان ہے

کہ برجیس کوں قوس ہور حوت خوشتر (شاہ تراب۔من سمجھاون)

بَرچا: برچھا (اسم۔مذکر)

برچا لے کر بات میں آیا کسی جیو مار کر (حسن شوقی۔غزلیات)

بَردایت: تیر انداز

اپس کے پایدل میں تے چنیا اس رج کی بردایت (نصرتی۔علی نامہ)

برد: (سنسکرت ورد) مشہور کرنا۔ورد زباں ہونا

شعر کردے زمانے کو برد (نصرتی۔علی نامہ)

برد: مقابلہ

لس چتی کیا برد نکر باجی ہارے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بَردلا: خنجر (اسم۔مذکر)

1۔فرنگ بردلا ہور ترکش کماں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ کمر بند بندی ہوراوپر بردلا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بَردنگ: مردنگ۔ایک باجا(اسم۔مذکر)

1۔میوراں ناچتے ٹھارے بدل بردنگ بجایا ہے (شاہی۔کلیات شاہی)
2۔سونا رنگ بیدنگ بردنگ میں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بَرزوری: زبردستی۔جبر

ہلکے تجکوں برزوری جتا میں شور کرتی ہوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بَرسانت: برسات کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مونث)

1۔رنگ کا برسانت برسایا بسنت (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔امید کے برسانت کا جھڑ پڑ سوجھولا یا آنند (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔سایا دکھا کر کے برسانت کا (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بَرسانتھی: برساتی

سمند دل میانے غواصی ہو غوطے مار برسانتھی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بَرساوَتی: برساتی

انچھو میگ انکھیاں تے برساوَتی (غواصی۔طوطی نامہ)

بَرساوَنا: برسانا

نہ بوجھی آگ انجھو برساوَنے تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بَرسپت: (برہپت) برہپتی۔مشتری

تس کے لٹکتے موتی کوں میں برسپت کہوں (شاہی۔کلیات شاہی)

بَرس گانٹھ: سالگرہ

1۔برس گانٹھ کر میزوانی کِنا (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔ سہس شکر کرتو برس گانٹھ پایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔برس گانٹھ میں زہرا کلیان گایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بَرساں: برس کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

لگائی تل منے برساں کی یاری (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بَرسن: بارش۔برسات

1۔لکیا ہے نور کا برسن برسنے ساتوں انبر تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔رتن میگھ برسن عجائب دکھایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بَرسن ہار: برسنے والا

دھرت پر میں سو برسن ہار آبور (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بَرش کال: بارش کا موسم۔موسم باراں (اسم۔مذکر)

(1) حضرت مصطفیٰ کے صدقے آیا برش کالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) ہنگامے میں پیدا کیا برش کال (فائز۔رضواں شاہ وروح افزا)

بَرشکالا: بارش۔موسم باراں (اسم۔مذکر)

کدھیں پڑتا برشکالا (اشرف۔نوسرہار)

بَرغم: ایک قسم کا باجا

1۔کرنالو و برغم شہنائی کرنائے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔نفیریاں و برغم سو بجنے لگے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

برغو: ایک قسم کی نفیری

طبل شہنائی شنگ برغو نفیری (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بَرغوں: برغو ایک ساز۔(ایک قسم کی نفیر) کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)

ڈھول دما میں برغوں نے (اشرف۔نوسرہار)

بُرقا: برقع (اسم۔مذکر)

1۔برقے سوں جیولایا۔گھنگھٹ میں دغا کھایا (وجہی۔سب رس) 2۔نور برقا قدرت کا (جانم۔کلمۃ الحقائق) 3۔شرم کا سو برقا تکو مجھ تے کاڑ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بُرقہ: برقع (اسم۔مذکر)

1۔دکھا چاند کوں کاڑ برقے تے بھار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔ پہنے کوئی برقہ کوئی چادر سو اوڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بُرقع پہننے سے بی بی نہیں بن جاتی: ظاہری شکل بدلنے سے اصلیت نہیں بدلتی

جس نے برقعے پہنے بی بی او چ ہوئی؟ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بَرک: (سنسکرت ورشا) بارش (اسم۔مذکر)

برک بن پھول و پھولاں تیئں پون کے ہت کھلایا ہے (شاہی۔کلیات شاہی)

بَرکھ: (سنکرت ورکش) درخت (اسم۔مذکر)
رہے تھے ادک سینڈ کے برکھ جھول (نصرتی۔گلشن عشق)
بَرکھت: برستا ہے
گنتی مورت میگھ مد برکھت پانی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
بَرگ: (فارسی: برگ) پتا (اسم۔مذکر)
بنے بن برگ لہلہاتے اچھے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
برلا: نادر۔منفرد۔انوکھا
1۔دیکھن ہارا برلا کوئی (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔بھاگون برلا سمجھے کوئی (محمود خوش دہان۔رسالہ وجودیہ)
برلہ: برلا۔نادر۔انوکھا۔منفرد
ارو کن کروں بول برلہ ایک (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
برلیان ہارا: برلانے والا
مدعا برلیان ہارا سو خدا ہے ڈر نکو (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
برم چاری: برہمچاری
بنا برم چاری کے مانند روپ (سید محمد عاشق۔قادر نامہ)
بَرمنڈ: (سنکرت) کائنات۔دنیا (اسم۔مذکر)
1۔کہ یا شہ حسن روپ برمنڈ بھر (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔یک بھت دسیا سکل بو برمنڈ (محمود بحری۔من لگن)
برمنڈہ: (برہانڈ) کائنات۔عالم (اسم۔مذکر)
دمامیوں سبد نادبرمنڈہ بھر (عبدل۔ابراہیم نامہ)
برمھنڈ: کائنات۔دنیا (اسم۔مذکر)
کیا بت اسی فن سوں برمھنڈ اکا (شاہ تراب۔من سمجھاون)
بَرن: جسم۔رنگ (اسم۔مذکر)
(1) راویں ہریں برن میں آتی اہیں چرن کوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) دسے فانوس کے درمیان تھے جوں جوت دیوے کا سو تیوں دستاہ دوالاں میں تھے میویاں کا برن سارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) بھرے سرخ انکھیاں برن آئے کر (عبدلؔ۔ابراہیم نامہ) (4) ادک جھلکار سوں نکلیا جھلک نوری برن میا نے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
بَرنَ: (سنسکرت۔ورنن) بیان۔تشریح (اسم۔مونث)
بوجھ یو بنگاب کی سب برن ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)
بَرو بر: بحر و بر
برو بر دنہہ جگ جھیں دینار (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
بَرون: سورج (اسم۔مذکر)
برون دھپارتی سورن اسبند سارے تارے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) برون بدن موہن یو تیری میرد بابو سوم آپو پکھتا منکن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
برہ: جدائی۔ہجر۔فراق
1۔برہ کا یاد مجے باورا کیا ہے اب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔لگی ہے ہینے کوں برہ آگ آج (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔برہ کو سو سنے کانچ منے کچ تاب نہیں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
برہا: ہجر۔فراق (اسم۔مذکر)
1۔لوٹ کر سب لے گیا برہا سو تیرا پر سبا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔کیا مجھ پر کھنے کے بدل برہا کسوٹی لائے ہو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 3۔عشق نام کس کا ہے برہا کیا اچھے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں) 4۔تدھاں تے کیا گھر میں برہا مقام (غواصی۔مینا ستونتی)
برہابیاپ: (سنسکرت) ہجر کی کیفیت
ہوئے گا برہ بیاپ کوں بھنجن (محمود بحری۔کلیات بحری)
برہامن: برہمن (اسم۔مذکر)
بھا کا نیاری نیاری بھاؤ ایک کیا ترک کیا برہامن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
برہا دُوکال: (برہا: فراق + دوکال: براوقت۔قحط) فراق کا براوقت (اسم۔مذکر)
برہ دوکال تھے وہ بھوک مرتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
برہامنی: برہمن عورت (اسم۔مونث)

ذات برہاہنی انکھڑیاں کامنی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

برہما: دنیا خلق کرنے والا دیوتا۔ سوداش ٹھان چکر ان سے منسوب ہے(اسم۔مذکر)

سوداش ٹھاں میں رجوگن ہے برہما کی بستی (شاہ تراب۔من سمجھاون)

برہمانڈ: (برہما کی تخلیق) دنیا (اسم۔مذکر)

کیا ٹن سوں اسباب برہمانڈ کا سب (شاہ تراب۔من سمجھاون)

برہپت: جمعرات۔پنجشنبہ۔ایک دیوتا کا نام(اسم۔مذکر)

نہ تھا سور چندر برہپت نہ منگل (شاہ تراب۔من سمجھاون)

برہم چاری: ترک دنیا کرنے والا (اسم۔مذکر)

کھیں ہو کاپڑی بیٹھیں کھیں تپتی برھم چاری (حسن شوقی۔غزلیات)

برہنی: فراق زدہ عورت (اسم۔مونث)

1۔جلانے منج برہنی کوں نکل جیوں گرم انگار آیا (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔پھر او برہنی عشق کے خیال سوں (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔برہنی نے ہنس کرے دل کو صاف (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 4۔کہ کر برہنی پر ٹک یک آن توں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

برہنی نار: ہجراں زدہ عورت (اسم۔مونث)

اگر چہ ظاہرا او برھنی نار (ابن نشاطی۔پھول بن)

برہے جلی: ہجر کی آگ میں جلی ہوئی

سو برہے جلی او دلارام پھر (غواصی۔طوطی نامہ)

بَری: شادی کی ایک دکنی رسم

جہیز ہور بَری تے سو فارغ ہو کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

برے: بارے

برے با زندہ دوسری رات اسی باوڑی کے چینڈے میں گزاریا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بریاں: بریانی

سو بریاں و بغرا و قلیا سُباس (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

بُریاں: برے لوگ

1۔برُریاں تے بھی پائمالی دے (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔بریاں انکھیاں تھے سب نگہدار اچھو (رستمی۔خاور نامہ) 3۔باطن میں بریاں صفتاں کوں بیان کرنا (میراں یعقوب شمائل الاتقیا)

بُرے پن: بدی۔برائی

برے پن میں ایسا شیاطین تھا (صنعتی۔قصۂ بے نظیر)

بڑا: بیڑا۔گلوری (اسم۔مذکر)

شاہی کوں پان کے بڑے دیتی موہن نے جب (شاہی۔کلیاتِ شاہی)

بڑا بارا: تیز ہوا۔آندھی

بڑا بارا گھانس کو نیں گرا سکتا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بڑاڑ: برار۔ایک مقام جو نظام سرکار کی شمالی سرحد کا آخری حصہ تھا

بھاتا بڑاڑ کا کر کوئی کچھ تجھے نہ کھیں گے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بُڑانا: تباہ کرنا

جوں کاشت کوں گھن بڑائے تج کوں (محمود بحری۔من لگن)

بڑائی: بڑھئی۔نجار۔چوب تراش (اسم۔مذکر)

1۔یکس اس میں سنار تھا اک بڑائی (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ایک باندر۔کسی بڑائی کو ایک ناٹ پو بیٹھا ہوا دیکھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بڑایاں: بڑی (بڑھی) کی جمع

جمع کر کو سارے بڑایاں کہار (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

بُڑبُڑا: بلبلا (اسم۔مذکر)

(1) بساط دنیوی ہے بڑ ابڑا توں جان اے غافل (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) اپنا لے او بڑ بڑا اسمد ر میں پھوڑے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بڑبڑ کرے: بکواس کرے

جو بڑ بڑ کرے یہہ چو پھر لہر (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بڑبڑنا: بڑبڑانا

اندھارے کا رہن ہار اتر پھرت بڑ بڑتا (وجہی۔سب رس)

بُڑبُڑے: بلبلے

1۔دریا میں سوں ہزاراں لہراں ہور بُڑ بُڑے بے گنت آتے ہیں (امین الدین اعلیٰ۔کلمۃ الاسرار) 2۔جو دستے اتھے بڑ بڑے دور تھے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔بڑے دو بڑ بڑے نورانی

اس پر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بڑپن: عظمت۔ بڑائی

اس ناوں کی بڑپن جھلک جگ سر بلندی تا فلک (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بڑپنا: بڑائی

تیرا بڑپنا سب سمجھتے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بڑرائی: بزبڑائی

جیوے گی تو ہو خبطی بڑرائی گی (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بڑکا: بڑا۔ عظیم (اسم۔ مذکر)

1۔ نہ بڑکا نہ لڑکا نہ برنا نا پیر (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ) 2۔ نظام الملک جو کہ بڑکا اتھا (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

بڑواں: بڑے۔ اعلیٰ

قطب داون سوں بڑواں کاس باندھے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بڑوتی: بڑائی۔ ترقی

بڑوتی بہت محنت سوں ہوتی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بڑھائی: بڑائی

اسیچ عقل تے انو کی بڑھائی (وجہی۔ سب رس)

بڑی: بوڑھی (اسم۔ مونث)

سن عقل اس بڑی کی ساس آئی اس گوری کی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بڑیاں: بڑے کی جمع۔ بزرگ۔ سن رسیدہ لوگ

1۔ یکیلا ہوں بڑیاں تھے آپنے تٹ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ بڑیاں کو ہے کچھ پیلاڑ کا حال (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔ ہے ننھی سب میں ولے وتی بڑیاں میں بڑی اُن (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ بڑیاں کو تمام واں کے بے تاج کر (رستمی۔ خاور نامہ)

بزار: بازار (اسم۔ مذکر)

نہیں کام ناریاں کا جانا بزار (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بزاں: بعد ازاں۔ اس کے بعد

1۔ کھڑے رہے بزاں جبرئیل ہور براق (وجہی۔ قطب مشتری) 2۔ ہوئی بزاں محمود سلطاں کو خبر (وجدی۔ پنچھی باچھا)

بِس: زہر (اسم۔ مذکر)

1۔ سو امرت ٹھاؤں بس ہوٹاں میں پائی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
2۔ حسن کے شہد میں سب بس ملائی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 3۔ سورج چاند کا نسے امرت بس ملائے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

بِسار: بھول

1۔ ہو مٹھو اپس میں اپس کوں بسار (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)
2۔ موزوں کو بسار بول مہمل (محمود بحری۔ من لگن)

بِساروں: بھلاؤں

خوشی سات غم کو بساروں گا از سر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بِسارے: بھول گئے

چتر ہوئے سب حال اپنا بسارے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

بِساس: (وشواس) اعتماد۔ بھروسا

کھیا راؤ پردھاں کوں کر بساس (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

بِساس گھات: (وشواس گھات) اعتماد کو ٹھیس پہنچانا۔ دھوکا دینا

ان کیتا گھات بساس (اشرف۔ نوسرہار)

بِسالا: بس۔ زہریلا

جس لٹ کے ناؤں ناگ بسالا سوا ودترا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

بسالا ازدہا: زہریلا اژدہا

پڑیا دھن پر بسالا ازہا او (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

بِسالے: زہریلے۔ بس (زہر) سے بھرے ہوئے

1۔ جوں بسالے ناگ سوں کرتا ہے آعقرب حدیث (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ بسالے ناگ سر کے بال کالے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بَست: (سنسکرت وستو) چیز۔ سامان (اسم۔ مونث)

کہ اس بست تھیں ہات دھوئے جکوئے (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

بَستاں: چیزیں۔ زیورات (اسم۔ مونث۔ جمع)

1۔ میں قربان بستاں سٹی کی اُتار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ نہ کی تجھ کوں

بستاں سوں ہے کوچ کام (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔گھڑیا ہیں نازوک بستاں عجب (غواصی۔طوطی نامہ)

بستار: (سنسکرت وستار) پھیلاؤ۔وسعت

1۔ان دو کا بستار عالم آشکارا (جانم۔کلمتہ الحقائق) 2۔سکل عشق کا جس سوں بستار ہے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بستار: سازوسامان

جب لال مخمل سب زمیں اوڑی جو لک بستار کا (نصرتی۔علی نامہ)

بست بھاؤ: سرمایہ۔سامان۔اثاثہ

چلے بست ہور بھاؤ سب لاد کر (وجہی۔قطب مشتری)

بستر: (سنسکرت وستر) کپڑے لباس

طمع کر کے جو بستر بک کے لے چلے (نصرتی۔علی نامہ)

بستی: (سنسکرت وستو: شئی۔چیز) چیزوں

اینوں بستوں سوں سب میدان بھریا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بستی کرنا: قیام کرنا

کئی جائے بستی اُنے ایک ٹھار (غواصی۔مینا ستونتی)

بسر: بھول

1۔وہ لیکن چھوڑ کر مجھ کو بسر کر گئے بچن اپنا (حسن شوقی۔غزلیات) 2۔بسر گیاں کوں کا سوچی زو پ سومت (شاہ تراب۔من سمجھاون) 3۔جیو کا سگلا دکھ بسر (اشرف۔نوسرہار) 4۔بھول بسر کی بات نہ جا (جانم۔ارشادنامہ)

بسرات: بھول

تو سب کیتاں کی خوں نہیں ہوی یوں طبع بسرات کی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بسرام: (سنسکرت وشرام) آرام

ہے جس دھن سوں بسرام وسنگرام داتا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

بسریا: بھولا

وہ بسریا منج کوں کیوں ہے سو بڑا دل پر بچار آیا (غواصی۔کلیات غواصی)

بسریں: بھول جائیں

وہ بسریں امر تجھ خدا کا دیدار (میراں جی شمس العشاق۔شہادت الحقیقت)

بسلائی: بٹھایا

1۔لیا کر سو بسلائی مسند اُپر (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔لذت نکوٹ سوں پان کھا لب پر دھڑی بسلائی میں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بسلایا: بٹھایا

بسلایا اس اپنے پاس (اشرف۔نوسرہار)

بسلائے: بٹھایا

معشوق استاد کن بسلائے روز و شب منجے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بسلی: جسے زہر چڑھا ہو

برہ کے ذرد میانے بسلی ہوئی (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

بسنت: بستی۔رہائش

تجہیں دیو ودو کی کج اس میں بسنت (نصرتی۔گلشن عشق)

بسنہار: بسنے والے۔رہنے والے

اس میں بسنہار ہے ایک کجت (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

بسندی: بسنے والے

بسندی ہیں خشکی پہ جس دھات کے۔دسیں بحر میں سب دتے ذات کے (نصرتی۔گلشن عشق)

بسواس گھات: وشواس گھات۔اعتماد کو ٹھیس پہنچانا۔دھوکا دینا۔

نہ جانو کپٹ بھاؤ بسواس گھات (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بسوری: بھول گئی

1۔بسوری تریا راؤ انجاد کوں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔کہ جس تھیں بسوری پڑے جرم دکھ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بشن: وشنو دیوتا

وہی شت وسوروری بشن ہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بشارا: خواب۔بشارت (اسم۔مذکر)

بشارا خدا کا ہوا ہے اکل (سید محمد عاشق۔قادر نامہ)

بطول: بتول۔جناب فاطمہ زہرا کا لقب

خدیجہ و عائشہ و زہرا البطول (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بغر: بغیر

1۔دنیا میں نہیں کوئی عاشق بغر (وجہی۔قطب مشتری) 2۔نہ کچھ فلک تھے ہے حاصل بغر دل آزاری (غواصی۔کلیات غواصی) 3۔تل تج بغر منج نہ

کمیں خاطر کسو سوں نہ جمیں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔ اُجایا بغر تھام اسان کوں (فائز رضوان شاہ۔ وروح افزا)

بغلاں: بغل کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

سڑی بوی بغلاں میں تھے یوں جھڑے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بغلاں سنکنا: بغلیں جھانکنا

مہاناں بہت بہت بغلاں سنگے ہور انمنائے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بغل میں پونگڑا ہور شہر میں ڈھنڈورا: بچہ بغل میں ڈھنڈورا شہر میں

بغل میں پونگڑا ہور شہر میں ڈھنڈورا (وجہی۔ تاج الحقائق)

بغل میں منڈی ڈالنا: شرمندہ ہونا

اپے بولے کر یو بغل میں منڈی ڈال لیے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بغوروا: (فارسی بغدا) چاقو (اسم۔ مذکر)

اتھے ان کے ہت گرز شمشیر زدست اجل کے بغورو دے گر (مظفر۔ ظفر نامہ)

بغولا: بگلا (اسم۔ مذکر)

بغولے کے تیوں خوار وخراب ہو جائے گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بغولیاں: بغولا (بگلا) کی جمع

ایسے میں بغولیاں کا منڈ آیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بق: (عربی) کھٹمل۔ پسو (اسم۔ مذکر)

اگر تیل و موراز در وبق اہے (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

بقم: ایک لکڑی جس کے سفوف سے سرخ رنگ بنایا جاتا ہے (اسم۔ مذکر)

ہوا بحر کا آب رنگ بقم (نصرتی۔ گلشن عشق)

بک: بگلا

سوان کا تھا دوں آ کر پکڑے بک (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بک: (بس) زہر (اسم۔ مذکر)

بجن یو بک بھرے بحری کے کان جو ناہوگا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

بُکا: سفوف (اسم۔ مذکر)

بچھائے زمیں پر بکا مشک ان (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

بکار: (سنسکرت وکار کی بدلی ہوئی شکل) شکل بدلنا۔ ماہیت تبدیل کرنا

لیکن جینا بکار سو تو نے نہیں بلکہ ستتر بکار روپ دستا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

بکانا: فروخت کرنا

و لے ناتوں سوں تج بکا تا ہوں میں (نصرتی۔ گلشن عشق)

بکٹ: (سنسکرت وکرت) مشکل۔ کٹھن

1۔ بکٹ موتی کی سیپی را کھے آگے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ بکٹ چلنے کوں جاں مشکل دس آیا (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔ بکٹ ہے عشق توں ناحق مرے گا (سید محمد والہ۔ طالب و موہنی)

بکر: (عربی۔ کنوارا) اچھوتا۔ کنوارا

جسے عشق دنیا میں آیا سو وو نجھ بکر ہور چھپا چہ جانے گا (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

بکرم آجیت: بکرماجیت (ایک قدیم ہندوستانی راجا جو عدل وانصاف کے لیے مشہور تھا)

جواہر جو ہے بکرم آجیت کا (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

بکر دار: اچھوتا۔ کنوارا

جگا جوت محبوب ہے بکر دار (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بکر ید: بقرعید

1۔ خبر بکر ید خوشیاں سنے میرے تائیں لیایا ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ کہ تج تھے پادے نت جیو دان بکر ید (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بکرے: بکھرے

تھلٹ پٹ لٹ تھے کئی بکرے ہیں جو تاراں کتے (غواصی۔ کلیات غواصی)

بِکس: بے کس۔ ٹوٹا ہوا۔ کمزور۔ پھٹا ہوا

1۔ بڈی اک پڑی ہے بکس ہو نراس (فائز۔ رضواں شاہ وروح افزا)

2۔ جو پانی ہوئیں بکس اس دیکھ پربت (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

3۔ کس ناکاں کے ہاتھ میں جارس بکس ہوا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

بَکس: کچرا۔ چھلکا (اسم۔ مذکر)

سٹیالے کے گانڈے کا رس سب بکس (نصرتی۔ کلام نصرتی)

بکسا: بکا۔ سفوف

اونھا تھے اڑ یا رج بکسے کا نشاں (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

بکستا: پھٹتا

دکھ بھر بکستا تلمل چھاتی (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

بکسنا: پھٹنا

ہیاں بکسے دکھ کی بھار (اشرف ۔ نو سرہار)

بکسیا: پھٹا

لالہ دو دکھوں ردیا رکت بکسیا ہیا اتار کا (حسن شوقی ۔ غزلیات)

بکل: مشکل ۔ کٹھن

اتھا ایک خیبر کا قلعہ بکل (شاہی ۔ کلیات شاہی)

بکن: تدبیر

اچنتیں فکر وند کا ڈھن بکن (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

بکنڈا کرن: (بکھنڈا کرن) دومنزلہ بنانا

بکنڈا کرن گھر کھن تس کتانوں (فخر دین نظامی ۔ کدم راو پدم راؤ)

بکوا: بکواس ۔ فضول گفتگو

زبان اپنی بکوے سے خاموش کی (مذنب ۔ پنجۂ آفتاب)

بکھا: تعریف کر

بکھا توں ایتا مدح شاہ زمان (نصرتی ۔ علی نامہ)

بکھا بولنا: تفصیل بیان کرنا ۔ تشریح کرنا

وہ مہمان واقعہ بکھا بولتا تھا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

بکھان: (سنسکرت ویا کھان) شرح تفصیل

1 ۔ جھوئیں کیا آپ کرے بکھان (جانم ۔ ارشاد نامہ) 2 ۔ بدن روپ کا لوگ کرتے بکھان (عبدل ۔ ابراہیم نامہ) 3 ۔ دوں لاگیا بول بکھان (اشرف ۔ نوسرہار) 4 ۔ رھیا ہو عجب کچھ نہ آدے بکھان (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

بکھانو: تعریف کرو

بکھانو سیس تھے پگ لگ بھودھات (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

بکھانے: تعریف کرنے

کہاں قدرت زباں کو اس بکھانے (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

بکھرا: خریدی (اسم ۔ مذکر)

لے کر آوں جو بکھرا ہووے اس کا شہر حیدر میں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بگ: بگلا (اسم ۔ مذکر)

1 ۔ بھری کوں دیک کے بگ جانوں جھڑپ میں ڈریا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2 ۔ سوان کا ٹھانوں آکر پکڑے بگ (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 3 ۔ کہ جوں بگ کوں لیتا چنگل میں پکڑ (شاہی ۔ کلیات شاہی)

بگا: (بکا) فوارہ (اسم ۔ مذکر)

جو دنگ ہوا سد بد اوڑی نھائے انجھو پھاٹے بگے (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

بگانا: بیگانہ

اگر کوئی بگانا گذرتا اُدر (رستمی ۔ خاور نامہ)

بگانہ: بیگانہ

نزک وائی کیں سو بگانہ ہوا (فائز ۔ رضوان شاہ و روح افزا)

بگانے: بیگانے

1 ۔ سنے یہ بات اپنے ہور بگانے (ابن نشاطی ۔ پھول بن) 2 ۔ کہیں جس دھنا ل بگانے چہار (غواصی ۔ طوطی نامہ)

بگولا: بگلا (اسم ۔ مذکر)

1 ۔ بگولا روپے سار کا صاف چاند (غواصی ۔ طوطی نامہ) 2 ۔ ہونا اُسے باز نا بگولا (محمود بحری ۔ من لگن) 3 ۔ بگولا تیوں دُکھی منڈی نوایا (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

بگونا: مذاق اڑانا ۔ طعنہ دینا

تمھیں لا کھاں بگوے تو ہنسی میں بھاکے کی کرتیاں (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

بگی: (بیگی) جلدی

خزانے دار بھی بیچ دھایا (وجہی ۔ سب رس)

بل: موقعہ

پلٹیا وہیں سنڈ میں دیک بل (غواصی ۔ طوطی نامہ)

بل: بلکہ

1 ۔ نہ میں رام بل رام لکھن ہوں میں (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ) 2 ۔ نہ کہہ بدر سا بل چندر بھان ہے (حسن شوقی ۔ میزبانی نامہ) 3 ۔ نہ کل

آج بل بالپن کا پرت (محمود بحری۔کلیات بحری)

بلا بسانا: مصیبت مول لینا۔مصیبت میں مبتلا ہونا

1۔اس محل میں جا کر کاہے کو بلا بساتے (وجہی۔تاج الحقائق) 2۔تو منگ کر کاہے کوں بلا بسا لیتا (وجہی۔تاج الحقائق)

بلا چکانا: مصیبت سے نجات دلانا

کہا تج کوں تیرا چکانے بلا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

بلا دور: صدقہ (اسم۔مذکر)

1۔علی پر بلا دور ہونے لگیا (طبعی۔بہرام وگل اندام) 2۔بلا دور سر پرتے کاڑے اُپار (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔سکھے بھائی ان پر بلا دور تھے (غواصی۔مینا ستونتی)

بلاخ: (بلاق) نتھنا (اسم۔مذکر)

لمبا قد لمبی ناک جوڑے بلاخ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بلاس: (سنسکرت ولاس) عیش وعشرت۔آنند۔خوشی

1۔کھیا دوڑ، گوڑ آپ لے کر بلاس (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
2۔نبی صدقے قطبا کرے سکھ بلاس (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بلاگ: بے لاگ

لھرائے ترنگاں کوں ست ہو بلاگ (نصرتی۔علی نامہ)

بلانی: بلاوا

بکس پر یک بلانی بھیج بلائی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بلا لینا: بلائیں لینا

بلا لے کے روئی سینا مار مار (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

بلاونا: گزارنا۔بسر کرنا

وقت اپنا نس دن بلاؤ سدا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بلایاں: بلا کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

(1)۔بلایاں روز اس کے سر پوڑا لے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
(2)۔نہ ضائع ہو کیں سب بلایاں تھے بانچ (غواصی۔طوطی نامہ)
(3)۔پڑیا بلایاں کے بھنور منے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
(4) عجائب بلایاں میں یو سپنتر یا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

بل بل: قربان

1۔ایال اس بال پر حوراں کے بل بل (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔اس کی ذات منزہ او پر تل تل بل بل جاوے (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق)
3۔کھوٗنے کا بل ہوا اس بل پہ میں بل بل گیا (محمود بحری۔کلیات بحری)
4۔خاوند پا اپنے اے نھنی قربان جیو بل بل کرو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بلبول: بلبل (اسم۔مذکر)

نہیں ابریا ہے بستاں منیں ایک پھول + جو اس پر نہیں بولتے بلبول (رستمی۔خاور نامہ)

بل پکڑنا: زور پیدا کرنا۔طاقتور بننا

تھوڑے دناں میں او بچہ بل پکڑیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بل میں سپڑنا: قبضے میں آنا

آپس کے بل میں سپڑیا تو کچھ کرتا ہے (وجہی۔سب رس)

بل کیا: صدقہ کیا

میں بل کیا اپس کوں تجھ ماہ کے اُپر تے (حسن شوقی۔غزلیات)

بل کری: بالوں کا گچھا (اسم۔مذکر)

1۔تج بل کری کے جال میں سب مملکت کا مول ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سہلیاں بھید پائیاں بل کری تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بل گئے: قربان ہو گئے

1۔وسا بل گئے شاہ کے پاؤ پر (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔بل جائے گی اس کے قامت اُپر (غواصی۔طوطی نامہ)

بلد: گائے۔بیل۔مویشی (اسم۔مذکر)

1۔بلد پھرتے گھانے جیوں (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔بھوندا بلد ورت ار دگن کروں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بلشت: بالشت (اسم۔مونث)

اس دور میں ایسیاں کی اُونی اونچی بلشت بھر ناک ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بلک: بلکہ

1۔بلک اور تن چار چار وکنار (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔بلک حور دیکھے تو لاوے لگن (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔غم آگ میں مچھلی بلک بانچی سو

میں کمیں بی بیاں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 4۔کمیں آجکل میسر دسیا بلک اندر کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بَلکانا: قبضہ کرنا

1۔تج جو بنا کی ڈوی گڑ خوش دست کر بلکائیاں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔مصر شہر کا تخت بلکاے ہیں (قدرتی۔قصص الانبیاء)

بَلکنا: لپٹنا

گلے میں کھینچ لاے ہیں اتا بلکو تکو مجھ کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بَلکھنہار: اقرار کرنے والا

بول اپس کی برہ کی پر بس میں بلکھنہار کا (محمود بحری۔کلیات بحری)

بلکھنا: بلکنا

ہنس کھیل کرتا یو نچ رہو بلکھوں تکو کر رکھ شکیب (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بَلکت: حاصل کرَے

کرتا ویل بلکت کرن راج کر (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بِلکنا: رونا۔بلکنا

دوانہ ہو یاری کوں بلکیاں ہوں میں (وجہی۔قطب مشتری)

بلگتی: روتی

بلگتی چلی باٹ میں لے کوناک (غواصی۔طوطی نامہ)

بِلگے: ڈبوچے

(1) موجاں میں ناتو بلگے جا سمند سوں بلگے (میران جی خدانما۔بشارت الانوار) (2) وبلگے ہر یکس کو شیطان جیوں (طبعی۔بہرام وگل اندام)

بلمنیاں: بلمنی (رقاصہ) کی جمع

بلمنیاں کا ہے بارکی کا ہنر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بلمبو: ایک ترش پھل جو جنوبی ہند میں بے لمبو کہلاتا ہے اس کا رنگ زرد ہوتا ہے بلمبو و نیبو سو سر کا میسر (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

بلند بھاگ: خوش نصیب

ذرہ نچ ہے تن شہہ بلند بھاگ کا (وجہی۔قطب مشتری)

بَلندر: طاقتور۔بہادر

سوبل رام بھجبل بلندر کے تیں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بَلون: طاقتور۔زوردار

1۔بلون گھوڑا بجلی باؤ (اشرف۔نوسرہار) 2۔تر نگاں بھی بلوند ایسے دھریں (نصرتی۔علی نامہ) 3۔نہ رادت رہے ایک بلوند آر (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 4۔یو بلوند بچن اس میں بل بھوت ہے (وجہی۔قطب مشتری)

بَلوندرایا: طاقتور راجا

مہابیر بلوندرایا جبل بھو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بَلونڈ: (بلوند) طاقتور۔زوردار

1۔دھرت سات بلونڈ نو آساں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔بہت موٹا ہوا بلونڈ ہوگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بَلہار: صدقے۔قربان

1۔ترے بالاں پہ تھے بلہار جاتا ہر گھڑی بالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔سراپا پر حناتب جائے بلہار (شفیق۔تصویر جاناں)
3 تمھارے چرن کے تو بلہار جاوں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

بَل ہونا: قربان ہونا

بحر یا بل میں ہیں ہم تری گت کے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بَلی: طاقتور

یعنی تو ہے بڑا بلی (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

بَلی: صدقہ

1۔مچھلی اس کے دیدار پر جا بلی (غواصی۔طوطی نامہ)

بلی جائے: قربان ہو جائے۔نثار ہو جائے

بلی جائے کر دیکھائیں عنبر جلا دھویں کے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بلی جاؤں: قربان جاؤں

بلی جاؤں اس کی دیا کے اُپر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بَلی ور: بیل۔گائے۔مویشی (اسم۔مذکر)

باہن بلی ور دیست جات گسائیں ایشورا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بَلہاری: قربان

بلہاری کروں جیو تج ناؤں اُپر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بلیس :بالشت(اسم۔مونث)
ہمن سرکو چنڈوئی بس بلیش بھر یک لنگوٹی بس (غواصی ۔کلیات غواصی)
بمڑیاں مارنا:بمڑی(چیخ پکار) کی جمع۔ چیخ پکار کرنا
تجامنی کے لوگاں بمڑیاں مارنے لگے(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
بمن :برہمن
کہتے ہیں کچھ بھی ہوتا ہے جو ہوتا ہے بمن مفلس (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
بن :(سنسکرت ون) جنگل(اسم۔مذکر)
دیکھ اس کے نین بن کے نرگس تمام (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
ون :بغیر
گر دبن یو مارگ تو کھٹ پٹ میں ہے رے (شاہ تراب ۔من سمجھاون)
بنا :دولھا۔محبوب(اسم۔مذکر)
رات تھوڑی مدن بھوت بنا اٹھ جاوے گا(ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
بناتی :(بنتی)التماس۔درخواست
بناتی کئی تن پیہر رات لگ (فخر دین نظامی ۔ کدم راو پدم راو)
بناس پتی :جنگل کے نباتات
اسنے بناس پتی ہور پانی سوں روزہ کھولتی ہے(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
بنار :(فارسی) آگ میں۔دوزخ میں
نبی یہہ میں وند کیتا بنار (کدم راؤ پدم راؤ)
بناں :بنا۔دولہا(اسم۔مذکر)
کہ جاں ہے وہ پیکر رنگیلا بناں (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر)
بناں :بن (جنگل) کی جمع(اسم۔مذکر۔جمع)
1۔بناں کیوڑیاں کے جو تھے آس پاس (صنعتی ۔قصہ بےنظیر)2۔بناں میں جتے عندلیباں ہیں آج (غواصی ۔طوطی نامہ)
بن نیر مین :ماہی بے آب
بچھڑ مین جیوں نیر بن تلملے (عاجز ابن احمد گجراتی ۔لیلیٰ مجنوں)
بنب :(سنسکرت ونب)عکس۔پرتو (اسم۔مذکر)
1۔آرسی کا بنب کنارے ہوا (جانم۔کلمۃ الحقائق)2۔لعل خوباں سب جب ایمان پائے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بن پت راؤ :جنگل کا بادشاہ
سنیا یو خبر جھاڑوں بن پت راؤ (عبدل ۔ابراہیم نامہ)
بنتر :(بتر)بدتر
ایسے مرداں عورتاں سے بنتر راسک راس ایسے مرداں پیکے کے پچاس (وجہی ۔سب رس)
بنتی :التجا۔منت (اسم۔مونث)
1۔نبی صدقے قطبا سوں بنتی مری (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)2۔بھانو بسنت بنتی کریں ارن شفق رنگ (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)3۔کیتی بنتی کہ اے میرے گسائیں (احمد گجراتی ۔یوسف زلیخا)
بنٹاناں :بانٹنا۔تقسیم کرنا
جگے جگ نباتاں بنٹایاں برس گانٹھ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
بنٹائی :تقسیم کی
بنٹائی شکر پان ہور پھول او (غواصی ۔طوطی نامہ)
بنج :پیدا
ہوا آدم بنج احمد کی خاطر (ابن نشاطی ۔ پھول بن)
بنجتج :پیدا ہوتے ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)
بنجتج کی اندھلی ہوئی نہ میں (غواصی ۔طوطی نامہ)
بنجلیاں :بجلیاں کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مونث۔جمع)
جھلکنے لگے جیوں کہ بنجلیاں (حسن شوقی ۔فتح نامہ نظام شاہ)
بنچا :بچا کی انفیائی ہوئی شکل
1۔خدایا بنچا آج اس ٹھارتوں (غواصی ۔طوطی نامہ)2۔مرتا سو دیک اس خضر آکر لیوے بنچا امرت پلا (نصرتی ۔علی نامہ)
بنچالے :بچالے
بنچالے اپن سن ہماری یو بات (غواصی ۔طوطی نامہ)
بنچنا :روئی دھنا۔روئی کو گالا بنانا
بگروں کی ہومایا تراجیوں روئی بنچتا ہے نداف (ہاشمی ۔دیوان ہاشمی)
بنچا گی :بچائے گی

ڈوبے کوں کیوں بنچا گی سو بنچا اب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بنچانے: بچانے کی انفیائی ہوئی شکل

1۔بنچانے کو جیو آپنے سیو کا (نصرتی۔کلام نصرتی) 2۔بولیا جو بنچانے کوں سنگا ہے توں (رستمی۔خاور نامہ)

بنچتے: پیدا ہوتے

بنچتے ہیں کئی یاں امولک رتن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بند: تعمیر

بند ایک مسجد کھیا مانگ دیو (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بُند: (سنسکرت بندو) بوند۔قطرہ (اسم۔مذکر)

1۔ہر مد کا سو بند نگیں سلیمانی منجے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔دریا ایک بند تے آلائش نہیں پاتا (وجہی۔قطب مشتری) 3۔پڑے خاطر لھو کے بنگڑیاں یو بند (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 4۔سات دریا میں پڑا گویا کہ بند (وجدی۔پنچھی باچھا)

بندارے: (بندھارے) ساحل۔کنارا (اسم۔مذکر)

دسے یوں جھاڑ پانی کے بندارے (ابن نشاطی۔پھول بن)

بندواں: باندھے

بندواں تا فتے ہر یئے اُپر پھولاں پھلایا ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بند چھوٹنا: بند کھلنا۔بند ٹوٹنا

بدھے باز و بند، بند چولی کے چھوٹے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بندر: بندرگاہ (اسم۔مونث)

1۔گھر اُس کا اتھا عین بندر کے سار (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ملن بندر کو لاگن ہوس دھرتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بندریاں: باندھنے والیاں

سورج روشن کری چوٹی بندریاں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بندرے بندر: بندرگاہ بندرگاہ

پھریں جہاز اس کے سو بندرے بندر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بندنہار: باندھنے والا

یون پر بندنہار حکمت سو بند (نصرتی۔علی نامہ)

بندنا: باندھنا

سہاگاں کا گلسر ازل تھے بندے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بندیا: تعمیر کیا۔بنالیا

1۔بندیا بہشت شداد دنیا منے (غواصی۔مینا ستونتی) 2۔بندیا نیناں پودو ابرو کے محراب (ابن نشاطی۔پھول بن) 3۔بندیا تھا واں عجب یک گھر سجائی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بِندنا: سوراخ کرنا

بندیا اس کے گوہر کوں الماس سات (سیف الملوک و بدیع الجمال)

بُندہ: بوند۔قطرہ　(اسم۔مذکر)

پس پانی میں پانی سول بندہ پانی کا ہوگیا (جانم۔کلمۃ الحقائق)

بندہ پنا: بندہ ہونا۔عبدیت

او اپنی خوش حالی سوں عشق کی ہور معشوق کی صورت پیدا کیا سو چہ خدا ہور بندہ پنا (میراں جی خدانما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

بندھر: (سنسکرت بندھرا) طوائف

دھونڈے جا کے گاؤں کے بندھر منے (محمد۔جنگ نامہ حنیف)

بندوڑی: کنیز۔باندی (اسم مونث)

بندوڑی سات لے اکثر اجڑ گی کوں ہوا کیا خوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بَندی: کنیز۔باندی (اسم۔مونث)

پاپن بندی جن بیٹھی (اشرف۔نوسرہار)

بِندی: بندیا (اسم۔مونث)

بھوئوں میں لال بندی ہے منور (شفیق۔تصویر جاناں)

بندیا: باندھا

بندیا شیر کا چھبرا ابر بازواں (رستمی۔خاور نامہ)

بندی خانہ: قید خانہ (اسم۔مذکر)

اس کے یاراں بندی خانے سیں چھوٹ جاویں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بندیل: بند (اسم۔مذکر)

نہیں چھوڑیا اس تن پر یک بندیل (رستمی۔خاور نامہ)

بندے: سوراخ دار۔سفتہ (موتی)

بندے نئیں سو موتی کہیں نئیں رہا (رستمی۔خاور نامہ)

بندے گئے: بند ہوگے

نپٹ درسن کے دروازے بندے گئے (ابن نشاطی۔پھول بن)

بندے بند: بند بند

بندے بند ہل ہل ہوئے سب کھکل (غواصی۔طوطی نامہ)

بندیاں: بند۔کی جمع

ہوا دیکھن ہاریاں کی انکھیاں بندیاں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بندیاں: بندی (باندھی۔فعل مونث) کی جمع

کہ نوشوہرا پرال لیا کن بندیاں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بندیاں: سوراخ کیا (موتی میں)

نہ بندیان کیے دُرسوں تو نظم کر (صنعتی۔قصۂ بےنظیر)

بَندیاں: بندے (اسم۔مذکر)

1۔خدا تھے ہو نڈر بندیاں تھے ڈرنا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔ بندیاں کے امیدواریاں کا ہور اینو کے حق میں خدا کی عنایت کا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بندی وان: قید خانے والے۔قیدی (اسم۔مذکر)

ہور بندی وان خواب دیکھے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بندی واناں: قیدی (اسم۔مذکر جمع)

سپنے جو بادشاہ ہور بندی واناں دیکھے سو (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بندپچھ: بندہ ہی (چیتا کیدی۔مراٹھی)

تمام سکت ہور اختیاری بندپچھ کو ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)

بنڈا: پہاڑ۔پتھر

1۔جو بنڈا ودتھا سو یکا یک وہاں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔نیز راج بنڈا اہا جوج توں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 3۔رکھے سب کنگوریاں میں بنڈے اٹل (نصرتی۔علی نامہ)

بنڈولیاں: ہانڈیاں (اسم۔مونث)

بنڈولیاں کا تیرے سنگات اگر قطار نئیں تو نئیں (غواصی۔کلیات غواصی)

بنڈی: بیل گاڑی (اسم۔مونث)

تھی بےحد وعدد ڈولیاں و بنڈیاں (مذنب۔پنجہ آفتاب)

بنڑا: دولھا۔نوشاہ۔محبوب (اسم۔مذکر)

کہ بنڑا ہوئے کب مجلس سے خالی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بنسنا: (مراٹھی) خراب ہونا۔بگڑ جانا

بنسنا ہے کام کچ لالچ تے (وجہی۔قطب مشتری)

بنگ: بھنگ (اسم۔مذکر)

گدا کاسئہ بنگ جس وقت چڑھائیں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

بُنگ: دروازہ (اسم۔مذکر)

(1) بھنگی جیوں نٹے بنگ تے پاوں بھار (غواصی۔طوطی نامہ)

(2) ہر اک ٹھارا نگے بنگ کے درباں کیتے (نصرتی۔علی نامہ)

بنگار: (سنسکرت بھرنگار) سونا (اسم۔مذکر)

دسے ناف سو طبلہ بنگار کا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بنکش: (پنچ) کنول (اسم۔مونث)

تجھ نین تھے نرگس کھلی عنبر کھلی بنکش پھلی (حسن شوقی۔غزلیات)

بنکی: (بنگی) ٹیڑھی

1۔بنکی کے بن نہ چلے کام کچ بھی سیدے کا (محمود بحری۔کلیات بحری)

2۔بنکی کا نٹیاں سوں بیلاں یوں چلیا جوں دوڑ ہیکل کا (نصرتی۔علی نامہ)

بنگا: ٹیڑھا

نوا چاند بنگا کھڑک ہے کہ جان (عشرتی۔دیپک پتنگ)

بنگاب: بھنگ کا پانی (بنگ: بھنگ+آب: پانی) اسم۔مذکر

بھید اس بنگاب کا بنگابیاں کوں پوچھنا (محمود بحری۔کلیات بحری)

بنگابیاں: بھنگ پینے والے

بھید اس بنگاب کا بنگابیاں کوں پوچھنا (محمود بحری۔کلیات بحری)

بنگار: (سنسکرت بھرنگار)۔سونا۔زر (اسم۔مذکر)

1۔نہ پیو بن بھائے اس مانیک بنگار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔کہ

سب خاک میری سو بنگار ہوئے (فیروز بیدری۔ پرت نامہ) 3۔ سبھ بنگار کوں اس تھے الکار (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بنگالی بھاؤ: رقص کا ایک انداز

دکھائیں گر وجی بھی بنگالی بھاؤ (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

بنگڑ ہاریاں: چوڑیاں فروخت کرنے والی عورتیں (اسم۔ مونث۔ جمع)

رھیاں ہو کے بے روچھ بنگڑ ہاریاں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بَنگاہ: خیمہ۔ جنگل کا ٹھکانہ

میں بنگاہ کو دیکھنے جاؤں گا (رستمی۔ خاور نامہ)

بنگڑیاں: بنگڑی (چوڑی) کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

(1) بنگڑیاں شورکیاں (وجہی۔ سب رس) (2) تو نقدے کی بنگڑیاں سٹی موتی چور (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بنگی: ٹیڑھی

(1) دلے اس اونٹ کا یک پاؤں بنگی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) (2)۔ فلک ہے بنگی چال کا کم نظر (نصرتی۔ گلشن عشق) (3) کیوں لکھے بنگی تیری لٹ کا صفت سید القلم (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بنگے: ٹیڑھے

بغیر از سوئی کمیں کوئی بھی بنگے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

بن منس: مرد کے بغیر

ہوئی بن منس پیٹ سوں اونگار (غواصی۔ طوطی نامہ)

بنواس: جنگل میں رہنا (اسم۔ مذکر)

1۔ رکھ عشق پر دل کی آنکھ بنواس (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ ڈونگر دو کھوں بنواس لاگ (اشرف۔ نوسرہار) 3۔ پھرے پیٹ موں باند بنواس او (غواصی۔ طوطی نامہ)

بَنوش: بنفشی رنگ

کیا خوب سہاتی ہے دیکھو چولی ہری چندری بنوش (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بنوفش: بنفشی رنگ

بنوفش ایسا عمارت کو دیا رنگ (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

بُنیاد اُچانا: تعمیر کرنا

جو کوئی اُچایا بنیاد اول وآخر وہی استاد (وجہی۔ سب رس)

بُنیادم: بنی آدم

بنیادم میں نہ اس روپاں دیکھیا کوئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بنیاد میں: ابتدا میں

کہ بنیاد میں تھی اول یو بنگی (غواصی۔ طوطی نامہ)

بنے بن: جنگل جنگل

1۔ نہ پھر تو بنے بن بن کھائے اوداسی (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 2۔ بنے بن کے جھاڑاں کے پاتاں سمیت (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ عشق کے بنے بن سو پگ ناد گاوے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ بنے بن پون کلکلاتی اتھے (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

بُوتائی: (مراٹھی بوتھائی) ایک ڈنڈا جس کے دونوں طرف دھاتی مگدر ہوتے ہیں (اسم۔ مونث)

کیا تھا سیس سرکش کا ہر یک نیزے کوں بوتائی (نصرتی۔ علی نامہ)

بُوٹ: پور۔ سرانگشت (اسم۔ مونث)

1۔ گونی روپ شبہ بوٹ دیسے ہیں ساج (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 2۔ عاشق جو بیٹھم کا کر ہر کوئی دکھاتا بوٹ سوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 3۔ پکڑ کر بوٹ موں میں ہور تے تو دنگ ہو رھیں گے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بُوٹ پھوڑنا: انگلیاں چٹخانا

بہانہ کر کے کوڑیاں کا بلا لے بوٹ پھوڑوں گی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بُوج: بوجھ۔ سمجھ

1۔ طیاں دیکھ کر موورد نا بوج (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

2۔ یک بوج آدمیاں کا دُسرا بوج فرشتیاں کا (میراں جی خدانما۔ شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

بُوجا: جانا

یہاں بھی اتنا بوجا چاہئے (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار)

بُوجا: بوجھ۔ وزن (اسم۔ مذکر)

نہ لاتاب بوجا لی دھرتری (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بُوجک: بوجھنے والا۔ پرکھنے والا

مراشبہ تو بوجک اہے جوہری (نصرتی۔ گلشن عشق)

بُوجنا: بجھنا

گیا بوج کر شعلۂ سورتب (نصرتی۔ گلشن عشق)

بوجنا: سمجھنا

بوجنا اس کوں مشکل بات (محمود خوش دہاں۔ رسالہ وجودیہ)

بُوجن ہار: جاننے والا

1۔ وہ تو جا کے بوجن ہار (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔ پہلے کے لوگ جو تھے بھو بوجہار (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بوجنے ہاریاں: بوجھنے والے

نہ کوئی اس بوجنے ہاریاں کہ وہ ادتار ہو آیا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بُوجھن دیوتی: بجھنے دیتی

نہ بوجھن دیوتی نارا کہ کرتی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بُوجھنہار: جاننے والا

خوبی دبدی سب کے بوجھنہار سوتوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بُوجی: بجھی

کفر کی بوجی آگ تج دھاک تھے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بوجے: بوجھے

پیو کی مارگ بوجے گا (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

بوجے: بوجھ۔ وزن

خجالت کے بوجے سوں او سر نوائے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بُوجیں: بوجھیں

سفت بوجیں ریت (میراں جی شمس العشاق۔ شہادت الحقیقت)

بُود: (بدھ) عقل

عقل بود ہور فام پھر آیا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بُودھ: عقل

1۔ خوش پوچھے میراں جی عشق بڑا یا بودھ (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نغز) 2۔ اس تن کو دے کیسی بودھ (شیخ داول۔ کشف الوجود)

بوڈھ: بوڑھا

بوڈھ یا تر یا جیسا ہو سنگ (شیخ داول۔ کشف الوجود)

بوڈھاپاوں: ضعیفی۔ بوڑھاپا

بوڈھاپاؤں آتا ہے دک سوشتاب (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بُوڈی: بوڑھی (اسم۔ مونث)

بوڈی بولی اتھی سو بیس دکھائی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

بُوڈے: بوڑھے (اسم۔ مذکر۔ جمع)

کھیں مالک کھیں بوڈے کھیں سیوک کھیں سامی (حسن شوقی۔ غزلیات)

بُورا: سفوف (اسم۔ مذکر)

جیوں ابلوج کا عین بورا ہوا (غواصی۔ کلیات غواصی)

بُورائی: بڑبڑانا

آپس میں آپ بھو دھاتوں سوں بورائی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بور بچہ: چیتا (اسم۔ مذکر)

سورج بور بچہ جوں اسمان پھیر+ کیا قصد مغرب کے جنگل کی دھیر (غواصی۔ طوطی نامہ)

بُوڑا: بہرہ

بادل کی گرج سو طبل ہوا ہے بوڑا (نصرتی۔ علی نامہ)

بوڑکی: جس کے سر پر بال نہ ہوں (اسم۔ مونث)

تری کاٹ چوٹی کروں بوڑکی (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)

بُوڑی: بہری

زمیں بوڑی ہوی سن کر او کرہ نائے (رستمی۔ خاور نامہ)

بُوڑی: بہرہ پن

مجھے سچ کوئی جو پوچھیں گے خرابی ہوئی سو بوڑی سوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بُوڑی: نیزے کی انی (اسم۔ مونث)

بوڑی رکھ ادھر جار ھیا تن کے پار (نصرتی۔ تاریخ اسکندری)

بُوڑے: بہرہ کردے

کتے کرہ نایاں سو بوڑے تمام (نصرتی۔ علی نامہ)

بوس: بوسہ (اسم۔ مذکر)

سینے کوں لگا کر او سے دیوؤں بوس (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

بوسا: بوسہ (اسم۔ مذکر)

دیتے بخت بوسا کمل پاؤ پر (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

بوسیا: بوسہ دیا

فراست سوں شہزادہ بوسیا زمیں (صنعتی۔مثنوی گلدستہ)

بُوسیاں: بوسہ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

تجے سوں ہے معانی کو جواں کر آپ بوسیاں سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بُوک: بھوک۔بھوک کی غیر ہاکاری شکل

پیاس کو پیووے ہور بوک کوں کھاوے (وجہی۔تاج الحقائق)

بُوکرو: سونگھو

برجا ہے ہاتھ لے کے اگر اس کو بوکرو (ولی۔کلیات ولی)

بُولانا: بلانا

منت ہور پاوں پڑ پڑ کے بجن بولائے تو کونگی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بُولاؤ: بلاؤ

بھیجو پالکیاں نیک دایاں بولاؤ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بولاں دھرنا: تنقید کرنا۔حرف گیری

سچے کوں اڑاتے سچے پر بولاں دھرتے (وجہی۔سب رس)

بولت: بولتا ہے

میں تو کیا جانوں کوں بخت سوں بولت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بول ٹھیلنا: بات ٹالنا

اس کا بول کوئی ٹھیل سکتا ہے؟ (وجہی۔سب رس)

بول دھرنا: الزام دینا

مجے باللہ بول نہ دھرنا (اشرف۔نوسرہار)

بُول کان لینا: سننا

دو اک مرا بول توں کان لے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بول مارنا: طنز کرنا۔طعنہ دینا

نصیبے کوں جل بول مارن لگیا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بولن: بولنا

(1) مرا جیب بلبل ہو بولن لگیا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) (2) سو بولن لگیا اس طریق ان پھرا (غواصی۔طوطی نامہ) (3) سو بولن لگیا اے بچن رول رول (غواصی۔طوطی نامہ) (4) چلن بولن لگت سب پائے یوسف (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بولن ہار۔بولن ہارا: بولنے والا (اسم۔مذکر)

1۔جو ابن وہ بولن ہار (شیخ داول۔کشف الوجود) 2۔بولن ہارا خود معبود (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) 3۔بولن ہار یوں بولیا داستاں (رستمی۔خاور نامہ)

بولن ہاراچ: بولنے والا ہی (چ تاکیدی مراٹھی)

جہاں خدا ہی بولن ہاراچ ہے (وجہی۔سب رس)

بولنیں: بولنے

ہمن بات یو بولنیں کی نہیں (رستمی۔خاور نامہ)

بولی: بات (اسم۔مونث)

میری بولی کوں ٹال دے گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بولیچھ ھیں: کہا گیا ہے۔مثل ہے

بولیچھ ہیں کہ بھوک اور پیاس نبیاں ہور ولیاں کی میراث (وجہی۔سب رس)

بوم مارنا: چیخنا چلانا

1۔یکا یک اٹھتی ہوں میں بوم مار (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔کہتے ہیں کہ اٹھتی ہے بھوئیں بوم مار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بومڑی: چیخ پکار (اسم۔مونث)

1۔زنگ نھاٹے ہر اک تن بومڑیاں مار (سومن۔اسرار عشق) 2۔ہر اک نال گوی اٹھی بومڑی (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بونب: (بوم) چیخ پکار (اسم۔مونث)

سنیں گیاں گرچہ ہمسایاں اڑا دھول بونب لگیاں تو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بونبلتے: چیختے چلاتے۔نعرے لگاتے

ہندو بونبلتے پھرتے ہیں اڑا جیوں دھول ہولی کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بُونٹی: بوٹی کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مونث)

نہ چھاڑی نہ بونٹی ڈرے باؤ کوں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بونڈے: پھل (اسم۔مذکر)

دھتورے کوں بونڈے پھنس ہو نچھل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بونی: ناف (اسم۔مونث)
بونی کھل رہی تھی سو جوں او کھلی (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بونٹ: اُنگلی۔بالشت
1۔جوا کاس رہیا تجھے دو دے بونٹ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
2۔پکڑا اپنے داتناں میں حیرت سوں بونٹ (نصرتی۔علی نامہ) 3۔دا کھ
دانے انگلیاں کی بونٹ ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
4۔یو دو بونٹ کی بس لنگوٹی تجے (غواصی۔طوطی نامہ)

بُوی: بو
اتھا او بوی میں سب مشک کے سار (ابن نشاطی۔پھول بن)

بُوی جھڑنا: بد بو خارج ہونا
سڑی بوی بغلاں میں تے یوں جھڑے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بہہ: بہت۔زیادہ
الہی قدرت بہہ بھانت رچیا آپس آپ چھپایا (جانم۔نکتہ واحد)

بُہہ اتم: بہت اعلیٰ
کہ بہہ اتم دھرتے تعبیر یہ خواب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بُہہ رنگ: بہت وضع۔بہت طریقے
لگتی مصور جیوں بہہ رنگ اپروپ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھا: ڈال
1۔نیں تو سر پر خاک بھا جا بیٹھ بس (وجدی۔پنچھی باچھا) 2۔ماٹی میں
بھا کرے دفن (شیخ داول۔کشف الوجود)

بھاپاں: بھاپ کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
گرم بھاپاں سوں ہوتاں یو چھلے آئے (ابن نشاطی۔پھول بن)

بھاپاں مارنا: (بھاپاں۔بھاپ کی جمع) کھولنا
جنگل پہاڑ کانچ کے آوے کے سریکا بھاپاں مارتے تھے (ابراہیم
بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھات: ترکاری (اسم۔مونث)
قبولیں گے تو حاضر ہے شکر دو دو بھات بولے سو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھاتوں: بھات۔طریقہ۔انداز کی جمع
کت کت بھاتوں دکھ دھریں (اشرف۔نوسرہار)

بھاتا: خوشی۔مرضی
1۔مرا بھاتا نہ دے کر تو بتا حال (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔آدمی نہ
اپنے بھاتے آیا ہے نہ اپنے بھاتے جائے گا (وجہی۔سب رس)

بھاٹ: تعریف کر کے روپیہ مانگنے والا۔خوشامدی۔کبت سنانے والا
بھنگے بھاٹ نٹوے کے کنچن ملے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

بھاٹو: بھاگو
نامحرم کو دیکھو تو بھاٹو شتاب (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بھاجے: بھاگے
1۔تو او نانوں کے دھاک تھے دندے بھاجے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات
محمد قلی قطب شاہ) 2۔تیرے عشق کے لاجاں دیکھے ہیں لاجوں بھاجے
(محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھاچر: مٹی کا برتن۔ہانڈی۔گھڑا (اسم۔مذکر)
1۔کدھاں لگ یو نچ او نٹاتا دونوں انکھیاں کے بھاچر میں (ہاشمی۔دیوان
ہاشمی) 2۔دھڑاں کی بھاچراں میں تھا پکیا کھان (مومن۔اسرار عشق)

بھار: وزن۔بوجھ
1۔کہ دیون مشک بھی یوسف کیرے بھار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔کہ زر تار تس تار پر بھار ہے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 3۔ہو فارغ
اس بلا کے بھار سے توں (ابن نشاطی۔پھول بن) 4۔جس کے سر پر طمع
کا بھار اس کا سر دائم تلار (وجہی۔سب رس)

بھار: فوج۔دل
(1) جو تنہا ستوں پھوڑ لشکر کے بھار (غواصی۔طوطی نامہ) (2) آ پھر کو
اپرالا کر دوں دل ہات لے سب بھار کا (نصرتی۔علی نامہ)

بھار: باہر
(1) تجن آدیں تو پردے سوں نکل کر بھار بیٹھوں گی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
(2) اگر آوے جنت ستی حور بھار (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
(3) نکلتے نہیں ہیں کوئی روتے بھار (وجہی۔قطب مشتری)

بھار: بار
ایک بھار او دھویں سولے یہ ڈھویں دو بھار (میراں جی شمس العشاق۔
وصیت النور)

بھار: سامان (اسم۔مذکر)
سو یک ٹھار لی آئے سب باند بھار (وجہی۔قطب مشتری)
بھار: بہار (اسم۔مونث)
نین سلونے جوبن بھار (اشرف۔نوسرہار)
بھار: (سنسکرت وہار) تفریح۔آنند
کہ نا دیک سک کراو بالیاں کا بھار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
بھاراں: بھار (فوج۔دل) کی جمع (اسم۔مذکر)
1۔محمد دین قائم ہے ہندو بھاراں بھگا دو تم (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ہوا پر سوں پریاں کے بھاراں چلے (صنعتی۔قصہ بے نظیر)
بھارا: بھار بوجھ۔وزن
ڈھلامت برہ کا بھارے پہ بھارا (محمود بحری۔کلیات بحری)
بھارا: فوج۔لشکر
یکا یک شاہ کی بھارا مقابل آئی کنوئیں کے (نصرتی۔علی نامہ)
بھاراں کرو: حملہ کرو
او نا دھر یا کن منے دشمن اپر بھاراں کرو (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
بھار پڑنا: غم میں مبتلا ہونا
آ اوڑ پڑیا مجھ پر بھار (اشرف۔نوسرہار)
بھار رچنا: صف آرائی کرنا
تلک شہہ بھار رچ سنک اپنک لڑنے چل آتے سو (نصرتی۔علی نامہ)
بھارتی: ہندوستانی
پکار کر کہا اے جنا بھارتی (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)
بھاروں: بھار (وزن) کی جمع
دگد بھاروں غمی تھی جوں دھنوں سار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
بھاڑ: چولھا (اسم۔مذکر)
یہ جیو رندھا د کیے بھاڑ (اشرف۔نوسرہار)
بھاس: ظاہری ہیئت۔شکل
ہیے دسیا بھاس پلٹ (جانم۔ارشاد نامہ)

بھاس: بھاشا۔زبان (اسم۔مونث)
چھتیس بھاس کا پرس جس سیو تا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)
بھاس: ترک دنیا۔عبادت (اسم۔مذکر)
اس کی خاطر لینے بھاس (محمود خوش دہاں۔رسالہ علم الحیوۃ)
بھاسا: بھاشا (اسم۔مذکر)
میں جس امت جیسا بھاسا دیا کیہا کھول (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)
بھاسکر: سورج (اسم۔مذکر)
وہی بھاسکر ہور سورا آتما کا (شاہ تراب۔من سمجھاون)
بھاسی: بھائے گا (صیغہ مستقبل۔پنجابی)
نہ بھاسی اس کو آب زندگانی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
بھاکا: زبان۔بولی۔(اسم۔مونث)
بھاکا نیاری نیاری بھاؤ ایک کیا ترک کیا برہائین (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
بھاگ: قسمت۔نصیب (اسم۔مذکر)
1۔نیلا سوتج پیشانی ات بھاگ کی نشانی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔صدقے نبی کے دیپے مرا بھاگ سورتے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔اتم بھاگ کا بھوگنی بخت دار (غواصی۔طوطی نامہ) 4۔سراس کے چڑی ایک امرت کی بھاگ (غواصی۔طوطی نامہ)
بھاگا: ڈالے گا
سمجھیں تھا بلایوں لا کو بھاگا (ابن نشاطی۔پھول بن)
بھاگ ساجنا: خوش قسمت ہونا
اول تھے بی بی فاطمہ بھاگ ساجے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
بھاگری: خوش قسمت
اٹھیا جو جاگ کر جیوں بھاگری آپ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
بھاگ لینا: حصہ لینا۔اداکاری کرنا
شہہ تج رجھانے چاندا ہیں چنبر کھلے کا بھاگ لے (نصرتی۔علی نامہ)
بھاگن: خوش نصیب (اسم۔مونث)
بھاگنی بھاگاں کا جلوہ گادو تم (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بَھاگونت : جنوبی ہند میں ڈرامے کے اداکار بھاگونت کہلاتے ہیں (اسم۔مذکر)

بھانڈی بھانڈ اور بھاگونت (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بھگیا: بھاگا

بھگیا اشتہا طمع کی ذات کا (غواصی۔طوطی نامہ)

بھاگ ونت: خوش قسمت

1۔سہاگن مائی تھے جو بھاگ ونت آئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ عجب بھاگونت خوب یو گھرا ہے (وجہی۔قطب مشتری)

بھاگوں: بھاگ (قسمت۔نصیب) کی جمع

ستی بھاگوں کی پرواہ ہوئے معذور (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

بھاگیرتی: گنگا (اسم۔مونث)

بھاگیرتی سوما نگ ہے سیس پھول برہمن (شاہی۔کلیات شاہی)

بھال: پیشانی (اسم۔مونث)

1۔تج بھال کے پرتاب تے پیدا چندر بالا ہوا (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔اوپہاں آنکھوں بھال تلک جگر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) 3۔بھیرو کر پورگورا بھال تلک چندرا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بھال: نوک (اسم۔مونث)

کلیجے میں دھسے تھی تیر کی بھال (مومن۔اسرار عشق)

بھال: بھالا (اسم۔مذکر)

دنڈیاں مارن کوں لاگور کے تس بھال (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھاں: باہیں (اسم۔مونث۔جمع)

1۔ بھاں سوباہاں گلے ملا کر کرے اپس تھے غصے کو نیارا (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔بھاں میں بھاں ہور لبوں لب ملا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بھان: (سنسکرت بھانو) سورج۔آفتاب

1۔کھیا یو کہ اے ماہ رویاں کے بھان (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ ولیاں جگ کے ستارے ہیں علی بھان (ابن نشاطی۔پھول بن) 3۔لیا بھرے ذرے میں بھان ہور نکتے میں قران (محمود بحری۔کلیات بحری) 4۔عقل چندر عشق بھان (وجہی۔سب رس)

بھان: بہن (اسم۔مونث)

1۔نہ تج بھان نا تج کوں بھائی اہے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔اسے ایک زہرہ سگی بھان ہے (وجہی۔قطب مشتری) 3۔ مماں ہور بھان کے آگے بسرتی نیں ہے پل تمنا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 4۔میری ماں اس شاہ کی بھان ہے (رستمی۔خاور نامہ)

بھانٹا: کانٹا (اسم۔مذکر)

جہاں سنپڑیا اتھا کانٹا و بھانٹا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بھانا: ڈالنا

اس اندیشے مجھ بھایا (اشرف۔نوسرہار)

بھانا: بھان (بہن) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

ہمیں بھائی بھانا میں کیا پاپ ہے (غواصی۔مینا ستونتی)

بَھانا: بہانہ (اسم۔مذکر)

1۔کرن ہار اپ تس پہ لائے بھانا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔وہی عشق کا اوس کو بھانا ہوا (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔اُسے چٹ کرنے کے واسطے بھانا ڈھونڈنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی) 4۔بھانا توں بھوت کرتی تو کیوں تو دل کو بھانا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بَھانا لینا: بہانہ کرنا

یوں سورج ہوز رد او بھانا لیا پیار کا (نصرتی۔علی نامہ)

بَھاناں: بھان (بہن) کی جمع (اسم۔مونث جمع)

تری مری عورت ہے بھاناں سکیاں (غواصی۔طوطی نامہ)

بھانچ: فصیل۔حصار (اسم۔مونث)

کہ یک کوٹ کے بھانچ پر کر سرا (غواصی۔طوطی نامہ)

بھانچ جانا: ٹوٹ جانا۔ بکھر جانا

گئے بھانچ پنجرے بروجاں و کوٹ (نصرتی۔علی نامہ)

بھونڈا: توپ (اسم۔مذکر)

1۔روگن کا نکل موں تے بھونڈاں کی کوٹ (نصرتی۔علی نامہ) 2۔تھا بھونڈا ہر اک رعد کے سار او (مظفر۔ظفر نامہ)

بھانڈا: برتن (اسم۔مذکر)

انگے رکھ کے بھانڈا نہ کھانا کھلائے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بھانڈی: توپ (اسم۔مونث)

نھنی ہور بڑی پا کو بھانڈی کرے (نصرتی۔علی نامہ)

بھانڈے: برتن (اسم۔مذکر)

جس بھانڈے میں پانی پیتے ہیں اس بھانڈے کوں کوئی پھوڑتا ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

بھانک: بھنگ

بھوگ لینا سو بھید بھانگ میں ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بھانک: گھس جانا

کہ جیوں لھو کیا چو کدن بھانک کر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

بھانا: توڑنا

بھیتر بیسوں بھانوں دل (اشرف۔نوسرہار)

بھانو: (سنسکرت) سورج (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔ارت بچن بدھ ونت نرمل من ایک چیت بھانو (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔بھانو بسنت بنتی کریں ارن شفق رنگ (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بھانوں: بھانا (بہانہ) کی جمع

میں ہر بھانوں سوں لاتی ہوں گی اس کوں کوٹری بھیتر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بہانی: (سنسکرت وہان) صبح (اسم۔مونث)

1۔سو کیوں وو دل نہ چمکے تن میں تارا ہو بہانی کا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔نس کیس میانے کیوڑے دستے اہیں بہانی کے جیوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔کہ رنج روین آج ہماری بہانی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھانی: (مراٹھی) ساس۔خوش دامن (اسم۔مونث)

مرداں کوں ناچپتا ناچ بولتے بہانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھانے: بہانے (اسم۔مذکر۔جمع)

مولب توں لبدانے میں لے بوسے نچھل بھانے میں لے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھانیا: توڑا

تمھاری یاد تھے بھانیا ہوں دکھا اپس دل تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھاؤ: خیال۔جذبہ۔کیفیت

انکھیاں پر رکھیا لے کے بھو بھاؤں سوں (وجہی۔قطب مشتری)

بھاو: بیاہ (اسم۔مذکر)

دیے ہر وضع بھاو بیٹی کا کر (سیوک۔جنگ نامہ)

بھاؤ: جذبہ۔اثر

بھاکا نیاری نیاری بھاؤ ایک کیا ترک کیا برہائین (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بھاؤ: کیفیت

تو یو ذات صفات کا بھاؤ (محمود خوش دہان۔رسالہ وجودیہ)

بھاؤتا: پسندیدہ۔خواہش۔مرضی

1۔قدرت تے اپنا بھاوتا نہیں (جانم۔کلمۃ الحقائق) 2۔تو قادر ہے تج بھاوتا تیو نچ کر (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔کہ تجھ بن نہ آنند جیو بھاوتا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔یہ بھاوتا مرا اسی کا بھاوتا ہے (جانم۔کلمۃ الحقائق)

بھاؤتیاں: بھاوتی (محبوبہ) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

اپ بھاؤتا ہوں سب ہی بھاؤتیاں کو چھوڑ (وجہی۔قطب مشتری)

بھاو کرنا: جذبات ظاہر کرنا

کیا بھاو مجلس میں یوں قیس جب (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

بھاواں: بھاؤ (ناز و ادا) کی جمع

چھنداں ستیں آتی ہے بھاواں دکھاتی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھاوتے: خواہش۔پسند

نفس کے بھاوتے اوپر چل شیطان سوں کیتے بازی (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق)

بھائی پنے: اخوت۔برادرانہ محبت

یو وقت بھائی پنے اور یاری کا ہے (وجہی۔سب رس)

بھایاں: بھائی کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔عزیزی میں بھایاں کیرے نادھوئیں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔علت جائے پر عادت کاں جاتی ہے گوائے بھایاں (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) 3۔جو بھایاں تھے چھپاک رات یو سف (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 4۔جو بھایاں اگر چہ سنیں کمیں یو بات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بھایاں بھانا: بھائی بہن

بھایاں بھانا لڑیں گے (وجہی۔تاج الحقائق)

بھایاں ہو: اے بھائیو (ہو: لفظ ندا)

کہیاں یاراں بھایاں ہو (اشرف۔نوسرہار)

بھائیں: بھائی کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)

بھائیں کارن کروں غذا (اشرف۔نوسرہار)

بھائیں: بہائے

ندیاں پور بھائے نین نیر سوئے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

بھیاس: ایک راگنی کا نام

یک تان گادے رام کلی یا بھیاس میں (ولی۔کلیات ولی)

بھبکار: شعلہ فشانی

1۔جو بھبکار ہے ملک میدان کا (نصرتی۔علی نامہ) 2۔سرب توپاں کوں بکسیا سور بھبکار (مومن اسرار عشق)

بھبوتی: بھبوت۔راکھ (اسم۔مونث)

جوگی ہوا ہے جھاڑ جو لیتا بھبوتی چھال کی (شاہی۔کلیات شاہی)

بھبور: بھبوت۔راکھ (اسم۔مذکر)

لکیا کرنے دوزخ میں بھبورا و (سیوک۔جنگ نامہ)

بھپارا: بھاپ سے گرمی پہنچانا (اسم۔مذکر)

کاری پہ کاری داریاں دیتیاں بھپارا کاہے کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھت: بہت

کہ جانا شوق سوں مجھ کوں بہت دور (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بھتا: غذا۔خوراک (اسم۔مذکر)

کہ ہے عین دو جہ ب تیرا بھتا (غواصی۔طوطی نامہ)

بھتا: (سنسکرت بھوت) خوفناک۔وحشت خیز

خدا کا ہست بھتا ہور جھرتا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھتار: شوہر (اسم۔مذکر)

(1) دسیا سرور شاہ بھتار (اشرف۔نوسرہار) (2) اب سن میرے شاہ بھتار (اشرف۔نوسرہار)

بُہتان ڈالنا: بہتان لگانا

وزیراں پر بہتان ڈالتا ہے سو بڑا نادان ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھت پڑنا: برباد ہونا۔تباہ ہونا

بھت پڑے اے تیرے ڈھنگ (اشرف۔نوسرہار)

بھتا: بہتا

بہتا ایک چشمہ اتھا اس تلار (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

بھتر: اندر

1۔لگی سو دھال یوں کپڑیاں بھتر تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔میرے نیناں بھتر جاسی اسی کے چھند کا شیوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔چندر غواص ہو آیا گگن سمدر بھتر دھایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھترال: (بھیتر) اندر

1۔اپس کوٹھ بھترال جاگا دیا (رستمی۔خاور نامہ) 2۔کہا جاتوں بھترال اس غار کے (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

بھتری بھتر: اندر اندر

گھٹی بھتری بھتر سو برہ بس گھول (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھتریاں: (بھترے کی جمع) بہت سے

بھی بہتریاں کو کھا جوش اوٹھو دیا (رستمی۔خاور نامہ)

بھتک: بہت۔زیادہ

گرچہ بے ساماں ہیں ہور مفلس بہتک دے (غواصی۔کلیات غواصی)

بھتن: بہت سے

بہتن کیراتوں آدھا (اشرف۔نوسرہار)

بھڑکارنا: ہنکارنا

بھڑکارتے: ہنکارے

پڑے اس پہ بھنکار تے اخگراں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھنکیا: بھنکا

سپاہی ہو کے بہوت بھنکیا تمام (طبعی۔بہرام وگل اندام)

بھنگل: بدنصیب۔خبیث۔بیباک

زبان کی بہوت بھنگل ہے اگر کوی شوخوی کہے تو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھنگول: بدبخت۔بری۔نادان

1۔وہ ذرتی ہوئے گی اکثر کسی بھنگول خیلی سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔چھٹی ہٹ اسے کیوں نیٹ کروں بھنگول سوں کی پھوڑو ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھنٹنٹ: بھنکنا

قیامت لگ جے کریں بھنٹنٹ (جانم۔ارشاد نامہ)

بھنٹیں: سرپستان (اسم۔مونث)

بھنگی چولی میں بھنٹیں نس کی نشانی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھج: (سنسکرت) بازو۔ہاتھ (اسم۔مذکر)

1۔سر تھے انچل ڈھال کر بھج پر پلو کریوں نٹے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سرستی مہا سندری اچھے گوری سیت دستر بھج چتر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بھج بل: زور بازو (بھج: بازو+بل: قوت)

1۔سو بل رام بجبل بلندر کے تئیں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔اہے جاں مہا جاں شہ بھج بل (وجہی۔قطب مشتری) 3۔گنبھیر شیر خدا کا علی ولی بھج بل (غواصی۔کلیات غواصی) 4۔بنک کے پر پیچ میں ہے بھج بل بھجنگ (محمود بحری۔کلیات بحری)

بھج: بھیگ

زمیں لھوسوں بھج کر ہوا تھا چکڑ (سیوک۔جنگ نامہ)

بھجا: بھیگا

یودھن انجھواں سوں روئے سو بھجا پشواز کا دامن (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھجنا: تعریف کرنا (بھجتے: تعریف کرتے)

صلابت سوں میری دیواں ہیں بھجتے (سومن۔اسرار عشق)

بجھنا: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔منتشر ہونا

کتا جھجا کتا کھنچا کتا بجھنا سدا تلمل (سلطان۔دیوان سلطان)

بھچکھنا: بھبکنا

بردن بدن موہن پوتری بالوسوم آیو بھچکھتا منگن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

بھدرا: (عربی۔بدرۃ۔) تھیلا (اسم۔مذکر)

سنے نکیاں کیرا بھدرا بھریا کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھر: باہر

1۔سو آیا نکل کر مرد اس کا بھر (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔بھر آئیں کیوں ترے اُپکار سیتیں (وجہی۔قطب مشتری) 3۔منجے اپنی غدی تھے تو بھر کاڑ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھر: زور

بولی تمیں رہویاں سینہ کا جلک یہ بھر ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھرانا: برہنہ۔عریاں

بھرانا پھرے اور نہ دھرتا شرم (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

بھراوقت: سرشام (اسم۔مذکر)

بھرے وقت پر جب اتر گھر میں آئے (نصرتی۔گلشن عشق)

بھربھراٹ: تیز ہوا چلنے کی آواز آگ تیز ہونے کی آواز (اسم۔مونث)

(1) بعد ازاں بارا چھٹا سو بھر بھراٹ (وجدی۔پنچھی باچھا) (2) ستیا ست کوں کر آگ کا بھر بھراٹ (نصرتی۔علی نامہ)

بھربھرانا: پرمارنا

ماں باپ اپنے بچوں کو بھر بھرانے سوں مرغولیاں کرتے تھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھربھری: چڑیا (اسم۔مونث)

یوں خوش لگی ہے آج جو بالک کو بھر بھری (محمود بحری۔کلیات بحری)

بھری شام: شام کے اختتام اور رات کی ابتدا کا وقت (اسم۔مونث)

بھری شام ہوئی آہوا اندھکار (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

بھریا: بھرا

1۔رسالہ لطافت بھریا دلپذیر (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔تمن کہ میں خدا کا نور رنج نیناں بھریا دیکھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔جدا سب سوں ہو کر سب میں بھریا ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون) 4۔اینوں بستوں سوں سب میدان بھریا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھرت: بھیڑیا (اسم۔مذکر)

جو اس میں بن بھرت اور باگ کچ ناں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھُرتی: بھٹے (اسم۔مونث)

انکھیاں دانہ ہور سر سو بھرتیاں کے ٹھار (نصرتی۔علی نامہ)

بھرتیاں: بھرتی (فعل مونث) کی جمع

لڑاں جھاڑاں کی پیڑاں میانے بھرتیاں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بھرٹ: (سنسکرت۔بھرشٹ) بد۔پلید

کو لک کریں اے بھرٹ نمنے چوری (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھڑسٹے: بھٹے۔اناج کی بالیاں

دیکھیاں بھی اس بچھن بھرٹے ہوئی سات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھردھات: بہرصورت

بھردھات عیسیٰ کے تیئں گاڑیے (قدرتی۔قصص الانبیاء)

بھرز: خاک۔مٹی (اسم۔مونث)

اگن سو پتنگ کوں کرے بھرز جال (غواصی۔طوطی نامہ)

بھرکانا: پھینکنا

بھرکا: پھینک

1۔بہت شدت سوں ماریا بھویں پہ بھرکا (ولی ویلوری۔روضۃ الشہداء)
2۔میں کی سوا بھرکا دیو دیکھی تو کیا خوش باس تھا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھرکانوں: پھینکوں

کہ بھرکانوں میں کس طرف یاں تے تج (صنعتی۔قصہ بےنظیر)

بھرکانے: پھینکنے

لگا سنگ بھرکانے دو دور تھے (وجہی۔قطب مشتری)

بھرکی: بھول۔دھوکا

1۔سو بھرکی اپن یار کوں ہے دیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔مٹھے باتاں کی بھرکی بھا مٹھے دے دے بھلائے دل (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھرکے: فریب۔جادو کی ایک قسم

جگتر بھلانے کے بھرکے اتھے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بھروساسٹنا: مایوس ہوجانا۔ناامید ہونا

بھروساسٹے زندگی کا تمام (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

بھرن: بھرنا

لگے مرغو لتے بلبل میرے جیو کے بھرن گلشن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھرن ہار: بھرنے والا

جو اس تھے میاں پانی سو بھرن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھرمن: دل بھر

روزی کا تو قحط نہیں کریں اچھا بھرمن (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

بھرنت: (بھرت) زمین کے گڑھوں کو بھرنا۔زمین ہموار کرنا

بھرنت اس کے انگن اینٹیاں سنے سوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھری: ایک پرندہ (اسم۔مونث)

میری بھری بھریاں سنے ہے بھری (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھریاں: بھری (فعل مونث) کی جمع

1۔بھریاں رنگ رنگاں کے آوازسوں (صنعتی۔قصہ بےنظیر) 2۔بلایاں بھریاں تس کوئے میں سکل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بھڑاڑی کی ہنڈی: وہ ہانڈی جو صدقہ اتارنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے (اسم۔مونث)

دیکھے اگر ہمیں تجے باور تو بھڑاڑی کی ہنڈی (محمود بحری۔کلیات بحری)

بھڑاڑے: نظر اُتارے

سینی اس اپر تے بھڑاڑے سو کوئی (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بھڑکا: جلن۔سوزش۔شعلہ (اسم۔مذکر)

1۔لگیا تھا درد نے میں بھڑکا مجے (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)
2۔دل میں بھڑکا اٹھیا (وجہی۔سب رس) 3۔جو اس کا تھر ایک بھڑکا دکھائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھڑکل: دروازہ۔کھڑکی (اسم۔مذکر)

1۔دونوں پاٹ بھڑکل کے در کھول کر (طبعی۔بہرام وگل اندام) 2۔ہتی لا مار کر توڑے ہر یک پاٹ اس کے بھڑکل کا (نصرتی۔علی نامہ) 3۔لیے ہات میں پاٹ بھڑکل کا توڑ (شاہی۔کلیات شاہی)

بھڑکی: بھڑک۔چمک

1۔پرے پر دل پہ دل جا کر اڑی کھڑگاں کی بھڑکی یوں (نصرتی۔علی

نامہ) 2۔لکیاں اڑنے جلد کھڑکیاں کیاں بھڑکیاں (مومن۔اسرارِ عشق)

بھڑکے: شعلے۔جلن

جو سلگی اس سوں لاک بھڑکے ہر روز (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھڑکیاں: بھڑکا (شعلہ۔چمک) کی جمع

کری بھڑکیاں سوں کی رات کوں دیس (ابن نشاطی۔پھول بن)

بھڑنگ: بھیڑیا (اسم۔مذکر)

تیرھواں پنکھی کہا میں ہوں بھڑنگ (وجدی۔پنچھی باچھا)

بھڑی: بھڑنے والا۔مقابلہ کرنے والا

پڑیا جب بھڑی پر سروتا پنا (لصرتی۔علی نامہ)

بھڑیاں: بھڑ (بھڑیا) کی جمع

کہ جنگل میں ہیں بھڑیاں بہوتیک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھسکار: بھنکار

اڑتی دسے گل آگ لے ماریا سودم بھسکار کا (لصرتی۔علی نامہ)

بھسکارنے: پھنکارنے

پڑے اس پہ بھسکارنے اجگراں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھسم: فنا۔راکھ۔جل کر خاک ہونا

1۔دو جا کوئی ہوتا تو کرتی بھسم (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔کئی عشق میں جوگی ہو کئی تن کوں لگائے ہیں بھسم (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 3۔بھسم کر سٹیا تل منے کھائے گا (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھشت: (سنسکرت بھرسٹ) خبیث۔بد

چھٹی آج اس بھشت ناپاک تے (وجہی۔قطب مشتری)

بھشت: بہشت۔جنت (اسم۔مونث)

1۔بھشت دروازے فرشتے خدمت گار (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔نہ مج بھشت کا ڈر نہ مج سرگ چاؤ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 3۔بھشت کوں بسرائی رہے اس عید کی مجلس نے آج (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بھک: بھوک

اس محل کو دیکھت کر بھک پیاس سب کا جاوے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھک بھک: بڑبڑانا۔بک بک

دِوانے ہوا کی توں چپ بھک بھک (طبعی۔بہرام وگل اندام)

بھک بھک مریں: بھوکے مریں

اپنے حالوں سہاں پن میں چھوٹیں بھک بھک مر گیا (میراں جی شمس العشاق۔وصیت الہادی)

بھکا: بھوکا

1۔بھکا اژدھا ان پہ بھالا دسے (لصرتی۔علی نامہ) 2۔چھٹیا دیک اودواں کھڑا ہے بھکا (غواصی۔طوطی نامہ)

بھکرا: اناج کا سوکھا پولا (اسم۔مذکر)

سوکھی مائی جیوں بھکرا (اشرف۔نوسرہار)

بھکرنا۔بکھرنا: منتشر ہونا (تقلیب حروف)

نین اوپر الکھ بھکری ڈھلک کر (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بھکسن: (بھکشن) بھکاری (اسم۔مونث)

سور کن وبھکسن وبھکن جتے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بھکل: بوکھلاہٹ۔گھبراہٹ

لیا یک بھکل پکڑیا سینا مرا (غواصی۔طوطی نامہ)

بھکن: فقیر (اسم۔مذکر)

سور کن وبھکسن وبھکن جتے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بھکیلنا: ایڑھ لگانا

بھکیلیا: ایڑھ لگایا۔آگے بڑھایا

1۔بڑا آگ ہو کر بھکیلیا ترنگ (طبعی۔بہرام وگل اندام) 2۔بھکیلیا ترنگ ہور لیا گرز ہات (طبعی۔بہرام وگل اندام)

بھکلاٹ: بوکھلاہٹ۔پریشانی

چھٹیا تن میں بھکلاٹ اس کے تمام (غواصی۔طوطی نامہ)

بھکنا: سیر ہونا

نہ بھکنے نہ کچ اس تے سیرا پران (غواصی۔طوطی نامہ)

بھکانا: تعریف کرنا

بھکاتے: (بکھان: تعریف) تعریف کرتے

بھکاتے ملائک تج اسمان میں (غواصی۔طوطی نامہ)

بھکوا: بیوقوف۔نادان

یہ بھکوے سریں لے پگ لک بڑے ہے (علی۔چندنامہ)

بھکے: بھوکے

بھکے ہوکے پھرتے ہیں چارے کے تئیں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھگایاں: بھگائی۔(فعل مونث) کی جمع

بھگایاں پھوئیں سوں چولے سب مل کے بیس ہنڈولے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھگت: عابد۔محفل میں شعبدہ یارقص دکھانے والا (اسم۔مذکر)

1۔بھاں سب بھگت دسے سوہار (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔جن کے جشن میں سورج ہے بھگت۔دکھاویں عجب دیسے سوں چھند بند (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھگت: بھینٹ (اسم۔مونث)

جیوسا بھگت دیکھ میں کیوں نہ لگے وہ بات دھن (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھگل: دھوکا۔مکاری۔دکھاوا

شاہ کھودیکھیا نہ تھا ان کا بھگل (نامعلوم۔قصہ دوشہزادے)

بھگل: گرم راکھ (اسم۔مونث)

ہور زاہد کیا کرے بھگل جیوں انکارے نہیں (غواصی۔کلیات غواصی)

بھگنا: (سنسکرت۔بھگن) اکتاجانا۔سیر ہونا۔تھک جانا

1۔عشق کا لذت ایسا ہے جو ہرگز دل بھگتا نیں (وجہی۔سب رس)

2۔عجب ہے تیرا دل نہ اس تے بھگیا (غواصی۔میناستونتی)

بھگنا: بھاگنا

1۔ست دکھن کد جیوں لال ہر یک ملک نہ بھگنا (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔بھگیں گے اگر کوئی ترنگ بے قیاس (نصرتی۔گلشن عشق)

بھگوڑیاں: بھاگنے والے۔راہ فرار اختیار کرنے والے

بھگوڑیاں تے ہوئیں پختہ کاراں لئی خام (نصرتی۔علی نامہ)

بھگونت: خدا۔بھگوان (اسم۔مذکر)

سو بھگوان بھگونت کرتار ہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بھگونت: خوش قسمت۔دولتمند

چھپن دیس کے بھگونت رتن جڑ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بھگنا: ٹوٹنا

بھگے: ٹوٹے

بھگے من کوں بدھ کوساندھے (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راو)

بھگیا: بھیگا

کلاں اس کا سارا بی لھو میں بھگیا (رستمی۔خاورنامہ)

بھگیلے: بھگائے

شکار او پر ترنگ ایسا بھگیلے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بھگیں: سیر ہونا

اس کے دیکھنے سوں نا بھگیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بھل: اچھا۔بھلا

بھل گوڑے پر چڑا کو شہر کو لے گئے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھل: بھول (اسم۔مونث)

1۔بھنور کب ناٹھے بھل کر جو بیٹھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔جوں یک شبہ بھل کو کئی عورت اپرال (ابن نشاطی۔پھول بن) 3۔کسی تجہ باج بھل سوں ناگر یوسف بھلاوے مجھ (حسن شوقی۔غزلیات)

بھلاٹ میں آجانا: بھول جانا

وہ بات میرے دل سوں بھلاٹ میں آگئی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھلانا: فریفتہ کرنا۔دل لبھانا

بھلاتا: فریفتہ کرنا

جدھر تدھر بھی حسن ہے جو دل بھلاتا ہے (وجہی۔سب رس)

بھلان ہارا: بھلانے والا (اسم۔مذکر)

بھلان ہارا مکر بھریا چارہ گر (رستمی۔خاورنامہ)

بھلانہاری: بھلانے والی۔محو کردینے والی

بھلانہاری عاقل کوں ہور خوش خرام (رستمی۔خاورنامہ)

بھلاؤنا: بہلانا

بہلاوتا: بہلاتا

تو تجھ دیکھ ہوں بہلاوتا (اشرف۔نوسرہار)

بھل سلوک: اچھا برتاؤ
دیکھیا جگ میں راکھیا بھل سلوک (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

بھلکاٹ: جلن۔سوز
کرتیاں ہیں آیا کھت کھتا مجھ آہ ہور بھلکاٹ پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھلیاں: بھلے لوگ
نہ یو قاعدا کس بھلیاں کا نئے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

بھلیں: بھلے کی انفیائی ہوئی شکل
وہ دارو تھے ہرگز نہ ہوویں بھلیں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

بھل منساگ: بھلمنساہٹ
بھل منساگی اڑا دے کر شرع کے باہر ہور چار پانچ میں بھی نہیں سو کام اسکو کھڑا رہا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھلے: بھالے (اسم۔مذکر)
بھلے تیر و کماں انئی کٹاری ہور بلم کھوی (نصرتی۔علی نامہ)

بھمن: (سنسکرت) برہمن (اسم۔مذکر)
1۔باز اں بولیا بھمن جواں (اشرف۔نوسرہار) 2۔ناپوچھوں بھمن جوتس کب ملنا پیوسوں ہوئے سی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھمنا: برہمن (اسم۔مذکر)
بھمنا کوں ہور جوگیا کوں ہووے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقا)

بھن: بھون (اسم۔مذکر)
مچھی کھائے بھن سور کی آنچ پر (صنعتی۔قصہ بےنظیر)

بھن بھن: مختلف۔رنگا رنگ۔قسم قسم
1۔بھن بھن کر بھی دیکھ بچار (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔نوراں رنگ برنگ اور بھن بھن کی ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بھنا: گردش کرنا۔متغیر ہونا
سب حال تیرا بھنارا کھے تیوں رہتا (میراں جی شمس العشاق۔شہادت الحقیقت)

بھنجن: (سنسکرت) ٹکڑے ہونا۔مٹا دینا
1۔درو دوک کو کدھر تھے بھنجن کروں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔جن دلاں کے دلاں کوں دل بھنجن (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔علی سے کفر بھنجن تھے تو تھامیا دین کا پایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔کھندل کفر کے دل بھنجن کرن ہارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بھنڈار: ذخیرہ۔سامان رکھنے کا مقام (اسم۔مذکر)
1۔وہ فہم کا بھنڈار (جانم۔کلمۃ الحقائق) 2۔بھنڈار کے ہنر کا میں تو ہوا بھنڈاری (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھنڈار: میخانہ (اسم۔مذکر)
مئے پیونا لے کر منجے مطلب ہے اس بھنڈار میں (محمود بحری۔کلیات بحری)

بھنڈاری: ذخیرے کا مالک
1۔کہ عثماں بھنڈاری علی کھڑک راؤ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔دے گا نہ دے گا کیوں کہوں بالم تو بھنڈاری ہوا (محمود بحری۔کلیات بحری)

بھنڈواڑا: مصیبت۔پریشانی (اسم۔مذکر)
یزید سر بڑا بھنڈواڑا اچھے (سیوک۔جنگ نامہ)

بھنڈولی: مٹی کی ہانڈی (اسم۔مونث)
بھنڈولی تو انبر کی پھٹ چور ہوئے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھنڈیلی: بھنڈولی۔مٹی کا برتن۔مٹی کی ہانڈی (اسم۔مونث)
پڑے پھٹ اسمان کی بھنڈیلی (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھنکارا: برباد۔تباہ
کروں لون کی کھان بھنکارا بھر (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بھنگ: سقم پیدا ہونا۔ٹوٹنا۔خراب کرنا
تا مجھ کوں کہ ہیں بھنگ (جانم۔ارشاد نامہ)

بھنگار: (سنسکرت۔بھرنگار) سونا (اسم۔مذکر)
1۔کہ جوں کوٹ چلا ہے بھنگار کا (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔بھار تو سینا دے بھتر بھنگار (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔سکل کوٹ چوگرد بھنگار کا (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 4۔سکل کوٹ جو درک بھنگار کے (وجہی۔قطب مشتری)

بھنگانا: توڑ پھوڑ۔بربادی
پھلی پھوڑ ایسا بھنگانا کروں (نصرتی۔علی نامہ)

بھنگے: بھنگ پینے والے
بھنگے بھاٹ نٹوے کے کنچن ملے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

بھنوارا: زیرزمیں راستہ۔ زیر زمین تعمیر (اسم۔مذکر)
1۔ محل کے نیچے یوں بھنوارا دسے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ دلیز صوفے کوٹھریاں مھاڑیاں بھنوارا کا نکو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 3۔ لگے ڈھونڈ نے جا بھنوارے سکل (سیوک۔ جنگ نامہ)

بھنور: بھونرا (اسم۔مذکر)
1۔ وَنہ کملا بھنور (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 2۔ بھنور ہو لیوؤں باس اس کا محمد ہو مجھے بھایا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ بھنور کے مکھیں کہے جاتے الانے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

بھنورے: گرداب۔ بھنور (اسم۔مذکر)
محبت کے بھنورے میں ہلکیاں ہوں میں (وجہی۔ قطب مشتری)

بھونر: بھونرا (اسم۔مذکر)
سنگ باس چمپے کا اہے مکھ موڑ الگ بھونر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھنور ہار: (بھنور: بھونرا + ہار: قطار۔ مراٹھی) بھنوروں کی قطار
کنول پھول میں جیوں سجے بھنور ہار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

بھنوری: بھنور۔ گرداب (اسم۔مذکر)
پڑیا جن ناف کی بھنوری نہ بانچا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھنیارا: زیرزمیں تعمیر۔ تہہ خانہ۔ سرنگ (اسم۔مذکر)
بھونیارے کا گھر دھونڈ کر بھوڑنا (نصرتی۔ علی نامہ)

بھنیارے: تہہ خانے۔ زیر زمین تعمیر (اسم۔مذکر)
جوتوں ہور میں بھنیارے میں چھپن جب (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھنیا: بھونا
برہ کی آگ میں آپس کوں بھنیا (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

بھو: بہت۔ زیادہ
1۔ بھو پچتائی اس باتاں تھے پڑ کر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ انگ بھریاں کی بزم کوں بھورنگ سو (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ کلیاں کھول انکھیاں دیکھیں بھوجوراج (غواصی۔ طوطی نامہ) 4۔ محمد شاہ شبہ غازی کرے مولود بھوچھند سوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھوا: بہا
بھوا کر اپس چک کے انجھواں کا نیر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بھوایا: بہایا
تر ایا ترنگ لھو بھوایا ندی (نصرتی۔ علی نامہ)

بھو بہا: بیش قیمت
اے معانی ختم کر تیرا گوہر بھو بہا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھوبیکہ: کئی طرح کا۔ زیادہ
وہ تو بھوبیکہ دھارے ماؤ (جانم۔ ارشاد نامہ)

بھوپال: حکمران۔ راجا (اسم۔مذکر)
بہو بھوپال راجے راج پتر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھوت: بہت
1۔ بولیا ایساں او بھوت باتاں وہاں (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ دلیکن خال خال اور بھوت نادر (شفیق۔ تصویر جاناں)

بھوتاں: بہت کی جمع
جو بھوتاں کوں او پال ماریا اہے (رستمی۔ خاور نامہ)

بھوتاں: بھوت کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
کہ تھا سارے بھوتاں کیرا باپ او (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بھوتاں: بہت سے
اور گھوڑے تے بھوتاں کوں لایا تلار (رستمی۔ خاور نامہ)

بھوتاول: بہت تیز۔ بہت جلد
ایسا کون بھوتاول ہے جے اسے ہلا وساماں (شاہ میراجی شمس العشاق۔ وصیت النور)

بھوتک: بہت۔ نہایت
بھوتک میاستے اپن دیتا قطب کوں سب دکھن (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھوتن: بہت
بھوتن کراتوں آدھار (اشرف۔ نوسرہار)

بھوتنی: بھتنی (اسم۔مونث)
لگی لنگ پوجن لگیا بھوتنی (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

بھوتوں: بہت سے
کہ جیوں لعل بھوتوں میں ہیرا دکھائے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

بھوتی: بہت ہی
بھوتی چکڑ ہے پرا نگے کھل بھی گڑھے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بھوتیج: بہت ہی
1۔ پڑے گھوڑے ہور مرد بھوتیج زپائے (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ لگیا شہہ کوں بھوتیج اس کا سواد (غواصی۔ طوطی نامہ)

بھوتیرا: بہت
1۔ میرے دل میں ہے بھوتیرا دلے اس بات کا ڈر ہے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
2۔ لگیا مجھ سوں باتاں کرن بھوتیرا (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھوتیرے: بہتیرے
1۔ بھوتیرے ہیں عربی بول کیرے اور فارسی بھوتیرے (میراں جی شمس العشاق۔ شہادت الحقیقت) 2۔ مہرے جو بھوتیرے کھیلن ہارا ایک (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

بھوتیک: بہت
1۔ الٰہی درد دکھ بھوتیک دھروں میں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ بھوتیک دردمند ہوں منج کھلا ترے لطف کا مومیایا سیج (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ اہے ڈھونڈ بھوتیک نا سدہ پائے (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 4۔ جو بھوتیک تلملن تھے تنگ آدے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھوٹیاں: بھٹا۔ بھونسہ
غلہ او نچہ رکھنا او بھوٹیاں سمیت (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بھوج: راجہ بھوج جو سخاوت کے لیے مشہور تھا
ولایت کی ولایت بخشیا بھوج (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھوجن: کھانا۔ غذا (اسم۔ مذکر)
1۔ کو و بھوجن واسہ کو و دھاساں دھولار (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)
2۔ دیو جگ کوں بھوجن او بخشش کردتم (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ کرم کر جیو کا بھوجن ادھرتھی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھوجنہ: (بھوجن) غذا۔ کھانا (اسم۔ مذکر)
نہ میلو کدھیں میت بن بھوجنہ (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

بھوچک: متعجب
دیکھیں گے تو بھوچک دھات (جانم۔ ارشاد نامہ)

بھوداِت: (بھودھات) بہت طرح
جو ہے مجھ شعر کیرا زور بھودات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھور: (بھوڑ) واپس
پار کھیلن ہری آئے سدا بھور جائے (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

بھور: صبح (اسم۔ مونث)
بھور کنچن تھال موتیا بھر اندر بیٹھیا یو نچھا ور داڑیو بانی پر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

بھورو: بھولا
بھورو یا پر فند او دستا ہے مجھ عیار ہو (سلطان۔ دیوان سلطان)

بھوروپ ونتا: بہت خوبصورت
سکیا صاحب بھوروپ ونتا سمنہ کھل کھلاوے (محمود خوش دہاں۔ انصاف الحق)

بھورنگ: بہت سے رنگ۔ مختلف انداز
سورنگ رنگیلی مہندی بھورنگ سوکلا کر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھومیں: زمیں (اسم۔ مونث)
بھومیں پر پٹکتے ہیں تر سائی کلاہ (وجدی۔ پنچھی باچھا)

بھوڑ: واپس۔ پلٹنا۔ پھر
بھوڑ وہی بندہ ڈھونڈے تو سپڑتا ہے (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

بھوڑا: منتشر ہونا۔ جدا ہونا
وہ مجلس جمع ہے تو بھوڑا تمام + نجر بھی نکا سب کوں سننے کلام (صنعتی۔ مثنوی گلدستہ)

بھوڑانی: رخصتی (اسم۔ مونث)
عروس دشوکوں سمدیاں کے نگر کو ہوئی سو بھوڑانی (نصرتی۔ گلشن عشق)

بھوڑائیاں: واپس کیا۔ لوٹایا
دے تشریف دونوں کوں بھوڑائیاں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

بھوڑنا: لوٹانا۔ واپس ہونا
بنی کے بھوڑیا یا بڑے بھار سوں (نصرتی۔ گلشن عشق)

بھوڑنا: ڈوبنا

بھوڑ تے ہمن ہات دیتے اُکال (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

بھوڑے کی مجلس: رخصتی کی رسم

صفت بھوڑے کی مجلس کی ہوئی سوریت رسانی (نصرتی۔ گلشن عشق)

بھوڑانا: واپس کرنا

بھوڑاے: واپس کیا لوٹایا

بھو تیک چاوسوں حاجب کو بھوڑاے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھوس نکل جانا: بھرکس نکلنا

چٹکنے میں جاوے گا سب بھوس نکل (فراقی۔ مراۃ الحشر)

بھوسنگاری: بہت سنگاری ہوئی

سہے چھتری تنک سوں بھوسنگاری (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھوشن: آرائش۔ سجاوٹ

مکتا بھوشن بھوشیا سب رکھتا چنگ چھبیلا (ابراہیم عادل شا۔ کتاب نورس)

بھوکانا: بھونکنا

بھوکا کر جگانے سنگاتی کیا (نصرتی۔ گلشن عشق)

بھوصفاتی: بہت سی صفات کا حامل

یک ذات بھوصفاتی + ہے ذات دن نہ راتی (میراں جی خدانما۔ بشارت الانوار)

بھوکدے: حاسد۔ بدطینت

بھوکدے بھائی جے یہ کٹ بجھیں گے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھوک بلاس: عیش وعشرت

بھوک بلاس کو سوکھ تیں چھوڑیں بعضے بندہ (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نامہ)

بھوکڑ: بھوکا

او بھوکڑ باگ غصے میں بھر جا کو بولنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بھوکن: (سنسکرت۔ بھوشن) زیور۔ آرائش

نہیں پرواسنورنے کا مجھے بھوکن پنہاڈمت (شاہی۔ کلیات شاہی)

بھکیا: بھیک

گدا ہو کے دائم سو بھکیا منگے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بھوگ: عیش وعشرت

(1) دوجیں ات بھوگ کری تھے بہے خوئی بند ماراں کر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) (2) کبھی بھوگ سنگرام خوش حال ہوئے (غواصی۔ سیف الملوک بدیع الجمال)

بھوگ آنند: عیش وعشرت کی لذت اور لطف

تو سکھ پاوے بھوگ آنند (شیخ داول۔ کشف الوجود)

بھوگہ بلاس: عیش وعشرت

اس تن جیسا بھوگہ بلاس (جانم۔ ارشاد نامہ)

بھوگ بیلاس: عیش وعشرت

کہ جے ان سات لیں کچھ بھوگ بیلاس (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بھوگن: بہت گن والا۔ حسین وجمیل۔ لائق

1۔ کہ بھوگن سوں ساری رنگیلی ریجھاتی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ چندر روپی اے بھوگن (اشرف۔ نوسرہار)

بھوگنا: لطف اندوز ہونا

حسن سوں بھوگیا سب سکھ لا (اشرف۔ نوسرہار)

بھوگنی: بہت گن والا۔ خوش صفات

اتم بھاگ کا بھوگنی بے نظیر (غواصی۔ طوطی نامہ)

بھوگو: سزا پاو۔ برداشت کرو

کرتب اپنے یوں بھوگو (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

بھوگی: عیش وعشرت کرنے والا

1۔ تپس انکو دیکھت مت ہوئے بھوگی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ توں وہ آج بھوگی جوانمرد ہے (غواصی۔ طوطی نامہ)

بھوگی گمنہارا: عیش وعشرت میں بسر کرنے والا

جو عبداللہ شہ ترکماں بھوگی گمنہارا ہوا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بھوگے: لطف اندوز ہو

نبی کے صدقے تے خوش اس ٹھار بھوگے ذوق لیون ہار (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بھوگیا: عیش وعشرت کرنے والا

لیونگی دل بھلا کر اس سور بھوگیا کا (شاہی۔کلیات شاہی)

بھوگیا: برداشت کیا۔ تجربہ کیا

سب سکھ دیکھیا بھوگیا راج (اشرف۔نوسرہار)

بھول: گفتگو۔ بول۔ الفاظ (اسم۔مذکر)

یہی بھول کہہ راؤ مندر گیا (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

بھول گھالنا: بھول چوک

وہ مجھ کیسی گھالی بھول (اشرف۔نوسرہار)

بھولن ہار: (بھولنے والا) دنیا کو لبھانے والا

ستائل ہیں انبر دھرتی بھولن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھولوگ: بہت لوگ

یعنی گلی یو برہ کی بھولوگ ڈاناڈات ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

بھولے پنے: بھولا پن۔ معصومیت

یہ بھولے پنے پر سکل دل گنوائے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

بھوم: (بھومی) زمین (اسم۔مونث)

(1) کستوری کپور بھوم کیسری پال کرنداد مالی مدن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) (2) بڑا بادشاہ سب میں اس بھوم کا (سید محمود۔قصہ ملکۂ مصر)

بھومان: بہت عزت۔ بہت تکریم

1۔ بچن تج بھومان پاتے اہیں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

2۔ شاہاں سنے بھومان تھے کرنا بڑائی جان تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ کھیا تج وصل کا بھومان دی توں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

بھومیال: وطن۔ ٹھکانہ۔ گھر (اسم۔مذکر)

اپنے بھومیال چھوڑ دینا ہور مسافری لینا نیں آتا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھومیال ہونا: رہائش اختیار کرنا

ایک مینڈکی اس کے ہمسایے میں بھومیال ہوئی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھون: گھر۔ محل (اسم۔مذکر)

1۔ آپ کر بھون اپ سایا (جانم۔حجت البقا) 2۔ کہ بٹھیں کے بھون کا گر ٹھار ہے (وجہی۔قطب مشتری)

بھوناگ: شیش ناگ۔ جس کے پھن پر دنیا قائم ہے

اس وار کے جھنکارتے بھوناگ کے پھن جھڑ پڑے (شاہی۔کلیات شاہی)

بھونت: بھوت (بہت) کی انفیائی ہوئی شکل

بے خود ہوا بھونت نڈھال (اشرف۔نوسرہار)

بھونچال: بھونچال

اجل آئے پر دیکھ بھونچال ہے (نصرتی۔کلام نصرتی)

بھوندا: فریبی۔ دھوکا باز

1۔ بھوندا جو پاوے سلک رائے چک (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راو)

2۔ یے بھونداں کے بھوندنے پر کوچا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھوندنا: دھوکہ دینا

بھوندتا: دھوکا دیتا

بچارے اس بڈھے کو بھوندتا ہے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھوندلیانا: پھنسانا۔ ناجائز فائدہ اٹھانا

اُسے بھوندلیانا تو کیا بار ہے (غواصی۔مینا ستونتی)

بھوندلی: فریب۔ دھوکا

بھلے بھی بھاگ کیری بھوندلی یوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھوندنے کی چال: فریب دینے کی چال

پکڑ کر بھوندنے کی چال پھر دو (ابن نشاطی۔پھول بن)

بھوندو: پیارا۔ دلفریب۔ دھوکا باز

1۔ گلا نازک میٹھیاں باتاں نظر بھوندو انکھیاں چنچل (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

2۔ گن کا سکھا ٹونا مجھے منتر ہے بھوندو بات تجھ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

بھوندی: بے وقوف بنا۔ بیوقوفی کرنا

1۔ بڈی شہہ کو بھوندی بہت چھند سوں (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

2۔ کیا ہوں کیتا میں بھوندی (اشرف۔نوسرہار)

بھونڈا: بدنصیب

طمع بخت سے چھین بھونڈا کرے (نصرتی۔علی نامہ)

بھونرے: بھنور۔ گرداب (اسم۔مذکر)

پکڑ ہات بھونرے سیتی کاڑتوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بھونگ: (سنسکرت۔بھجنگ)۔سانپ۔کالا سانپ (اسم۔مذکر)

1۔یہ منگے جالو بھونگ کالا چندن کے رک پر چڑیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔سو کے دیس یوں نیں سنگ جوں کاڑیاں جیاں بھونگ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔بھونگ آرھیا ہے سوگنج ٹھار پر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بھُونگ بال: (بھونگ۔بھجنگ (سانپ+بال) سانپ کے جیسی لٹیں

1۔بدن مال کیاں ہور بھونگ بال کیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔تجھ زلف تھے اپچی بھنور دو جے بھونگ بالا ہوا (حسن شوقی۔غزلیات)

بھونیا: بھونا

کہ پتھریاں اپر سب وو بھونیا کباب (وجہی۔قطب مشتری)

بھوَئیں: (بھوئیں) زمین (اسم۔مونث)

1۔نت جوشیاں الول بجاوے بھوَئیں پر مارے داناں (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔پھانے بھوئیں تو بیٹھوں (اشرف۔نوسرہار)

بھَوے: بہے

بھیا لھونڈی میں بھوے جوں کہ آب (رستمی۔خاور نامہ)

بھویاں: کہار (بھوئی کی جمع) (اسم۔مذکر۔جمع)

لے آبھویاں گھر میں دیے ہیں اتار (مذنب۔پنجہ آفتاب)

بھیجی: (بیچی) فروخت کیا

(1) ہر یک انگوٹھی ہات میں بھیجی تو پھر پھر کاس کی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

(2) بھیجے کپڑے سب رومال (اشرف۔نوسرہار)

بھی: اور۔پھر

1۔بھی شکر کرن منج کوں توں توفیق نوا بخش (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سنجارے لگ نہ تھا بن عشق بھی کام (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔کرن سور کی بھی چلی سور کن (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں) 4۔گئی رات ہور بھی اجالا ہوا (غواصی۔مینا ستونتی)

بھَیا: بہا

(1) بھیا لھونڈی میں بھوے جوں کہ آب (رستمی۔خاور نامہ) (2) جو تیغاں تھے اس ٹھار کوں لھو بھیا (رستمی۔خاور نامہ)

بھیا: ہوا

(1) زرد رنگ تھا سو سرخ سب بھیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) (2) جلا تن کو اپنے بھیا ہوں سنیاسی (شاہ تراب۔من سمجھاون) (3) کتے دیس شہہ باج فرزند بھیا (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

بھَیا: (سنسکرت بھئے) ڈر (اسم۔مذکر)

اوشیر ہونے میں پرداسے بھیا کا (شاہی۔کلیات شاہی)

بھَیاؤ: بیاہ۔شادی (اسم۔مونث)

(1) دیے شاہ مریخ سوں بھیاؤ کر (وجہی۔قطب مشتری) (2) او دونو کا بھیاؤ ہوا (وجہی۔سب رس)

بھیاں: بھئی (ہوئی) کی جمع

اُتا دل او بھیاں جے جگ چے کب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھیتر: اندر

بیٹھے مسجد بھیتر آ (اشرف۔نوسرہار)

بھیٹ: ملاقات (اسم۔مونث)

بوڑے غواص کیرے بھیٹ (جانم۔ارشاد نامہ)

بھیٹن: (بھینٹ) ملاقات۔ملنا (اسم۔مونث)

شہہ کی بھیٹن سوں ہے مستوریاں کی عید (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھیدک: (سنسکرت) بھید جاننے والا۔عالم۔رازداں

کلا کوک بھیدک سو سب گیان ہے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بھیدو: رازدار۔جاسوس۔بھیدی (اسم۔مذکر)

اس کو اپنا بھیدو نہ بنایا جائے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بھیدے: پھیلے۔سرایت کر جائے

نہ بھیدے ناگ کا بس بن لڑے کس (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بھیدیا: سرایت کر گیا۔نفوذ کر گیا

1۔جو بھیدیا ذات میں کچ اُن کیرا رنگ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔گیا سب عقل بھیدیا عشق من میں (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔بڑا زہر اس کوں سو یوں بھیدیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔برسات کے پھولاں کا بھیدیا ہے باس روں روں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بھَیر: ایک ساز۔بگل (اسم۔مذکر)

کاہلیاں بھیراں کیتے سے (اشرف۔نوسرہار)

بھیرا: بہرہ (اسم۔مذکر)
ہوا یہ بات سن بھوتیک بھیرا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
بھیراں: بھیر (ایک باجا۔بگل) کی جمع (اسم۔مذکر)
نفیریاں و بھیراں و کرنائے کے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)
بھیری: بحری۔ایک پرندہ (اسم۔مونث)
کلنگاں اُپر باز بھیری مثال (سیوک۔جنگ نامہ)
بھیرے: بہرے
بھیرے کرے دونوں کان (جانم۔ارشاد نامہ)
بھیس پھرانا: بھیس بدلنا
پھرا کر اپس کے سوا اس بھیس کوں (اشرف۔نوسرہار)
بھیسی: بھیس بدلنے والا۔بہروپیا
ہوؤں جوگی پھیروں بھیسی (شاہی۔کلیات شاہی)
بھیک: بھیس۔لباس (اسم۔مونث)
دکھلایا بھیک کر پوری جگت کو تال کی (شاہی۔کلیات شاہی)
بھیک لیسی: فقیروں کا لباس
یوں بھو بھیک لیسی ہوئے (جانم۔ارشاد نامہ)
بھیکاں: بھیک کی جمع
حضرت علی مولود کن علماں منگے بھیکاں سبھی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
بھیل: جنوبی ہند کے ایک آدی باسی قبیلے کے لوگ جو سیاہ فام ہوتے ہیں۔
(1) کیتک رنگ ہور روپ میں بھیل سے (صنعتی۔قصہ بے نظیر)
(2) چلے بھیل مکھیاں کی دھر دھر کماں (نصرتی۔علی نامہ)
بھیلا: (بھیل) گھلا ملا۔آمیزش
ہوئے معشوق سوں یک رنگ بھیلا (مومن۔اسرار عشق)
بھیلا: بہلا
1۔لے کر بھیلا آپ سنبھال (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔تو کون اچھے بھیلا بول (جانم۔ارشاد نامہ)
بھیمن: برہمن (اسم۔مذکر)
دفتر بھیمن گردان کر ضائع کیے ہیں ران کر (غواصی۔کلیات غواصی)
بھئیں: (سنسکرت۔بھوم) زمین (اسم۔مونث)
پڑے مست ہو بھئیں پر ابھرتے سور (وجہی۔قطب مشتری)
بھین: بہن (اسم۔مونث)
1۔گوتی ماں باپ بھائی بھین (اشرف۔نوسرہار) 2۔سب لوگ لے کے گھر گئے ماں بھین اور نانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
بھینا: بہن (اسم۔مونث)
بھائی بھینا گوتی ہور+سکلیں مانند یا ماتم شور (اشرف۔نوسرہار)
بھیناکار: (بھینکر) خوفناک۔بھیانک
یو سب دستا بھیناکار (جانم۔ارشاد نامہ)
بھینت: دیوار (اسم۔مونث)
1۔اس چھت کو توڑ ڈال جیوں بھینت (بحری۔من لگن) 2۔سورو نے لگی بھینت سوں جوڑ کھو (وجدی۔تحفۂ عاشق)
بھینرو: بھیروں۔ایک راگ
بھینرو سارنگ نٹ یمن گائیاں کدارا کاہے کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
بھینسی: بھینس
پڑی گوی میں خونخواری بھینسی ہے جو (نصرتی۔علی نامہ)
بھینوار: بہنے والا
انکھیاں بھینوار سو کشنا ہو سدا ابھر پور بہتیاں ہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
بھئیں: (بھوی) زمین (اسم۔مونث)
1۔جن یو سر جیا بھئیں اسمان (اشرف۔نوسرہار) 2۔مجی دین کوں دیک سر بھئیں رکھا (فیروز۔پرت نامہ) 3۔ترنگ پرتے بے سدھ ہو بھئیں پر پڑیا (طبعی۔بہرام وگل اندام)
بھئے: ہوئے
جا کر بھئے سو کشم کے باسی (محمود بحری۔من لگن)
بھئے: ہوں گے
بدیا پنتھ سوجت نہیں یا کارن سرتی گنپتی اب سیس بھئے پر کاش (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
بھُئی: (بھوی) زمین (اسم۔مونث)

جتے جی لیا سیس اپس بھی میں گاڑ (نصرتی۔ گلشن عشق)

بی: بھی کی غیر ہا کاری شکل

(1) جو بی ڈوبیا ہوئے پانی بھر (فائز۔ رضواں شاہ وروح افزا)

(2) سفیدی بی کھنچی تھی مکھ پر نقاب (رستمی۔ خاور نامہ)

بیاپ: (سنسکرت دیاپ) کاروبار۔ معاملہ۔ تفصیل۔ کیفیت

(1) یہ بھر دسائیں جو بولوں برہ کی گرد بیاپ میں (محمود بحری۔ کلیات بحری) (2) دل سوں منجھ درد کوں کرے گا دور۔ ہوے کا برہ بیاپ کوں بھنجن (محمود بحری۔ کلیات بحری) (4) یو دونوں بھی ہوئیں سنا ہور سوگند (وجہی۔ سب رس)

بیاپک: (سنسکرت دیاپک) گھیرا ہوا۔ محیط۔ پھیلا ہوا

یوں بیاپک کا بیاپک بھی تھان مان (میران جی خدانما۔ شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

بے اُپکاری: احسان فراموش۔ ناشکرا

ارے بے اپکاری میں تیرے واسطے کر کواتی گھر گھالو لوٹ میں اتری (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بیال: سانپ (اسم۔ مذکر)

ترا ودھری بیال کی بس (محمود بحری۔ من لگن)

بیانا: پیدا کرنا۔ جنم دینا

کس کی ایسی بیانی مائی (اشرف۔ نوسرہار)

بے انت: جسکا کوئی انت نہ ہو۔ لامحدود

1۔ سو میں بے انت (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 2۔ تو وو ہی سن نر نکلا دسو میں بے انت بے کنہ بے نہایت (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

بیب: دو

1۔ سارو انگیش ماتا پتا زل بیب پھلک سیسی ناس (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) مانو بیب پھپ کلی ایک ڈالی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

بے بدلی: جس کا بدل نہ ہو۔ بے مثال۔ لاجواب

انساں تجے کیوں کر کہوں تو رشک پری ہے۔ سچ بے بدلی ہے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بے بدھ: بیوقوف۔ بےخبر۔ بےسدھ

نہ لیا تاب کوئی وقت بے بدھ ہوا (نصرتی۔ گلشن عشق)

بیبیانی: بی بیوں جیسی۔ شریفانہ

اجڑی میں کچھ رہائیں سکھ چال بیبیانی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بی بی پن: عصمت۔ پاکیزگی

بی بی پن کے فن سوں خبر دار اچھ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بیپار: بیوپار۔ کاروبار۔ تجارت (اسم۔ مذکر)

بولی ہمارے شہر میں بیپار یہ کھڑ موڑ ہے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بیت: بیونت

تو بیٹھوں گی روپ کر نوے کپڑے رکھے ہیں بیت کر (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بیتال: ایک راکھشس کا نام جس کی کہی ہوئی کہانیاں (بیتال پچیسی) مشہور ہیں

بجے آن دیپال بیتال کی (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

بیتاں: بیت (بید) کی جمع

مارو بیتاں ہور اُس کوں رنج کرو (رستمی۔ خاور نامہ)

بیتائی: بتائی: گذاری

رین بیتائی نرگس سار سوکر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بیتھر: (بھیتر) اندر

بیتھر بیسوں بھاوں دل (اشرف۔ نوسرہار)

بیٹ: بید (اسم۔ مونث)

ہلوں بیٹ باریک سوں مار مار (غواصی۔ طوطی نامہ)

بیٹ: بیٹھ

1۔ خوشی سوں بیٹ کر سب غل اُچائے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
2۔ چلا بیٹ گاڑیاں پہ ات نیٹ سوں (نصرتی۔ علی نامہ) 3۔ بیٹ سار سوں بیٹ میرے سنگات (صنعتی۔ قصہ بےنظیر)

بیٹھا: بیٹا (اسم۔ مذکر)

ولے اس کوں بیٹی نہ بیٹھا اتھا (وجہی۔ قطب مشتری)

بیٹھنیا: بیٹھا

کہ بیٹھیا پلنگ پر سوغم خوار ہو (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بیجل: بجلی (اسم۔ مونث)

کھڑک بیجل ہنکارا مار جھمکائے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بیجن: پاؤں کا ایک زیور (پیجن)

کہ گھنگرو بیجن پائلاں بے مثال (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بیجلی: بجلی (اسم۔ مونث)

1۔ چمک جوں بیجلی کھن میں چھپیلی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 2۔ انبر ترنگ زین چندا لوا چابک سرنگ بیجلی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ چنچل کوں جا کے بول آ بیجلی کے مانند (ولی۔ کلیات ولی) 4۔ زلف اندھیارے میں رخ جیوں بیجلی (محمود بحری۔ کلیات بحری)

بیجلیاں: بجلیاں (اسم۔ مونث۔ جمع)

1۔ دسیں ابر میں بیجلیاں کے شرار (رستمی۔ خاورنامہ) 2۔ مکلل ہو لکیاں جھمکانے بھی جیوں بیجلیاں بالیاں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بیچتر: (سنسکرت۔ وچتر: نادر۔ انوکھا) نایاب

اتھی چاتر بیچتر دھن سجائی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

بیچن هار: بیچنے والا

یو کانے بیچن ہار بی تو ہوتا (وجہی۔ تاج الحقائق)

بیچھ: بیچ۔ درمیان۔ میں

رکھیا آب و آتش توں شمشیر بیچھ (نصرتی۔ علی نامہ)

بیچھریا: بچھڑا

ابراہیم رام بیچھڑ یا جیوں سیتا رے (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

بیچھو: بچھو (اسم۔ مذکر)

(1) وھاں بیچھو تھا موجود (اشرف۔ نوسرہار) (2) بوجھے تو کھئی بیچھو کیا ڈنک مار (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں) (3) بیچھو چڑیا سر دے انگ (اشرف۔ نوسرہار)

بے خبراگی: بے خبری۔ غفلت

عقل جاتی مدمستی چڑتی بے خبراگی آتی (وجہی۔ سب رس)

بید: وید۔ اہل ہنود کی مقدس کتاب

1۔ منتر سکھلایا یک کا ذکر بید (ابن نشاطی۔ پھول بن) 2۔ بوجتا ہندو ہے باتاں وید کی (ولی۔ کلیات ولی) 3۔ تو سب کتاباں سٹ دیئے ہور دو بھی پڑتے نہ بید (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بید: حکیم

تیوں ہم روگی بید محمد طبیب جان قران (میرانجی شمس العشاق۔ وصیت النور)

بیداں: بید (وید۔ حکیم۔ علاج کرنے والا) کی جمع (اسم مذکر جمع)

کیا بوجے ہیں دردکوں بیداں کے باج دوست (محمود بحری۔ کلیات بحری)

بے دغدغا: بے خوف

نامحرموں کوں بولتا بے دغدغا اچھوں (میراں جی شمس العشاق۔ بشارت الانوار)

بے دوس پا: بے دست وپا۔ مجبور

نہ دک سوں جال منج بے دوس پاکوں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بیدلت: بے دولت۔ منحوس

بڑا گھوری بیدلت ہوتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

بیڈر: (انھیں دکن میں وڈر کہا جاتا ہے) ایک شکاری قبیلہ

پتلیاں دسے بیڈر ہو سد سو کا سو جیوں بھالا ہوا (شاہی۔ کلیات شاہی)

بِیر: بہادر (اسم۔ مذکر)

جن شرف اس عید کا پایا سو ہے او جگ میں بیر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بَیر: (سنسکرت ویر) دشمن۔ بیری

اپنے سارے بیروں ہات (اشرف۔ نوسرہار)

بِیر: بھائی

1۔ نہ تجھ پوت بدونت نا بیر مل (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ گل لگ رہے دونوں بیر (اشرف۔ نوسرہار)

بیرا: (بیری) دشمن

اے بیرا سانچ بھاری ہے سیتھا بچھڑی پہ بالم کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بیراٹ: بہرا

مکیاں کوں جیب ہور بیراٹ کوں کان (مومن۔ اسرار عشق)

بیراجنا: بیٹھنا۔ رونق افروز ہونا

اس کے کلس سورج چندر دو جگ میں بیرا جے سدا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بیراگ: ترک دنیا

پکڑیا باٹ جنگل کی بیراگ تھے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلی مجنوں)

بیراگنی: سنیاسی

بیراگنی ہے تو جتے بیری بھی دیکھو باٹ تک (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بیرک: (سنسکرت ورکش) درخت (اسم۔ مذکر)

صندل عود اگر کے بیرک بے حساب (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بیر لینا: دشمنی کرنا

سو کی مفلسی بیر لے بیچ اُسے (غواصی۔ طوطی نامہ)

بےروجھ: بےروزگار

رھیا ہو کے بےروجھ بگڑ ہاریاں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بَیری: دشمن

1۔ ملک سخت بیری مجے ترک آج (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)
2۔ آئے بیری آڑے ہوئے (اشرف۔ نوسرہار) 3۔ منگے دل سوں سب میت و بیری تجے (نصرتی۔ کلام نصرتی) 4۔ بیری اُن کو یوں دیکھ دے (اشرف۔ نوسرہار)

بیریں: بیری (دشمن) کی انفیای ہوئی شکل

1۔ بیریں پکڑیا یو دنبال (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ بیریں کیرا رخ پکڑ (اشرف۔ نوسرہار)

بےزباناں: بےزبان کی جمع

زبان دیوے توں بےزباناں کے تئیں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بیڑنا: جانوروں کو ہانک کر ان کے باڑے میں لانا

بیڑا بس اب اس کوں تھان پر لیا (محمود بحری۔ من لگن)

بیڑے: جکڑے۔ گھیرے ہوئے

اندھارے کے بادل مجے بیڑے چو پھیر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بیڑیاں: پان کے بیڑے۔ گلوریاں (اسم۔ مذکر۔ جمع)

بیڑیاں کوئی کھلاتے کوئی بند کے پان (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بَیس: دروازہ

اتھے مصر کے شہر کو بارہ بیس (قدرتی۔ قصص الانبیا)

بَیس: بیٹھ

1۔ نے بیس سکی تھی نظر کرسی لک بسیار کا (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ کہ یا بیس کوئل جو شمشاد پر (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 3۔ نکلنا متے منگل اُپر بیس (ابن نشاطی۔ پھول بن)

بےسد: بےسدھ کی غیر ہاکاری شکل

1۔ وہ بےسد کو وئیں پھر کے ہوشیار کر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ ترنگ پرتے بےسد بھئیں پر پڑا (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

بےسدی: بےسدھ پن

غطے بےسدی ہو جو کھانے لگی (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

بیسر: نتھ۔ ناک کا ایک زیور (اسم۔ مذکر)

1۔ بیسر کا حلقہ چھپ سوں دیسے ماہ نوتمن (شاہی۔ کلیات شاہی)
2۔ بیسر تماری ناک میں دیکھا تو عالم یوں کہا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 3۔ بے شک توں رکھ تیراج ہے لب ہور بیسر کا طبق (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بِیسر: بسر۔ بھول

سو یوسف کا کھیا بیسر گیا اُن (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بیسک: بیٹھک

دیتی بیٹھنے اپنی بیسک پڑی (غواصی۔ مینا ستونتی)

بیسلا: بٹھلا

شتر بیسلا کر کھولیا اسکا پاؤ (رستمی۔ خاورنامہ)

بیسلائے: بٹھائے

1۔ کہ بیسلائے سب کو ہوا کے جالا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ بلاں پاس بہرام کو بیسلائے (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

بیسنا: بیٹھنا

(1) جاں عزت نا اچھے گی واں کیا سوادے گا بیسنا (وجہی۔ سب رس)
(2) خلافت تجے بیسنا عار تھا (وجہی۔ قطب مشتری)

بےسیوٹ: جس کی سیوٹ (حد) نہ ہو۔ بے انتہا۔ تراش خراش سے آراستہ۔ ڈھلا ہوا
نہ کنکرج کوتو بےسیوٹ نہ بھائے (وجدی۔ پنچھی باچھا)

بیَسوں: بیٹھوں
پھانٹے بھوئیں تو بیسوں جا (اشرف۔ نوسرہار)

بیسیاں: بیسی (بیٹھی۔ فعل مونث) کی جمع
سکیاں مل بیسیاں سو جب کرے بات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بیسے: بیٹھے
کہ جے بیسے کسی پنکھ پاس (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

بےشکے: بےشک
تری یاد بن خاک ہے بےشکے (رستمی۔ خاور نامہ)

بیغم: بیگم (اسم۔ مونث)
مری بیغم نے ہر یک دو کہن تمنا مبارک ہو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

بےفرمانیاں: بےفرمانی (نافرمانی) کی جمع
کوئی پراگندہ سو بےفرمانیاں کرے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

بےقیمتی: بےبہا
کہ بےقیمتی ایسے ہیریاں کی راس (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بےکڑ: ظالم۔ سنگ دل
1۔ بڑا بےکڑ اس میں خوبی نہیں (وجہی۔ قطب مشتری) 2۔ سنیادہ بے کڑ باتاں سو آروس (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔ کہاں لگ صبوری ہووے بےکڑ (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 4۔ جو کوئی بےکڑ اس کوں مارا ہے لات (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

بیکھڑے: بکھرے
گگن بھر جوں نکھیتر بیکھڑے ہیں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

بیگ: جلدی۔ فوراً
1۔ نہ کر یوسف اوپر یوں قہرتوں بیگ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ گئے بیگی سوں عرش کیرے انگے (رستمی۔ خاور نامہ) 3۔ تو جا بیگ یاں سوائے ڈائن کھساٹ (غواصی۔ مینا ستونتی)

بیگانہ نر: بیگانہ مرد (اسم۔ مذکر)
میں عورت شرم کی او بیگانہ نر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

بیگدی: (بیگی) جلدی
کنے بیگدی آں میں پائیا (قدرتی۔ قصص الانبیا)

بیگ دی بیگ: جلدی سے جلدی
ہرن ہیں کرو بیگ دی بیگ شکار (نصرتی۔ تاریخ اسکندری)

بےگنت: بےشمار
1۔ خدا نے دیا تھا ملک بےگنت (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ دریا میں سوں ہزاراں لہراں ہور بڑبڑے بےگنت آتے ہیں (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار)

بیگھت: دیکھے
اپنا آپ کہ بیگھت (محمود خوش دہاں۔ رسالہ علم الحیوۃ)

بیگی: جلدی
1۔ یہ نکتہ مجھ پر بیگی سوں کھولو (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار) 2۔ یو دو باتاں نمیں آتیاں۔ ایک بیگی دوسری غروری (وجہی۔ سب رس) 3۔ آہستگی میں نیر جوں بیگی منے پارے اہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ درنگی نکو کر تو بیگی سوں چل (صنعتی۔ قصہ بےنظیر)

بیگچ: بیگ (جلد) ہی۔ جلد ہی
خزانے دار بھی بیگچ دھایا (وجہی۔ سب رس)

بیگیں: بیگی (جلدی) کی انفیائی ہوئی شکل
دیے سدھ بیگیں الاس الاس (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

بیل: نسل۔ اولاد۔ نسب۔ خاندان (اسم۔ مونث)
1۔ اتم بیل مخدوم جی پائیا (فیروز بیدری۔ پرت نامہ) 2۔ نہ رکھ سوں بیل تیرا جگ میں جیتا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

بیلا: (سنسکرت۔ ویلا) وقت۔ ساعت (اسم۔ مونث)
1۔ مالک یوں پوچھے یاراں اس بیلا یہ بول (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور) 2۔ کہ منج عمر کی اس بیلا جدا ہوتا (جانم۔ ارشاد نامہ)

بیلار: پیچھے
تو رہے دونوں کے بیلار (شیخ داول۔ کشف الوجود)

بیلاں: بیل کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

1۔مری خوشیاں کی بیلاں کھن منڈوے پوچڑ دو کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔چھوڑے پڑے اچتے بیلاں میں جیوں (وجہی۔قطب مشتری)

بیلی: بیل (اسم۔مونث)

لپٹتی رو کھ کوں جیوں کوئی بیلی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بے مانند: بے مثال لاجواب

او پھند نا لکھ چھند کا بے شکل بے مانند کا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بیم پکڑنا: ڈرنا

زمین دمدناوے پکڑ کر سو بیم (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بے مثالا: بے مثال

یا ہیں انار دانے اپروپ بے مثالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

بے مثل: بے مثال

وہ گن کے تیئں بے مثل (جانم۔ارشاد نامہ)

بے میسری: جس کو کچھ میسر نہ ہو۔غریب

ہور اپنی ناتوانگی ہور بے میسری سوں سفر نہیں کر سکتے ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

بین: (سنسکرت وانی) بات۔بول۔کیفیت (اسم۔مذکر)

(1) اپے کہنا ہور اپے سننا اپنے بین (وجہی۔سب رس) (2) پپیہا گاوتا ہے میٹھے بیناں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (3) وہ شارو کے سوں تے سنی جب یوں بین (غواصی۔طوطی نامہ)

بینا: جھومر (اسم۔مذکر)

بیناں پا کھر بیناں سوں ات ماتی سرک ہاتی (نصرتی۔علی نامہ)

بینا: بین۔ایک ساز (اسم۔مذکر)

تنبورے جنتر بینا ئر منڈل (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

بینچ: بیج کی انفیائی ہوئی شکل۔دانہ۔تخم

بوسیاں کے بینچ پیرتا ہوں اس ہونٹ باغ میانے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بینجھ: بیج۔دانہ۔تخم

یہی بینجھ دل میانے بو آئی تھی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

بینڈ: سوراخ کرنا

پلک کے انیاں سیتی بینڈتوں مانک رتن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بینکا بال: نقصان

کوئی نہ اس کا بینکا بال (اشرف۔نوسرہار)

بینگا: ٹیڑھا

بینگا تیڑھا ناسوزوں (اشرف۔نوسرہار)

بے نہات: بے نہایت۔بے انتہا

زبان تے سناشہ صفت بے نہات (عبدل۔ابراہیم نامہ)

بینی: ہراول (اسم۔مونث)

بینی پر چلے وبدے کے منگل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

بیوار: بیوپار۔کاروبار۔تجارت (اسم۔مذکر)

تیرا بیوار کیا ہے؟ (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بیوار: (بیورا) معاملہ تفصیل

یوں یو کیا بیوار ہے سو سگل بچر کر بول (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

بیولے: بولے۔اگا

عارف ہو بینچ اخلاص کا دل کی زمیں میں بیولے (غواصی۔کلیات غواصی)

بیہدہ: بیہودہ

بیہدہ کرتے پرستش چاند ہور خورشید کوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

بیہار: (سنسکرت ویوہار) بیوپار۔کاروبار (اسم۔مذکر)

دولت تے تج تجار ہوئے جس لگ ہے اس بیہار کا (نصرتی۔علی نامہ)

بیہری: (بیری) دشمن

نہ جیوتا چھوڑ بیہری کوں جو سپڑے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

بیہشی: بے ہوشی

دیتی دارو ئے بیہشی بی اسے (رستمی۔خاور نامہ)

OOOOOOO

پ

پاپ جھڑنا: گناہ کا دھلنا
صبا اٹھ انوں کو مہنہ دیکھے تو جھڑتے سب پاپ (وجہی۔سب رس)

پاپدم: کنول کے جیسے پاوں (پا=پاوں+ پدم=کنول)
چلے رکھ پاپدم جس پنتھ وہ کنتھ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاپن: گنہ گار عورت
نہ دکھتی یو جاتی سو پاپن پڑ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پاپ ناسن: گناہ مٹانے والا
کہ اے گوبند گسائیں پاپ ناسن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاپنی: پاپ (گناہ) کرنے والی۔پاپن۔گنہ گار عورت (اسم۔مونث)
1۔مرد نار او پاپنی استری (غواصی۔مینا ستونتی) 2۔کھاوے گی کر او پاپنی جا کر چھپا نرگس بھیتر (حسن شوقی۔غزلیات)

پاپی: گنہگار (اسم۔مذکر)
1۔نرآدھار پاپی سیرے سرکا (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔جہاں پاپی جو بیٹھے میل دو چار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پات: پتہ (اسم۔مذکر)
1۔اتھے بند شبنم کے یوں پات میں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔دیک رنگ پھول پھل ہور پات کوں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 3۔نہ ہلے کوئی پات اسکے حکم باج (وجدی۔پنچھی باچھا)

پاتال: زمین کا نچلہ طبق
رھیا جا کے پاتال میں ٹھاوں کر (غواصی۔طوطی نامہ)

پاتاں: پات (پتے) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔سہیلا گارتے پاتاں کے باتاں سو بچا تالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔بنے بن کے جھاڑاں کے پاتاں سمیت (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔دھریں روپ پاتاں پی تجہ فہم سنگ (نصرتی۔علی نامہ)

پاتر: ناچنے والی (اسم۔مونث) (اسم۔مذکر)
سوا پسند کے پاتراں کوں نچایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پاترا: جنم پتری (اسم۔مذکر)
جب نجوی پاترا کرنے لگے (وجدی۔پنچھی باچھا)

پاتراں: پاترا (رقاصہ) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
1۔عشق کے پاتراں سب اس کا س دیکھ لاجے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔صبا اندر رہ پاتراں بدھ کھوے (عبدل۔ابراہیم نامہ) 3۔کیتک پاتراں جلد نادر تمام (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

پاتری: رقاصہ (اسم۔مونث)
تو شادیاں گانے زہرا پاتری ہوئے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاتک: پاپی
بنو اس کے پاپ بن کے پاتک (محمود بحری۔من لگن)

پاتھر: پتھر (اسم۔مذکر)
1۔نہ پاتھر نہ نائی نہ پانی نہ اور (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔پاتھر میں تھیں نیر بہاؤ (اشرف۔نوسرہار)

پاتی: پتہ (اسم۔مونث)
جو اڑگے ابر جوں پاتی پرانی (محمود بحری۔کلیات بحری)

پاتیں پات: پات پات۔پتہ پتہ
پاتیں پات جیو بہلتا (وجہی۔سب رس)

پاٹ: تخت۔پٹ (دروازے کا ایک حصہ)
1۔لئے ہات میں پاٹ بجڑ کل کا توڑ (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔دنوں پاٹ بجڑ کل کے در کھول کر (طبعی۔بہرام وگل اندام) 3۔سورج چاند کے بند طبل پاٹ پر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پاٹلی: ایک پیمانہ جس سے اناج ناپتے ہیں اس میں ڈیڑھ سیر اناج بھرا جا سکتا ہے۔اسے پلی بھی کہتے ہیں۔
میاں پاٹلی انمنات سوں بھرتا ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

پاچ: (سنسکرت) زمرد (اسم۔مذکر)
1۔بہا ایک نیس کاچ ہور پاچ کوں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔پھوٹیا خوب پاچ گرداگرد کوثر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاچ: (سنسکرت پاش) جالا (اسم۔مذکر)
دہ بیر سوکڑی کا پاچ (وجہی۔سب رس)

پاچاں: (سنسکرت۔پاچ کی جمع) زمرد

1۔ہری ہو دھرتری ساری دسے پاچاں میں جیوں ناری (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔کھڑے تھے جو قدرت سوں پاچاں کے پاڑ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پاچھر: پانی کا رستا

نہ کچھ پاچھر پاکہ جھرا (اشرف۔نوسرہار)

پاچھیں: پیچھے

1۔پچ تنتر آنگے پاچھیں (جانم۔کلمۃ الحقائق) 2۔ابراہیم تانوڑ جڑاویوں دیہیں پاچھیں پاروآوت جھرپتی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پار: پرایا۔غیر

گھر میں ہے لگ اپنا ہور بھار گئے پر پار کا (محمود بحری۔کلیات بحری)

پارا: پہرہ۔چوکی (اسم۔مذکر)

اوٹھیا ورزی پارا کرن تسرے پار (غواصی۔طوطی نامہ)

پاربتی: پاروتی۔شیو کی رفیقہ حیات۔جن کا اصل نام اوما تھا

وہی پاربتی کوں تو پرکھٹ دکھایا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پاردکھیلن: شکار کھیلنے

پاردکھیلن ہری آئے سدا بھورا جائے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پاردی: (پاؤدی) جنوبی ہند کا ایک شکاری قبیلہ جو جنگل میں رہتا ہے۔ شکاری

1۔جیوں پاردی مارے ہرن چھپ کر شسی کے اونٹ سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔آپیں پاردی ہوا بہوت چتر شانا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پارس: پالا

مانوس پارس کیو دینکر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پارِک: پارکھ۔پرکھنے والا

1۔اہے اس کے پارک پہ حیران سب (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔پارک لینا بول شان کی جسے کن یو تھے اس (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

پارکھا: پرکھنے والا۔نکتہ چین

نکر شیخ صنعا ہوا پارکھا (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

پارکی: (پارکھی) پرکھنے والا۔صاحب نظر

گیانی گنی گن پارکی چنچل چھبیلانت جواں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پارنبی: (مراٹھی) (پارمبی)۔بڑ کے درخت کی جٹائیں۔بڑ کی داڑھی۔ جٹائیں (اسم۔مونث)

کہے تو ہوتیاں دو دو کی پارنبیاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پارو: (مراٹھی) شکار (اسم۔مذکر)

1۔ابراہیم تانوڑ جڑاویوں دیہیں پاچھیں پاروآوت چھترپتی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔لگیاں جو کہ پارو شکاری کے ہات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پارہ: پہرہ (اسم۔مذکر)

جوں اپنا کیا دیس پارہ تمام (غواصی۔طوطی نامہ)

پاڑ: برباد۔خراب۔گراہوا

1۔سو مسجد کے تئیں پاڑ و یراں کیے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔پاڑ منڈا سا سرتئیں کھار (اشرف۔نوسرہار) 3۔جن سیج پر آپ سیں پاڑ کر (وجہی۔قطب مشتری)

پاڑ: پہاڑ

1۔او اونچا پاڑ ہے یا کوئی چھجہ ہے (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔ہوئے جھاڑ ہور پاڑ سب سبز پوش (رستمی۔خاورنامہ) 3۔اُلنگتا اُلنگتا بکٹ پاڑ دو (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔کھڑے تھے سو قدرت سوں پاچاں کے پاڑ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پاڑنا: گرانا۔برباد کرنا

پاڑ پاڑ: گرا گرا

جو میوہ لگیا کھاونے پاڑ پاڑ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

پاڑد: شکار (اسم۔مذکر)

کہ جو تیروں منیں پاڑدر ہے ڈوب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاڑد: برباد۔تباہ

سوکیوں ناہوئے جگ پاڑد کرن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاڑدی : جنوبی ہند کا ایک شکاری قبیلہ جو جنگل میں رہتا ہے۔ شکاری
بجگتا ہے جوں پاڑدی سے ہرن (نصرتی۔گلشن عشق)

پاڑنا: ڈالنا
سو طاعت خدا سے دور پاڑتا ہے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

پاڑنا: گرانا
حُسن آفتاب ہے پردے میں تے اجالا پاڑے (وجہی۔سب رس)

پاڑی: تباہی۔خرابی
لاک چاڑی بوج پاڑی مج کو آڑی در منے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پاڑیا: پڑا
ایسا پاڑیا ہم سرکام بن کے نمیں چال (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

پاڑیا: نکالا
جگت بیچ پاڑیا آواز اینٹھا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

پاڑیا: مارڈالا۔تباہ کردیا
دہاں ایک پیکان سوں پاڑیا (رستمی۔خاور نامہ)

پاسنگ: وہ وزن جو ترازو کی ڈنڈی برابر کرنے ڈس پر باندھ دیتے ہیں
پاسنگ اس میزان کا کا دیل ترنالا ہوا (حسن شوقی۔غزلیات)

پاکاں: پاک کی جمع
جو پاکاں کہے ہیں جسے بے نظیر (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

پاکتہ: پاک
انجھو تے پاکتہ کرمائی کا وطن مجروح (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پاک زادہ: دھوبی
ایک پاک زادہ کپڑے دھونے آیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پاک کرنی: جھاڑو
1۔جوں مائی کے گھر کوں پاک کرنی سوں جھاڑتے ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء) 2۔وجود کے میدان کوں مخالفت کی کسپٹ تھے اور مجاہداں کی پاک کرنی سوں جھاڑیں (میراں یعقوب۔

پاکھ: پاک
مرا من راکھ دوجی یاد تھے پاکھ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاکھاں: پتھر
پاکھاں سگرے پاگ لائے دن چرچونب۔دھنی سنی رنگھ آئے دھائے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پاکھ بازی: پاکبازی
نہ میں اپنی سنوں گا پاکھ بازی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاکھر: جھول۔آہنی پوشاک۔زرہ
1۔مہاوت ہے تجھیل پاکھر بجیں گھانٹاں متا منگل (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔پاکھر زرہ سوسوار اوپر یک وار سوں ٹکڑے ہوئیں چار (ہاشمی۔قصیدہ)

پاگ: باگ۔چیتا۔(اسم۔مذکر)
تلی کرکج پاگ کی جگ من بھولنہارے اہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پاگا: پائے گا
1۔اجت ہوئے اگرتوں بھی پاگا زوال (رستمی۔خاور نامہ) 2۔سو کیوں پاگا برائی کر بھلائی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاگا: اصطبل۔گھوڑا باندھنے کی جگہ (اسم۔مونث)
1۔اتھا دسری طرف اک خوب پاگا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
2۔اتھے گھوڑے پاگا میں نولاک اسے (رستمی۔خاور نامہ) 3۔سوا لاک پاگے میں گھوڑے اتھے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پال: پالے۔حوالے
رگڑ مال ہودیں جو چنٹیاں کے پال (غواصی۔طوطی نامہ)

پال: ڈیرا۔سائباں (اسم۔مذکر)
یک پال میں نوفلک ہے کیوں (محمود بحری۔من لگن)

پال: مینڈھ (اسم۔مونث)
حوض کی پال ٹوٹے تو یکا یک باندھی جاتی ہے۔(وجہی۔سب رس)

پال: ساحل (اسم۔مذکر)
درگ دھونی پانڈ دپیہ پور پلکھاں پال (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پال: دبیز پردہ
صونے کے موں کو ناندھوں یک پال سونٹے پڑم کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

پالا: پتے۔ بھاجی
برگ پالا او کھانے کو گیا تھا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

پال باندھنا: مینڈھ تیار کرنا
سمدور کوں کیوں باندنا پال (وجہی۔ سب رس)

پالشت۔ پلشت: پلید۔ ناپاک
اس شہر سنگسار میں اس پالشت ٹھار میں (وجہی۔ سب رس)

پالنہار: پالنے والا
1۔آپیں سب جگ پالنہار ہے وہ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔زمین وزماں کا او پالن ہار (رستمی۔ خاور نامہ) 3۔قائم فلک یو چترا چھو عالم کے پالنہار کا (نصرتی۔ علی نامہ)

پالیاں: پالی (فعل۔ مونث) کی جمع
امرت کا نیر دے کر بال سیاہ کو پالیاں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

پامیاں: پام (جھالر کے کنارے پر لگائی جانے والی ڈوری) کی جمع
کسنبی ہور جھونے پامیاں سو جاے واری چوری سوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

پان: (سنسکرت۔ پرن) پتا (اسم۔ مذکر)
تو جھاڑاں کوں کپڑے دیا سبز پان (وجہی۔ قطب مشتری)

پاناں: پان کی جمع
پتا خرچ پاناں ہوا راج کاج (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

پانپ: پاپ (گناہ) کی انفیائی ہوئی شکل
1۔ہمیں بھائی بھانا میں کیا پانپ ہے (غواصی۔ مینا ستونتی) 2۔کہ ایو ہوا ماں یہ لکھے گا پانپ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

پان پٹیاں: پان کی گلوریاں (اسم۔ مونث)
دلا دیا پان پٹیاں باندے سو ہم عید و ہم نوروز (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پانت: مسافر (اسم۔ مذکر)
جوں پانت مجے جنم پھرایا (محمود بحری۔ من لگن)

پانڈری: سفید
1۔ایک ہست پتنگ دو جے پانڈری سمرن تیجے شیسہ شکہ (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) 2۔کھت کا جر کا گد پانڈری (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

پانچ اِندراں: حواس خمسہ
جتے پانچ اندراں میں دس دار کا (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

پانچ انگلی سمان نہوسی: پانچ انگلیاں برابر نہیں ہوتیں
نہوسی کدھیں پانچ انگل سمان (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پانچ بانساں کی جھونپڑی بس ہے: سر چھپانے چھوٹی سی جگہ کافی ہے
اِتا کام کیا آئے عمارت بڑی۔ مجے پانچہ بانساں کی بس جھونپڑی (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

پانچو: پانچوں کی غیر انفیائی ہوئی شکل
پرتے پانچو ہوا حس (شیخ داول۔ کشف الوجود)

پانڈرا: سفید
نہوسی کدھیں پانڈرا پنک لگ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پانڈو: سفید
درگ دھونی پانڈو پیہ پور پلکھاں پال (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

پان کے تگٹے پٹیاں: سنہری روپہلی ورق لگی ہوئی گلوریاں
پھر اس میانے تگٹے پٹیاں پان کے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

پانکھ: پنکھ۔ پر (اسم۔ مذکر)
اگر پانکھ ہووے جو لا کھاں ہزار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

پانگر: پینے والا
پانگر تیرا عشق ابراہیم (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

پانگر: پینے والا
اے رام سوں ہست پانگر تمیں (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

پانگل: پاگل کی انفیائی ہوئی شکل
دیوانا اُسے سرتے پانگل کہی (غواصی۔ طوطی نامہ)

پان نہ پھڑ کے: پتہ نہ ہلے
پان نہ پھڑ کے بھی اس باج (جانم۔ارشاد نامہ)

پانواں: پانو (پاؤں) کی جمع
1۔اوپکر کے پانواں پہ پڑنے لگی (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔کہ ہاتاں و پانواں نہ تھا کچھ شمار (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 3۔سنگیا میں کہ پانواں کروں استوار (رستمی۔خاور نامہ) 4۔بلکہ پانواں کی چھاؤں پر تیرے (محمود بحری۔کلیات بحری)

پانو ٹٹا: جس کا پیر ٹوٹ گیا ہو۔مجبور
یو خوش خبرامت کے پانوں ٹیاں کو ہور۔ملت کے زبوں لوگاں کو پو نچار ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

پانوں: پاؤں
جو اس مستی میں پیو کا درس پانوں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پانوں سار: پیدل
یکس کوں یکن جلد ہو پانو سار (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

پانے: پان
دسے سبز سبز اجو پانے کے پات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پانی پور: پانی سے بھرا ہوا۔حوض۔چشمہ۔کنواں
آب کوثر کوں شرف ٹھنڈی کے پانی پور تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پانی چندنا: (سیندنا) ڈول سے پانی نکالنا
لیتی چند پانی خوشی ڈول سوں (غواصی۔طوطی نامہ)

پانی واں بھے جس ٹھار بھوئیں ہوئے: پانی نشیبی زمین کی طرف بہتا ہے
مشہور پانی واں بہے جس ٹھار بھئیں ہوئے نشیب (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پاو: پاؤں کی غیر انفیائی ہوئی شکل
رکیب میں رکھی باو کے پاو او (رستمی۔خاور نامہ)

پاوا: ایک قسم کا باجا (اسم۔مذکر)
سو جوں اس بھار میں پاوا بجاتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پاواں: پاوں کی جمع
1۔ ننگے پاواں چلے آئے سو پاواں کو چھلے آئے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔کیا فرش اپس چاند پاواں تل اس کے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔رکھی سرکوں جا اوس کے پاواں اپر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پاوتے: پاتے
تجے دیکھنے باٹ اگر پاوتے (غواصی۔طوطی نامہ)

پاؤں تو ڈر: پاؤں کے توڑے
کوئی پاؤ تو ڈر دیسے تول یوں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پاورے پاورے: (پادلے پادلے) قدم قدم
پاورے پاورے تیزی چڑ (اشرف۔نوسرہار)

پاوک: (سنسکرت) آگ۔شعلے
1۔عشق کی پاوک پہ پون ہے سرود (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔پون تھے پاوک ادھک بھی میرد کہیو سانچ سینگل نہوے کر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 3۔تیری برہ پاوک منے کس ٹوٹ کر کمپٹ ہوا (حسن شوقی۔غزلیات) 4۔پن یو پاوک ل پون کے سات کیوں جاگی سوگئی (محمود بحری۔کلیات بحری)

پاوک ہونا: پاک ہونا
من عشق میں پاوک ہوا دل کی انگیٹھی پور کر (شاہی۔کلیات شاہی)

پاوَلا: پاوں۔قدم
جاں جاں سنے تھے پاولا جاتے جو پہلی بارکا (نصرتی۔علی نامہ)

پاوَلے پاوَلے: (مراٹھی۔پاول) قدم قدم
پاولے پر پاولے روم روم بجتے ایں تج یادنت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پاوَلیاں: پاول: پاؤں (مراٹھی) کی جمع
فہم پاولیاں سوں چلا ڈاٹ کر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پاؤں اتارا: پیدل
ہوے پاوں اتار افرنگاں لے ہات (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

پاوَنا: پانا۔حاصل کرنا
مراداں پاونے سارے حکمت ہاتاں پسارے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پاؤں کرنا: بھاگ جانا
و لے رہ نکویاں ترت پاوں کر (غواصی ۔ طوطی نامہ)

پاؤنے: پانے
ان کا سودیدارا چک پاونے (فیروز بیدری ۔ پرت نامہ)

پادیاں: پاوں
اونا و پادیاں کا مجے کی یاد دلاتی نہیں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پاھن: پتھر
کنک بیچ میں ڈھنس پاھن پتھاو (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پائیدل: پیدل
1 ۔ چلے دھرت گردر چلے پائیدل (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ) 2 ۔ چلے پائیدل ہر طرف یوں سوجان (عبدل ۔ ابراہیم نامہ) 3 ۔ چلانا پڑے بندسوں پائیدل (نصرتی ۔ علی نامہ)

پائراں: پائر (پائل) کی جمع
بجیاں پائراں سب سراسر ادھل (غواصی ۔ مینا ستونتی)

پائک: چوکیدار ۔ پیامبر (اسم ۔ مذکر)
کرتوں کون نائک کہ پائک کہ یار (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پائرو: آسیب ۔ برے اثرات ۔ نظر بد
کچھ پائرو تو تمیں ہوا کی چپ بھراری کھاڑیاں (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

پائے: پاؤں
ہوں مجھ پکڑ رھیا پائے (اشرف ۔ نوسرہار)

پائرو: نظر بد ۔ آسیب
(1) پریاں کوں جو ہووے کدھیں پائرو (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا) (2) کہے کوئی اُسے پائرو گھٹ ہوا (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

پائلاں: پائل (پاوں کا ایک زیور) کی جمع
1 ۔ کہ گھنگرو بجن پائلاں بے مثال (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر) 2 ۔ کہ بلقیس کے پالوں کیاں پائلاں (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ)

پائنتھی: پائینتی
سرانا جو تھا سو ہوا پائینتی (وجہی ۔ قطب مشتری)

پائیا: پایا
ڈھنڈیا جا کر اس میں نہیں پائیا (رستمی ۔ خاور نامہ)

پاپا: پایہ
تو ہانی ہوا چاپا گھٹ سب اپنے دین کا پایا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پایاں: پائی (فعل مونث) کی جمع
شاہ کے مکھ سور تھے پایاں ہیں سب (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پایاں: پاوں (اسم ۔ مذکر)
جا منانا ہے جیو پایاں پڑ (غواصی ۔ کلیات غواصی)

پایک: چوکیدار ۔ گاؤں کا نگران کار (اسم ۔ مذکر)
نہ نائک ڈروں ہوں نہ پایک ڈروں (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پایک: قاصد ۔ جاسوس (اسم ۔ مذکر)
1 ۔ چوندھیر الھیا یک پاک ہو دل پایک و پردار کا (نصرتی ۔ کلام نصرتی)
2 ۔ کرے چور پایک بنا بے تمیز (نصرتی ۔ علی نامہ)

پایلاں: پائل کی جمع
بجیں پایلاں تال انجھن کیے (حسن شوقی ۔ میزبانی نامہ)

پایلی: ایک پیمانہ (اسم ۔ مونث)
پیار دستا ہے مجے پایلی ہور کوپ کھنڈی (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

پاین: پائنتی
میں سرانا ہوں سب میرے پاین (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

پپڑ: پاپڑ (اسم ۔ مذکر)
سوالیاں بڑے اور کرڑ وڑیاں پپڑ (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

پَت: (سنسکرت) نیکی ۔ عزت ۔ درجہ ۔ نیک نامی ۔ شہرت
1 ۔ چیاں کو پت دکھایا جب ستیاں کوں ست سکھایا تب (شاہی ۔ کلیات شاہی) 2 ۔ یو پت راکھے خوب تمام (جانم ۔ ارشاد نامہ) 3 ۔ اصیلاں کا پت بھی گیا آج سوں (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

پَت: حکومت
کہتے ہیں کہ دہلی کے پت کے وزیر (نصرتی ۔ علی نامہ)

پَت: بھروسا۔اعتماد
1۔تو میں پت کچھ نہ کرے منجھ زروپ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
2۔تر پن پن بھلا کچھ جگ پت ہوئے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
پُت: (پوت) بیٹا۔فرزند (اسم۔مذکر)
جم جم جیو و پت میت سوں آنند خوشیاں کاج سدا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پِتا: باپ (اسم۔مذکر)
جو منگنا ہے جو منگ اپنے پتا پاس (محمود بحری۔کلیات بحری)
پُتا: (پوت) بیٹا
پتا یوسف یکا دس پتر اس کوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پَتال: پاتال۔تحت الثریٰ (اسم۔مذکر)
1۔چھپے پتال میں جا تھا اس ڈر تھے تیرے آج (غواصی۔کلیات غواصی)
2۔پتال آکاش کی چوڑائی چیرا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔چھپیا سور ہور چاند پکڑیا پتال (غواصی۔کلیات غواصی) 4۔پانی گیا سوکھ پتال (اشرف۔نوسرہار)
پتالوں: پتال (پاتال۔تحت الثریٰ) کی جمع
تو انبر کو پتالوں سات جالے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پُتاں: پوت (بیٹا) کی جمع
جتا تج حسن سر جیا تج پتاں تیئں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پَتر: کاغذ (اسم۔مذکر)
دھرتی آکاس کیں پتر (جانم۔ارشاد نامہ)
پَتر: خط (اسم۔مذکر)
1۔لئی دن ہوئے سریجن مجھ کوں پتر نہ بھیجا (حسن شوقی۔غزلیات)
2۔بھلے نہ آئے تو لالن پتر لکھتے تو کیا ہوتا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 3۔لئی تج پتر لکھوں تو ملنا اتال ہوئے گا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 4۔جو کوئی ناؤں کوں لیکھے پتر مانہہ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پُتر: بیٹا۔فرزند (اسم۔مذکر)
1۔پتا یوسف یکا دس پتر اس کوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔بہو بھوپال راجے راج پتر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پِترم: (پریت) محبت
پترم کا لذت دوتی کوں میں آپ چکائی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پتنگ: پتنگ (اسم۔مذکر)
1۔ستارنگ بند کر ہوا ہے خراب + پتنگ کا نمیں ہے وہاں کچ حساب (طبعی۔بہرام وگل اندام) 2۔لیا بھاوسنے کا دیا منجھ پتنگ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
پُتلی کھِلاڑ: کٹ پتلی کا کھیل۔پتلیاں نچانا
ستر بانداروا ج پتلی کھلاڑ (عبدل۔ابراہیم نامہ)
پِتمبر: زرد رنگ کا کپڑا
پتمبر باندپلے پیلکاں آئے (ابن نشاطی۔پھول بن)
پَتنگ: پروانہ (اسم۔مذکر)
1۔پتنگ کا کیا جان و دل جلا (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔کھیں اُس جوت پر جیوڑا پتنگ ہو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پَتنی: بیوی۔زوجہ (اسم۔مونث)
گیا دستور کی پتنی کے گھر رام (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
پَت ورت: (پتی۔ورتا) شوہر پرست
کہ پت ورت گن بات دھن سو کیے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
پَتولے: ایک قسم کا ریشمی کپڑا (اسم۔مذکر)
جسے پٹولا بھی کہا جاتا ہے۔بہوت باریک تاواں ہور پتولے (ابن نشاطی۔پھول بن)
پَتھان: (پنتھ) راستہ۔طریق
کہاں لگ کہوں ہاں جوگی پتھان (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
پَتھاؤ: بھیجو۔روانہ کرو
پہلا توں مجھ پاس پتھاؤ (اشرف۔نوسرہار)
پَتھاویں: بھیجیں
پتھاویں نبی مال دھر روم رے (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راؤ)
پَتھر: پتر۔چادر
زمیں پتھر تھی تس پتھر بھوے کا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پَتھرا: پتھر (اسم ۔ مذکر)
اتھا سخت پتھرا ہوا موم سا (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ)

پَتھرن: پتھر کی جمع
سکھے پتھرن ہوئے ہے ایک موم (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پتھراں: پتھر کی جمع
ظاہر کا کعبہ پتھر اں کا ہے (عاجز ابن احمد گجراتی ۔ لیلیٰ مجنوں)

پتھریاں: پتھر کی جمع
کہ پتھریاں کوں جوں سور کرتا رتن (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

پتھیایا: بھیجا ۔ روانہ کیا
لکھ پتھیایا ایز د پاس (اشرف ۔ نوسرہار)

پَتی: شوہر ۔ مالک (اسم ۔ مذکر)
نبی صدقے قطبا پتی جو بن لیتا ہت ستی (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پَتّی: گھاس ۔ تنکا (اسم ۔ مونث)
پڑتا ہے پتنگ یا پتی ہو (محمود بحری ۔ من لگن)

پتیانا: بھروسہ کرنا ۔ اعتبار کرنا ۔ اعتماد کرنا
1 ۔ نہ پتیا چھاتوں کو اپنے کھڑی جاگا دیکھتی ہوں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2 ۔ نہ عورت کوں اپنے پتیا صبح و شام (غواصی ۔ طوطی نامہ) 3 ۔ جس قول ثابت کوں پتیاں سیمرغ آئے قاف تے (نصرتی ۔ علی نامہ) 4 ۔ بحری اب اس پری کی پرت کو پتیاں نکو (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

پتیاں: پتی ۔ (شوہر) کی جمع (اسم ۔ مذکر ۔ جمع)
سکھنا پوت پتیاں کوں پرایا (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

پَتیارا: اعتماد ۔ بھروسا
1 ۔ اجل کا نہیں کوئی پتیارا کیا (فائز ۔ رضوان شاہ و روح افزا) 2 ۔ تو اس دل لگانے کیا ہے پتیارا (فائز ۔ رضوان شاہ و روح افزا) 3 ۔ پیاری تو بول ہارے نج بول مجیں پتیارا (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4 ۔ پتیارا را کھ کرشمہ کے سبد پر (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

پَتیارا آنا: بھروسا ہونا
نفر چاکر پریکا یک کیوں پتیارا اہے (وجہی ۔ سب رس)

پَتیانا: نباہنا ۔ بھروسا کرنا
پتیانا انوں کوں کہوں کیوں کر (وجہی ۔ قطب مشتری)

پَتیاوَ: اعتماد کرو ۔ بھروسا کرو
1 ۔ نہ پتیاؤ توں جم سبد میں منجھ (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)
2 ۔ مسلم اس کا بول پتیاؤ (اشرف ۔ نوسرہار)

پَتیاؤں: بھروسا کروں ۔ اعتماد کروں
یکا یک تری بات کوں کیوں پتیاؤں (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

پَتیایا: اعتماد کیا
چھپی بات بولیا چھپا رکھ توں دل میں + تو بت ہے تو چپ دے تجے میں پتیایا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پتی ورت: شوہر پرست
پتی ورت ناریاں میں سیتا ستی (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ)

پتی ورتا: شوہر پرست بیوی
1 ۔ پتی ورتا مینا سو ہے ناؤں نیک (غواصی ۔ مینا ستونتی) 2 ۔ اگر عشق مجیں ہے تو کی بار بار ۔ اچھے پیو پو قرباں پتی ورتا نار (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

پَٹ: تخت
1 ۔ کہ بیٹھا یک بادشہ پٹ سنبھال (محمود بحری ۔ کلیات بحری) 2 ۔ راجا ہے تو پٹ اپر بھی کر گیان (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

پٹا: کپڑا (اسم ۔ مذکر)
کالا موں چلے پانوں پٹا اوڑکر (علادل ۔ ابلیس نامہ)

پٹارا: ٹوکرا ۔ ڈبہ
اجگر ہے چوٹی دھن کی گھنگھٹ سوتس پٹارا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پٹاخاں: پٹاخا کی جمع (اسم ۔ مونث)
کڑا کڑ پٹاخاں لے اٹنے لگیاں (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

پٹپٹانا: تڑاق تڑاق بولنا ۔ پٹ پٹ بولنا
پٹپٹاتے لب کوں ہور اس لب کے مطلب کو سلام (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

پَٹ جھڑی: پت جھڑ۔خزاں
لگی پٹ جھڑی جس کوں تقدیر سوں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
پٹکیاں: پٹکی (دھبہ۔نشان) کی جمع
چھٹے سب تن کے پٹکیاں سات کالے (ابن نشاطی۔پھول بن)
پَٹ مُنڈی: جس کا سر نیچے ہو
پٹ منڈی اور دو تن گر جو عبث منج سوں تنڈی (محمود بحری۔کلیات بحری)
پٹن: شہر۔ملک (اسم۔مذکر)
1۔تو پٹن بادشہ توں تاج اور نگ (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔نہ ہوئے کس ملک میں کس پٹن میں + منج ایسا عاشق ہور اس ایسا معشوق (غواصی۔کلیات غواصی) 3۔کہ سوال دیویں تو کیا کم ہوئے گا حسن پٹن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔اچائے لُمٹیاں ایسا پٹن میں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
پٹولا۔پتولا: ریشمی کپڑے کی ایک قسم۔ایک قیمتی کپڑا (اسم۔مذکر)
کاں بے بہا پٹولا کاں کم بہا چوالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
پٹوول: پلڑوں
دھرت پر بت پٹوول تھے بھار آویں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پٹھاریاں: پٹاریاں
کہ کپڑے ہوئے ہیں پٹھاریں کے دھن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
پٹھانا: بھیجنا
لکھ پٹھایا ایزد پاس (اشرف۔نوسرہار)
پٹھنکار: سہارا
پیٹ پٹھنکار محمد لیہ (جانم۔ارشادنامہ)
پٹی: تختی (اسم۔مونث)
1۔پٹی پر اچھے جیوں الف ثمٹ کا (وجہی۔قطب مشتری) 2۔اچا دو پٹی دیکھتا ہے سو پڑ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔ازل کی پٹی پر عشق کا بیاں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
پوٹی: پٹی۔وہ چھوٹی سی پٹی جو حجام حجامت کا سامان رکھنے اپنے پاس رکھتے ہیں۔

میری اُمتریاں کی پٹی دے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
پٹے: ڈھکے ہوئے
پٹے بوند رس پھول جو چو پڑیں (عبدل۔ابراہیم نامہ)
پٹیاری: پٹاری
پھولوں کیری پٹیاری میں چھپاوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پٹیاں: گلوریاں
شاہی عنبر پٹیاں پھرانے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
پٹیاں پان: پان کی گلوریاں
پیالے پٹیاں پان طبقاں دھرے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
پٹیاں جلی: عورتوں کا ایک کوسا۔بدنصیب
پٹیاں جلی کوں کیا کوں کہتی ہوں گھر میں رہوری (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
پچر: رسنا۔ٹپکنا
1۔بہے ہے انکھیاں سیتی پانی پچر (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 2۔یا نور کیا دو ہیں ندیاں سوکھے سو جیوں پایاب ہیں + یا دو ہیں کوثر کی جھڑی سوکے دسیں اس کے پچر (حسن شوقی۔غزلیات)
پچھر: تراوش
پچھر زہر کے گئی کے کھتے جھریں (نصرتی۔گلشن عشق)
پچے: پنچے کی غیر انفیائی ہوئی شکل
ہر اک موز کی پھاک پچے پر ہوڑ (نصرتی۔علی نامہ)
پچھ پاوں: پچھلے پاوں
بزرگی دیکھ تج پچھ پاوں ہاٹا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
پچتا: پچھتا
پچتا کرنہ میں روتا (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)
پچتائی: پچھتائی
بھو پچتائی اس ہاتاں تھے پڑ کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پچے: محفوظ رہے۔درست رہے
نہ دن کو دکھلاتن پچے نا نس کو نینوں نینڈری (محمود بحری۔کلیات بحری)
پچراں: پچر (دھار۔رسنا) کی جمع
لھواں کے انوں میں تھے پچران کیے (رستمی۔خاور نامہ)

پچھاڑن: زمین پر سرمارنا
پچھاڑی کھائی لاگی سر پچھاڑن (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پَچھانت: پہچان۔شناخت۔پہچانا۔عرفان
1۔پچھانت سیتی خوب پہچان توں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)۔ 2اس کی عقل ہور پچھانت اور تجربہ معلوم کرلیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 3۔جس کو کچھ بھی ہے پچھانت عشق کی (وجہی۔ پنچھی باچھا) 4۔پچھانت کے جم جام سوں بادہ نوش (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

پَچھانت ونتا: پہچاننے والا
بادشاہ کو آدمی کی پچھانت ونتا ہی کرکر سمجھتے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پچھاننا: پہچانا
نہ اپس کو جانے نہ دوسرے کو پچھانے (وجہی۔سب رس)

پچھرنا: ٹپکنا۔سرایت کرنا
ادھر دو مٹھے چونکہ حب نبات+ پچھرتا ہے اس میں تے آب حیات (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پچھم: مغرب
1۔سنے یو بات لوگاں چو کدن کے+ جو تھے پورب پچھم اتر دکھن کے (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔نہ پورب نہ دکھن نہ اتر نہ پچھم (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

پچھو: پیچھے۔بعد میں
پچھو پکڑا کھائے جن بیچ مائے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پچھن: پیچھے۔بعد میں
1۔پچھن دیکھی جو دھوپوں بھاپ دتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔گنوایا ادک جیو پچھن پایا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پچھوڑی: ڈوپٹہ۔چادر
1۔موں گھال اپنا سانذ میں پڑ رہی پچھوڑی اوڑکر (ہاشمی دیوان ہاشمی)
2۔لپٹ موں پچھوڑی میں روتی پڑی (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔سوتی اوڑ غم کی پچھوڑی اُنے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پچھوڑیاں: پچھوڑی (دوپٹہ۔شال۔چادر) کی جمع
پچھوڑیاں سو تکٹے سورنگ ترملیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

پچھونڈے: پیچھے ہاتھ باندھنا
پچھونڈے سٹیا باندکر ایک ٹھار (غواصی۔طوطی نامہ)

پچھے: بعد کو۔پیچھے
1۔اول اپنی خبر میں رہنا پچھے دسریاں کوں برا کہنا (وجہی۔سب رس) 2۔ایڑ یاں تھاں انگے پانوں پنچ پچھے دسریاں کوں برا کہنا (وجہی۔سب رس)
3۔پڑے کیوں نہ عاشق شمع کے پچھے (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

پچھیں: بعد میں۔پیچھے۔بعدازاں
1۔پچھیں بھیج لشکر بھی دنبال کوں (رستمی۔خاورنامہ) 2۔موے کے پچھیں ناوے کوی کس کے گور (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

پختا: پختہ
اچھوجیوں تیوں دلے پختا ہے یو کام (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پُختاچ: پختہ ہی (چ تاکیدی۔مراٹھی)
عمر پختاچ ہے لیکن کلاتی چھوکری کل کی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پدارت: ظاہر کرنا
جنھے کہا اپنے پدارت بچن (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پدارت: دولت۔ساز وسامان (اسم۔مذکر)
رتن مانک پدارت راکھتی تھی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پدر: پرت (اسم۔مونث)
سبھے تایو جوڑ پدر (جانم۔ارشادنامہ)

پدک: (سنسکرت)۔زیور میں سونے یا موتیوں کے درمیان لگائی جانے والی خوبصورت ٹکیا۔ایک زیور کا نام (اسم۔مونث)
1۔دیا بہت لٹرک ہور پدک لعل اُسے (غواصی۔میناستونتی) 2۔پدک رین مجلس جڑے وورتن (عبدل۔ابراہیم نامہ) 3۔پدک شہر ہے قیمتی بےعدد (نصرتی۔علی نامہ)

پدم: (سنکرت) کنول (اسم۔مذکر)
1۔کیا قدم کوں جو تیرے پدم قدبوسی (محمود بحری۔کلیات بحری)
2۔پدم پاتوں تل ناگ جنتر سکیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 3۔بہو لکھن سلکھن پا پدم ہے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پَدماں: (پد: درجہ۔عہدہ منصب + ماں: عزت) معزز درجہ
تج تھے پایا اور تنگ پد ماں خوش (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پَدماں: پدم (کنول) کی جمع
رنگاں پدماں کے بندے گلسری (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پدمنی: خوبصورت عورت۔کوک شاستر کے مطابق عورتوں کی چار قسموں پدمنی، چترنی، سنکھنی اور ہستنی میں سب سے اعلیٰ قسم
1۔کہ ہے وہ چنچل پدمنی آتشی (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
2۔ہستن سنکھنی ہور چترنی بھل کر رہے دھن بھید میں + وہ پدمنی مل کر سہے اب قطب شہ نواب سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پَدمن: پدمنی۔حسینہ (اسم۔مونث)
1۔اتم سارے پدمن پریاں حور ساں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔او پدمن کوں ٹیلا کر چندن لگائے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پَدھن: ایک مچھلی کا نام
دھنڈے تو واں پدھن ملتی نہ تھی کہیں (ابن نشاطی۔پھول بن)

پَرات: پرت۔طبق۔تہہ
خورشید پرات سوں نکالے (محمود بحری۔من لگن)

پَراپت: (سنسکرت) حاصل کرنا۔پانا
1۔پراپت نیم رکھ جگتر کا (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔پراپت سکے کوئی کس جانب کھوٹ (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راؤ) 3۔کس پراپت سکے بول (اشرف۔نوسرہار)

پَراُپکار: (پر + اپکار: احسان): محسن
چھٹے کھن پر پڑیا جب وہ پراپکار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پَراتم: پرانا۔پہلا
ایک بزرگ پراتم بولتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پَران: جان۔روح (اسم۔مونث)
1۔نوری کہیں دیہہ پران (اشرف۔نوسرہار) 2۔ہوا او سواسخت اڑ جا پران (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔ہوا اک پران کھن کے جنگل میں گم (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پَراں: پر کی جمع
کھیا مجھ پراں کوں تو قوت نہیں (رستمی۔خاور نامہ)

پُران: اہل ہنود کی مقدس کتاب
جو باچے بجے کوئی بھوگم پران (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

پَرانا: (پران) جان
1۔ترے واری مرا تن من پرانا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔اسی کی پنتھ دھاوے من پرانا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔گفتا کہ شاہ عبداللہ ہے میرا پرانا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پَران تلملنا: روح بے چین ہونا
حسن کے تن میں بھو مچھ تلملنے لگیا پران (وجہی۔سب رس)

پَرانی: جاندار۔پران (جان) رکھنے والا
1۔جکوی عاشق ہو آیا آج بے شک اس پرانی کا + سو پایا عین وہ مایا حیات جاودانی کا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔اگر تر جگ میں ہیں اک لک پرانی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پَراوا: لباس۔
سنیاسی ہو گگن پھرتا پراوا نیل کالے کر (شاہی۔کلیات شاہی)

پَراوے: لباس (جمع)
پراوے میں مفلس پرت میں غنی (محمود بحری۔کلیات بحری)

پَراہ: (پراوا) لباس
کسی تن چولی پنھائی پراہ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پُرَب: مرد
کرے راج جو لگ پرب استری (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

پُرباس: باس (بو) سے بھرا ہوا
سو کہیں ماس پرباس ہرگز نہ کھاویں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پَربت: پہاڑ (اسم۔مذکر)
1۔سوالا کے پربت جسے ایک دھانون (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)
2۔جو پانی ہوں بکس اُس دیکھ پربت (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
3۔پھرن ہارے ہیں پربت ہم گھراں عمارتاں کیا کام (غواصی۔کلیات غواصی)

پَربٹ: اعلیٰ کارس
کانجی پلاتیاں گھول کر اعلیٰ کا پربٹ مجھے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پرَبسی: جو دوسرے کے بس میں ہو
آپ بس نمیں پربسی ہے پربسی (ولی۔کلیات ولی)

پُربل: طاقتور
اونڈوہ دنڈات بلونڈ پربل (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پرَبھا: چمک۔روشنی
1۔یہ سٹلی پر بھا چلے (جانم۔ارشادنامہ) 2۔نور کے پر بھا عقل ظہور (جانم۔ارشادنامہ)

پرَبھارے: چمکے سے
ناآنگ اپنا پربھارے کس کو لگا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پرَبے: تعریف
پورب لکھتوں پربے ہری رام کے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

پرَبین: ماہر
کاڑیا ہے دیکھو او جان پربین (محمود بحری۔من لگن)

پرَپنچ: مایا۔فریب۔دنیا
1۔یہ پرپنچ سارا تو آکار ہے رے (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔یو پرپنچ بھوت فانی سرا ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرَت: پریت۔محبت
(1) پتنگ کو دیے کا پرت لائیا (وجہی۔قطب مشتری) (2) پرت کا سوفن تجھ کوں معلوم نمیں (احمد جیندی۔ماہ پیکر)

پرَتاب: چمک۔آب وتاب
تجھ زلف کے پرتاب پر چک ناڈلے کیتے گذر (حسن شوقی۔غزلیات)

پرَت بنت: (پرتی لمبت) عکس
وہی پرت بنت لیے کھڑا رھیا (جانم۔کلمتہ الحقائق)

پرت بند: دوستی۔تعلق خاطر
لکھے یو بچن یوں پرت بند کا (نصرتی۔گلشن عشق)

پرت پُورت: بھرپور محبت
پرت پورت ستی سنتوش سنگات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پرت جوڑنا: محبت کرنا
یا تا مجہ میں پرت جوڑی (وجہی۔سب رس)

پرُتگالی کلال: پرتگالی شراب
دھن ترے مدھتے نین کے نمن + پرتگالی کلال میں بج ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

پرَتم: (سنکرت پرتھوی)۔دنیا۔جہاں
1۔پرتم میں بتی لے کر دھونڈے تو نمیں ملے گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
2۔اے نار تجھ ایسی پاک زادی۔ہوگی پرتم میں پن یکادی (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔سنتے تھے رودنبل کا ہے کر گگن پرتم اوکم (نصرتی۔علی نامہ)

پرَتوُ سٹنا: پرتو ڈالنا
آفتاب سب پرتو سٹنا (وجہی۔سب رس)

پرَتھم: (سنکرت۔پرتھوی)۔زمین
ہر اک تیزی منے پرتھم کھندل کوں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پرَتھم سند ھیاں: علی الصبح
پرتھم سندھیاں کر او گنگ (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پرَتھمیں: زمین (اسم۔موئث)
تراہت پرس سوں پرس پرتھمیں (فخردین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پرتھوی: زمین (اسم۔موئث)
ننا کاس ناتیج نہ پرتھوی جل (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرَتھے: پرتو
جو ہے پرتھے تج روشنی چاند کوں (رستمی۔خاورنامہ)

پرَتی: محبت کرنے والا
کسیر و مستر دبن سیام نکھ لائی مہدی گنی پرتی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پرَتیو: پرتو۔عکس۔سایہ (اسم۔مذکر)
1۔اس کا چوکان ہارا کون کہ جس کا پرتیو عالم کل (جانم۔کلمتہ الحقائق)
2۔اسی بول کا آج پرتیو دیکھ (فخردین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پرَجاپتی: رعایا کا مالک۔بادشاہ۔برہما
ہے پرجاپتی ہور رجن کا داتا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرَجاں: رعایا۔پرجا کی انفلیائی ہوئی شکل
پائے شرف پرجاں سب اس عید میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پرَ جھٹکنا: مائل بہ پرواز ہونا
چنچل ات پری نے جھٹک تیز پر (نصرتی۔گلشن عشق)

پرَ چا: (پرچیت) متعارف کروانا
تری تو مانگ کوں پرچادیا امرت کے نالے کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پرَ چال: پرائی چال۔دوسروں کا طرز عمل
جو چال آپنی چھوڑ پر چال جائے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پرَ چیت: پرچیت۔متعارف۔واقف
1۔ایسا پرچیت جس کوئی ہووے اوس کوں اور نہ بھاوے (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق) 2۔ابراہیم ہیم پرچیت تار کا مدھوتہ پر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پرَ چماں: پرچم (جھنڈا) کی جمع
کریں جا پر چماں سوں دست بازیاں (ابن نشاطی۔پھول بن)

پرچھٹی کی چھاوں: (سنسکرت پرچھتری۔چھپر) ناقابل اعتبار چیز
پرچھٹی کی چھاوں کی سر یکی عمر کا بھروسہ نہ کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پرَ چیت: (سنسکرت پری چیت)۔متعارف ہونا۔پرسپکٹ۔اثر انداز ہونا
1۔ہر اک زہر مہرا سو پرچیت کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔اپنا پرچیت اپس میں دیکھ 'تہیں بول پر پرچو لیکھ (جانم۔کلمتہ الحقائق) 3۔ملھ سوں بھی اللہ کر پرچیت پکڑ دھرنے (میراں جی شمس العشاق۔خوش نغز)

پرَ حد: دوسرے کی سرحد
اپنی حد چھوڑ کر پر حد پکلیا (وجہی۔سب رس)

پرَ دار: تیر بردار۔وہ تیر جس کے سوفار میں پر لگے ہوں
دو ہاتاں تے پردار لے ٹوک کر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پرَ دار: پرایا گھر
فریب دے کے جاتی ہے پردار کوں (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)

پرَ دار: پہرہ دار (اسم۔مذکر)
1۔کھڑ دلیس بوڑھا ہو پردار بار (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔کھڑے ہیں اگت کرسو پردار بار (عبدل۔ابراہیم نامہ) 3۔توں چپ مجازی عشق کے دربار کا پردار ہو (محمود بحری۔کلیات بحری) 4۔چوندھیر اوٹھیا یک پاک ہودل پا یک و پردار کا (نصرتی۔کلام نصرتی)

پرَ داسٹنا: پردہ ڈالنا
کوڑ پر پرداسٹے ہیں فراموشی (وجہی۔سب رس)

پرَ دَل: دشمن کا لشکر
بارشاہاں کا کام دل جوڑنا ہے دل سوں پردل توڑنا ہے (وجہی۔سب رس)

پرُ دِلی: جرات۔ہمت
تو جناں سوں لڑنے کیا پردلی اسی دن تے اتریا ہے نادعلی (وجہی۔سب رس)

پرَ دھان: وزیر۔وزیر اعظم۔سردار (اسم۔مذکر)
1۔جو پردھان اس کا اسدخان ہے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔سنیا عالم پچن پوشاہ پردھان (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔بلا بھیج دیں اپنے پردھان کوں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 4۔علی سا تیرے گھر میں پردھان ہے (وجہی۔قطب مشتری)

پرَدھانگی: وزارت
دیا مشکیں قبا پردھانگی کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پرَ دیاں: پردہ کی جمع
1۔جلالت کبریا پردیاں میں چھپ جائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔اُس پردیاں میں تے اپس کوں دیکھتی ہیں (وجہی۔تاج الحقائق)

پرَ دِیت: (سنسکرت) منور۔چمکدار
اتھا عاقل چتر پردیت دانی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پرَ ذات: غیر ذات
سنگ پرذات کی ہے جیو پونیارا دکھ دے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پرَ ڑیاں: (پڑے) (پلّے۔ترازو کا ایک حصہ) کی جمع
دین کی میزان کے پرڑیاں سو عقل ونقل ہے (غواصی۔کلیات غواصی)

پرَس: پارس (اسم۔مذکر)
1۔ہر اک فعل اس کا سو جیو پرس تھا (وجہی۔قطب مشتری) 2۔جس ہین پر جو دشت کرے ہوئے او پرس (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔اگر عشق نہیں ہے تو کی یو پرس + لھوے کوں جو کرتا ہے سونا سرس (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 4۔سونا کردے آہن کو پل میں پرس او (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پڑس: مقناطیس (اسم۔مذکر)
1۔سونہ جگت گرو ہے پرس جیوں نشاں + ملے لوہ شاگرد چو طرف جان (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پرساد: تبرک۔دعا
جس کو گر کا ہو پرساد (شیخ داول۔کشف الوجود)

پرسن: (سنسکرت پرسن) خوش
1۔ترا یاد پرسن ہوا شاہ تج (وجہی۔قطب مشتری) 2۔سو گو بند ہے آج پرسن بجے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 3۔نظامی کدھیں تس پرسن نہ ہوئے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 4۔سرتی پرسن بھی ابراہیم کنھ بس ادھک دھکائے دین دین (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پرسن: (سنسکرت) سوال
1۔طول دے کریں گر پرسن (میراں جی شمس العشاق۔مغز مرغوب)
2۔چتاغم کی پرسن سوں بازی کیا (نصرتی۔گلشن عشق)

پرسیج: پرائی سیج
پرسیج رھے منج سیج سٹ (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پرش: (سنسکرت) مرد (اسم۔مذکر)
1۔ایکس کوں کیا پرس ایکس کوں کیا ناری (وجہی۔سب رس)
2۔عجب اوتار پرس ہو جگ میں آیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔کہیں پرش ہور ناریک ٹھار ست (وجہی۔قطب مشتری) 4۔پرش پچھان کرے رہے تو ہر نفسے کالاب (میراں جی شمس العشاق۔مغز مرغوب)

پرشاد: تبرک۔عطا۔دین
بے گرو پرشاد تھا مجھ گیان (جانم۔ارشاد نامہ)

پف: پھونک
کہ جیوں ذرہ یک پف ستی بند ہوں۔اگر پف کریں سب میں ہووں گا خوار (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پرقو: قاز کے پر
پرقو کی نھالیاں سوں تھا اُن کو زیب (نصرتی۔گلشن عشق)

پرک: آدمی (اسم۔مذکر)
نہ مانو پرک اس جسے نھاسنا (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پرک: (سنسکرت پرش) مرد (اسم۔مذکر)
نا ہست پرک نا نیست ناری (محمود بحری۔من لگن)

پرک: پرکھ
دو نادر جواہر پرک ابن غیب (غواصی۔طوطی نامہ)

پرکاٹ: وار۔تلوار کی کاٹ (اسم۔مونث)
تج سیف کی پرکاٹ تے جیوں مرغ بسمل پھڑ پھڑے (شاہی۔کلیات شاہی)

پرکار: قسم۔نوع۔طرح۔مانند
1۔سنگاتی باج جو نعمت ہر اک پرکار کیا کرنا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔سب تن کیس روکھ پرکار (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پرکاس: (پرکاش) روشنی (اسم۔مونث)
1۔چندر کا کہاں پرکاس (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔یا جوں دیہہ میں جیو پرکاس (جانم۔ارشاد نامہ)

پرکاسا: (پرکاش) روشنی (اسم۔مونث)
پن دیوے کی پرکاسا (جانم۔ارشاد نامہ)

پرکاش: روشنی۔چمک۔ظاہر ہونا (اسم۔مذکر)
1۔کھیں سور پرکاش ہو چھین لے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
2۔کھلا اونچا کیا پرکاش یو سور (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔کنہیا یو پرکاش سنسار کا ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرکائیں: کھائیں
رتن اپنے تجھ پاس پرکائیں گے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پرکٹ: ظاہر
1۔نہ پرکٹ کی او کسی کے اُپر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔جب ہوا جگ میں تمارا انور پرکٹ چو رخت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
3۔کیا گنج مخفی تھے پرکٹ نمائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پرکٹ نمانا: دکھانا۔ظاہر کرنا
کیا گنج مخفی تھے پرکٹ نمائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پرکلیاں: چھوٹی مچھلیاں
ہوے سب پرکلیاں رگڑے تلے چور (ابن نشاطی۔پھول بن)

پرکم بحتاج۔غریب
بوبویوں کی توذرتی ہے خدا حامی ہے پرکم کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پرکم: (فارسی) نکما۔بیکار
1۔ستم اپنے کیا بازدکوں پرکم (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔برہ کی کھوڑی میں جوڑ پاتوں سوں پرکم کری (محمود بحری۔کلیات بحری)

پرکور: پرایا جسم
چلو پیار سیتی جو پرکور دشٹ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پرکھار: (پرکار) قسم۔طرح۔نوع
1۔چندر سے کاسیاں بھر بھے شربت کئی پرکار کا (نصرتی۔کلام نصرتی)
2۔یکبار کی لذت لیا اتنی بی توں پرکھار کا (نصرتی۔علی نامہ)

پرکھٹ: (سنسکرت پرکت) ظاہر
وہی پاربتی کوں تو پرکھٹ دکھایا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرگٹنا: پرکٹ ہونا۔ظاہر ہونا
کہیں یوسف ہوکر پرگٹیا تو دے زلیخا دل اسے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پرگٹ کرنا: دکھانا۔ظاہر کرنا
1۔عاشق کو عشق معشوق کوں حسن دیا ان دونوں میں اپنا بھید پرگٹ کیا (وجہی۔سب رس) 2۔کہیں پرگٹ کہیں گپت ہوکر جگ کوں چونڈھی لادے (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق) 3۔جیوں یہ حال تیوں پو پرگٹ ہوا (غواصی۔طوطی نامہ) 4۔کری پرگٹ جتا تھا در دمن کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پرگم: نکما۔بیکار
تجھ بن تھا کیا یو پرگم (اشرف۔نوسر ہار)

پرگھٹ: آخرت
ہمن ہم کوں اس گھٹ سوں پرگھٹ دکھائے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرگیان: گیان سے بھری ہوئی۔عقلمند
بی بی کے او فن پر سو پرگیان تھیاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پرم: پرعظمت۔بلند مرتبہ
بھید ک سیانا پرم سجان (اشرف۔نوسر ہار)

پرم: (پریم) محبت
1۔پرم موتی چوایا سکیاں گند دخوشیاں سیتیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جیو میں پیو پرم پلادے اس مستی سوں معمور (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق) 3۔تے پرم کی جج گما بھوآئی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔پرم کے نگر میں بھری تجہ دھائی (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

پرم باس: محبت کی خوشبو
1۔جلیں موم جیتاں پرم باس سوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔پرم کے باغ کا لالا ہے یا تج ہات میں پیالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پرم بن: محبت کا جنگل
نہ جانو پرم بن سے کن گلی جو یا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پرم تپ: سوزمحبت
پرم تپ سوں کنبلا کنول تن کا کوم (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

پرماتما: بھگوان (جوجیو آتما یعنی انسان کا خالق ہے)
ہور سمرن رہے نام پرماتما کا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرمان: اندازہ
یہ سب رہنے تجھ پرمان (جانم۔ارشاد نامہ)

پرم پار: (پرمپرا) روایت۔رسومات
پرم پار زنار جس وقت توڑا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرم جوانی: محبت میں جتلا جوانی
کہیں کہ سن ری پرم جوانی گن پورا ارشاد (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

پرمرد: پرایا آدی۔غیر مرد (اسم۔مذکر)
مبادا منجے پرمردکوں نبھائے (غواصی۔طوطی نامہ)

پرمڑی: (پر۔پرائی، مڑی۔گھر) بیٹی جسکا تعلق پرائے گھر سے ہوتا ہے
سوئی پرمڑی کا اٹھیا شاندوئیں (غواصی۔طوطی نامہ)

پرم گیانی: بڑا عالم۔واقفیت رکھنے والا۔عظیم شخص
گوال ہمیں پرم گیانی (محمود بحری۔من لگن)

پرمل: (سنسکرت پریمل) خوشبو۔عطر (اسم۔مذکر)

1۔کسوت کر ہم پرل لاؤ (اشرف۔نوسرہار) 2۔کوی پرل چندن یو رنگ مہکے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔کہ نور آنکھ میں جیو ہور پھول میں پرل (غواصی۔کلیات غواصی) چندن پرل گلاب انگن میں چڑکائی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پرَملک: پردیس (اسم۔مذکر)

سو پرملک میں جاکے یک شاہ پاس (غواصی۔طوطی نامہ)

پرَملوک: پردیس۔پرایا ملک (اسم۔مذکر)

ہمیں ہور تمیں مل کو جائیں پرملوک (غواصی۔مینا ستونتی)

پرَم ناد: (پرَم: محبت+ناد (عربی): آواز) پیار کا نغمہ

کہ کوئل پرم ناد اپنا سنایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پرَمیس: پرمیشور۔بھگوان۔خدا (اسم۔مذکر)

1۔رات دیس اس سے پرن ہوا ہے پرمیس (وجہی۔سب رس) 2۔لکیا جگ کرن سیو پرمیس کا (وجہی۔قطب مشتری)

پرَمیسری: پرمیشور۔بھگوان (اسم۔مذکر)

زنگھار زگن دو پرمیسری ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرَمیشور: بھگوان (اسم۔مذکر)

او پرمیشور شیش شالی ہے داتا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پرَن دیہہ: (پرَن) پڑا رہنے دے

پرن دیہہ چک آج نکھند رات (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پرَنار: پرائی عورت (اسم۔مونث)

1۔تجا او جو پرنار پرتول کھائے (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ) 2۔اس گھر کے خاوند نے دیکھو انکیا ہے جا پرنار پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 3۔ترک دیکھ پرنار سرتل کیا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 4۔کدھیں ٹمیں سوکر خیال پرنار پر (غواصی۔طوطی نامہ)

پرَنالی: اوپر کے ہونٹ میں بنی ہوئی نالی (اسم۔مونث)

لب بالا کی پرنالی کہاں ہے+ یہ قدرت کی انگلی کا نشاں ہے (شفیق۔تصویر جاناں)

پرَنیاں: پرنیہ (ایک قسم کا کپڑا) کی انفیائی ہوئی شکل

پرنیاں تن پر کی پھولاں کر لیے ہیں تو قبا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پراوا: لباس۔کپڑے

پراوا تن پو تھے اپنے کری او (ابن نشاطی۔پھول بن)

پرَوار: (سنسکرت پریوار) خاندان۔گھرانا۔متعلقین۔متوسلین (اسم۔مذکر)

1۔روئیں کوئے سب پروار (اشرف۔نوسرہار) 2۔مرے بھوک پروار اور رانو اس (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 3۔رویں گوتی سب پروار (اشرف۔نوسرہار) 4۔ہزاراں چہ پروار یا یک لیا (نصرتی۔علی نامہ)

پرَوال: (پرمان) پیمانہ (اسم۔مذکر)

گلابی لال پھانکاں دو ادھر پروال ہیں دھن کے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پرَوانگی: اجازت

اگر تیری پروانگی پاؤں گی (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

پرہاوا: لباس (اسم۔مذکر)

1۔سنگے انگ لنگ پیہ کا بن پراوا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

2۔پہنادے نت نواس کوں پرہاوا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پرہاوے: لباس (اسم۔مذکر جمع)

جونت کیتے پرہاوے چین منگائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پرَونس: (پرایاونش) دوسری جنس

نہ پرونس کا دوش مجھ دوس دے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راو)

پرَہن: پیرہن (اسم۔مذکر)

پھولن پرہن پھاڑے آپ (اشرف۔نوسرہار)

پرَہتم: پرتھم۔اول۔پہلا

1۔سونو کھنڈ پرہتم جسے ایک ٹھاوں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

2۔کیا گرد پرتھم ترنگ پائے تل (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

پرَھیوا: تکلیف۔بیماری

اٹھارہ جنس گوڑ پرھیوا نوار (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راو)

پرَیس: محبوب (اسم۔مذکر)

تو بھیس ہے تو پریس نیارا (محمود بحری۔من لگن)

پرَیشانگی: پریشانی
پریشانگی ہولگیا ویں اچاٹ (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)
پَڑ: پڑھ
شعر پڑ (وجہی۔ تاج الحقائق)
پَڑاڑا: پلڑا (اسم۔ مذکر)
ترازو کے دو پڑاڑے ہیں (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)
پَڑانے: پڑھانے
رکھیا اوستاداں پڑانے اسے (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)
پَڑتا: گرتا
سوانھتا و پڑتا ہر اک ٹھار پر (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)
پَڑتی پڑانا: سکھانا۔ سمجھانا
ملانی زلیخا کوں تب رین کی + پڑاتی پڑتی سب یو سکھ چین کی (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
پَڑتیاں: پڑتی (فعل۔ مونث)
غم تھے اکثر تج اپر پڑتیاں ہیں چھایاں غم نہ کھا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)
پَڑدَنتیاں: اصل دانت گرنے کے بعد جو دانت نکلتے ہیں
جو پڑ دانت نکلیاں اتھیاں پڑدنتیاں (نصرتی۔ علی نامہ)
پَڑم: موٹا کپڑا
صوفے کے موں کو باندھوں یک پال موٹے پڑم کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
پَڑمرگی: گوشہ نشینی
جو شخص کہ اپنی جھونپڑی میں پڑمرگی لیتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
پَڑن: پڑھنا
سمی عالماں اپ پڑن جانتے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پَڑنا: گر پڑنا
نکیں جانتے جکوئی چڑے ہیں سو پڑے ہیں (محمود بحری۔ کلیات بحری)
پَڑن ہار: پڑھنے والا
1۔ الٰہی بخش توں پڑن ہار کوں (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ ہوس ہوئے اگلا پڑن ہار کوں (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ پڑن ہار کا کر تو تازہ دماغ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
پَڑنے ہاریاں: پڑھنے والیاں
جو منتر کیا تھیاں پڑنے ہاریاں تمام (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
پَڑو: پڑھو
سب فقیاں مل الف نا پڑک کہتے ہیں پڑو (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پَڑوسا: پڑوس۔ ہم سایہ (اسم۔ مذکر)
بحری نہ منگ اور کا پڑوسا (محمود بحری۔ کلیات بحری)
پَڑوں: پڑھوں
دعا تسبیح ایسا کچھ پڑوں میں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
پڑھیاں: پڑھنے والے۔ قاری
پڑھیاں کوں تو سب آوے یو کام کوں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)
پڑی: چھوٹا کھٹولا جو بیٹھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے
دیتی بیٹھنے اپنی بیسک پڑی (غواصی۔ مینا ستونتی)
پڑیا: پڑا
1۔ غبار اس کے نعلین کا جھڑ پڑیا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ پھل اس جھاڑ کا تٹ پڑیا رات کوں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال) 3۔ ترنگ پر تے بے سدھ ہو بھیں پر پڑیا (طبعی۔ بہرام وگل اندام) 4۔ او میدان میں تیغ تٹ کر پڑیا (طبعی۔ بہرام وگل اندام)
پَڑیا: پڑھا
میں کتاباں تو علم کی بھوت پڑیا ہوں دلے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پَڑیاں: پڑی (فعل۔ مونث) کی جمع
1۔ پڑیاں لوہو دھاراں حرف مشک جر (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 2۔ وہ مچھلیاں وہیں ہنس پڑیاں ایک بار (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ بنا پھوٹ سب کا سوار ڑا پڑیاں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
پَسار: پھیلا کر
1۔ پڑیا پھول پر جب بھنور پنکھ پسار (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ) 2۔

لکیا دیکھنے واں سوانکھیاں پسار (غواصی۔طوطی نامہ)

پَسارا: سامان۔کائنات

1۔اس مائی کا پسارا (میراں جی شمس العشاق۔شہادت الحقیقت) 2۔زن و مال فرزند سارا پسارا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

پسارنا: پھیلانا

کھڑا ہور ھیاموں سو پسار کر (بلاقی۔معراج نامہ)

پَسارے: پھیلائے۔بکھیر دیے

1۔کنول ہر دلیں پر پسارے بھنور (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔گر لاستارے پسارے تمام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پَساریا: پھیلایا (پسارنا: پھیلانا)

جوکوی ہت پساریا ہے حق کن تمام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پَساسو: (پچاسوں)۔بیشار

1۔پساسو برس کی ہواس کی حیات (مذہب۔پنجۂ آفتاب)

پَساسوں: پچاسوں

پساسوں برس شہہ تو یوں راج کر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پسر رہنا: چت لیٹ جانا

رھیا پسر مونھ پلیٹ (اشرف۔نوسرہار)

پَسری: پھیلی

1۔کہے توں کہ پسری کلنگڑیاں کی بیل (نصرتی۔علی نامہ) 2۔ابھال کے نمن آگ پسری وہاں (رستمی۔خاورنامہ)

پَسرے: پھیلے

دھرت پر لوگ یوں پسرے تھے سارے (ابن نشاطی۔پھول بن)

پساریں: پھیلائیں

اب پلو تج کن پساریں ہور منگیں پان عید کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پُستک: کتاب (اسم۔مذکر)

1۔پڑ پڑ پستک بھولیں باٹ (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔پستک چھو سندری (ابراہیم عال شاہ۔کتاب نورس) 3۔پران اور پستک میں ہیں بہوت ہوشیار (شاہ تراب۔من سمجھاون) 4۔جسے سیس پستک ہوا روئے گا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

پَسند پڑنا: پسند آنا

اس کے فعلاں شیطاں کوں پسند پڑے سوہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

پسَیچت: پسیجنا

پھنی ایسیں لاگت درگا درس دیکھت مانو سور پسیچت لجا سکو چنی کپت تھر تھر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پشانی: پیشانی

1۔دیکھت جوں چاند آدھا وہ پشانی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔آئی ناری سلکھن چند پشانی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پشتانا: پچھتانا

تو پشتا براں گور میں جائے گی (غواصی۔مینا ستونتی)

پُشتی: طرفداری۔حمایتی آسرا

1۔اب مجھ ناہیں پشتی ہور (اشرف۔نوسرہار) 2۔بڑی پشتی بڑا تکیا بڑا آدھار پکڑیا ہوں (غواصی۔کلیات غواصی) 3۔جو اس تھے نوح کوں ہوتی نہ پشتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 4۔جو دیتی روپ کوں کسوت سوں پشتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پُشتی بل: پشت پناہ

کر اس اپنے پشتی بل (اشرف۔نوسرہار)

پُشتی دان: پشت پناہ۔سہارا

1۔میرا سو پشتی دان توں تج بن نہیں کوئی یا علی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔حسن جیسا پشتی داں (اشرف۔نوسرہار)

پشتا: پچھتا

تو پشتا بزاں گور میں سوئے گی (غواصی۔مینا ستونتی)

پِک: (سنسکرت) پپیہا (اسم۔مذکر)

عشق کے بنے بن سو پک ناد گاوے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پُکارا: پکارا۔شور پکار

1۔اس دن تے پرت کا ہوا ج تن میں پکارا (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔اس کا پکارا تو بھوت بھونڈا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پُکاراڈالنا: مشہور کرنا
ہور پکارا ڈالیا کہ میں اپنا پیسا ٹکا یہاں رکھتا ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)

پُکاریا: پکارا
1۔غصے سوں پکاریا جوابر سیاہ (رستمی۔خاورنامہ) 2۔پکاریا گلا کاڑ کر شور سوں (غواصی۔طوطی نامہ)

پُکارن: پکارنا
1۔زباں کھول کر اس پکارن لگے (رستمی۔خاورنامہ) 2۔جو اک کارواں یوں پکارن لگیا (رستمی۔خاورنامہ)

پکپن: پختگی۔تجربہ کاری
سفر بیچ پکپن ہے کچے کے تئیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)

پکڑ: ربط۔تعلق
1۔ ہے اس سوں پکڑ میرا گھنیرا (محمود بحری۔من لگن)

پکڑ بندی: گرفت۔پکڑ
اس بات کی کیا پکڑ بندی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)

پکڑیا: پکڑا
1۔تو ہے کون لشکر تھے پکڑیا کنار (رستمی۔خاورنامہ) 2۔ترے بالاں تھے پکڑیا باس بالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔تجن مکھ دیکھتے دل سوز پکڑیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پکوے: بازو۔گود
کہ پکوے میں لیتی ہے تج کھینچ کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پکنا: (مراٹھی۔پیک: فصل) فصل پیدا ہونا
طرح طرح کے میوے پکتے (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)

پکھا: پنکھا
مندا کنی دندی کنگن پکھا پھرے سدا بھارے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پکھاٹا: (پکھوٹا) بازو
کمان کے پکھاٹے پڑونے اسکی چھاتی پر بیٹھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)

پکھڑی: پنکھڑی
ترے گل برگ لب آگے خجل ہے پھول کی پکھڑی (ولی۔کلیات ولی)

پکھوا: بازو (اسم۔مذکر)
1۔پکھوئے ہیں جو حق کے ملک گیری (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)
2۔بچھاوے پھول پکھوے تل تک آہوش (ابن نشاطی۔پھول بن)

پکھوٹے مارنا: پر مارنا
بھوں دھوں کرتا پکھوٹے مارنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)

پکھیرو: پرندہ (اسم۔مذکر)
وہاں دو جا پکھیرو تھا بچارا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پکیا: پکا
پکیا بن آگ سوں تم دیو تک واد (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پکیاں: پکی (صفت) کی جمع
1۔کچیاں ہور پکیاں سب کلیاں چون چون (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
2۔بہشت کی باغاں میں سو اک سیب کھجوراں پکیاں دیویں گے خدا کھیا (میراں جی خدانما۔شرح مرغوب القلوب)

پکے پھل کو روک سوں کام نہیں: پھل کے پک جانے کے بعد درخت سے اسے کوئی تعلق نہیں ہوتا
پکے پھل کو کیا کام ہے روک سوں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

پکیں نشوونما پائے (مراٹھی پیک۔فصل)
پکیں اندراں سے اناراں انجیر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پگ: پاؤں۔قدم (اسم۔مذکر)
1۔تب پگ لگے تو ابر اس شمس الضحیٰ کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔مو آنگن میں آتوں پیا پگ دھرنا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔عطارد نے آکر دھریا پگ پہ سیس (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 4۔یا بھوت کرتے کھوڑ کر سوکیاں کے پگ زنجیر ہے (حسن شوقی۔غزلیات)

پگا: جھلا
پگاں کے پنگا میں پگا وہ پیو کوں پھل ہوئے تب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پگاں: پگ (پاوں) کی جمع

کہ یو نازک سندر نازک پگاں کی (ابن نشاطی۔ پھول بن)

پگ پاؤڑے: رکاب (اسم۔مذکر)

سواری تیئں رکھے پگ پاوڑے پائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پگڑیاں: پگ (پاوں) (اسم۔مذکر)

للائی دوئی پگڑیاں سوں رگڑ کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پگڑیاں جھپٹنا: دغابازی کرنا

میں اتنے کھانے کے واسطے کیسے کیسے پگڑیاں جھپٹنے کا کام کر کو پیدا کرتا ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پگل: پگھل

1۔پگل اگ ہوے صاف پانی تمام (نصرتی۔علی نامہ) 2۔پگل زہرہ سمدور کا ہوئے آب (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔پگل تج بیہ تھے مل سمند ہو جائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پگلا: پگھلا۔

ہر دل ان پر پگلا ہے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

پگلائے: پگھلائے۔(پگلانا۔پگھلانا)

دکھلائے کر مہتاب کوں بیتاب کر پگلائے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پگ لگنا: قدم بوسی کرنا

تب پگ لگے نوانبر اس شمس الضحیٰ کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پگلیچھ گا: پچھلے گا ہی (چتا کیدی۔مراٹھی)

اگن پاس مسکہ جو پگلیچھ گا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پگن: (پگ) پاوں (اسم۔مذکر)

نہ دیکھو ز ورسوں مست ہوئیں گے پگن مجروح (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پگو: پگ۔قدم (اسم۔مذکر)

ترنگ سر تھے پگودم سنگ سنگارے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پگوں: پگ (قدم۔پاوں) کی جمع

پگوں نیچے دھرے کوندن سنگاسن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پگھوی: (سنسکرت پکش) گود۔بازو (اسم۔مونث)

جو بانویں پگھوی تھے ناراپچ ہوئی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پگھوے: (سنسکرت پکش) بازو۔پہلو (اسم۔مذکر)

بچھاوے پھول پگھوے تل تنک آ ہوش (ابن نشاطی۔پھول بن) جو اچھتی رات دن پگھوے لگ اس سات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پلا: گا کر۔لوری دے کر

پلائی گنوارے میں تج بھا پلا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پلا: چلا۔چیخ

خلائق سکل ہوی شہہ کو پلا (فائز۔رضوان شاہ و روح افزاء)

پلات: پلاتا ہے

اُدھر تیرے کوثر کا پیالہ پلات (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پلات: گاتے

شعر تیرا معانی صدقے نبی۔لکھ لیتے ہاتے ہات گاتے پلات (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پلاس: ایک درخت کا نام (اسم۔مذکر)

پلاس اپنے لٹایا جب کہ سب پات (شفیق۔تصویر جاناں)

پلان: پلانے

جوں اس ہست کوں کھول پانی پلان (غواصی۔طوطی نامہ)

پلانا: گانا

چتر ڈومنیاں خوش پلاتیاں اچھیں (نصرتی۔گلشن عشق)

پلانے: گانے

1۔اتم ڈومنیاں مل پلانے لگیاں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔پلانے دیا ڈومنیاں بے بدل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پلانے: چیخنے۔(پلانا۔چیخنا)

نوازش سات رو رو کر پلانے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پلاؤ: (پلانا۔گانا۔چیخنا) گاؤ

خوشی دولت گھڑی باجے پلاؤ بلجو ناداں سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پلاون: پلانے والی
کرن سیپیاں سیتی امرت پلاون (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
پلاون ہار: چیخنے والا۔ چلانے والا
پلا یئے اس پلاون ہار کوں لوگ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
پلاویں: گائیں۔ چیخیں
1۔ سلکھن میرزادیاں مل پلاویں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ پلاویں چھند سیتی میرزادیاں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
پلپے: پیے
کھانے میں کھال تل کے تل من دل بلپے مجھے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
پلایاں: پالان شتر
پلایاں اونٹ کے سارے منگا کو (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
پلشت: گندہ۔ برا۔ پلید
جو پڑنے میں نا ہوئے تو ان پلشت (رستمی۔ خاورنامہ) دیکھے گا تک خواب میں پلشت چھانو (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پلکاں: پلک کی جمع (اسم۔ مونث)
پلکاں طواف کرتے اہیں کعبے نین کوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پلک زدمنے: چشم زدن میں
پلک زدمنے ہوئی گرفتار میں (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)
پلکھ: پلک (اسم۔ مونث)
بھی پلکھوں سیتی تس آب دریا تلک (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
پلکھاں: پلکھ (پلک) کی جمع
1۔ سو پلکھاں کوں موتی پرونے لگی (صنعتی۔ قصہ بے نظیر) 2۔ مرے گھاو پلکھاں کے نشتر سو چیر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 3۔ کدھیں بے ہوش ہو پلکھاں میں سوتے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 4۔ نہ پلکھاں ہلا خوب انکھیاں مو نچھ لیئے (غواصی۔ طوطی نامہ)
پلنگاں: پلنگ کی جمع
پلنگاں کے پائے گلیاں کے تمام (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)
پلو: آنچل (اسم۔ مذکر)
1۔ اب پلو تج کن پیاریں ہو رنگیں پان عید کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ پلو لاموں کوں دک سوں اُن اک اک روئی (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔ محبت کوں پلو میں لا دیا ہوں (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
پلو (آنچل) آگ باندنا: مصیبت میں مبتلا کرنا (اسم۔ مذکر)
کئے بے رحم باندیا تج پلو آگ (ابن نشاطی۔ پھول بن)
پلھار: پار
1۔ نہ جیٹی سکے اڑ سو دریا پلھار (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 2۔ اڑیں جھال کھا جا سمندر پلھار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)
پلیت: پلید
تب تے شراب کوں میں بولیا پلیت پانی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
پلیٹ: لپیٹ (تقلیب حروف)
1۔ ہوا حیراں نامہ پلیٹ کر رکھیا (رستمی۔ خاورنامہ) 2۔ رہے پرگم موڑ پلیٹ (اشرف۔ نوسرہار)
پلیٹا: لپیٹا (تقلیب حروف)
پلیٹا ہے اس پاس دلدار کوں (رستمی۔ خاورنامہ)
پلیٹیاں: پلیٹی (لپیٹی۔ فعل مونث) کی جمع (تقلیب حروف)
اتھیاں زہر امرت پلیٹیاں سکل (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)
پلیٹنا: لپیٹنا (تقلیب حروف)
1۔ پلیٹے ہیں دو ساپ ڈوگھر پڑے (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 2۔ پلیٹا سب اک بار پھل پھول پات (نصرتی۔ گلشن عشق)
پلیٹی: لپیٹی (تقلیب حروف)
منگی چلنے کوں جب برہے پلیٹی (ابن نشاطی۔ پھول بن)
پلیٹے: لپیٹے (تقلیب حروف)
جو سب اس میں پلیٹے فتح و دولت (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
پم: (پیم) محبت (اسم۔ مذکر)
گرمتی ہے تو شبہ کے پم کی توں (غواصی۔ کلیات غواصی)

پَن: مگر۔ لیکن۔ پر۔ پرنتو
1۔ جیو جاگا ہے پیو کا پن یاں۔ عارف اس بات کو ہلکتے ہیں (محمود بحری۔ کلیات بحری) 2۔ ایک بات گئے ہونگے تجن پن جیو بارا باٹ ہے (محمود بحری۔ کلیات بحری) 3۔ علت جائے پن عادت کاں (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)
4۔ جیول کہتا ہوں میں پن سن توں سنگیں ہونگو (محمود بحری۔ کلیات بحری)

پُن: ثواب (اسم۔ مذکر)
ہمیں باپ تے پن ترازیاست ہے (وجہی۔ قطب مشتری)

پَنایا: پیدا کیا
پنایا جگت خاص ہور عام سب (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

پنایاں: پنائی (پیدائی) فعل۔ مونث کی جمع
1۔ قراری کی کوشاں پنایاں نچھل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ پنایاں سومہ کوں جیتاں تھیاں دتیاں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پَنت: راستہ۔ مسلک (اسم۔ مذکر)
1۔ کہ چوندھیر لگ پیش دیس پنت اوسے (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔ کفر پنت بھریا جو ہے دلفریب (غواصی۔ کلیات غواصی) 3۔ ادبھی دیکھوں تیرا پنت (اشرف۔ نوسرہار) 4۔ کہتے ہیں مجھے دیکھ پرت پنتھ کے راہی (محمود بحری۔ کلیات بحری)

پنپنا: پیدا ہونا
نہ پنپتا جو توں کس پناتا کریم (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

پنپل: پیپل کی انفیائی ہوئی شکل
گہہ سنا گہہ پنپل گہہ گھوڑ گہہ گلشن ہوا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

پنتے پنت: راستہ راستہ
پنتے پنت تینوں کنتھے کھولتے (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

پنتھ: راستہ سلوک (اسم۔ مذکر)
1۔ نہ کر غصہ شکایت عشق پنتھ میں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ کتے شاہ اسوار اس پنتھ آئے (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 3۔ چلے رکھ پا پدم جس پنتھ وہ کنتھ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پنتھ دیکھنا: انتظار دیکھنا
نین جیت سوں دیکھی ہوں پنتھ تمارا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پنتھی: راستہ چلنے والے۔ مسافر۔ راہ گیر۔ پنت اختیار کرنے والے۔ سالک
1۔ کہتے ہیں مجھے دیکھ پرت پنتھ کے پنتھی (محمود بحری۔ کلیات بحری)
2۔ نہ جانوں کہاں دھیان پنتھی اتھار (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

پنج: پیدائش
ولے کیا کروں ہے پنج خاک تے (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

پنجاں: پنجا (پنجہ) کی جمع
کھودا اگر گ پنجاں سیتے اپنی گور (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

پنج بھوت: پانچ عناصر۔ ہوا، پانی، آگ، مٹی اور خلا۔ دنیا
1۔ یو پنج بھوت کا کیا ہے کوئی بھروسا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)
2۔ ہے جو آئے ہیں اس پنج بھوت کی پرتھی (بحری۔ کلیات بحری)

پنجتولے: باریک اور مہین کپڑا (اسم۔ مذکر)
بہوت نازوک ہندی پنجتولے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

پنجر: ڈھانچہ۔ ہڈیاں
رکھی میں تو پنجر ہوئی سوک سوک (غواصی۔ طوطی نامہ)

پنجن: پیجن۔ پاوں کا زیور (اسم۔ مذکر)
نور کا پنجن لوڑے تک (جانم۔ ارشاد نامہ)

پنجناں: پنجن (پنجن۔ پاوں کا ایک زیور) کی جمع (اسم۔ مونث)
اس پنجناں کی نادسوں منج نیند جاوے نین تھے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پنجی کاری: عامل۔ جادوگر
1۔ پنجی کاری ایسے اتھے بے مثال (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ پنجی کاری بارے سو پڑ پڑ منتر + بلا وادیتا او جو ہیں سحر گر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

پنجیاں: پنجہ کی جمع۔ پنجے
1۔ لیا میرا حلقوم پنجیاں کے در (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ دو پنجیاں تے سٹا اتھا کن پوناک (طبعی۔ بہرام وگل اندام) 3۔ جھڑے ڈرتے باگاں کے پنجیاں کے نھوں (غواصی۔ طوطی نامہ)

پنچال: ہوشیار۔ تجربہ کار۔ ماہر۔ عالم
1۔ ایک طبیب تھا حکیمی میں بڑا پنچال کہلاتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔

انوار سہیلی) 2۔ جتے پنچال ہیں اس جگ میں سارے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

پنچالی: ہوشیار۔ چالاک۔ مکار
دنیا کے تالی ہور زمانے کے پنچالی سوں ذرہ کچھوانا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

پنچ رس: (پنج رس) پانچ دھاتوں کا مجموعہ۔ دھات سے بنا ہوا
کیا اک دن ہتی پنچرس کے تن کا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

پنچھمی: ایک سُر کا نام
الاپیں مشتری ہور زہرہ سر کے پنچھمی کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پنچنا: پیدا ہونا
پنچا ہے آج کے دن تھے عیش کامرانی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پند پکڑنا: نصیحت پر عمل کرنا
نہ مھینے سے ڈرے نا پند پکڑے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پندرویں: پندرھویں
پندرویں کریں پیار جوسیاں کے تیئں (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ)

پندریاں: پنڈلیاں
1۔ اپیں پندریاں روپے کیاں سونے ثمن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ نہ جانو دو نوراں پندریاں کو دیک (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پنڈ: جسم۔ بدن (اسم۔ مذکر)
1۔ اس پنڈ کوں نیئں ہے پائیداری (محمود بحری۔ من لگن) 2۔ نین کو نور دے جس پنڈ کی گہیہ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔ میرے پنڈ کا سب بتا دیو ٹھاوں (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

پنڈر: پھل (اسم۔ مذکر)
میرا کام جھاڑاں کے پنڈراں چن چن کو کھانے پھرنے کا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

پنڈریاں: پنڈلیاں
1۔ جو پنڈ ریاں کوں سنے کے سونے کناں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
2۔ چلے باٹ تو پنڈ ریاں بولیں (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

پنساسو: پچاسوں
پنساسو گھڑیاں ساٹھ دن رات بھر (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

پنک: (پنکھ) پر (اسم۔ مذکر)
1۔ اڑیا داں تے خوشحال پنک مار مار (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ ہوا طوطا کیا تو پنک سوں پرواز (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

پنک: پنچھی۔ پرندہ (اسم۔ مذکر)
چلی وارتا پنک تو کھنڈ جائے (فخر دین نظامی۔ کدم راو پدم راؤ)

پنکج: کنول (اسم۔ مذکر)
تج گال کی تعریف سن پنکج چھپے جانیر میں (شاہی۔ کلیات شاہی)

پنکڑ: لڑکا۔ بچہ (اسم۔ مذکر)
بزا دھاری پنکو کوں دے توں آدھار (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پنکوا: بچہ۔ بیٹا (اسم۔ مذکر)
مہینے تین کا تھا پنکوا اُس (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پنکھ: پر (اسم۔ مذکر)
لگیا پھرنے خوش کھول پنکھ سور کے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

پنکھو: (پر) پرندہ (اسم۔ مذکر)
کہ جے جائے بیٹھے کسی پنکھ پاس (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پنکھا ڈلانا: پنکھا جھلنا
پون کا پنکھا لے صبا خوش ڈلائے (نصرتی۔ علی نامہ)

پنکھاں: پنکھ (پر) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
1۔ لگی رونے کوں پنکھاں ڈھال لے کر (ابن نشاطی۔ پھول بن) 2۔ صدر پر آپنے پنکھاں بچھایا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پنکھرا: پنکھ۔ پر (اسم۔ مذکر)
سو کھی ماٹی جیوں پنکھرا (اشرف۔ نوسرہار)

پنکھ راج: پرندوں کا راجہ۔ مور (اسم۔ مذکر)
کبوترا و کوئل ہور پنکھ راج مور (غواصی۔ طوطی نامہ)

پنکھرو: پکھیرو۔ پرندہ (اسم۔ مذکر)
1۔ پنکھرو آئیں جواڑ کر میں دیکھوں تک پیار کوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
2۔ سو دیکھت نور جھلکا چکھ پنکھرو مرگ سب بھلتے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پَنکھی: پنچھی۔ پرندہ
1۔ پنکھی جوں تر پھرے او کاٹنے تھے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
2۔ چار پنکھی کاٹ کر اک ٹھار کوٹ (وجدی۔ پنچھی باچھا) 3۔ پنکھی ہے
تل ترا اس کوں ہے چارا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پنکھے پنک: پنکھ پنکھ
پنکھے پنک جڑت کے صدر جگمگاٹ (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

پنگانگے: پینگ دیں گے۔ جھلائیں گے (پنگانا۔ پینگ دینا)
تھنڈے رکھ پلنگ بندھا کر پنگانگے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پنگاتی: جھلاتی
زلفاں کے پینگ میانے میہہ سوں پنگاتی منج کوں (محمد قلی قطب شاہ۔
کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پنگانے: جھلانے
ہنڈولے چیت میں لالن کو پنگانے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پُنگڑا: (گجراتی) بچہ (اسم۔ مذکر)
پنگڑے لوگوں کے خوش ہوئے (اشرف۔ نوسرہار)

پنگڑیاں: (گجراتی) پنگڑا (لڑکا۔ بچہ) کی جمع
1۔ کرے اس کے پنگڑیاں کوں اول کے سار (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔
بنے یعقوب جب پنگڑیاں تھے یہ بات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پنم: پونم چودھویں رات کا چاند۔ ماہ کامل
1۔ یا مکھ کنول کھلیا ہے یا چاند ہے پنم کا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبد
اللہ قطب شاہ) 2۔ دموں میں پنم چاند موں ہو سرس (فائز۔ رضوان شاہ
وروح افزا)

پنم: (پن) ثواب
بڑا پپ پنم کا ہے او ضامن پچھان (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

پنم چند: ماہ کامل (اسم۔ مذکر)
تمن جنتے تھے تس دن میں پنم چند جوں ہے کھپنے میں (محمد قلی قطب شاہ۔
کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پنم کا چاند: ماہ کامل
دوا چند پنم کا ستارے پتنگ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پَنوا: ٹھیر سکے۔ مقابلہ کر سکے
پنوا نہ سکے سورج نور اگے۔ کہ جن یاں پنوایا سو آخر گنوایا (عبداللہ قطب
شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پَنواڑی: پان کی کیاری۔ پان اگانے کا خطہ جسے دکن میں "پن ملا"
کہا جاتا ہے۔ (اسم۔ مونث)
جہان لگ جو کشمیر پنواڑیاں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

پَنوانا: ذلیل کرنا۔ رسوا ہونا
دو تن توں پرت میں اپس کی پنواتی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی
قطب شاہ)

پَنوانگی: بدنام کروائے گی
کیتا اپس کوں ناز ہور چھند میں پنوانگی اے سکی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات
محمد قلی قطب شاہ)

پِنھا: پہنا
کفن پنھا کے مجھ کو لباس کیا پہنا (ولی۔ کلیات ولی)

پِنھائی: پہنائی (تقلیب حروف)
کسی تن پتو لے پنھائی پراہ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پِنھائے: پہنائے
شفق سا پنھائے سولا پیرہن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

پَنھایا: پہنایا
بدیا پنھایا جیوں ہملاں سنگار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

پُنیے: (پنیہ کرنے والا) نیک
پنے پاپی ہے پر ہے میا وقت (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پَنیتین: پاؤں کا زیور پنجن
پاؤں کو پنیتین اگر چہ میں دیا تو کیں دیا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

پُو: پر
1۔ دلیر اس پو ہویں اتھی ہانک مار (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ ایک پو گری
کل پر کوندی (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن) 3۔ کیا دور سیناں پو کے زنگ کوں
(غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

پُوت: بیٹا۔ فرزند

1۔ بلا کر کہا اے میرے من کے پوت (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔ نہ تجھ پوت بدونت نا بیر بل (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

3۔ پچھے اس نبی پھر پرا پوت کوں (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ)

پُوتا: پوت۔ بیٹا۔ فرزند (اسم۔ مذکر)

اب کہہ پوتا کیا مقصود (اشرف۔ نوسرہار)

پوت بنگڑیاں: سہاگ کی نشانیاں (کالی پوت سہاگنیں گلے میں پہنتی ہیں بنگڑیاں (چوڑیاں) بھی سہاگن عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں)

منگو پوت بنگڑیاں کی اس کے حیات (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

پُوتر: پاک

1۔ سرتی پوتر سوانت گھن جل کیسیں جی جانی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) 2۔ اچھے اس تھے پوتر دامن اسکا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

3۔ پوتر ونس تھے میرا تو اپج ہوئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پُوتری: پتلی (اسم۔ مونث)

1۔ زلف تیری کل آنکس پوتری میرو میں ہتی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) 2۔ نین میں جلوہ گر کا پوتری ہے (شفیق۔ تصویر جاناں)

3۔ سرستی گوری جیسے گج ونت پوتری کو کس ستاری سنوار نے بنا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

پُوتلا: پتلا (اسم۔ مذکر)

نہ لاشک وہی پوتلا کر خیال (غواصی۔ طوطی نامہ)

پُوتلی: پتلی (اسم۔ مونث)

1۔ جیوں پھول تازہ بن سنے جیوں پوتلی لوچن منیں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ کیا پوتلی اس کہوں اپ نین کی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ ہوا سر تھے غزل کہنے ہوس اس پوتلی خاطر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پُوتلیاں: پتلیاں (اسم۔ مونث۔ جمع)

سنے کیاں پوتلیاں جیسا کھڑیاں سو (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پُوتی: بیٹی (اسم۔ مونث)

بھلیا دیک ترسا کی یک پوتی (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

پُوتھیاں: پوتھی (کتاب) کی جمع

پوتھیاں کی جب دیا جلائے (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

پُوتی: (پوتھی) کتاب (اسم۔ مونث)

1۔ ستارام داس کی تو پوتی ہے کامل (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 2۔ اے اس کی من کی پوتی کا جواب ہے کہ جس کا جگ میں رام داس خطاب ہے۔ (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

پوٹا: شکم (اسم۔ مذکر)

ہری گھانس سوں چرب پوٹا ہوا (غواصی۔ طوطی نامہ)

پوٹاں: پوٹ (مشعل) کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

کہ پوٹاں دوئی دست لے کر کھڑے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پوٹھا: پوٹا (اسم۔ مذکر)

اس کے سر سینے کے گوشت سیں پوٹھا بھرلیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

پُوجن: پوجنا

کھیا کہ حق پرستی کرو بت پوجن ستو (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پُوچ: پوچھ

1۔ نہ ہمنا کوئی دیکنا پوچ یاں (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ حقیقت یو کیا ہے سوتوں آج پوچ (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ کو یہ بھیدی کون ہے پوچ (جانم۔ ارشاد نامہ) 4۔ لیتے پوچ قاضی سوں عاردس نام (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پُوچتیاں: پوچتی (پوچھتی۔ فعل مونث) کی جمع

سو پھر نے لگیاں پوچتیاں ہر کسے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

پُوچن: پوچھنا

چلو لے اپنا ہات پوچن لگی (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پُوچھ: (پونچھ کی غیر انفیائی ہوئی شکل) دُم (اسم۔ مذکر)

اہیں شیر یو شیر کی پوچھ بن (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

پُوچھ پچار۔ پوچھ پچھار: پوچھ گچھ۔ دریافت

اس کی ذات کا پوچھ بچھار نئیں کرتے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پُوچھن: پوچھنا (برج بھاشا)

1۔لکیا احوال پوچھن لاگ دُنبال (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔وہ راتوں کو پوچھن لکیا اے سوتوں (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔لگی پوچھن اسے بھوتیک سرن تے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پُور: (سنسکرت پوریا) پر۔بھرا ہوا۔لبریز۔پورا

1۔تھا پور جو اک بڑا پٹارا (محمود بحری۔من لگن) 2۔لہو بہہ چلے جوں کہ ندیاں پور (اشرف۔نوسرہار) 3۔جو عاشق اچھے سو چھ ہے فن میں پور (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 4۔رہ میں پائے ندی پور (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

پُور: طغیانی۔باڑھ

1۔ندی جوں دریا سوں ملے پور میں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلی مجنوں)

2۔سوندی پور تھے اپھریا کچ آزاد (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پوراچ: پوراہی (چِتا کیدی۔مراٹھی)

کہ کونڈیا ہے پوراچ برہانچ آج (غواصی۔طوطی نامہ)

پُورب: پہلے

پورب لکھتوں پر بے ہری رام کے (حسن شوق۔فتح نامہ نظام شاہ)

پور پڑنا: کافی ہونا۔عہدہ برآ ہونا

اس ہانڈی سوں...... پور نئیں پڑسکی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پُورپ۔پورب: مشرق (اسم۔مذکر)

1۔جو تھے پورپ پچھم اتر دکھن کے (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔نہ پورپ نہ دکھشن نہ اتر نہ پچھم (حسن شوق۔فتح نامہ نظام شاہ)

پُورت: مکمل

بچن ہور بدھانس سار پورت (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پُورتا: (سنسکرت پورتیہ) پوری۔مکمل

مرے پورتے پیر ارشاد منجھ (محمود بحری۔کلیات بحری)

پُورن: (سنسکرت پورن) مکمل۔تمام۔پورا

نہ پورن لکھے تو جہ حرف اک بچار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پُورن کلا: چاند کی سولہ کلا

شا کھاں پورن کلا کھین ہو (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پُورنی: (سنسکرت۔پورتیہ) مکمل۔پورا

اگھاون پورنی نا ہیں سوکھانا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پُوڑے: تہہ کیے ہوئے۔لپیٹے ہوئے

پوڑے کر رکھیں جوں کہ اطلس کے تھان (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پُوریا: پورا کیا۔مکمل کیا

پوریا آس مینا کی اوذوالجلال (غواصی۔مینا ستونتی)

پُوریاں: پوری (مکمل) کی جمع

او گانٹھاں سو پوریاں ہویاں سو یہاں (غواصی۔طوطی نامہ)

پوستی: پوست پینے والا۔فقیر

دل میں اپنے کچھ سمجھا اے پوستی (وجدی۔پنچھی باچھا)

پُوسی: بلّی

بھپیا دیکھ ترسائی یک پوسی (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

پوک: انبار۔ڈھیر (اسم۔مذکر)

کرے پوک سو پھونک جیوں کاچ کے (حسن شوق۔فتح نامہ نظام شاہ)

پُوکار: پکار

1۔ترختا باپ کوں پوکار پوکار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔ہزاروں بھالداروں لائیں پوکار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پُوکارن: (پکارن) پکارنا

پوکارن لگے گوندا گوندا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پُوکراج: پکھراج (اسم۔مذکر)

جھلک نکھ اپر ہوں سول پوکراج (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پوکل: کھوکھلا

1۔تھدا نے آسماں کوں مغز اچھے ہر بانس پوکل کا (نصرتی۔علی نامہ) 2۔زمیں سب سرنگاں سو پوکل کرے (نصرتی۔علی نامہ)

پوگلاں: بالیاں (اسم۔مذکر)

ہیں حوراں کے کا ناچ کے پوگلاں (غواصی۔طوطی نامہ)

پُوکھے: پرورش کرے۔پالے

پارک لینا بول شان کی جے کن پوکھے اس (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

پُول: (سنسکرت پروال) مونگا (اسم۔مذکر)

کہربا سار کا نیہ جینہ ہے جیوں کے پول (شاہی۔کلیات شاہی)

پُول: اولاد (اسم۔مذکر)

نہ ایسی پول پڑی میری بغل میں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پُول: پُل

سمدور کوں کیوں باندنا پُول (وجہی۔سب رس)

پولاد: فولاد (اسم۔مذکر)

1۔ پگل نیر پولاد ہوئے تس حضور (نصرتی۔علی نامہ) 2۔ اچایا انھیں تیزی پولاد سم (رستمی۔خاور نامہ) 3۔ گھٹے پڑر ہے سخت پولاد ہو (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

پُولارے: ایک زیور (اسم۔مذکر)

پولارے بچھوے ہور گجریاں سوں انوٹ پیجناں گھنگرو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پَون: ہوا (اسم۔مونث)

1۔ پون آج لٹاں کوں شانہ کیتا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ خودی کا سب پون تو سر سوں کر دور (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔ تیرے دیا کی پون سے شگفتہ جیوں ہے کمل (غواصی۔کلیات غواصی) 4۔ پون کو کہہ کے اے خوش باس بارے (ابن نشاطی۔پھول بن)

پُونچے: پہنچے

1۔ یادل کو پونچے ہیں میرے سب پھوڑ جینے کا میر (حسن شوقی۔غزلیات) 2۔ اُسی وقت جا اوس کو پونچے امر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پُونچے: پوچھے

کدھیں گال پونچے اسی دھات سو (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پُونچھ: دُم (اسم۔مونث)

1۔ گنوا کر گئی پونچھ ناگن کنار (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ سو بن پونچھ ہنونت ہے ویرتو (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

پُونگ: سیپی۔خول (اسم۔مونث)

دو دل ہور پونگ کے موتی تمن کن میں کرے باتاں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پُہونچا: پہنچا

موچی آیا غیبی بلا کے سری کا پہونچا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پُونگڑا: لڑکا۔بیٹا (اسم۔مذکر)

ہوراں پونگڑاں کا دن بجھ (اشرف۔نوسرہار)

پُونم: ماہ کامل۔چاند کی چودھویں تاریخ

1۔ پونم چاند سارد پ بھوا پروپ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔ پونم کا بھی ہے مگر چندر آج (غواصی۔طوطی نامہ)

پُونم چند: ماہ کامل (اسم۔مذکر)

پھٹے کا نسا پونم چندا سکے سم تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پُونم کا چاند: چودھویں کا چاند

چندنی سو گورا رنگ ہے موں کے پنم کے چاند سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پَون واری: ہوا کے مانند

گھڑی میں آئے گی پون واری کہ وہ ہے پریاں میں کی رہن ہاری (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پُونوں: پونم۔ماہ کامل

گویا پونوں کا چاند اور چاندنی ہے (شفیق۔تصویر جاناں)

پُونیو کا چندناں: پونم کی چاندنی

جس گھر پونیو کا چندناں (اشرف۔نوسرہار)

پُونیوں: پونم۔ماہ کامل

چھپایو پونیوں کیرا چاند (اشرف۔نوسرہار)

پوہ: پو

پوہ بھائی تو دیکھ جاتا ک دھائے گا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پوہپ: (سنسکرت پشپ) پھول (اسم۔مذکر)

پوہپ ماتی کلی سنگار بن کی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پَہ: پر

کیا نعمتاں جگ پہ نازل ہزار (وجہی۔قطب مشتری)

پھاٹ: پھٹ

1۔ انکھیاں مہر ہور ماہ کی جائیں گی پھاٹ (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ کہ کنولا سنا سب گیا اس کا پھاٹ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 3۔ درو نے گئے آسمانوں کے پھاٹ (نصرتی۔علی نامہ) 4۔ گے پھاٹ کسوت جھڑیا ابر ہن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پھاٹا: پھٹا ہوا
1۔جیوں نت میلے پھاٹے چیر (اشرف۔نوسرہار) 2۔ڈھگاریاں سوں دامن کے پھاٹاں میں پھول (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

پھاٹ پھاٹ: پھٹ پھٹ
1۔گئے کپڑے سب انگ کے پھاٹ پھاٹ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔سنے آسماں کے گئے پھاٹ پھاٹ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

پھاٹیاں: پھٹا
جو پھاٹیا اچھے کا کچھے پیرہن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پھار: پہر (اسم۔مذکر)
یوں یو گذرے چار پھار (اشرف۔نوسرہار)

پھاڑ: ٹکڑا (اسم۔مذکر)
1۔لگا کر فکر کا آرا سو دل دو پھاڑ نا کرسوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔لیا کھینچ اس دھن کو دو پھاڑ ہو (غواصی۔طوطی نامہ)

پھاڑ: پہاڑ (اسم۔مذکر)
1۔کنکر میں گھوس کر پھاڑ کوں دیکھا ہے (وجہی۔سب رس) 2۔سات سمندر ڈونگر پھاڑ (شیخ داول۔کشف الوجود)

پھاڑاں: پھاڑ (پہاڑ) کی جمع
1۔کہ آ پھاڑاں پہ اترے ہیں ابھالاں (ابن نشاطی۔پھول بن)

پھاڑاں الٹانا: مشقت طلب کام انجام دینا
دانش کے تیشے سوں پھاڑاں الٹایا تو یو شیریں پایا (وجہی۔سب رس)

پھاڑ کھاو: پھاڑ کھانے والا۔درندہ
اس جنگل میں بہتا دجن کھاو پھاڑ کھاوسوں لے کر چرکھاو تلک جمع تھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پھاڑے پھاڑ: پہاڑ پہاڑ (اسم۔مذکر)
گویاں ہوا جھڑ پے جھڑ پ پھاڑے پھاڑ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

پھاٹک: پنکھڑی بجاز پھول (اسم۔مونث)
دے رنگ باس مجھ دل کے پھل پھاٹک کوں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

پھالی: نہالی۔پوتڑا (اسم۔مونث)
نہ گوراں میں کفن دیکھے نہ گہوارے میں پھالی کوں (محمود بحری۔کلیات بحری)

پھانٹا: شاخ (اسم۔مذکر)
کہ نچیا ہے کانٹا سوں پھانٹا مرا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

پھانٹے: (پھانٹا۔شاخ کی جمع) شاخیں۔ڈالے
1۔سو دھن کرتی ہے تن کو جھاڑ پھانٹے (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔نہ ست اس کے پھانٹے ٹپڑہات توں (غواصی۔کلیات غواصی) 3۔وہ پھٹتے تھے ہو کر پھولاں کے پھانٹے (ابن نشاطی۔پھول بن) 4۔ڈالیاں ہات انگلیاں سو پھانٹے اتھے (طبعی۔بہرام و گل اندام)

پھانٹے جھاڑ دینا: شاخیں کاٹنا
میوے دار جھاڑ کو پھلوں کے واسطے پھانٹے جھاڑ دیتے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پھانچا: پھندا۔کمند
ہور پنچھیوں کے اجاڑنے کے واسطے پھاندے ہور پھانچے لگائے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پھانچ: پھاٹک۔دروازہ
یکٹ آ وں تج وصل کا پھانچ چڑ (غواصی۔طوطی نامہ)

پھاندا: پھندا
1۔چلیا چھٹ جوں ہرن پھاندا تڑالے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔منڈ و بلبل کی خاطر ایک پھاندا (ابن نشاطی۔پھول بن)

پھاندا منڈنا: جال بچھانا
مرغ کوں دل کے پکڑنے کوں توں پھاندا تو منڈی (محمود بحری۔کلیات بحری)

پھاندے: پھندے (اسم۔مذکر)
1۔سو دولوین ترے پھاندے زہرن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔اسے دشوار ہے جگ میں نکلنا غم کے پھاندے کا (ولی۔کلیات ولی)
3۔سوایسا آئے پھاندے میں پھنسا ہوں (شفیق۔تصویر جاناں)

پھاندیاں: پھاندا (پھندا) کی جمع

پھاندیاں کی خساں بھی گلو گیر تھیاں (رستمی۔ خاور نامہ)

پھانڈی: توپ (اسم۔ مونث)

رچی تث پہ ہمت کی پھانڈی تمام (غواصی۔ مینا ستونتی)

پھانس: پھانسی (اسم۔ مونث)

سرک پھانس دے منج کوں لٹکائیں گے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پھانسا: پانسا (اسم۔ مذکر)

1۔ ازل کے دیس پھانسا سٹ جو میں کچ فال دکھلایا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ نہیں تو صبر کا توں ٹھیل پھانسا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

پھانس بھانا: پھانسی کا پھندا لگانا

اگر نئیں تو جیو دیوں گی بھا کو پھانس (غواصی۔ طوطی نامہ)

پھانسے: پانسے

سورج چاند کے پھانسے نیت سوں گھال (وجہی۔ قطب مشتری)

پھانسیاں: پھانسی کی جمع

1۔ خیالاں کے پھانسیاں سوں دیکھیا ہوں تل بیہ کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سٹیں لا گلے میں جو پھانسیاں کی بھانت (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

پھانک: (سنسکرت پکش) بازو (اسم۔ مذکر)

عقل سر میں قوت بڈا اس پھانک میں (قدرتی۔ قصص الانبیاء)

پھانک: جدا۔ علاحدہ

1۔ جدھاں تے پھانک رہی ہوں میں ہوا اور باغ لوگاں کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 2۔ چلے اپنے خیماں میں جھٹ پھانک ہو (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

پھانکاں: پنکھڑیاں

جھڑے پھانکاں چمن میانے سو سارے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

پھانک پھانک: ٹکڑے ٹکڑے

کلیجا ہوا آگ کا پھانک پھانک (طبعی۔ بہرام و گل اندام)

پھانکنا: دور ہونا۔ علاحدہ ہونا

کس گھڑی یار گئی کہ پھانکنا نئیں ہے گھڑی (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پھانکنا: جدائی۔ جدا ہونا۔ ٹکڑے ہونا

1۔ جو ملنے سیتی پھانکنا تھا بھلا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 2۔ اجالا دین پایا بھی تو پھانکے گھر ادھارے میں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی شاہ)

پھانکیا: جدا ہوا

جو دو دن پیو تھے پھانکیا ہوں تو غم تھے نیند آتی نئیں (غواصی۔ کلیات غواصی)

پھانکیا پنا: جدائی۔ علاحدگی۔ غیریت

او ایسا ملیا ہے جو نا اہیں میں جڑیا ہے نہ پھانکیا پنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

پھایا: پھاہا

ارے ہٹ بول یو تیرا منجے جیوں داغ پر پھایا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پھبا: موقع

پرائے کو یو دھندگی نا پھبا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

پھبالینا: حاصل کرنا۔ اپنالینا۔

پھبالیوں تو ہے منجے یو حلال (غواصی۔ طوطی نامہ)

پھبتا: زیب دیتا

بل نہیں پھبتا کروں کیا منج اگر بل ہوئے تو (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پھبنا: موقع ملنا

ہدف ہو پڑی سو نہ جانے پھبنا (غواصی۔ طوطی نامہ)

پھبے: (پھبنا۔ موقع) میسر ہو۔ حاصل ہو۔ موقعہ ملے

1۔ پھبے دیکھ بازی اپس داؤ میں (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ پھبے تنتا سرا دن چت دھروں میں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پھبے: زیب دے۔ سزاوار

دلاں کی پھبے اس کو چوری اہے (نصرتی۔ کلام نصرتی)

پھبیا: جھپٹ کر۔ حاصل کر کے

ہوا خوش پھپیا کرلنی مال اپے (غواصی۔طوطی نامہ)

پھپ: (سنسکرت پشپ) پھول (اسم۔مذکر)

یا پھپ کر دھن پر بھنور بیٹھا دھس (نصرتی۔کلام نصرتی)

پھپانا: پھن (سانپ کا) (اسم۔مذکر)

سنیارا اے باسک پھپانا ادھائے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پھتر: پتھر (تقلیب حروف) (اسم۔مذکر)

1۔ماٹی پھتر کی عمارت کچھ سدا رہن ہاری نہیں (وجہی۔سب رس)
2۔پھتر کے تلے ہات شبہ کر ستوں (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پھترے: پتھر (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔دیکھے چشمہ ہور باگ پھترے کاواں (رستمی۔خاور نامہ) 2۔تراشے اکھنڈ ایک پھترے کے سب (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پھترے: پتھر کی جمع، جواہرات (اسم۔مذکر۔جمع)

اُدم اتال چلے جوہریاں کی کیا پھترے + کہ جوت نہیں رہی جوہر کوں تجھ ادھر کے اگے (محمود بحری۔کلیات بحری)

پھتریاں: پتھر کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

دیے پھتریاں میں ہور کانٹیاں منیں ست (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پھتیر: پتھر (اسم۔مذکر)

پھتیر کے سنگ سوں شیشے کوں نمیں ڈر (ابن نشاطی۔پھول بن)

پھٹ: پھٹکار۔لعنت

پھٹ پڑے اے تیرے ڈھنگ (اشرف۔نوسرہار)

پھٹ: پھوٹ

ولیکن صبر کا شیشہ گیا پھٹ (سید محمد والہ۔طالب وموہنی)

پھٹ پھٹ: پھٹکار

ایسے رقیب اوپر پھٹ پھٹ نہ کہیں تو کیا کہیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

پھٹ پھٹ: پھوٹ پھوٹ

پڑتا ہے شور اس بخت میں پھٹ پھٹ نمک کی خوار کا (نصرتی۔علی نامہ)

پھٹاخاں: پھٹاخہ (پٹاخہ) کی جمع (اسم۔مذکر۔اسم۔مونث)

زنبوری تفنگاں پھٹاخاں تمام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پھٹارا: جادو کا پٹارا (اسم۔مذکر)

بھریا گنج قدرت پھٹارا ابھرائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پھٹاک: پھاڑنے والا

تالاں پھٹاک ناداں آنند گگن گجائے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پھٹاکاں: پھٹاکا (پٹاخہ) کی جمع (اسم۔مونث) (اسم۔مذکر)

کھڑے پھٹ پھٹاخاں نے بازی کیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

پھٹانا: بھیجنا

پھٹاؤں جو لورک اچھے جس نگر (غواصی۔مینا ستونتی)

پھٹتے: نشوونما پاتے

وہ پھٹتے تھے ہو کر پھولاں کے پھانٹے (ابن نشاطی۔پھول بن)

پھٹک: بلور

مکھ گورا پھٹک تلک چھائی ادھر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پھٹک: پھٹکری (اسم۔مونث)

ہرا ہور پھٹک کیوں برابر دھروں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پھٹن: پھوٹنے

لکیا سینا پھٹن غصے تھے تنگ آئے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پھٹیا: تفرقہ۔پھوٹ

اتھیاں مل سو ایک ٹھار پھٹنا پڑیا (نصرتی۔گلشن عشق)

پھٹن ہار: پھوٹنے والے

نکیے طوبیٰ کوں جوں ڈالیاں پھٹن ہار

پھٹی: پھوٹی

اچھل ایک کوں ایک دو لگ پھٹی (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

پھٹے: نشوونما پائے

وہ پھٹے تھے ہو کر پھولاں کے پھانٹے (ابن نشاطی۔پھول بن)

پھٹے: پھوٹے

کہ گو ہر پھٹے پر ہوتا سول کم (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پھٹیا: پھٹا

1۔اسی مار میں سانپ کا سر پھٹیا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا) 2۔مجے عشق کرنے دردنا پھٹیا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا) 3۔بچھانے

کوں کی یک پھٹیا بوریاؔ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پھٹیا: پھوٹا

جو سبزا رنگ خط پھٹیا نو یلا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پَہر: پہن

1۔جینو پہر کر گل میں کروں گر بت پرستی میں (حسن شوقی۔غزلیات)

2۔اگر پوشاک نارنجی پہر آئے (شفیق۔تصویر جاناں)

پَہر: (پہل) پہلا

نہ تیرا پہر گور پھر آدمی (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پھرا: پھر

دل کہے کیوں کیوں پھرا بول (وجہی۔سب رس)

پھرات: پھرا لیتے

ہے عجب تر مار کر لیتے پھرات (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پھرارا: پرچم۔جھنڈا (اسم۔مذکر)

1۔لیا عرش کھاندے پر اس کا پھرارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔نیزہ ہے قدمدن کا آنچل سوں تس پھرارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ترے نام کا قطب تارا دسے + تیرا پردہ ماہی پھرارا دسے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پھریا: سخت (صفت)

پھریا ج خشکا اتھا سا س (نصرتی۔گلشن عشق)

پھراری: صدقہ اتارنا

کچھ پائر وتو نیں ہوا کی چپ پھراری کھاڑیاں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پھرارے: پرچم (اسم۔مذکر)

ہلایا عاشقاں میں میں علم کر اس پھرارے کوں (غواصی۔کلیات غواصی)

پھرا کر بولنا: جواب دینا

لکڑی پھرا کر بولی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پھیراں: پہروں

شاہ کے سو پھیراں تو تارے بجیں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پھرانا: واپس کرنا۔لوٹانا

لیا سو اجھوں کیسے پھرائیں دیا (وجہی۔سب رس)

پھرتیاں: پھرتی (فعل۔مونث) کی جمع

اکھرتیاں و پھرتیاں جھلستیاں چلیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

پھر کو: پھر۔دوبارہ۔باردیگر

سو لیسے پڑے پھر کو غلغال میں (وجہی۔قطب مشتری)

پھر کو آنا: واپس آنا۔مراجعت

بادشاہ ایک دن شکار کھیلنے کو گیا پھر کو آنچ دھنڈورا پھرایا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پھرن: پھرنا

لگے دیدے پھرن اُس دیکھنے سے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پھرنا: پہننا

یہ تجھ پھریں سب دکھ جائے (اشرف۔نوسرہار)

پھرنہار: پھرنے والا۔انحراف کرنے والا

1۔فلک بھی پھرنہار چو پھر پڑیا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

2۔پھر آیا عجب یو پھرنہار توئے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

3۔نہ کچ فرمان تھے اس کے پھرن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پَہرے: پہنے

ماتم کے تن پہرے پھول (اشرف۔نوسرہار)

پھریاؔ: پھرا

1۔کہا او بات ہرن ہو کر پھریا سو (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔سپہ دار ہاماں ہمن پر پھریاؔ (رستمی۔خاور نامہ) 3۔پھریاؔ گرد حیدر کے او ایک بار (رستمی۔خاور نامہ)

پھریرے: سخت

1۔بہت کچھ اینٹھ سے ہیں وہ پھریرے (شفیق۔تصویر جاناں)

پَہَڑ: پہاڑ (اسم۔مذکر)

1۔پہڑ پر جانو نکلیا چاند بالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔دیکھیا ایک گنبد پہڑ کے اپر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پھڑ: پڑھ (تقلیب حروف)

مدرس کہیں درس پھڑ اس کہے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

پھڑ پھڑ: پڑھ پڑھ
پھڑ پھڑ پستک بھولیں باٹ (جانم ۔ ارشاد نامہ)
پھڑتیں: پڑھتے ہیں
پھڑتیں پوچھیں زیر زبر (جانم ۔ ارشاد نامہ)
پھڑکا: (اوڑھنی) دوپٹہ (اسم ۔ مذکر)
جانی چلے اوڑوں گی تو ہو ناچ پھڑ کا کھیس کا (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)
پھسلنا: لغزش ۔ غلطی
ایک پھسلنے کے سبب سوں حوا کوں تین برس آدم تھے جدا کیا (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا)
پھکا: پھیکا
ہو جاتا تھا پھکا پڑا دک سوں رخ لال (ابن نشاطی ۔ پھول بن)
پھکاتا: پھانکنا
نہ بات بول نہ دے لکڑ شکر پھکانے کا (بحری ۔ کلیات بحری)
پھکاواڑا: شورا ۔ چونا
جوں کہ کاغذی کے تیئں پھکاواڑا (محمود بحری ۔ کلیات بحری)
پھکٹ: (پھوکٹ) مفت
1 ۔ صاحب … دھندے میں پڑیا تو نفر کیا کام آتا پھکٹ کھانا نہیں سوتقا دے لیاتا (وجہی ۔ سب رس) 2 ۔ پھکٹ کس نمیں کہ تیرا عشق بجیا ہے غواص اے دھن (غواصی ۔ کلیات غواصی)
پھک جانا: ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا ۔ منتشر ہو جانا
گرچہ بارے سوں ابر پھک جاوے (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)
پھکڑی: پنکھڑی
کلی کھ کھلی جھ پھکڑی ودلائے (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)
پھکوٹا: (سنسکرت پکش) بازو
جس پر یو آگ نو نچے تس کے نہ پر ہیں نہ پھکوٹے (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا)
پھگ: پھلا ہوا
خوشی تھے پھگ پھلیا جوں پھول کھلیا (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)
پُھکٹ ۔ پھکٹ: مفت
1 ۔ جگت میں دھن پھکٹ یوں کوئی نہ لوٹے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)
2 ۔ پھکٹ کا ہے گدڑا سولا دو دُگن (وجہی ۔ قطب مشتری)
پھگڑی: لڑکیوں کا ایک پسندیدہ کھیل جسے "پھوگڑی پھو" بھی کہا جاتا ہے
پنجم پھگڑ کھیلے سہیلیاں کے سات (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)
پھگڑی پھو: لڑکیوں کا ایک کھیل
نہ سک پھگڑی پھو کھیل سکتی کھڑی (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پھگنا: خوشی سے پھولے نہ سمانا
پُھگنا: پھولنا ۔ اترانا
پھگے دیکھ یو فتح جیوں نرہ شیر (نصرتی ۔ علی نامہ)
پُھگیا: پھول گیا (خوشی سے پھولے نہ سمانا)
پھگیا سر تھے بھی خری پائے کر (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
پُھگیا: پھولا
پھگیا اس خوشی تے سواد ور ہوا (غواصی ۔ طوطی نامہ)
پُھگی: پھول گئی
پھگی یوں تہور میں مرداں کی انگ (نصرتی ۔ علی نامہ)
پُھل: پھول (اسم ۔ مذکر)
1 ۔ کھلیا ہے سب پھلاں میں آج سر تھے ایک پھل تازہ (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2 ۔ پھل لاج تھے کلی ہو جو کھل کھڑے تو خندا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)
پھلا: پھیلا
1 ۔ محل کی طرف لے پھلا اپنے ہات (طبعی ۔ بہرام وگل اندام) 2 ۔ ہزار سال ہووے تو بھی ونچھ پھلا ہے (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا)
پھلا بن: کھلے ہوئے پھولوں کا چمن
پھلا بن پائے ابراہیم اگن تھے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)
پھلارا: پھول بیچنے والا
کہ جیوں پھول چن چن کے گندتا پھلارا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)
پُھلاں: پھول کی جمع
پھلاں کو پھلانے کوں نس دن چمن میں (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات

عبداللہ قطب شاہ)

پھلاں: پھل کی جمع

پھلاں پر پھلاں پات کا کیں نشاں (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

پھل باڑی: چمن (اسم۔مونث)

جہاں لگ اتھیاں جگ میں پھل باڑیاں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

پھل بن: پھول بن (اسم۔مذکر)

منج جیو کے پھل بن کوں اپ شوق سوں تازہ کرے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پھول باڑے: چمن (اسم۔مذکر۔جمع)

چلیا پھول باڑے کنے خیال دھر (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

پھل پھانک: پنکھڑی (اسم۔مونث)

کرے پھل پھانک کسوت اپنے تن خاص (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پھل پھلالی: پھل پھلاری۔میوہ۔پھل پھول

1۔سولے پھل پھلالی سنگات اوسکھی (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔جنگل میں جو کیں پھل پھلالی اچھے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

پھل جانا: خوشی سے پھول جانا

بلی یہ بات سن کر پھل گئی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پھل جھاڑاں: پھول کے پودے

دلبراں عشوہ گراں چلتے سو پھل جھاڑاں اہیں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پھل ڈال: شاخ گل۔پھول کی ڈالی

1۔دامن سوں یک پھل ڈال کے رہتا اتک اے خار ہور (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔بلبلاں بل ہے جو کچھ پھل ڈال پر اے شہہ پری (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔بندے پھل ڈال کے مرغاں ہنڈولے (ابن نشاطی۔پھول بن)

پھلوڑی: ناک کا ایک زیور (اسم۔مونث)

1۔ہے سرو قد ہوری پھلباری ناک پھلوڑی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سکی تج ناک کی پھلوڑی کہ ہے یاقوت کا دانہ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پُھل سیجڑی: پھولوں کی سیج

یہ پھل سیجڑی منج بھاتی اہے (وجہی۔قطب مشتری)

پھلا: پھل (برچھی کا) برچھی کی انی

پھلا شہ کی برچھی کا لے تو ذکر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

پھلک: (سنسکرت) پیشانی

سندر پھلک پر چاند کے ٹیکے کی دیکھ جوت (شاہی۔کلیات شاہی)

پھلکنا: کھلانا

من کے چمن میں باد آ پھلکے ہے غنچہ آس کا (وجہی۔سب رس)

پھلنا: کھلنا

اِس ڈالیاں میں بھی رنگ رنگ کے پھلے ہیں پھول (وجہی۔سب رس)

پھلنگ: چھلانگ۔جست

بدن میں ہتی ہور پھلنگ میں تھے شیر (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پھلنگاں: چھلانگیں

پھلنگاں برہ کے کرتا اتھا او (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پھلنگنا: پھلانگنا۔جست لگانا

ندیاں ہور نالے پھلنگتا چلیا (نصرتی۔گلشن عشق)

پھل نیر: پھولوں کا عرق۔عرق گلاب (اسم۔مذکر)

1۔پیا سنگ پھل نیر میں گھال کر (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔پیاسا ہوں میں کئی روز سوں تجہ مہر کے پھل نیر کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پھلوال: (پھل: پھول+وال: والا): پھول والا

کے ہات دی مجنوں کو کچھ یک پھول او پھلوال (محمود بحری۔کلیات بحری)

پُہلوانا پیچ: پہلوانی (چتا کیدی۔مراٹھی)

بھی کشتی میں ہیں پہلوانا پیچ (رستمی۔خاور نامہ)

پُھلی: ناک کا زیور (اسم۔مذکر)

پھلی ناسک چمکنے تھے ہے شبرات (محمد قلی قطب شاہ۔کلیاتِ محمد قلی قطب شاہ)

پھلی چاند: ماہِ نو
تواس تاریاں تھے پھلی چاند دکھلائے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پھلیری: خوشی
ہور ہوس نکلنے سوں پھلیری میں جا کو ڈکارنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

پھلیل: (پھول+تیل): عطر
پھلیل اب چرب وزری کیا دھرے ہے (شفیق۔ تصویر جاناں)

پہلیں: پہلے
پہلیں لیؤں اس اللہ کا ناؤں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پھنت: پنتھ۔ ریت۔ رسم
کریں اور نو روز ہر ایک پھنت (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

پھنٹ: تدبیر
کہوں بات لشکر جیوانے کی پھنت (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

پھنچی: ہاتھ کا ایک زیور (اسم۔ مونث)
بجا پہنچی نے پہنچی نام پائی + پہنچ وو ہات اپنے ہاتھ آئی (شفیق۔ تصویر جاناں)

پھنچیاں: پہنچے کی جمع
یکن لال پہنچیاں کوں مہندی لگائے (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

پھند: پھندا (اسم۔ مذکر)
1۔ سکیاں گل میں بایا ہے اپ۔ نیہہ کا پھند (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ آکر پرت کے پھند میں میں صید ہو پڑیا ہوں (حسن شوقی۔ غزلیات) 3۔ ہمیں دونو یک پھند میں بند ہے (وجہی۔ قطب مشتری)

پھندار: پھندنا
نہیں پھندار جو بالوں میں ہے تو + نین میں جلوہ گر کا پوتری ہے (شفیق۔ تصویر جاناں)

پھنداں: (پھندا کی جمع) پھندے
ترے زلف پھنداں میں دل عاشقاں کے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پھندنے: ہاتھ کا ایک زیور (اسم۔ مذکر)
کہاں پھندنے سوں لٹکن بات بہاوے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پھنس: کٹھل۔ ایک قسم کا پھل (اسم۔ مذکر)
1۔ نہ دھتورا پھنس پھل بار آئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ پھنس کے شجر کا بیان ہے اول (صنعتی۔ مثنوی گلدستہ) 3۔ کیتے رکھ جام و جامن ہور پھنس ہور توت تینڈو کے (نصرتی۔ کلام نصرتی)

پھنسلی: پسلی (اسم۔ مذکر)
کترا اُٹ کو جا بھوکے پھنسلیاں تڑاوُں (غواصی۔ طوطی نامہ)

پھنکانا: جدا کرنا۔ علاحدہ کرنا
پھنکانے کا کام ہور ملانے کے کام (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

پھنکڑی: پنکھڑی (تقلیب حروف) (اسم۔ مذکر)
1۔ بدل جوڑے میں کیوڑے پھنکویاں جھکاؤ بجلیاں جیو (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ ہے سنبل میں پھنکوی کیوڑے کی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پھنتا: پہنا
تجھل درپن زری بنگڑیاں سونے کے توں پھنی گھنگرو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

پھوارا: فوارہ (اسم۔ مذکر)
بے کل ہوں پرکل کے لیے لایا پھنوارا کاہے کو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

پھوپ: (سنسکرت پشپ) پھول (اسم۔ مذکر)
1۔ یا کہ پھوپ ہے جوں باس (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔ منج نالوڑے الواں نعت پھوپ پر یمان پان (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نامہ)

پھوٹا پھانک: منتشر کرنا۔ بکھیر دینا
ہور چوطرف اپنے لشکر کوں پھوٹا پھانک کر دیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

پھوٹانیاں: پھوٹانا کی جمع
شکر پھوٹانیاں کے طبق گویا گگن تارے بھرے (نصرتی۔ کلام نصرتی)

پھوٹن لاگیا: پھوٹنے لگا
پھوٹن لاگیا سینا داج (اشرف۔ نوسرہار)

پھوٹیا: پھوٹا

1۔ کھیں کھئی جو دکھ تے یو سینا پھوٹیا (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

2۔ اس میں اجالا رین کا پھوٹیا (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

3۔ جہاز پھوٹیاں تو پنچھیں غوطے کھا کھا مرنا چ ہے (وجہی۔ تاج الحقائق)

پھوٹا: توڑا

توں پاڑاں کو پھوٹا ہے یک بات سوں (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

پھوک: پھونک کی غیر انفیائی شکل

1۔ کرے یوک سو پھوک جیوں کاچ کے (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

2۔ دودھا دو دکا چھا چھا پیو پھوک (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

پھوک: فضلہ۔ بیکار شئے (اسم۔ مذکر)

ایسا گیان یو خالی پھوک (جانم۔ ارشاد نامہ)

پھوک پھوک کر پاؤں دھرنا: سنبھل کر کام کرنا

سو پھوک پھوک کر یوں پاؤں دھرتی ہوں میں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

پھوکن: پھونک (صور اسرافیل)

سرافیل کی ایک پھوکن سنے (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

پھولار: موتیا بند (اسم۔ مذکر)

کالی آنک دسری میں پھولار تھا (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ)

پھولارا: پھول فروخت کرنے والا (اسم۔ مذکر)

پھولارا ایک خوش ہوتا ہے بستاں (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

پھولارنی: پھول والی (اسم۔ مونث)

کہی یاں پھولارنی ہے اُس ماہ کی (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پھولاں: پھول کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

1۔ گندی ایک پھولاں کی گیندا اپنے ہاتھ (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ کلیلہ نے ہاراں پھولاں گوند گوند (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پھول باڑا: پھلواڑی (اسم۔ مونث)

چلیا پھول باڑے کدھن خیال دھر (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

پھول بازی: ایک قسم کی آتش بازی

چکر بان پھول بازی حد تے اپر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

پھول باسیاں: پھول کی خوشبو رکھنے والی عورتیں

سگھڑ امریت بھاشاں پھول باسیاں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

پھول کا پان: پنکھڑی (اسم۔ مونث)

و لے نرم تھی پھول کا پان جیوں (غواصی۔ طوطی نامہ)

پھولن: پھول کی جمع

1۔ پھولن باڑی کملائی (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ پھولن پر ہن پھاڑے آپ (اشرف۔ نوسرہار)

پھولن باڑی: چمن۔ پھولوں کی کیاری (اسم۔ مونث)

پھولن باڑی کملائی (اشرف۔ نوسرہار)

پھول پنا: غرور۔ اکڑ

بڑے پھول پنے ہور بڑے زعم تے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

پھوندنا: پھندنا

اتھے نور کے جھلملے پھوندنے (محمود بحری۔ من لگن)

پھونکیا: پھونکا

پھونکیا فن کا جے سنگھ پر سحر پڑ (نصرتی۔ علی نامہ)

پھونکنیاں: پھونکنی کی جمع (اسم۔ مذکر)

بھٹی کی پھونکنیاں پھوکیا ہوں دل سوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پھوئی: پھوار

1۔ بھگایاں پھوئی سوں چولے + سب مل کے ہیں ہنڈولے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ لگی جھڑنے ابر تے رحمت کی پھوئی (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔ عشرت بدل امرت پھوئی چھڑکیاں ہماری بزم میں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ پھل نیر شبنم کا رین چھڑ کے سبک پھوئی سار کا (نصرتی۔ علی نامہ)

پھویار اسٹنا: چھڑکاؤ کرنا

کدم و کیسر مشک ملا کر انگن پو سارا اسنو پھویارا (شاہی۔ کلیات شاہی)

پھوئی پھوئی: بوند بوند

پڑتا ہے میگھ پھوئی پھوئی چولی بھگا دکھیاں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پُھیارے: فوارے (اسم۔مذکر)
پُھیارے سو عشاق کی چشم کے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)
پھپسا: پھپھڑا (اسم۔مذکر)
بارے کا گھر پھپسا اس کا دروازہ ناک (امین الدین اعلیٰ۔گفتار شاہ امین)
پھیر: پھر
ڈوبے تھے ہنرمند سو پھیر کر (غواصی۔طوطی نامہ)
پھیراو: پھرائے
ہوں تو چلیا پیٹ پھیراؤ (اشرف۔نوسرہار)
پھیرے پھر: بار بار۔متعدد بار
نبیاں کو پھیر پھر اسکی حکایت (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پھیر پھیر: بار بار
یہی فکر آتی ہے مجہ پھیر پھیر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
پھیرتے پھیرتے: پھرتے پھرتے
ہلاکی سیتی پھیرتے پھیرتے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
پھیری: گنڈیری (اسم۔مونث)
گنے کی پھیری سریکا مٹھاس دیتے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
پھیری: پہنی
پھیری تخمل میں کسوت رنگارنگ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پھیرے: پیری۔بوڑھاپا
پونچے پون پھیرے میں جاکر گر جوانی میں چڑی (نصرتی۔علی نامہ)
پھیلا چاند: ہلال (اسم۔مذکر)
کہیں جانو پھیلا چاند خم کھائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
پھیلاڑ: (پیلار) پیچھے
ایک دیوار کے پھیلاڑ ہوا نظر نہیں آتا (عابد شاہ۔کنز المومنین)
پھیلی: پہلی
اس پھیلی تقسیم میں دو اگلے پچاس بیان ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)
پھیلی چاند: پہلی تاریخ کا چاند۔ماہ نو
تو اس تاریاں تھے پھیلی چاند دکھلائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پھینسنا: گھسنا۔داخل ہونا
باہر کی روشنی پر نہ جاتن میں پھیس کے دیکھ (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
پھینیاں: ایک قسم کی مٹھائی جو جنوبی ہندوستان میں بہت مقبول ہے
پھینیاں ساق اُور ساں پشمکہ بر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
پی: محبوب
1۔ براہ کی آگ پی بن کن بجھاوے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔ پی کے ہوتے نہ کر تو مہ کی ثنا (ولی۔کلیات ولی)
پیا: محبوب (اسم۔مذکر)
1۔ بڑا شوخ چنچل واچپل پیا ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔ پیا اپ من کی پیاری سوں ہے یک جیت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ منج نہ سدا اپنے حال کا ہے پیا (غواصی۔کلیات غواصی) 4۔ نین کوں کھیاہیں دو بھجن پیا کے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پیا بچھڑا: محبوب کا فراق
پیا بچھڑا ہے منج کوں دکھ گھنیرا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
پیارن: پیارے
جیوں توں اپنے پیارن پر (اشرف۔نوسرہار)
پیاریاں: پیاری کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
تیری باتیں نہایت پیاریاں ہیں (شفیق۔تصویر جاناں)
پیارے موی: جس کے پیارے مر گئے ہوں۔عزیز مردہ
منس ماری پیارے موی (اشرف۔نوسرہار)
پیاز کے ڈل: پیاز کی گنٹھیاں
گندی پیاز کے ڈل پر وچھیل کر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
پیالی: پیالہ (اسم۔مونث)
شہنشاہ جو پیالی پیالی پیا (طبعی۔بہرام وگل اندام)
پیاملن: محبوب سے ملاقات
پیاملن کا میل ہووے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)
پیتا: (پتا)۔والد۔(اسم۔مذکر)
1۔ باپ کوں پرایا سمجھتا پوت پیتا (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔ توں

سورکل دیپک ہے مات پیتا بھیا کا (شاہی۔کلیات شاہی)

پیترم: محبوب۔شوہر

سکھیاں سنگت سندری ہست کھیلت چھاؤ پیترم آنو کھی ٹھگلا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پیتم: (پریتم) محبوب (اسم۔مذکر)

1۔پیتم کی زلف پیچ دسا مجھ سواد ہند (ولی۔کلیات ولی) 2۔نہیں کئی دھرم دھاری جو کہے پیتم سوں سمجھا کر (ولی۔کلیات ولی) 3۔اوچھب پیتم کا لب ہے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) 4۔یعنی اپے پرسوں دیکھیا اپنے پیتم کے تیئں (محمود بحری۔کلیات بحری)

پیتم بر: ایک قسم کا کپڑا۔پیلے رنگ کا ایک کپڑا (اسم۔مذکر)

1۔خاصہ پیتمبر اور جھونا چنری کسیلے بچتولہ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔پیتمبر باند پیلے پیلکاں آئے (ابن نشاطی۔پھول بن)

پیتن: پیجن (پاؤں کا ایک زیور)

ابر سرلی سو پیتن پگ پنا کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پیتھ: پیت۔محبت (اسم۔مونث)

نہ پیتھ سنگا تھیں گھر میں جوئی (اشرف۔نوسرہار)

پیٹ: پیٹھ (اسم۔مذکر)

1۔پیٹ وٹھنکار مجھ لیہ (جانم۔ارشادنامہ) 2۔غصا پیٹ پر اس کی کاڑ (غواصی۔طوطی نامہ)

پیٹ رکھنا: پشت پناہی کرنا۔تائید کرنا

سنگار کھنے کافرنے کافر کی پیٹ (نصرتی۔علی نامہ)

پیٹن: پیٹنا

1۔پیٹن لاگا سینا سر (اشرف۔نوسرہار) 2۔پیٹن لاگا واڑی توڑ (اشرف۔نوسرہار)

پیٹ لگنا: پیچھے آنا

لگے او جکچھے پیٹ بے اختیار (غواصی۔طوطی نامہ)

پیٹھ پیچھے لینا: پشت پناہی کرنا۔پناہ میں لینا

اگر اب توں اپنی پیٹھ پیچھے لے لیس تو میں ان دونوں کے ہاتھوں سے بچتی ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پیٹھ چڑنا: پیچھا کرنا

چڑے پیٹھ ہور جا کھدیڑے وہیں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

پیٹھن: پٹن۔شہر۔ایک جگہ کا نام

کہے تو کہ پیٹھن ہے یا احمد آباد (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پیٹھے: گھسے۔داخل ہوئے

بازاں پیٹھے گھر میں آن (اشرف۔نوسرہار)

پیٹھیا: بھیجا

1۔بھور کنچن تھال موتیا بھر اندر پیٹھیا یو نچھاور وار ڈار یو بانی پر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔پیٹھیا امولک رتن نور دھر (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پیٹا: گھسا

سو پیٹا او ہیں سنڈ میں دیک بل (غواصی۔طوطی نامہ)

پیٹاں: شکم۔پیٹ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

ہمارے جو پیٹاں کوں مشکل دسے (غواصی۔طوطی نامہ)

پیٹے: پھینکے

تھیں کا لج رکت باہیر پیٹے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پیٹیچ: پیٹھ ہی میں (چ تاکیدی۔مراٹھی)

کرکی گوتی پونکڑا اچھوں پیٹیچ میں ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

پیجن: پاؤں کا ایک زیور۔پائل

1۔گگن کوں پگ منے پیجن کری رے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔چلیا پاؤں کا کاڑ پیجن لے ایک (غواصی۔طوطی نامہ)

پیجناں: پیجن (پاؤں کا ایک زیور) کی جمع

من ہیرن رج بعد ایاں گھنگرو ہور پیجناں میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پچیا: پیچ کھانا

پچیا ہور پڑیا جھکیں پر شہالی مرو (رستمی۔خورنامہ)

پیچاں: پیچ کی جمع
1۔زنجیراں کی پیچاں میں گماوقت (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا) 2۔کرکئی اس میں پیچاں اوگانٹھاں بندی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پیچیگی: پیچ دے گی
اجھوں پیچاں دے پیچیگی موہن کی لٹ گھنگروالی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پچھواڑے: گھر کے پیچھے کی زمین
چلیاں اٹھ کے جیوں پچھواڑے منے (غواصی۔طوطی نامہ)

پیچھیں: پیچھے
1۔جو پچھانا اچھے گا پیچھیں پیرہن (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔جہاز پھوٹیا تو پیچھیں غوطے کھا کھا مرناچ ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

پیدا کرنہار: پیدا کرنے والا
خدا پیدا کرنہار ہے (میراں جی خدانما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

پیڈرے: غلام۔خادم (اسم۔مذکر)
لیس جے تمھارے پیڈرے پچ مکیں رھیاان میں اپار (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پیر: درد۔تکلیف۔دکھ (اسم۔مذکر)
1۔نہ اٹھتے مجھے پیر تو خوب تھا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔یو پیر برہ کی تیاری ہے (شاہی۔کلیات شاہی)

پیر: بوکر۔اگاکر
دوا چھانٹل پیراندراں دیکھی میں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پیرا: پیر۔مرشد۔راہبر (اسم۔مذکر)
تو اس کا مرید اسو تیرا ہے پیرا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پیرا: زمین میں لگایا
خشک ڈالی کو جو کوئی پیرا تو کیا (وجدی۔پنچھی باچھا)

پیراوا: لباس (اسم۔مذکر)
ہر جنسی پیراوا تجھ (اشرف۔نوسرہار)

پیر بل: پیر کی عطا کردہ طاقت
جہاں پیر بل تاں کہاں پیر بل (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

پیرت: پریت۔محبت (اسم۔مذکر)
1۔پیرت گھنیری تجھ سوں لاؤ (اشرف۔نوسرہار) 2۔سکیاں کے دل میں پیرت ہو کے بھرتا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔بیکس وناکس ہوں میں کس سوں کروں پیرت کی بات (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ ملے ہیں خوب عید ہور خوب یار ہور خوب پیرت منج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پیرت میں سپڑ جانا: محبت میں مبتلا ہونا
اُنے بھی اس کی پیرت میں سپڑ گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پیرن: پیرہن۔لباس (اسم۔مذکر)
کرن زرتار کی پیرن سورج بن دردھلکا کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پیرنا: بونا
1۔ہوا دو جھ حاصل جو پیری اتھی (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔جسے تخم پیریا سو بار آوے گا (جانم۔کلمۃ الحق)

پیری: گنڈیری (اسم۔مونث)
نہ کیوں تلخ گانڈے کی پیری لگے (غواصی۔کلیات غواصی)

پیرے: بوے
1۔تخم پیرت کا اول تھے پیرے ہیں دل منے میرے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔پیرے پنچ ماشہ تو ہوؤے گا من (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پیریا: بویا
1۔جو پیریا سو اول یہی بدنہاد (نصرتی۔علی نامہ) 2۔توں اوبیج جھگڑے کا جوں پیریا ہے (رستمی۔خاور نامہ) 3۔جو کچہ پیریا آوے بار (جانم۔ارشاد نامہ) 4۔عشق بیــــج پیریا ہو دل باغ میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پیریاں: گنڈیریاں
بتی دانت گانڈے کی پیریاں لمن (نصرتی۔کلام نصرتی)

پیریں: بوئیں
جو پیریں لجا باغ میں ترت اسے (غواصی۔طوطی نامہ)

پیڑاں: پیڑ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
لڑاں جھاڑاں کی پیڑاں میانے بھرتیاں (عبداللہ قطب شہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پیڑی: پیڑھی کی غیر ہاکاری شکل۔نسل
چودا پیڑی کو ثواب ملے گا (عابد شاہ۔کنز المومنین)

پیس: گھس
1۔سو پیس اس میں بیٹھیا کنڈل مار کر (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔گیا پیس مغرب کے غر تے بھتر (غواصی۔طوطی نامہ)

پیسند از: پیسے والے۔امیر
یکا یک تھوڑے پیسند از ہور امیراں آکر اس کے حق میں دعا دینے لگے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پیسو: پسینہ (اسم۔مذکر)
جہاں تجھ پیسو انگھ بہتے اہیں (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راؤ)

پیشا: پیشہ
لیا ہے کوہکن کا تو جو پیشا (ابن نشاطی۔پھول بن)

پیش خانہ: گھر کا اگلا حصہ
اپس پیش خانے میں اُتری سو دھن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پیشواز: پشواز (اسم۔مذکر)
کیا خب سہاتا ہے تجھے دھن زعفرانی پیشواز (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پیغامبر: پیمبر
پیغام بر کے روضے پاس (اشرف۔نوسرہار)

پیک: (مراٹھی۔فصل) پیداوار
1۔بتا پیک ہوا تھا وہاں کشت کوں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔جگت ہوے پیک ہور غلے سوں معمور (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔یہ عشق ہوئے گا ادک جیوں پیک ہووے لانگ کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پیک: پی کر
کا فر سلاح بج کے سرا پیک آیا بھار (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پیکا: پیسہ (اسم۔مذکر)
ایسے آدمی کو پیکاں سوں غرض پیکاں سو کام (وجہی۔سب رس)

پیکاں: پیک (پیسے) کی جمع
توں پیکاں مٹھی بھر خزانے تے لے (طبعی۔بہرام و گل اندام)

پیکن: پینگ (اسم۔مونث)
پیکن منے تو زلف کے پیکاں کوں نہ چھوڑ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پیکھ: تماشا۔دیکھنا
1۔کیوں ستوں پیکھ دیکھ یو گوگی (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔باری باری بھپ ہت ار گن پر پیکھ دے تم اچھے چھب ہو (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پیکھت: دیکھنا
دیکھت پیکھت اسی جوئے (اشرف۔نوسرہار)

پیکھن: دیکھنا۔تماشا
نین پر نین دھر کے پیکھن لگے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

پیکھنا: پرکھنا
دنیا دیکھنا ہور جہاں پیکھنا (رستمی۔خاور نامہ)

پیکے: پیسے (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔واعظاں دعالماں تھے کپڑے ہور پیکے پائے ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا) 2۔ہوے ہیں مال کے پیکے سو دھن تج حسن کے زرکوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔کھوٹے ہمارے پیکے بازار میں نہ چل سے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔دے پیکے بہوت اس لیا مال او (غواصی۔طوطی نامہ)

پیکیا: فصل اگائی
شتر بار باناں ہزاروں قطار + دسے بانس پیکیا سو جیوں کو ہسار (نصرتی۔کلام نصرتی)

پیکیاں: پیکے (پیسے) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔او پیکیاں کے بدریاں کے سر باز کر (رستمی۔خاور نامہ) 2۔تج

میا تے جو خوشی بیگی آئی پیکیاں تے حاصل ہوئی (وجہی۔تاج الحقائق)
3۔نہ کچھ پیکیاں کیری پرواہ ہمن کو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پیکے کرنا: فروخت کرنا۔پیسے حاصل کرنا
1۔سنی تھیں تو پیکے کیا بیچ کر (غواصی۔مینا ستونتی)

پیکے ملانا: پیسے جمع کرنا
یہ بٹھیاں ہیں پیکے ملانے انو محبت کیا جانیں (وجہی۔سب رس)

پیلا: پہلا
کہ یو فتح پیلا ہے تجھ شاہ کا (وجہی۔قطب مشتری)

پیلار: (پیلاڑ) آگے۔ادھر
فرنگستان کے پیلار ن یار (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

پیلاڑ: آگے۔زیادہ۔پہلے۔پرے
1۔نہیں اس تے پیلاڑ کچھ منج میں تاب (غواصی۔طوطی نامہ)
2۔چلے اور رضا لے کے پیلاڑ خوش (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔گئے اپنی سرحد تھے پیلاڑ خوش (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

پیلانا: پلانا
لالے کے پیالے بھر مگر مد باؤ پیلایا انند (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پیلائے: پلائے
انھیں لھو ستاریاں کو پیلائے تھے (رستمی۔خاور نامہ)

پیل بان: فیل بان
ہتی مست پر پیلباں مست ہے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

پیلک: زرد رنگ کا ایک پرندہ (اسم۔مذکر)
1۔بندھے پیلک چمر سا بسنت کے کاج میں ملنے (شاہی۔کلیات شاہی)
2۔چتمبر باند پیلے پیلکاں آئے (ابن نشاطی۔پھول بن)

پیلک: ٹیسو (ایک پھول کا نام) (اسم۔مذکر)
موٹی سی اوڑھوں اوڑھنی رنگ میں پیلک کے لائے کر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پیلنا: مسلنا۔رگڑنا
پاوں تل دیکھ پیلنا ہاتی (محمود بحری۔کلیات بحری)

پیلھاڑ: آگے۔ادھر
نہ چھٹی سکے از سو در یا پیلھاڑ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پیلیور: آگے
ایک کنبی اناج کے ڈھگار پیلیور کو کام آنے کے واسطے رکھ چھوڑ دیا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

پیلی: پہلی
جاں جاں سٹے تھے پاولا جاتے جو پیلی بار کا (نصرتی۔علی نامہ)

پیم: (پریم) محبت (اسم۔مونث)
1۔وہ یعنی پڑی پیم کا ایک اچھر (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔پیا تج پیم کا جن کوئی پیالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔کہ ہوئی ہوں تمن پیم میں ہوں دیوانی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پَین: پہن
1۔پین انجن یو جگ گھیر یا ہے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) 2۔نبی صدقے تے کنٹھ مال جب پین آئی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔کڑا اس پین گل لے کر حمائل (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
4۔دب دب پاوں کفشاں پین (اشرف۔نوسرہار)

پینیا: پہنا
دیوانہ لباس اوڑھ کر پینیا (غواصی۔طوطی نامہ)

پینٹجن: پائل۔پازیب۔پاوں کا زیور (اسم۔مونث)
1۔سنگن کو پگ منے پینجن کری رے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
2۔صفا جھمکے کریں لک لک جھلکتے ہیں پینٹجن کھل کھل (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

پینچنا: صاف کرنا
اس بالوں کوں پینچتے ہیں جونکہ پرزے پرزے ہو اچھے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

پینچ: شملہ جس میں پیچ ہوتے ہیں
زریں کوش پینچ خوش سر پر (اشرف۔نوسرہار)

پینچال: بیٹ۔غلاظت (اسم۔مذکر)
کبوتر کا پینچال پاک ہے (شاہ علاء الدین چشتی۔فرائض اسلام)

پینہہ: پہنا

بدیاپور نگر پینہہ گل رتن مال (عبدل۔ابراہیم نامہ)

پینے: پہنے

کرے دھن سات سنگھار ہور پینے ہے چھتیس (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

پَینیا: پہنا

1۔کر باند پَینیا او خفقان جنگ (رستمی۔خاور نامہ) 2۔ہر یک جھاڑ پینیا دسیا اس گھڑی (نصرتی۔علی نامہ)

پیو: (پیا) محبوب

1۔کیوں دانت چھلنا پان سوں موں دھوئیں اجڑیاں پیو بغر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔مگر جیو پیو سوں بولے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا) 3۔سخن جیو ہے جیو میں پیو ہے (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 4۔اب ہے سو پیو کا چھب ہے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

پیو: پی کر

سرا پیو قرآن لے جالیا (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

پیو پی: پپیہا

تو پیو پیو کہوں میں نہ پیو پی کی بھانت (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پیوتا: پیتا

ازل تھے نبی حب قطب پیوتا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

پیوتی: پیتی

برہ بس سمندر جب توں پیوتی تھی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پیور: بڑا

کلیانی رنی پور کپا تو دری مرگ نینی باہاں تنوی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پیوسی: بھینس۔پیوہ۔گائے یا بھینس کا گاڑھا دودھ جو بچہ ہونے کے دو چار روز تک آتا ہے۔اسی سے پیوسی تیار کی جاتی ہے۔(اسم۔مونث)

ملائی پیوسی مسکا ابلوج گھیو (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

پیون: پینا

منگے امرت ادھر مد پان پیون (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پیونا: پینا

1۔مئے پیونا لے کر منجے مطلب ہے اس بھنڈار میں (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔نیر پیونے پیالے بھر بھر کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔کرے صرف وحدت سدا پیونا (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

پیوناں: پینا

1۔خوش بھید ہے مل پیوناں مد جیو کے جانان سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔دھنی راج کوں پیوناں تد گھرے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

پیون ہار: پینے والا

پیون ہار دریا ہے تیغ اس نگر (رستمی۔خاور نامہ)

پیہ: پانی (اسم۔مذکر)

درگ دھونی پانڈو پیہ پور پکھاں پال (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پیہہ: پی

جس وقت تھے تجھ پیہہ کا مد پیہہ متوالا ہوا (حسن شوقی۔غزلیات)

پیہ: (پیا) محبوب (اسم۔مذکر)

1۔دوجا پیہ کوں میلا دے تن بجھا دے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

2۔وہی عاشق جو پیہہ کوں جیوں سوں سیوے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

پیہ پور: پانی سے لبریز

درپگ درگ وار آوت پوتری پرتھم بھیٹ بھئی بیب پیہہ پور گاکر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

پیہرن: پیرہن (اسم۔مذکر)

ہرناں کالا پیہرن اوڑ (اشرف۔نوسرہار)

پے ہونا: درپے ہونا۔مائل ہونا

ہوا بعد از اں نظم کے پے وہیں (غواصی۔طوطی نامہ)

OOOO

ت

تا: تو
1۔ تجھے معشوق کی کیا پڑی تا عاشق ہے اپنی نیاز (وجہی۔سب رس) 2۔ تا آدمی اس جان پنے سوں خوب میرے کاماں میں تمیز کرتا ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

تابُت: تابوت (اسم۔مذکر)
اسی مردے کو گھال تابت منے (رستمی۔خاور نامہ)

تاب دان: روشن دان۔ چھوٹی سی کھڑکی جو دیوار کے اوپری حصے میں لگائی جاتی ہے۔ (اسم۔مذکر)
رھیا تھا او پرنور خوش تاب دان (نصرتی۔علی نامہ)

تابوں: تاب کی جمع
اس کے تابوں تین بھون کی کالک ہوئے دور (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

تاپ: (تپ) بخار۔ (اسم۔مذکر)
1۔ پوچھتیاں سکھیاں تو تاپ کا کرنا بہانا کولگوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔ اٹھا تحنذ بی ہوا سے بھوت تاپ (طبعی۔بہرام وگل اندام)

تاپر: عبادت گزار۔عاشق (اسم۔مذکر)
چھار یا ہی کھور چندن تن تاپرا نگار کہوں کہوں۔ بجھ رہے کوئلے ماتو مدھکر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

تاپڑی: جوگی۔سنیاسی (اسم۔مونث)
1۔ کبھی ہوتا پڑی تاپیں کبھی جوگی جٹا دھاری (حسن شوقی۔غزلیات)
2۔ کیا پھونک بھر کر تڑی تاپڑی (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

تاپوں: تاپ (جلن۔تپش) کی جمع
برہ کے سو تاپوں تے نت تاپ آئے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

تاپے: تپے۔جلے
آخر دوزخ میں تاپے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

تاپیں: تپیا کریں
کبھی ہوتا پڑی تاپیں کبھیں جوگی جٹا دھاری (حسن شوقی۔غزلیات)

تات: بیٹا۔دوست۔رشتہ دار
جواری کے ہی کھیتاں بیچ بھوتات (محمود بحری۔کلیات بحری)

تاتیت: تعویذ (اسم۔مونث)
سول روپ تاتیت باز و بندیوں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تار: تارا۔ (اسم۔مذکر)
نہ دیکھیا کسی برج میں نیک تار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تار: (تاڑ)۔برابر۔مقابل
سارے تارے چاند ہوئے نہیں جوت تج تار رے (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

تارتار بولنا: جزئیات بیان کرنا
سکل کیفیت تار تار بول دیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تارک: (فارسی) سر۔آنکھوں کی پتلی
1۔ سر پا کے تارک پہ ہے اس کا پاؤں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ رکھوں اسمان کے تارک پہ جا پاؤں (غواصی۔کلیات غواصی) 3۔ ترا فضل اُسے تاج تارک اچھو (تحفتی۔قصہ بے نظیر)

تارکا: آنکھ کی پتلی (اسم۔مونث)
بیچ سکا تارکا پلکھاں لکھوٹی لپیٹے تاپر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

تارو: تارے (اسم۔مذکر۔جمع)
بھر کر ندی بہی ہے تارو بھی بھاگ گئے ہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تاریئے: تارے (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔ تجہیں چاند ہاتی ولی تاریئے (فیروز بیدری۔پرت نامہ) 2۔ توں کہے گا کہ شہ چاند یو تاریئے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 3۔ تو سلطان سردار ہیں تاریئے (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

تاریاں: تارے (اسم۔مذکر۔جمع)
سنوارا توں اسمان تاریاں سنگات (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تارے تار: تار تار
کرے گا جو لورک مجے تارے تار (غواصی۔مینا ستونتی)

تاریخ لکھتیاں: مورخین۔تاریخ لکھنے والے
پکڑا اصل تاریخ لکھتیاں کی چال (نصرتی۔کلام نصرتی)

تاڑا: افتخار۔ناز
دوسرا زمہریر کا تاڑا (محمود بحری۔کلیات بحری)

تاڑبن: تاڑ کا جنگل
نکھاں بات کے جیوں کے تھے تاڑبن (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

تاڑپھل: تاڑ کا پھل جسے دکن میں تُمکل کہتے ہیں
سکے تاڑ پھل نہ کسے کام آئے۔ (غواصی۔مینا ستونتی)

تاڑن: تاٹ (تٹ: کنارا۔فصیل) کی جمع
جواناں کوں تاڑن میں جو لھو دیں آئے (نصرتی۔علی نامہ)

تاڑی: تاڑ کے درخت کا نشہ آور رس
1۔تاڑی کھجوری ناریلی چھوڑیا ہوں تو تے بھنگ افیم (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔کبھیں بازار ہم جاکر پیویں سیندھی کبھیں تاڑی (حسن شوقی۔غزلیات)

تازیاں: تازہ (صفت) کی جمع
کلیاں تازیاں کھلیاں جب سیج گھالے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تاس: گھنٹہ۔طبق پر کھال منڈھ کر بنایا جاتا ہے (اسم۔مذکر)
جو کہ تاس ہلک بجن باجنا (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تاس: ورق (اسم۔مذکر)
سرج تاس زریں تانکیا سہائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تاش: ایک قسم کا زرین کپڑا (اسم۔مذکر)
نچ سیر سونا پہنی ہوں دو ہی بادلا اور تاش کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تاشاں: تاشا (ایک ساز) کی جمع
عشق کی داد نی لیاؤ بجاؤ عیش تاشاں سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تافتہ۔تافتی: ایک قسم کا نفیس اور قیمتی کپڑا (اسم۔مذکر)
1۔سر تگے تافتے پر جوں سہے چیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔بند اؤن تافتی ہریئے ابر پھولاں پُھلایا ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تاک: تک
بھلا آتوں کونے تاک (اشرف۔نوسرہار)

تاکیا: دیکھا
جو عزت کو مری کم کوئی تاکیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تاکید: تادیب۔سزا
تو تاکید فرماؤں ایسا اُسے (غواصی۔طوطی نامہ)

تال: مجیرا (اسم۔مذکر)
اب تال منڈل عیش سوں مولود کا گر جاؤ تم (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تالا: تالی (اسم۔مذکر)
سہیلا گاوتے پاتاں کے ہاتاں سو بجا تالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تالاں: تال کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
تالاں پھٹاک ناداں آنند گگن گجاتے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تالاں پکڑنا: تال دینا
جو تالاں مشتری پکڑے سبد سات (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تال ٹلنا: تان ٹوٹنا
آخر لھو بیچ پر تال ٹلنا (وجہی۔سب رس)

تال منڈل: ایک قسم کا باجا (اسم۔مذکر)
ملا تال منڈل کلا ایک بندہ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تانا: بچہ۔نادان۔ناچ گانا (اسم۔مذکر)
1۔گریو تانا جو گائے گا تانا (بحری۔کلیات بحری) 2۔جیوں توں کھلائی کھیلیا جو دل نھا ہے تانا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تان اُچانا: تان اڑانا
طرب بخش مطرب ملے تان اُچائیں (نصرتی۔گلشن عشق)

تانبیل: کچھوا (اسم۔مونث)
ایک تانبیل کچھوا سوں بڑا سلوک رکھتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تانت: ایک قسم کا باجا جس میں تار لگے ہوتے ہیں
لگاں تانت تن جیوں طنبورا ہوا (اسم۔مذکر) (غواصی۔کلیات غواصی)

تانٹا: طعنہ
سب سہیلیاں میرے تئیں تانٹاں دیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تاں تاں: وہاں وہاں

جاں جاں نج اس کا خیال لجاتا ہے تاں تاں جاؤں میں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تانٹھ: قوی۔طاقتور

ایسا پاپی مردک تانٹھ (اشرف۔نوسرہار)

تانگے: ٹنگے ہوئے

کتے آدمی تانگے اس ٹھار تھے (رستمی۔خاور نامہ)

تانیا: تانا (خیمہ لگانا)

1۔اتر پڑ کو تانیا ہے یاں بارگاہ (طبعی۔بہرام وگل اندام) 2۔منڈپ تانیا سبز بن تھام کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تانی: ننھی:چھوٹی بچی

ہور تو ہے تانی توں من ٹھیر دھر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تانیا: تانا (خیمہ لگانا)

1۔اتر پڑ کو تانیا ہے یاں بارگاہ (طبعی۔بہرام وگل اندام) 2۔منڈپ تانیا سبز بن تھام کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تاؤ: تیزی۔شدت

پڑیا ایک جزیرے میں جا تاؤ سوں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

تاؤ: اکڑ۔غرور

حیات باؤ ہے اس باو پر نہ کرنا تاؤ (غواصی۔کلیات غواصی)

تائیں: تئیں

1۔جو تجھ تائیں ہے فاطمہ درغم (رستمی۔خاور نامہ) 2۔خبر دیا کہ جینا کچ آدم تائیں نہ پایا (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

تبدیل: تغیر۔زوال

سب شئی کو تبدیل ہے خدا کی ذات کو تبدیل نہیں (میراں جی خدانما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

تبق: طبق (اسم۔مذکر)

تبق دیدار در میانے دھرے پو پھول ہر جلسی (حسن شوقی۔غزلیات)

تبل: اوراق (اسم۔مذکر)

اے جوں تبلے ہے قرآن میں اور جس قراں کو خدا کہا کاغذ (میراں جی خدانما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

تبھی: تو بھی

1۔ہمنا محمد کی صحبت میں تبی رکھتا تو خوب تھا (میراں جی خدانما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ) 2۔گرداب تبی آدمی زاد پاوں (طبعی۔بہرام و گل اندام)

تبیلا: طویلا (اسم۔مذکر)

گھوڑے کے تبیلے میں نماز کرنا مکروہ ہے (شاہ علاء الدین چشتی۔فرائض اسلام)

تپانے: دکھ دینے۔تڑپانے

نکل صبح آیا تپانے بدل (غواصی۔طوطی نامہ)

تپایاں: تپائی (تڑپائی۔فعل۔مونث) کی جمع

بدل بوسے جیواں لے کر نہ دے بوسے تپایاں ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تپنا: تڑپنا۔بے چین ہونا

میرا جیو ملنے کوں تپتا ہے شہہ (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تپتی: دریائے تاپتی۔ندی

کنارے اس کے اک دریائے تپتی (ولی۔کلیات ولی)

تپتی: جلتی۔غم کھاتی

کہ جلتی و تپتی تھی ہوزار زار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تپس: مصیبت: تپسیا۔بندگی

1۔تپس گھالے اپس جاتی ہوں دیکھ حالی میرا حالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔تپس کرتے سو تپسی ہور یوگی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔جن ایک چت سوں غواصی تپس نہیں کرتا (غواصی۔کلیات غواصی)

تپس گھالنا: تکلیف سہنا۔مصیبت برداشت کرنا

تپس گھالے اپس جاتی ہوں دیکھ حالی مرا جالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تپسند: آگ بگولا

تپسند ہور ہیں نار ہیں بے قرار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تَپَسی: تپسیا کرنے والا

1۔نہ دنیا سنیاسی و تپسی کے تئیں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔گئے ہو تپسی ترستے اہے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تَپِش: تپسیا

کیا تھا تپش سب سے پروال اُسے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

تپنا: مصیبت اٹھانا۔تڑپنا۔درد و غم سہنا۔تکلیف برداشت کرنا

1۔شتالیا پرت کا جو تپنا اُسے (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔جو کچھ تملاتا و تپنا اچھا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

تَت: (سنسکرت تتھ) نوعیت۔ماہیت

ہستی او جو ہے تت اس کا خدا (محمود بحری۔من لگن)

تَتّا: گرم۔تیز

1۔تتے انجھو بیٹھے ڈھال (اشرف۔نوسرہار) 2۔نہ تتا کدھیں کھاؤں نا جل مروں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ۔پدم راؤ)

تَتار: تاتار

جو ابریشم اور عود مشک تتار (رستمی۔خاور نامہ)

تَتاری: تاتاری۔استعارۃً ہرن (اسم۔مونث)

دوں تیری رنگ بھریاں سوانکھیاں پر+وار تالاک ہوں تتاری کوں (غواصی۔کلیات غواصی)

تَتال: فریبی۔مکار

خدا نہ کرے او لوگ تتال ہو نکلیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تَتالی: دھوکا باز

دنیا کے تتالی ہور زمانے کے پنچالی سوں ذرہ بچوانا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تِتنا: اُتنا

پھپے تتنا سرا دن چپت دھروں میں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تَتَن تَن تلالا: موسیقی کی آواز

کرپی بھوگ ان کے تتن تن تلالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تِتنے: اتنے

تتنے گھاو سہیں جتے (اشرف۔نوسرہار)

تَتھیا: تاتھئی

اس لفظ کو گانے والے تال پر آنے کے لیے زبان اور ہتھیلی کی حرکت سے ادا کرتے ہیں۔تتھیا ناچتے گاتے بجاتے سبد تالاں سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تَتَی: گرم۔طیش زدہ

تتی ہو غصے کی اگن سات پھیر (غواصی۔طوطی نامہ)

تَٹ: کنارا۔فصیل (اسم۔مذکر)

1۔رچی تٹ پو بہت کی پہاڑی تمام (غواصی۔مینا ستونتی) 2۔حشم سرج ہور تٹ میں ہر ٹھارے ٹھار (نصرتی۔گلشن عشق)

تُٹ: ٹوٹ۔علاحدہ

1۔پھل اس جھاڑ کا تٹ پڑا رات کوں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔یکایک نہ تٹ اس سوں ناکر برائی (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔او میدان میں تیغ تٹ کر پڑیا (طبعی۔بہرام و گل اندام) 4۔بن سرگ بن تھے حورا پن کھن بن تھے تٹ تارے نمن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تٹ: جلدی۔فوراً

خوش دل ہو تٹ سوں اباری کا جام دیت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تُٹا: ٹوٹا

1۔تٹا دل انو کا ہوا بات ست (رستمی۔خاور نامہ) 2۔تٹا ترک و تارک تمام سربسر (رستمی۔خاور نامہ)

تٹاپا: ذلت۔بے عزتی۔زوال

بزدلی بہت محنت سوں ہوتی ہے ہور پڑنے سو تٹاپا ذرے میں آتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تٹالا: کڑوی کا ڈنھل (اسم۔مذکر)

جیوں عیشکر سمور تٹالا سو ہے ترا (محمود بحری۔کلیات بحری)

تُٹ پڑو: ٹوٹ پڑے

آسماں گر تٹ پڑو اس مکھ سوں مکھ نا موڑسی (محمود بحریؒ۔کلیات بحری)

تٹنا: ٹوٹنا

1۔تٹے دل کو جوڑ (وجہی۔سب رس) 2۔میراں نسبت ہور سبب کیس تٹنا ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

ٹھو: ٹٹو (اسم۔مذکر)
تھو رخش رستم کا تھا جن اگل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ٹھواں: ٹھو (ٹٹو) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
پیادے پھریں لے کو ٹھواں کو ہانک (نصرتی۔علی نامہ)

ٹھول: تلاش
جو سٹنے گیا پاوں اسگے ٹھول (غواصی۔طوطی نامہ)

ٹُھ: ٹوٹ
یکیلا ہوں بڑیاں تھے آپنے ٹھ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ٹُٹی: ٹوٹی
1۔ولے نا ہیں ٹٹی تیری پرت تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔او دونوں رفیقاں کی محبت ٹٹی (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

ٹٹیا: ٹوٹا
1۔بڑی کا ٹٹیا شک کہی کھول سب (فائز۔ رضوان و روح افزا)
2۔جزیرے سے جب شاہ کا دل ٹٹیا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا) 3۔ٹٹیا عورتاں تے مرا دل اود یک (غواصی۔طوطی نامہ) 4۔ٹٹیا ساد کاراں کی بازی کا میل (نصرتی۔علی نامہ)

ٹٹے: ٹوٹے
1۔کہ تج نیناں تھے ٹٹے لعل تارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔چھوٹے کالج ٹٹے دل اساسی کر آہ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔دیہہ پہ دولاک متاری ٹٹے (محمود بحری۔کلیات بحری)

تج: دارچینی (اسم۔مونث)
کاٹھ کلب برچہ تج پگلا جڑ بلا تنبول پتر پھل رسال چنپک سُمن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

تج: چھوڑ کر۔ترک کرکے
1۔ سریجن آئے گا سونا سکھی گھربار اجرب تج (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
2۔رج تج کے سٹ گھربار سب چک چک گنوا دشمن اڑے (شاہی۔ کلیات شاہی)

تجا: تیسرا (اسم۔مذکر)
تجارتن جانوں بھی عثماں عناں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تجارا: تاجر (اسم۔مذکر)
1۔اتھا اک تجارا اسی شہر میں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں) 2۔رہتا ہے تجارا ایک اُس ٹھار میں (غواصی ۔ مینا ستونتی) 3۔لجا یک تجارے کے تئیں بیچ کر (غواصی۔مینا ستونتی)

تجربا: تجربہ (اسم۔مذکر)
سفر میں ہے حاصل بہت تجربا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

تجرید: دوئی سے دور رہنا
تجرید کہنا اس کا ناؤں (جانم۔ارشاد نامہ)

تجی: چھوڑی
ان پانی سب تجی ہوں سونا حرام بولو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تجے: تجھے کی غیر ہاکاری شکل
1۔ہے آخر تجے کل کوں مائی میں سونا (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔جن تجے ہور تکھلی بحری کو دیکھا تن کہا (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔تجے اپ حسن کا بھاتا ہے تعویذ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تجیا: ترک کیا: چھوڑ دیا
تجیا دھن مال سب اپنا وزیری (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

تخم پلاؤ: انڈوں کا پلاؤ (اسم۔مذکر)
روشیت پلاؤ تخم پلاؤ لیے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

تخماں: تخم کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
سٹیا امید کے تخماں زمیں میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تدرو: کبک (اسم۔مذکر)
تدرو اب دیکھ کر دو قد ورفتار + کیا ہے جا کے جا گہ اپنی کہسار (شفیق۔تصویر جاناں)

تدم: بے دم
اگر چج مچ چلیں گے تو بڑا ادبت تدم ہوئے گا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تدوپر: اوپر
رسن دامن مردنگ دھام کیلاش تدوپرا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

تدہ: تب بھی۔پھر بھی
نہ بھوجے کہوں تدہ میں چپ رہوں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ۔پدم راؤ)

تِدھاری: (چوٹی) بالوں کے تین حصوں سے گوندھی ہوئی چوٹی (اسم۔ مونث)
چوٹی تیری تدھاری چھب سوں سونہاری (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تِدھارے: بالوں کے تین حصوں سے گوندھی ہوئی چوٹی
چوبیاچوٹی تدہارے کا تیرابال (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

تَدھاں: تب
تدھاں یوں حکم شرئی تھا اُنوں پاس (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

تَدھانچ: وہیں (تدھاں+ چہ تاکیدی مراٹھی)
کیتی تدھانچ سورہ نوراز برآرسی (غواصی۔ کلیات غواصی)

تِڈی: گروہ۔ جماعت۔ ٹکڑی (اسم۔ مونث)
بندریاں کی ایک تڈی کسی پہاڑ کے نیڑے رہتی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوارِ سہیلی)

تَراٹ: بولنا۔ بجا
نفیریاں و برغم اٹھے یوں تراٹ (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تراٹنا: آواز نکلنا
تراٹی نفیراں سو جیوں برغماں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تراستھان: تین استھانوں سے۔ موسیقی کی ایک اصطلاح
تراستھان تھے سب اٹھیاں لے الاپ (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

تَراسُول: ڈروں
بجھانوؔ دیپک کوں تراسوں دینکر آوے گا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

تَراو: ترائی
جسے بھوت نزدک تراوا تھا (رستمی۔ خاور نامہ)

تِراو: غواص۔ غوطہ خور
ڈبے نادر تراو شبہ کوں پاوے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

تراون ہار: تیرانے والا
منجے ڈر کیا تراون ہار دریا کا ہے تو وارث (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ترِبھون: تینوں عالم۔ ترجگ (اسم۔ مذکر)
1۔ گھرے گھر عید ہووے آج سارے تربھون میانے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ تو وارن سپت اس پر تربھون کی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔ آدھار ساتوں کھن کا جیوں توں تر بھون کا یا علی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تُرپ: رقص میں ایک جگہ سے دوسری جگہ کود کر آنا۔ ناچ کا ایک بھاؤ
ترپ کھائے مچھلیاں انہو پر پھرے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

ترِپتی: ترلوک (تین عالم) کا مالک۔ بادشاہ (اسم۔ مذکر)
1۔ فلانے نگر کا جو ہے ترپتی (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ تیرا خیال اے ترپتی ہے مست جیوں ماتا ہتی (غواصی۔ کلیات غواصی)

تَرپھڑات: بے چینی۔ تڑپنا
پکارے سو دردوں کرے ترپھڑات (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

تُرت: (ترنت) جلدی۔ فوراً
1۔ ترت دور کر بیقراری مری (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ جے بھار سر پہ ہے سو تیرے ترت اتارے (غواصی۔ کلیات غواصی) 3۔ کہ ہوتا نہ فرزند اپس سے ترت (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔ باللہ ترت مردوں گا میرا کفن کہاں ہے (حسن شوقی۔ غزلیات)

ترتا: تیرنا
یا خضر کے چشمے میں ترتا بلبلا پُر شاب سوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تُرتُرانا: تیزی سے حرکت کرنا
تھوڑے چمٹیاں محل کے چھت پو سوں بادشاہ کی چھاتی پر گرے اور ترترانے لگے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوارِ سہیلی)

تُرتُری: سیلانی۔ گھومنے والی (اسم۔ مونث)
گلیاں میں سب سوں ترتر وہ پھری ہے ترتری سوکن (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

تِرتی: تیرتی
1۔ سواس سمندر میں کاڑی ہو ترتی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ کہ دریا میں مَیں غم کے ڈبتی ہور ترتی (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔ چلی ترتی ندی کا توڑ سب دھار (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

ترتے: تیرتے

ہرے پاتوں کے جیوں ترتے پھلاں سوں ڈال پانی میں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

تُرش: تلخ۔ بدمزہ

ترش لگتی مسی مدتے یو کا جل ٹرٹر الگتا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

تُرشائی: تلخی

کہ ترشائی تے منہ پونیں ہے نمک (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

ترجگ: تین عالم۔ ترلوک (اسم۔ مذکر)

جنت کتے ترجگ جس سو یک چمن تج باغ کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ترجمع: ترجمہ (اسم۔ مذکر)

لیا ترجمع مختصر اس بدل (غواصی۔ طوطی نامہ)

ترخن: تڑپنا

ہتر یہ سن لگی ترخن زلیخا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

ترڑی: سہ لڑی مالا۔ ایک زیور (اسم۔ مذکر)

حل حل اتاروں ترڑی نواروں گا ہور سپند (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ترزاں: طرز کی جمع

سکیاں جیواں چُرانے　اب کوئی ترزاں نپایا ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ترستے: تیز چلتے

ترستے چلے سرخ جیو لے شتاب (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

ترسول: ترشول (اسم۔ مذکر)

یک ہست رنڈ نرا ترسول جنگل کرا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

تُرک: مسلمان (اسم۔ مذکر)

ترکوں ہندوؤں لایا دند (اشرف۔ نوسرہار)

تَرک: بچا کچا۔ جھوٹا

ترک جگ کوے کیرا کون کھائے (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

تُرکا: تُرک (مسلمان) (اسم۔ مذکر)

سکیاں بولیاں کہ سوتائیں یہ ترکا (سید محمد والہ۔ طالب وموہنی)

تُرک بھاس: ترکوں کی بھاشا (اردو کو تلگو میں "ترکا ماٹا" یعنی ترکوں کی زبان بھی کہا جاتا ہے)

نظامیاں کوں یوں کہہ ترک بھاس سوں (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

ترکاں مارنا: ٹیسیں مارنا

لاگا نفس ترکاں مار (اشرف۔ نوسرہار)

ترکس: ترچھا۔ ٹیڑھا

اس کے ڈرسوں...... پانو نہیں۔ ہوسکتا تھا کہ ذرہ بھی ترکس دوڑے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

تُرکمان: مسلمان (اسم۔ مذکر)

جم عبد لا شہہ ترکماں بھوگی کمن ہارا ہو (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ترکمان: تیر کمان

دیکھے گر ترے ہات میں ترکمان (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

ترگن: تگنا: تین گنا

دو گن ترگن اس کا توں واں پائے گا (وجہی۔ قطب مشتری)

ترلوچن: تین آنکھوں والا۔ شیو جی

ترجگ ترلوچن گسائیں (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

ترلوک: تین عالم (اسم۔ مذکر)

تھے حیران ترلوک کے رائے سن (غواصی۔ طوطی نامہ)

ترلوک نر: (ترلوک: تین عالم+نر: آدمی) ترلوک کی مخلوق

ترلوک نر جے سریں مل (جانم۔ ارشاد نامہ)

ترمل: ترپتی (جہاں شری وینکٹیشور کا مندر واقع ہے)

بلورے تے نرمل سو ترمل اہے (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

تُرمتی: ایک پرندہ (اسم۔ مونث)

بگولے پہونا ترمتی کے جوڑ (نصرتی۔ علی نامہ)

تُرمتیاں: ترمتی (ایک پرندہ) کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

ترمتیاں ہور شکریاں مل کے جھٹ پٹ (ابن نشاطی۔ پھول بن)

ترن: تیرنا

کدم کوں کندا جو سکے ترن (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

تَرنا: تیرنا۔پیراکی
تریں تس میں مچھلیاں کھنڈڑے ہو تھیر (نصرتی۔گلشن عشق)

تَرن پن: جوانی
ترن پن بھلا کچھ جگ پت ہوئے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

تَرنڈا: غوطہ کھانے کی جگہ۔گہرا پانی۔مچھلی کے شکار میں بانس کا وہ ٹکڑا جو ڈور میں باندھا جاتا ہے
جوں ترنڈا دکھائے میرے مین (محمود بحری۔کلیات بحری)

تَرناں: جوان
1۔یکس ایک تے ایک ترناں اہیں (حسن شوقی۔میز بانی نامہ) 2۔جب یہ ترناں ار دبڑا (جانم۔ارشاد نامہ) 3۔بوڈ ترنا جیسا ہو سنگ (شیخ داول۔کشف الوجود)

تَرنگاں: تَرنگ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
رنگ سوں یک لاک ترنگاں کیا (محمود بحری۔کلیات بحری)

تُرنگاں: تُرنگ (گھوڑا) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
کیے جم بجے جب دھادھم ترنگاں (صنعتی۔قصۂ بے نظیر)

تُرنگ لنگ: لنگڑا گھوڑا
اس آگل فکر اندیشے کا ترنگ لنگ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تَرنم میں آنا: گاتا گاتا
راویں میرے بچن کے ترنم میں آئیں جب (غواصی۔کلیات غواصی)

تَرنی: جوان عورت (اسم۔مونث)
یکس ایک تے ایک ترنیاں اہیں (وجہی۔سب رس)

تیرنیاں: ترنی (جوان عورت) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
1۔یاں رکت گھت اُدھر کوں لال کرے۔نہ کر تیرنیاں نمن تنبول سیتی (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔تیرنیاں چڑ کر ٹرنگ نکلیاں بسنت کے ڈھنگ سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تَروار: تلوار (اسم۔مذکر)
1۔جس کو تری پلک کی ہے تروار کا ہوس (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔توں یوں مار تروار جگ میں دلیر (طبعی۔بہرام وگل اندام) 3۔جوں کالے کھیت میں تروار چمکے (شفیق۔تصویر جاناں) 4۔کر وہ وار یکس یک سوں تروار کے (نصرتی۔علی نامہ)

تَرور: بڑا درخت
کیا جال کر راک ترور جتیا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

تَرونڈا: (ترنڈا) گہرے پانی میں نشانات کے طور پر غوطہ لگانے تو بنے ڈالے جاتے ہیں۔(اسم۔مذکر)
ترونڈا ہو پڑیا پانی اُپر جا (ابن نشاطی۔پھول بن)

ترہ جگ: (تر جگ) تین عالم
1۔ترہ جگ آپنا تن من شہنشہ پر نثارے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ترہ جگ دائرہ اونور پرکار (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔جس کے پگ کے چھانوں تلے جم ترہ جگت معمورا ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

ترئی: ترائی: ایک قسم کی ترکاری جس کے پھولوں کا رنگ زرد ہوتا ہے (اسم۔مونث)
ترئی کے کھیت میں بے شک وو چھپ جائے (شفیق۔تصویر جاناں)

تُری: گھوڑی (اسم۔مذکر)
سو کنچی وزہری وتازی تُری (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

تَریا: عورت (اسم۔مونث)
بسوری تریا را وانجا دکوں (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

ترياں: مچھلیاں (اسم۔مونث۔جمع)
1۔امنڈ تنم کی خشکی پہ چلنے لکیاں۔ترياں نین کی تب آنسو اہلنے لگیں (نصرتی۔کلام نصرتی) 2۔انکیاں سوز کیاں جل کے ات گت بھریان+ ابلیاں دییں سوز سوں جیوں ترياں (نصرتی۔گلشن عشق)

ترِیاں: تیرے یہاں۔تیرے پاس
کئی دھن نے نس کر ہاشمی میں آج آتی ہوں تریاں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ترِّیاں: تری (فعل۔مونث) کی جمع
1۔آنکھیاں ترياں ہیں مچھلیاں لٹکے سو تار جالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔باتاں ترياں سولک بے بدل یادگار کے (غواصی۔کلیات غواصی)

تُریاں: (ترائی کی جمع) ایک قسم کی سبز رنگ کی ترکاری
ترياں شیشے اور کریلے ایاغ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

تڑوا: توڑ
1۔ مسجداں کو باندکر بت خانے کے سب بت تڑا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ تڑا بھوت خانے ودیول قدیم (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

تڑپڑانا: تڑپنا
باگ اس کے مکر سوں تڑپڑا کر مرگیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

تڑپڑا کر: تڑپ کر
پانی نہ ہوئے تو مچھلیاں تڑپڑا کر مرجاتیاں ہیں (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار)

تڑپڑی: تڑپی
سینا کوٹ سرباری تڑپڑی (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)

تڑپڑیاں کھانا: تڑپنا۔ مضطرب ہونا
بازندہ آس سیں نراس ہوکر پھڑ پھڑانے لگیا ہور تڑپڑیاں کھانے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

تڑپھڑے: بے چین ہوئے
جیوں مین جل میں تڑپھڑے یوں تھڑ پھڑی تجھ بن تجن (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

تڑپھڑے: تڑپے
پنکھی جوں تڑپھڑے او کاٹنے تھے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

تڑپھنا: تڑپنا
ہور او سے نظر میں لایا تو تڑپھنے لگ جاتا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

تڑپیا: تڑپا
یو جیو بادل تج بنا بن جل مچھی تڑپیا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

تڑک: سوزش۔ جلن
توں اپنی تڑک بجھنا (وجہی۔ تاج الحقائق)

تڑکا مار کر اٹھنا: صبح سویرے بیدار ہونا
جاتیاں ہیں تڑکا مار اٹھ اُجریاں منڈیاں کی توڑتیاں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

تڑی تاپڑی: سادھو۔ جوگی
نہ پیتا و جوگی تڑی تاپڑی (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

تڑے تاپڑے: جوگی۔ فقیر (اسم۔ مذکر)
مہاجن ہوئے سب تڑے تاپڑے (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

تِس: اُس
سو پائی تس اپس میں جیوں سوں تہاں تہاں میں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تِسارے: تمھارے
پاین فرزنداں سوتے ہیں تسارے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

تَسبی: تسبیح (اسم۔ مذکر)
1۔ ہماری ئے پرستی میں تمن تسبی رہا ہے اب (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ کتے لے کو تسبی منکے پھراتے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

تَسبیاں: تسبی (تسبیح) کی جمع
دعایاں و تسبیاں سوکئی دھات کے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

تسبیح ترابی: مٹی سے بنائی ہوئی تسبیح
تسبیح ترابی کر کر مریں گردن مکروں کو ب (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

تِسرا: تیسرا
تسرا پہر اللہ محمد ہور علی کا ہے پہر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تسوں: تجھ سے۔ تو۔ تیرا
1۔ نبی صدقے شا عبدلا دل تسوں لا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ کہوں گا تسوں کھول از ماکے دیک (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ تسوں یار جواب تیرا عبث ہے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔ تسوں مل کے میں گرچہ بیٹھی ہوں یاں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تَشبی: تشبیہ (اسم۔ مونث)
جو ایسے بالوں کو تشبی عبث دیتے ہیں بالے کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

تَشبیاں: تشبیہ کی جمع
ہزاراں تو نے تشبیاں لائیا (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تِشتھن: بیٹھی ہوئی۔ بیٹھا ہوا
سرپ سنگار تشتھن پر چھائیں کلپترا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

تشریف: خلعت۔ اعزاز (اسم۔ مونث)
1۔ چندرکوں چندر جوت وھاں تشریف دیوے نور کی (نصرتی۔ علی نامہ)

2۔گلستاں ہوئے لوگ تشریف سوں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

تشریفاں: تشریف (عنایت۔تحفہ۔عزت۔تکریم) کی جمع

1۔الٰہی یو تشریفاں تجھ خاص ہے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔کتیاں کوں دیا تشریفاں دھات دھات (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

تشریف دینا: اعزاز عطا کرنا

فاطمہ بی بی دیے تشریف رنج جم جم شہانی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تصویر کرنا: تصویر کھینچنا

لکیا کرنے تصویر بھو نازسوں (وجہی۔قطب مشتری)

تعزیت مانڈنا: سوگ منانا

ات پر مانڈی تعزیت (اشرف۔نوسرہار)

تعنے: طعنے (اسم۔مذکر۔جمع)

کہ تعنے ادیکھیاں کی میں سوتی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تغادا: تقاضہ

لوگاں کھا کھا کے جاتے تغادے اس پر آتے (وجہی۔سب رس)

تغاری: آٹا گوندھنے کا برتن

روٹی کا حظ روٹی کھاتا سو جانتا نہ کہ تغاری تو (وجہی۔تاج الحقائق)

تفرید: غیر حق کو دور کر کے حق کو دیکھنا

تفرید کا تج آکھوں کون (جانم۔ارشاد نامہ)

تقوئی: قوت۔زور

دے تقوئی اس دھات اپنے مقام (غواصی۔طوطی نامہ)

تکاں: تک (ہم آواز لفظ) کی جمع

کھڑے رہے تکان قافیے جوڑ پائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تکبگی: بے چینی

القصہ حسن کوں لگی تکبگی (وجہی۔سب رس)

تکت: (تنکٹ) زرین کپڑا (اسم۔مذکر)

ہے سر پر تکت کا لال سربند (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تُکڑا: ٹکڑا

تن کے تکڑے بارہ باٹ (اشرف۔نوسرہار)

تکڑی: ترازو کا پلہ (اسم۔مونث)

کہ جو کھا اس نے عاشق کوں بھواں کی ہاتھ لے تکڑی (ولی۔کلیات ولی)

تُکڑے: ٹکڑے

1۔خجل ہو گر یبان تکڑے کیا (رستمی۔خاور نامہ) 2۔تکڑے سورج کے تن کے پامن کے ہیں یہ منکے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

3۔نہ کر تکڑے جدائی کی فرنگ سوں (ابن نشاطی۔پھول بن)

تکلیف کھینچنا: زحمت اٹھانا

اندھے پر واجب نہیں جو مسجد لگ آنے کا تکلیف کھینچے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

تُکھار: (مراٹھی) گھوڑا (اسم۔مذکر)

1۔ہوا جبرئیل ہو پکڑیا تکھار (وجہی۔قطب مشتری) 2۔بیٹھا دیں مجے رائے ابرہن تکھار (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 3۔کھڑک کا دو کھاتھا یا تکھار (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 4۔کو دچا ہے مانگ تکھار کو در تن مال (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

تکھار: تلے۔نیچے

طو آئے کر بار گہ شہہ تکھار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تک: دوڑ۔کوشش

یک تک سوں گے روا لگ (نصرتی۔گلشن عشق)

تکبگا: تلملا

پکھلتا رہوں تکبگا تکبگا (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)

تکبگی: اضطراب۔بے چینی

سو پھر پوچھنے کی لگی تکبگی (نصرتی۔طوطی نامہ)

تک بگی لگنا: کھلبلی پڑنا

لگی آب پانی دیکھت تکبگی (نصرتی۔علی نامہ)

تنگٹ (تنکٹ): زرین کام کپڑے پر زرین چھاپ۔ایک قسم کے کپڑے کا نام

1۔چھین چنری پر تنکٹ تاریاں کا کر آئے انگن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔بندی چنری پرت نقشے کری اس پر تنکٹ تارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔تنکٹ کی چھائی ساری یو جلکی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تگٹی: زرین۔ زر سے بُنا ہوا لباس
1۔ کوی رنگ ہریا کوئی تگٹی سول (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 2۔ کہ تگٹی جھکا جب پہنیا شہ نول (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

تگٹی ورق: چاندی یا سونے کا باریک کوٹا ہوا پتر (اسم۔ مذکر)
بھر اُس میانے تگٹے پتیاں پان کے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تنگ بھگی: بے چینی
اسی فکر بھی نیند مجھ کوں لگی۔ غریبی کی تھی دل کو سب تنگ بھگی (صنعتی۔ گلدستہ صنعتی)

تنگ جگی: پریشانی۔ بے چینی۔ گھبراہٹ
کہ ہیں گئی ہور گئی تنگ جگی (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تنگ لگ: کوشش۔ مستعدی
دنبالہ کیے سب نے تنگ لگ ستی (نصرتی۔ علی نامہ)

تل: لحظہ۔ پل۔ قلیل وقفہ
پیا باج یک تل جیا جائے نہ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تل: نیچے (اسم۔ مونث)
تل کی ماٹی اوپر کر (اشرف۔ نوسر ہار)

تلا: نیچے۔ نشیب۔ تہہ
1۔ ند سمندر کوہ تلا (اشرف۔ نوسر ہار) 2۔ زمیں نرم ہے پاوں کے اس تلے (ولی۔ کلیات ولی)

تلالا: تعالیٰ
پرت بھلا وقت بلائے اللہ تلالا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تلاٹا: پورب۔ مشرق
تلاٹے میں نکلا ہے جب آفتاب (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

تلار: نیچے۔ پستی میں۔ تلے
1۔ جس کے سر پر طمع کا بھار اس کا سر دائم تلار (وجہی۔ سب رس)
2۔ محال ہے بھی پہنچنا اس آسمان تلار (غواصی۔ کلیات غواصی)
3۔ اوگھوڑے تے بھوتاں کوں لایا تلار (رستمی۔ خاور نامہ) 4۔ وہ دلکش دسیا تمیں نظر کے تلار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

تلاسن: تلاش کرتی ہوئی
تلاسن آئی تکوے مصطفیٰ پاس (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

تلاشن ہار: تلاش کرنے والا
لیکے تکوے تلاشن ہار تھا کن (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

تلاشے: تلاش کرے
تلاشے سو جتاں نے اس کے چرن (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

تلاو: تلاب۔ جھیل۔ تالاب (اسم۔ مذکر)
1۔ یہاں سوں نزدیک ایک تلاو ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
2۔ تلاو بیچ ڈاریا ڈینگ کرب آن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

تلاوار: تلوار (اسم۔ مونث)
تلاوار لے سوردے سات مجھ (فخر دین نظامی۔ کدم راو پدم راو)

تلاواں: تلاو (تالاب) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
تلاواں کوں دیا روپے کر ارنگ (محمود بحری۔ کلیات بحری)

تل اوپر کرنا: تلاش کرنا
کئے ڈھونڈ کر سب ملک تل اپر (ولی۔ کلیات ولی)

تل اوپر ہونا: درہم برہم ہونا
ہوا کام بھی سرتے ہوئے تل اوپر (وجہی۔ قطب مشتری)

تلاوے: تلے۔ نیچے
کیتوں دھوپ تلاوے کیتوں اوپر چھایا (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نامہ)

تل بہ تل: لحظہ بہ لحظہ
تجل ہوں گلوں آنچ میں تل بہ تل (غواصی۔ طوطی نامہ)

تل تل: لحہ لحہ
اس کی ذات منزہ اوپر تل تل بل بل جاوے (محمود خوش دہان۔ انصاف الحق)

تلپتی: تڑپتی
تلپتی ہے مچھلی سو جیوں باج نیر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

تلپنا: تڑپنا۔ جلنا
ادک سوز لگ مجھ تلپنا پڑے (نصرتی۔ کلام نصرتی)

تلپٹ: برباد۔ تباہ
1۔ گھر بار اس ناپاک کا یک بارگی تلپٹ ہوا (حسن شوقی۔ غزلیات)
2۔ الٰہی توں دشمن کوں تلپٹ کر (وجہی۔ قطب مشتری) 3۔ ان لگیا ہے کہ پانی کی کھیڑنگی سو ہمیں تلپٹ ہو جائیں گے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

تَلپٹی: کنپٹی

کوی تلپٹی جوڑ جھرتے کھڑے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تلک: قشقہ۔ ٹیکا (اسم۔مذکر)

جھلکتی ہے پشانی سندری کی اس تلک تھے خوش (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات قلی قطب شاہ)

تلک: اس اثنا میں۔اس وقت

الہٰی سور یونت اٹ کو عالم گیر ہے جگ میں + تلک جم فتح و نصرت دے یو شاہ نو مظفر کوں (نصرتی۔علی نامہ)

تِلکنا: تڑپنا۔بے چین ہونا

پڑیا ہے برہ میں بحری تلکتا مین کے نمنے (محمود بحری۔کلیات بحری)

تلکوں: (تلک+کوں) تب تک

بھرے سفر تلکوں ہر عالم نشاں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تلکھ: تڑپ۔بے چینی۔اضطراب

بھوگنا عشق کوں سوں اے بحری + یا تلکھ یا نپٹ تحمل ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

تَلکھی: بے چینی۔اضطراب۔بے قرار

1۔ادک تلکھی سوں دیا جیو جب (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔تلکھی عشق کی پینگ کوں پوچھ (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔پڑی تلکھی تن برہ بس ستی (وجہی۔قطب مشتری) 4۔جن تجے ہور تلکھی بحری کو دکھیا ئیں کتا (محمود بحری۔کلیات بحری)

تَلکھے: پریشان۔مضطرب

گھاو کاری اچھ نہ جانا جیو ہور جم تلکھے (محمود بحری۔کلیات بحری)

تلمل: بے چینی

زمیں پر چھاپ بھا کر نے سب عالم کے تلمل کا (نصرتی۔علی نامہ)

تلملان: تلملا کی انفیائی ہوئی شکل۔تلملانا

1۔تھی جاں اس کی عورت لگی تلملان (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔او زاہد کی عورت لگی تلملان (غواصی۔طوطی نامہ)

تلمل کرنا: تلملانا۔تڑپنا

تلمل کرنے لاگا سخت (اشرف۔نوسرہار)

تلملن: تلملانا۔تڑپنا۔بیقرار ہونا

1۔جو بہوتیک تلملن تھے تنگ آوے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔نول شاہ عاصم لگیا تلملن (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔دل اس کا لگیا تلملن تن منے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

تلملنا: تڑپنا

1۔یکس کی خاطر ایک تلملے (وجہی۔سب رس) 2۔یو ہیں تلملنے لگی با سوز و تاب (وجدی۔پنچھی باچھا) 3۔تیر الو جو دائم پانی میں غوطہ مار تا دھیں دم کو نڈیا جا تلملنا بھی ہے (وجہی۔سب رس)

تلملوانا: مضطرب کردینا

جوں اسے تلملنا جوں اُسے بھی تلملوادے (وجہی۔سب رس)

تلملے: تڑپے

کھینچ کیں اُسے بھی جتا تلملے (رستمی۔خاور نامہ)

تلملیا: بیتاب ہوا

1۔و لے آپ بن تلملیا سب ہی لوگ (نصرتی۔تاریخ اسکندری) 2۔بھی اڑ دھا سا ایک سو تلملیا (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

تلنگ: گھوڑے کی ایک چال

کدھیں کیں نہ اٹکیا او کرنے تلنگ (نصرتی۔علی نامہ)

تُلنگ: (تُرنگ) گھوڑا۔رفتار

1۔کہ شاطر شہہ کے تلنگ مارتے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔تلنگ کرتیں ترنگ کا نعل جھڑ کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تُلنگ کار: (تلنگ: ترنگ (گھوڑا)+کار: سوار) گھوڑے پر سواری کرنے والا

تلنگ کار سب ملک گیری کیا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

تلواسا: تڑپ۔از خود رفتگی

اُنس کا مقام سو تلواسا ہور چیٹ پٹی کا ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

تِلوٹ: ایک مٹھائی جو تل اور گڑ سے بنائی جاتی ہے (اسم۔مونث)

حل گر نہیں ملے تو تلوٹ نہ کیں تو کیا کیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

تلکویاں: تلکوا کی جمع۔تلکوے

1۔اٹھے آگ تلکویاں تے تارخ تلنگ (وجہی۔قطب مشتری) 2۔سو تلکویاں منے تے لگی لھو کی دھار (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔کیاں ہیں

سب ترے تلویاں کی گرد کوں کا جل (غواصی۔کلیات غواصی) 4۔ہو خوشحال تلویاں پوموں کو لگڑ (طبعی۔بہرام وگل اندام)

تلھار: نیچے۔تلے

1۔شوق سوں اک جھاڑ کے سائے تلھار (وجدی۔پنچھی باچھا) 2۔مردے دیکھنے نظر تلھار (شیخ داول۔کشف الوجود) 3۔کچھ نہ لو پیا نظر تلھار (جانم۔ارشاد نامہ) 4۔کرڑوں کالے اجیت ہودیں اس کی تاب تلھار (میران جی شمس العشاق۔وصیت النور

تلھیں: نیچے۔تلے

رہی مونڈی تلھیں کر (اشرف۔نوسرہار)

تلواں: تلوا کی جمع

رگڑنے لگی گال تلواں کے سات (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تلیں: نیچے

1۔تلیں آئی چھجے کے جیوں ماہتاب (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔نہیں دیکھی میں اس فلک کے تلیں (رستمی۔خاورنامہ)

تِلیں تِل: پل پل۔ہر لحظہ

تلیں تل پرت زاست ہوتا اتھا (وجہی۔قطب مشتری)

تماچہ: طمانچہ

پچھے تجھ تماچہ کنے مارتا (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)

تمارا: تمھارا

1۔میں استت تمارا تو کاں لگ سراؤں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

2۔نشانی تمارا جو پائے ہیں یاں (رستمی۔خاورنامہ)

تُماراچ: تمہارا ہی (چ تاکیدی۔مراٹھی)

تماراچ ہوں جاں اچھوں میں تو کیا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

تُماری: تمھاری

تماری ملاقات کوں دھائی ہوں (رستمی۔خاورنامہ)

تُماریاں: تمھارے یہاں۔تمھارے پاس

1 سکھیاں کا نام لے چپکے تماریاں رات کوں آتی (ہاشمی۔کلیات ہاشمی)

2۔درونہ کس کا ہے ایسا تماریاں رات کو آکر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تَماشی: تماشہ دیکھنے والا

تماشی ہوا نت نظر کے تلھار (نصرتی۔گلشن عشق)

تُمتماٹ: باجوں کا شور

اُچانے لگے اس وضا تمتماٹ (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

تُمری: املی سے تیار کردہ شراب (اسم۔مونث)

انگوری و تمری و ہوزی شراب (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

تمسیر: (سنسکرت) اندھیرا

اس تن کے تمسیر کے تین دور (محمود بحری۔من لگن)

تمن: تم

(1) منور تمن تے یو ہے بارگاہ (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) (2) ایسا ضرور کیا تھا تمن کو کدھر گئے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تُمنا: تم۔تم کو۔تمھیں

انبیاء ہور اولیا میں حق کیا تمنا بڑا (وجہی۔قطب مشتری)

تُمناں: تم

جو آیا ہے تمناں منیں یک سوار (رستمی۔خاورنامہ)

تُمن دھر: تمھارے پاس

تمن دھر کہے آکے سب یو خبر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تُموگن: جسمانی خواہشات

ہے ہردے چکر میں تموگن اندر کی بستی (شاہ تراب۔من سمجھاون)

تمھ: تم

جو لگ تمھ نہ دیکھو سو شہ کا دیدار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تُمی: تم ہی

دو جہاں کے حاکماں میں ہے تمی روشن ضمیر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تُمے: تم

تمے جو دیے سو ہوا خرچ سب (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

تُمیں: تم

1۔تمیں ہیں چاند میں ہوں جوں ستارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔کہاں تھے تمیں آئے جاتے کہاں (رستمی۔خاورنامہ)

3۔چپ و راست اس پر تمیں پکڑ وراہ (رستمی۔خاورنامہ)

تن: تین
بناتی کئی تن پہر رات تک (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

تن: اُن۔وہ
1۔تو تن کے کھرگ اچایاں تھے گئی بھگ فوج اندھاراں کی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔نہ کد نکلے غطے کھا کھا مرے تن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تنا: (تناں) تن کی جمع (اسم۔مذکر)
میں تماری تنا میں ہوں وولے تمیں دیکھتے کیں (میراں جی خدانما۔شرح مرغوب القلوب)

تناں: تن کی جمع
1۔تناں میں لہو کا نہ تھا دبند کہیں (رستمی۔خاور نامہ) 2۔تناں کی آرسی میں اپنے روشن نشاناں کی صورت دکھاوے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا) 3۔ہزاروں تناں او کیا ہے سراں (رستمی۔خاور نامہ)

تناباں: طناب کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
تناباں مرصع کے میخاں کو بند (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

تناواں: طناب (اسم۔مذکر)
تناواں سو چو پھیر لگائے اپار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تنباکو: تمباکو (اسم۔مذکر)
1۔تنباکو کے دل کے دھوئیں میں نشاں (نصرتی۔علی نامہ) 2۔سد ہد تنباکو لگ لگن لب کو نلی دل کو چلم (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تنبالو: تانبے کا برتن (اسم۔مذکر)
1۔ایک تنبالو پیسوں کا گڑیا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 2۔نکل آئیا سر تنبالو کے سار (غواصی۔طوطی نامہ)

تنبیڑ وین: وہ وین یا بانسری جو لوکی سے بنائی جاتی ہے (اسم۔مونث)
واک وناٹک جنگل تنبیڑ وین بھوے دکھ دھرن کو سکھ کرن بھوگ بلاس (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

تنبورا: طنبورا (اسم۔مذکر)
تنبورا بجاتی اتھی یک پری (طبعی۔بہرام وگل اندام)

تنبورے: طنبورے (اسم۔مذکر)
تنبورے جنتر بیباں سر منڈل (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

تنبول: پان (اسم۔مذکر)
دیوں اس کو تنبول اپن ہات سوں (غواصی۔طوطی نامہ)

تنتبی: کھڑکی (اسم۔مونث)
تجلی کی منزل تھی ہوئی (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

تنت: (تُرنت) فوراً۔جلدی
ہا ور گیند تنت پچھانیاں سو سر بسر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تنٹا ٹٹنا: جھگڑا ختم ہونا
بڑی کھٹی کہ اب منج سوں تنٹا ٹٹیا (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

تنٹلماری: جھگڑالو
یے لوگ بڑے تنٹلماری لگا ؤ بجھاؤ ہور بکھیڑے ڈالو لڑائی خور ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تنٹھ: جھگڑا (اسم۔مذکر)
منج گرچہ چھوٹک کیں ہے گنہ تنٹھ سب تے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تنڈکا: لکڑی کا ٹکڑا (اسم۔مذکر)
تنڈکا پھاوڑے کے دستے کو بھلا دستا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تنڈی: لڑائی (اسم۔مذکر)
پٹ منڈی او و دو تن اگر جو عبث منج سوں تنڈی (محمود بحری۔کلیات بحری)

تنڈیلاں: بادباں (اسم۔مونث)
ملاح پا جھڑے اور تنڈیلاں پو کام (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

تنک: ذرا
کھی تم روپ کی تنک جوت مانو سور جگمگے رت بسنت (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

تنک: آہٹ
جوں اس کے سنے پاوں کا او تنک (غواصی۔طوطی نامہ)

تنکڑی: میزان۔ترازو (اسم۔مذکر)
پھسل تنکڑی پڑے سب محلہ داراں (محمود بحری۔کلیات بحری)

تنگ: مرتبان۔شیشہ(اسم۔مذکر)
تجھ لب ستی گر بات لگے تنگ شکر کا (ولی۔کلیات ولی)

تنگا: ادا۔عشوہ (اسم۔مذکر)
اس کی خوبصورتی کا ایک تنگا بہشتی عارفاں کو ناز و تنگ سکاتا(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تنگا مارنا: طعنہ دینا
گدھا تنگا مار کر بولنے لگا(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تنگچائی: تنگی
وہ کھانے پینے کی تنگچائی سوں ایسا کام کر بیٹھیا(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تنن: اُن کی
تنن جھلکار جوں دامن چمک میں پھول مالاں میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تنودری: پتلی کمر۔نازک
کلیانی رمنی پیور کیا تنودری مرگ نینی باہاں تنوی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

تنھن: اس کو
جو میں تج کھیا توں تھن دور کر (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

تنول: ٹڈی(اسم۔مذکر)
کہ جیوں تنول بیٹھے پہ جھاڑاں کے پات (نصرتی تاریخ اسکندری)

تواسیاں: (فارسی قالین) کی جمع(اسم۔مونث۔جمع)
1۔تواسیاں بچھایا پلنگ آس پاس(احمد جنیدی۔ماہ پیکر)2۔تواسیاں بچھائے زمیں کر رتن (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلی مجنوں)

تواف: طواف(اسم۔مذکر)
تو دل کا تواف ہور زیارت کرنا اس تھے بہتر ہے(میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

توبتاں: توبہ (اسم۔مونث)
کیا جن کریں توبتاں بار بار (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)

توپاں: توپ کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
1۔چھوٹیاں ہمیں لگوں بڈ کے توپاں سکل (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔کنچن کے تس اوپر توپاں زنبورے(ابن نشاطی۔پھول بن)

تو تار: کیا بی(اسم۔مذکر)
مجھ سے ہنر ور بھوت ہیں تجھ سے تخی کا ہے تو تار (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تو تارے: ستار(اسم۔مذکر)
ثنا کے سو پہیر اں تو تارے بجیں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

تُوتک: تب تک
جب تک کہ صدر ہمیں چڑے گا تو تک اس کے ڈھنڈنے میں کتی ہمیں کریں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تُوتلک: تب تک
صدقے نبی کے جو تلک روشن ہے یو کھن تو تلک (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تُوتی: طوطی(اسم۔مذکر)
سو توتی نمن ہوا ودھر دھاتیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تُوٹ: (سنسکرت تروتی) کمی۔کھوٹ
ذرا اس کے تو عشق تیں توٹ نیں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

تُوٹ: ٹوٹ
1۔بجلی جیوں کہ کڑ کے توٹ (اشرف۔نوسرہار)2۔چھٹریاں توٹ ہوایاں چند ریاں ہویاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

تُوٹے: ٹوٹے
کہ سب لوگ یاں کے ہمن تے تٹے (غواصی۔طوطی نامہ)

تُوجھ: تجھ۔تجھے۔تیرا
کہ داد احسن تو جھ نانا حسین (جنیدی۔تحفۃ النصائح)

تُوچ: تو ہی (چ تاکیدی مراٹھی)
مراد ادسو توچ ہے دین ہار (غواصی۔طوطی نامہ)

تُوڈر: توڑا(آنڈو) ہاتھی کے پاوں میں ڈالا جانے والا حلقہ۔(اسم۔مذکر)
یوں بروایت کوں بھیجے ہیں ہتی کے پگ کے توڈر کوں (نصرتی۔علی نامہ)

تُوڈراں: توڑا۔(آنڈو۔ہاتھی کے پاؤں میں ڈالا جانے والا حلقہ) کی جمع۔(اسم۔مذکر جمع)
تھا توڈراں کا شور کیں لزم کی ات جھنکار کا (نصرتی۔علی نامہ)

تُورت: تڑنت۔جلدی

تورت بھلا تو ہوسدار (اشرف۔نوسرہار)

تُوڑا: بندوق کی ایک قدیم قسم (اسم۔مذکر)

بے سپر تاج توپ بن توڑا (محمود بحری۔کلیات بحری)

تُوڑاں: ضربیں

دیکھادیں تو سنداں پہ توڑا کے بھانت (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

توڑتال: توڑ پھوڑ۔بربادی

نہ کر بے وفائی سوں یاں توڑتال (غواصی۔طوطی نامہ)

توڑن: توڑنا

1۔تِس (۳۰) دیس کی خماری توڑن کے تائیں مج کوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ منگے اتنے تھے من پھل پھول توڑن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔ہنگام توبہ توڑن آیا کیا میں چارا کروں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تُوڑن: (توڑا) پاؤں کا زیور

یو توڑن دیویں ان کے پاواں میں زیب (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

تُوڑیا: توڑا

1۔کہ توڑیا ہے وعدا گیا وقت ہے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔توڑیا بات سوں اپنے بینے کا بند (رستمی۔خاور نامہ) 3۔زنجیریں توڑ پاؤں کی جانے منگیں (رستمی۔خاور نامہ) 4۔توڑیا سب اپس بازواں کا او بند (رستمی۔خاور نامہ)

توس: پیاس (اسم۔مذکر)

دھوپ میں توس جا کر آتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تُوس: اس کا۔تیرا

ہوا خاتم الانبیا توس نام (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تُوک: تک۔تناسب۔خوبصورتی

کسی میں تو وہ توک آتی نہیں (وجہی۔قطب مشتری)

توکی: تجھ کو

کیا دھونڈی پھری میں تو کی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

توکے: تیرے

پرم پیار سوں آئی ہوں توکے در پر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تول: وزن۔برابر

نچھل در پن زری بنگڑیاں سونے کے تول چھن چھنگرو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تول: وزن۔بوجھ

برگ پھل سے بٹے باد کے تول تے (وجہی۔قطب مشتری)

تُولاں: ٹڈی

کہ جو کھیت چرنے کوں تولاں کی فوج (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

تولک: اس وقت تک۔تب

تولک جبرئیل آیا تاک (اشرف۔نوسرہار)

تولگوں: تب تک۔اس وقت تک

تولگوں رات دن دو پہر گھڑی جشن نے (شاہی۔کلیات شاہی)

تُوں: تو

توں قدوس ہے ہور توں ہیں سبح (وجہی۔قطب مشتری)

تُونب: تومڑی۔ایک قسم کا باجا (اسم۔مونث)

اندر دو دے گایں نار تونب شار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تُونچ: توہی (چتا کیدی۔مراٹھی)

پری آخر زمانے کی کتے سو تونچ ہے جانوں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تونچھ: توہی (چتا کیدی۔مراٹھی)

توہی پھول ہور تونچھ بلبل اہے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

توں لگوں: تب تک

لے کے آیا تیغ رہزن توں لگوں (وجدی۔پنچھی باچھا)

تُونھ: تو۔تو کی نفی اور ہکاری شکل

تو لگ جھاڑ بن تونھ نہ ہوئے قرار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تُونھیں: توہی

توں قدوس ہے ہور تونھیں سبح (وجہی۔قطب مشتری)

تُوئی: انا۔خودی

اس ٹھار توں انپڑے جو توئی اٹھ جائے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

توئی: توہی

توئی تھر پکڑن سکے راج توں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

تَوِیچ: اسی وقت

نظر جس وقت عقل کے مندر میں تے بھار آیا تھا عقل تو یچ بھید پایا تھا (وجہی۔ سب رس)

تھاپنا: (سنسکرت استھاپنا)۔ بت بٹھانا۔ صنم پرستی

طمہ سونا حق تھاپیں دیکھت حال حضور (شمس العشاق۔ خوش نامہ)

تَھاٹ: ٹھاٹ۔ عیش و آرام۔ (اسم۔ مذکر)

1۔ بداندیش اس دھات کے کر کے تھاٹ (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ تج جوڑے ڈھلک نیکا دیکھ تھاٹ سکی چنچل (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تَھاٹ مچانا: عیش کرنا

توں دل کے اپس دوست سوں مل تھاٹ مچا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

تَھاٹنا: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا

ٹھیماں کوں تب تھاٹنا گھٹ ہوا (نصرتی۔ علی نامہ)

تَھاچ: تھاہی (چتا کیدی۔ مراٹھی)

مرے بخت میں تھاچ داسوں نکیں (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

تھاڈی: کھڑی

بن بیچ تھاڈی نورس گاتی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

تَھاریں تھار: ٹھار ٹھار۔ جگہ جگہ

نم جیایا تھاریں تھار (شیخ داول۔ کشف الوجود)

تَھاگا: (تاگا) دھاگا۔ ڈور (اسم۔ مذکر)

1۔ ہور اس حدیث ڈوری کا تھاگا اپنو کے دل میں ہلائے۔ (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا) 2۔ جو چینے میں تھاگا سوز نار کار (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

تھام: ستون۔ کھمبا۔ جگہ۔ (اسم۔ مذکر)

1۔ دسیا اس کو پانی منے تھام ایک (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 2۔ تھان کیا شاپور مانہیں، وہ تو پیارا تھام (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نامہ)

تھان: مقام۔ گھر (اسم۔ مذکر)

1۔ گیا اس سپاہی کی عورت کے تھان (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ کہ جیوں مین اچپل نہ یک تھاں ٹھریں (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 3۔ اُن کو آپیں تھان لگادے ہم کوں توڑے ماٹی (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

تھانب: تھام۔ ستون (اسم۔ مذکر)

1۔ رکھے تھانب کرتوں یک انگشت سوں (وجہی۔ قطب مشتری) 2۔ عجب اک تھانب پر صنعت کیا ہے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

تَھانباں: تھانب (ستون) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

1۔ عرش ہور کرسی کے تھانباں تمام (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔ پھولاں کے منڈپ اور گانڈے کے تھانباں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ کہ تھانباں بلندی میں آکاش جیوں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

تھانبنا: قائم ہونا۔ استوار ہونا

علی سے کفر بھنجن تھے تو تھانبیا دین کا پایا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تھانبے: تانبے

کہ جوں طنبور دو تھانبے پون سوں بھر کے لائے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تھانبیا: تھاما

پر دل تھانبیا دچک کھائے (اشرف۔ نوسر ہار)

تھانچ: وہیں

جہاں ادد سے کھڑا تھانچ پر گٹ پیر (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

تھاؤں: (ٹھاؤں) ٹھکانا۔ جگہ (اسم۔ مذکر)

جو اس کی چھاؤں تل ہے عرش کا تھاؤں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

تھایا: تہہ (اسم۔ مذکر)

اَن تا ہے کا پایا تھایا (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

تھپڑاں: تھپڑ کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

تھپڑاں سور ستم کا مکھ مارتا (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تَھٹ :(ٹھٹ) بھیڑ۔مجمع (اسم۔مونث)
غمزے کے دیکھ تھٹ کوں ناچار ہو کے تھٹکا (ولی۔کلیات ولی)

تھٹّا کروانا: مذاق اڑانا
اپنے آپ ٹھٹّا کرڈالیں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تھٹکنا: متعجب ہونا
غمزے کے دیکھ تھٹ کوں ناچار ہو کے تھٹکا (ولی۔کلیات ولی)

تَھٹّے مسخری: مذاق دل لگی
تیسری بائیکاں کی دوستی...... ہور ٹھٹے مسخری کی لاگوٹ (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تِھج: کملانا۔سکڑنا
1۔کلیاں تھج رہیاں تھنڈتے پات میں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ہولا بوسر تھے پاداں تلک تھج رہے ہیں پھول (غواصی۔کلیات غواصی)

تہدم: حیران۔متعجب
تہدم ہو کر بچارہ (اشرف۔نوسرہار)

تہہ دینا: سلجھانا
جب اس بات کو اس روش تہہ دیئے (نصرتی۔علی نامہ)

تُھڈی: ٹھوڈی۔زنخداں (اسم۔مونث)
1۔زرپری تھڈی اس کی چنڈ ول سی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
2۔آب کوثر کوں شرف تھڈی کے پانی پور تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔تھڈی یہ کہ یا نبہہ کی ادسیب ہے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

تِھر: قائم
کہ جب سر نہوے وہ کدھیں تھر نہ ہوئے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

تَھر: تہہ (اسم۔مونث)
بحرتحت الثریٰ لگ جا لگیا یا کرے تھر کوں (نصرتی۔علی نامہ)

تَھراں: گھر (جگہ۔تہہ) کی جمع۔طبق (اسم۔مذکر)
1۔روشن پھرا اختراں سوں گگن کے تھراں کیا (غواصی۔کلیات غواصی)
2۔ابر ہموار بہتر ال سب کائیاں کیرا تھراں ہے (نصرتی۔علی نامہ)

تَھرتھرات: تھرتھرانا۔لرزہ
لگن کے سوجاڑے کا ہے تھرتھرات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

تَھرپہ تھر: تہہ در تہہ
چھایا ہے زمیں کے اپر تھر پہ تھر جو یوں (غواصی کلیات غواصی)

تَھرپکڑن: قائم رہنا
تو ہی تھر پکڑن سکے راج توں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

تَھرماما: شال کی ایک قسم جو بہت ملائم اور قیمتی ہوتی ہے (اسم۔مذکر)
بلا کر شال تھر ماما دیئے تو ہمیں بُرا لگتا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تَھرن: ٹھیرہوا۔پرسکون
کیوں من تھرن رکھوں میں وہ من تھرن کہاں ہے (حسن شوقی۔غزلیات)

تَھرتھری: رعشہ۔لرزہ (اسم۔مونث)
چھٹے تھرتھری بادا گن خاک جل کوں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تِھرکے: کانپے۔لرزے
راوت تھرکے دور کا دور (اشرف۔نوسرہار)

تَھرے: ٹھہرے۔قائم رہے
1۔گلی کو چرے دھوپ کو اس تھرے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
2۔خوشیوں باس معنی پنکھیوں بل تھرے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

تَھڑپڑ: تڑپنا
کری تھڑ پڑ رکت ماٹی میں پڑ کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تَھڑپنے: تڑپنے
تھڑپنے تے تمن دیتے ہیں بازی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

تُھڑی: سمت۔طرف۔کنارے
1۔چلیا سیر کرتا گنگا کے تھڑی (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔بولی کہ دوئی شاباش خوں بڑی چڑی دونوں تھڑی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تھکا ہور ہنا: (سنسکرت تھکت) متعجب۔حیرت زدہ
تھکا ہور ہیا باپ اس بات تے (غواصی۔طوطی نامہ)

تھکت: تھک کر
تھکت ہو کر رہے ہیں سب جہاں ہم عید ہم نوروز (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تھکت: (سنسکرت) حیران
لوچن تھکت بھئے جو دکھائے وو آن کر (شاہی۔کلیات شاہی)
تھکل: پیوند (اسم۔مذکر)
واں لگاتے ترت چڑے کا تھکل (وجدی۔پنچھی باچھا)
تھکیا: تھکا
سو میں واں تھکیا جال او دیک کر (صنعتی۔قصہ بے نظیر)
تھگل: پیوند
گوڈری جونی نیا تھگل لگا (وجدی۔پنچھی باچھا)
تھل: (سنسکرت استھل) جگہ۔مقام (اسم۔مذکر)
1۔جلال جمال سب اس کے تھل (قربی۔دیوان قربی) 2۔کر کے شبنم تے افشانی ورق کا مدن کے ہر تھل کا (نصرتی۔علی نامہ)
تھل: تلے۔زیر نگیں
جگا جوت راجا کنور شاہ تھل (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
تھلار: (تلار) نیچے۔تلے
اس کے پاؤں تھلار رکھیں تو اونہ کہے جو میرا پاؤں اُچار (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)
تھلکا: تہلکہ (اسم۔مذکر)
بڑے تھلکے میں تے کاڑیا ہے بھار (غواصی۔طوطی نامہ)
تھمن: تم
کفار جنجن جگ تھمن تمیں سوار کوئی تھ سار کار (نصرتی۔کلام نصرتی)
تھنا: قائم۔کھڑا۔جگہ
یک یک تن سنبھالیا ہتیار آ تھنا (نصرتی۔علی نامہ)
تھنبا: تھما
ہر گز تھنبا سکے نہ کوئی بل ہمت کے دے آدھار کا (نصرتی۔علی نامہ)
تھنبانے: تھامنے
تھنبانے آسماں کو منزا اچھے ہر بانس پو کل کا (نصرتی۔علی نامہ)
تھنبے: سہارا دے
سنور کوں تھنبے تر اراج دل (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
تھنبیا: تھما۔قرار پایا
تھنبیا تخم زن کے رحم میں وہی (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
تھینچھ: تو ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)
غضب ہور کرم سب پہ کرتا تھینچھ (نصرتی۔علی نامہ)
تھنڈ: ٹھنڈک
سر اس کا سلیا ہوں بی میں تھنڈ میں (رستمی۔خاور نامہ)
تھنڈا: ٹھنڈا
1۔تو اس دل کوں تھنڈا کیوں لا کسی بانچ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔نا ہوئے اجل کے آب بن باغی کا تیرے جیو تھنڈا (نصرتی۔علی نامہ)
تھنڈت: ٹھنڈک
تن تھنڈت لرزت جوبن گرجت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
تھنڈ چھٹنا: سردی محسوس ہونا
چھپئے جل کر تھنڈ آگ کو تاپ آئے (وجہی۔قطب مشتری)
تھنڈ کالا: سردی کا موسم (اسم۔مذکر)
1۔ہوا آئی ہے لے کر تھنڈ کالا + پیا بن سنتا تا مدن بالے بالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔گئی دھپ کالے کی گری تھنڈا آیا ہے تھنڈ کالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
تھنڈی: ٹھنڈی
صبح کی تھنڈی باؤ لگتی ہے تن (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
تھنڈی پیٹ: جس کی اولاد سلامت ہو۔صاحب اولاد عورت (اسم۔مونث)
اتربات میں وو تھنڈی پیٹ کی (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
تھنڈی سلی: ٹھنڈی۔خنک
جب وہ تھنڈی سلی جگہ دیکھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
تھنڈ یک: ٹھنڈک (اسم۔مونث)
جو تج منج کو تھنڈ یک ناہیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
تھنڈے در تھنڈے: گروہ در گروہ
1۔تھنڈے در تھنڈے یو بچھ کہتیاں تھیاں او (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
2۔تھنڈے گل رخاں کے کھڑے تھے سو جوڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

تھوا: طبق۔پرت۔تہہ(اسم۔مذکر)
1۔ ہوا پر جے یوں دھنویں کے تھوے(نصرتی۔ تاریخ اسکندری)
2۔غلولیاں کا ہردم چھٹے یوں تھوا(نصرتی تاریخ اسکندری)

تھوبڑ: چہرہ۔صورت(اسم۔مذکر)
بڑا تھوبڑ ستے چوگرد اس کے(ملک خوشنود۔جنت سنگار)

تھوبڑے: چہرہ۔جبڑا(اسم۔مذکر۔جمع)
بڑے تھوبڑے ہور بڑی ذات کے(غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

تھوتھڑ لا کرنا: برا بھلا کہنا
ہور لوگاں تھوتھڑ لا کرے سری کا نا کرے(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تھوڈی: ٹھوڈی۔زنخداں(اسم۔مونث)
تھوڈی پر پڑیا ہے تلیں کا ادھر(غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

تھور: تھوہڑ۔سینڈ۔خاردار جھاڑی
اور دوزخی لوگوں کا خوراک گرم پانی تھور یعنی سینڈ کا جھاڑ(عابد شاہ۔کنز المومنین)

تھورا: تھوڑا
ہوا کچھ تھورا رکھیا یک سوت کی تار کی مقابلی(میراں جی خدانما۔شرح مرغوب القلوب)

تھول: ڈھانچہ(اسم۔مذکر)
1۔ یوں تھول دیا میں ڈار(جانم۔ارشاد نامہ)2۔جیتا دستا تھول آکار (جانم۔ارشاد نامہ)

تھوٹا: لولا
یا کے تھوٹا اچھے لنگ(جانم۔ارشاد نامہ)

تھوے: طبق۔تہہ۔صف(اسم۔مذکر)
چلے اچھ تھوے پر تھوے نامدار(نصرتی۔علی نامہ)

تھے: سے
اپنا سمجھ کر کچھ نہ کرنے تھے بہت کچھ لازم آتا ہے(وجہی۔سب رس)

تھیاں: تھی(فعل ناقص) کی جمع
1۔ازل تھے عید کیاں خوشیاں جگت میں تھیاں دیکھن(محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)2۔کماناں کشش تھے ہویاں تھیاں بھی تنگ(رستمی۔خاور نامہ)3۔نہ بدسک کلیاں سب رھیاں تھیاں انکڑ(نصرتی۔گلشن عشق)

تھیجا: ٹھہرا ہوا۔حیران
بکلیا سو عارف الوجود تھیجا سو شاہد(جانم۔کلمۃ الحقائق)

تھیچ: سے ہی(چہ تاکیدی۔مراٹھی)
رھیا جگ میں اس تھیچ یو یادگار(رستمی۔خاور نامہ)

تھیچ: تو ہی
پھرا دل خیانت کیا سو تھیچ (غواصی۔طوطی نامہ)

تھیر: (سنسکرت استھر) چین۔قیام۔سکوت
1۔تج دھاک تھے زمیں سو یک تھیر ہے(محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)2۔یو دنیا دو دن کی ہے مہماں اسے کچ تھیر نکس (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)3۔نہ رہ تھیرا چپل ہو تیری بھویں(عبدل۔ابراہیم نامہ) 4۔بن اس دیکھے کیوں من تھیر(جانم۔ارشاد نامہ)

تھیر پانا: قرار پانا
لگی چٹپٹی تھیر پایا کہاں(غواصی۔کلیات غواصی)

تھیر دینا: تسلی دینا۔سکون بخشا
تب اس دل پریشان کو تھیر دے (نصرتی۔گلشن عشق)

تھیرنا: (سنسکرت استھر) ٹھہرنا
سو وو دیس ساکن ہو، واں تھیر کر(وجہی۔قطب مشتری)

تھیں: تجھے۔تو۔تو ہی
1۔سزاوار نہیں وطہ تھیں(رستمی۔خاور نامہ)2۔گسائیں تھیں ایک دنہ جگ اُدار(فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)3۔تھیں قطب اقطاب جگ پیر ہے(فیروز بیدری۔پرت نامہ)4۔الٰہی تھیں ہور کرتا رتوں + زنجن تھیں ہور نرنکار توں(طبعی۔بہرام وگل اندام)

تھیں: سے
اس تھیں نیچے پالی پوت(اشرف۔نوسرہار)

تئیں: تو ہی
1۔رھیا ہو کر سُرگ کا پھول تُمیں سو(احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)2۔رتن سرجیا تئیں جلا نکو تئیں(فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)3۔خبر جا کو بہرام

سوں بول تُمیں (طبعی ۔ بہرام وگل اندام)

تئیں: لیے۔ واسطے

ساقی پیالا پیم کا بھر بھر پلا عیشاں کے تئیں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تی: سی

اُن نے خوب دو چار حملے کرتی بہت تی ہمت بھرتی (وجہی ۔ سب رس)

تے: سے

اپے اپس تے اپس کوں چھپا دے (وجہی ۔ سب رس)

تے: وہ

جن گن آدم گاتے گن اوروں کس نہ آیا (میراں جی شمس العشاق ۔ وصیت النور)

تیتا: اتنا

1۔ جیتا دھونڈے تیتا پائے (وجہی ۔ سب رس) 2۔ جیتا جوڑ ملاویں مال تیتا جاکے ہتری خیال (شیخ داول ۔ کشف الوجود)

تیتال: تیز ۔ شوخ

ملیا تیتال عالم کا تج کیا خوب ہمسایہ (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

تیج: روشنی ۔ جلال (اسم ۔ مذکر)

1۔ نہ آکاس نا تیج نا پرتھوی جل (شاہ تراب ۔ من سمجھاون) 2۔ جوں سورج ان کو تا نہیں تیج (جانم ۔ ارشاد نامہ) 3۔ و لے تیج شہہ روپ نہ تاب لیائے (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

تیجا: تیسرا

1۔ تیجا لیا معجن کوں کھانے دیا (رستمی ۔ خاور نامہ) 2۔ تیجا اور جو ر نار پر تول کھائے (علاء الدین فقیر ۔ ابلیس نامہ)

تیجے: تیسرے

تیجے سیشہ سیت سوا چو تھے اینچ کر (ابراہیم عادل شاہ ۔ کتاب نورس)

تَیچ: تے ہی (چتا کیدی ۔ مراٹھی)

بچن تیچ بھرپور سب کو چ ہے (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تیراچ: تیرا ہی (چتا کیدی ۔ مراٹھی)

عدل سو تیراچ عدل داد سو تیراچ داد (غواصی ۔ کلیات غواصی)

تیرالو: تیرنے والا ۔ تیراک (اسم ۔ مذکر)

تیرالو جو دائم پانی میں غوطہ مارتا کدھیں دم کوںڈ یا جا تلمتا بھی ہے (وجہی ۔ سب رس)

تیراں: تیر کی جمع (اسم ۔ مذکر ۔ جمع)

1۔ کماناں تھے جو تیراں چھٹتے ہیں جیوں (ابن نشاطی ۔ پھول بن) 2۔ یوں رنگ دیکھ توں تیراں میں ہور کماناں میں (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

تیرویں: تیرھویں

تیرویں تار ہت جوڑ ویں ہانک مار (علاؤ الدین فقیر ۔ ابلیس نامہ)

تیریاں: تیری کی جمع

1۔ پیاری بھنواں ہے تیریاں جوں کہ چند (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سو کچ تیریاں بتلیاں نور زحل (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 3۔ انکھیاں تیریاں نرگس ہیں روشن چراغ (رستمی ۔ خاور نامہ) 4۔ کوتوالاں لکھ رہے باتاں تیریاں سب رست رست (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تیریچ: تیرے ہی (چتا کیدی ۔ مراٹھی)

1۔ کہ ہے اختیاری تو تیریچ ہات (غواصی ۔ طوطی نامہ) 2۔ عرش پاوں تل ایک تیریچ جان (رستمی ۔ خاور نامہ) 3۔ کہ وہ عین تیریچ صورت اتھی (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

تیڑ: (تیڑا) نہانے کا بڑا برتن (اسم ۔ مذکر)

تیڑ گرم پانی سو سونے کے ہیں (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

تیزی: تازی ۔ گھوڑا (اسم ۔ مذکر)

1۔ لے کر آئے سنگار تیزی براق (وجہی ۔ قطب مشتری) 2۔ پھرا وے جو تیزی کوں رانا منے (غواصی ۔ طوطی نامہ)

تیسا: جیسا

طہد روپ کریں گے اس من کو بھاوے تیسا (میراں جی شمس العشاق ۔ خوش نغز)

تیش: تیشہ (اسم۔مذکر)
لگا ہے کس نگہ کا تجھ کوں تیشا (ابن نشاطی۔پھول بن)

تیغ جھاڑنا: تلوار چلانا
تیغ ابرو کی جب وہ جھاڑا ہے (ولی۔کلیات ولی)

تیکھت: تیکھا
کمر بند تھا ایک تیکھت سُبھن (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

تیکھت جات: تیکھی۔تیز خاصیت والی
کھری جے ہوئی مرچ تیکھت جات (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

تیل: حل۔نظر نہ لگنے منہ پر سیاہ نشاں لگایا جاتا ہے
لیکن تیل کیجے پیشانی او پر+کسی کی نظر نہ لگے تیوں لکر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

تیل چڑھانا: جنوبی ہند میں شادی کی ایک رسم جسے سات سہاگنیں انجام دیتی ہیں
چڑاؤ تیل اب ساتو سہاگاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

تیلگانہ: تلنگانہ۔ریاست آندھرا پردیش کا ایک حصہ
براڑ و تول تیلگانہ دکھن (نصرتی۔گلشن عشق)

تیلیا ناگن: ناگن کی ایک قسم جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے
کہ جیسے تیلیا ناگن کے دو پھن (شفیق۔تصویر جاناں)

تیں: تو
1۔بہت یاد آتی تھی اے حور تیں (غواصی۔مینا ستونتی) 2۔کہ تیں بھیجا مجھ فرمان (اشرف۔نو مرہار)

تین بھون: تین عالم
اس کے تاپوں تین بھون کی کالک (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

تین تیرا آٹ اٹھارا کرنا۔: برباد کرنا۔تباہ کرنا
یہ مال و متع سب تین تیرا آٹ اٹھارا کردیں گے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تین تیراگی: بربادی۔نقصان
جہاں کی تین تیراگی ہور وکال کا سایا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تینڈو: ایک پھل (اسم۔مذکر)
1۔گرہ دار تینڈو سو گند نرم جام (نصرتی۔کلام نصرتی) 2۔کتے ترک جام و جامن ہور پھنس ہور توت تینڈو کے (نصرتی۔علی نامہ)

تینو: تینوں کی غیر املائی ہوئی شکل
تینو تھے چلیا ایک جھگڑے کے تئیں (رستمی۔خاور نامہ)

تیواں سیاں: قالین
تیواں سیاں فلک رس کے ہیں فرش کے (غواصی۔طوطی نامہ)

تیوراں کھانا: تیورانا
مہاڑی یو بھوت بے طاقتی سوں ڈُلملاتی تیوراں کھاتی چڑھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

تیوڑی: ایک کھیل
شطرنج گنجفہ نرد، نت تیوڑی پچیسی ست گھڑے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

تیونچ: ویسا ہی
سو آیا وہ راتوں کے تیونچ واں (غواصی۔طوطی نامہ)

تیہو: ایک پرندہ (اسم۔مذکر)
جتے ہیں باز تیہو مرغ ہور مور (ابن نشاطی۔پھول بن)

تیہارا: تمہارا
نہ کچ ہونت یو سیوا تیہارا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

تیوسیویں: تیئسویں
جمادالآخر کی تیوسیویں تاریخ (سلطان۔کلیات سلطان)

OOOO

ٹ

ٹاک: لوہے کی انی (اسم۔مذکر)
لگیا ٹاک ٹک ناٹے چلیا نھاس کر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ٹاک: (ٹوک)۔ٹکڑا (اسم۔مذکر)
تیرا اشرف ادراک میں تین ٹاک آیا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹاک: ادا
پانچ وقت کی نماز کوں ٹاک سکتی ہے (میراں جی خدانما۔رسالہ وجودیہ)

ٹاکھ: جلدی۔جرعہ۔گھونٹ
ترت اس تخت کر لگ انپڑیا ٹاکھ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ٹاکے ٹاک: ٹھیک ٹھیک
کہ جاناں نے وعدے کوں ٹاکے ٹاک (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ٹالن ہار: ٹالنے والا
دسواساں کوں ٹالنہار ہور کشافاں کوں دھون ہارا ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)

ٹالیاں: ٹالی (فعل۔مونث) کی جمع
باندیاں ہیں جیسے ہمیں سب ستی ہنسی میں ٹالیاں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ٹامن: ٹونا۔جادو (اسم۔مذکر)
ایسا ٹوٹا من کاں (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

ٹانٹ: جھگڑالو
ایسا پاپی مرد ک ٹانٹ (اشرف۔نوسرہار)

ٹانک: گھونٹ۔جرعہ (اسم۔مذکر)
پانی گیا یوں سب پھانک + بوند نہ پایا کہیں ٹانک (اشرف۔نوسرہار)

ٹانگے: (ٹانگیں)۔پیر۔پاؤں (اسم۔مذکر)
دلے ٹانگے کنک پربت اسے دو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ٹِبّہ: ٹیلا (اسم۔مذکر)
اس کے ادرس چورس میں ایک ٹبہ تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹپنا: تمنا کرنا
کہ دنیا دیکھنے کوں اس کے ٹپتی (دلی۔کلیات دلی)

ٹپھنکار: سہارا
منجے ٹپھنکار ردھوں جرم (جانم۔ارشاد نامہ)

ٹُٹ: ٹوٹ
1۔ پڑیا ٹٹ کرستوں دل کی سکت کا (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔ دیا ابر نے تٹ چندر پڑیا ہے (ابن نشاطی۔پھول بن)

ٹُٹا جواب: سخت جواب۔ٹکا سا جواب
تب ہوئیں گے دل کے نشاں میں دیوں گی ٹٹا جواب (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ٹِٹکنا: ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا
سکی تال دے رج ٹٹکتی کھڑی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹٹورے: ایک پرندہ۔مینا (اسم۔مذکر)
ٹٹورے رنگے پانوؤ مہندی سوں سب (نصرتی۔گلشن عشق)

ٹُٹھ: ٹوٹ
کہ جیوں شاخ تے پات ٹٹھ سکر رہے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

ٹُٹے: ٹوٹ
مبادا جو اس تھے ٹٹے ملک شاہ (رستمی۔خاور نامہ)

ٹُرم ٹرم: مینڈک کی آواز
پانی کے کنارے آکر ٹرم ٹرم پکارتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹک: ذرا
رج اد پرست مہر سوں اپ روشنی کا ٹک نگاہ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹک ٹک کرنا: چمکنا
چندیں ٹک ٹک شور فراز (اشرف۔نوسرہار)

ٹکٹی: ٹکٹکی
کوئی باندھ ٹکٹی سرگ لوچیناں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ٹِکل: عادت۔انداز۔طریقہ

برایوں ہے ٹکل تمنا سینہ میرا رگڑنے کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

ٹکور: آواز دینے والی۔ نوبت۔ نقارہ

کوئی ان میں نئیں سنجیدہ ہیں سب ٹکور گھنگھرو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

ٹکیا: (ٹکا)۔ ٹھیرا

کہ چندروز اس دھات سوں واں ٹکیا (وجہی۔ قطب مشتری)

ٹلا: (ٹیلا) ٹیکا (اسم۔ مذکر)

دو جوگ ٹلا موتی کنتل بکھرے تارے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹلاتی: ٹہلاتی

ٹلاتی ٹلائی کنارے پاس ان سب مچھلیاں کوں لے گئی (امین الدین اعلی۔ کلمۃ الاسرار)

ٹل سے: ٹلے گا (صیغہ مستقبل پنجابی)

لکھیا ہے سو ٹل سے نا (جانم۔ ارشاد نامہ)

ٹلیا: ٹلا

سو جیو کا بھروسا وہاں تے ٹلیا (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

ٹم ٹم: دف (اسم۔ مونث)

شہا کے صدر ٹمٹمایاں بجایا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹمٹمیاں: ٹمٹی (دف۔ طبلک) کی جمع (اسم۔ مونث)

اچائے ٹمٹمیاں ایسا پٹن میں (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

ٹمٹمایاں: ٹمٹی (طبلک) کی جمع (اسم۔ مونث)

منڈل ہو فلک ٹمٹمایاں بجایا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹمکی: طبلک (اسم۔ مونث)

اٹھیا جوں وہاں سوں یک ٹمکی کا آواز (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

ٹمکیاں: ٹمکی (طبلک) کی جمع (اسم۔ مونث)

سینہ ادر کوٹے سر ٹمکیاں کے ناد (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

ٹنٹا: جھگڑا

ٹنٹا ہوئے گا مجھے ڈر ہے دھڑی لب پر کی جھڑنے کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

ٹنکنکھار: سنار (اسم۔ مذکر)

جیوں جوڑ میں کچن کے ہوئے یک مول ٹنکنکھار کا (نصرتی۔ علی نامہ)

ٹنگانا: ٹنگوانا

چھپے تل ٹنگاتی ہوں میں یک جرس (نصرتی۔ گلشن عشق)

ٹوپ: ٹوپی (اسم۔ مذکر)

گگن کا ٹوپ نیزے سوں کیا ہے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

ٹوپ: خود۔ جو سر پر جنگ میں پہنی جاتی ہے۔ ٹوپی (اسم۔ مونث)

بے سپر باج ٹوپ بن توڑا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

ٹوپن: ڈھکن (اسم۔ مذکر)

چھپا سو کلیاں اوڑ ٹوپن لحاف (نصرتی۔ گلشن عشق)

ٹوٹ پڑیاں: ٹوٹ پڑیں (فعل۔ مونث۔ جمع)

دہیں دو پریاں اس اپر ٹوٹ پڑیاں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

ٹوڈر: حلقہ (اسم۔ مذکر)

مرصع کے ٹوڈر ہر اک پاوں میں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

ٹوک: ٹک

1۔ اسی دھات جو ٹوک روتا اچھے (غواصی۔ طوطی نامہ) (2) نہ چھوڑا اُنے ٹوک میرا دنبال (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

ٹوک ٹوک: ریزہ۔ ریزہ

نا دل کرے ٹوک ٹوک جوں گل (محمود بحری۔ من لگن)

ٹوکاٹا: ٹکڑے

ردکھا سوکھا ٹوکاٹا کا (امین الدین اعلی۔ کلمۃ الاسرار)

ٹوکا ہونا: نظر لگنا

لگا یک اسے ٹوکا ہوا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

ٹولا: گروہ (اسم۔ مذکر)

انو میں ایک ٹولا ہے صاحب دلاں (علاول۔ ابلیس نامہ)

ٹولا: بتی۔ چراغ دان (اسم۔ مذکر)

تیل شراب رنگاں بتیاں دھرے ٹولا من (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

ٹولے: گروہ (اسم۔ مذکر۔ جمع)

پرہیزگاروں کے ٹولے کوں اپنی نزدیکی کی بڑائی دیا (میراں یعقوب۔

شائل الاتقیاء)

ٹوم: ایڑ۔مہمیز۔ٹہوکا

سوتوں کے تیئں ٹوم جگائی (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

ٹومنی: ایڑ۔مہمیز (اسم۔مونث)

ٹٹو کو ٹومنی تیزی کو اشارت (وجہی۔سب رس)

ٹوناٹانا: جادو۔ٹونا

از چشم ساحرانہ تیرا ٹوناٹانا کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹوناں: جادو

کوئی سکاویں اسم دعایاں کوئی سکاویں ٹوناں (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

ٹونے ٹامن: جادوٹونا

ٹونے ٹامن کا بہت زور (وجہی۔سب رس)

ٹونے گرپنا: جادوگری

ٹونے گرپنا اس میں بھریا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھار: مقام۔جگہ (اسم۔مذکر)

(1) جو ہے ملک ہندوستاں میں ایک ٹھار (غواصی۔طوطی نامہ) (2) تری زلفاں کے تاروں میں رہیا ہے ٹھار کر یوں دل (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (3) دوزخ میانے اس کا ٹھار (اشرف۔نوسرہار)

ٹھارا: مقام۔ٹھکانا (اسم۔مذکر)

(ا) جو سیمرغ ہے قاف ٹھارا اسے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) (2) رہے بھل مانس مل جیوں ایک ٹھارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) (3) کرسی عرش تج گھر انگن ہور لامکاں ٹھارا ہوا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹھاراں: (ٹھارا۔مقام۔جگہ) کی جمع

1۔نہیں دیکھیا ہوں کانئے سخت ٹھاراں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

ٹھارے: ٹہرے

سو کر جوڑ ٹھارے رہے سرکشاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

ٹھارا کرنا: قیام کرنا۔رہنا

ازل دن تھے نبی کا نور کیتا عرش پر ٹھارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی شاہ)

ٹھارنا: رُکنا۔ٹہرنا

1۔عشق کوں کوئی چھپا کر ٹھار رہیا ہے (وجہی۔سب رس) (2) کہیں ٹھارتا نیں جدائی ستی من (شاہ تراب۔من سمجھاون)

ٹھارتے: ٹہرتے

نیں اوتے جو آئے تو یک پل نہ ٹھارتے (محمود بحری۔کلیات بحری)

ٹھارنا پکڑے: قیام نہ کرے

پاؤں بھئیں کو نا لگے۔ٹھارنا پکڑے (وجہی۔سب رس)

ٹھاریا: ٹھرا

جو اس بار اتگے کوئی نہ ٹھاریا ہے (رستمی۔خاور نامہ)

ٹھارے ٹھار: جگہ جگہ

دیویں صفا دیوار سوں لک نقش ٹھارے ٹھار سو (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ٹھارے رہنا: کھڑا رہنا۔ٹہرے رہنا

ناچنے ٹھارے رہے پرنگ کرنا اچھتی (محمود بحری۔کلیات بحری)

ٹھاریں ٹھار: جگہ جگہ

اجالا سنچریا ٹھاریں ٹھار (اشرف۔نوسرہار)

ٹھاریں ٹھانوں: جگہ جگہ

خوش حالی گھرے گھر ٹھاریں ٹھانوں (وجہی۔تاج الحقائق)

ٹھاک ٹھوک: ٹھیک ٹھیک

اس بات کی کیا پکڑ بندی ہے سو ٹھاک ٹھوک کر بتادے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھان: گھوڑے کا اصطبل

(1) گھوڑا اصبر کا تن کے میرے ٹھان سوں چھٹیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) (2) کیا جا کے مغرب کے حجرے میں ٹھان (غواصی۔طوطی نامہ)

ٹھانا: جگہ۔ٹھکانا۔مقام
مل کے رقیب سات جو ٹھانا کیے موہن (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ٹھانوں: جگہ۔ٹھکانا
1۔تو تیرا کہاں جاگا کس ٹھانوں لاگا (جانم۔کلمۃ الحقائق) 2۔نہ لے نام میرا تو جا اپنے ٹھانوں (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔بندا ہوں اچھوں میں اُن ٹھانوں کا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ٹھانک: جگہ
1۔ہے فتح تب تے تج انگیں ٹھانک لے خدمت گار کا (نصرتی۔علی نامہ) 2۔جو کئی دن اس منے ٹھانک کرے گا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ٹھانو پکڑنا: مقام حاصل کرنا
تپنا ترسنا لکیا سوا دتو نانوں پکڑیا مجنوں تو ٹھانوں پکڑیا فرہاد (وجہی۔سب رس)

ٹھانا کرنا: سکونت اختیار کرنا
او جگہ اچھی دیکھے وہاںچ ٹھانا کیے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھاؤں: مقام۔جگہ۔ٹھکانا
سو نوکھنڈ پر ہتم جسے ایک ٹھاؤں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

ٹھاویں ٹھاؤں: جگہ جگہ
اس کی معرفت ٹھاویں ٹھاؤں (وجہی۔سب رس)

ٹھیرنا: کھڑا رہنا
اس کھیت کے نزدیک ایک دیوار پر ٹھریا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھیس کھا جانا: ٹھیس کھانا
کچھ دل پر رنجش پڑی ہور ٹھیس کھا جائے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھسا: نقش۔سانچہ۔عکس (اسم۔مذکر)
1۔یا نور کا ٹھسا ہے دستا عجب جمالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔اپنا محمد نور ٹھسا (جانم۔ارشاد نامہ)

ٹھسا: (ٹھسی) گلے کا ایک زیور۔(اسم۔مذکر)
بڑا پاڑی ٹھسا اپنا اری نادان چپ رس رس (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ٹھسک: ٹھسک
سٹیا تج گگن کا گون تے ٹھسک (نصرتی۔علی نامہ)

ٹھسی: گلے کا ایک زیور (اسم۔مونث)
ٹھسی کندن کی یوں دستی کہ جوں جھیلی ہے تاریاں کی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹھک: حیران
تب دیکھو ٹھک رہے ابراہیم بیچ حیراں (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

ٹھکان: جگہ۔صحیح مقام
تیز اہے انے ٹھکان پر لیا (محمود بحری۔من لگن)

ٹھکا ہونا: حیران ہونا
(1) ٹھکی ہوئی ہوں یو دل کوں لگا عجب (غواصی۔مینا ستونتی) (2) وہ حیرانگی سوں ٹھکا ہو رہیا (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

ٹھکنا: خرام۔ناز
اس میں لیانے منگتی ہے تو اے چنچل ٹھکتی آ (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ٹھک ہونا: دنگ ہونا
رہیاں ٹھک ہو قمریاں خراساں کیاں (وجہی۔قطب مشتری)

ٹھکرا: ٹھیکرا (اسم۔مذکر)
وگرنہ رنگ کا ٹھکرا ہے تج بن خاک بر سر کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹھکلا: فریب۔دھوکا
سکھیاں سنگت سندری ہست کھیلت چہار پیترم آنوکھی ٹھکلا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

ٹھکنا: حیران ہونا

ٹھکیا: حیران ہوا
ٹھکیا ہو رہیا میں کہ ٹھگنے ٹھگ آیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ٹھگانا: دھوکا دینا
1۔ٹھگانے کوں دیتا ہمنا سوان کی جھوٹ کھاتے ہیں (شاہی۔کلیات شاہی)

2۔ٹھگانے کے باتاں بنابنا کر کرنے لگتے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھگلانا: دھوکا دینا

اسے ٹھگلا کر بکرا چھینا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھگلا: دھوکا دے

نکو منج کو ٹھگلا توں میری دوا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ٹھگنے باتاں: دھوکا دینے والی باتیں

بڑے بڑے ٹھگنے باتاں کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھگیا: دھوکا کھایا

ٹھگیا ہور رہیا دل میں حیران دھر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ٹھمکا: ٹھمکنا

جیوں ٹھمکا چلے بھی لنک راج ہنس (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ٹھمکانا: ایڑ لگانا

گھوڑے کو ٹھمکایا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹھمکی: مٹکتی

لٹکتی چال سوں جیوں سرو ڈلتی ہور ٹھمکتی آ (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ٹھنڈیک: ٹھنڈک۔خنکی (صفت)

1۔جلن ہار سینے کوں ٹھنڈیک ہوئی (وجہی۔سب رس) 2۔خبر دی شہہ کے ملنے کی تو جلنا تک ٹھنڈیک پکڑا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ٹھنڈے بھاگ: خوش نصیب۔سکھی

ٹھنڈی ہو کے رہی ہے ٹھنڈی بھاگ کی (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ٹھنکا: آواز۔گھنگھرو کی آواز (اسم۔مذکر)

نیہ دھن کا ناز ٹھنکا پاؤں جھنکایوں سے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹھنکار: نخرا۔ادا

چلتر کر کے آتی ہے بڑی ٹھنکار چوری سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ٹھنکار: ضرب کی آواز

نہ بن گھاؤ ٹھنکار باجے جو تاس (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ٹھنگنا: تھوڑا تھوڑا کھانا

کہ جیوں مچھلی آ آ کے ٹھنگتی ہے چارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ٹھاو ٹھکان: مقام۔جگہ۔مسکن

لوگاں کہتے ہیں کہ پانی مچھلیاں کا ٹھاو ٹھکان ہے (امین الدین اعلیٰ۔کلمۃ الاسرار)

ٹھور: جگہ۔(ٹھار) (اسم۔مذکر)

1۔سب ٹھور پانی کو بجیاں (امین الدین اعلیٰ۔کلمۃ الاسرار) 2۔تمام بند تن پر کے اس ٹھور سوں (رستمی۔خاور نامہ) 3۔توں بولیا تھا منج کوں کہ جھگڑے کے ٹھور (رستمی۔خاور نامہ) 4۔نہ دھرتی پہ رکھنے کس دستا تھا ٹھور (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ٹھوک: یک مشت۔پورا

خزینے ان اپر دارن لگے ٹھوک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ٹھوک: مار

تو آزادا نپڑائیں دونوں کوں ٹھوک (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ٹھوکا: مار۔رگڑ

چلیک کا ٹھوکا پتھر کوں لگنے میں آگ لگتی ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیاء)

ٹھولا: مار۔دھپا (اسم۔مذکر)

1۔دیا سر پو اس کے سو ٹھولا جتے (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔ہور سرکشی کیتے کے سر ٹھولا سدا اوبار کا (نصرتی۔علی نامہ) 3۔ہاتھوں ٹھولا کھادیں رانت (جانم۔ارشاد نامہ) 4۔مرے سر پر ٹھولا فلک ماریا (غواصی۔طوطی نامہ)

ٹھولی دینا: ٹھوکا۔کہنی مارنا

نہ نندیاں بھی دیتے ہیں ٹھولی منجے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ٹھولیاں: دھپے۔سر پر مارنا

ہوا اس کے سر پر ٹھولیاں کا مار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ٹھونٹی: سر (اسم۔مونث)

چھوڑی ایک ٹھونٹی اتھی تس نگر (صنعتی۔مثنوی گلدستہ)

ٹھیر: قرار۔سکون

1۔کنا کیوں مرے جیوکوں ٹھیرا چھے (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔اوتالی نکو ہوتو دل ٹھیر کر (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔برہ کے اوبالاں تھے نکیں ٹھیر من کوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹھیری کھائے: گھومے۔چکر کاٹے

نگن کے چھچے تھیں پڑی ٹھیری کھائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ٹھیکری: مٹی کا برتن (اسم۔مونث)

آفتاب کالا ہور ہے گاہ مثال ٹھیکری کے جس پر روٹی پکاتے ہیں (عابد شاہ۔کنزالمومنین)

ٹھیکاں: ٹھکانا (اصطبل)(اسم۔مونث)

بھلی سد ٹھیکاں ان کی دیکھت یون (نصرتی۔علی نامہ)

ٹھیکانے: ٹھکانے

ٹھیکانے میں جس کے فلک پر ہے جھال (نصرتی۔علی نامہ)

ٹھیل: ڈھکیل

تو کیوں دیتا اوسکوں ٹھیل (اشرف۔نوسرہار)

ٹھیل: پھینک

نہیں تو صبر کا توں ٹھیل پھانسا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

ٹھیلیا: ڈھکیلا۔آگے بڑھایا

تجہ مکھ پہ نیں ملیا تج بہہ میں اپسیں ٹھیلیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ٹھینکرا: گلی برتن کا ٹکڑا (اسم۔مذکر)

نہیں یک دھات درپن ہور ٹھینکرا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ٹھیلنا: ڈھکیلنا۔آگے بڑھانا۔ٹالنا

1۔سوماں باپ کی بات کو ٹھیل کر (وجہی۔قطب مشتری) 2۔اس کے حکم کوں کون سکے ٹھیل (وجہی۔سب رس)

ٹھیلیا: پھینکا۔ڈھکیلا

جواس اوچت مدن دوں بان ٹھیلیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ٹھیلے: دوڑائے۔آگے بڑھائے

ہر ایکس پو بہرام ٹھیلے ترنگ (طبعی۔بہرام وگل اندام)

ٹیک: ٹیلا۔پہاڑی (اسم۔مذکر)

1۔کیا ٹیک مدن کا اونچ لگتا ہے مجے (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔شکاری عقل دیکھ دل ٹیک آڑ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ٹیک: ٹیکا۔بندیا۔ایک زیور (اسم۔مذکر)

نیلم ٹیک تراتھی حجرالاسود (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹیکا ٹیپنا: ٹیکا لگانا

کیسر تے ٹیکا ٹیپ کردیتی موہن جب بھال پر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ٹیکا دینا: سہارا لینا۔تکیہ کرنا

بادشاہ دوستی پو چ اُنے ٹیکا نیس دی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ٹیکا لینا: ٹکر لینا۔مقابلہ کرنا

چال ہنس کی چل نہ سکے گر ٹیکا لے گا غراب (غواصی۔دیوان غواصی)

ٹیکان: ٹیلہ (اسم۔مذکر)

چڑھا ایک ٹیکان پر جا کبل (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ٹیکیا: ٹکا

تنہا آیا میداں میں ٹیکیا نہ پائے (رستمی۔خاور نامہ)

ٹیکہ: کلنک (اسم۔مذکر)

کہ ٹیکہ لگیا منجہ بری بات کا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ٹیلا: ٹیکا۔پیشانی کا ایک زیور (اسم۔مذکر)

1۔چندرنا ٹیلا پیشانی کوں لاکر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔کوئی جرت ٹیلا پیشانی میں لائے (عبدل۔ابراہیم نامہ) 3۔پیشانی پہ ٹیلا جومہ کے لگائے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔ٹیلا تجن تیرا چندری پشانی کا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ٹینک: ٹیلا۔ پہاڑی۔ (اسم۔مذکر)
نکل پیٹ اسگے ٹینک جیوں آ کھڑا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
ٹینکنا: ٹیکنا
سجدے تے اٹھتے وقت ہات ٹینک کر اٹھنا مکروہ ہے (شاہ علاء الدین چشتی۔ فرائض اسلام)
ٹیلے: ٹیکا۔ پیشانی کا ایک زیور (اسم۔مذکر جمع)
خطرہ اپنا تومکس ہے سیس پھول نتھ ٹیلے پر (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

OOOOO

ث

ثابت چرن : ثابت قدم
چلی سات ساتی کے ثابت چرن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
ثابت ہوآنا : ثابت قدم رہنا
جکوئی ثابت ہوآیا مراد اُنے پایا (وجہی۔ سب رس)
ثابتی : ثبوت۔ شہادت
ہور خدا کی طرف کا توبہ سوا اس پر ثابتی دینا (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)
ثابیت : ثابت
1۔ اسے فقر و فاقہ میں ثابیت سوں (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ) 2۔ رکھیا ہے دنیا کاں سو ثابیت کر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
ثریا : ایک قسم کی آتش بازی
نلے وڑ پڑاتے ثریا کے تئیں (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)
ثمور : (سمور) سامنے
جوں اس ثمورا گن نپٹ (جانم۔ ارشاد نامہ)
ثور : دوسرا برج جس کی شکل نرگاؤ کی ہے
دیا ثور و میزاں کو زہرانے زیور (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

OOOOO

ج

جاب: جواب (اسم۔مذکر)
1۔ نہ جالوں روز محشر کیوں اچھے گا جاب و پرسش منج (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ دیا جاب معقول اس دھات سوں (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ اس کا بارے مجھ دے جاب (شیخ داول۔ کشف الوجود)
جات: ذات (اسم۔مونث)
نہیں اس کی جات جاتیاں کیوں بنائے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)
جاتیاں: جات (ذات) کی جمع (اسم۔مونث)
نہیں اس کی حاجت جاتیاں کیوں بنائے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)
جاجتا: (سنسکرت یاچتا) آرزو۔ خواہش
1۔ برہ منج جاجتا ہے سائیں تم باج (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ ادھر جاجتا ہے قبیلہ تمام (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
جاچ: (سنسکرت یاچنا) خواہش۔ تمنا (اسم۔مذکر)
1۔ کیوں جائے گا منجھ جیو تے یو جاچ جیتے ہی تلک (محمود بحری۔ کلیات بحری) 2۔ جاچ ہور جیو کوں کیا ہمدم درد ہور دل کوں ہم کلام کیا (محمود بحری۔ کلیات بحری)
جاچ: جانچ۔ پرکھ (اسم۔مونث)
1۔ پس اوبندی خانہ جاچ ہور عتاب کا تھا نہ کہ عذاب کا (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا) 2۔ کوآدو تن سامنے مونہ جاچ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
جاچن: جانچ پرتال۔ آزمائش (اسم۔مونث)
عشق میں جاچن ورسوائی بھلی (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)
جاچنا: (مراٹھی) ظلم وستم
ترا جاچنا آج لگ میں سہی (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)
جارھوباڑے: اکھاڑا (اسم۔مذکر)
تماشا جارھو باڑے کا دیکھی بازار چوری سوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
جاسوں: جاسکوں گا (صیغہ مستقبل۔ پنجابی)
تجھے چھوڑ کر کیں بھی جاسوں نہ میں (رستمی۔ خاور نامہ)

جاسوں: جسم

جوتھا جاسوں تیرا رنگ سورنگ ۔ رھیا جاسوں وہ جل ہوئے کورنگ (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

جاگ: جگہ (اسم ۔ مونث)

اس جاگ نکو اچھ کھڑا جو کدھیں نھنا ہور کدھیں بڑا (وجہی ۔ سب رس)

جاگا: جگہ (اسم ۔ مونث)

1 ۔ نہیں اس باج نس دن کوئی جاگا (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 2 ۔ تیرا تعلق در ہنا یک جاگا سوں تعلق دھرتا ہے (جانم ۔ کلمۃ الحقائق)

جاگا: جائے گا

کپٹ کا سب سیا ہی دل تھے جاگا (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

جاگاچ: جگہ ہی (چہ تاکیدی ۔ مراٹھی)

جاں خدا ہیں سو جاگاچ ہیں (وجہی ۔ تاج الحقائق)

جاگت: جاگتا ہوا

کہ جاگت روپ پیا کا دیکھتی ہوں (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

جاگرت: (سنسکرت جاگرتی) بیداری (اسم ۔ مونث)

1 ۔ جاگرت ہور سپن یو دونوں چھوڑ (محمود بحری ۔ کلیات بحری)
2 ۔ جاگرت ندرا کے درمیان (جانم ۔ ارشاد نامہ)

جاگندری: جاگنے والا

اٹھے منج جالنے جاگندری ہو (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

جاگے: جگہ (اسم ۔ مونث)

چھپا چھورے کوں ایک جاگے پو رکھ کر (غواصی ۔ طوطی نامہ)

جاگیا: جاگا

رات کوں جاگیا ملتا ہے (وجہی ۔ تاج الحقائق)

جاگے گیاں: جاگیں گی

جاگے گیاں سب ادیکھیاں پیبجن مرے بجے پر (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

جاگیرت: بیداری ۔ شعور (اسم ۔ مونث)

نہ نیستی نا جاگیرت نہ تو سپن تھا (شاہ تراب ۔ من سمجھاون)

جال: جلا

1 ۔ نہ دک سوں جال منج بے دوس پاکوں (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)
2 ۔ قیامت کوں پھر واں نکو جال توں (غواصی ۔ طوطی نامہ)

جالا: جلا

1 ۔ پیو کا جالا ہور ااوس (اشرف ۔ نوسرہار) 2 ۔ گوراتو کاں کا رنگ پھیکا چونے نمن گی جال کر (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

جالا سٹنا: دام بچھانا

سٹے وا کے عالم پہ جالا تمام (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

جالتا: جلاتا

سراسر شر یرآپنا جالتا (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

جالنا: جلانا

کہ یک دم سو جالیا ہے سالم کفار (وجہی ۔ قطب مشتری)

جالنے: جلانے

جہاں کو جالنے سکتی نہ عاشقاں کی آہ (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

جالو: بلاؤ

بُرے سُننے کے نمن دوتی کو جالو (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جالوں: جلاوں

بھی شمشیر کی آگ سوں جالوں گا (رستمی ۔ خاور نامہ)

جالی: جلدی

1 ۔ سورکوں سر تھے پالگ جالی (غواصی ۔ کلیات غواصی) 2 ۔ برہ کی آگ میں جالی ہے مجھ کو (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

جالے: جلائے

1 ۔ میرے من کو کرراک جالے تمام (غواصی ۔ طوطی نامہ) 2 ۔ نہ انبر کوں پتالوں سات جالے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

جالیا: جلا

سنا ہے عشق کا اس گل پو جالیا (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

جالیا: جلایا

سراپیو قران لے جالیا (فیروز بیدری ۔ پرت نامہ)

جام: امرود

1۔ جتریاں اتھیاں جاموناں جام پھل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ کتے رک جام و جامن ہور پھنس ہور توت تینددکے (نصرتی۔ علی نامہ)

جام دار: جام بردار

ہوئے تاج بردار ہور جام دار (بلاقی۔ معراج نامہ)

جامدار: جامہ دار۔ کپڑوں کی دیکھ بھال کرنے والا (اسم۔ مذکر)

کہ جامدار جا کر سو لے آئیا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

جامہ وار: کپڑے کی ایک قسم (اسم۔ مذکر)

زری ہور سالو پنچ تولہ سو جامہ دار چھوڑی ہوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

جامون: جامن

1۔ دسیں جامون کے پھل بن میں نیلم کے نمن سالم (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ دریاں موز جامون شہتوت انس (نصرتی۔ گلشن عشق) 3۔ اتھے جھاڑ جاموں ہور انبہ کے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

جاموناں: جامون (جامن) کی جمع (اسم۔ مذکر)

لیے ہاتھ سو جاموناں دھن کا ساز (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

جان: جاننے والا۔ جانکاری۔ عالم

1۔ کہ توں جان ہے منج جنابات یہ (فیروز بیدری۔ پرت نامہ) 2۔ ارتھ بھید سنگت میں سب جان ہے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

جان: جانا

جان نہ دیتے روضے پاس (اشرف۔ نوسرہار)

جان: جوان

پھر اس جان کے مندھر آئی شتاب (غواصی۔ طوطی نامہ)

جانب: امرود (اسم۔ مذکر)

کہ پستے واخروٹ ہور جانب کے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

جان پنا: علم۔ معرفت

1۔ یو جان پنا دل کے عالم میں سپڑیا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا) 2۔ جان پنا دیتا اس (شیخ داول۔ کشف الوجود) 3۔ جگت نہ ہوے یو جان پنے کا دریا کھایا جوش (محمود بحری۔ کلیات بحری) 4۔ یو ایسا جان پنا ہے جو جان پنے تھے بالاتر ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

جانتا: جاننے والا۔ عارف

یہاں جانتا پھول مارتا تو پکارتے ان جانتا پتھرے مارے تو دم نیں مارتے (وجہی۔ سب رس)

جاں تاں: جہاں تہاں کی غیر ہاکاری شکل

1۔ جاں تاں گانا بجانا جاں تاں حسن شراب (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ خوشیاں سوں آج جاں تاں سب جہاں معمور دستا ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جاں تے: جب کہ

اپیں مدعی جاں تے قاضی ہودے (غواصی۔ طوطی نامہ)

جانتیاں: جانتی (فعل۔ مونث) کی جمع

1۔ نہیں جانتیاں تیو نچ کرتیاں گلا (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔ ارتھ بھید سنگت میں سب جانتیاں (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

جاں جاں: جہاں جہاں

جاں جاں منج اس کا خیال لجاتا ہے تاں تاں جاؤں میں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جان دگدگی میں کھیلنا: عالم نزع۔ قریب المرگ ہونا

گھایل ہو کر جاں دگدگی میں کھیلتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

جاناں: جانا کی انفیائی ہوئی شکل

1۔ ناں منجہ آنا جاناں ہے (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔ تو اس ٹھار تھے جاناں بہترا ہے (رستمی۔ خاور نامہ)

جانک دینا: اطلاع دینا۔ خبردار کرنا

مجھے جانک دے یوں بولے ہماری بھان ہور بھاوج (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

جانگے: جائیں گے

1۔ کہاں جانگے میرے انگے تھے سوار (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ سنے کے تار جب جانگے نکل کرتب نہ رہے کچ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ کہاں تھے تمیں آئے جانگے کہاں (رستمی۔ خاور نامہ) 4۔ تو یہ سب سپہ جانگے پھر کرز جنگ (رستمی۔ خاور نامہ)

جانہارا: جاننے والا۔ عارف

اس کا جانہارا سو توں (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

جانوں: جاوں
1۔ اگر جھگڑے میں ماریا میں جانوگا (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ جلادے جیو کو اس کا نانو + بل بل میں نت اس پر جانو (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جانوا: (جینو) زنار (اسم۔ مذکر)
1۔ گلے میں اپنے بھایا جانوا میں (طبعی۔ بہرام وگل اندام) 2۔ گلے میں جانواسٹ برہمن کوا (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ جانوا ڈالے گلے سے شیخ توڑ (وجدی۔ پنچھی باچھا)

جانوں: سمجھو۔ جانو
جانوں لائے اک انگار (اشرف۔ نوسرہار)

جانہہ: جائیں
کیوں کریں اب کیدھر جانہہ (اشرف۔ نوسرہار)

جانھے: جانتا ہے
کہ توں جانھے، منج جنابات یہ (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

جانی: جوانی (اسم۔ مونث)
1۔ اتا رحم کر شہہ کی جانی اوپر (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)
2۔ جواناں کوں نا خاطر لائے مغروری سوں جانی میں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جانی جوبن گالنا: جوانی کو برباد کرلینا
ایکس خاطر اپنا تن من گالیتاں + جانی جوبن گالیتاں (وجہی۔ سب رس)

جانیا: جانا۔ سمجھا
1۔ جانیا تحقیق اب مرنا (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ بخش چوک میری جو جانیا نہیں (رستمی۔ خاور نامہ)

جانیچ: جان ہی (چہ تاکیدی) (مراٹھی)
تو جانیچ منگنی ہے اس کے حضور (غواصی۔ طوطی نامہ)

جاوتا: جاتا
دھن کا مکھ جھلکا وتا نس میں سورج چھپ جاوتا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جاوتارو: جانے والے
کتے میزباں جاوتارو ہوئے (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

جاون: جانا
نگر میں آئی جب اپ گھر کوں جاون (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

جاونے: جانے
نہیں ہے حاجت اسے جاونے کوتا بہ حجاز (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جاہ: جا
بھول بسر کی بات نہ جاہ (جانم۔ ارشاد نامہ)

جائیز: جائز
دیکھنا جائیز کیوں ہوئے حال (جانم۔ ارشاد نامہ)

جائینگیاں: جائیں گی
تجے دور سوں دیکھ پھر جائینگیاں (فائز۔ رضواں شاہ وروح افزا)

جائی: بیٹی (اسم۔ مونث)
1۔ کہ دراصل راکس کی جائی ہوں میں (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ جنی مائی جیتی ہے اس جائی کی (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

جائی: چنبیلی کی ایک قسم (اسم۔ مونث)
سوجائی وجوئی وسوسن سوباس (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

جایا: بیٹا (اسم۔ مذکر)
1۔ میرا جایا نازک تن (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ ہزاراں لعن ہے ان پر جن ایسا پوت جایا ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ نہ کس سوں جنا او نہ کس کا ہے جایا (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 4۔ تو کس کا ہے جایا ترا ٹھاؤں کون (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

جایاں: گئیں
آیا ہور جایاں وہ بیس داز میں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

جبوا: جیبھ۔ زبان (اسم۔ مونث)
1۔ جبوا میانے بولے بول (محمود خوش دہاں۔ رسالہ علم الحیوۃ)
2۔ تب لکھ جبوا نہیں ٹلے (جانم۔ ارشاد نامہ) 3۔ ہر اک معنا جبوا کھول (محمود خوش دہاں۔ رسالہ علم الحیوۃ) 4۔ جبوا بن وہ بولن ہار (شیخ داول۔ کشف الوجود)

جبھوا: جیبھ۔ زبان (اسم۔ مونث)
جیبا جبھوا چاکے رس (شیخ داول۔ کشف الوجود)

جبہیں: جب ہی

جبہیں قاسم پڑیا جنگ (اشرف۔نوسرہار)

جَپ مال: تسبیح۔جپنے کی مالا (اسم۔مونث)

لے جپ مال خوش کر کاہات میں (غواصی۔طوطی نامہ)

جَپ مالا: ورد۔تسبیح

سب جگ کوں تجھ سوں کام ہے تج نام جپ مالا ہوا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جَپا کسم: گل جاسوں (اسم۔مذکر)

بزنی جپا کسم ارے دکھ پا کھیں پتر نگر (ابراہیم عال شاہ۔کتاب نورس)

جَپایا: (جپنا۔ورد کرنا) ورد کروایا

فہم جپایا تھا رین تھار (شیخ داول۔کشف الوجود)

جَپنا: ورد کرنا۔مراقبہ

مراقبہ سو یو ہے یعنی جپنا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

جَپے: ورد کرے

جپے روں روں میرا تج تائیں نس دن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جِت: جس

جت دن ہوں گے یہ مقتول (اشرف۔نوسرہار)

جِتّا: جتنا

1۔ کہی ہوں میں سکل قصہ جتا ہے (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔ جتا مال ملک منج کوں او انعام دوئے گا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ ازل تے ابد لگ جتا کاروبار (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

جَترَب: حرص وہوس۔خواہش۔متاع

1۔ اپس کوں نہیں کر کو جترب نکو کر (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔ کہ گھر ادر جترب سوں الفت نہیں (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔ رہنا جم لگ دل کو بند گھربار ہور جترب سمیت (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 4۔ خدا کی راہ میں جترب لٹا (میراں جی خدانما۔شرح مرغوب القلوب)

جَتنا ئیگی: دیکھ بھال۔جتن کرنا

کوئی چھوکرا کھڑیا لوکا کھیت کی جتنا ئیگی کے واسطے رہنا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جَتن رکھنا: حفاظت سے رکھنا

1۔ یو مصحف کی آیت ہے سن سمجھ ہور دل میں رکھ جتن (وجہی۔سب رس)

2۔ رکھیا سو رتن ڈھانپ جیوں سو رتن (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

جِتے: جیتے۔زندہ

1۔ سرک کھولیا جتے تھے دام میں او (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔ جتے کوں مار مردے کوں جلاتی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

جِتے: جتنے

ارض کے جتے ہیں ہور اسمان کے (رستمی۔خاور نامہ)

جِتے ہاڑ: زندہ جسم

جلایا جتے ہاڑ کوں جھاڑ جھاڑ (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

جِتیاں: جتی کی جمع

1۔ اتھیاں جتیاں خوبانِ زہرہ جبیں (رستمی۔خاور نامہ) 2۔ جتیاں عورتاں دوستاں کی تھیاں (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔ کہ دایاں دویاں سنگاتیاں جتیاں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جَٹ: جٹا (اسم۔مونث)

اُتر کھیں میں یو رھی ہے ہر جٹ کے تئیں (نصرتی۔گلشن عشق)

جٹاں: جٹا کی جمع (اسم۔مونث)

جٹاں سر کے تھے جھاڑ کی جڑ نمن (فائز۔رضواں شاہ و روح افزا)

جُجمان: صدر۔خدا (اسم۔مذکر)

من جان پنے کو جاں ججمان (محمود بحری۔من لگن)

جداں لگ: جب تک

خدا یا رکھ جداں لگ ہیں ستارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جِد دھرنا: (عربی۔جد۔کوشش) کوشش کرنا

بجد ہو کے جد دو جو دھرنے لگیا (وجہی۔قطب مشتری)

جدر: جدھر

آیا تھا جدر تھے اُدر کوں گیا (رستمی۔خاور نامہ)

جدگ: جب تک
جدگ رہے یو دیناسنے دیس آب (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جدھاں: جب
1۔جدھاں کچہ نہ تھا نہیں تھا (جانم۔کلمۃ الحقائق) 2۔جدھاں لگ تیرے گھر سنے میں اتھا (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔کہی یوں کہ نھو ادتھا یو جدھاں (غواصی۔طوطی نامہ)

جدّی: ایک بُرج کا نام
اہیں دلو جدی دو کیوان کے گھر (شاہ تراب۔من سمجھاون)

جُدی: جدا۔الگ
ادھر بجلی جدی شدت سے کوندے (شفیق۔تصویر جاناں)

جَرانا: جلانا
قولاں لگے جوں اگن جرانے (محمود بحری۔من لگن)

جَرم: ہمیشہ۔سدا
1۔مجھ پلکھ کار ردھوں جرم (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔اچھو مجھ اوپر چھاوں تیرا جرم (فیروز بیدری۔پرت نامہ) 3۔کیوں ہوں کہوں جرم روئے (اشرف۔نوسرہار) 4۔ہوئے نام زبان پر محمد جرم (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جَرم بیری: (جرم: ہمیشہ+بیری: دشمن) ہمیشہ کا دشمن
فلک جو جنم بیری کان میرا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جَرنا: جلنا
بحری پہ سوز عشق کی جس جیو میں جرے (محمود بحری۔کلیات بحری)

جَروتا: ہضم کر لینا۔ختم کر لینا۔پچنا
بہت کھانا کسے جروتا ہے (وجہی۔سب رس)

جَروتا: بہتا۔رستا۔چلتا
جروتا ہے پانی زمیں سب تڑک (نصرتی۔علی نامہ)

جَروسے: ہضم کر سکےگا (پنجابی۔صیغہ مستقبل)
جروسے نہ امرت کی یہ کھیر توں (غواصی۔طوطی نامہ)

جَرویا: جذب کیا
انجھو جو تو چک میں جرویا کرے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جَری: جلی
بحری یو سوز عشق کی جس جیو میں جری (محمود بحری۔کلیات بحری)

جَریداچ: تنہا ہی۔اکیلا ہی (مراٹھی چہ تاکیدی)
ضروری صد ہتیں سامان لے۔جریدا چ چلنے کی دیکھیا دسے (نصرتی۔گلشن عشق)

جَڑ پیڑ سوں اکھڑنا: بنیاد سے جدا ہونا
ہر لحظہ دل کوں سنبھالے جو خطرہ جڑ پیڑ سوں اکھڑ جاوے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

جَڑت: جڑاؤ۔سونے اور جواہرات سے بنے ہوئے
جڑت کے رچے لا کے چھپر پلنگ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جَڑتی: جواہرات سے جڑا ہوا
ہر اک کھانب ہر جنس جڑتی نگار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

جَس: (سنسکرت یش) وقار۔عظمت۔بڑائی
1۔دیا ہے جس خدا ایسا کہ تھا جیسا سکندر کوں (نصرتی۔علی نامہ) 2۔صدقے مولود کے نین میں جس دیا ہے منج خدا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ترے کام کوں شاہ جس لئی اہے (وجہی۔قطب مشتری)

جَس (سنسکرت یش): فتح۔شان و شوکت۔نیک نامی
1۔اگر خاندیسی اوپر جس ہوا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔میری تیغ کوں شاہ مرداں تے جس (نصرتی۔علی نامہ) 3۔دل لوٹنے کے کار میں تج کوں بہوت ہے جس (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جس کا مال گیا وہی چور: نقصان اٹھانا اور بدنامی مول لینا
کہ یہ بات مشہور ہر ٹھور ہے۔گیا مال جس کا وہی چور ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جُسا: جثہ۔جسم۔(اسم۔مذکر)
بڈھی ناتھی بڈھی ہوئی ہوں جسا دکھ سوں دیکھت خمیا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جس جگہ آدمی کا چلنا مشکل ہے وہاں منگل (ہاتھی) چلانا:
مشکل کام کو آسان بنانا
بکٹ چلنے کوں جس مشکل دس آیا+سواس جاگے تے منگل چلایا (ابن نشاطی۔پھول بن)

جُعد: (عربی) بال (اسم۔مذکر)
کہ تھے جُعد مانند جوں نزدباں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جفایاں: جفا کی جمع
جفایان دیکھیا عشق کے گرہ کیاں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جُفت طاق: ایک کھیل۔ہاتھ میں کوئی چیز چھپا کر اسکے جفت یا طاق ہونے کے بارے میں دریافت کرنا۔
لے کر سہیلیاں کھیلتی جو دیکھنا تو جفت طاق (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جَفراں: زعفران۔زرد رنگ
اچھیں مرغ سرخ و سفید جفراں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جُکچ: جو کچھ
1۔جکچ ہے سو ہی اس باج کچھ ناہ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔جکچ ہے شہادت میں ہور غیب میں (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 3۔جکچ تملا نا و تپنا اتھا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔جکچ مول بولے سو بیگی کیا (رستمی۔خاور نامہ)

جکڑیا: گرفتار ہوا
ہتی جیوں درد کا جکڑیا ہے زنجیر (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

جکوئی: جو کوئی
1۔جکوئی ہیرا اپنے موں منکر جو ہوئے (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔جیتی جکوئی قدرت دھرتا ہے صنعت اس کو اپنے برتے کرتا ہے (وجہی۔سب رس) 3۔جکوئی شیر کے سات پنجہ کیا (رستمی۔خاور نامہ)

جُککئی: جو کوئی
جکئی رب کو مانے نمانے رسول (غواصی۔مینا ستونتی)

جَگ: دنیا
ہمن ہم کوں ہم دیکھنے جگ میں آئے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

جگ اوجال: دنیا کو روشن کرنے والا
کروں کیوں نہ میں شکر اے جگ اجال (غواصی۔طوطی نامہ)

جگ پاڑدی: (اپنے حسن سے) دنیا کو شکار کرنے والی
سوتوں جگ پاڑدی ہو کیوں اڑی ہے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جگ پالن ہارے: دنیا کو پالنے والے۔خدا
کہ اے جگ میت جگ پالن ہارے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جگ پتی: دنیا کا مالک۔خدا۔بادشاہ
1۔اے جگ پتی گن گیان کے جگ جو تلگ ہے تو لگ (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔سنیا ہوں جو اک ملک کا جگ پتی (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔عجب تو جگ پتی پر دیت دائی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

جگ پیر: دنیا کے مرشد اور پیر
تمہیں قطب الاقطاب جگ پیر ہیں (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

جگ تاب: دنیا کو روشن کرنے والا
دپے من ان کا جیوں گگن دپے سورج جگتاب سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جگ دیپاون: دنیا کو روشن کرنے والا
دیکھی وہ جگ دیپاون مکھ کا دیوا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جگ کا ہنسا: جگ ہنسائی
میری مرگ جگ کا ہنسا بندے خدا ملکے ملک (حسن شوقی۔غزلیات)

جَگا: جگہ (اسم۔مونث)
مجھے کہیں دیو جگا گوشے کنارے (سید محمد والہ۔طالب و موہنی)

جَگا جوت: روشن۔چمکدار
1۔جگا جوت سورج اتم ذات کا (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔جگا جوت نادیکھتس ابرہن (نصرتی۔کلام نصرتی) 3۔جگا جوت اس کا چ ہے سب رخن میں (شاہ تراب۔من سمجھاون) 4۔مگر وہ جگا جوت مشعل اتھا (نصرتی۔گلشن عشق)

جَگت: دنیا (اسم۔مونث)
1۔جو جگ نے سو تو دیا توں ہی جگت کا ہے دیا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جگت میں رہتا نہیں کوئی برقرار (طبعی۔بہرام و گل اندام) 3۔ازل تھے عید کیاں خوشیاں جگت میں تھیاں ولیکن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جُگت: (سنسکرت۔یکتی) چالاکی۔تدبر۔عقلمندی
1۔پیو پیار کے جگت کر جب رس پرس کیا ج (شاہی۔کلیات شاہی)

2۔جگت میں دھن بھگت یوں کوئی نہ لوٹے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جگت پروری: دنیا کی پرورش

جگت پروری میں مہربان ہے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جگت تین: تین عالم

توں صاحب سچا ہے جگت تین کا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جگتر: تینوں عالم۔ترلوک۔ترجگ

1۔جگتر بھلانے کے بھر کے اتھے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔حضرت محمد جگتر گروسائیں (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

3۔پراپت نیم رکھ جگتر کا (جانم۔ارشاد نامہ)

جگت گرو: استاد عالم (ابراہیم عادل شاہ ثانی)

ہوا جگت گرو شاہ نورس نگار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

جگجگایا: چمکایا

1۔خوشیں عشرتاں سوں کہ جگ جگجگایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔تو سب جگ اس جھلک تے جگجگایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جگتی: (جگ) دنیا (اسم۔مونث)

جگتی کیرا توں کرتار (جانم۔ارشاد نامہ)

جگجگے: چمک

جس کے جگ دیپ کھ جب جگجگے سات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جگڑو: سخت۔کڑا۔ظالم

برستی تھی یوں دھوپ جگڑو کڑک (نصرتی۔گلشن عشق)

جگ جینت: فاتح عالم۔دنیا کو جیتنے والا

دیا سات اس گج جگ جینت کوں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

جگل: دوسرا

یک ہست اینڈ نرا تر سول جگل کرا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

جگمگاری: روشنی۔چمک

جھلکتا اتھا جگ مگاریاں ستے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جگمگان: جگمگا۔چمک۔روشنی

دلیس اجالا ہو سب جگ میں لگیا جگمگاں (غواصی۔کلیات غواصی)

جگ میت: دنیا کا دوست۔دنیا کا محبوب

نجھا دیکھے جو ہے جگ میت بہرام (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

جگنا: جگنو

دیسے پھل جھلک بالاں پر سوں جگنارات اندھاری کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جگندا: جاگنے والا

اجنت جھلکار ٹیلا ہے جگندا رات ساری کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جگندے: جاگے ہوئے

کہ سب نس جگندے نین آج ہے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جگنی: گلے کا ایک زیور جسے موتی کی لڑوں اور درمیان میں جڑاوی پدک سے بنایا جاتا ہے۔(اسم۔مونث)

جگنی جڑی منور اوڑھے تھی جینا آلی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جگنے: جگنو (اسم۔مذکر)

1۔ستاریاں کی پکڑے ہیں جگنے جھلک (نصرتی۔علی نامہ) 2۔اڑیں ٹولی جگنے سو جیوں کنول گھر (عبدل۔ابراہیم نامہ) 3۔یا پھول ہیں بستان میں یارات میں ہیں جگنے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

4۔مگر غیب تے جگنے دو نور کے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جگو: جگہ (اسم۔مونث)

روزہ کتنے جگو توٹا ہے (عابد شاہ۔کنز المومنین)

جگھڑا: جھگڑا (تقلیب حروف) (اسم۔مذکر)

دل کوں حسن کے جگھڑے میں لگیا تیر (وجہی۔سب رس)

جگہ سر: جگہ پر۔موقع پر

جگہ سر خرچنے سوں خوش ہے خدا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جل: پانی (اسم۔مذکر)

1۔نہ آکاس نا تیج نا پرتھوی جل (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔ولے

جل سوں مچھلی کوں راکھے سنبھال (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔کھڑا جوں خضر آامریت جل پر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 4۔ہر جلے دل پہ چھلے یوں کہ جیوں جل پہ حباب (محمود بحری۔کلیات بحری)

جُلاب: دست۔اجابت (اسم۔مذکر)

جوجلاب چک دوسٹیا تھر تے (وجہی۔قطب مشتری)

جَلاپے خور: جلنے والا۔حاسد

ایک شخص بڑا جلاپے خور تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جَلاٹ: جلن۔حسد

1۔دیکھ ناسک تجے سورج کو جلاٹ (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔ اُنو کے اشتیاق کا جلاٹ کم نہ ہووے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

3۔جوہوے تحنڈا مج سینے کا جلاٹ (غواصی۔طوطی نامہ)

جَل انکور: سیپی (اسم۔مونث)

رتن سر جیا تین جل انکور تھیں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ).

جَلان ہارے: جلانے والے

جلان ہارے یک عود یک عود سوز (رستمی۔خاور نامہ)

جَل بسندی: (جل: پانی + بسندی: بسنے والی): پانی میں رہنے والی مخلوق

کھڑیا جل بسندیاں کے سر پہ عذاب (نصرتی۔گلشن عشق)

جلتے پر تیل سٹنا: جلتے کو اور جلانا

کہ جلتے اپر تیل سٹتی ہے توں (وجہی۔قطب مشتری)

جَل پور: وہ مقام جہاں پانی کی کثرت ہو

دیکھ جل پور کا تماشا ہے (ولی۔کلیات ولی)

جَلتیاں: جلتی (فعل۔مونث) کی جمع

بہت شمع جلتیاں تھیاں گیتی فروز (رستمی۔خاور نامہ)

جلدَ: جلدی

جلدَ اس جھاڑ کے نزدیک آیا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

جلدَ پن: جلدی۔تیزی

جلد پن تیرے ترنگ ہور کھڑک جھلکا رتج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جَل دھار: پانی کی دھار

جدھاں تھے تن کے چشمے میں جیا جل دھار ہو آیا (غواصی۔کلیات غواصی)

جَلک: جب تک

1 جلک جیو ہے مدح تیرا کروں گا (رستمی۔خاور نامہ) 2۔نہ آیا تھا اس توں جگ میں جلک (نصرتی۔علی نامہ)

جَلکھتا: جھلکتا (تقلیب حروف)

جلکھتا نام تج جوں کھن او پر سور (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

جَلگ: جب تک

جلگ عشق کا حقہ دل پذیر (نصرتی۔گلشن عشق)

جَل منڈلی: سمندری

رچیا کھیل جل منڈلی بے شمار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

جَلناچ: جلنا ہی (مراٹھی چہ تاکیدی)

سو جلناچ کانی ہے یاں مج کو یوں (غواصی۔طوطی نامہ)

جُلنھار: جھولا جھلانے والا

ملائک اسے جم جُلنھار ہیں (وجہی۔قطب مشتری)

جلنہار: جلنے والا۔حاسد

1۔جلنہار سینے کو ٹھنڈ یک ہوئے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

2۔جلنہار یک رشک سوں نت رقیب کرنہار عشاق کوں جم غریب (نصرتی۔گلشن عشق)

جلنے ہار: جلنے والا

جو ہے سر سے پاؤں تلک جلنے ہار (غواصی۔طوطی نامہ)

جَلا نہاری: جلانے والی

جو آگ جلا نہاری بی اچھے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

جَلیا: جلا

1۔جلیا جھل ستی دیکھنے نیں سکیا (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 2۔جلیا جیو میرا سوسک پر اُچھال (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جَلیاں: جلے ہوئے

1۔جلیاں کو بھی جلتے سو بازی اچھے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 2۔

سوادسوا ئی جلیاں کا جانے ہمیں کچا کر (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

جلے بھاگ: بدنصیب

تو کاں بھاگتا اس جلے بھاگ سوں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جلوا دینا: روشناس کروانا

دیو میرا بات پکڑ جلوا سگل شاہاں ستی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جلوگاہ: جلوہ گاہ

حسن عشق کی جلوگاہ (وجہی۔تاج الحقائق)

جم: ہمیشہ

کہ جم فتح وظفر تج کوں وہی نام دوے گا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جم (یم دیوتا): موت کا دیوتا۔(اسم۔مذکر)

غضب کا پنجہ مار جم لے چلیا (وجہی۔قطب مشتری)

جمارے: (جم) ہمیشہ

1۔جمارے لگیں سب فرشتے کہ جے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
2۔غلاں بشر جمارے قربان تجھ پہ سارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جمارے: اجرام فلکی

1۔جو سارے جمارے میں سور دیستا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔دسیں سیوک اس کے جمارے تمام (غواصی۔طوطی نامہ)

جما: جمع

اگرتوں مال جما کرے گا (وجہی۔تاج الحقائق)

جمالا: جمال

ہر گھڑی صلوٰت بھیجے دیکھ کر تیرا جمالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جمات: جماعت (اسم۔مونث)

جوڑی اس عطارد کی چو پھر جمات (وجہی۔قطب مشتری)

جماتاں: جمات (جماعت) کی جمع (اسم۔مونث۔)

نچی نئیں کس دور میں اسی جماتاں خوب خوب (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جمائی دینا: جماہی لینا

یکا یک اٹھی نارسوں دے جمائی (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

جمداراں: جمدار (خنجر) کی جمع (اسم۔مذکر)

تج غم تے بڈ نک ہات کے جیوں تیز جمداراں ہوئے (غواصی۔کلیات غواصی)

جمدھار: خنجر۔چھری (اسم۔مذکر)

کیا سینہ جمدھار سوں سب جھجھر (نصرتی۔علی نامہ)

جمل: جملہ۔کل

ہٹن جمل معشوق اس کی گلی (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

جمناں: جمنا کی انفیائی ہوئی شکل (دریائے جمنا)

کہ باس آنند کی جمناں تھے آئی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جموئے: جمائے۔منجمد کیا

جموئے ہیں پن بھا کے آب حیات (نصرتی۔علی نامہ)

جمودیں: دودھ کو دہی میں تبدیل کرنا

جمودیں تو دھیں ہوئے اس دھات کا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جمیا: جما

1۔ہر دے صدف موتی جمیا اب دارایز دنام پر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔کہ حلقے میں اس کے جمیا ہے جمال (غواصی۔کلیات غواصی)

جن: آدمی۔مخلوق (اسم۔مذکر)

1۔رودن لاگے سگلے جن (اشرف۔نوسرہار) 2۔جیو کیا جن کو سیو یو جگ دھنڈے کیا جاپیے (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔جو جن جس کا چرائے مال اس ہوئے داس (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جِن: جس

جن نے جہاں ڈھونڈیا پایا کہ وہاں محیط آپیں ہے (محمود خوش دہاں۔مقصود محمود)

جنا: آدمی۔شخص (اسم۔مذکر)

ایک جنا ئیں رہیا کھڑا (وجہی۔سب رس)

جنا باپ: حقیقی والد

1۔اسے پا جنا باپ خوش ہو او یک (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔کہ تو جان ہے مجھ جنا باپ ہے (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

جناں: جن کی جمع (اسم۔مذکر)

1۔کہ بیٹی ہوں جناں کے میں راج کی (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔حقیقت قصر کا جناں کنے سوں (ابن نشاطی۔پھول بن) 3۔کہ جناں بی دیتے اپس کوں نشاں (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

جِناں: جو

جناں ناک اونچی کرے پاؤ بل (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

جنانا: پیدا کرنا۔جنم دینا

یوں عشق جنایا ہے جوانی منے بڈپن (محمود بحری۔کلیات بحری)

جناور: جانور۔پرندہ۔(اسم۔مذکر)

1۔جناورانوں میں خوش آواز ہیں (رستمی۔خاور نامہ) 2۔جناور ہیں ہمیں تیرے ہمارا توں اہے صیاد (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔جناور کی چھوٹیا منقار میں ہوں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
4۔جناور وہاں تھے سو کئی اک ہزار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جُنبانا: جنبش دینا

حسین علی کوں توں جنباں (اشرف۔نوسر ہار)

جلبھائی: جماہی (اسم۔مونث)

دیویں جلبھایاں ناز سوں ہو آج تھارے تھارست (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جُنبیاں: جوانوں۔(اسم۔مذکر۔جمع)

جنبیاں ہور بڈھیاں میں یو چلیے ستی (شفیق۔تصویر جاناں)

جنتات: جتنا

نبی صدقے باوے چتر قطب سیس + کہ رایاں منیں قطب تارا جنتات (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جنتر: (سنسکرت۔ینتر) ایک ساز جو تاروں سے بنایا جاتا ہے (اسم۔مذکر)

1۔جنتر ہاتھ میں لے جو گاتی اچھے (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔طبورا سر منڈل جنتر دو تارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جنترتا: مبہوت کر دینا۔حیراں کر دینا

تیری لٹ سوں اپی اپ سے جنترتا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جنتر: منتر

پدم پاوں تل ناگ جنتر سکھیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

جنتر کار: جنتر (ایک قسم کا باجا) بجانے والا

جنتر کار جھنکار میں چت کیا (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

جنتھریاں: جھنجھر (لوہے کی جالی دار پٹی) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

اتھا یک کھڑا جھنجھریاں کھول کر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

جنتے: جتنے

چہار معصوم کے ہیں داس جنتے تھے نبی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جنجال: مصیبت۔جھگڑا

1۔عبث کی تو پڑتی ہے جنجال میں (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 2۔بسایا سرا اوپر جنجال کیا ہے (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔مصیبت اور وہ جنجال اس کا (شفیق۔تصویر جاناں)

جنک: باپ (سیتاجی کے والد) (اسم۔مذکر)

1۔زلیخا کے جنک بیتیں وہ سارے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔جنک تھے ان سوا پ سیوا منکن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جنگ: جانگھ۔ران (اسم۔مونث)

کومی آکھڑیاں ہیں سو دے جنگ بھار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

جنگ: جھنگ۔گھنگرو (اسم۔مذکر)

اگر عشق بیس ہے تو پاتر سورنگ + کیتاں گاکے ناچے بندے پگ کوں جنگ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جنگل پکڑنا: جنگل میں بس جانا

جنگل پکڑے باگاں ترے دھاک سے (وجہی۔قطب مشتری)

جَنگلے جنگل: جنگل جنگل

عقل گئی جنگلے جنگل (وجہی۔تاج الحقائق)

جنگل ہنڈن: جنگل میں گھومنا
چلی بھلالیوں جنگل ہنڈن تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
جنگم: سادھو۔تپسیا کرنے والا
کہیں جوگی جنگم سنیاسی کہیں مٹ (شاہ تراب۔من سمجھاون)
جنگم سد: سیلانی سادھو
مسلماناں میں پیرومرشد ہوئے گا ہندواں میں جنگم سد ہوئے گا (وجہی۔سب رس)
جنگماں: جنگم (سادھو۔تپسیا کرنے والا) کی جمع (اسم۔مذکر)
عرب چھوڑ جنگماں کے تئیں پوج توں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)
جنم جوگ: تمام زندگی کا سنیاس
جنم جوگ پاڑیا مرے گل میں بند (نصرتی۔گلشن عشق)
جنم کھونا: زندگی ضائع کرنا
ماں باپ پال پال جنم کھوتے یوسو آخر کسی اور کے ہوتے (وجہی۔سب رس)
جنن: جن کی جمع
جو فیروزی مہاڑیاں تو جنن کے تمیں سنگارے ہیں (وجہی۔سب رس)
جنو۔جنوں: جو
1۔ پستاؤں نہ ہرگز میں عارف جنو (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ جنو حق تے گذرے انو میں کیا اچھے گا حسد (وجہی۔سب رس)
جنوکوں: جن کو
جنو کو خدا کے ناتو کی مستی چڑی دو واصل بہوت (وجہی۔تاج الحقائق)
جنوا: جینو (اسم۔مذکر)
جنوا تو یہ کا گل ڈال (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)
جنوائی: داماد (اسم۔مذکر)
جنوایاں بدل سخت تیتوں میں شور+اٹھیاں ہور لکیاں جھنجھ پر جھنجھ دور (غواصی۔طوطی نامہ)
جنوں: گویا۔جیسے
بھینا خطا کے سلطان کے گھر مہمانی کو گئے تھے جنوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
جُنہائی: جنہائی۔ہلنا
بارے کے گن پانچ ہلنا جلنا جنہائی کانپنا (میراں جی خدانما۔رسالہ وجودیہ)
جنی ماتا: سگی ماں (اسم۔مونث)
جنی ماتا کہ جنوں نزدیک فرزند (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
جنی مائی: حقیقی ماں (اسم۔مونث)
جنی مائی جننی ہے اس جائی کی (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
جنے: (جنا: آدمی) کی جمع۔لوگ (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔غوطہ کھاے دریا میں دولوں جنے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)
2۔کہ ساتوں جنے ہیں غرض وند یو (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔سب جنے ملامت کی زبان دراز کیے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)
جنیا: پیدا کیا۔جنم دیا
اگائی زمیں نے جنیا آسماں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
جنیا باپ: پیدا کرنے والا باپ۔حقیقی والد (اسم۔مذکر)
کہ میرے جنیا باپ ات مہرباں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
جنیاں: جن (آدمی) (اسم۔مذکر۔جمع)
ہوا کے اپر جانے والے جنیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)
جنیاں: جنا (نفر۔آدمی) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔ہمیں دو جنیاں کا اک استاد تھا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔سنیا دس جنیاں کوں وہاں مارخوار (رستمی۔خاور نامہ)
جنیں: جنے (شخص۔آدمی) کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)
کوئے میں تھے جانے لگے سب جنیں (رستمی۔خاور نامہ)
جُو: جوں کی غیر انفیائی ہوئی شکل
1۔نین سلونے جو بادام (اشرف۔نوسرہار) 2۔جُو خوشی آتی ہے تیوں غم بھی آتا ہے (وجہی۔سب رس)
جو: جورو: بیوی (اسم۔مونث)
1۔یوناری جو ہے شاہزادے کی جو (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔وصیت کیا جوکوں اس دھات تب (غواصی۔طوطی نامہ)
جوا۔چوا: (چوا) ایک قسم کا عطر (اسم۔مذکر)
یہ نہ سمجھا رنگ بھرلایا جوا (محمود بحری۔کلیات بحری)

جواباں: جواب کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
رند ہے بحری و لے اس میں جواباں کم نہیں (محمود بحری۔کلیات بحری)
جواہیر: جواہر (اسم۔مذکر)
جواہیر کا کاس بھایاں تمام (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
جوبنا: جوبن
تج جوبنا کی ڈوئی گڑ خوش وست کر بلکا ئیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
جوبناں: جوبن کی جمع
او بال پن میں دسیا جوبناں کا ملکاں سخت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
جوتاں: جوت (روشنی) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
1۔کہ اپ جوتاں تے کنٹھ مالاں سنوارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جھلک جوتاں کی ابھرن تن چڑا جھلکائے بھی سرتے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
جوت پکڑنا: منور ہونا۔روشن ہونا
پکڑ جوت ہوئیں او نقرے کے سار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
جوت دار: روشن۔منور
تمھاری بدھ کوں جوت دار کیے (محمود بحری۔کلیات بحری)
جوتلکوں: جب تک
کہ جوتلکوں دنیا رہے گی منداں (عبدل۔ابراہیم نامہ)
جوت مان: منور۔روشن
اجالا ترا دیس ہو جوت مان (عبدل۔ابراہیم نامہ)
جوت ونتا: منور۔روشن
1۔توں کس کھان کا جوت ونتا رتن (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔جوت ونتا نہیں جوں نرگس ہوں (غواصی۔کلیات غواصی)
جوتی: روشنی۔چمک دمک (اسم۔مونث)
1۔جوتی سلونی باغ میں کھولی ہے جابالی عبث (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔مجے ڈھونڈنے جیو جوتی سوں پائیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔زمیں داں کی دتی ہے جوتی تمام (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔یادریا میں جوتی (جانم۔کلمۃ الحقائق)
جوتے: چمکدار۔جوت والے (اسم۔مذکر)
1۔جوتے یو دکھن کھن کے رتن چھوڑ نہ جانا (محمود بحری۔کلیات بحری)
2۔جوتے لی یو مدمتی دار و سندھی ماڑی بڈا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
جو جو: (جھوجھو) جھولے کو پینگ دیتے وقت یا گھوارہ ہلاتے وقت یہ الفاظ کہے جاتے ہیں
کہ جو جوا و بلا میری جیو نگر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
جوجھنٹ: جھگڑا۔معرکہ (اسم۔مذکر)
جوجھنٹ کرنے تج بدل جیتے سلج باندے دتے (شاہی۔کلیات شاہی)
جو دوسروں کے لیے کوا کھودے وہ آپچھ ڈوب مرے: جو دوسروں کی تباہی کے لیے کام کرتا ہے وہ اس سے خود نقصان اٹھاتا ہے
کھودے کوئی دوسرے کی خاطر کوا ہے مشہور آپچھ او ڈوب مرا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
جودھا: (سنسکرت یودھا) بہادر۔جنگجو۔(اسم۔مذکر)
جودھا جگت کے کیوں نہ ڈریں تجھ سوں اے صنم (ولی۔کلیات ولی)
جور: جوڑ۔مثال
دیو جس میں اپنا نہیں جور کو (عبدل۔ابراہیم نامہ)
جوزا: تیسرا آسمانی برج۔(اسم۔مذکر)
عطارد لیا سنبلہ اور جوزا (شاہ تراب۔من سمجھاون)
جوڑوا: دو۔جڑواں۔توام
تیرے نین کی جوڑوا تاریاں کی جھلکا ریاں انگے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
جوڑن: جوڑنا
لکیاہات جوڑن سومہ مہ پکار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
جوڑیان: جوڑی (نر اور مادہ) کی جمع
نہ جوڑیاں کنے جائیں نہ کھان کھائیں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جوسا: جیسا
کہیں جوسا کیسا ہوئے (جانم۔ارشادنامہ)
جوسیاں: جوتشیاں (اسم۔مذکر۔جمع)
نجومیاں جتے ہور جوسیاں بلائیں (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)
جوکھ: تولنا
سرون ترا جو کرلیوں جوکھ شکر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
جوکھ: جونک
بھرے سب جوکہ مینڈک کھنکریاں سات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
جوگ: (سنسکرت یوگیہ) لیے۔واسطے
1۔قصہ کیا مارن جوگ (اشرف۔نوسرہار) 2۔تھا میں تو نہ اس جواب کے جوگ (محمود بحری۔من لگن)
جوگ: لائق۔قابل
1۔دو جوگ ثلا موتی کنٹل بکھرتے تارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جو ہیں راگ کے جوگ مٹھ بولیاں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 3۔اسے مول لیتے جواہر سوں جوگ (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا) 4۔واہ دیے کر حسن جوگ (اشرف۔نوسرہار)
جوگن: سنیاسی عورت (اسم۔مونث)
ہوا بھیس اس کا سو جوگن کا حال (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
جوگی جنکم: سیلانی جوگی (اسم۔مذکر)
کیتک جوگی جنکم جتے سدہ آپار (عبدل۔ابراہیم نامہ)
جوگیاں: جوگی (سنیاسی) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
یکٹ جوگیاں کا لیا بھیس دئیں (غواصی۔طوطی نامہ)
جول: جھول (ایک وقت میں پیدا ہونے والے جانور) بھائی بہن (اسم۔مذکر)
ہمارے تو ہے خوب بھایاں کا جول (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
جول: کاوادینا
جب یا علی کی ہانک سوں گھوڑے اچائے جول سوں (نصرتی۔علی نامہ)
جولاہہ: جلاہا
سورج جولاترا پاجن صبح صادق کے کر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
جو لگ: جب تک
جولگ جیوے توں ات جگ (اشرف۔نوسرہار)
جولو: جب تک
جولوجھ کیوں صاف دریا بھرے (عبدل۔ابراہیم نامہ)
جو لگن: جب تک
جولگن توں سب تے بے طمع ناہوی عشق میں آئے بغیر خاطر جمع ناہوی (وجہی۔سب رس)
جولگوں: جب تک
1۔ہاتھ لے کھاتا تھا روٹی جولگوں (وجدی۔پنچھی باچھا) 2۔جولگوں زہرہ ہے ظاہر ہور اچھے ظاہر پیرزحل (شاہی۔کلیات شاہی)
جومنس: (جو: جورو(بیوی)+منس(منشیہ)مرد) زن وشو
1۔دو جومنس دونوں کھتر اوٹ کر (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔روانا کیا جو منس کوں اُنے (غواصی۔طوطی نامہ)
جومن میں دسے وہ سپن میں دسے: جس سے خلوص ہو وہ خواب میں نظر آتا ہے۔
کہ یو بات معلوم ہے ہر کسے + جومن میں دسے وہ سپن میں دسے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
جون: چاندنی۔چاند (اسم۔مذکر)
میرے جیو کا کون جون (جانم۔ارشادنامہ)
جونا: قدیم۔
یونفس دل روح امین ہونا لاشریک مطلق جونا (امین الدین اعلیٰ۔رسالہ قربیہ)
جونا: ڈھونڈنا تلاش کرنا
1۔ہنر میں ہنر کوئی جونا نہیں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔اپس پنت اپس جد کی جونا اتھے (نصرتی۔گلشن عشق)
جونا: لباس
اچھا کہ نیں جونا زر کا پلو اپرال کر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
جونچھ: جون ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)

چلیا جو تجھ مالک بہ بالائے کوہ (رستمی۔خاور نامہ)

جوں کہ: جیسا کہ

جوں کہ کہتے ہیں کہ ایک دیس حضرت کہے...... (وجہی۔سب رس)

جونکھ: جوکھم۔خطرہ (اسم۔مذکر)

دلے جونکھ منج کوں بڑا ہے یہی (غواصی۔طوطی نامہ)

جونہری: جوہری کی انفیائی ہوئی شکل

1۔رتن مول لے جونہری ہو سوکاں (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔ترا جونہری روپ کھلاوں گی (غواصی۔مینا ستونتی)

جوونا: تلاش کرنا۔ڈھونڈنا

جے کچھ کھووے سو دیوے سوں جووے (جانم۔کلمۃ الحقائق)

جُونی: پرانی

گوداری جونی نوی جھینگل لگا (وجدی۔پنچھی باچھا)

جُونے: ڈھونڈنے

جنم تمام کٹیا اس پیا کوں جونے میں (غواصی۔کلیات غواصی)

جوہارے: جوہری (اسم۔مذکر)

ہوے جھاڑاں جو ہارے ہو پتاں پاچے طبق لے بھر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جُوئی: بیوی (اسم۔مونث)

شوہردار پرائی جوئی (اشرف۔نوسرہار)

جُوئی: جوہی (اسم۔مونث)

سو جائی وجوئی وسون سُباس (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

جُوئی: موتی کی لڑیوں سے تیار کیا ہوا زیور جس میں جواہر بھی ہوتے ہیں (اسم۔مونث)

(۱) لگانیکا پہن جھمکے جوئی گوتاں پدک ہیکل (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
(۲) جوئی اور بازوبنداں کے یولال (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جوئیں: جو

جوئیں نیر آچھا اچکلا دسے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

جوئے: تلاش کرے

1۔تو یہ آپس میں اس جوئے (شیخ داول۔کشف الوجود) 2۔معشوق کا جب مکھڑا جوئے (محمود خوش دہاں۔رسالہ وجودیہ) 3۔جوز ہر دیتا پانی جوئے (اشرف۔نوسرہار)

جویسی: عقلمند۔مفکر

بہت جویسی جولیس سودھنے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

جھار: جھڑ۔جھڑی۔بارش

چلنی گگن کی ہات لے نس کی ہے موتی جھار آج (نصرتی۔علی نامہ)

جھار: جھاڑ (اسم۔مذکر)

جہاں لے پانی جھار (اشرف۔نوسرہار)

جھارا: خواہش۔مقصد (اسم۔مذکر)

تو لگ جاناں ایہاں تھی + جھارا میرا اب ہے یہی (اشرف۔نوسرہار)

جھاز: جہاز (اسم۔مذکر)

چلاتا ہے یوان سمندر میں جھاز (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

جھاز: جہیز (اسم۔مذکر)

دیوں جھاز اندن تجھ (اشرف۔نوسرہار)

جھازاں: جہاز کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔بھر آیا جھازاں منے آب سب (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)
2۔جھازاں پہ چڑھ میر کرتا اچھوں (فائز۔رضوان۔ شاہ وروح افزا)

جھاڑ: درخت۔پیڑ (اسم۔مذکر)

1۔اس جھاڑ کوں کچھ بار اچھے تو خوب ہے (وجہی۔ سب رس)
2۔ربوبیت جھاڑ ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

جھاڑ پچھوڑ کو دیکھنا: جانچ پڑتال کرنا

یے طلسماتی کام کو جھاڑ پچھوڑ کو دیکھ لیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جھاڑاں: جھاڑ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

لڑاں جھاڑاں کی پیڑاں میانے پھرتیاں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جھاڑنا: نکال دینا۔گرادینا

جھاڑ جیسی جھاڑے بھاں (اشرف۔نوسرہار)

جھاڑو: جھاڑوں کی غیر انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مونث)

توں کرصرف جھاڑوکوسب باردار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

جھاڑوکش: جاروب کش (اسم۔مذکر)

اس گھر کا جھاڑوکش اسے بوجھ بچار کر بولیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

جھاڑے جھاڑ: جھاڑ جھاڑ

سو جھاڑے جھاڑ پھر پھر واز آئی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جھال: تپش۔جلن۔روشنی

1۔تلخی تو غم کی نہیں بیٹھی ہوں دھوپ کی جھال میں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

2۔دل میں تے اٹھے جھال کیوں کر رکھے سنبھال (وجہی۔سب رس)

3۔بچھڑپن کے گئے جھال سوں دل اُبل (نصرتی۔گلشن عشق)

جھالا: (جھال) گرمی (اسم۔مونث)

برہ کی سوز تن تھے جاوے گی جھالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھالاں: کان کا ایک زیور (اسم۔مذکر)

چھبے ہور جھالاں سوں مہ کان میں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جھالاں: جھال کی جمع

ملا برسیا حیات ہو خضر جوں دن جاے جھالاں کے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھانپ: ٹوکرا۔جس میں پرندے کو بند کیا جاتا ہے

دیکھے گا تو دشمن کوں مت اس پو جھانپ (طبعی۔بہرام وگل اندام)

جھانپ: بند کرنا۔ڈھانکنا۔پوشیدہ کرنا

انکھیاں جھانپ اندھلا ہوا کر مگر (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

جھانپ مارنا: چھپانا

چڑیا جھاڑ اپر ال جوئیں جھانپ مار (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

جھانپی: ڈھکی

ادی گھانس تھیں آگ جھانپی بجے جائے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

جہاں جانیاں: جانِ جہاں۔خدا

جہاں جانیاں جس نگہبان ہے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

جھانجوے: ایک کھیل (اسم۔مذکر)

ہچکاہچ، جھانجوے سٹ دی ہوں پھوگڑی کھیلنا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جھانسا: شوق۔آرزو (اسم۔مذکر)

بہوت جھانسے سوں اوپر کا راستہ پکڑیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جھانک: (جھانکی) نظارہ۔جھلک (اسم۔مونث)

گر ہے تجے کچھ کمال کی جھانک (محمود بحری۔من لگن)

جھانگڑ: ایک ساز (اسم۔مذکر)

جھانگڑ بجے چھنا چھن دھوں دھوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جَھب: گچھا (اسم۔مونث)

اُدھر ہیں رسیلے نابات کی جھب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جَھانگیر: ہاتھ کا ایک زیور (اسم۔مونث)

انگوٹھیاں آرسی جھانگر کری ہوں ہات سوں پیارے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جھبا: جبہ

اوسے اوٹھاے کر جھبے میں لپیٹ لیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جھبتیاں: جھبوتی (طرہ۔سہرا) کی جمع (اسم۔مونث)

جھبوتیاں موتیاں کیاں لڑاں دھجھوں بھر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

جہتوں: (جہت۔سمت۔طرف۔سے) کی جمع

اس کے جہتوں کوئی وزیر (اشرف۔نوسرہار)

جھٹ: دھندلکا۔اندھیرا (اسم۔مونث)

یا نبی اللہ مجھے اس جھوٹ کی جھٹ سوں چھڑاؤ (محمود بحری۔کلیات بحری)

جَھٹا: بالوں کی لٹ۔جٹھا۔گچھا (اسم۔مونث)

کتے ہوئے راول جھٹا دار سب (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جُھٹاتی: جھٹلانا

جھٹاتی مری بات لوگاں میں یوں (وجہی۔قطب مشتری)

جَھٹ دنا۔جھٹ دنے: جھٹ سے۔فوراً

اسے جھٹ دنے تمام کر ڈالنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جَھٹکا: ناز و غمزہ (اسم۔مذکر)

ہر آن لٹکے ہور جھٹکے کرتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جَھٹنا: کشمکش۔جدوجہد

جھاپٹ کے جھٹنے میں نالیا کے تاب (نصرتی۔گلشن عشق)

جُھٹت: لڑای، جھگڑا (اسم۔مذکر)

پری کا جھٹت شہہ جھٹے اس سوں جب (وجہی۔قطب مشتری)

جُھٹی: جھوٹی (اسم۔مونث)

اتا سن یو ناچیز کلی جھٹی (غواصی۔مینا ستونتی)

جُھٹے: جھوٹے۔بیکار۔خواہ مخواہ

1۔جھٹے مج پچھیں توں نہ ہو پائمال (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
2۔نکو پڑ میرے جھٹے دنبال توں (وجہی۔قطب مشتری)

جَھجا: دبلا پتلا (اسم۔مذکر)

1۔تو لب خشک ہیں اور جھجا ہے سریر (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔سب تن کو جھجا آپنا پردیس لیا ہے (شاہی۔کلیات شاہی)

جَھجر: پتلا۔سوراخ دار۔جس میں مسام ہوں (اسم۔مونث)

1۔گگن عود سوزاں کی دیکھت جھجر (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔ہیں ڈالیاں جھجر اور کیواڑاں سو پات (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔جھجھر میں زلیعی کی سپڑے نظر (نصرتی۔گلشن عشق)

جَھجراں: سوراخ دار

نیزیاں سات سپراں کوں جھجراں کیے (رستمی۔خاور نامہ)

جھجھکاٹ: چمک (اسم۔مذکر)

کمر بند سر بند کا جھجھکاٹ (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

جَھر: سوزش۔جلن (اسم۔مونث)

پھرتا ہوں سدا مورسوں تجھ زلف کی جھر لے (ولی۔کلیات ولی)

جھر: جھڑ۔بہہ

ہوا ٹکڑے ٹکڑے نین نیر جھر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جَھرا: جھرنا۔سوت (اسم۔مذکر)

اس کوے کوں کون سکے سرا جس کوے میں آب حیات کا جھرا (وجہی۔سب رس)

جھرتا: چلتا۔حرکت کرتا

نین منگل متا جھرتا جھرتا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جھرت: گھسنا۔داخل ہونا

کہ جس جھرت تھیں میں چھانپی پڑی (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

جھر جھر: رس رس

چاند گھٹے نت جھر جھر آب (اشرف۔نوسرہار)

جھر جھر: کمزور ہونا۔افسردہ ہونا

یو جھر جھر عذاباں تھے یو جائے مر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جھری: جھرنا۔سوتا (اسم۔مونث)

جھری ہوئے انجواں ابلتی ہے واں (وجہی۔قطب مشتری)

جھڑ: جھاڑ۔درخت۔پیڑ (اسم۔مذکر)

چل آیا ہلوں یک ہرے جھڑ تلے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جھڑا: جھڑی (اسم۔مذکر)

اس کی امرت کا جھڑا پاؤں اگر (وجدی۔پنچھی باچھا)

جھڑ اترنا: آسیب کا اثر زائل ہونا

کہ بیٹی کی تیری اتر گئی ہے جھڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جھڑاں: جھڑی کی جمع

دستیاں جھڑاں مہیوں کیاں موتیاں لڑکیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھڑپ: جھاڑی (اسم۔مونث)

1۔چھپا جا جھڑپ میں اپے ناگہاں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ہر یک جھڑپ دستا تھا اوگل کے دھات (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔کوئی بھی جھڑپ میں چھپا جا نکل (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جھڑپن: آسیب۔سایہ

کہے کوی جھڑپن پری کا ہوا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جھڑتی لینا: محاسبہ کرنا۔حساب کتاب

صاحب کنے صاحی کی جھڑتی دینا نفر کنے بھی نفرای کی جھڑتی لینا (وجہی۔سب رس)

جھڑ جھڑانا: جھجھلانا۔غصے میں آنا

حجام یو جھڑ جھڑانے اور گالیاں گاؤ دینے لگے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جھڑکانا: جھڑکنا

بادشاہ بڑے غصے سوں اسے جھڑکانے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جھڑن ہار: جھڑنے والا

جو اس سرو تگ تے امرت جھڑن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جھڑنا: گرانا

تب نبوت کا علم سدکو ہوا سب بت جھڑے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھڑیا: جھڑا

1۔جھڑیا نگ تے میرے رکت ماس تھا (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔جھڑیا ہات باز وسوں بہزاد کا (طبعی۔بہرام وگل اندام)

جھڑیاں: جھریاں (اسم۔مونث۔جمع)

او چڑا سو جھڑیاں بھریا ہونٹ تھا (طبعی۔بہرام وگل اندام)

جھڑیاں: جھڑی (فعل۔مونث) کی جمع

کھڑک کوں کھڑک لگ سو چنگیاں جھڑیاں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

جھڑ: جھنڈ

گل اندام کے جھڑ میں چھپن دیا (طبعی۔بہرام وگل اندام)

جھک: مچھلی (اسم۔مونث)

دیو پر جھک داور یو پور کنچن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

جھکا: جھر (اسم۔مذکر)

کہ پٹی جھکا ہور تھا جنت کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جھکجھکایا: چمکایا

دو جھلکار نوراں سیتی جھکجھکایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھکنی پکڑنا: رنجیدہ ہونا

جب بڈھاپا آیا شکار پکڑنے سوں رہ گیا ہور جھکنی پکڑلیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

جھکور: ہوا۔طوفان۔جھکڑ (اسم۔مونث)

کیف عشق کی جھکور (وجہی۔تاج الحقائق)

جھکھ: غم۔جھگڑا (اسم۔مونث)

پھولاں سکے سب دکھ سیتی مکھ موندے بلبل جھکھ ستی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھگ جھگ: روشن۔چمکدار

لوچن جھمکے جھگ جھگ لٹ میانے پھل کے لگ لگ (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جھگڑا ابجنا: جنگ ہونا

بارے عقل ہور دل کے لشکرسوں تک جھگڑا ابجیا (وجہی۔سب رس)

جھگڑا کاڑنا: جھگڑا کھڑا کرنا

کہیں کا کہیں تھیں سو جھگڑا کاڑتی (وجہی۔سب رس)

جھگڑا بھگنا: جھگڑا ختم ہونا

جھگڑا ایک بھس بھگیا (وجہی۔سب رس)

جھگڑا نبڑنا: لڑائی کا فیصلہ ہونا

جھگڑا نبڑنا تھیں رتی ہوتا ہے بھی بلکہ زیاد (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جھگڑتیاں: جھگڑتی (فعل۔مونث) کی جمع

قطب شہہ سیتی جھگڑتیاں نا جھگڑ سک اس سکی سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھلکا: آرزو۔خواہش (اسم۔مذکر)

کہ رنج کوں بہوت اس پھل کا ہے جھلکا (محمود بحری۔کلیات بحری)

جھلکنا: چمکنا

جھلکت نکلیا لس چندا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

جھلکاٹ: جھمک۔چمک دمک (اسم۔مذکر)

او جھلکاٹ دستا ہے از روئے آب (رستمی۔خاور نامہ)

جھلکار: چمک (اسم۔مذکر)

1۔دسے جھلکار ہو سارا اندھارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔خدا کا بھی دیدار ریچ دیکنا وہاں بھی جھلکار یچ دیکنا ہے (وجہی۔سب رس)

جھلکاریاں: جھلکار (چمک) کی جمع (اسم۔مونث)

تیرے نین کی جوڑوا تاریاں کی جھلکاریاں اتگے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جھل: محبت۔عشق

1۔ جلیا جھل ستی دیکھنے نیں سکیا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 2۔ موتی جھڑیں باتاں منے جھل تھے سمند کھارے اہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ دوتن اس جھل تھے جیو کھن کھن چھپا ہوں پکڑے ہے کونا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔ سچا بھاری جھل کا تجے پانی میں (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

جھل دھرنا: حسد کرنا۔ رشک کرنا

عورت اپنا جھل دھرتی اس وقت جیو نہس دیتی سولی کرتی (وجہی۔ سب رس)

جھل کھانا: دشمنی کرنا۔ حسد کرنا

1۔ جگ سوں یوں مل کے جھل کھائے دوتن (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ جن عورت نے اتنی جھل کھائی ان نے آخر مرد کوں گنوائی (وجہی۔ سب رس)

جھلجھلا: روشن۔ چمکدار

تیرا گلا سو جھلجھلا دیسے طلا تھے آگلا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جھلجھلاہٹ: جلال۔ حمکنت

علی کا باگ توں تج جھلجھلاہٹ ہور ڈھاک ہور ڈر تھے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھلجھلائے: چمکے

کنل کنل کنل پر جیوں موتی جھل جھلائے (وجہی۔ قطب مشتری)

جھل اجھل: چمکدار۔ زرین

جمکنا سورج کے نمن جھل اجھل (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

جھلکیار: (جھلکار) چمک۔ تابندگی

روشن ہو دیوے کی نمن دکھلا ترا جھلکیار آج (غواصی۔ کلیات غواصی)

جھلم: خود کی باریک نقاب جس سے چہرے کی حفاظت ہوتی ہے

1۔ چھتر کے تھے چوگرد موتی جھلم (طبعی۔ بہرام وگل اندام) 2۔ بے جھلم اُن جھلم لگاتا ہے (محمود بحری۔ کلیات بحری) 3۔ سر اس کا جھلم نور جگ کوں جگایا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھلم دار: جھالردار

جھلم دار اسمان گیریاں سو جم (نصرتی۔ گلشن عشق)

جھل مرگ: حسد سے مرجانا

دندے دشمناں کا سو جھل مرگ ہوا (وجہی۔ قطب مشتری)

جھلنا: جھولنا

لٹاں جھٹ تن اوپر یوں ہے بجنگ جیوں نیرے پر جُلتے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھلجھلیں: چمکیں

داغ تیرے عشق کے مجھ جیو پر یوں جھلجھلیں (محمود بحری۔ کلیات بحری)

جھلی: چمک (اسم۔ مونث)

ساناپاں کوں کرے دنگ تری لڑکی جھلی نے (ولی۔ کلیات ولی)

جھلنگ: باریک

اجر گی پہنی جو تو ہے جھلنگ پشواز ململ کی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

جھمک: روشنی۔ چمک

عشق میں بدنامی جوں کھانے میں نمک جوں دیدے میں جھمک (وجہی۔ سب رس)

جھمکانا: چمکانا۔ روشن کرنا

کہ جوت سوں چندر کھیاں شبرات کوں جھمکائے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھمکت: چمکتے

جو نیکے نکھ جھمکت انگلیاں پر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

جھمکائے: چمکائے۔ روشن ہوئے

اسماناں جھمکائے روشن کھاناں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جھمکتیاں: جھمکتی (فعل۔ مونث) چمکتی

جھمکتیاں بجلیاں کھن کیاں اتم پتلیاں ہوں کندن کیاں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جھمکن: روشنی۔ نور (اسم۔ مونث)

1۔ ترے نیناں کی جھمکن میں سہادے بھید کا جل کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ کھڑکیوں جھمکن بجلی سار (اشرف۔ نوسرہار) 3۔ نبی ہور مرتضی کے نور تھے پایا چندا جھمکن (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھنج: (مراٹھی) جھگڑا۔قضیہ۔الجھن (اسم۔مذکر)
1۔کدھر کا بوجھ یو کدھر کا کپاٹ (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔واں مطلب کی کیتا جھنج لائے گا (وجہی۔تاج الحقائق) 3۔تو فارغ ہوا س جھنج تے آئیں گے (غواصی۔طوطی نامہ)

جھنج: (جھجر) پتلا۔سوراخ۔لاغر
اہے تھی تج جوں جالا جھیلی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

جھنجھر: صبح (اسم۔مونث)
جھنجھر کھینچ اٹ آئی وئیں مرد کن (غواصی۔طوطی نامہ)

جھنجولنا: غصہ دلانا
چھین جو لگی اس نہ جھنجھولنا (وجہی۔قطب مشتری)

جھجھوری: قضیہ۔لڑائی (اسم۔مونث)
جھجھوری کی فوجاں کی دوڑی جولاٹ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جھنکنا: جھڑکنا
منگن ہارے کوں نکو جھنک (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

جھنگر: جھگڑا (اسم۔مذکر)
نہ پچھو کیرا ہیر جھنگر دھروں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

جُھوٹے بازی: جھوٹ بولنا۔دروغ گوئی
سچے میں نہیں ہے جھوٹے بازی سچ سوں خدا رسول راضی (وجہی۔سب رس)

جُھوٹیں: خواہ مخواہ۔بے فائدہ
1۔جھوٹیں چوری ستیں بدنام کر کے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔جھوٹیں دوڑ مرتے اتھے سینہ پھٹ (نصرتی۔گلشن عشق)

جھوٹیں: جھوٹی
جھوٹیں کیا آپ کرے بکھات (جانم۔ارشاد نامہ)

جُھوجارا۔جھوجھار: جوجھار (جنگ) کرنے والا۔جنگجو (اسم۔مذکر)
1۔جھوجاراں نے کراں نہ کھولے درست (نصرتی۔علی نامہ) 2۔چلے ہیں دکن کے جھوجھاراں کی چال (نصرتی۔علی نامہ) 3۔جھوجاراں کتے بھانت ہتھیار کے (نصرتی۔علی نامہ)

جُوجھ کرن: جنگ کرنا۔لڑنا
آتج لاگے جوجھ کرن (اشرف۔نوسرہار)

جُوجھن: جنگ۔لڑائی (اسم۔مونث)
1۔اب جاتا جھوجھن تو (اشرف۔نوسرہار) 2۔عروس آکر پکڑ دامن چلے تو شوہو جب جھوجھن (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جُھوجھن ہار: جنگجو۔لڑنے والے
جدا کیے جھوجھن ہار (اشرف۔نوسرہار)

جُھوجھن لگنا: لڑنا
یکس یک سوں جھوجھن لگے اپ ستی (نصرتی۔گلشن عشق)

جُھورجُھور: پریشاں
رہی تھی اپن من میں او جھور جھور (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جُھوجی: لڑاکو
مسلم ریک ہور جھوجھی تنگ (غواصی۔کلیات غواصی)

جھوڑا: جوڑا (اسم۔مذکر)
نہیں تر جگ تیرا آج جھوڑا

جھوک: پینک۔غنودگی طاری ہونا
نگو لے کوں جھوک آئی الیون کی (نصرتی۔گلشن عشق)

جھوک: جھکنا
سرو قد اتھا سو خمیا جھوک تے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جھوک جُھوک: رو رو
جو عاصم نول شہہ دکھی جھوک جھوک (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جُھوکنے: افسردہ ہونے
سنا پھوڑ لے وئیں لگی جھوکنے (نصرتی۔گلشن عشق)

جھولا: جھولکا۔جھٹکا (اسم۔مذکر)
1۔یہ جھولے لگے کس کبل باؤ کے (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔جھولا مار کھینچا سوا و بے جگر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

جھولانا: جُھلانا
امید کی برسات کا جھڑ پڑ سو جھولایا انند (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھولت: جھولتا ہے
ناسک دیپا موتی سرو ہاتم جھولت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جُھولنے: جھولے پر گایا جانے والا گیت۔
سودو ہیرے ہور جھولنے ہور خیال (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

جُھوں: جیسے ہی۔جوں ہی
جھوں دیکھ جاویں سو جھپ لو رتن (عبدل۔ابراہیم نامہ)

جُھونا: باریک اور مہین کپڑا۔لباس (اسم۔مذکر)
1۔جھونا پین پٹی تھی بینا دھنور (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔کہ جھونا ہے نیر دھوئیں تھے بھی جھینا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جُھونے: لباس۔کپڑا (اسم۔مذکر)
کسبی اور جھونے پامیاں سو جاے دار چوری سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جھونٹے کاٹی: جس کی چوٹی کاٹی گئی ہو (اسم۔مونث)
سوں بھائی جھونٹے کاٹی میرا بس ہوئے تو اسے بہت ٹھوکوں (وجہی۔سب رس)

جھونٹے مار: دھوکا باز
دو یار دغاباز جھونٹے مار کہاں ہے (وجہی۔سب رس)

جھونڈ: جھنڈ (اسم۔مذکر)
بھنور جھونڈ ہور بن میں گتے اچھے (وجہی۔قطب مشتری)

جھونکے: خوشے (اسم۔مذکر)
ہور سات میسرے جھونکے گیہوں کے ساتھ مسکے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

جھی: جو۔یہی
جھی نیں کہیاں تجھ بھی نہ کہوں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

جھیج: سوراخ دار۔پتلا
ہوا جھیج پنجرا میرا تن تمام (غواصی۔طوطی نامہ)

جھیل: پکڑا۔سنبھالا
خدانے یہاد نچہ یوسف کوں جھیل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

جھیلا: (مراٹھی) گچھا (اسم۔مذکر)
عقد ثریا کے نمن قندیل کے جھیلے دسیں (نصرتی۔علی نامہ)

جھیلنا: پکڑنا
دندیاں پر تیرے میلنا پیالہ پرم کا جھیلنا (غواصی۔کلیات غواصی)

جھیلائے: جھپٹے
کئی ہیں بزان ملنے کی بیس جو لیوں تمھیں جھیلائے پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جِھین: مہین۔باریک۔لاغر (اسم۔مذکر)
1۔سوتن جھیج نس دن رھیا جھین ہو (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2 جھین چتری پر تکٹ تاراں کا کرآئے اگن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جِھین: غصہ۔جھجھلاہٹ (اسم۔مونث)
جھین جو لگی اس نہ جھنجھولنا (وجہی۔قطب مشتری)

جھینا: باریک۔مہین۔لباس (اسم۔مذکر)۔(اسم۔مونث)
1۔کہ جھینا تیرا ہے دھوئیں تھے بھی جھینا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔انچل چیر جھینا لال تلیں مکھ پر چندر دیکھ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔جگنی جڑی منور اوڑے تھی جھینا آلی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جھیلو: پکڑو
گینداں پیو ہات جھیلو رے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

جے: جو
1۔جے چیز جہاں تھے آیا وانچہ خدا ہونہارا ہے (جانم۔کلمۃ الحقائق) 2۔الہی جے گناہاں کے پٹن سب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔جے کچھ پڑیا سو سہا (وجہی۔سب رس) 4۔جے کو نجھا یقین سوں دیکھے من پائے کام (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جیا: دل (اسم۔مذکر)
1۔جیا میرا بھنور ہو خوش کیا ہے آرزو تیرا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔قطبا دل باندیا حضرت نبی دربار سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جیا بخش: حیات بخش۔زندگی دینے والے
رسیلی جیا بخش ادھر یار دھر (نصرتی۔گلشن عشق)

جی باندھنا: دل لگانا
اس سوں ہرگز نہ باندھ جی اپنا (ولی۔کلیات ولی)

جیب: زبان (اسم۔مذکر)
مرا جیب بلبل ہو بولن لگیا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

جیبا: جیب۔ زبان (اسم۔ مذکر)
دس جیبا سوں کرے پکار (اشرف۔ نوسرہار)

جیباں: جیب (زبان) کی جمع
1۔ دعا کرنے کوں دس جیباں سوں سوسن (ابن نشاطی۔ پھول بن) 2۔ فرشتے شاعراں ہو کر کرے ہیں تیز جیباں سب (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

جیب پر منتر پھرانا: منتر پڑھنا
ہلوں توں جیب پر منتر پھرایا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

جیب پر بات چلانا: تذکرہ کرنا۔ بیان کرنا
جب جیب پر چلاوں میں اس کے غضب کی بات (غواصی۔ کلیات غواصی)

جیب دراز: زبان دراز
توں کیکھی عشق ہور کتی جیب دراز (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

جیب ہار: جیب والا (اسم۔ مذکر)
پھرے جا کھنا ٹانک جیب ہار دو جاں (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

جیپال: سادھوں کا ایک گروہ جس کی بد دعا مشہور ہے
میرے سانس کوں جان جیپال سار+ جلاوں تجے ہور تیرا سب شہار (غواصی۔ مینا ستونتی)

جیتا: جتنا
غم کا نشاں کہیں کوئی جیتا ڈھونڈیا نہ پایا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جیتاں: زندہ لوگ
وہ جیتاں منے مُیں مردیاں میں تے ہے (غواصی۔ طوطی نامہ)

جیتاچ: جیتا ہی (چ تاکیدی۔ مراٹھی)
او بد بخت ابلیس جیتاچ ہے (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ)

جیتیچ: جیتے ہی (چ تاکیدی۔ مراٹھی)
گذرتا ہے غم منج پو جیتیچ یوں (غواصی۔ طوطی نامہ)

جیدھا: (جدھاں) جب
جیدھا تھیں خدا نے امن کو بناو (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

جیراں پیراں: جڑ پیڑ
ہوا حرص کوں جیراں پیراں تھے اُپاڑ (میراں جی خدا نما۔ شرح مرغوب القلوب)

جیشٹی: زیادتی (اسم۔ مونث)
بہت جیشٹی من دھرے جوگ الگ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

جیغہ: سر کا ایک مرصع زیور (اسم۔ مذکر)
جیغہ سو جوہراں کا وضا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جیکچ: جو کچھ
کرے پنت جیکچ کہ خاج اچھے (رستمی۔ خاور نامہ)

جے کن: جس کے پاس
پارک لینا ہول شان کی جے کن پوچھے اس (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

جیلا: جلا۔ چمک
1۔ جیلا کچھ کوں سارا قد دسے تیوں (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 2۔ جیلا درپن لمن ایسا دیا ہے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

جیلاوے: جلاوے۔ زندہ رکھے
جیلاوے سدا خوش سخن جان وتن (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

جیین: (جن) آدمی۔ (اسم۔ مذکر)
ہوسے نہ کوئی جیین کہیں تیرے سر خلیفا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جینا کڑوا دسنا: زندگی تلخ معلوم ہونا
تیرا دیدار نہ دیکھے سوں ہم کو اپنا جینا کڑوا دسے گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

جینا کڑوا کسالا لگنا: زندگی تلخ معلوم ہونا
میرا جینا مجھے کڑوا کسالا لگتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

جینت: جیت کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔ مذکر)
1۔ کہیں دسے منج پیارے بھی کہ ان سیر جینت نہ ہار (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور) 2۔ نبی صدقے قطبا ہوا تیرا جینت (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ سب جیون کا جینت کرے (جانم۔ ارشاد نامہ) 4۔ جینت میرا کر دکھایا اب پڑی ہے ہوڑسی (محمود بحری۔ کلیات بحری)

جینتا: جیتا کی انفیائی ہوئی شکل

اس کی یاداں سیتی جیٹا ہے عشرت کا کاج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جیٹو: جیتو کی انفیائی ہوئی شکل

چھندوروں سیتی جیٹو حل سنے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جیو: (سنسکرت) زندگی۔دل

آفاق عالم جیو جہاں (اشرف۔نوسرہار)

جیو اٹھنا: زندہ ہوجانا

نظر توں کرے تو مواجیواٹھے (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

جیوالا: زندہ

جیو کوں بھی او جیوالا روپوں میں روپ اعلیٰ (میراں جی شمس العشاق۔بشارت الانوار)

جیواں: جیو (دل) کی جمع

1۔جیواں کوں توں دیا ہے زندگانی (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔جیواں مارنا ہور جلانا سو تج (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔جیواں کے پنچھی پکڑنے الک کے کھو پردام (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

جیواں مارنا: جان سے مارڈالنا

ہور اگر ملک الموت اس وقت اولو کے سامنے تے نہ جاتا تو اسے جیواں مارتے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

جیو تل تل کرنا: نثار ہونا

کیے جیو تل تل اوک پاکے سکھ (نصرتی۔گلشن عشق)

جیو بھلاون: دل کو لبھانے والا

کہ تھا ات جیو بھلاون مورت اس کا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جیو پکڑنا: زندہ رہنا

پیو کا وصال ہوگا کر جیو پکڑ رہی ہوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

جیو پکڑ کر رہنا: دل پکڑ کر رہ جانا

جے کچھ پڑیا سو حسن خاطر جیو پکڑ کر رھیا (وجہی۔سب رس)

جیو پر کھتر کرنا: زندگی کو خطرے میں ڈالنا

اٹھے تے سوں سب جیو پہ کرنے کھتر (نصرتی۔علی نامہ)

جیو کڑوا کرنا: زندگی تلخ ہونا

جو کڑوا ہور ھیا جیو من سنگاتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جیوتا: زندہ

1۔جو جیوتا رکھوں اس یا ماروں لیجا (رستمی۔خاور نامہ) 2۔جو لگ معوی تھا جیوتا (اشرف۔نوہار) 3۔رکھے نام عالم میں جیوتا قرار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

جیو پالن: حیات پرور

اسی لالن جیو پالن سوں جیو ہے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جیو تپ اٹھنا: دل جلنا۔رنجیدہ ہونا

جیوان کا اٹھا تپ (اشرف۔نوسرہار)

جیو تے ہات جھاڑنا: زندگی سے ہاتھ اٹھالینا

میں بھی یہاں ہات جیو تے جھاڑیا ہوں ہمت کیا ہوں (وجہی۔سب رس)

جوتیاں: جیتے۔زندہ

ولے جیوتیاں کوں توں مارے مریاں کوں توں جو آتا ہے (محمود خوش وہاں۔رازونیاز)

جیوتی: روشنی۔جوت (اسم۔موٴنث)

1۔خدا ہمیں جا کہے تو بھی اسی عالم کی جیوتی کوں (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔امر ہوئیں جیوتی تو جیو جیو پائیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

جیوتی دل: روشن دل۔روشن ضمیر

وہ ہندو بھی اگر دانا ہے تو اسے بھی یے جیوتی دل ہے (وجہی۔سب رس)

جیو تے اٹھنا: جان دے دینا

مجنوں جیو تے اٹھیا (وجہی۔سب رس)

جیو تے انگیزی کرنا: جان سے اٹھ جانا

کہے ہیں جیو تے انگیزی کسے کیاں صحبتاں کیا کام (سلطان۔دیوان سلطان)

جیو جنت: (سنسکرت جیو جنتو) ذی روح۔مخلوقات

دسرا جو ہے جیو جنت جاں لگ (محمود بحری۔من لگن)

جیو جنتو: مخلوقات۔دنیا

دسیا جیو جنتو کا سارا پسارا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

جیوخرچنا: جان دینا
وقت جیوخرچنے کا یو ہے بھلا (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
جیودان: زندگی بخشنا
1۔کہ تجھ تے پاوے نت جیودان بکرید (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔دیا منج کو جیودان تازی حیات (فائز۔رضوان شاہ و روح افزاء)
جیودھرنا: دل لگا کر کام کرنا
جیو اس کام پر دھرے فرصت ہے لگن کچھ کرے (وجہی۔سب رس)
جیودین: جان دینا
سو کیسا ہتو جوڑرے جیودین (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
جیو دیون: جان دینا
رہا ہے اب ہی جو جیودیون (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
جیورا: (جیو) دل (اسم۔مذکر)
شکر ادھر چکا کر مجھ جیورا بہلاتی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
جُیوڑا (جیو): دل۔جان (اسم۔مذکر)
کہیں روگ سوں جائے جیوڑا نکل (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
جُیوڑا: جوڑا (بالوں کا) (اسم۔مذکر)
1۔دے منج کوں جیوڑے تے کیوڑا کاڑ (محمود بحری۔کلیات بحری)
2۔جیوڑا پیوں دکھ دھروں (اشرف۔نوسرہار)
جیوڑا قبض کرنا: روح قبض کرنا۔جان لینا
حسن جو پھر یا جوڑا مبز + زہر دے کر جیوڑا قبض (اشرف۔نوسرہار)
جیوڑی: جیو۔دل
سدا سک سو کرتوں میری جیوڑی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
جیوصرف کرنا: جی سے گذر جانا
اُدسے دیکھ لیلیٰ کرے جیو صرف (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
جیو کا دھاک پڑنا: زندگی کو خطرہ لاحق ہونا
بلکہ پڑیا جیو کا دھاک (اشرف۔نوسرہار)
جیو کھنی: جان کنی
میں اے عشق کرتی جتم جیو کھنی (غواصی۔طوطی نامہ)
جیوگھات: جان لینے والا
جو بنگالے کا سحر جیوگھات ہے (وجہی۔قطب مشتری)
جیوگھوٹن ہار: جان لیوا
1۔نکالیا ہمن جیوگھوٹن ہار دکھ (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔ہوا رنج وہ جیوگھوٹن ہار درد (ولی۔کلیات ولی)
جیو لانا: دل لگانا
یو کوئی الوسوں جیو لاوے وہ ہرگز نا مرے (وجہی۔سب رس)
جیوموں گانٹھ پکڑنا: دل میں دشمنی رکھنا
پکڑ رہیا جیوموں گانٹھ (اشرف۔نوسرہار)
جیوں: جوں
مرا دل ہے جیوں چھاؤں سنگات تیرے (طبعی۔بہرام و گل اندام)
جیونا: جینا۔زندہ رہنا
1۔جیونا بھی اچھ کا ہے (وجہی۔سب رس) 2۔کہ عاشق کوں جیونا سو دیدار ہے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 3۔تب مرگ مجھ ہلکا دسیا ہور جیونا بھاری ہوا (محمود بحری۔کلیات بحری) 4۔سب چیزاں پر دو دکھ سکھ مرنا و جینا فانی یا باقی یا ہونا دجاتا اس کا جانہارا سوتوں (جانم۔کلمۃ الحقائق)
جیونے: جینے
1۔میرے ہاتھ تقدیر کیا مرنے جیونے کی اہے (جانم۔کلمۃ الحقائق)
2۔اپنے جیونے کوں ناچیز کھوتے (وجہی۔تاج الحقائق)
جیوں کہ: جب سے کہ
آیا جیوں کہ کھیں پر بھار (اشرف۔نوسرہار)
جیونی: جان۔عزیز۔محبوب
1۔کھیا یو تو باندی ہے جیونی میری (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔مجے ہور مری جیونی یار کوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
جیوؤں مارنا: جان سے مار ڈالنا۔زندگی ختم کرنا
ان چھنال نے مجھے جیوؤں ماری (وجہی۔سب رس)
جیو ہونٹاں منے آنا: جاں بلب ہونا
1۔آیا چور کا جیو ہونٹاں منے (غواصی۔مینا ستونتی) 2۔رھیا جیو ہونٹاں منے آئے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
جیوئی: زندہ رہی
جب لگ جیوئی پچھتائی (اشرف۔نوسرہار)
چپے لگ: زندگی بھر
چپے لگ یک وضا یک دھات گنا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

OOOOO

چ

چابک کرنا: مہمیز کرنا۔ چابک مارنا
اگر سارا اس کوں جو چابک کرے (بلاقی۔ معراج نامہ)

چابتے: کھاتے
جے راجے سب وتے چابتے (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

چابنا: چبانا
تک چابنا نگلنا لگتا ہے (وجہی۔ سب رس)

چابناہ: چبانا
نوالا چھوٹا اٹھانا اور بہت چابناہ (عابد شاہ۔ کنز المومنین)

چاتُر: ہوشیار
1۔ بندھیا سوں دل او چاتر چند بھری گونت ناری سوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ جو ہوشیار گونت چاتر ہے دانا (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 3۔ سگو چاتر اُسے حق نے بنایا (سید محمد والہ۔ طالب و موہنی) 4۔ ہوئی خوش وقت او چاتر سجانی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

چاتُر اں: چاتر (ہوشیار۔ عقل مند) کی جمع
ہور گوالیر کے چاتراں گن کے گراں انوں بھی بات کوں کھولے ہیں۔ (وجہی۔ سب رس)

چاتُرائیگی: عقلمندی۔ دانش مندی
ہور تیرے یہ چاترائیگیاں سوں میں انجان تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چاتک: پپیہا (اسم۔ مذکر)
1۔ چاتک ہوا ہے مج دل کہتا ہے پیو پیو کر (شاہی۔ کلیات شاہی) 2۔ وہ چاتک نہیں ہوں میں جو سانت گے پر+ ہر اک پانی سو لب اپنا کرے تر (ابن نشاطی۔ پھول بن)

چاتورائی: ہوشیاری (صفت)
جگ میں چلین نکتے ات چاتورائی سوں سو (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ

چاجتا: (مراٹھی) ظلم و ستم کرتا
پوچھے تج کنے چاجتا مارتا (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ)

چاچ: اضطراب
وہ صبح کی چاچ شام کی چام (محمود بحری۔ کلیات بحری)

چارنو آٹھ: چاند کی آٹھ تاریخ
تاریخ اس دن چارنو آٹھ (اشرف۔ نوسر ہار)

چار: (سنسکرت چارو) خوبصورتی۔ اچھائی
اس دیوے کا چار جسے کچھ کھورے سو دھرے سوں جووے (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

چار: چارا
جہاں ملتیں پانی چار (اشرف۔ نوسر ہار)

چار آئینہ: جنگ میں استعمال ہونے والا آہنی لباس (اسم۔ مذکر)
مواں چار آئینہ سوں مل دسے یوں (ابن نشاطی۔ پھول بن)

چارا: تدبیر۔ علاج۔ طاقت
ہمنا چارا نہیں ہمیں بچارے کچھ دو فرمایا سو کرن ہارے (وجہی۔ سب رس)

چاروکدن: چاروں طرف
انکھیاں کھول چاروکدن سب نجھا (طبعی۔ بہرام و گل اندام)

چاروں کھنڈ: (سنسکرت کھنڈ: حصہ۔ ٹکڑا۔ سمت) چاروں طرف
صفت اس کے نانو کی چاروں کھنڈ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چاری: چوتھا
کمل امام چاری سو پیر زین العابدین (شاہی۔ کلیات شاہی)

چارولی: چرونجی کا پھل۔ چرونجی (اسم۔ مونث)
تھوڑی ہے سیب دسناں جوں کہ چارولیاں ہیں چاریاں کی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چاڑ: (مراہٹی) محبت۔ چاہت (اسم۔ مونث) (اسم۔ مذکر)
1۔ جے ہے تجھ کوں میری چاڑ (اشرف۔ نوسر ہار) 2۔ معشوق کچھ کرے تو عاشق کی چاڑ (وجہی۔ سب رس) 3۔ سو اس بھوتیک تیری چھاؤں کی چاڑ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 4۔ کر انصاف اگر کچھ مراج ہے چاڑ (غواصی۔ طوطی نامہ)

چاڑی: چغلی۔ (اسم۔ مونث)
1۔ چاڑی سو کئی گھراں گئے چاڑی سوں بھوت ڈرنا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

2۔جو میں تمنا کی سو کوئی یو چاڑی بول بیٹھے گی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چاڑی خور: چغلی خور

1۔ ہے چاڑی خور کا منھ جگ میں کالا (ابن نشاطی۔ پھول بن)

2۔جھوٹیاں باتاں کئی کیا متی لوتری چاڑی خور (وجہی۔سب رس)

چاڑی کھانا: چغلی کھانا

ان حرام خور نے چاڑی کھایا (وجہی۔سب رس)

چاڑے: چغلی

کئے ہیں جو کئی لاکو چاڑے یو کام (غواصی۔طوطی نامہ)

چاشنی گیر: بکاول (اسم۔مذکر)

بلا چاشنی گیر قیصور شاہ (طبعی۔بہرام وگل اندام)

چاکراں: چاکر (نوکر) کی جمع (اسم۔مذکر)

1۔روتے اس کے اگے تھے جوں چاکراں (غواصی۔طوطی نامہ)

2۔ہمن سے تجے چاکراں سو ہزار (فائز۔رضوان شاہ وروح فزا)

چاک: چکھ

لذت چاک میویاں کی جن ہوئے شاد (غواصی۔طوطی نامہ)

چاک لگنا: نظر لگنا (چاک۔چک۔آنکھ)

1۔ لگے نا چاک دوتن کا نین کے منتراں سینتیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ لگے نہ چاک تیوں راکھے ہے اپنے کان پر طرہ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چاکھ لگنا: (سنسکرت۔چکش۔آنکھ۔نظر) نظر لگنا

مباوا نہ اس شہر لاگے نہ چاکھ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

چاکری چور: کام چور

نظر چاکری چور کیا کام اسے (وجہی۔قطب مشتری)

چاکنی: چاشنی۔مزہ (اسم۔مونث)

مدن کالا پلا شہہ کوں چمن کی چاکنی دے دے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چاکھنا: چکھنا

1۔بھوگنا، سونگنا، چاکھنا، دیکھنا، یہ فعل سب اس تن کے (برہان الدین جانم۔کلمۃ الحقائق) 2۔گماں پر نہیں زہر کوں چاکھنا (رستمی۔خاور نامہ)

چاکھیا: چکھا

چاکھیا ادھر سو تیرا شیریں ترک کیا میں (حسن شوقی۔غزلیات)

چاکھیں: چکھیں

لے میراں نبی کیرے دے میٹھای چاکھیں (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

چاکی: چکھی

دنیا کی لذت تج نہ چاکی ہے توں (غواصی۔مینا ستونتی)

چاکے: چکھے

1۔جن کے ہونٹ امرت کا لذت یک دیس چاکے تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جیتا جیو چاکے رس (شیخ داول۔کشف الوجود)

چالا: مکر وفریب

1۔سو استاد ہے ناز ہور چالے میں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔تج روپ کا یو جھلکا تج نین کا یو چالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چال: خصوصیت۔صفت

انسان میں ایسے ایسے چالاں ہونا کر کو بولتے تھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چالا: چال۔ادا

تج روپ کا یو جھلکا تج نین کا یو چالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چال پکڑنا: طور طریق اختیار کرنا

پکڑ کر بھونرنے کی چال پھر دو (ابن نشاطی۔پھول بن)

چال سکھانا: طور طریق بتانا۔تربیت دینا

او گوگر ایک غلام کو گانے بجانے کی چال سکھاتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چال کرنا: جانا۔چلنا

1۔کیا داں تے جوں چرخ ہفتم پہ چال (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔جو دھواں آگ پر کیا ہے چال (محمود بحری۔کلیات بحری)

چال ہونا: موقع پانا

دے جلوہ مشاطہ جو نروال ہوئی۔سو بھوگی نول شہہ کی واں چال ہوئی

(غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

چالک: غفلت (اسم۔مونث)

تو یہ چالک دم پر کوئے (برہان الدین جانم۔ارشاد نامہ)

چالی: چال (اسم۔مونث)

اس کی چالی نے کاڑی ہستی کی چال میں قصور (وجہی۔سب رس)

چام: جلن۔سوز۔زہر (اسم۔مونث)

1۔ او صبح کی چاچ شام کی چام (محمود بحری۔من لگن) 2۔ سپنوں لے اُپر بھونگ سٹیا ہے چام (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چام: چمڑا (پراکرت چمم۔سنسکرت چرم)

1۔ دلی میں جیوں تین دن سکا پیسے چلایا چام کے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

2۔ اب تو سب سوکھ چرم چام (میراں جی شمس العشاق۔شہادت الحقیقت)

چانپ: (سنسکرت چپے) دبا۔مڑوڑ

مگر چانپ بیٹھا اُتم ناگ جیوں (حسن شوقی: فتح نامہ نظام شاہ)

چانبھ: چانپ: دبانا۔مروڑنا

دیوں جیوڑا انزری چانبھ (اشرف۔نوسرہار)

چانپ: کمان (اسم۔مونث)

لگے سلنے گلے جنگل ستی چانپ (ابن نشاطی۔پھول بن)

چانپنا: (سنسکرت چپے) دبانا۔مڑوڑنا

دئیوں جیوڑا انزری جانبھ (اشرف۔نوسرہار)

چانپنے: (مراٹھی) دبانے

او شیطان آئی گلا چانپنے (طبعی۔بہرام و گل اندام)

چان: چاند (اسم۔مذکر)

چلو جائیں ڈیرے کہ ہے چان رات (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چانچی: چابک (اسم۔مونث)

1۔ دوسو چانچی سر اُپر ماریا۔ جو پھٹ کھوپری سر کا بھیجا ہلیا (رستمی۔خاور نامہ) 2۔ ماریا تیں چانچی اُنے بر ستور (رستمی۔خاور نامہ)

چاندا: چاند (اسم۔مذکر)

جھلکت نکلیا نس چاندا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

چاند گیراں: چاند گرہن (اسم۔مذکر)

اور نیت چاند گیراں کی یہ ہے (عابد شاہ۔کنز المومنین)

چاندنا: چاندنی (اسم۔مونث)

سوپی چاندنا دو دکالی دکھائے (غواصی۔کلیات غواصی)

چاواں: چاؤ کی جمع

1۔ اے چاواں دیکھ کر دو تن کوں پکڑیا تاب ہوا دہشت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ توں جہاں میں ار جو چاواں سوں بکاتا ہے دواں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ لگے پالنے اس کو چاواں سنگات (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔ رکھی ہے توں مج کوں چاواں سوں پال (غواصی۔طوطی نامہ)

چاوڑی: بازار۔بیٹھک۔تھانہ (اسم۔مونث)

1۔ پکڑ لیا دکو چاوڑی کوں بحری کوں (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔ تماشا چاوڑیاں کا ہوئے تو آدے گولکنڈے سوں (ہاشمی بیجاپوری۔دیوان ہاشمی)

چاولاں: چاول کی جمع (اسم۔مذکر)

بچھایا اوپر چاولاں کا سو کچھ (ہاشمی بیجاپوری۔یوسف زلیخا)

چائیں چاٹنا: گنجا

اتھا بھیں کے سر چائیں چاٹنے کا حال (نصرتی۔گلشن عشق)

چبکنی: طعنہ۔طنز۔(اسم۔مونث)

و لے چبکنی کی بات دل سوں نہیں نکالے جاتی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چُبا: کھبا

چبا آنک میں حسن اس اپروپ کا (غواصی۔طوطی نامہ)

چُپا: چھپا

نہ جانو پرم بن سے کن گل چپا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چُپتے: چھپتے

کبھی چپتے تھے اُس تکوے میں کانٹے (ابن نشاطی۔پھول بن)

چُپل: چلبلی

جتے دیویاں کے جو تیز و چپل (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

چُھبیں: چبھیں
کہ کانٹے چھبیں گے تیرے ہات کوں (غواصی۔کلیات غواصی)

چھپا: چھپا
لذت اس جھلکار کا چھپا ہے تج من میں عجب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چھبتی: چبھتی
ہے چھبتی مری نین میں وہ ہرن (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

چُھبے: چبھے
1۔چھبے تلوے میں جیو کے غم کے کانٹے (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔چھبے ہر گھڑی منج کلیجے کوں بھال (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔اس تھے گل کوں جو پھیر تھے چھبے کانٹے سوتن سب کوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔چھبے کانٹے جو چیرے گے سو پگ مائیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چُپ: یوں ہی۔بلاوجہ
1۔اٹھلتی ہور مٹھلتی چپ گھڑی دو چار بیٹھوں گی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔بڑیاں کوں بڑے چپ تمیں کہتے ہیں (وجہی۔سب رس)

چَپادھیر: چپا (چپ: بائیں + دھیر: طرف) بائیں طرف
یکس کوں کھیایوں چپادھیر دوڑ (غواصی۔طوطی نامہ)

چَپاراستا: دائیں بائیں
چپا ہور راستا باز دائل دو دل تھے یاد رکوں (نصرتی۔علی نامہ)

چپکیچ: خواہ مخواہ
ملک پھرنے کا لے تو چپکیچ ناتو (غواصی۔طوطی نامہ)

چَپَل: (اچپل) شوخ
چنچل چپل چت میں جھلانے جھولنا جگ جوئے تب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات قلی قطب شاہ)

چَپلا: بجلی (اسم۔مذکر)
چنچل کی چپلائی نہ دیکھ چپلا گگن میں جاوڑے (شاہی۔کلیات شاہی)

چَپلائی: سرعت۔تیزی
چنچل کی چپلائی نہ دیکھ چپلا گگن میں جاوڑے (شاہی۔کلیات شاہی)

چھپنا: شرمندہ ہونا
دوتن اس جھل تھے جیوکھن کھن چھپا ہو پکڑے ہے کونا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چُپی پکڑنا: خاموشی اختیار کرنا
زباں سوں کام نہ ہووے سمجھ کر ہوں چپی پکڑی (ہاشمی بیجاپوری۔دیوان ہاشمی)

چِت: دل۔خیال۔دھیان (اسم۔مذکر)
1۔جو ہے میرا پرت تج چت پسورن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔نہ ٹک دھیر دھر چت ہووے بے قرار (عبدل۔ابراہیم نامہ) 3۔جن ایک چت سوں غواصی تس نہیں کرتا (غواصی۔کلیات غواصی) 4۔لوگاں کی شکتی کو لگ چت آپنا چرانا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چِتادینا: جتادینا۔خبردار کرنا
انوں اکارت محنت ...... کرتے ہیں سواس سوں چتا دیوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چِتارا: مصوّر (اسم۔مذکر)
1۔چتارا جو دھن روپ لایا چتار (وجہی۔قطب مشتری) 2۔عطارد قلم لے اگر ہو چتارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔قلم نے کچھ عجب نقشہ چتارا (سید محمد والہ۔طالب وموہنی)

چِتارنا: تصویر کھینچنا
جنے کوئی تمارا روپ جو من میں چتارے ہیں علی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات قلی قطب شاہ)

چِتاری: مصور (اسم۔مذکر)
نہ چتاری سکے چتر لکھاون (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چِتارے: تصویر کشی کی
دہ محلاں چتر سوں چتارے تمام (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

چِتانا: بھڑکانا
1۔آج کی رات لڑائی کی آگ چتانا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
2۔غرض ان کی تج تیں چتانے پہ تھی (نصرتی۔گلشن عشق)

چِت پت: لت پت ہونا۔آلودہ ہونا
کدجیوں تلوار چت پت ہوئے زہر میں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چت چاؤ: (چت: دل + چاؤ: آرزو) دلی خواہش
نین وہ کھتی چار چت چاؤ تھے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

چت دھر سننا: توجہ کے ساتھ سننا۔ دل لگا کے سننا
آکھوں تجھ دھرن چت دھر (اشرف۔ نوسرہار)

چت دینا: دل دینا۔ محبت کرنا
توں ہت ہے تو چت دے تجے میں بنایا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چت چور: دل چرانے والا۔ محبوب (اسم۔ مذکر)
گر چہ چت چور چار دانگ میں ہے (سلطان۔ دیوان سلطان)

چت لگانا: دل لگانا
دعا ساتھ چت لائیاں چھین چھین (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

چت لائے کر: دل لگا کر
ذرا چت لائے کر سنو (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار)

چت مہانا۔ چت مُہنا: دل کا محبوب (اسم۔ مذکر)
کہ اُس بائیں کے گنتھ آچت مہانا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

چت نہالا: دل کو نہال کرنے والا۔ دل خوش کن
خیال یوسف اس کو چت نہالا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

چَتر: ہوشیار۔ عقل مند
1۔ بھید پاوے کوئی چتر (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ چتر ہوئے سب حال اپنا بسارے (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 3۔ سدنگ ناچ ناچیں چتر پاتر اس (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ) 4۔ کتے چتر بسرے کتے جیو کھوئے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

چِتر: تصویر (اسم۔ مونث)
1۔ دو محلاں چتر سوں چتارے تمام (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔ جیسا نقاش کرے چتر (محمود خوش دہاں۔ رسالہ وجودیہ)

چترا: اتارا۔ تصویر کشی کی
تیری کر مصور چترا ہے اس ادا سوں (ولی۔ کلیات ولی)

چترا: عقل مند۔ مہذب
چترا ہے اندر تے ادک جاگیر کا تیرے گنوار (ہاشمی۔ قصیدہ)

چترائی: چتورائی۔ ہوشیاری
1۔ گرد گر ہے سہیلیاں کی سو چترائی منے نس دن (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات قلی قطب شاہ) 2۔ تو سات ساتی کے چلی کیا خوب کی چترائی میں (ہاشمی بیجاپوری۔ دیوان ہاشمی)

چترپن: عقل مندی۔ ہوشیاری
بہت چالے چترپن کے کیا آج (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چترسال: (چتر=تصویر+سال: شالہ: گھر) نگار خانہ
چترسال دسنے لگیا ہر چھجا (نصرتی۔ گلشن عشق)

چتر لکھاون: تصویر کشی کرنا
نہ چتاری سکے چتر لکھاون (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

چترنا: تصویر کشی
چتر چترنا میرا کام ہے (وجہی۔ سب رس)

چترو: عقل مند۔ ہنر مند
چتری چتاری کیا چتر ایسا چتر چترو ہوں میں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

چترے: تصویر کشی کرے
کون چتری چترے اے نگار (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

چت سٹنا: دل دینا۔ محبت کرنا
سنا کرتی تھی دل کوں میں کہ چت سٹ دے پرت کی توں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چتل: چیتل۔ ایک جانور (اسم۔ مذکر)
1۔ کتک دن پچھیں جوں چتل رینچ باگ (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ اگر شیر نہ ہوئیں سارے چتل (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

چِتنی: کوک شاستر میں عورتوں کی جو چار قسمیں بتائی گئی ہیں ان میں سے ایک
اس چتنی کو دوسرے لوگاں سونچ ملنے دیتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چِتّی: چت
ہور پانی میں ڈبک کر اتھل ہور چتی تیرنے لگی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چَٹ: چاٹ۔ عادت (اسم۔ مونث)
مجھے یوں چھوڑ جانے کی بری چٹ ہے سریجن میں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

چَٹ: چاٹ: لت (اسم-مذکر)

1-کتے کئے اسے عشق کا چٹ ہوا (وجہی-سب رس) 2-سنے کا چٹ برابر آدمی کوں (وجہی-سب رس)

چَٹ: چاٹ-مزہ (اسم-مذکر)

کہ جس دیکھنے چٹ لگے اس دیدار (عبدل-ابراہیم نامہ)

چَٹ پَٹ: بےتاب

برہا ہے پاک تیرا کرتا ہے چت کوں چٹ پٹ (عبداللہ قطب شاہ-کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چٹپٹاوے: بےتاب ہوئے

بھوتیک چٹپٹاوے آپ میں آپ (احمد گجراتی-یوسف زلیخا)

چَٹ پٹی: بےچینی-تڑپ-اضطراب (اسم-مونث)

1-لگی چٹ پٹی نیند اڑی آنک تے (غواصی-طوطی نامہ) 2-بھوتیک تلملی ہور چٹ پٹی تھی (احمد گجراتی-یوسف زلیخا) 3-نپٹ چٹ پٹی سات یوں بول اٹھی (غواصی-طوطی نامہ) 4-لگی چٹپٹی سو آدھی رات کوں (غواصی-طوطی نامہ)

چٹپٹے: بےقراری-اضطراب

لگے بھو چٹپٹے مرنے نزیک ہوئے (احمد گجراتی-یوسف زلیخا)

چِٹک: چھینٹا-قطرہ-بوند (اسم-مذکر)

جگت اس واں دریا میں تھے یک چٹک (احمد گجراتی-یوسف زلیخا)

چَٹک: چسکا (اسم-مذکر)

نین کس چٹک لاگے کیا جانے عام (محمد قلی قطب شاہ-کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چٹکا: چمک دمک (اسم-مذکر)

تج روپ کا یو چٹکا تج نین کا یو چالا (عبداللہ قطب شاہ-کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چٹکارے: چٹخارے (اسم-مذکر-جمع)

بھنور بن ماں بہہ چٹکارے اُچالے (احمد گجراتی-یوسف زلیخا)

چٹکا لگانا: چسکا لگانا (اسم-مذکر)

کہ چٹکا لگا گئی سکی خواب میں (وجہی-قطب مشتری)

چَٹ: نیست و نابود

کثافت کفر دھویا سٹ کیا سب کافراں کو چَٹ (عبداللہ قطب شاہ-کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چٹ کرنا: مٹانا-ختم کرنا

بریاں کوں دنیاں میں تے سب چٹ کر (وجہی-قطب مشتری)

چٹکا: چمک دمک (اسم-مذکر)

تج روپ کا یو چٹکا تج نین کا یو چالا (عبداللہ قطب شاہ-کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چٹور: شوقین-شوخ

جھانکو کو سو پھن تجھ دل چٹور ہوگا (ہاشمی-دیوان ہاشمی)

چٹکنا: مٹکنا

چٹکتے آد چاواں سوں لٹکتے (احمد گجراتی-یوسف زلیخا)

چچانی: چچی (اسم-مونث)

1-برابر پوت سوں اپنے چچانی (محمود بحری-کلیات بحری) 2-پکاری کوئی دادی چچانی کے تئیں (ہاشمی-یوسف زلیخا) 3-پلانی بلانی چچانی ہے داس (احمد جنیدی-ماہ پیکر)

چچی: چوچی-پستان

نچوڑے سو دودھ پھر کر چچیاں میں نا جاوے (میراں یعقوب-شمائل الاتقیا)

چچھندریاں: چچھوندر کی جمع (اسم-مونث)

چچھندریاں ہور پڑنے لگیاں جگ کے پانوں (نصرتی-علی نامہ)

چچھندریاں: آتش بازی کی ایک قسم جو دکن میں آج بھی بنائی جاتی ہے

چھڑیاں توٹ ہوا بان چچھندریاں ہویاں (حسن شوقی-میزبانی نامہ)

چچلانا: چیخنا

دھن ہانک ساری چچلا کر اٹھی (وجہی-سب رس)

چچونڈا: چوڑی کی ایک قسم (اسم-مذکر)

چچونڈا خاتی نقد اکریا دھار کیا کرنا (ہاشمی-دیوان ہاشمی)

چچونڈے: چچونڈا (ایک ترکاری جس کی شکل سانپ کے جیسی ہوتی ہے اور مزہ ترائی کا سا) کی جمع (اسم-مذکر)

چچونڈے پڑے اچتے بیلاں میں جیوں (وجہی-قطب مشتری)

چڈر: چادر (اسم-مونث)

عورتوں کے برابر سیر پر چدر ڈالتاں (عابد شاہ۔کنزالمومنین)

چڈائی: چڑھائی

چڈائی جگ وہن مانک مولک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چڈھی: چڑھی

اجڑ گی کیوں ستی پایلاں چڈی دیوار چوری سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چراغ پڑنا: چراغ گل کرنا

ورنیں تو چراغ تیوں پڑا ہے (محمود بحری۔من لگن)

چراغ سلگانا: چراغ روشن کرنا

او گھر والی چراغ سلگاتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چر: چیرا: (چیرا) کپڑا (اسم۔مذکر)

چر کنارے کے تھمن ابنر کماں لیایا بسنت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چراؤ: چیرا ہو حصہ۔شگاف

ایک میخ اس لکڑی کے چراؤ میں ٹھوکتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چرب: چربی۔چکنائی (اسم۔مذکر)

پھلیل اب چرب وزری کیا دھرے ہے (شفیق۔تصویر جاناں)

چرپری: طرار

بری ایسی تو نئی ہے کچھ زباں کی چرپری ہے ہور (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چرچرانا: چیخنا چلانا۔بکواس کرنا

اے دومنھ بہت مت چرچرا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چرتیاں: چیرتی (فعل۔مونث) کی جمع

نیزے کی انیاں سینہ چرتیاں (رستمی۔خاور نامہ)

چرخ ہونا: گردش کرنا۔چکرانا

جو یاد آئی وو دھن سو ہو چرخ دئیں (غواصی۔سیف الملوک بدیع الجمال)

چرخے بریں: چرخ بریں

دیک اس شہ کی ہمت کوں چرخے بریں (غواصی۔طوطی نامہ)

چرس: حسد۔رشک (اسم۔مذکر)

لوگ اس پر چرس کرتے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چرسی: حاسد

اٹواں باب چرسیوں تیئں ڈرتے اچھنے...... کے بیان میں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چرغنا: چھپانا

جنا در چرغتے تھے سب ذوق سوں (وجہی۔قطب مشتری)

چرکا: آگ۔شعلہ۔تپش (اسم۔مذکر)

1۔جیوں پھول میں باس یا دیوے کے گلے میں چرکا (میراں جی خدانما۔رسالہ وجودیہ) 2۔مثلاً چرکا سو ذات ہے ہور گل سو وجود ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

چرکٹناپنا: خباثت (اسم۔مذکر)

چرکٹنا پنا ہور کم ہمتی سے بخیل .... پیدا ہوئے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

چرکھاؤ: چرنے والا۔جانور

اس جنگل میں بہتا وچن کھاؤ پھاڑ کھاد سولے کر چرکھاؤ تلک جے تھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چرکی: پچکاری جو رنگ کھیلنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے (اسم۔موںث)

سورو مار دم چرکیاں لائے دھارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چرکیاں: چرکی (پچکاری) ہلکا گھاؤ

سورج کرناں کی چرکیاں ہت میں لے جھرے یک چپت سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چرم: کھال

کاس کرت کنجر پرشٹھ چرم دیا گرا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

چرمٹنا: چرمرانا

رہے چرمٹا اس تے ہر تن اکڑ (نصرتی۔گلشن عشق)

چرن: پاؤں، قدم (اسم۔مذکر)

1۔سیسوں نبی کا ہے چرن جب لگ ہے تن میانے جیا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سیس لیہ او پر رکھیا چرن (جانم۔ارشاد نامہ)

3۔کری سرہاں گرد شہہ کے چرن کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

4۔پڑی جادوڑ کر اس کے چرن پر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چرن: چرنا
راویں ہریں برن ہیں آتی ایں چرن کوں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چرناں: چرن (قدم۔پاؤں) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
سودھرسیں چرناں پہ پڑنے لگی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چرنجیو: حیات بخش
چرنجیو تکیں نت آنند سرا شرف مانو نورس محل کلیان (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

چرنو: (چرنوں) پاؤں (اسم۔مذکر۔جمع)
نین دونو مہ کے سو چرنو پہ دھر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چرن ہار: چرنے والا
سرگ امریت کا سبزا چرن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چریا: چرا
برہ کے درد کا چارا چریا سو (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

چڑا: چڑھا
سلا کج سوں خوب اس کے اوپر چڑا (غواصی۔طوطی نامہ)

چڑاوا کرنا: سبقت لے جانا
چڑاوا کیا سرگ پر اوگل (وجہی۔قطب مشتری)

چڑایا: چڑھایا
اپنے سر پر آپ چڑایا (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

چڑ پڑاتی: چڑچڑاتی۔الجھتی
ذری بات پر چڑپڑاتی اتھی (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

چڑ پھرانا: چڑچڑانا۔تلملانا
تک نہسیں تک روئیں چڑ پھڑیں یوں بھی تماشا دیکھیں (وجہی۔سب رس)

چڑتیاں: چڑتی (چڑھتی) کی جمع (فعل۔مونث)
کہاں چڑتیاں ہیں سب چیونٹیاں کا دستا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

چڑ دِسنا: بڑھ چڑھ کر دکھائی دینا
حصار اس کا کوہ قاف تے چڑ دسے (نصرتی۔علی نامہ)

چڑنت: چڑھنا
اسی سو ہے اُترنا پھر چڑنت ہوئے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چڑھت: چڑھائی۔فراز
چڑھت میں یوں چڑنے لگیں ماہ لگ (نصرتی۔گلشن عشق)

چڑی: چڑھی
تمن یاد کی مستی مج کوں چڑی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چڑی: چڑیا (اسم۔مونث)
1۔چڑی بوند ہیں نہ دریا سرے (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔اس جھاڑ پر ایک چڑی ستدام (غواصی۔طوطی نامہ)

چڑی: چڑھی
جنوکوں خدا کے ناتوں کی مستی چڑی وو اصل بہوت بڑے (وجہی۔تاج الحقائق)

چڑے: چڑھے
چڑے ہیں برق کے گھوڑے اوپر کیسے پوچھوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چڑیا: چڑھا
1۔سڑی خوش مرجے کی میں چڑیاں ہوں (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔خدا کا شکر کر کنارا چڑیا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا) 3۔اثر عشق کا آمرے سر چڑیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چشٹی: کوشش۔اذیت۔ (اسم۔مونث)
دلے کچ یہ چشٹی سکل برہ کی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چشما: چشمہ (اسم۔مذکر)
ترا لب سو چشما ہے آب حیات (رستمی۔خاور نامہ)

چشمی: عینک (اسم۔مونث)
جوں چشمی آنکھ کوں لائی تو پیارا کی نظر ایلا ر آتی ہے (میراں جی خدا نما۔رسالہ وجودیہ)

چشمیں: چشمے (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔دستے ہیں تارے ہور چندر+ پانی کے چشمیں دو کھڑے (نصرتی۔علی نامہ) 2۔ابل چشمیں بھرے سیرے بچن کے (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔اتھے جھاڑ چلنے کے چشمیں اُوپر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

چشمیاں: چشمے (اسم۔مذکر۔جمع)
چمناں ڈالیاں تے دستے + یو کنول پانی کے چشمیاں ہیں (نصرتی۔علی نامہ)
چغتہ: چغتائی۔مغل
چوندیس کے کفرکوں پہ چغتہ (محمود بحری۔من لگن)
چغتا چغی: لڑائی۔کشمکش
ویساچ دن پڑ گیا تو چغتاچغی بھی کر بیٹھنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
چغت: چغد۔الو۔بیوقوف (اسم۔مذکر)
چغت ہور ھیا کی خرابی منے (رستمی۔خاور نامہ)
چک: (سنسکرت) چکش۔آنکھ۔ (اسم مونث)
1۔کھلی چک کنور کی سو بے اختیار (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔یہ بچن جیوں انجن جان پایل کیری چک (میراں جی شمس العشاق۔وصیت الہور) 3۔کہ چنچل کی جوں چک میں غمزیاں کی فوج (صنعتی۔قصۂ بے نظیر) 4۔رین دل میں چک تے تارے توڑے (نصرتی۔کلام نصرتی)
چک: ذرا
1۔جو انپڑے چک پون اس کملائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔دیکھیا خوبی چک اندیش (اشرف۔نوسرہار) 3۔جو انپڑے تھے جیوان منیں چک نہ تھا (رستمی۔خاور نامہ)
چک اٹھا دینا: نظر پھیر لینا
چک اپنے جگ ستی بالکل اٹھا دے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
چکی انجن: (چکی۔آنکھ کا) سرمہ
بھی تس کی خاک چکی انجن اپن بناؤں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
چک باونا: نظر ڈالنا
تجھ زلف کے پرتاب پر چک باونے کیتے گذر (حسن شوقی۔غزلیات)
چک پھیرنا: نظر ڈالنا
نظامیں اوپر پھیریئے ایک چک (نظامی بیدری۔کدم راؤ پدم راؤ)
چکاریاں: چکاری (ایک جانور) کی جمع (اسم۔مذکر)
ہرن چیتل چکاریاں کوں کرے جوڑ (ابن نشاطی۔پھول بن)
چلکتاں: (چلکتی۔قاش۔قتلا) کی جمع (اسم۔مونث)
1۔چلکتیاں سراں کیاں تیرتے دستیاں کنول کے پھول سیاں (نصرتی۔علی نامہ) 2۔دیا پور اور کیاں چلکتیاں تمام (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
چکا چاک: چمک
ہوا واں چکا چاک تیغ و تبر (رستمی۔خاور نامہ)
چک چار کرنا: آنکھیں ملانا
میا سیتی کرو چک چار میری (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
چکائے: چکھائے
کدھیں کوئی نقل لیا کے شہ کوں چکائے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
چکارے: (چکارا۔ایک قسم کا چھوٹا ہرن) (اسم۔مذکر)
ولی آخر کیا ہے صید چیتے نے چکارے کوں (ولی۔کلیات ولی)
چکاٹھے: رنگ
چکاٹھے ہوئے ترک لب خشک سب (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)
چکانوں: چکھاؤں
چکانو لھو ترا اس تھے مانند مینھ (رستمی۔خاور نامہ)
چکائیاں: بزدل (صفت)
چکائیاں پر ظاہر نکو کس کرو (نصرتی۔تاریخ اسکندری)
چکائی: بہانا۔دھوکا (اسم۔مونث)
گیا پانی دے دنیا کو چکائی (محمود بحری۔کلیات بحری)
چکیں: آنکھیں (اسم۔مونث۔جمع)
دو چکیں سیاں موندی (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)
چک چک تجانا: آنکھیں خیرہ کر دینا
دکھادیں تو چک چک تجانے کی زیب (نصرتی۔گلشن عشق)
چکراں مارنا: چکر کاٹنا
چڑی گھونسلے کے آس پاس چکراں مارتی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
چکریاں: ایک قسم کی آتشبازی جو گھومتی ہے
1۔چکریاں سیس پھول لس کے الک (شاہی۔کلیات شاہی)
2۔چکریاں پھولبازی حد تے اپر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 3۔رہتا یوں چکریاں سر شور سوں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
چکر بالاں: گھنگریالے بال (اسم۔مذکر۔جمع)

چکر بالاں چندر مکھ پر جشیاں کا حشم پکڑے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چکرت: (سنسکرت چکت) متعجب۔حیران
تری زلفاں کے حلقے نے کیا گرداب کوں چکرت (ولی۔کلیات ولی)

چکرنگ: ہنس (اسم۔مذکر)
یا چکرنگ چندر چند نا راس موتی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

چکڑ: کیچڑ۔تقلیب حروف (اسم۔مذکر)
1۔دل کی ماٹی کوں بہشت کی چکڑ تھے لیائے ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا) 2۔یہ حلوا چکڑ ہور بالا کھجال (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چکسا: ایک خوشبودار سفوف۔ابٹن (اسم۔مذکر)
1۔بجز چکسا ابٹن نہاتا نہیں ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔لگائی ملای کا چکسا سر پر (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔عنبر مشک زعفران چکسا کلا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔کہیں ہت عشق تے دھو کر سو چکسا خاک کا لاویں (حسن شوقی۔غزلیات)

چکل: بھینچا
چکل بانہاں سوں کس کس لیوؤں اس میں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چکل: دبا
کہ ہاؤ کوں نہیں پکڑیا مٹھی میں کوئی چکل (غواصی۔کلیات غواصی)

چکل چکل گلے لگنا: بھینچ بھینچ کر گلے ملنا
بعد از ملاقات ہات مین ہات دونو کی چکل چکل گلے لگی (وجہی۔سب رس)

چکلنا: بھینچنا
گلے لائے شہہ یوں سو دھن کوں چکل (وجہی۔قطب مشتری)

چکلاٹ: جوش۔شدت
1۔کیا سو دکھ ہینے میں عشق چکلاٹ (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔ہوا ہے سخت چوندھیر تھے بڑا چکلاٹ ہینے میں (غواصی۔کلیات غواصی)

چکلنا: کچلنا۔بھینچنا
تو چلتا جگ کے جیواں کوں چکلتا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چکلتی: دباتی
1۔سماں اجڑی یو کیسی خوں پکڑتی چکلتی نہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔جتے وقت تیرا چکلتی گلا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چکلی: پار کیا۔گذری
گلی ہور بازار چکلی نہ تھی (غواصی۔طوطی نامہ)

چکلیا: بھینچا۔دبایا
یولیا پونچ گھوڑے پہ چکلیا اوراں (رستمی۔خاور نامہ)

چکمک: چقماق (اسم۔مذکر)
1۔عبادت کی چکمک و کف صدق اپار (وجہی۔قطب مشتری) 2۔دسے دور تھیں لعل چکمک کے سار (نصرتی۔علی نامہ) 3۔نہیں چکمک سوں کوئی کام اس ٹھار (ابن نشاطی۔پھول بن)

چکنے گھڑے پر نیر ڈھل جاتے: بے حس پر کسی بات کا اثر نہیں ہوتا
تو جوں چکنے گھڑے پر نیر ڈھل جائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چکوٹ: اچھا۔پسندیدہ۔عمدہ
1۔پیارے سوں جو برائی آتی ہے سو چکوٹ معلوم ہوتی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 2۔دسے کان شربت کا بائیں چکوٹ (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔سراپے زردی گردتے سوں چکوٹ+محل موتیاں کا او رتے کا کوٹ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چکور: ایک پرندہ جو چاند کا عاشق سمجھا جاتا ہے (اسم۔مذکر)
نین ہماری چکور ہو حیرت سوں رہے چاند (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

چکھ: (چک) ذرا۔تک
1۔جو انگلی چکل چکھ دھرتا رہے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔استوت لوڑوں کرنے چکھ (جانم۔ارشاد نامہ)

چکھ: آنکھ
سو دیکھت نور چھلکا چکھ پنکھیر و مرگ سب بھلتے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چکھ: ذرا
استوت لوڑوں کرنے چکھ (جانم۔ارشاد نامہ)

چکھاؤنا: چکھانا
چکھاؤنے مجے آنند سات لیائے آج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چکھی: چکی

ہتیاں کوں گھال پستے کیاں چکھیاں تھیاں (مومن۔اسرارِ عشق)

چگر بال: نوخیز بال۔(چگر = الی کو نوخیز کونپلیں)

پیاری چگر بال کوں ہیری عجایب سو+ بنامالی کنا پالی رھیا تیری عجایب سو (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چگل: ترکستان کا ایک مقام

سب پری پیکران چین و چگل (عابد شاہ۔کنزالمومنین)

چگل: گندے

نہ کہتے مجھے بول بولے چگل (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

چگہگ: جلدی جلدی

جب تلک اس چک کوں ہے چلپک چلپک + دیک لے بنگاب کی سرخی تک یک (محمود بحری۔کلیات بحری)

چل: پہاڑ (اسم۔مذکر)

دیسیں آب کے جھاڑ جیوں ہست چل (عبدل۔ابراہیم نامہ)

چل: چہل۔چالیس

موئے جھگڑے میں مرد بھی چل ہزار (رستمی۔خاور نامہ)

چلاون ہار: چلانے والا

کہ ہے مدام مرالاذتوں چلاون ہار (غواصی۔کلیات غواصی)

چلبلانا: شوخی کرنا

میں بھی چلبلانے جانتی ہوں (وجہی۔سب رس)

چلبلنا: بے چین ہونا

تو اس بات کو دل مرا چلبلیا (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

چلبلائی: شوخی

دونین کی چلبلائی کھیل ہر یک وضع سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چلبلیاں: چلبلی کی جمع

نجل ہو ڈھال کے موتی ڈلیں جب چلبلیاں بالیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چلچلا: چھلا ہوا

گلا یو آہ بھرنے تھے ہوا ہے چلچلا یارب (غواصی۔کلیات غواصی)

چل چلاؤ: حملہ۔(اسم۔مذکر)

تمھیں سب تیار ہو جاؤ آج کے روز دشمن پر چل چلاؤ ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چل چلی: شوخ۔چنچل

آسائش تُمیں کنے لگ آواز چل چلی کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چل چلیاں: چٹکیں (اسم۔مونث۔جمع)

سو رونے لگے چل چلیاں مار مار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چلم: چلمن

چلم ابریشمی موتی کنارا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

چلن: چال۔رفتار (اسم۔مونث)

1۔چلن میں ڈگگی چھن چھن ہو یاں بھی بالیاں باولیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔چلن بولن لگن سب پائے یوسف (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چلنت: چلن۔چال ڈھال۔رواج

1۔جکوئی یو چلنت ہے وہ کامل ہوتا ہے (وجہی۔سب رس) 2۔محبت میں الٹے چلنت کی چلنت ہے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔چلنت ہور صورت میں ہے توں لی شیر (رستمی۔خاور نامہ) 4۔مرے عورتاں کے چلنت کھوتا (علاء الدین لفقیر۔ابلیس نامہ)

چلتر کرنا: چال چلنا۔دھوکا دینا

چلتر کر کے آتی ہے بڑی ٹھنکار چوری سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چلتر: چالبازی۔مکر

چلتر تو عورت کے ہیں بے شمار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چلتر: جعل ساز۔چلباز (یہ لفظ جلتر بھی استعمال ہوا ہے)

چلتر بھریاں ہیں جو بختاں جلیاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چلن ہارا: چلنے والا

چلن ہارا کی کھوج پر کھوج ہو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چلنہاریاں: چلنے والے

چلن ہاریاں کی گپ دھرتی لگے کاں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چلنہارے: چلنے والے

چلنہارے کوں تمیں زمیں پر بھی راہ (رستمی۔ خاور نامہ)

چَلپیاؔ: چلا

1۔ جو ایلاق جھگڑے تھے پھر کر چلپیا (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ چلپیا جنگل منے کھاتا او پالا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

چَلپیاں: چلی (فعل۔ مونث) کی جمع

1۔ چلیاں لے کے ناریاں سو سب مل تمام (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ اکھرتیاں وپھرتیان اوجھلتیاں چلیاں (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

چَماما: پاپوش۔ نعلین

کہ چمامے انوں کے میرے تاج ہیں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

چَم: چوم

رضا لے کے حاجب چلا چم چرن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

چَمارے: اجرام فلکی (اسم۔ مذکر۔ جمع)

1۔ سرج تج آنہارے سو بشر جن ہور چمارے سو (غواصی۔ کلیات غواصی) 2۔ دسیں سیوک اس کے چمارے تمام (غواصی۔ طوطی نامہ)

چُمبک: مقناطیس (اسم۔ مذکر)

لھوا دوڑتا ہے چمبک کے کدن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

چَمت: چمتکار۔ معجزہ (اسم۔ مذکر)

چمت روپ دوڑیں سو ایسے شتاب (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

چمتکار: کرشمہ۔ معجزہ (اسم۔ مذکر)

لوئن بیچ پر چھائی پیو کی مورت اچھ رچ چمتکار (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

چمتے: چومتے

کہ پھولاں کیرے مکھ چمتے اہے (وجہی۔ قطب مشتری)

چُمٹی: چیونٹی

1۔ دشمن اگر چمٹی ہے تو بھی عداوت سر چڑھے گی (وجہی۔ سب رس) 2۔ ایک چمٹی کی ہے روزی بے سبب (وجدی۔ پنچھی باچھا) 3۔ گیا اس جنگل میں جاں چمٹی نہ تھی (رستمی۔ خاور نامہ) 4۔ جو جا سنگ ہے چلنے کو چمٹی کی جھیل (نصرتی۔ تاریخ اسکندری)

چُمٹیاں: چیونٹیاں (چمٹی۔ چیونٹی) کی جمع

اس چمٹیاں میں کوئی اپرال آگا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

چُمٹا: چیونٹا (اسم۔ مذکر)

چمٹے کی دیکھ ہمت جو اس حقارت آیا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چَمر: چمڑا۔ جلد

کروشاگی کنٹل کیس پانڈو گال چمر سیت دستر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

چمرق: چمگادڑ۔ کلمہ تحقیر۔ (اسم۔ مونث)

چمرق تو ہے اجر گی چپ ہاشمی سراتے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

چم چاٹ: چوماچاٹی

سو چم چاٹ چھاتی سوں لانے لگیا (وجہی۔ قطب مشتری)

چم چرن: قدم بوسی

1۔ رضا لے کے حاجب چلا چم چرن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ جو بولی انے سو کیا چم چرن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

چَم چَمے: بچھن کی آواز

مت کر کے بچھن بنائے چم چمے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

چُمک: مقناطیس (اسم۔ مذکر)

1۔ چمک سار کھینچے وہ دھن اپ رمن (نصرتی۔ گلشن عشق) 2۔ چمک کھینچ لیتا ہے جیوں سار کوں (وجہی۔ قطب مشتری) 3۔ تو درگہہ چمک میر من سار (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

چَمکاٹ: چمک (اسم۔ مونث)

ہر آن چمکاٹ بجلی کا ہور گر جاٹ بدوتی پر تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چَمکار: چمک (اسم۔ مونث)

1۔ چنچل تج نیناں کی چمکار دیکھ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ اول پر ہے مہتاب کا خوش چمکار (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

چَمکار: آواز نکال کر ڈرانا (اسم۔ مونث)

کیئے چمکار سر بازاں کو پرواز (ابن نشاطی۔ پھول بن)

چمکاوتا: چمکاتا

کہ ذرے کوں سورج چمکاوتا ہے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

چُمن: (سنسکرت چمبن) بوسہ

مدن کا ہے پلا شہہ کو چمن کی چاشنی دے دے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چھوٹا: چمڑے کا تسمہ

توں جان بھی تیرے چھوٹے (محمود بحری۔ من لگن)

چنبار: چمار۔ ایک ذات

چنبار تیز چھری فقیر کے ہات پر رکھ کر کاٹنے سنگتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چنبل: چنبیلی

نہ چکسا ہے چنبل بلکہ وہ (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چمناں: چمن کی جمع (اسم۔ مذکر)

1۔ چمناں کی آرزو میں بیٹھے ہیں مئے پرستاں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ کہاں ہے وہ چمناں کی ٹھنڈی ہوا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 3۔ کہوں واں کے چمناں کوں میں کیوں چمن (غواصی۔ طوطی نامہ) 4۔ کریں مدح جھاڑاں سوں چمناں ترا (غواصی۔ طوطی نامہ)

چمنے چمن: چمن چمن

1۔ بکو رام کو ڈھونڈو چمنے چمن میں (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 2۔ سو چمنے چمن گشت کرنے لگیاں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

چمے: بوسے

چمے لک محبت سوں دینے لگے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

چمیاں: چمہ (بوسہ) کی جمع

چمیاں کا چاکنا کر چاکتے تھے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

چنبر: (فارسی) گول۔ مدور

جو شہہ رجھانے چاند اہیں چنبر کھلے کا بھاگ اُسے (نصرتی۔ علی نامہ)

چنبرا: چمڑا۔ کھال

او چار چیزیں جو باپ تھے ہے سو ہاڑ اور رگاں اور جنبرا اور گود ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

چنمڑیاں: چنمڑی (چمڑی: جلد کی انفیائی ہوئی شکل) کی جمع

لیا کاڑ کپڑیاں کو چنمڑیاں سنگات (نصرتی۔ علی نامہ)

چنبک: مقناطیس

جوں کہ چنبک سوئے بکار (جانم۔ ارشاد نامہ)

چنپک: ایک پھول

1۔ اسا دری استری گوری چنپک سار (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

2۔ کانٹھ کلپ برچھ تج پگلا جڑ بالا تنبول پتر پھل اسال چنپک سمن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

چپنیئی کلی: چمپے کی کلی

1۔ پڑے کی نظر جب وہ چپنیئی کلی (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ ہے چپنیئی کلی سوں ناک تجھ فاضل ہے سوسن سوں زباں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

چنت: (چنتا) فکر (اسم۔ مونث)

1۔ مری چنت کرتے ہیں ساجن پرت سوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ مگر تو بوجتی ناہیں پرت چنت (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔ اب دنیا تھے چنت پھراؤ (اشرف۔ نوسرہار) 4۔ دو چنتا ہوا من میں غم بھید سب (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

چنتے: (چنتا) فکر

زلیخا سر پڑی چنتے کی غل ماں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) کیا چنتے میں توں پڑیا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چنتا بر لیانا: مراد پوری کرنا

تو سائیں گنونتا میرا بر لیا چنتا مرا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چنتیں: سوچیں۔ غور کریں

نہ چنتیں برا کچھ تجھ کام پر (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

چنتا پران: فکرمند جان۔ فکرمند انسان

رھیا چوپ گھٹ کر دو چنتا پران (غواصی۔ طوطی نامہ)

چنچے: املی کے بیج (اسم۔ مذکر)

چنچے کر کو رولیں گے یاں مال کوں (فائز۔ رضواں شاہ و روح افزا)

چنچل: شوخ (صفت)

بڑا شوخ چنچل واچپل پیا ہے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

چنچلاں: چنچل (شوخ) کی جمع

چنچلاں کے چمن کو مالی (محمود بحری۔ کلیات بحری)

چنچلائی: شوخی۔ چنچل پن

1۔ بجاتی ہے چنچلائی کا کوئی کمانچہ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ سکل چنچلائی منے بے نظیر (صنعتی۔ قصۂ بے نظیر)

چنچی: وہ چھوٹی تھیلی جس میں کنگھی رکھی جاتی ہے (اسم۔مونث)
کنگی کوں توں چنچی میں راکھے ہے باند (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چَند: چاند (اسم۔مذکر)
توں سور چند کے سر پر تارا ہر اک سما کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چَند: چندا (اسم۔مذکر)
1۔نہ اکاس دھرتی نہ دیو نہ چند (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔پیاری بھنواں ہیں تیریاں جوں کہ چند (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ارنبؐ شہادت اس کن چاں خوب پانی میں چند (میراں جی شمس العشاق۔مغز مرغوب)

چَندا: چاند (اسم۔مذکر)
1۔اشارت کر چندا کوں پھاڑے جوں کپڑے کے لیے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔اسد جائے خورشید سرطاں میں چندا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

چَنداچوندوان: چودھویں کا چاند (اسم۔مذکر)
چنداچوندواں خسروی برج کا (وجہی۔سب رس)

چندچودواں: چودھویں کا چاند۔ماہ کامل
اَحَدْ اختر اں سوں چنداچودواں کیا (غواصی۔مینا ستونتی)

چندر: چاند (اسم۔مذکر)
چندر غواص ہو آیا گگن سمدر بھتر دھایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چَندھوئی: چندری۔ (اسم۔مونث)
سدا سر کوں بس یک چندھوئی بچے (غواصی۔طوطی نامہ)

چَندر جوت: آتش بازی کی ایک قسم
1۔چندر جوت ہنستی ہے چندر کے تئیں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔چندر جوت مہتاب اتھے بے شمار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چَندرُیاں: ماہ رخاں۔چاند جیسی صورت والے
چندرُیاں ہر روز مجلس کوں سونوبت کیتے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چَندر مکھی: خوبصورت چہرہ
1۔ناپا سوں بھید ہمیں چندر مکھیاں کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔جو تھی عورت اس ایک چندر مکھی (غواصی۔طوطی نامہ)

چَندر مکھیاں: مہ رخاں۔خوب صورت عورتیں
کہ جوت سوں چندر مکھیاں شبرات کوں جھلکائے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چَندر کلا: ایک زیور کا نام۔چاند کا سولھواں حصہ
چندر کلا تیرا گلا ہے نرملا اسے اچکلا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چَندر بھان: چاند سورج (اسم۔مذکر)
نہ کہہ بدر سا بل چندر بھان ہے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

چَندرروپی: چاند کے جیسا خوبصورت
چندرروپی اے بھوگن (اشرف۔نوسرہار)

چَندرگل: رات کو کھلنے والا ایک سفید پھول (اسم۔مذکر) اس کو گل مہتاب اور گل چاندنی بھی کہتے ہیں
1۔چندرگل دھرے بدر کامل کی تاب (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔لے آیا نور سا تکڑا چ کا ندھے سٹ چندرگل کا (نصرتی۔علی نامہ)

چَندرگُن: چاند کے گن (اوصاف) رکھنے والا مہ ضیا
1۔او حسینا چندرگن (اشرف۔نوسرہار) 2۔ہے حسین اے چندر گن (اشرف۔نوسرہار)

چَندرمکھیاں: چاند جیسا خوب صورت چہرہ رکھنے والیاں
سو طاسک سور کا لے کر چلیاں چندر مکھیاں ملکت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چَندرویني: ایک قسم کی بین (اسم۔مونث)
چندروینی پنم چند دھات سو ہے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چَندن: صندل (اسم۔مذکر)
1۔یا جوں چندن سیتل سات (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔زمیں کوں تگرلائے تھے گھس چندن (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔چندن پرل گلاب آنگن میں چڑکائی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چاندنا: چاندنی (اسم۔مونث)
سوپی چاندنا دو دکالی دکھائی (غواصی۔کلیات غواصی)

چَند ناں: چاند (اسم۔مذکر)

جس گھر ہو پونیو کا چندناں (اشرف۔نوسرہار)

چندنا: چاندنی (اسم۔مذکر)

1۔کہ چندنا تج چندر کیرا چھاتی ہے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔دنیاں گھڑا بھرے چندنا دوو (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 3۔چندنا نہ ہوئے تابش ہے یو گوری کے گورے رنگ کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چندنی: چاند۔خوبصورت لڑکی (اسم۔مونث)

1۔مری چندنی کوں بھاں کیسا ہوا (وجہی۔قطب مشتری) 2۔یو چندنیاں ساریاں اس سورج پر اس چاند پر تارے واریاں (وجہی۔سب رس)

چندنی: چاندنی (اسم۔مونث)

1۔جورات آئے چندنی کی مج کوں ستاوے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔دوپہری تک صاف چندنی میں جوں (صنعتی۔قصۂ بے نظیر) 3۔مصلا جگ پو چندنی کا بچھایا (ابن نشاطی۔پھول بن) 4۔وہ چندنی کا چونا لگا کاندے کاند (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چندنیاں: چاندنی کی جمع

چندا چندنیاں لس جگاؤ (جانم۔ارشاد نامہ)

چندنیاں: (چاندنیاں) وہ چادریں جو فرش کے طور پر بچھائی جاتی ہیں۔

تواسیاں شلر بچھاں سوزنیاں پلنگ نہالچہ چندنیاں دو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چندنے: چاندنی

سورج دیکھ مغرب میں چندنے کی چھاؤں (نصرتی۔کلام نصرتی)

چنڈری (چنڑی): دوپٹہ۔دھاری دار کپڑا (اسم۔مونث)

چنڑی کی کسوتاں کر آیا ہلال عید (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چنڑی: دوپٹہ (اسم۔مونث)

بسنت باس چمن چمن کے چنڑی بندھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چنڈو: کھیلنے کا گولا (اسم۔مذکر)

یا جیوں چنڈو کیری دھات (جانم۔ارشاد نامہ)

چندھوتی: چندری (اسم۔مونث)

سدا سر کوں بس یک چندھوتی بچے (غواصی۔طوطی نامہ)

چنڈھول: عماری (اسم۔مذکر)

اٹھا پیٹھ پر اس کے چنڈھول ایک (غواصی۔طوطی نامہ)

چنڈوتی: سر پر باندھنے کا کپڑا (اسم۔مونث)

جو کھاندے چوالا چندوتی ہے سیر (غواصی۔مینا ستونتی)

چُن کھاؤ: چن کر کھانے والا۔پرندہ (اسم۔مذکر)

اس جنگل میں بہتا د چن کھاؤ' پہاڑ کھاؤ سوں لے کرچ کھاؤ تلک جے تھے۔

(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چنگا: اچھا بھلا (اسم۔مذکر)

شرم ڈھانپ کر میں کیا اس چنگی (غواصی۔طوطی نامہ)

چنگال: غضب۔طاقت

دلیراں کا جھگڑا توں دیکھیا نہیں+توں شیراں کا چنگال جا کھیا نہیں (رستمی۔خاور نامہ)

چنگیریاں: چنگیری۔(وہ ظرف جس میں پھول رکھے جاتے ہیں) کی جمع

اُچھالن پھول تاریاں کے فلک چنگیریاں پکڑے (غواصی۔کلیات غواصی)

چنگی: چنگاری (اسم۔مونث)

1۔چنگیاں ہیں ڈورے لال رنگ شعلے سو رخسارے اہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔لکیاں دسنے چنگیاں سوں مل کر دھواں (وجہی۔قطب مشتری) 3۔مج عشق کیری آگ کا یک چنگی ہے سورج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔نہ چنگی نہیں جانتے ہیں کر (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

چنگیاں: چنگی (چنگاری) کی جمع۔چنگاریاں

1۔تو کیوں واں جگے گی سو چنگیاں کی جوت (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔چنگیاں شگفتہ ہوئیں کھل آپس میں جیوں گلال (غواصی۔کلیات غواصی) 3۔کھڑک کوں کھڑک لگ سو چنگیاں جھڑیاں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 4۔اڑیاں چنگیاں تیزیاں تھے جانو شہاب (رستمی۔خاور نامہ)

چنگے گُن: اچھی صفات

اس ناں کرتوں چنگے گن (اشرف۔نوسرہار)

چنول: (چانولے کی بھاجی) ایک بھاجی کا نام جس کا مزہ کسی قدر ترش ہوتا ہے

متھی سوئی چوکا موتی چنّول (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

چوا: ایک قسم کا خوشبودار تیل ۔ (اسم ۔ مذکر) عود سے نکالا جانے والا تیل ۔ ایک سیر عود سے دو تا پندرہ تولے چوا نکلتا ہے

1 ۔ لگایا اپر اس کے چوا چندن (بلاقی ۔ معراج نامہ) 2 ۔ چوا جیوں لعل کے پیالے میں گھالے (ابن نشاطی ۔ پھول بن) 3 ۔ اگر عشق تمیں تو کی جل کے اگر + چوا ہوا ہے دھن کی چھاتی اوپر (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

چُوا: چوہا (اسم ۔ مذکر)

کہ کیوں کھودڈ انگر چوا مارنا (نصرتی ۔ علی نامہ)

چووا: ایک خوشبودار شئے

1 ۔ چووا موگر لل ہور مہندی سٹی ہے ہار پھولوں کے (ہاشمی بیجاپوری ۔ دیوان ہاشمی) 2 ۔ ہزار اونٹ صندل اگر ہور چووا (طبعی ۔ بہرام و گل اندام)

چُنن ہار: چننے والا

دغا باز عیاں چنن ہار ہیں (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

چُنیاْ: منتخب کیا ۔ چُنا

1 ۔ چنیا خوب کوں اپنے خاصاں منے (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 2 ۔ مالک سات دینے سواراں چنیا (ہاشمی ۔ خاور نامہ)

چنیاں: سینیاں (بڑی تھال)

رکھے لا کے خشکے کے چنیاں بھرے (طبعی ۔ بہرام و گل اندام)

چُبتے: چبھتے

کبھی چبتے تھے اُس تلوے میں کانٹے (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

چوالا: (مراٹھی) ایک قسم کا معمولی کپڑا (اسم ۔ مذکر)

1 ۔ کاں بے بہا پٹولا کاں کم بہا چوالا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2 ۔ جو کھاندے چوالا چندوٹی ہے سیر (غواصی ۔ مینا ستونتی)

چُوب: چبھ

وہ صورت نظر میں رہی چوب کر (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

چوبنا: چبھنا

ساقی ترے تازی کی چھب چوبے صبا کی نین میں (نصرتی ۔ علی نامہ)

چوبن ہار: (چبھن ہار) چبھنے والے

چوبن ہار تھے بال اس کے سکل (صنعتی ۔ قصۂ بے نظیر)

چوبھے: چبھے

جو چوبھے بچھانا جیو ہوئے اس تل (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

چُوبے: چبھے

چوبے کانٹے گیا تھا پیٹ کا کھال (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

چوبی: چبھی

چوبی ان کے نیناں میں بے اختیار (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

چوبیا: چبھا

چوبیا جیو کے چرن میں غم کا کانٹا (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

چُوبیاں: چوبی (چبھی) کی جمع

چوبیاں ہیں سو پیکر کے دل جیو تن (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر)

چوپ: چپ

1 ۔ پڑیا گھر میں آ چوپ دلگیر ہو (غواصی ۔ طوطی نامہ) 2 ۔ دیکھن ہار تھی چوپ (شیخ داول ۔ کشف الوجود) 3 ۔ جو منج کوں بولتے تھے سب رس چوپ (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 4 ۔ جنا کہتا اتھا کہ چوپ رہیا او (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

چُوپ کر رہنا: خاموشی اختیار کرنا

اسی آس سوں چوپ کر رہی اہے (وجہی ۔ قطب مشتری)

چَوپڑ: چاروں طرف

آخر ہوگا چوپڑ گھات (شاہ ابوالحسن ۔ سکھ انجن)

چُوپچ: چپ ہی ۔ چپ تا کیدی (مراٹھی) خواہ مخواہ

چوپچ دیو پوجے کوں دیول میں جاتا (شاہ تراب ۔ من سمجھاون)

چَوپھیر: چاروں طرف

1 ۔ کہے کے چوپھیر پھرتے ہیں (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا) 2 ۔ کھلا جوں چاند کوں چوپھیر بیٹھیاں (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 3 ۔ پھروں جا کے عالم کے چوپھیر میں (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

چُوتا: ٹپکتا

طرح کے لال تاریاں تھے چوتا شراب لال (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چوترا: چبوترہ

1۔چمن چوترے صحن میں سج اچے (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔لیلاٹ کے چمن میں ٹلا چند چوترا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چوٹاں: چوٹ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

تیری نین کے چوٹاں تے منج کیا حوادث (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چوٹی کا پھندنا: موباف

چوٹی کا پھندنا ہے طاؤس کا تلا جیوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چوچ: (راجستھانی) طلسم۔کرامت

طلہ سو بھی اللہ کریں کر پر چوچ بکھانے (میراں جی شمس العشاق۔خوش نغز)

چوچاں: چوچ (چونچ) کی جمع (اسم۔مونث)

بیویں شیراں کو سو چوچاں ڈوبا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چودِس: (چاروں دشا) چاروں طرف

نین اُس کے ہیں دو نرگس، بھویں کانٹے اسے چودس (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چودویں: چودھویں

چودویں تارا و مرد کے ہر گھڑی (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)

چودھویں چاند: ماہ کامل

سُم اس کے چار جیسے چودھویں چاند (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چودہ سپٹوری: چودھویں کا مکمل چاند

تو اس کوں سب ستاریاں میں کلا چودہ سپٹوری ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چودہ بھون: چودہ طبق

چودہ بھون تج علم تل جم کر سکا پردھان توں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چوڈول: ڈولا۔سنگھاسن (اسم۔مذکر)

فلک لیہ چوڈول کھنڈ آپ چل (فخر دین نظامی۔کدم راؤ۔پدم راؤ)

چوڈھل: عماری (اسم۔مذکر)

1۔مگر تھا اسی تے وہ چوڈھل اُپر (نصرتی۔تاریخ اسکندری) 2۔اُپر سب دس کے چوڈھل پر دیکھت اس صاحب قرکوں (نصرتی۔علی نامہ) 3۔مرصع کے چوڈھل میں وہ دیسی یوں (ابن نشاطی۔پھول بن) 4۔جونواب چوڈھل کا گج چڑ چلیا (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

چُور: چورا۔ریزہ (اسم۔مذکر)

لیتے ہیں سُنے کی چور خوش حال (محمود بحری۔من لگن)

چور آزاد ساؤ گرفتار: خطاوار کو آزاد چھوڑ دیں اور بے قصور کو گرفتار کیا جائے

عجب عشق کے شہر کی داد ہے + کہ بند ساؤ کو چور آزاد ہے (ہاشمی بیجاپوری۔یوسف زلیخا)

چورانا: چرانا

پلک پر نمیں پلک مارے تلک سو دل چورانے میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چُورایا: چرایا

چورایا ہے توں ست لڑے کا یو جوڑ (غواصی۔طوطی نامہ)

چور باٹ: پوشیدہ اور خفیہ راستہ (اسم۔مذکر)

ہے مجھے اس کی طرف اک چور باٹ (وجدی۔پنچھی باچھا)

چور باٹوں: چور راستوں۔خفیہ راستے

اتر چور باٹوں کیا پاؤں ٹھوگ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چور پایک: جاسوس۔مخبر (اسم۔مذکر)

کرے چور پایک پچا بے تمیز (نصرتی۔علی نامہ)

چورٹیاں: چور (اسم۔مذکر۔جمع)

اپنارہ کے ٹل چورٹیاں میں مکھنڈ (نصرتی۔علی مہ)

چوُرُخت: چاروں طرف

جب تے ہوا جگ میں تمارا نور پرکٹ چورخت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چورس: اطراف۔چوڑائی۔احاطہ

1۔لبوں کے لعلوں کے چورس اُگے تھے موڑ ہرے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 2۔چین کے ملک کے اورس چورس میں ایک بڑا بادشاہ تھا

(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چور مارگ: چورراستہ (اسم۔مذکر)

دغا سوچ یک چور مارگ تے چڑ (نصرتی۔علی نامہ)

چورہ: ریزہ۔تنکا

ہور چورہ دانت خلال کو بھی ہونگا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چوری: کھجور یا ناریل کے پتوں سے تیار کی ہوئی جھاڑو (اسم۔مونث)

1۔کیے دُم کوں گھوڑیاں کی چوریاں کی بھانت (نصرتی۔علی نامہ) 2۔ کہ چل دیوے مکھی چوری پلے پر (محمود بحری۔کلیات بحری)

چوڑ: نقصان۔بربادی

توں خدا ج کوں پکڑ کہ تج کہیں نہیں چوڑ (وجہی۔سب رس)

چوڑ: چوڑی

1۔بدھے سوکڑے چوڑ گوٹھاں کنگن (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔کنگن ہات لکن اتھی چوڑ زر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چوڑاتا: چوڑاتا

بڑا ابد شکل جیوں چوڑا تا دسے (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)

چوڑائیگی: چوڑائی۔وسعت

زمین کی چوڑائیگی کو رنگ برنگی بچھانیوں سو سنواریا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چوڑیلاں: چڑیل کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

چوڑیلاں کو جھڑیں جنّاں کو جھڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چوسار: تیز۔خوبصورت۔ہنرمند۔سمجھدار

1۔جتے چوساراں ہمہ داں جتے گن کاراں ہوئے ہیں (وجہی۔سب رس) 2۔بیٹھے باتاں سوں بھونرے ہیں سو کوئی چوسار کرتے ہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 3۔سکی چوسار کوئی ہووے تو چوساراس وضع ہونا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔گنونت خوب صورت چوسار چاند صاحب (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چوسارگی: عقل مندی۔ہوشیاری

جنیچ چوسارگی کوں ہوئے کارن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چوک: (چک) تک۔ذرا

توامرت کو پیتے سلیمان چوک (نصرتی۔گلشن عشق)

چوک: وہ چوکی جس پر دولہا یا دلہن کو بٹھا کر شادی کی رسومات ادا کی جاتی ہیں۔

کہ چوندیر چوک موتیاں سوں سنوارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چوک آنا: غلطی سرزد ہونا

کیا تج تے چوک آئی (وجہی۔سب رس)

چوک رکھنا: غلطی کی نشان دہی کرنا

نہ کوئی عارف رکھا چوک یک رتی کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

چوکا: خوف (اسم۔مذکر)

عالم میں چوکا کیوں نہ ہووے سو کے کے تیرے سانگ کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چوکاچار: رونق (اسم۔مذکر)

سب اس تھے چوکاچار (جانم۔ارشاد نامہ)

چوکاچار: شورغل (اسم۔مذکر)

اگر میں غفلت کرتی تو چوکاچار ہوتا چپ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چوکدھن: چاروں طرف

جو دیکھوں کہ چوکدھن سوں دشمناں گھیر لیے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چوکنا: نشانہ خطا ہونا۔ٹلنا

چوک نہ جائے کہ باللہ (اشرف۔نوسرہار)

چوکھنڈ: ربع مسکوں

چوکھنڈ اگر تج ہے چیلا + توں جاں اپس کے تیئں اکیلا (محمود بحری۔من لگن) 2۔اتھے چوکھنڈ میں یو سات شاہاں (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔کہ چوکھنڈ کے سب طبیباں بولائے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چوکھن: چاروں طرف

گیا چو کھنے کوں وو ہو تملا (طبعی۔بہرام وگل اندام)

چوکھنڈی: چاردیواری

چنداپے چوکھنڈی گگن ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

چوکیل: چوکی

دل کے تیئں دے پٹیل کے چوکیل (محمود بحری۔کلیات بحری)

چوکی: چوکی کی غیر انفیائی شکل
صبا کام نا آوے چوک تواج (غواصی۔ طوطی نامہ)
چوکی نویس: دربار میں حاضر ہونے والوں کی فہرست تیار کرنے والا
حاضر سو سرسوں رات دن پر تار کا چوکی نویس (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
چِلیک: ذرا
جیوں اس آتی نیند چلیک (اشرف۔ نوسرہار)
چوگرد: چاروں طرف
1۔ بیٹھے چوگرد پاسباں ہو اسے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)
2۔ صفت کنچن پٹن کی ہے دھری چوگرد بستی وو (ابن نشاطی۔ پھول بن)
چُولے: چولہے (اسم۔ مذکر)
چولے کوں خرافات کے چیکو میں چتر کر (محمود بحری۔ کلیات بحری)
چولے میں بھانا: بھاڑ میں جھونکنا
ایسے نفر کوں چولے میں بھاؤ (وجہی۔ سب رس)
چونارا: چونا (اسم۔ مذکر)
ہر دل چنار ادل بھنے بھی یاں چونارا کا ہے کوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
چُونا کرنا: جلانا
کرنے کوں دل کا چونا آتا ہے پان کھا کر (ولی۔ کلیات ولی)
چُون: چونا (اسم۔ مذکر)
گھر کے انگن تھے تیرے چون سٹے سو کنکر (غواصی۔ کلیات غواصی)
چون: چُن
دیا جواب معقول یوں چون کر (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
چونپ: خواہش۔ تمنا۔ امنگ (اسم۔ مونث)
1۔ سنیا چونپ کے یوں جو تس کہتے بات (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ توں کارن چونپ سوں سہرا گندیا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
چونپ دینا: اکسانا۔ بھڑکانا۔ شوق دلانا
1۔ دیئے چونپ پر چونپ حسینی امیں (صنعتی۔ مثنوی گلدستہ) 2۔ عید آکے کہ جھکائیا اپ چونپ دل میں لائیا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ جو کوئی رھتی ہے چونپ سوں او جڑی اپس خاوند باج (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

چونترا: چبوترہ
بجے چونترے ہور چمن چہ بچے (نصرتی۔ گلشن عشق)
چُون چُون: چن چن
1۔ کچیاں ہور پکیاں سب کلیاں چون چون (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ کلیاں چون چون گود بھرنے لگیاں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
چون کر جاب دینا: سوچ کر جواب دینا
دیا جاب معقول یوں چون کر (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
چُونٹی: چوٹی کی انفیائی ہوئی شکل
1۔ لے چونٹی کے بال + اُس لڑا مار مار (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔ گوندی کالی چونٹی کوں یوں ناڑے لال (ہاشمی بیجاپوری۔ یوسف زلیخا)
چُونٹھی: چیونٹی (اسم۔ مونث)
دیکھے چونٹھی ہے تو اوباٹ پر + آدھی رات کوں جالے ارگھاٹ پر (طبعی۔ بہرام و گل اندام)
چُونچہ: چونچ (اسم۔ مونث)
دسے راویں شکر مین چونچہ سب ڈوب (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
چونڈا: بالوں کا جوڑا (اسم۔ مذکر)
1۔ نہ کو چونڈا کسے سورنگ ناڑا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ نھنا کام یونا کروں تو چونڈا + ستوں گی ترٹ اپنے سر سے منڈا (غواصی۔ مینا ستونتی)
چونڈی: وہ پھول جو چونڈے (جوڑے) میں لگائے جاتے ہیں
کہ چونڈی اوطوری جتے تھے وتے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
چونسٹھ کلا: کلا چاند یا سورج کے قطر کا چھوٹا حصہ۔ دوج کے چاند کی سولہ اور سورج کی بارہ کلا ہوتی ہیں گانے بجانے کے چونسٹھ فن ہوتے ہیں۔
سرج چاند دو دل اٹھائیس کلا + کلا روپ تن شاہ چونسٹھ کلا (عبدل۔ ابراہیم عادل شاہ)
چونگنا: چگنا۔ آہستہ آہستہ کھانا
خناس کی صورت ہتی کی صورت ایسی ہے دل کو چونگتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
چونڈھیر: چاروں طرف
1۔ کیا تج بیہہ کا بارا نیچے چودھر سو سب حیراں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد

قطب شاہ) 2۔ سات سہیلی ایک ہو چوندھیرے پیو پیو ہوئے (وجہی۔ سب رس) 3۔ کہ اقبال چوندھیرے تھے دکھلائے (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال) 4۔ چاند کے چوندھیرے چلتا چھاؤں تیری زلف کا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چونڈھل: چاروں طرف
جہاز اس ہو چونڈھل سنگے پھیرنے (نصرتی۔ علی نامہ)

چونڈھی: دھوکا (اسم۔ مونث)
کہیں پرگٹ کہیں گپت ہو کر جگ کوں چونڈھی لاوے (محمود خوش دہاں۔ انصاف الحق)

چونڈی دینا: دھوکا دینا
1۔ تری بات مارے گا ہور چونڈی دے گا (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا) 2۔ دیا بھیج چونڈی دون بھی کسے (غواصی۔ طوطی نامہ)

چوندیس: چاروں طرف۔ ربع مسکوں
چوندھیر کے کفر کوں یو چھتہ (محمود بحری۔ من لگن)

چونڑیاں: چندری۔ دوپٹہ
بندیاں سرخ کاں چونڑیاں چون کر (وجہی۔ قطب شاہی)

چونسار: ہنرمند۔ خوبصورت۔ ہوشیار
انند کے چھند سوں یو چھند بھری چونسار عید (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چونک: خوف (اسم۔ مذکر)
تج زلف کی زنجیر کا دھرتا ہے من میں چونک ادھک (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چونگے: چوسے
گھڑی موں منے ہونٹ لے کر چونگے (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

چونے: چُنے
کلیاں نت چونے فن کے انداز کیاں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

چونیا: چنا۔ منتخب کیا
1۔ چونیا دسات فن جیسے ستارے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 2۔ یہ دہ باتیں یوسف تائیں جو چونے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

چونے کلیاں: تر چونا۔ گیلا چونا (اسم۔ مونث)
کنگر جل ہو چونے کلیاں ٹھار ٹھار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

چوونا: چونا۔ ٹپکنا
رنگ لعل گلابی چووے اس کہ تے پیو جام (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چوہوں: چاروں
ڈھونڈن لاگے چوہوں دھیر (اشرف۔ نوسرہار)

چوئی: مویشیوں کا چارہ
جو طبیب کہلائے اب بھوسا او چوئی (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

چونے کاند: چونے کی دیوار
چونے کاند کوں جیوں گلا وا کرے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

چونیا: چنا
عین پرگٹ دسے ولے چونیا نہ جاوے کس (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

چوئی: چکھی
مٹھائی ان لبوں سوں یوں چوئی تھی (سید محمد دالہ۔ طالب وموہنی)

چوے: چاروں طرف
چلے ڈھونڈ لیتے زمیں کے چوے (غواصی۔ مینا ستونتی)

چھاپن ہار: چھپنے والا
چھپو چھپورے چھاپن ہار (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

چھاتی ٹھنڈی رہنا: دل کو سکون ملنا
ایسی کڑی کی سنگت میں دل خوش رہے گا ہور چھاتی ٹھنڈی رہے گی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چھاڈ: چھوڑ کر۔ بغیر
1۔ بدیا چھاڈ جیونا یوا چرج من مورکھ مویو ران (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) 2۔ سکھیاں سنگت سندری سبت کھیلت چھاڈ پیترم آتو کھی ٹھگلا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

چھاچھا: چھاچ (اسم۔ مذکر)
دودھادود کا چھاچھا پیوے پھوک (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

چھال: چھلانگ
اڑیں چھال اک رکت کنکر ہزار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

چھانا: تاننا۔چھت منڈپ یا سائبان کے لئے استعمال ہوتا ہے
جواہر کے منڈ دے سو چھایاں تمام (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

چھانڈ: قے
لوہو چھانڈ ے آوے کھنک (اشرف۔نوسرہار)

چھانوں: چھاؤں (اسم۔مونث)
1۔تج چھانوں میانے سکھ کوں رکھ جم یا علی یا ایلیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔بغیر دھوپ واں چھانوں بی کہیں نہ تھی (غواصی۔طوطی نامہ)

چھانہہ: چھاؤں (اسم۔مونث)
مگر بہشت کا عکس پڑیا چھانہہ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

چھاوے: ہاتھی کا بچہ (اسم۔مذکر۔جمع)
جو شہہ مدکلوں کے ہیں چھاوے شار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

چھائی: عکس۔سایہ (اسم۔مونث)
بابدن چھائی چندر چندنا آرسی جوتی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

چھایاں: داغ۔دھبے
1۔تو مہتاب کے موں کے چھایاں گنواؤں (غواصی۔طوطی نامہ)
2۔پڑے کی مہ کے نمنے لکھ پو چھایاں (ابن نشاطی۔پھول بن)

چھائیں: سایہ
کہ آوں کی تجہ سات چھائیں مثال (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چھب: (سنسکرت چھوی) حسن۔جھلک۔انداز۔شبیہ
1۔جب ڈلیں چھب سوں کریں چمناں انند (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔چھبن دیکھ جائیں موچھب نورتن (عبدل۔ابراہیم نامہ) 3۔نظر کی موئڈ سٹنا لکھ کی چھب پر (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چھبیلی: خوب صورت۔نازواداوالی
چھبیلی کہاں ہے ہمن سار کی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چھبے: زیب دے
چھبے ہے گال پر نتھ اور چھبا دل میں چھبا مجھ کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چھبے: کان کا ایک زیور (اسم۔مذکر)
چھبے ہور چھالاں سومہ کان میں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چھپیا: چھپا
1۔جیوں چھپیا تھا خضر ظلمات میں رے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔دیکھے نہیں کوئی نین تج سب نین تھے ہے چھپیا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چھپاچ: چھپ کرہی
چھپاچ آیا ہور چھپاچ گیا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

چھپ راس: چپ راست۔دائیں بائیں
نجھا دونول شاہ خوب چھپ راس (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

چھپر پلنگ: چھپرکھٹ (اسم۔مذکر)
1۔چھپر پلنگ سات آسماں پنکھا سورج بارا ہوا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سجھ کے سوکھالیا ہوں چھپر پلنگ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چھپن: (عدد ۵۶) کئی۔متعدد۔بکثرت
1۔رہے لوگ سکھ سوں چھپن دیس کا (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔چھپن بھاس کا پرس جس سیوتا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 3۔عشق ایک پرگٹ چھپن روپ بات (عبدل۔ابراہیم نامہ)

چُھپن: چھپانا
کیا کروں عشق نہیں دیتا ہے یہ بات چھپن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چھپن ھار: چھپنے والی۔پردہ نشین
چھپن ہار عورت سنی یو خبر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چھپیاں: چھپی (فعل۔مونث) کی جمع
حوراں پریاں چھپیاں کوڑ آکاس کوئی پتال (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

چھتاپنا: محبت۔چاہت
اس کا چھتاپنا قدیم ہے (علاء الدین چشتی۔فرائض اسلام)

چھتا: چاہتا

جو چپتا سو کرتا ہے پروردگار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

چھتالیس: چھیالیس

سپنا سو نبوت کے چھتالیس جزاں میں کا ایک جزو ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

چھتر: سایہ۔ سائبان۔ چھت

1۔ سر تھے گیا چھتر ڈھل (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ جسے توں نوازیا سوں تانیا چھتر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 3۔ چھتر ہو اس اماماں کا رہیا ہے چھاؤں منج سر پر (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چھتر دَھارا: چترشاہی اٹھانے والا

جتے چھتر دھارے تب آداب سوں (نصرتی۔ گلشن عشق)

چھتر پتی: راجا (شیواجی کو چھترپتی کہا جاتا ہے) (اسم۔ مذکر)

ابراہیم تا نو جزادیں یوں دسیں یا چھیں پاروادت چھترپتی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

چھتور: (چتور) چتر۔ عقل مند

سگھڑ ہور چھتور ہور چوسار ہے (وجہی۔ قطب مشتری)

چَھتیس: چھتیس زیور (۳۶ قسم کا زیور)

کرے دھن سات سنگھار ہور پنے ہے چھتیس (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چھتہ دار: چھتر والا۔ امیر یا بادشاہ کے سر پہ چھتر پکڑنے والا

چھتہ دار شہہ کا ہوا سرفراز (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

چَھتیس لچھن: (۳۶) اچھی صفات جو آدمی کو مکمل انسان بناتی ہے

چھتیس لچھن کتے سو ہیں سب اس کی ذات میں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

چَھٹاك: چھٹانک۔ سیر کا سولھواں حصہ

1۔ رہیا مجھ چھٹک سوں پہ جیونے کا آب (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ سونے منگے تو گھر میں تک نا تن میں لہو رہے یک چھٹک (نصرتی۔ علی نامہ)

چھٹک: چھٹکارا۔ نجات

1۔ منج گرچہ چھوٹک مجھ ہے گنہ تھ سب تے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ چھٹک سے کے ہاتاں تے کس وضع پائی (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔ کہ اس ناریاں کی چھند بند تھے چھٹک (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

چھٹک: بوند۔ قطرہ۔ چھینٹ

سو اس کے روپ سمدر تھے چھٹک تھا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

چھٹک: چھڑک

چھٹک نیر انجو صفادار ٹھاؤں (غواصی۔ طوطی نامہ)

چھٹکا: چٹکارا۔ نجات

1۔ تحقیق چھٹکا پائے موناں جنو دل کے نیوڑنے سوں نماز کرتے ہیں (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا) 2۔ عبادت کا جزا سو آخرت کا چھٹکا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

چھٹکاں: چھینٹیں

شراریاں کے زکھ لہو کے چھٹکاں سوں پھول (نصرتی۔ کلام نصرتی)

چھٹکی: چھینٹ۔ قطرہ۔ بوند

گھڑی یک لہو کی چھٹکیاں تے ہوا ہوئی چھینٹ کے نمنے (نصرتی۔ علی نامہ)

چھُٹیا: چھٹا

1۔ وہ زلف جو چھٹیا ہے مہکار اٹھیا ہے سارا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ نہیں خوب اگر تخت منج سوں چھٹیا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

چھٹے: داغ۔ دھبا

چھٹے کی کرے آنکھوں گاڑی کے بل (نصرتی۔ علی نامہ)

چھچا: کمزور۔ کمتر

تیری شجاعت آگے رستم چھچا دستا ہے (شاہی۔ کلیات شاہی)

چھجیاں: چھجا کی جمع

جو سن چھجیاں اوپر نیلم بھنور مستی سوں راکھی رہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چھچھا: بیہودہ

چھچھے ہور اژ ذات کو پالنا اپنے مان پان سوں ہات دھونا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چھچکارنا: بھگانا

اس خاطر میں اُسے چھچکارتا ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چھچھوندر: ایک قسم کی آتش بازی جس کا جنوبی ہند میں آج بھی رواج ہے

بُری بات اُٹھ ہر چھچھوندر مثال + بڑے اور سٹے جو کے جاے کو جال (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چھپھا اُچانا: چھپھانا۔گانا

شوق سوں ایسا اچا یک چھپھا (ابن نشاطی۔پھول بن)

چھچی: سپاٹ برتن

دال سو ہے اک چھچی میں جوں کہ نیر (وجدی۔پنچھی باچھا)

چھرا: چھورا۔لڑکا (اسم۔مذکر)

چھرے کو دکاں پیٹ کھیں مار مار (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

چھرالی: تیز مزاج (صفت)

توں کیا جوں چھرالی ہو کرتی غصہ (غواصی۔مینا ستونتی)

چھراناں: زخموں کے نشان (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔کری مکھ پر چھراناں لوچ لے کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔چھراناں انھیاں تھیاں نکھاں کھوچ کھوچ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چھرالا: غصیلہ۔چڑچڑا (صفت)

چھرالا نہ ہو چھوڑے دے شاندتوں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

چھڑ: چھڑی (اسم)

نکال اپنے بازوسوں او چھڑ کو تب (فائز۔رضواں شاہ و روح افزا)

چھڑ چھڑنا: غصہ کرنا

دکھانے سب دیباں کوں گالیاں دے چھڑ چھڑوں گا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چھڑا: تنہا (صفت)

اسباب کدورت کے جو سب چھوڑ چھڑے ہیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

چھڑا چھانٹ: مجرد (صفت)

نہ عورت اسے کوئی چھڑا چھانٹ ہے (غواصی۔طوطی نامہ)

چھڑاون ہار: چھڑانے والا۔نجات دلانے والا

1۔کہ ادتیج کوں چھڑاون ہار ہور سب ٹھار رہبر ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔گنہگاراں چھڑاون ہار کا مولود اس دن ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چھڑنک: چھڑک کی انفیائی ہوئی شکل

چھڑنک اس کے سوں پرا پس چک کا نیر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چھڑی: اکیلی۔تنہا (صفت)

اتاوہ کیس چلیں گے تو چھڑی لے کر چلو مجھ کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چھڑی دار: چوب دار۔(اسم۔مذکر)

چھڑی دار تھ دار کے جھاڑ سب (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

چھڑے: اکیلے۔(صفت)

گھر میں چھڑے رہو تم کھوڑی نفر تمھارے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چھڑیا: چھڑی (اسم۔مونث)

بھوتیج خوش بدن تو موہن کندن کی چھڑیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چھکا چھک کرنا: سیر ہونا۔دل بھر کے کھانا

مجھ روٹی سوں چھکا چھک کرنے کو کیا لیں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چھگل: چھاگل۔مشکیزہ (اسم۔مذکر)

یک ساعت میں تین چھگل پانی انوکوں پونچائے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

چَھہ: چاہ۔کنواں۔باولی (اسم۔مونث)

چھہ کنعاں ہے یہ چاہ زنخداں (شفیق۔تصویر جاناں)

چھلے: چھالے (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔ڈھونڈتے ڈھونڈتے دل کے تلویاں میں چھلے آتا ہے (وجہی۔سب رس)
2۔برہ کے موتاپوں سے آگئے چھلے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
3۔چھلے آئے ہاتاں کوں سب داٹ کر (غواصی۔سیف الملوک بدیع الجمال) 4۔گرم بھاپاں سوں ہوتاں پر چھلے آئے (ابن نشاطی۔پھول بن)

چھلی: چھال (اسم۔مونث)

جو کوئی کاٹے چھلی کاٹے (اشرف۔نوسرہار)

چھلنا: چھلکا۔پوست (اسم۔مذکر۔جمع)

اے دستا سواد پر کا چھلنا سب دور ہوا (وجہی۔سب رس)

چھلٹے: چھلکے۔پوست (اسم۔مذکر۔جمع)

چھلٹے کوں دور کیے بغیر مغز کیوں انپڑتے (وجہی۔تاج الحقائق)

چھلے بیٹھنا: چلہ کشی کرنا

چھلے بیٹھایا گھر میں چالیس دلیس (غواصی ۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

چھلیاں: چھلے۔(اسم۔مذکر۔جمع)

ترِی انگلیاں میں جو چھلیاں دسے (غواصی۔طوطی نامہ)

چھلیاں: چھالے (اسم۔مذکر۔جمع)

چھلیاں سوں پاؤں کے گا ہے وہ لنگی (ابن نشاطی۔پھول بن)

چھماس: (چھ ماس) چھ مہینے

جنتر گھال چھماس کھنچے جو کوئے (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

چھن: (سنسکرت ش) لحظہ۔پل۔لمحہ (اسم۔مذکر)

1۔کہ چھن میں دیوے چھن میں چھین لیوے (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔ او عورت ہکا یک چپ ایک چھن (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔یک چھن خبر کرائے صبا موہند و ہندوستان کوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چھن چھن: لمحہ لمحہ (اسم۔مذکر)

منج سک نہیں ہے دکھ بن ہوں میں نڈھال چھن چھن (غواصی۔کلیات غواصی)

چھن: چھین

1۔کارے مال یتیم دلیسراں کے چھن (علاءالدین فقیر۔ابلیس نامہ) 2۔لی چھن ستم سٹ پانوں تل گل گے سو کو وہ کون تھے (محمود بحری۔کلیات بحری)

چھنا: چاہتا

اسے تجھ کو بند دیا چہتا ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چھنبیلی: چنبیلی (اسم۔مونث)

چھنبیلی و موزون ہور دل پسند (طبعی۔بہرام وگل اندام)

چھنال: بدچلن۔آوارہ عورت (اسم۔مونث)

سو تھی اوس کے بیٹے کی عورت چھنال (غواصی۔طوطی نامہ)

چھنالا: بدچلنی۔فحاشی

چھنالا کرنے جاتی ہے ندی کے پار چوری سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چھنالینا: چھین لینا

سلطان عشق ملک دل و دیں چھنالیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چھند: ناز وادا

سنیا تھا کہ ناری دھرے بہت چھند (محمود بحری۔کلیات بحری)

چھند بنداں: ناز وادا

1۔سو نس لکہ سہیلیاں کے دیکھ چھند بنداں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سہیلیاں کے چھند بنداس تیج ہے (غواصی۔طوطی نامہ)

چھندی: تھوکا

چھندی لھو سینا پھوٹ بلغم کی ٹھار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چھنک: چھڑک

1۔اول انجھواں سوواں پانی چھنک خوب (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔غم کی آہاں داٹیاں توں بیہہ کا پانی چھنک (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔نصیحت کے تو پانی کوں چھنک کر (ابن نشاطی۔پھول بن)

چھنکا: چھینکا (اسم۔مذکر)

ہے بلی بھل چنکا پڑیا ٹوٹ کر (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

چھنکانا: چھڑکنا

چھنکایا: چھڑکا

سینے پر جگ کے چھنکایا مرگ سال + ات اَچھے میگ کا گلاب لاکر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قطب شاہ)

چھنایا: چھین لیا۔محروم کیا

دکھوں رلا رلا نینوں چھنایا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چھوا: (چھوانا۔تعمیر کرنا) تعمیر کر کے

صبر کے گھر کوں جتا میں جور کھوں ڈاٹ چھوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چھوار: سرحد۔قریب (اسم۔مذکر)

دل یار کے چھوار کیوں کہ جاوے (عابد شاہ۔کنز المومنین)

چھوپی: چھپی

کہ چوری چھوپی کا ترا ہے پرت (غواصی۔طوطی نامہ)

چھوٹک: نجات۔رہائی (اسم۔مونث)

چھوٹک پاویں گا اس سوں میں رات کوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چھوٹھا: چھوٹا (صفت)

نوالا چھوٹھا اٹھانا (عابد شاہ۔کنز المومنین)

چھوٹھن ہار: چھوٹنے والا

میں سوہوں چھوٹسبھار چھوڑن ہار سوتوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قلب شاہ)

چھوٹیا: چھوٹا

چھوٹیا تھاستاک ہتی کٹر کڑا (غواصی۔طوطی نامہ)

چھورا: لڑکا (اسم۔مذکر)

نظر جیوں پڑا اُس ادچھوراسکول (غواصی۔طوطی نامہ)

چھورواد: لڑکوں کا مجمع۔لڑکوں کا غول

پتھر مار چھورواد کرتے دنبال (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

چھوری: لڑکی (اسم۔مونث)

توں نھوا دچھوری تجے فام کیا (غواصی۔ مینا ستونتی)

چھوری: چھری (اسم۔مونث)

1۔چھوری ہور نختر ہور برچی سپر (طبعی۔ بہرام وگل اندام) 2۔کیا مار لیناپیٹ میں سونے کی چھوری (نصرتی۔رباعی)

چھورے: لڑکے (اسم۔مذکر۔جمع)

چھورے کودکاں پٹ کیں مار مار (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

چھوریاں: چھریاں۔(اسم۔مونث۔جمع)

سنے مٹھ کیاں چھوریاں دیتی ترنج ہات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چھوڑا: چھلکا (اسم۔مذکر)

کیتک لوگ خربوزے کھاتے تھے اوراس کے چھوڑے ہور بیج مہتر خضر پر مارتے تھے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

چھوڑالین ہارا: چھڑالینے والا

چھوڑالین ہارانہیں ہے کہیں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

چھوڑیاں: چھوڑی (چھوری) کی جمع

کہ چھوڑیاں بلایاں بجن ہات جب (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

چھولیا: خوش۔مطمئن

توں باز نمنے پھریا کر بھی چھولیاں اچھ میاں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چھو دھر: شش جہت

اسا اٹھیا چھو دھر نار (اشرف۔نوسرہار)

چھوں دھر: شش جہت

1۔چھوں دھر و ٹھا لوگ سوتا پدم (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

2۔چھوں دھر کا نڈاں برسا ہوئے (اشرف۔نوسرہار)

چھی دِسنا: قابل نفریں معلوم ہونا

ہور لوگاں میں چھی ہور ہلکا دستا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

چھنیٹاں: چھینٹ (سوتی چھاپے کا کپڑا) کی جمع

قلمکاریاں و چھنیٹاں ہور ململ (ابن نشاطی۔پھول بن)

چھیچ: دبلا۔پتلا (صفت)

سوتن چھیچ نس دن رھیا چھین ہو (عبدل۔ابراہیم نامہ)

چھینٹ: سوت کا کپڑا جس پر ڈیزائن ہوتے ہیں (اسم۔مونث)

پھر کر سنگاتی آئے لگ یک چھینٹ بس اس کھٹ مجھے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چھین چھین: لمحہ لمحہ پل پل

دعا سات جیت لائیا چھین چھین (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

چھیلا: بکرا (اسم۔مذکر)

1۔جیوں کوئی کانٹے چھیلے گائے (اشرف۔نوسرہار) 2۔سودیکھے وہ چھیلا وچھیلی کی ذات (غواصی۔طوطی نامہ)

چھیل بیل: سجاوٹ

اس کے مندھر میں چھیل بیل ہے بیل (محمود بحری۔کلیات بحری)

چھیلی: چھلے (اسم۔مذکر)

تری انگلیاں میں جو چھیلیاں دسے (غواصی۔طوطی نامہ)

چھیلی: بکری (اسم۔مونث)

1۔سودیکھے وہ چھیلا وچھیلی کی ذات (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔نہ چھیلی کدھیں کوئی باندیا اتھا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

چھیلیاں: چھیلی (بکری) کی جمع (اسم۔مونث)

گنت تھے نیک چھیلیاں باہر اس کوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

چھیل چھبیلڑا: شوخ۔چنچل (صفت)

وہ چھیل چھبیلو اچھپا گنج (محمود بحری۔من لگن)

چھینی: نشتر (اسم۔مونث)

چھینی سوغم کی چھیدیاں میں جیوں چوئی کی خاطر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

چھیوے: چھوے
جب وہ آدمی کوں چھیوے (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

چیت: سوچ۔ جلنا
1۔ کھئے مجنوں اے اماں تکو چیت برا (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)۔
2۔ او گھونسلا چیت اٹھیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی) 3۔ اس برا کچھ چیت تکو (اشرف۔ نوسرہار) 4۔ اپنا خاطر کیا چیت اسے کا ہے کس چیل خانے کی چیت (وجہی۔ سب رس)

چیت: (چت) دل (اسم۔ مذکر)
چھبیلی چھند کے چیت کی سوں مد پی خوش لگتی آ (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

چیتن ہار: فہم رکھنے والا۔ عقلمند (صفت)
1۔ جگ میں کوئی ہے چیتن ہار (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔ دو تج میں چیتن ہارا کرنا سب سنکارا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

چیتن ہارا: عقلمند (اسم۔ مذکر)
چیتن ہارا ایک اتیت (شیخ داول۔ کشف الوجود)

چیتے: دکھائی دے
میں پن چیتے اس کے خیال (شیخ داول۔ کشف الوجود)

چیتنی: کوک شاستر کے مطابق عورت کی چار قسموں میں سے ایک قسم
ہستن سنکھی ہور چیتنی بھل کرر ہے دھن بھید میں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چیتل: ہرن کی ایک قسم (اسم۔ مذکر)
1۔ ہرن چیتل چکاریاں کوں کرے جوڑ (ابن نشاطی۔ پھول بن)
2۔ ہرن رو ج چیتل کا جو ٹھار ہے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

چیلک: نادر۔ خوبصورت (صفت)
ایک ناری تھی اچھی طبیعت اور چینک صورت کی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چیر: کپڑا۔ لباس (اسم۔ مذکر)
1۔ جیوں نت میلے بھائے چیر (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ انچل چیر جھینا لال تلیں کھ پہ چندر دکھے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چیر: ساڑی (اسم۔ مونث)
مہندی نیلم کے رنگ کی چیر نیلی (ابن نشاطی۔ پھول بن)

چیرا: کپڑا۔ لباس (اسم۔ مذکر)
اچھاد یکھ چیرا کسی کے تو سر پر + اپس کو نہیں کر کو جتر ب تکو کر (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

چیرا: غلام (اسم۔ مذکر)
اس دن سیں ہوا ہوں تیرا چیرا (ولی۔ کلیات ولی)

چیری: کنیز۔ باندی۔ داسی (اسم۔ مونث)
1۔ کرو مج میا میں ہوں چیری تمھاری (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ میں تیری ہوں چیری منجے آپ راب (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

چیزاں: چیز کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)
1۔ نہ دنیا کی چیزاں پو تھا خیال اسے (فائز۔ رضواں شاہ و روح افزا) 2۔ عالم کے عجائب چیزاں کوں دیکھت ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

چیز سمجھنا: اہمیت دینا
تم اسے کچھ چیز مت سمجھو (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چیز کرنا: کار آمد بنانا
کر و چیز میری مشقت تمیں (وجہی۔ قطب مشتری)

چیشٹا: کوشش۔ جدوجہد
دوسرا تن سو یہی کہ اس ایندر بن کا بکار و چیشٹا کر نہارا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

چینٹی: چیونٹی (اسم۔ مونث)
نہ چینٹی سکے اڑ سو در یا پھار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

چیک: وہ مائع جو پودے یا اس کے پھل سے نکلتا ہے
پڑے جس ہرے رُکھ پہ یو آب نار + جلے پات ڈالیاں تے چیک آکے بھار (نصرتی۔ گلشن عشق)

چیکر: کیچڑ (تقلیب حروف) (اسم۔ مذکر)
دو انگلیاں چیکر میں سو توں ڈوبیا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

چیکو: کیچڑ (تقلیب حروف) اسم۔ مذکر
کہ ہیں تو پانی بھی چیکو میں یہ جھلک کاں کی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چیکنا: پونچھنا

لکیاں چیکنے مہ کوں اس بھانت سوں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

چیلا: چلہ (کمان کا) (اسم۔ مذکر)

کماں اتری تھی اس کو چیلا چڑا (وجہی۔ قطب مشتری)

چیلاں: چیل کی جمع۔ ایک پرندہ (اسم۔ مونث۔ جمع)

اڑائیں گے چیلاں کوں چوپھر پکار (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

چیتنا: سوچنا منصوبہ تیار کرنا

ایسا چیتنا ات کرنار (اشرف۔ نوسرہار)

چیتت کرنا: غور و فکر کرنا

قدرت سو چیتت کر شاید کیا محمد کے نور کوں (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

چیند: (سیندھ) کنوئیں سے پانی نکالنا

لگی چیند پانی خوش اس ڈول سوں (غواصی۔ طوطی نامہ)

چینڈو: چرخی (اسم۔ مونث)

عشق کے چینڈو میں پہلے یوں پھریں (وجدی۔ پنچھی باچھا)

چین چمن: آرام و سکون

چین چمن دھندلات ہو رحمت میں کھینچ لگوں میں پاتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

چین کیاں کو پیاں: چینی کی پیالیاں

کو پیاں چین کیاں سے بھریاں رنگ برنگ (نصرتی۔ گلشن عشق)

○○○○○

ح

حاجت رواں کرنا: حاجت پوری کرنا

تو حاجت رواں کر تو اس کی سکل (صنعتی۔ قصۂ بے نظیر)

حاطف غیبی: ہاتف غیبی

ندا آیا حاطف غیب تے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

حال: اس وقت

لیکن معوی بر بے حال (اشرف۔ نوسرہار)

حال ٹھار تھے رہنا: اچھی حالت میں رہنا

مرا حال رہ سے نہ کچھ ٹھار تھے (غواصی۔ سیف الملوک و بدائع الجمال)

حال دھرنا: وجد میں آنا

قاضی فلک کا حال دھر پر و اسنیا دستار کا (نصرتی۔ علی نامہ)

حال دینا: بے خودی طاری کرنا۔ دیوانہ بنانا

دیا مصر کے شاہزادے کوں حال (غواصی۔ طوطی نامہ)

حال کھڑیا ہونا: واقعہ رونما ہونا

نہایت کو یوں آ کھڑیا اس پو حال (فائز۔ رضواں شاہ و روح افزا)

حال پر واقف ہونا: حالت سے آگاہ ہونا

ہمارے حال پر شوقی بجز حق کوئی واقف نئیں (حسن شوقی۔ غزلیات)

حالی: فی الحال

ہوا کیا وہ کہہ کھول حالی منجے (غواصی۔ طوطی نامہ)

حادی: ہادی

اے حادی رہنما و اے مرشد زماں (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار)

حبت: ہیبت

جبت کھا کر نیٹ نرآ سی (اشرف۔ نوسرہار)

حد چکلنا: حد سے تجاوز کرنا

یو اپنی چھوڑ پر حد چکلیا (وجہی۔ سب رس)

حدوسکت: مجال

کسے ہے حدوسکت جو خدا کی صفت کی حد پاوے (وجہی۔ سب رس)

حدیث سنّا: بات کہنا

تج طرف ہو میں سنوں مجلس کے میانے جب حدیث (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

حرامیں: حرامی کی انفیائی ہوئی شکل

حرامیں کان پھاٹے ہو سناسی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

حَرکت دینا: تکلیف پہنچانا۔ نقصان کرنا

حسین کوں کہیں دیوں حرکت (اشرف۔ نوسرہار)

حَرکت سکت: حرکات و سکنات

حرکت سکت اس تھے دیک (جانم۔ ارشادنامہ)

حیریاں: حیران

زبردستاں کی کھڑکاں کیاں سب دستکاں حیریاں (نصرتی۔علی نامہ)

حَسنا : حسن۔امام حسن

حسنا حسین پھرن آے (اشرف۔نوسرہار)

حساباں: حساب کی جمع

بچن تے حساباں کتاباں ہوئیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

حِسابی : حساب کرنے والا۔محاسب

اس کا حساب حسابی کے عقل میں نہیں ٹھرتا (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)

حَسان : امام حسن

حسان حسین کی غربت (اشرف۔نوسرہار)

حَسد کھانا :حسد کرنا

سن کر گلا حسد کھا کوئیلاں ہوئیاں ہیں کالیاں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

حُسینی کباب :ایک قسم کے کباب جو سیخوں پر پیاز کے ساتھ لگا کر دم دیے جاتے ہیں۔(اسم۔مذکر)

حسینی کباب کتنے تھے بے حساب (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

حُسینیاں:امام حسین کے معتقد اور پیرو۔ان کے سلسلہ نسب سے تعلق رکھنے والے

حسینیاں منے توں کیا تو امام (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

حضرت پاک : خدا

خوشی سیتی از حضرت پاک (اشرف۔نوسرہار)

حَضم : ہضم

حضم ہوئے پل میں جو دیویں ڈکار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

حق گزارنا :حق ادا کرنا

اور اس کا حق گزارے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

حُقہ : ڈبہ۔ڈبیا

سو حقے منیں گھال راکھیا جتن (غواصی۔طوطی نامہ)

حقیرے :حقیر (صفت)

اپن بخت حقیرے تھے کدیں دل میں نہ کر غم (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

حِکات : حکایت (اسم۔مونث)

پڑیا کان میں رائے کی یو حکات (غواصی۔طوطی نامہ)

حِکاتاں : حکایتیں (اسم۔مونث۔جمع)

1۔دیکھیا سعد کوں جوں حکاتاں سنیا (رستمی۔خاور نامہ) 2۔مج من رجھانے کیاں تریاں متھیاں حکاتاں کیا ہوئے (غواصی۔کلیات غواصی)

حِکاتاں کرنا: کہانیاں گھڑنا

میں پہنوکھن چل تو بھی حکاتیاں کرنے ڈرتیاں تمیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

حُکم دھرنا: حکمرانی کرنا

سو حکم اس ملک کا سو دھرنے لگیا (وجہی۔قطب مشتری)

حُکم ماتھے پر چڑھانا : تعظیم کے ساتھ حکم بجالانا

وہی حکم میں لیوں ماتھے چڑھا (عبدل۔ابراہیم نامہ)

حَلال: وہ عورت جس سے نکاح ہو چکا ہو۔زوجہ

کہ آتے براں گھر تے میری حلال (غواصی۔طوطی نامہ)

حَلوان: (عربی) میٹھا

شراب حلوان بھیجا ایک دن شاہ (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

حَلوہ سوہان: حلوا سوہن (اسم۔مونث)

حرف تیز اس کے ہیں جیسے حلوا سوہان لذیذ (ولی۔کلیات ولی)

حَلویاں: حلوے کی جمع

زلبیاں کے جالے و حلویاں کے کون (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

حُلہ :لباس۔پوشاک (اسم۔مذکر)

اللہ بھیجے یہ حلے (اشرف۔نوسرہار)

حلیم : گیہوں اور گوشت سے تیار کی ہوئی ایک لذیذ غذا جو جنوبی ہند میں بہت مقبول ہے (اسم۔مونث)

بورانی حلیم چھولے لئی تیز تھا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

حَمل :پہلا برج

حمل ہور عقرب میں بہرام سرور (شاہ تراب۔من سمجھاون)

حمیلیاں : حمائل (گلے کا زیور) کی جمع (اسم۔مونث)

کنٹھ مالا پدک حمیلیاں لا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

حَوال : احوال۔حالت

1۔ہوا ہے نپٹ بدتر اس کا حوال (غواصی۔مینا ستونتی) 2۔ہوا خاک درخاک اس کا حوال (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں) 3۔خبر دے موحبوب کی مجھ حوال (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

حوالا : حوالہ
دیا گھوڑے کوں جنگل کا حوالہ (محمود بحری۔کلیات بحری)

حوت: بارھویں برج کا نام
کہ بر جیس کوں قوس ہور حوت خوشتر (شاہ تراب۔من سمجھاون)

حَودا: ہودا۔عماری۔ہودج۔محمل (اسم۔مونث)
خدا کی مدد کے توں حودے پرچڑ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

حَوض خانہ : حوض (اسم۔مذکر)
جو بن کے حوض خانے رنگ مدن بھر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

حُورانی سرگ: حور جنت (اسم۔مونث)
جو انگلیاں ہوئی حورانی سرگ کیاں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

حُوریاں : حور کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
شہہ درس دیکھت ہوئی حوریاں کی عید (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

حَیاتاں :حیات کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
حضرت خضر تھے بی ادھک پائے حیاتاں خوب خوب (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

حیاتی کاٹنا:زندگی گذارنا
ہور حیاتی اپنی نوکری میں کاٹے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

حیرانگی:حیرانی
1۔اس کی حیرانگی پر اس کی سرگردانگی پر مہر آئی (وجہی۔سب رس)
2۔بہت حیرانگی سیتی چلیا او (ملک۔خوشنود۔جنت سنگار)

حیرت سوں داناں میں بونٹ پکڑنا:دانت میں انگلی پکڑنا۔ حیران ہونا
پکڑا اپنے داناں میں حیرت سوں بونٹ (نصرتی۔علی نامہ)

حَیفی کھانا :افسوس کرنا
کہ پشتانے آخر توں حیفی نہ کھائے (وجہی۔قطب مشتری)

حیلہ لینا : الزام دینا
کہ لے حیلہ مج پر جب اس دھات سوں (نصرتی۔گلشن عشق)

OOOO

خ

خاب : خواب (اسم۔مذکر)
1۔سٹلی جاتی اندر خاب (شیخ داول۔کشف الوجود) 2۔مہر سوں شاہ ولایت خاب میں سکا کیے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

خاتمی: چوڑی کی ایک قسم (اسم۔مذکر)
چھونڈا خاتمی نقدا کر یلا دھار کیا کرنا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

خادی : خدمت
کھڑے خادی کوں جتے رائے راج (نصرتی۔گلشن عشق)

خُذ : (عربی) لے
یک دو پیالے پیار سوں منج ہاتھ تھے اے یار خذ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

خارو: خار دار کوڑ (اسم۔مذکر)
کہ دیویں گے خارو سیری پیٹ پر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

خارجاں :خارجی (خارجی عقائد کا حامل فرد) کی جمع
سنوں خارجاں کی منڈیاں کاٹ کر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

خاری :خواری
سیری خاری خرابی کا کھوج لینا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

خاصہ : کپڑے کی ایک قسم (اسم۔مذکر)
خاصہ پیتمبر اور جھونا چنری کسبہ پنچولہ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

خاصاپنا :خاص حیثیت

میرا خاصا پنا بادشاہ کے نزدیک بہت محنت سوں ہوا ہے(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

خاصے : خاص

عشق میں رکھیا اپنے خاصے کی چن چن (وجہی۔سب رس)

خاصوں :خاص لوگ

سودھات خاصوں اُگھے جان (جانم۔ارشادنامہ)

خاصیاں :خاص لوگ

او دھاں کا چ بادشاہ تھا ہور اپنے خاصیاں کو لے کر شکار کھیلنے کے لیے آیا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

خاطر آنا :خاطر نشین ہونا

ولے اس کی خاطر نہ آئی اچھے (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

خاطر جماں :خاطر جمع

1۔تو جا اس کنے اچھو خاطر جماں (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)
2۔پکڑنے تجے تھے اور خاطر جماں (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

خاطر جمنا : دل لگنا

نظر کا خاطر وہاں تک جمیا (وجہی۔سب رس)

خاطر گمانا :دل بہلانا

سبد سن کے کوئل کے خاطر گمائے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

خاطرے :قطرے (اسم۔مذکر)

پڑے خاطرے لھو کے بکریاں پو بند (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

خاطر لانا :سمجھنا۔سوچنا

سچ دیکھ خاطر لیا اتال (وجہی۔سب رس)

خاک پھکنا : خاک چھانکنا

خاک کہتے سو خاک پھکتے ہیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

خالا :خالہ (اسم۔مذکر)

خالا ہور پھوپی ہے تج پر فدا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

خالا کا گھر :آرام کی جگہ

1۔نہیں عشق بتی یو خالا کا گھر (ہاشمی یوسف زلیخا) 2۔رہے بیت خوش جان خالہ کا گھر (نصرتی۔علی نامہ)

خالصت :خصلت

سوشہہ خالصت ہے تو ہیرے سمان (عبدل۔ابراہیم نامہ)

خالی چلانا :خالی ہاتھ لوٹانا۔ناامید کرکے واپس کرنا

بڑے آدمیاں ان کو خالی نئیں چلاتے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

خانہ خالا :خالہ کا گھر

یو بھی کیا خانہ خالہ ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

خبر انپڑنا : خبر پہنچنا

اس کے مرجانے کی خبر شہر میں انپڑی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

خبراں : خبر کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

1۔اے قطب شہ محمد خبراں خوشی کی آیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سو یوسف کیاں جو خبراں لیاوتے تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔جو خبراں کہے گی تو اُس حور کے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

خبر پھوٹ کر اُڑنا :خبر پھیلنا۔اطلاع عام ہونا

اڑی یو خبر شہر میں پھوٹ کر (وجہی۔قطب مشتری)

خبردار :جاسوس

1۔ولے بعضے نزدیک کے لوگاں بیچ دشمن کے خبردار (وجہی۔سب رس) 2۔خبردار اس کوں دیئے یو خبر (غواصی۔میناستونتی)

خبر سٹنا : بےسدھ ہونا۔ہوش کھونا

آیا جو کوئی خبر کوں یہاں وہ سٹیا (وجہی۔سب رس)

خبر کہنا :خبر پہنچانا

جاسوس کا ہے کام یہی جو خبر کہے (وجہی۔سب رس)

خبر لینا :خبر گیری کرنا

اس کی خبر لینے کے واسطے بھوت تاکید کیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

خُجا :خوجہ۔نامرد (اسم۔مذکر)

خجے کے پیچھے نماز کرنا مکروہ ہے (شاہ علاءالدین چشتی۔فرائض اسلام)

خُداپنا: الٰہیت (صفت)
خداپنا کہ من خدا و ندیم (جانم۔کلمۃ الحقائق)
خَدم: خادم (اسم۔مذکر)
عطارد ہور سورج تیرے خدم ہے (ابن نشاطی۔ پھول بن)
خُدایت: خدائی
بشریت بھی ایک قسم کی خدایت ہے (وجہی۔سب رس)
خَرابت خَانہ: خرابات میخانہ (اسم۔مذکر)
اوزاہد اس خرابت خانے سوں بھار نکلیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
خَرابہ: خرابی
اسے ٹال دینا بہت خرابہ ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
خرابیاں پڑنا: مصیبت جھیلنا۔خرابی میں پڑنا
جیسا کہ وہ کبوترا پنے سوں اپے کیا کیا خرابیاں پڑتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
خُراسا: خراسان۔ایران کا ایک مشہور شہر
خراسا میں تھا ایک زرگر استاد (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
خَرچا جانا: خرچ ہونا۔صرف ہونا
مال دھن سب خرچا جاوے گا (وجہی۔سب رس)
خرچ باٹ: زادراہ
خرچ باٹ دے اُس کوں بھایا بہار (غواصی ۔ مینا ستونتی)
خَرچیا: خرچ کیا
1۔بہت خرچیا ہوں خرچوں کا رتن رام (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
2۔عشق کوں بے جا گا خرچیا (وجہی۔تاج الحقائق)
خرس: بدمعاش
سوا و خرس بھی آسنگا تیچ ویس (غواصی ۔طوطی نامہ)
خَریدی بندا: زرخرید غلام (اسم۔مذکر)
توں عشق خریدی بندا تھے دل توڑلینا کیا کام آنا (وجہی۔سب رس)
خستاں: خستہ، کمزور، غریب
توں فیروز خستاں کو مان دے (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

خُش: خوش۔اچھی
1۔کیا خش تمثیل ہے خش حال (کشف الوجود۔شاہ راول) 2۔بارہ اماماں ناموں سوں اس کے طناباں باندے خش (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
خشنودی منگنا: رضامندی چاہنا۔معافی مانگنا
اگر کسی کا کچھ دینا اچھے ہور انو جیتے اچھیں تو دینا یا انو تھے خوشنودی منگنا۔ (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)
خوش باش: خوشبودار۔اچھی بو والا (صفت)
1۔میں کی مو ابھر کا کے دیو دیکھی تو کیا خوش باش تھا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 2۔پون کوں کہہ کے اے خوش باس بارے (ابن نشاطی۔ پھول بن)
خُشبو: خوشبو (اسم۔مذکر)
1۔مشکیں یو ہر یک حرف تے خشبو معانی کی نکل (نصرتی۔علی نامہ) 2۔تج بے نظیر پھول کی خشبوتی پیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
خُش خرام: خوش خرام
اتھا وہ خش خرام ہور نیک فرجام (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
خشخشا: خس وخاشاک (اسم۔مذکر)
نہ تھا خشخشا سا وہاں کچھ ذرا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
خشکہ: ابلے ہوئے چاول جن میں روغن نہیں ہوتا
پھر برا ج خشکہ اتھا سو باس (نصرتی۔گلشن عشق)
خوش لچھن: خوش صفات (صفت)
حواس اس میں پیدا کیا خوش لچھن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
خُوش مکھاں: اچھی صورت والے
خوش مکھاں جا کر توتج پھل زار صحبت کیتے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
خشیاں: خوشیاں (اسم۔مونث۔جمع)
خشیاں وانداں کرے لک دو دو لک سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
خوش پکڑنا: خوش ہونا
سٹے رنجھ پکڑے خوشی اور امنگ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

خصالت: خصلت۔مزاج
خصالت عجب گرم دھرتے ہیں شاہ (وجہی۔قطب مشتری)

خصمی: دشمن، خصم (اسم۔مذکر)
نبی کیری خصمی جان (اشرف۔نوسرہار)

خضر نیر: آب حیات (اسم۔مذکر)
سہیلیاں جھاڑ خضر نیر سو پلائے آج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

خطاں: خط کی جمع (اسم۔مذکر)
غباری کا خطاں پڑھنے سو چشمک سوں انکھی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

خلاصا: مفہوم
خلاصا جو کچ اس کیرا ہے سو پاؤں (غوصی۔طوطی نامہ)

خلاصی: اخلاص۔مروت
خلاصی سوں تھا یار جانی عزیز (نصرتی۔گلشن عشق)

خلاصی ہوجانا: فرصت پانا۔چھٹکارا پانا
اپے آفت سوں خلاصی ہوجاتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

خلافت: دارالخلافہ۔پایۂ تخت (اسم۔مذکر)
پھرے توڑ فتنے کی بنیاد کوں + خلافت کے اپنے گھر آباد کوں (نصرتی۔علی نامہ)

خلافے: خلاف
خلافے سو دعا ہے مشکل کھڑا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

خلل کرنا: خلل پیدا کرنا
ہوے سو کام میں میرے تو کی خلل کرتا (وجہی۔سب رس)

خلالا: خلل۔رکاوٹ
وسوسہ ہور خیال خلالائن دل میں پکڑیا بھاری (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق)

خلل سٹنا: خلل ڈالنا
زمانہ خلل لاسٹیا اس گھڑی (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

خلیفاچ: خلیفہ ہی (چ تاکیدی۔مراٹھی)
خلیفاچ کرنے کے لائق دسا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

خمرک: کمرک (ایک زرد رنگ کا پھل جس کا مزہ ترشی مائل ہوتا ہے) (اسم۔مذکر)
دسے خمرک یو شجر پر سونے کا ہیکل (شاہی۔کلیات شاہی)

خمرکاں: خمرک (ایک پھل جس کا رنگ زرد اور وضع پہلودار ہوتی ہے اس کا مزہ ترشی مائل ہوتا ہے) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
کویٹ خمرکاں تھے ستا پھل سو بیر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

خمی: جھکی
1۔دگد بھاردں خمی تھی جوں دھنواں سار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔زمیں بھار سیتی کماں ہو خمی (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

خمیا: (خم ہوگیا) جھکا
1۔کھیا قد سرو تیرا یوں خمیا کائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔سروقد اتھا سو خمیا جھوک تے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 3۔بڈھی ناتھی بڈی ہوی ہوں جُسا دکھ سوں دیکھت خمیا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

خمیر کرنا: خمیرہ بنا دینا۔مارنا
سٹیں گے پکڑ کر کریں گے خمیر (غواصی۔مینا ستونتی)

خنجراں: خنجر کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
جتے خار اس خنجراں سار کے (صنعتی۔قصۂ بے نظیر)

خنک: کپڑے کی ایک قسم جسے گرمی کے موسم میں استعمال کیا جاتا تھا (اسم۔مذکر)
خنک ہور طاش مخطمی سوف زیبا (ابن نشاطی۔پھول بن)

خنگ: (فارسی) بھورے رنگ کا گھوڑا (اسم۔مذکر)
کہ شہ پھول ہور خنگ باد بہار (وجہی۔قطب مشتری)

خواب آنا: نیند آنا
دونوں کوں نہیں آتی خواب (وجہی۔سب رس)

خوارجی: خارجی۔مخصوص عقائد کی حامل ایک جماعت
خوشیاں سوں دوستاں کوں غم سب خوارجی کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

خواری میں بھانا : ذلت میں ڈالنا
تھاایسا کیا کہ یک لقمے کو کھانا + جوتس پیچھے اپن خواری میں بھانا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

خوان رچنا : دسترخوان سجانا
رنگ رنگ ستی خوان رچایا ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

خوبائی : خوبی۔ اچھائی
1۔ عجب تج تے دیکھیا ہوں خوبائی میں (وجہی۔ قطب مشتری)
2۔ بڑا بے کڑ اس میں خوبائی نہیں (وجہی۔ قطب مشتری)

خوتی : غوطہ زنی
فراست کی دریا کی خوتی تو کر (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

خوش بچن : خوش کرنے والی بات
وقت گر پاوں تو تجھ لکھوں سنوں میں خوش بچن (ولی۔ کلیات ولی)

خوشبوئی : خوشبو۔ (اسم۔ مونث)
خوشبوئی مہکتی رہے سدا (شاہ داول۔ کشف الوجود)

خوشبویاں : خوشبو کی جمع
جنت کی خوشبویاں تھے سب جگ جگمگاتا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

خوش فام : سمجھدار (جس کی فام (فہم) اچھی ہو)
وفادار خوش فام شیریں کلام (غواصی۔ طوطی نامہ)

خوشی کڑوی کرنا : خوشی کو غم سے بدلنا
اب اس کی خوشی کڑوی نا کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

خوشی تے پھکنا : خوشی سے پھولنا
پھکیا اس خوشی تے سو دورا ہوا (غواصی۔ طوطی نامہ)

خوشی گنانا : خوشی منانا۔ خوشی کی رسم ادا کرنا
برس دیس میں شہہ گنائے خوشی (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

خوردہ : چھوٹے سکے (اسم۔ مذکر)
روپے ہووے تو لیویں خوردے کے دھات (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

خو لینا : عادت اختیار کرنا
ہور دوزخ پور کھے گا اس نے نظر جو کہ لیویں گا عاقلاں کی خو (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

خوں : عورتوں کا ایک تکیہ کلام
پوچھا تو کوئی تمھیں کو خوں رکھی اُن روزہ مریم کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

خوناخوں : قتل غارت گری
اگر حسن بے شک نکلتا بھار عاشقاں میں ہوتیا ڈھار سے ڈھار خوناخون مارامار (وجہی۔ سب رس)

خیال : موسیقی کی ایک اصطلاح
جونت گانے ہاریاں تھیں دھرپت خیال (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

خیال پھرانا : خیال کرنا
پری تو پھراتی تھی ملنے کوں خیال (وجہی۔ قطب مشتری)

خیال سٹنا : خیال ترک کردینا
سٹ اے خیال توں کچ پکڑ خوب گن (غواصی۔ طوطی نامہ)

خیال میں پڑنا : دھن میں لگا رہنا
جو کچھ کیا تھا سو اس کا ماں کا خیال میں پڑیا (وجہی۔ سب رس)

خیالے خیال : تصور میں۔ دھن میں
1۔ خیالے خیال آپنے دھیان سوں (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ مودیس شور کرتی خیالے خیال (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

خیالیں خیال: خیال خیال
یکا ایک یک دن خیالیں خیال (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

خیرز : علاحدہ
اس کا بھی کرنہار خیرز کوئی ہے کہ نظر کی قید میں آیا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

خیل خانہ : رشتہ دار
ملیا خیل خانہ وہ رانی کے پاس (نصرتی۔ گلشن عشق)

خیشاں : خویش (فارسی) کی جمع
نہ خیشاں کوں کچھ یاد پیوند کار (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

خیماں : خیمہ کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
چلے اپنے خیماں میں جھٹ پھاٹک ہو (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

OOOO

د

داب: ساکھ۔ وزن۔ رعب

1۔ بڑے ٹھگ فنداں میں سو میرا ہے داب (غواصی۔ مینا ستونتی) 2۔ ہم خسروی کے داب کی ہا ہوتی پیا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

داب پڑ جانا: رعب پڑنا۔ ڈر

1۔ ایسی سزا دیا کہ دوسروں پر سب داب پڑ گیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی) 2۔ وہ آلے گی شوخوی جس پر بڑیاں کاکیں ہے داب (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

دابت: دعائے بد (اسم۔ مونث)

اسے دابت اور کونسا کوستے تھے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

داتا: دینے والا۔ سخی (اسم۔ مذکر)

داتا بجو یونی سویم بہو کلایا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

داتار: داتا۔ دینے والا (اسم۔ مذکر)

1۔ دیا ونت داتار ہے تیرا ناؤں (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 2۔ دیاونت داتار تج باج کوئی (وجہی۔ قطب مشتری)

داتاں: دات (دانت) کی جمع (اسم۔ جمع۔ مذکر)

فلک اپنے داتاں میں انگلی لڑیا (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

داتاں میں انگلی کترنا: شرمندہ ہونا

بہت شرمندہ ہو کر دنگا ئیں گی سوں داتاں میں انگلی کترنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

داتوں: دانتوں کی غیر انفیائی شکل

مارن لاگا داتوں پر (اشرف۔ نوسرہار)

دات: کثیر۔ بہت۔ بھرپور

1۔ دسے ایک جا گا پو کی جھاڑ دات (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

2۔ ملے دات جوں گھر میں مہمان دار (غواصی۔ طوطی نامہ)

دات دات: تیزی کے ساتھ

چلے شاہ منزل کوں یوں دات دات (وجہی۔ قطب مشتری)

داتاں: دات (کثیر۔ بہت) کی جمع

ہیرے کے لک لکاتاں لالاں بھرے ہیں داتاں (میراں جی خدانما۔ بشارت الانوار)

دات کر: تیزی سے۔ کثرت سے

1۔ اجالا دیس میں فوجاں جو آویں دات کر غم کی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سورج کوں جو گھوڑے توں تک دات کر (وجہی۔ قطب مشتری) 3۔ چھلے آئے باتاں کو سب دات کر (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

داٹن: شدت

میرا جیو بھوت ڈرتا ہے چلوں کیوں غم کے داٹن میں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

داٹنا: دبانا۔ زیر کرنا

پرت شہہ کو داٹیا بہوت زور سوں (وجہی۔ قطب مشتری)

داٹی: ڈانٹ ڈپٹ

کن نے ماریا کر بہت داٹی بہت گالیاں دی (وجہی۔ سب رس)

دادار: حاکم۔ مالک (اسم۔ مذکر)

سن سد یو بند آیا کر پا امر اپس دادار کا (نصرتی۔ علی نامہ)

دادُر: مینڈک (اسم۔ مونث)

1۔ گرج بادل تھے دادر گیت گاوے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ وپور جھک دادر یو پور گنجن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

دادرا: ایک راگنی

طبعی کا دے دروازہ کھلا کر دادرا ہلکا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

داد لینا: انصاف کرنا

سب مل کر وکیل دریا سوں میرا داد کیں لیں گے تو او بہت سرزور ہو جائے گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دادونتا: منصف۔ انصاف کرنے والا

یہ دادونتے شاہوں کا ہے قاعدہ رسم (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دادے: دادا (اسم۔ مذکر)

1۔ تو دادے تے کر پوترے کوں نول (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ شاہ فقیر ہیں دادے تمارے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

داڑیا: دینے والا۔خدا۔(اسم۔مذکر)
جو ہے وہ سرو داڑیا دیا ونت (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

داڑم۔داڑم: انار (اسم۔مذکر)
1۔مقابل رنگ دکھانے کوں پیا داڑم چرایا ہے (شاہی۔کلیات شاہی)
2۔داڑم تمن تدھاں سوں سنے میں دڑاڑ ہے (ولی۔کلیات ولی)

دار: (سنسکرت دوار) دروازہ۔گھر (اسم۔مونث)
1۔عشرت کے پردے لیا رچے مہتر سوں شہہ کے دار عید (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جواب رونذھن تھے سکھ کی دار مونڈھیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔سونگلی نہ میں بھاراپن دارتے (غواصی۔طوطی نامہ) 4۔کھڑا تھا سو پرداڑیا دار کا (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

دار: (فارسی) لکڑی کا ٹکڑا۔لکڑی (اسم۔مذکر)
مانی کنکر دار درخت (اشرف۔نوسرہار)

دارو: (فارسی) بارود (اسم۔مذکر)
1۔دارو کی ات بھرمارتے جوں میھوں برسیا نار کا (نصرتی۔علی نامہ)
2۔سو دارو جلے اس انگے بے شمار (بلاقی۔معراج نامہ)

دارو: دوا (اسم۔مونث)
1۔مجھ دیکھ کر حاذق کہیں اس درد کوں دارو نہیں (حسن شوقی۔غزلیات)
2۔عجب درد مجے ہے دارو نہیں (وجہی۔قطب مشتری) 3۔دارو سوں ہرگز نہ ہوئیں بھلے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

دارو: شراب (اسم۔مونث)
1۔تج لطف ہور کرم کی ہے دارو تی پیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دارو درمن: دوادارو۔علاج (اسم۔مذکر)
1۔دارو درمن کیے کی (اشرف۔نوسرہار) 2۔کبھی دارو درمن کر کو ہوا لیتا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دارین دار: داردار (گھر گھر)
کونج کونج داریں دار (شیخ داول۔کشف الوجود)

داڑ کا لقمہ: جھوٹا نوالہ
مرے داڑ کا ہے تو لقمہ حلال (غواصی۔طوطی نامہ)

داڑ گرم کرنا: کھانا
کلیجے سوں تیرے کروں داڑ گرم (غواصی۔طوطی نامہ)

داڑی: داڑھی (اسم۔مونث)
تراش اپنی داڑی مچھیاں اپنی چھوڑ (نصرتی۔علی نامہ)

داس: (داسا) درانتی (اسم۔مونث)
ولیکن ہر اک کھ ہے مانند داس (نصرتی۔گلشن عشق)

داس: غلام (اسم۔مذکر)
1۔صاحب سیں ایسے داس بھلے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) 2۔جو ہوں یا الٰہی تیرا داس میں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔کمینہ سو میں تیرا یک داس ہوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔جو جن جس کا چرائے اس ہوئے داس (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

داسن: داسی۔کنیز (اسم۔مونث)
سدا ہیں تج کوں یو جن ہار داسن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

داسیاں: کنیزیں
ہزاروں داسیاں بھوتیک ہنرمند (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

داک: انگور (اسم۔مذکر)
1۔کوئی داک بھیجتے ہیں کوئی نیشکر چھلاکر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔بیل اندراں کوں ہوئے داک دانے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

داک جھونکے: انگور کے خوشے (اسم۔مذکر)
کہ دیکھا داک جھونکے سبلا جب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

داکھ: انگور (اسم۔مذکر)
1۔کھو داکھ جھاڑوں کوں میرا سلام (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سبے اس داکھ منڈوے سو جیا انبر کہن سارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔شربر شیشا نرل پورر کت داکھ شراب (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

داگنا: داغنا۔جلانا
دل اپنا لے داگیا ہے (شاہی۔کلیات شاہی)

دال پائے: تسمہ پا
بھرے ہیں دہاں دال پائے بہت (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

والدر بھنجن: مصیبت دور کرنے والا
نول لال والدر بھنجن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)
دامن دھرنا: دامن تھامنا۔ دامن پکڑنا
ہزاروں رحمت ہے تجھ پر جو حیدر کا دھریا دامن (باقر آگاہ۔ محبوب القلوب)
دامنی: بجلی (اسم۔ مونث)
دانت دامنی گھٹ گھور گھور منڈاں بھال بدھو مالی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)
دان: خیرات (اسم۔ مذکر)
1۔ دیا خلق کوں دان ہور پان لے (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ) 2۔ منگوں دان ہر دم میں ایمان کا (محمود خوش دہاں۔ مناجات) 3۔ وہ داتا تو نت دان سب کو دلائے (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 4۔ کیا دان بے مثل یک دھیر تے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
ناداں: پریشان
دل ہوا عقل تے دانا داں (وجہی۔ سب رس)
دانا داں کرنا: دانہ دانہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا
اولیاء باطن کے راز اس کوں جمع کرتے ہیں ہور ظاہر کے کاماں کوں دانا داں کرتے ہیں (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا) 2۔ کرم سیں رب کے ہو دو گی وو داناں داں تھنڈ کالا (ہاشمی دیوان۔ ہاشمی)
دانایاں: دانا (عقلمند) کی جمع (اسم۔ مذکر)
صدر شاہی پر جو بیٹھے ہیں سو دانایاں کوں میں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)
دانتا: دانت (اسم۔ مذکر)
نت جوشیاں الول بجاوے بھوئیں پر مارے دانتا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)
دانتاں: دانت کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
1۔ اونگلیں ہوئے دانتاں میں لے ذوالفقار (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ دے جو کچ دانتاں میں پکڑیا نہ چھوڑ (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ ہتی کے دانت سوں کچ کم تھے دانتاں (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
دانتا چابنا: دانت پیسنا
ہور بہت حرامی پنے سوں دانتاں چابنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دانتا ہونٹاں چابنا: پچھتانا
ہور دانتا ہونٹاں چابنے کے سوائے دوسرا کچھ نہیں ہو سکے گا۔ (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
دانت اور اونٹ (ہونٹ) کھانا: غم کھانا۔ افسوس کرنا
سدا بخت پر دانت اور اونٹ کھائے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
دانت چھلنا: مسی (اسم۔ مذکر)
1۔ سکی دانت چھلنا لگا پان کھاوے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
2۔ لا دانت چھلنا پان کھا حاصل ہے کیا موڈ دھوئے کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 3۔ کیوں دانت چھلنا پان سوں موں دھوئیں اجڑیاں پیو بغیر (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
دانت چھیلنی: مسی (اسم۔ مونث)
دسیا نقطہ تس دانت چھیلنی کا حال (نصرتی۔ علی نامہ)
دانت کڑڑنا: دانت پیسنا
سینا کوٹے دانت کڑڑ (اشرف۔ نوسرہار)
دانت میں کھٹائی پکڑنا: رنجیدہ ہونا
غضب کی دانت میں پکڑیا کھٹائی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
دانت کھٹے ہونا: عاجز ہونا۔ شکست کھانا
اتھے تیرے دنداں رہے ہو کھٹے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)
دانتوں مٹھی جڑنا: دانتوں اور مٹھیوں کو زور سے بھینچ لینا
معوی دانتوں مٹھی جڑ (اشرف۔ نوسرہار)
دانت نکسنا: حیران ہونا
رہے ماہ رویاں نکس دانت یوں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
دانہ چننا: دانہ چگنا
ایک دانہ چنتے تلگ اس کی گردن میں سرک پڑ گئی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
داوا: دعویٰ
1۔ لگیا آ کو چاروں کو داوا کبل (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ ترا حسن یوسف سوں کرتا ہے داوا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
داوات: دوات (اسم۔ مونث)

ولی انکھیاں کی کرداوات پتلی کی سیاہی سوں (ولی۔کلیات ولی)

داود یکھنا: موقع دیکھنا

اسے داؤ دیکھ کر مار ڈالوں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

داون: دامن (اسم۔مذکر)

1۔قطب داون سو بڑ واں کا س باندے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جھٹکنا تیرے داون کا لگیاں ذ ہینچ جھٹکا خوش (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 3۔لیتی جاوو ردادون ہات اپنے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

داونی: دوپٹہ　(اسم۔مونث)

1۔اوڑنی داؤنی مہ کو کیتے چندا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔کہ داؤنی کا پھندنا اوباہاں پہ ساجے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔رنگیں داؤنی گن گونت اوڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 4۔تجہ داونی کو دیکھ کرائے من ہرن ہری (محمود بحری۔کلیات بحری)

داوے باوے: دائیں بائیں

تمھارے نیچے اوپر داوے باوے اگلے پیچھے بھریا ہے (امین الدین اعلی۔کلمۃ الاسرار)

دانے: دانا (عقلمند) کی جمع

کیا بجھیں گے دانے دیوانیاں کی رج (وجہی۔سب رس)

دب: ڈب۔کیسہ۔گانٹھ (اسم۔مذکر)

مرے پاس حاضر ہے دب میں اتال (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

دُب: (عربی) ملکیت

کیتی دولت وام دب (اشرف۔نوسرہار)

دب کر جانا: فرار ہونا

دب کر جارہ سن مری بدھ (اشرف۔نوسرہار)

دبدبا: دبدبہ

بادشاہی کا چ دستا ہے ترا سب دبدبا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دبکانا: ڈرانا۔دھمکانا

سب کو ڈرا دبکا کو پوچھیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دبیرا کرنا: (دبھیرا) ہل چلانا۔مسمار کرنا

سو سب شہر کے تئیں دبیرا کریا (شاکر۔مولود نامہ)

دبکل: پناہ گاہ۔چھپنے کا مقام　(اسم۔مذکر)

پھرے سب کوہ ہور تل میں پکڑ ہر ٹھار دبکل کا (نصرتی۔علی نامہ)

دِپ: چمک

نہ دپ لاج تھے سب چھپاتے فروغ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دِپاتا: روشن کرتا

دپاتا ہے لکھ نور یک نور تھے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

دِپانا: روشن کرنا

1۔سب ہی تاریں میں تک ہو دپایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔دپایا سورج جوت سوں آسماں (عشرتی۔دیپک پتنگ) 3۔کرنس کو دن تھے روشن کر دپایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دِپنا: چمکنا۔روشن کرنا

جو سارے جمارے میں جوں سور دپا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دِپن ہار: چمکنے والا۔روشن کرنے والا

1۔دکھایا کہ جو سورج دن دپن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔دپن ہار جیتے ہیں اس جگ منے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔تج مکھ اجت کے جوت سوں عالم دپن ہارا ہوا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دِپن ہاری: چمکنے والی

اتم ناری دپن ہاری چلی ساری صبا باری (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دِپیائی: روشن کیا

شمع تیوں ہر سکی ورش دپائی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

دت: بخشش۔عطا

سو سر کھنڈی کستوری لے دت بھر (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دتن: دانت　(اسم۔مذکر)

وہ دل کے تجھ دتن کے خیالاں سوں چاک تھا (ولی۔کلیات ولی)

دُتن: قاصد۔ پیام بر

دستی ہے دتن طبع کوں دلدار تے نازک (محمود بحری۔کلیات بحری)

دٹانا: ڈانٹنا

1۔ تیرا میں کری کیا دٹاتا مجھے (بلاقی۔ معراج نامہ) 2۔ کیتا جو تو دٹاناماں ذرا شتی نہیں بے شک تو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 3۔ بادشاہ کو توال......کوں دٹایا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دچک: خوف۔ (اسم۔مذکر)

تو لرزاں شیر ہو شرزاد چک فیل دماں پکڑے (غواصی۔ کلیات غواصی)

دچکنا: ڈرانا۔ بچکنا۔ جھجکنا

کوئی ڈر چھاؤں کو دچکتا ہے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

دچکتی: گھبراتی۔ ڈرتی

نہ پیا چھاوں کو اپنے کھڑی جاگا دچکتی ہوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دچھن: (دکھشن) جنوب

مالک پورپ پچھم دالی اتر دچھن (نصرتی۔ کلام نصرتی)

دخل: داخل

جنوں میں ایسے کاماں ہوئے دخل انو میں کیا مانی اچھے گی عقل (وجہی۔ سب رس)

دَو: شیطان　(اسم۔مذکر)

نہ تھا جن نا انس نہ دیو نہ دو (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

دوکارنا: دھتکارنا

اپنے دل دو کار دیئے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دول: (مراٹھی) کان کا ایک زیور　(اسم۔مذکر)

دول دھن پہنے کاناں میں کہ سرپن پھول پاناں میں (وجہی۔ قطب مشتری)

در: (دل) فوج کا دل　(اسم۔مذکر)

بلے دھرت گر در چلے پائدل (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

دُرا: (تلگو) صاحب۔ مالک۔ آقا

کیتا کہنا درا درا خوب سوں خوب بڑے سوں برا (وجہی۔ سب رس)

دُرا: دہرا

جلن چھاتی کی رو رو بھوت درا مجلس میں دلبر کے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

دُراجاں: درج　(ایک پرندہ) کی جمع　(اسم۔مذکر۔جمع)

دراجاں کے ڈھلکے بٹیراں کے ڈھیر (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

دُراہی: حکومت

جو سب ٹھار تیری دراہی چلے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

دُرائی: دہائی

سو بولی کہ اے بھائی تیری درائی (غواصی۔ طوطی نامہ)

درب: تکلیف۔ اذیت

1۔ اسی درب سر جگ کیا مجھ کرب (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ کہ جے درب مجھ دین ہے تجھ دھیاں (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

درب: مال و اسباب　(اسم۔مذکر)

سُنے مانک درب دھن کا خزینا (احمد گجرات۔ یوسف زلیخا)

درب: (ڈربا) صندوق۔ پنجرہ (اسم۔مذکر)

درب دھن در جگاں سنگات لے کر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دُرپتی: دروپدی۔ مہابھارت کا مشہور نسوانی کردار

چندر بھان جیسے اور یو تجھ دُرپتی (صنعتی۔ قصۂ بے نظیر)

دُرپک: بدن۔ استعارتاً عشق (اسم۔مذکر)

درپک درگ دار آوت پوتری پرتھم بھیٹ بھی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

درپن: آئینہ (اسم۔مذکر)

1۔ ہوا معلوم جب دیکھا سو درپن میں بدن اپنا (حسن شوقی۔ غزلیات) 2۔ مکھ تجے درپن میں تل تل دیکھنے عادت ہے کر (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ لگیا جگمگانے کوں درپن کے سار (غواصی۔ طوطی نامہ) 4۔ تمھارے مکھ اگے درپن کوں درپن کر نہیں گنتے (ولی۔ کلیات ولی)

دِرتے: دیر سے

رہی ہون بہت درتے تج آس کر (وجہی۔ قطب مشتری)

دُرج: ڈبیا (اسم۔مونث)

مرصع قفل ہے درج دہاں کوں (شفیق۔تصویر جاناں)

دُرجگ: ڈبیا (اسم۔مونث)

1۔ دولب لعل درجگ تھے یاقوت کے (رستمی۔خاور نامہ) 2۔ رکھیا بھر دروں نے کی درجگ کوں کھول (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دُرجگاں: درجگ (ڈبیا۔صندوق) کی جمع

درب دھن درجگاں سنگات لے کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دُرجن: برا آدمی۔دشمن (اسم۔مذکر)

1۔ ہمارا نام ہے درجن تراشاں (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔ دوست کر مانتے ہیں درجن کوں (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔ سیتا دنت سوں درجن بیچ پکڑیا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دُرجناں: دُرجن (برا آدمی۔دشمن) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

ظفر شہہ پائے کر سب درجناں پر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

درحال: فوراً

بیاہ بدیسوں تجھ درحال (اشرف۔نوسرہار)

دردکھانا: غم کھانا

درد بچھڑات کا نہ کھاوے وہ (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

درداں: درد کی جمع (اسم۔مذکر جمع)

درداں کوں عاشقاں کی دوا دیکھتا ہوں تو (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دردھ: درود (اسم۔مذکر)

دردھ لک اس نبی پر جو زجن رب کے پیارے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

درز: درزی (اسم۔مذکر)

نہ کوئی درز اس وصل پیوند کیا (رستمی۔خاور نامہ)

درس: درشن۔دیدار (اسم۔مذکر)

1۔ وہ آئے تو شاد اپس کے ہوں درس تے (غواصی۔طوطی نامہ)
2۔ ہوا شوق مجھ دل میں تب بے حساب + کہ ہونے کوں تس درس سوں کامیاب (صنعتی۔مثنوی گلدستہ) 3۔ شہہ درس دیکھت ہوی حوراں کی عید (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ تج مکھ کے درس کا سورج سو درسنی ہے (وجہی۔قطب مشتری)

درسنیاں: درشن کرنے والے

ہمیں درسنیاں اس کے دیدار کے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دِرشٹ: نظر۔آنکھ۔ (اسم۔مذکر)

1۔ جب سنواوں درشٹ نہ ہووے دیکھتا روندیک (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور) 2۔ سنپورا نرنکار درشٹ اگوچر (جانم۔کلمۃ الحقائق) 3۔ کچھ نہ لو پیا تجھ درشٹ (جانم۔ارشاد نامہ)

دِرشٹا: نظر (اسم۔مذکر)

یو سب کا درشٹا ہووے (جانم۔ارشاد نامہ)

درشن: دیدار (اسم۔مذکر)

لیجا اس کے درشن کا امرت پلاؤ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

درگ: آنکھ (اسم۔مونث)

1۔ دریک درگ دار آوت پوتری پر تھم بھئی بیب پہ پوگا کر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔ درگ دھونی پانڈ و پیہ لور پلکھان پال (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 3۔ مقابل درگ درپن دھر بجز جل تھل نہیں دیکھا (شاہی۔کلیات شاہی)

درگاہ: بارگاہ (اسم۔مونث)

اپنے گھر تھے پیر کچھ درگاہ کوں جانے کا نیت باندے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

دُرگند: بدبو

سو درگند باس اس تھے کیوں دیکھے کوئی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دُرمکھی: زشت رو۔بدصورت

جنم درمکھی سو جرم سل اچھے (نصرتی۔گلشن عشق)

درمن: دوا۔علاج (اسم۔مذکر)

کوئی سکھادیں دار و درمن کوئی سکھادیں بول (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

درنگ: تاخیر۔دیر

درنگ کرتیں نہ فرصت پادیں پھیر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دروازہ باندنا: دروازہ بند کرنا

دروازے والا: دربان (اسم۔مذکر)

جس کا دل نماز میں حاضر نہ اچھے تو یقین جانے کہ دروازہ اس پر باندے ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

دروازے والے سمجھے کہ بادشاہ پھر اسے نوازیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دروان: دربان (اسم۔مذکر)

1۔دروان ہے بوڑھا سا بوڑا موا اڑانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔کہ دروان بولیا کہ توں کون ہے (بلاقی۔معراج نامہ)

درووداں: درود کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

درووداں بے گنت اس پرہیزگاراں کے بادشاہ یعنی حضرت انبیاء کی پاک۔ روح (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

درونا: اندرون۔دل۔باطن (اسم۔مذکر)

1۔مجے عشق کرنے درونا پھٹا (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 2۔کوڑ آدی اوپر چکنا دستا درونے میں روکھا (وجہی۔سب رس)

درونا بڑا ہونا: دل بڑا ہونا۔جرأت مند ہونا

درونائی اوئی بڑا اس کا جو جاتی بھار چوری سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

درونا جلانا: دل جلانا

بڑی کوں ہوا تیوں درونا جلائی (غواصی۔مینا ستونتی)

درونا گھلنا: دل کا پگھلنا

بولے پرنہں بولے تو کیا ہوا درونا گھلتا ہے (وجہی۔سب رس)

درونے میں پکنا: دل ہی دل میں غم کھانا

درونے میں ہر روز پکتی اچھوں (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

درونے میں سلنا: دل میں کھٹکنا

درونے میں سلتا ہے میرے یہ سوز (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

دریا پر پل باندنے آئے لیکن خلق کا منہ پکڑے نا جائے:

دریا پر پل تعمیر کیا جا سکتا ہے لیکن خلق خدا کا منہ بند نہیں کیا جا سکتا

دریا پر تے پل باندنے آئے گا۔خلق کا موں سوں پکڑے نا جائے گا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دریا کوزے میں کونڈے جانا: دریا کو کوزے میں سمونا

ہور ایک دریا کوزے میں کونڈے گئی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دُریاں: درے کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

دوریاں سات سب پیٹ کی کھال کھاڑ (غواصی۔طوطی نامہ)

دُریاں موز: سونی موز۔چھوٹے زرد رنگ کے کیلے (اسم۔مذکر۔جمع)

دریاں موز جامون شہتوت انس (نصرتی۔گلشن عشق)

دریاؤ: دریا (اسم۔مونث)

الا اللہ کا موتی اس دریاؤ میں دھونڈو (امین الدین اعلیٰ۔کلمۃ الاسرار)

دُریجن۔درجن: دشمن۔برا آدی

1۔نہ جانو سو ریجن دریجن کے ہات (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔شہا بکرید ہے سالم دریجن تج پہ قرباں ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دریغاں: (فارسی) افسوس۔آہ

دریغاں کا بادل گرجتا اٹھیا (غواصی۔مینا ستونتی)

دریغے: اندیشے

سو آئے دریغے ادکھ واٹ کر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

دڑ بڑ: مسابقت۔بڑائی

دڑ بڑ میں اپنے دندی کے سنکھ کر آؤں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دڑ پڑا: ایک نشہ آور محلول (اسم۔مذکر)

کھیں نیڈ اکھیں کلنی کھیں ہم دڑ پڑا پیویں (حسن شوقی۔غزلیات)

درنچہ: دریچہ کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)

درنچے منے ایک اوی بسے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

دِس۔دیس: (سنسکرت دوس) دن۔روز (اسم۔مذکر)

بڑے کوئی دن ہور کوئی ماس کوں (وجہی۔قطب مشتری)

دِس آنا: نظر آنا۔دکھائی دینا

1۔دس دس آتا عالم سب (شیخ داول۔کشف الوجود) 2۔خودی دور کرے تو خدا دس آوے (وجہی۔سب رس) 3۔دس آتا ہے ہو موجود (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

دسا: داس۔خدمت گار۔(اسم۔مذکر)

دساں گئے شاہ کے چاؤ پر (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

دِساس: (دشا) سمت۔طرف

دساس آٹھ سکھیاں لے دیکھیں کھڑیاں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

دَسا:(دشا) حالت ۔ کیفیت
بچ ہے دسا خاوند کے سر دیکھوں کوئی پُچھتا ہے آ (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
دساور: پردیش (اسم۔ مذکر)
دساور پر کھ یک دوت آن پاس (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)
دس رس: دسترس
کھیں پاؤں بے دس رس (اشرف۔ نوسر ہار)
دس راس: دست راست۔ وعدہ کرنا
اول دس راس کا دے ہات مج کوں (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
دست کرنا: قبضہ کرنا۔ ہتھیالینا
ہلوں دست کر مار بیٹھا بغل (نصرتی۔ گلشن عشق)
دست ہونا: ہاتھ آنا۔ حاصل ہونا
ہوا عقل کا دست مایا مجھے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
دستاں: داستاں (اسم۔ مونث)
نہ یو وند دستان منقول ہے (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)
دستک مارنا: دستک دینا
حضرت تمام اشتیاق سوں اس گھٹ کے نزدیک گئے دستک مارے (وجہی۔ سب رس)
دستگیرا: دستگیر (اسم۔ مذکر)
ہمن کوں ہیں اس بن دوجا دستگیرا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)
دستری: منافع
سودا ہوئے بھی کیں کوئی ہارا ہے دستری کوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
دِستی: دکھائی دیتی
دستی آوے گی تجھے ہر ایک بات (وجدی۔ پنچھی باچھا)
دِستیاں: دکھائی دیتی
نشانیاں خوب دستیاں ہیں (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیاء)
دُسرا: دوسرا
1۔ کہ توں ایک ہے ہیں ہے دسرا اللہ (صنعتی۔ قصۂ بے نظیر) 2۔ دُسرا دروازہ حکم کا (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نامہ)
دسرا: دسہرہ

دیوالی و دسرا کیے شوم سب (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)
دس روپ: ایشور کے دس روپ۔ مچھلی۔ کچھوا۔ سور۔ بونا۔ نرسنگھ۔ رام اور کرشن مشہور روپ ہیں۔
دس روپ ایشور کی لائی نشانی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)
دُسرے: دوسرے
لگے ٹھاٹنے دُسرے اسکے اگے (رستمی۔ خاور نامہ)
دُسریاں: دوسرے
1۔ توں چھوڑ ے گا بھی یو نچ دسریاں سنگات (رستمی۔ خاور نامہ)
2۔ کھیا دسریاں سوں دوں تج سوں کرے گا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
دَن: (سنسکرت) دانت (اسم۔ مذکر)
1۔ دن کوں کیوں کہوں انار دانے (ابن نشاطی۔ پھول بن) 2۔ کنچن کے ہیرے یعنی تیرے دن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 3۔ یا دو دن اہیں یا یاقوت ہیں جھلکتے (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔ دن تے جگمگی جوتی امولک ڈھال گج موتی (وجہی۔ قطب مشتری)
دن جوت: (دن: دانت + جوت: چمک) دانتوں کی چمک
نہ جانو دن جوت ہیریاں کوں دیک (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
دن میانے اُدھر پکڑنا: ہونٹ چبانا
دن میانے ادھر پکڑیا نول شاہ (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
دسنا: (سنسکرت دن) دانت (اسم۔ مذکر)
ٹھنڈی ہے سیب دسنا جوں کہ چارولیاں ہیں چاریاں کیاں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
دِسنا: دکھائی دینا
1۔ دسیں تج منے سب سیادت کے سین (فیروز بیدری۔ پرت نامہ) 2۔ عشق ہے تو حسن دستا خوب (وجہی۔ سب رس) 3۔ وہاں ایک بڑا غار دسیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
دسنتر: (سنسکرت) پردیس (اسم۔ مذکر)
جاؤں دسنتر کالی رات (اشرف۔ نوسر ہار)
دسویں چاند: چاند کی دس تاریخ
محرم کیری دسویں چاند (اشرف۔ نوسر ہار)

دِسی: دکھائی دی

دسی جس ستی قرب وفرقت کی لذت (شاہ تراب۔من سمجھاون)

دسیں: دکھائی دیں

دسیں سیوک اس کے چمارے تمام (غواصی۔طوطی نامہ)

دسیاں: دیس (دن) کی جمع

خوشی سوں سنج دسیاں گذرتے اچھیں (فائز۔رضواں شاہ وروح افزا)

دِشٹ: (سنسکرت درشٹی) نظر (اسم۔مونث)

1۔ یکا یک دشٹ یوسف پر پڑی جائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔ پڑیں سور کئی لک جگت دشٹ حل (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 3۔ پڑی اوچتی دشٹ اس نار پر (وجہی۔قطب مشتری)

دِشٹ لائے: نظر لگائے

بدیا پور نگر دیکھ کر دشٹ لائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

دِشٹی کرنا: نظرعنایت کرنا

حصرت نبی دشٹی کرے دل قطب نت تج سوں دھرے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دِشٹی: (سنسکرت۔درشٹی) نظر۔آنکھ

1۔ دھر و دشٹی سنو درد یش کا بات (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔ دشٹی کوں اک سوجھے کس کا (شیخ داول۔کشف الوجود)

دُشمناگی: دشمنی

1۔ بھری ہیں سکیاں دشمناگی سوں چھاتی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ صبح توں نکو سنج تے کر دشمناگی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دُشمنی بسانا: عداوت کرنا

دوستی جا کر دشمنی بساتی (وجہی۔قطب مشتری)

دُعایاں: دعا کی جمع (اسم۔مونث)

دعایاں وتعویذ کئی دھات کے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دعوا: دعویٰ (اسم۔مذکر)

1۔ کہ دعوا توں کرتا ہے اس دھات کچ (صنعتی۔قصۂ بےنظیر) 2۔ جتے پر شاخ میوے کے اسے دعوا ہوا پھل کا (نصرتی۔علی نامہ)

دعوا لینا: دشمنی نکالنا۔بدلہ لینا

کیوں بھی دریا کے وکیل سوں اپنا دعوا لیوں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دغا خوری: دغابازی

ہور وال کی دغا خوری ہور گاؤ گھپ سارے لوگاں سوں بولیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دغل: دغافریب (اسم۔مذکر)

مرے بخت کا باغباں یو دغل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دفا کرنا: دفع کرنا

دفے کر بلا دکھ درد ہور غم (وجہی۔قطب مشتری)

دِک: (دکھ) ظاہر۔دکھائی دینے والا

اس یک پن میں دک ہور ہیں (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

دُک: دکھ (اسم۔مذکر)

1۔ سورو نے لگیا دک سوں میں زار زار (صنعتی۔قصۂ بےنظیر) 2۔ جنم اپنا دک میں کھوتا اچھے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

دکال: قحط۔براوقت (اسم۔مذکر)

1۔ اس عشق کے دکال میں بحری اپس کے دوکھ (محمود بحری۔کلیات بحری)
2۔ بڈی کا گھر اس کے بابوں دکال تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دکان مانڈنا: دکان لگانا

دکاں مانڈیا واں بہت ساز سوں (وجہی۔قطب مشتری)

دک اچھنا: حیران ہونا

اس کی باطن کی زبان گنگی ہوئے ہور ہمیشہ درک اچھے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

دِک پنا: حیرت

معرفت کا نہایت دو چیز ہے وحشت ہور حیرت بھی بچکنا ہور دک پنا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

دُکد: دکھ۔غم۔تکلیف (اسم۔مذکر)

دکدیوں بیٹھی پیو روپ سنگات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دُکدا: دکھڑا۔غم (اسم۔مذکر)

اپنا دکدا بھید ابھید (جانم۔ارشادنامہ)

ڈک کرن: (دکھ کرنا) غم کھانا
اسی ڈک کرن میں فکر آیا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
دکھ اڑا دینا: دکھ بھول جانا
باندرا اپنے دل کا دکھ اڑا دیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
ڈکھانا: دکھ دینا۔ اذیت پہنچانا
دکھانے مجھے عارتج کوں نہ آئی (غواصی۔ طوطی نامہ)
ڈکھ بسانا: دکھ مول لینا۔ خود کو تکلیف میں مبتلا کرنا
بہت کھا کر یو دکھ بسانا۔ اولیچ تے تھوڑا نا کھانا (وجہی۔ سب رس)
دکھ بھانا: دکھ دینا
صبوری کو اٹھا دکھ حق نے بھایا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
دکھ بھنجن: دکھ دور کرنے والا
براہیم قطب شاہ ہر دکھ بھنجن (وجہی۔ قطب مشتری)
ڈکھ پر دبل ہونا: دکھ پر دکھ۔ تکلیف پر تکلیف نازل ہونا
1۔ ہوا دکھ پہ دبل ترا بولنا (وجہی۔ قطب مشتری) 2۔ کہیں ہائے یو کیا ہے دکھ پر دبل (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 3۔ کتا چوں کہ عالم ہے دکھ پر دبل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 4۔ اس ہستی کو دیکھ کر وہ مبتلا + دکھ پہ دبل کا اثر سمجھا نوا (وجدی۔ پنچھی باچھا)
ڈکھ جھالوں: دکھ کی جلن یا گرمی۔ سوزش غم
ٹھنڈی جاگا میں دکھ جھالوں میں اس کی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
ڈکھ دادھی: غم زدہ
1۔ سدا کی دکھ دادھی پر دیا کرو (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ اب دکھ دادھی کیدھر جاؤں (اشرف۔ نوسرہار)
ڈکھ دھرنا: اذیت پہنچانا۔ تکلیف دینا
کت کت بھاتوں دکھ دھریں (اشرف۔ نوسرہار)
ڈکھڑا گانا: دکھڑا رونا۔ (دکھڑا: گیتوں کی ایک قسم)
اس اندھے چاتر طبیب کو بلا بھیج کر طبیعت کا سگل دکھڑا گائے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
ڈکھ گنوانا: دکھ دور کرنا
ہور تمارا دکھ تمام گنوانتی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دِکھلائیاں: دکھلائی (فعل۔ مونث) کی جمع
مرے آگے دکھ کھول دکھلائیاں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
ڈکھ میں انگ دھرنا: ہمدردی کرنا
سو ہمدرد ہو دھر کے تس دکھ میں انگ (نصرتی۔ گلشن عشق)
ڈکھ میں بھانا: غم میں مبتلا کرنا
مجھے کیا کیا دکھ میں بھائی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
دکھن: جنوب
جو تھے پورب پچھم اتر دکھن کے (ابن نشاطی۔ پھول بن)
دکھن دھرن: سرزمین دکھن کا مالک
1۔ انھیں شبہ کیا شاہ دکھن دھرن (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ سنگھاسن بچھا بیٹھ دکھن دھرن (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 3۔ کیا شبہ سو لکھن جو دکھن دھرن (عبدل۔ ابراہیم نامہ)
دکھو: دیکھو
خرقۂ زاہد دکھو جامہ مشروف دکھو (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
دِکھوڑی: (ڈوری) ہچھڑ (اسم۔ مونث)
اے کیڑا دکھوڑی ایسا ہوا (میراں جی خدانما۔ شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)
ڈُگد: مصیبت۔ تکلیف۔ درد (اسم۔ مونث)
پرت کی دگد سوں کروں یہ سلوک (فائز۔ رضواں شاہ و روح افزا)
دگداؤ: تکلیف دو۔ اذیت دو
نہ مجھ دگداو باریں بار (جانم۔ ارشاد نامہ)
دگدگا: دغدغا
جلے رنگ میرا سکل دگدگا (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ)
دگدگاٹ: دغدغہ۔ اندیشہ
جیسا کہ دگدگاٹ تھا دیسا دیکھنے میں آیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
ڈُگدگی: زرخرہ
جاں دگدگی میں کھیلتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
ڈُگدے: غمزدہ۔ رنجیدہ
نہ ہوئے کوئی جگ منے رنج سار دگدے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دگدیاں: دکھی لوگ۔ دگدی (مصیبت زدہ) کی جمع
نہ دگدیاں میں منج ایسا کوی دکھیا ہوئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دِگنبر: (سنسکرت) خدا۔ سنیاسیوں کا ایک گروہ جو لباس سے بے نیاز ہوتا ہے۔
لیے جا سد سنیاسی ہو چلے ملنے دگنبر کوں (نصرتی۔ علی نامہ)

دل: لشکر۔ فوج۔ (اسم۔ مذکر)
1۔ سرب دل سوں توں جائے جس باٹ تے (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ تو بولے اتا آئے ہیں دل کھندل (صنعتی۔ قصۂ بے نظیر) 3۔ کھندل کفر کے دل بھنجن کرن ہارا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دل ابلنا: دل کا امنڈ آنا
بچھڑ پن کے گئے جہاں سوں دل اُبل (نصرتی۔ گلشن عشق)

دل اچاٹ پکڑنا: دل برداشتہ ہونا۔ مضطرب ہونا
جو کوئی صاحب سوں یوں اختیار اچھے اس کا دل صاحب خاطر کیوں نا پکڑے اچاٹ (وجہی۔ سب رس)

دل الٹ جانا: دل بھر جانا
اس کا دل اپنے کدھن سوں الٹ گیا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دلانا: حرکت دینا۔ جُھلانا
1۔ کلی کہ کھل جیھ پھکری دلائے (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 2۔ سورج تارے چرخ دلائے (اشرف۔ نوسرہار)

دلاں: دل کی جمع　(اسم۔ مذکر۔ جمع)
وہ زلفاں دلاں کے ہنڈولے اہیں (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

دل اوارا ہونا: طبعیت پریشان ہونا
پیا سوں ملتے ہوئے خوشی ج دو تن کا دل سب ہوا اوارا (شاہی۔ کلیات شاہی)

دل باندنا: دل لگانا
تو آخر ملے گی لکر دل بندیا (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)

دِل باراباٹ ہونا: پریشان ہونا
یک باٹ گئے ہوں گے تجن پن جیو باراباٹ ہے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

دل باندھے جانا: تعلق خاطر پیدا ہونا
یک تنگ قبا پر میرا دل باندھے گیا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دل بہالے جانا: دل لوٹ لینا
لجاویں کرشمیاں سوں لئی دل بہا (نصرتی۔ علی نامہ)

دِل بھترکونڈنا: غور و خوص کرنا
لیتی کونڈیوں آپنے دل بھتر (غواصی۔ طوطی نامہ)

دِل بھگنا: دل سیر ہونا
آخر اس دنیا تے کس کا دل نہیں بھگیا (وجہی۔ سب رس)

دَل پڑنا: لڑائی ہونا
پڑیا وہ دل کہ درمیانی سمایا شور کلول کا (نصرتی۔ علی نامہ)

دل پھوڑنا: دل توڑنا
ترا دل مجے بول پھوڑا ہے کی (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

دَل جوڑنا: فوج جمع کرنا
بادشاہاں کا کام دل جوڑنا ہے (وجہی۔ سب رس)

دل جھٹکنا: دل اٹھ جانا
جھٹکیا ہے دھرم سوں دل جگت کا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

دل داناداں ہونا: دل کا پریشان ہونا
دل ہوا عشق تے داناں داں (وجہی۔ سب رس)

دل دوڑانا: دل لگا کر کام ہونا
تے کام پر کیا میں دوڑاؤں دل (غواصی۔ مینا ستونتی)

دل دھرنا: توجہ کرنا۔ ارادہ کرنا
مردانگی پر دل دھرے گا ہرگز نہ ڈرے گا (وجہی۔ سب رس)

دل دھونا: ہاتھ اٹھا لینا
اگر آزر اس وقت پر ہوتا + تو دیک بت تراشی تے دل دھوتا (غواصی۔ طوطی نامہ)

دل دیاں: دل دیا (محبت کرنے والا۔ دل دینے والا) کی جمع
بولتے دلبر بُرے پن دل دیاں کوں پوچھنا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

دل رکھا: محبوب۔ دلدار
ہمارا دل رکھے وہ جو ہمارے دل رکھاں میں ہے (ولی۔ کلیات ولی)

دل صافی ہونا: دل کا دنیا کی محبت سے پاک ہونا
اس کا دل صافی پکڑے (وجہی۔ سب رس)

دل کااپال بھار بھانا: دل کی بات کہنا۔ بھڑاس نکالنا
لگیا بھار بھانے کوں دل کااپال (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)
دل کاوسوسا ٹوٹنا: فکر دور ہونا
کھیا میرے دل کاٹوٹیا وسوسا (غواصی۔ مینا ستونتی)
دِل کاڑنا: دلچسپی ختم کرنا بے تعلق ہوجانا
کہ تلیا برنچ شور بے تے کاڑ دل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
دِل کوآٹنا: رنجیدہ ہونا
اپنا ہاشمی توں نکو دل کو آنٹ (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
دِل کھڑا رہنا: ثابت قدم رہنا
حقیقت ارادت کا سو کھڑے رہنا بندے کا دل خدا کی طلب میں (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)
دِل کی تاب ٹلنا: دل کی بیقراری دفع ہونا
نظرسوں بیٹے پرٹلی دل کی تاب (نصرتی۔ گلشن عشق)
دِل کی کھال کاڑنا: تکلیف پہنچانا
کہ میں اپنے جلال کی صفت سوں قبض کرتا ہے۔ دلاں کی کھال کاڑتا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)
دِل گھٹ کرنا: دل مضبوط کرنا۔ جراءت سے کام لینا
1۔ ہوا ہے کڑا اور کیا دل کو گھٹ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)
دل لانا: محبت کرنا۔ دل لگانا
1۔ جو یوں ہوے تو دل لائے دل لانہارا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ یا عاقل سوں بیٹھنا مل یا محبوب سوں لانا دل (وجہی سب رس)
دل لگی: دل لگا کر۔ دلچسپی سے
بڑی دل لگی سوں اس کی خدمت کروں گی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
دل منے گندنا: دل میں ارادہ کرنا۔ دل میں بسانا
1۔ ترا روپ میں خوب دل میں گندیا (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)
2۔ حسن کچھا اپنے دل منے گند کر عشق کن بھیجی یوں (وجہی سب رس)
دل میانے باندنا: ارادہ کرنا
جو کچھ دل میانے باندی تھی سو کھول (وجہی۔ سب رس)

دل میں اجال پڑنا: باطنی جلا
دل میں اجالا پڑے گا موں پر نور چڑے گا (وجہی۔ سب رس)
دل میں بند باندنا: منصوبہ بندی کرنا
وضع کرنے کوں شبہ کے کر کے سوگند+لگیا کئی بھانت دل میں باندنے بند (ولی ویلوری۔ روضۃ الشہداء)
دل میں ٹھاؤں کرنا: دل میں جگہ بنانا
تج حسن خزینا سو مرے دل میں کیا ٹھاؤں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
دِل میں جڑنا: دل میں سمانا
دسرے کی فکر دل میں جڑی (وجہی۔ سب رس)
دِل میں چبنا: دل میں جگہ بنانا
ترے شاہزادے کے دل میں چبی (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)
دل میں دھرنا: دل میں جگہ دینا۔ دل میں رکھنا
بندے عشق میراں سوں دل میں دھریں (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)
دِل میں رچنا: غور و خوض کرنا
دل میں رچ کر او پچ تے کچ کر لکھیا تھا (وجہی۔ سب رس)
دِل میں گتنا: سوچ بچار کرنا
میں اسے دل میں گت لے کر جواب بولوں گی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
دِل میں گندنا: دل میں جگہ دینا
ترا روپ میں خوب دل میں گندیا (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)
دِل میں لانا: دل میں خیال کرنا
دل میں اپنے کچھ لیا کر وجہی نادر من کوں دریا دل گوہر سخن کوں حضور بلائے (وجہی۔ سب رس)
دِل مریاں: ایک قسم کا باجا (اسم۔ مذکر۔ جمع)
دل مریاں اٹھے تان لے تان پر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
دِلدَر: نکبت۔ نحوست
1۔ دلدر دور کر کرتا نہالا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
2۔ جو اس تھے نامرادی ہور دلدر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔ دلدر ترے ملک تے پاؤں کر (غواصی۔ طوطی نامہ)

دِلاسیاں: دلاسا کی جمع
مجے اس دلاسیاں سوں شیدا کیا (صنعتی۔قصۂ بے نظیر)

دلندر: افلاس نکبت۔بدنصیبی
1۔دلندر تے فارغ ہو پایا قرار (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔بوڑپا دلندر کے ہوا ایک دل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دل میں ہانڈی پکانا: منصوبہ باندھنا
تکو دل میں ہانڈی پکانا رمفت (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

دِل ہات پکڑنا: دل پر قابو پانا
جنے نخریاں میں انگڑی مرد کا دل ہات نیٹ پکڑی (وجہی۔سب رس)

دلا: دل
1۔دلا منگ خدا کن کہ خدا کام دوے گا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔دلا حق کی طرف ہو کہ حق آرام دوے گا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دِلاں: دل کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
صفادار روشن دلاں آج کے (غواصی۔طوطی نامہ)

دُلارے: جھولا
1۔دلارے پر سوتی ہوں پن مرے سونے کی دو جا گہ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔سکھ ہارے دلارے میں کی جھولتا رے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

دلو: آسمان کا گیارھواں برج
اہیں دلو جدی دو کیوان کے گھر (شاہ تراب من سمجھاون)

دم: دام۔پھندا (اسم۔مذکر)
مرے دم تھے جانے سٹیا ہے مجال (رستمی۔خاور نامہ)

دم اچالنا: دم مارنا
1۔کس دم اچال اپنی خدای انگے دیے (غواصی۔کلیات غواصی)
2۔انوں کے اگے کوئی نہیں اچاتے تھے دم (وجہی۔سب رس)

دم پکڑ رہنا: مطمئین ہونا۔قرار پانا
1۔ارے میاں ذرا دم پکڑ (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 2۔رہیا دم پکڑ چھوڑ دے درد و دک (محمود بحری۔کلیات بحری)

دم سیند کر: دم سادھ کر
کمر بند میں دھر بات دم سیند کر پچھاڑیا ز میں کے او پر گیند کر (طبعی۔بہرام وگل اندام)

دم کونڈن: سانس رک جانا۔حبس۔دم بستگی
اُسے کونڈن ہوے دم لے نہ سک کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دم کونڈنا: دم گھٹنا
1۔کونڈے دم ہور سونڈی سوت (اشرف۔نوسرہار) 2۔تیرا وجود دائم پانی میں غوطہ مارتا کدھیں+ دم کونڈیا جا تلملتا بھی ہے (وجہی۔سب رس)

دم مارنا: کہنا۔ڈینگ مارنا
1۔یک کوں کتے پوچھیا کہ عشق کیا ہے کچھ دم مار (وجہی سب رس) 2۔مرتضیٰ کا مار دم دائم ہور اس کے آل کا (غواصی۔کلیات غواصی) 3۔ہور انے پرہیزگاری کا دم نہیں ماریں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دماغ باورے: دیوانہ دماغ
اس دماغ باورے کو باس دے مسرور تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دمشق: دمشق۔ایک شہر کا نام
ایو دتھا در دمشق (اشرف۔نوسرہار)

دماں ما: دمامہ (اسم۔مذکر)
بدی کا دماں ماجہاں پر بجا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دمامیاں: دمامے
دمامیاں کی آواز ڈونگر تھے آئے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دمامیں: دمامے کی انفیائی ہوئی شکل
دمامیں او قالونفارے تمام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دمنے: بھڑکنے
ابھال تھے وہاں آگ دمنے لگی (رستمی۔خاور نامہ)

ڈُمال: دنبال۔پیچھے
جیوں اندھکار لاگیا شفق کے دمال (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ڈُماں: ڈم کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
کتیاں کی دماں اژدہا سار کیاں (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

دمانگ: دوڑ۔ تیز روی

دمانگ میں جو آدے دو پری زاد (ابن نشاطی۔ پھول بن)

دموتی: دمیتی۔ نل کی معشوقہ

توں یا شیریں یا لیلیٰ تو یا نل کی دموتی ہو (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

دمیاں: اگا۔ نمو پایا

دمیاں تھا تازگی کس سبزہ یکسر (ابن نشاطی۔ پھول بن)

دن دنا تم تم: باجے کی آواز۔

بجاتے دن دنا تم تم پلاتے گاؤتے چھندسوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دنا: دن (اسم۔ مذکر)

خلائق اس دنا خاطر کیا پیدا جگت سارا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دناں: دن کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

1۔ کہ یو دن سب دناں میانے ادکھ منصور دستا ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سب ہی دناں میں دستا ہے یہ دن نمایاں عید کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ تھوڑے دناں میں او بچہ بل پکڑیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دُنب: دم (اسم۔ مونث)

پروئے ہیں موتی دنب کے بال میں (رستمی۔ خاور نامہ)

دُنبال: پیچھا

نہ چھوڑا انے ٹوک میرا دنبال (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

دُنبالا چھوڑنا: پیچھا چھوڑنا

اس بات کا دنبالا چھوڑ (وجہی۔ سب رس)

دُنبال پڑ رہنا: پیچھے چھوڑنا

وہ پڑ رہے جم دنبال (اشرف۔ نوسرہار)

دُنبال کرنا: پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا

پھر مار چھورواد کیتے دنبال (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

دُنبال لگنا: پیچھے پڑنا۔ اصرار کرنا

سو ماں ہور بیٹی لگے پھر دنبال (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

دُنبالوں پڑنا: پیچھا کرنا۔ تعاقب کرنا

باز اں پڑیا یوں خیالوں + حسین کیرے دنبالوں (اشرف۔ نوسرہار)

دنت: (سنسکرت دنتیہ) دانت (اسم۔ مذکر)

1۔ دسیں روپ کالے اجل دنت یوں (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 2۔ چمن گالاں منیں دنت پھل گلالا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دنتن: (سنسکرت دنتیہ) دانت

دل میں رکھیا جدھاں سوں دلی تجھ دنتن کی یاد (ولی۔ کلیات ولی)

دنتی ہتی: دانت والا ہاتھی۔ جوان ہاتھی

سکل جوں ارابے کوں دنتی ہتی (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

دنثالے: دنثالا (شاخ۔ ٹہنی) کی جمع (اسم۔ مذکر)

دھڑک آگ اٹھی جب دنثالے پڑے (نصرتی۔ تاریخ اسکندری)

دُند: (سنسکرت) دشمنی۔ مخالفت۔ مکر

1۔ ترکوں ہندوؤں لایا دند (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ سہیلی نہ کر تو ہمن سیتی دند (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ نہ یو دند دستان منقول ہے (صنعتی۔ قصۂ بے نظیر) 4۔ دھن دند گر کرے تو کہوں کس سوں بولنا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

دُند بسانا: دشمنی کرنا

1۔ کہ کوئی دیو سوں دند بسایا نہیں (وجہی۔ قطب مشتری)

دُند پکڑنا: دشمنی کرنا

جو پکڑی وہیں دند راتوں اوپر (غواصی۔ طوطی نامہ)

دندلانا: دشمنی کرنا

دندلا کے دندے اسے چھوڑ گھر وا (غواصی۔ کلیات غواصی)

دِن دِن: روز بہ روز

1۔ بدھن لاگا دن دن پیٹ (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ گنج عیش کے سورج کوں سو دن دن تو ضیا بخش (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دن دوالے: دن دھاڑے

دن دوالے کوئی کہیں شاخ پو دیکھا ہے چراغ (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دندسارنا: دشمنی کرنا۔ بدلا لینا

1۔ اونا پاک دند آپنا سار کر (غواصی۔ مینا ستونتی) 2۔ بھل توں ساریا اپنا

دند(اشرف۔ نوسرہار) 3۔اودیکھی صبح منہ سوں دندسارتے(احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ڈندکاری: دشمنی

یوچھنال خدا تے نہیں ڈری کیا بلا کری جھگڑا لانہاری ......دندکاری (وجہی۔سب رس)

دند مچاؤ: جھگڑا کرنے والا۔فسادی

اگلے زمانے میں ایک دندمچاؤ تھا(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دِنماں: پورا۔صبح سے شام تک

کرے گھنٹ دنماں توں لے اپاس (فخر دیں نظامی۔کدم راؤپدم راؤ)

دندھا: کاروبار۔سرگرمی (اسم۔مذکر)

تمارے عشق کانس دن دندھا دل میں دھریا شاہی (شاہی۔کلیات شاہی)

ڈنڈی: (سنسکرت دوندی) دشمن۔مخالف

1۔اٹھ کے جیو کا دنڈی ہوئے (اشرف۔نوسرہار) 2۔خدا نہ روزی کرے کس کوں بند دندی کا (وجہی۔سب رس)

دندے: دنڈ (دشمن) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

دنڈے کے اوپر فتح یابی کروں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

دندیاں: دنڈ (دشمن) کی جمع

1۔انند پائے دندیاں کیرے دنڈ تھے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔دوزخی دنڈیاں کو اس جھل تھے پشیماں پائیا(عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔قدرت سوں بخشش آئے کر دندیاں کے سرآراہوا(محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دنڈ: بازو (اسم۔مذکر)

اونڈوہ دنڈات بلوند پربل(احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دنڈل: ڈھل (اسم۔مذکر)

جوبہمن نہ چابے ڈنڈل ساگ کا(حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

دنڈوت: سلام (اسم۔مذکر)

1۔ابراہیم مالا پیٹ سیس نوا مانو دنڈوت کرت جپنا(ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔اسے دنڈوت کریں آویں سنواریاں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دنڈی وادن: ایک ساز (اسم۔مذکر)

ایک کردنڈی وادن دوجے پا نری پسنک جیکھت نورس گاوت اچھتی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

دِنکر: (سنسکرت) سورج (اسم۔مذکر)

1۔دنکر جوت چپی سوتج تاموینش کوئی تج ساررے(ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)2۔ہواپرکاش جودنکر دکھایا مک کا جھلک (شاہی۔کلیات شاہی)3۔چھپا دنکر دفینا تیوں زمیں میں (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 4۔گیادنکر چندر جب مکھ دکھایا(ملک خوشنود۔جنت سنگار)

دنگائیں گی: حیرت۔تعجب

دنگائینگی سوں داتاں میں انگلی کترنے لگیا(ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دنگدال: سازوسامان (اسم۔مذکر)

کہی میں کیا تمھیں ہیں سب مرے دنگدال کے وارث(ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ڈہوں تھل: دونوں مقام

کہیں جمالت اور جلالت یہی دہوں تھل (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

ڈنہ جگ: دوجگ

گسائیں جہیں ایک ڈنہ جگ ادار(فخر دیں نظامی۔کدم راؤپدم راؤ)

دِنے دن: دن بہ دن

دنے دن ہو پختہ کرہوتے ہیں خام(ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دنیادار: خوش حال

سبھی خلق واں کے دنیادار تھے(غواصی۔مینا ستونتی)

دنیاں: دنیا کی انفیائی ہوئی شکل(اسم۔مونث)

1۔دنیاں میں نہیں کوئی عاشق بغر(وجہی۔قطب مشتری)2۔دنیاں میں رکھیا ہے تو جس سیس پر(صنعتی۔قصۂ بے نظیر)3۔دنیا سونکوکرگرفتار مجھ (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

دنیائی: دنیوی۔دنیا سے متعلق

ہوردنیائی کاماں کے اندیشے کے باج رھیا جاتا نیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

ڈو: شیطان۔درندہ

اچھے دیودوجاں سورا کس اپار(ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دِوا: (دیوا) دیا۔ چراغ
1۔ دوانورایماں کا اس میں دیا (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ دوادس نام دیتا ہے چندرکوں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔ نہ مجنوں ولیلیٰ کے دل کا دوا (عاجز ابن احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 4۔ دوا چند پنم کا ستارے پتنگ (وجہی۔ قطب مشتری)

دوار: دروازہ۔ استعارتاً گھر (اسم۔مذکر)
1۔ جنت کیرے کھلے دوار (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ جو گگن کے مجہ پر کھولے سو دوار (وجدی۔ پنچھی باچھا) 3۔ دکھادیں اپس کوں کھڑے دوار پر (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ)

دوار: دیوار (اسم۔مونث)
سونے کی ہے چوندھیر اونچی دوار (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

دوارا: (دوار) دروازہ۔ استعارتاً گھر
رشک آئے منج کرے مت کوی سجدہ اس دوارا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دوال: دیوار (اسم۔مذکر)
1۔ کہ سر تھیں ہوا پائے لگ جیوں دوال (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ ترے بات سوں جوں دوالاں ہلے (شاہی۔ کلیات شاہی) 3۔ پڑوسن کے دوال پر ٹھکتی ٹھکتی چلی جاتی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دِوالاں: دوال (دیوار) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
سو تیوں دستا دوالاں میں تھے میویاں کا برن سارا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دوانہ: دیوانہ (اسم۔مذکر)
ایک عاشق تھا دوانہ بے خبر (وجدی۔ پنچھی باچھا)

دوبل پن: لاغری
ڈھیلی ہوئی دوبل پن سوں پشواز (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

دوبھاسی: (دوبھاشی) دو زبانیں جاننے والا۔ مترجم
یک جیو ایک دل میں دو بھاسی کیا پیا (ولی۔ کلیات ولی)

دُوپ: دھوپ (اسم۔مونث)
یہ کیا عجب پڑتا نظر جو دوپ پڑتی چاند پر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دوپار رات: آدھی رات (دوپہر رات)
کہ اب چھوڑ دے توں سو دوپار رات (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

دوپنا: دوئی
ایسا ذات دوپنے بغیر یکسو (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

دُوپھار: دوپہر
سنی دوپھار آج انجھو ڈھال ڈھال (غواصی۔ طوطی نامہ)

دُوپھانٹی: دوشاخہ (پھانٹا۔ شاخ)
دوپھانٹی کی جب منجھ چیر کر (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

دُوت: ایلچی۔ قاصد (اسم۔مذکر)
دسا دور پر کھ یک دوت آن پاس (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

دُوت: مدعی۔ رقیب۔ (اسم۔مذکر)
آنکھ میں دوتاں کے او کنکر ہو سلتا نیئں ہنوز (محمود بحری۔ کلیات بحری)

دوتاری: وہ باجا جس میں دو تار ہوتے ہیں
1۔ بجاتا ہے تانا دوتاری عجائب (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ بھکاری ہو کر چپ بجاتے دوتاری (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

دوتن: رقیب (اسم۔مذکر)
دوتن کے بول رے سب سہہ اری اے باوفا چپ رہ (وجہی۔ قطب مشتری)۔

دوتی: پیام رساں عورت۔ دشمن۔ کٹنی (اسم۔مونث)
سنی بات دوتی نے تسلیم کر (غواصی۔ میناستونتی)

دوتیا: رقیب (اسم۔مونث)
جاوے سدا جیا جھج حسرت سوں دوتیا کا (شاہی۔ کلیات شاہی)

دوتیاں: دوتی (دشمن) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
ڈریں معانی کے تیئں باد سموم دوتیاں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دوجاں: دوجا (دوسرا) کی انفیائی ہوئی شکل
پھولی کیساں تھے دوجاں اساں سچلا منج دکھلائی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دوجی: دوسری

1۔ دوجی بار درگاہ تھے آیا خطاب (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ یک اشارت میں دوجی بار کا حاجت نئیں (میراں جی خدا نما۔ شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

دوجے: دوسرے

1۔ دوجے پاؤں کوں جائی برخود ندید (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ ایک ہست سنگت پست دوجے پاڑی پھنک سمرن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

دوجیاں: دوجے (دوسرے) کی جمع

دوجیاں کا سو کیا پاپ کہنا بڑے (غواصی۔ طوطی نامہ)

دوجیں: (دوجی) دوسری

دوجیں طرف میں ہوئے رانیاں سنگار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

دوچتا: (چت: دل) دو خیالوں کے ساتھ۔ مذبذب

دوچتا ہوا آپ تھی دیکھ چت (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

دوچنتی: دوچتی (دودل والی) کی انفعالی ہوئی شکل۔ ڈانواں ڈول

دوچنتی نہ ہو سن توں اک چت سنگات (غواصی۔ طوطی نامہ)

دودا: چراغ کی کالک (اسم۔ مذکر)

یو یک دوجے کی انچ کر دھنواں دگر دودا (نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

ڈودائی: ایک قیمتی کپڑا (اسم۔ مذکر)

جو کوئی دیکھا ہے تیرے برمنیں جامہ دودائی کا (ولی۔ کلیات ولی)

دود: دودھ (اسم۔ مذکر)

1۔ جیوں پھول میں باس جیوں دود میں گھیو (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار) 2۔ بڑائی تج اپنا دودے کر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔ پلا پیار سے دود تیرا اسے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔ پلا دود ہور گھیو نابات سات (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

ڈود کی طرح گھر ابلنا: گھر آباد ہونا

گھر اس کا سو جوں دود ابلنے لگیا (غواصی۔ طوطی نامہ)

ڈوداں: دود (دودھ) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

گر وگھر میں گرہ کیاں کیے اترنے دوداں سوں بھرائی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دود نچوڑنا: دودھ نکالنا

نچوڑے سو دود پھر کر چھیاں میں نا جاوے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

دودھارا: دودھاری تلوار (اسم۔ مذکر)

نہ لیتا ہات میں گر توں دودھارا (ابن نشاطی۔ پھول بن)

ڈودھاری: چوڑی کی ایک قسم

1۔ بو بونے کل بنائی ہے دودھاری ہاتھ میں میرے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
2۔ دودھاری ہور نیولا مجھ یو گوشالال کیا کرنا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

ڈودھ دھاری: جس کی غذا صرف دودھ ہو

نہ ہو دودھ دھاری نہ رہ نت اپواسی (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

ڈودھ اور چھانچہ کلیند نئیں ہوتے: ہر شے کی حیثیت جداگانہ ہوتی ہے

سمجھ کر دلوں میں جو دیکھے گا کوئے کلیند رسو کیوں دود اور چھانچہ ہوئے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

ڈودھ حلالی: دودھ بخشا

دودھ حلالی اب عج کر (اشرف۔ نوسرہار)

ڈودھ کا جلا چھانچھ پھوک کر پیتا: دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک پیے

1۔ جلا دودھ کا چھانچھ پھوک کر پیتا (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ دودھا دود کا چھا چھا پیو پھوک (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

ڈودھ کی جھل: ممتا کا جوش

اٹھی دودھ کی جھل تو کہتی ہوں پند (غواصی۔ مینا ستونتی)

دودھیر: دونوں طرف

کہ کونچیاں منے شہر کے دھن دودھیر (وجہی۔ قطب مشتری)

دور: دامن

1۔ سو بھر دور میں اس کے چار اتمام (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ صراحی کا دھنی محتسب کا دور پکڑیا ہور دعوا کیا (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

دور: چکر۔ گھیرا

لیوں لاک مشکل بہت دور سوں (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

ڈورا: ڈہرا

1۔ پھکیا اس خوشی تے سو دورا ہوا (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ جو پوچھی برہمن کی بات او دورا (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ کہ پھر پھر دوراتی تھی اینچ

بات (غواصی۔ مینا ستونتی)

ڈوراہی: فرمان۔ حکم

میری دوراہی بھیتر وہ (اشرف۔ نوسرہار)

ڈورائی: حکومت اور اقتدار کا اعلان

دورائی نکو دیئو میرے نام کی (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

ڈور پاڑنا: جدا کرنا۔ دور کرنا

جس طاعت تھے عجب پیدا ہوتا ہے کہ میں کچھ خوب عمل کیا کر سو طاعت خدا تھے دور پاڑتا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیاء)

ڈورسوں دور: دور ہی سے

جو کچھ بولنے کی بات ہے سو دور سوں دور بول دینا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دورلا: دولڑا (اسم۔ مذکر)

مگر دو جڑیا موتیوں دورلا (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

دورنگی: ریاکاری۔ جس کا ظاہر اور باطن مختلف ہو

مردا دو رنگی جو موں میں شکر + چھپا دل میں کڑوائی کرتی مکر (غواصی۔ مینا ستونتی)

دوڑا دوڑی: کوشش۔ جدوجہد۔ بھاگ دوڑ

1۔ لگیاں دوڑا دوڑی کرن چوکدن (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ میں اسے پوری کرنے کی دوڑا دوڑی کروں گی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی) 3۔ ہور باج دوڑا دوڑی کے رزق پاویں گے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

دوڑن ہار: دوڑنے والا

دوڑن ہار انوتاں بھرے بار سب (رستمی۔ خاور نامہ)

دوڑھنا: دوڑنا

بائی کو سامنے دوڑھتی آ کر بہت ملنساری کرے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دوڑیا: دوڑا

سو، پاپا س آدم کی دوڑیا پکار (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

دوڑیال ستارا: سیارہ (اسم۔ مذکر)

تارے ہور دوڑیال ستاریوں کے نیک وقتاں ہور اچھے لچھن دکھلا کر مہورت اتارے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دوڑیاں: دوڑی (فعل۔ مونث) کی جمع

ہمہ دوڑیاں جوں کہ خدمت کے دھات (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

دوس: (دوش) الزام (اسم۔ مذکر)

1۔ کہ بے لوڑ تا دوس بخشائیں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ اب میں بھونڈی کس دیوں دوس (اشرف۔ نوسرہار)

دوس: دوست (اسم۔ مذکر)

1۔ دشمن آیا یا کہ دوس (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ ہوں ہوں بارے تجھ دوس (اشرف۔ نوسرہار)

دوسا: (دوش) الزام۔ قصور

جو بچ میں جھوٹ ہوئے اس بھاگ دوسا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دوسوں: دوس (دوش) کی جمع

رھیا دوسوں تھے تن من ہوئے کسمل (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دوستن: دوست (اسم۔ مونث)

رہی دوستن ہو وو اس دوست سوں (وجہی۔ قطب مشتری)

دوستی پکڑنا: دوستی کرنا

کیس سوں ایک دوستی پکڑیاں (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

دوستی گناتا: دوستی جتانا

دونوں اپنے میں اپنے سگاوت جتاتے ہور دوستی گناتے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دوستی میں آنا: دوستی کرنا

لڑائی کرنے جگہ پر دوستی میں آنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دوستی لگانا: دوستی کرنا

بوڈی سوں دوستی کیوں کر لگایا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

دوس دینا: (سنسکرت دوش) الزام لگانا

1۔ دیوے نہ ان کوں دست سوں دوس (محمود بحری۔ من لگن) 2۔ کس دے نکو جیوں کہ کافراں دوس (محمود بحری۔ من لگن)

ڈوسنگ: (سنسکرت ڈرسنگ) برا ساتھ

ہے ایسا برا سو کناں کا ڈرسنگ (غواصی۔ مینا ستونتی)

دوشاں:(دوش=سنسکرت۔قصور۔الزام) کی جمع
سو جلتے بھاگ کی دوشاں تھے ناؤں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دوک:دکھ(اسم۔مذکر)
1۔لگی دوک رونے ادمورت انگے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔درد دک کوں یکدھر تھے بھنجن کروں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 3۔کہوں کیا میں لورک دیا تج کوں دوک (غواصی۔میناستونتی)

دُوکال:براوقت۔قحط (اسم۔مذکر)
پڑیا چین دماچین میں سب ددکال (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

دُوکل:میکا اور سسرال
تب چھوڑ دی دوکل کی لاج (شاہی۔کلیات شاہی)

ڈوکُن: (سنسکرت۔دوکون) دونوں جانب۔ہرطرف
دنیا میں دوکن لوگ پھرنے لگے (وجہی۔قطب مشتری)

دوکانے دوکان:دکان دکان
کہ پھرتا رہوں نت دوکانے دکان (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

دوکھ:دکھ (اسم۔مذکر)
1۔کن کن دوکھوں گھڑ راکھے (اشرف۔نوسرہار) 2۔سکھ پر دوکھ کوں کیا سردار (محمود بحری۔کلیات بحری)

دوکھزادا:مصیبت زدہ
اگر چہ بڑا دوکھزادہ ہوں میں (غواصی۔طوطی نامہ)

دوکھاں:دوکھ(دکھ) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
دوکھاں کے ہتوڑیاں سیتے خوش سنواری (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دوکھن:دوکھ(دکھ) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
دوکھن بکسے سو کے گھاٹ (اشرف۔نوسرہار)

دوکھیارے:مصیبت زدہ
سکھی کر دکھا منج دوکھیارے کی تیئں (غواصی۔طوطی نامہ)

ڈوگن:دگنا
1۔سو ہو گھابرابوں اکن کا دوگن (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔دوگن ترگن اس کا توں داں پائے گا (وجہی۔قطب مشتری)

دولائی:ڈولائی۔جھلائی
پون آکے ڈالیاں کوں یوں لگ دولائی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دولارے:جھولا (اسم۔مذکر)
1۔دولارے کی ہوس تج ہے تو آڈل (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔سکھ ہارے دولارے میں کی جھولتا رے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

دولت:بدولت
بارے ہمنا کچھ فیض انپڑے تیری دولت مقصود سبز ہے (وجہی۔سب رس)

دولت جھاڑے جانا:اقتدار مٹ جانا۔حکومت ختم ہو جانا
جو بادشاہ...... اس کی دولت جھاڑے جائیں گی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دولت کرنا:حکمرانی کرنا
جو بادشاہ ان چودا وصیتوں پو اپنی دولت نہیں کرے گا سو اس کی دولت نہیں نبھے گی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دولتی پھینکنا:دولتی جھاڑنا
ایک گھوڑا اس پر دولتی پھینکیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دو میں تیسرا آنکھ میں کنکرا:طالب ومطلوب کے ساتھ تیسرا آدمی برا لگتا ہے
1۔اہے دو میں تیسرا آنکھ میں کنکر (عاجز ابن احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔دو میں تسرا یوں کہ جیوں ہے آنکھ میں کنکرا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ڈولنگی:ڈوغلا
وہ دولنگی جو ہوے دھرتیں (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دُومکھا شبد:ذومعنی لفظ
دومکھا شبد ساپ چکلند رجیوں (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دُوں:گری۔آگ (صفت)
آنکھوں انجھو سینہ دوں (اشرف۔نوسرہار)

دوں:دو کی انفیائی ہوئی شکل
دوں تیری رنگ بھریاں سوانکھیاں پر (غواصی۔کلیات غواصی)

دون:دینا

دلا جن بخت دولت تخت ہور شاہی دون سکتا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دوں جگ: دو عالم

نہ ڈر ہووے منجے اس دوں جگ میں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دونا: ایک قسم کی خوشبودار بوٹی

1۔سودونا و مروا و بالا نفیس (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔کیس میانے پھل جڑی چوٹی منے دونا و بالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔کہ دونا و بالا و بانا اتھا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دونھ: دو

1۔آپ ہی آپ دونھوں دھاتا (محمود خوش دہاں۔مناجات) 2۔ان دونھ بھیتر لایا سوی (اشرف۔نوسرہار) 3۔تمن پاس رہ شاہ دونھو تو آئے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

دوہوں جگ: دونوں عالم

دوہوں جگ موجاں اس کیاں ہوئیں آپیں جیسا دریا (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق)

دوہوں: دونوں

گیا کوک پسیا دوہوں پاٹ بیچ (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

دونی: دونوں

دونی باگ بھو کے ملے ایک گائے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دُونے: دونوں

دونے دونیا دوے ہیں حضرت تے قائم تا ابد (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دونے: سوکھے پتے سے بنائی ہوئی کٹوری

لے آئے فلک کے سو دونے میں دھر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دونیما: دو نیم۔دو ٹکڑے

میرا بس ہوئے تو اسے چھریاں سے بھوکوں دونیما کروں قیما قیما کروں (وجہی۔سب رس)

دُوھیلا: سہا ہوا۔ڈرا ہوا

بہت عاجز نپٹ من میں دوھیلا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

دُوھیرے: دوہرا (دوہا) کی جمع

سو دوہیرے ہور جھلنے ہور خیال (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

دُوہیلے: مشکل۔دشوار

دسیں دوہیلے کالی رات (اشرف۔نوسرہار)

دُوئی: فراق۔جدائی

پیارے اند آکھوں کنھ دیں دوئی موکتی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

دوئی: دو۔دونوں

1۔جوں او دوی او باش دہاں تے نکل (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ان دوی کا داستاں بول توں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔آپس کون ترت تکڑے دوی کیا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

دوئی جہاں: دونوں جہاں

دوی جہان مجھے بس یہی ہے افتخار (غواصی۔کلیات غواصی)

دوئی رست: (فارسی) دو صف۔دو قطار

کہ یوتاں دوی رست لے کر کھڑے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دوے: دو

1۔اندر دوے گائن نار دو تو نب شار (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔حسن حسین جب لگ دوئے (اشرف۔نوسرہار) 3۔جو دسیں اس تلیں چندر نوے دوئے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دھابا: کوٹھا۔اٹاری

1۔رھیا ہو پنالے کا دھابا ڈھیلا (نصرتی۔علی نامہ) 2۔ہور دھابے سوں نیچے اوتر کر آئی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھات: طریقہ۔ڈھنگ۔قسم

دعایاں و تعویذ کی دھات کے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔کیوں کیوں مارے کس کس دھات (اشرف۔نوسرہار) 3۔ہرگز کوئی اس دھات بات کوں سلامت نہیں دیا (وجہی۔سب رس)

دھاتا: (دھات) طرح۔طریقہ

آپ ہی آپ ہے دوہوں دھاتا (محمود خوش دہاں۔رسالہ علم الحیاۃ)

دھاراں: دھار کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

1۔ جتی میگھ دھاراں ہو برسے جو بند (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔غضب
کی تیغ کوں ہے تیز دھاراں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

دھارن: قبول کرنا۔تسلیم کرنا
مہنگا سب میں یو دھارن (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

دھاڑ: مصیبت۔مشکل (اسم۔مونث)
رنڈاپاؤں لیتا ہے چپ دل یو دھاڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دھاک: ڈر (اسم۔مذکر)
تو ناپاک لوگاں تھے اس کوں کیا دھاک (رستمی۔خاور نامہ)

دھاکوں: دھاک (ڈر) کی جمع
1 اگر تمیں تو دھاکوں سے تج شاہ کئے (غواصی۔طوطی نامہ)

دھالک: چال۔کیفیت
ترنگ دھالک ہرن جیتے ڈھلن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دھامن: ایک قسم کے سانپ کی مادہ (اسم۔مونث)
یوں تو ساپاں میں ہے بڑی دھامن (محمود بحری۔کلیات بحری)

دھاماں: دھام (گھر) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
کو دھوجن واسے کو دو دھاماں دھولار (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

دھانا: دوڑنا۔لپک کے جانا
1۔ یہ نو آب حیات ہے جکوی دھایا ہر گز زوراں سوں کنے نیں پایا
(وجہی۔سب رس) 2۔سوئیں رائے رائیاں کنے دھایا (غواصی۔طوطی
نامہ) 3۔گفتہ کے خضر ہو تو اس چشمے پاس دھانا (عبداللہ قطب شاہ۔
کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دھاناں: دھان کی جمع (اسم۔مذکر جمع)
بیچ ڈھیل کے جنوں چاولاں کو دھاناں میں (محمود بحری۔کلیات بحری)

دھانت: دھات (طرح۔قسم۔نوع) کی انفیائی ہوئی شکل
کہ دیکھیے گا جو عیب اس دھانت توں (رستمی۔خاور نامہ)

دھانس: پسّو (اسم۔مذکر)
مچھر دھانس کھاتے ہیں اس کا کیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دھانو: بھاگنا۔تیز رفتاری
سکھیا ڈھنگ ان تیزیوں دیکھ دھانو (عبدل۔ابراہیم نامہ)

دھانوں: کوشش۔عزم۔ارادہ
1۔بڑے لوگاں کی بڑی فکر بڑی دھانو (وجہی۔سب رس) 2۔اس خیال
کو دے بلند دھانوں توں (غواصی۔طوطی نامہ)

دھانوں: مقام۔گھر (اسم۔مذکر)
1۔سوالا کے پربت جسے ایک دھانو (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔
دے پرواز جم کوں بلند دھانو سوں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع
الجمال) 3۔دریائی جو دریا پہ سٹتے ہیں دھانوں (نصرتی۔علی نامہ)

دھاؤ: (دھانا=لپک کے جانا۔دوڑنا) دوڑو
مہکار اچاتیا ہے پھر من میں دھاؤ سکیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی
قطب شاہ)

دھاواں: دوڑنا۔پیش قدمی کرنا
اس کا دن تج کو دھاواں (میراں جی شمس العشاق۔شہادت الحقیقت)

دھاوں: دوڑ۔جھپٹ
سکھیا ڈھنگ ان تیزیوں دیکھ دھاوں (عبدلی۔ابراہیم نامہ

دھایا: دوڑا۔گیا
عشق کی خبر کوں جو کوی دھایا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دھائیں: دوڑیں
فتح و ظفر باندصف دھائیں یمین و یسار (غواصی۔کلیات غواصی)

دھایا: آیا
تمہاری ملاقات کوں دھایا ہوں (رستمی۔خاور نامہ) اس سوں شاہ کی
خدمت میں دھایا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔ یون تیوں او جواں
جلدی سوں دھایا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

دھائے: آئے۔دوڑے۔لپکے
1۔حسن حسن کرتا دھائے (اشرف۔نوسرہار) 2۔جے توں اس صفا میں
دھائے (جانم۔ارشاد نامہ) 3۔کہ یارات ناگن بھرے دھائے کر
(عبدل۔ابراہیم نامہ) 4۔بجن عرش و کرسی پو تھے دھائے ہیں
(غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

دھب دنے: دھب سے
اونے دھب دنے مارا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دُھپ: دھوپ (اسم۔مونث)
دھپ کے سنے کا گھر پکڑ باڑا انگن مڑنے کے تیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

دھپارتی: عودسوز۔انگیٹھی
برون دھپارتی سورن اسپند سارے تارے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

دھپکالا: گرمی کا موسم (اسم۔مذکر)
1۔کہ میں تپتا دھپکالا (اشرف۔نوسرہار) 2۔دھپکالے پھول باساں اب من تے گنواؤ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دھپکالے: موسم گرما (اسم۔مذکر)
گئی دھپکالے کی گرمی ٹھنڈ آیا ہے ٹھنڈ کالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دھتارا: فریبی۔دغاباز
دھتارادغاباز فتنہ ہے بٹ پاڑ (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دھتاں: گہرائی
دھتاں دریا کیاں پاوے۔ڈوب ڈوب موتیاں لیاوے (میراں جی خدا نما۔بشارت الانوار)

دھتورا: حنظل۔زہریلا پھل جس کے کھانے سے آدمی دیوانہ ہوجاتا ہے۔(اسم۔مذکر)
1۔دیوانہ کیا عشق تیرا مجے+مگر مج لیکھن دھتورا ہوا (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔بے خبر ہے یا مست ہے یا دھتورا کھایا ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

دھٹارا: دھوکاباز۔بے غیرت۔عیار
نظر غمزا دو ٹھگ دولو دھٹارے (وجہی۔سب رس)

دِھٹاگی: جرأت۔بیباکی
بتا ڈھٹاگی کیا پیاری جو انکھ مچ آنکھ کھولے تک (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دِھٹائیگی: بیباکی
بڑی دھٹائیگی سوں باتاں کرنے لگی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دِھٹائی: بیباکی
عاشق بھی وہی آکے بُجے پیم ڈھٹائی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دَھجا: کپڑے کا ٹکڑا۔جھنڈی۔(اسم۔مذکر)
دھجا بھر چھتر تجھ مگر گج اہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

دھجلا : کمزور۔ناتوان
نہ دن کو دھجلا تن بچے نا نس کو نینوں نیندڑی (محمود بحری۔کلیات بحری)

دھچکچانا: ڈرنا
ذرا بھی دھچکچائے ہور چکائے نا جا کو ایک دوڑ+سوں پہاڑ کے انی پو جاتے رہ (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھچکتے: دہشت کھاتے۔ڈرتے
کوئی ڈر چھانوں کو دھچکتے ہیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

دھچہ مارنا: سر سے ٹکر دینا
انوں دھچہ مارے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھدکار: دھواں (اسم۔مذکر)
چو دھیر عود جلاؤ دھدکار برکی کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دھدکتیاں: دھدکتی (دبکتی) کی جمع
انگاروں سانچے دھدکتیاں جو مہراں دان دیتے ہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

دھر: (سنسکرت۔دھرو) دھرتی۔زمین (اسم۔مذکر)
ابتر ہوا منور در پن نمن ہوا دھر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دھر: جانب۔سمت۔طرف۔سے
1۔ہوا سو کہہ مجھ دھر سب (اشرف۔نوسرہار) 2۔بارے کہتا ہوں تجھ دھر (وجہی۔سب رس) 3۔سب دھر نہ کہہ توں قطب میں عاشق ہوا میں کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔قدم کر آپنا سرتوں گذر معشوق کی دھرتوں (عبداللہ قطب شاہ۔دیوان عبداللہ قطب شاہ)

دھراج: (سنسکرت ادھراج) شہنشاہ۔عظیم بادشاہ
ہوا ہوں ان کی غلامی تے قطب راج دھراج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دُھرپت: ایک راگ
جونت گانے ہاریاں تھیں دھرپت ما (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دھرت: رابطہ۔سلسلہ
پرو دیا ہوں موتیاں کو یک دھرت تھیں+ میں اول تے شاعر زبردست تھیں

(فائز۔رضواں شاہ وروح افزا)

دھرت: (دھرتی) زمیں (اسم۔مونث)

1۔ چڑھاوا کیا دھرت آکاس پر (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ نہ ہو سفرا بچھاون دھرت پوری (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دھرتری: دھرتی۔زمین (اسم۔مونث)

1۔ ہری ہو دھرتری ساری دسے پاچاں میں جیوں ناری (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ ستم دھرتری کے اپر ڈال اپس (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔ نہ لیا تاب بوجا بلی دھرتری (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔ پڑیا دھرتری پر سواڑ ڈائے کر (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

دھرتیا: دھرتی۔زمین (اسم۔مونث)

نس دھن اچھے عیاں تج اسرار دھرتیا کا (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی)

دھرت کھم: زمین آسمان

دھرت کھم تر بھون حالت میں لیائے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

دھر دھریے: ڈرے۔کانپے

دھمک تل جلا جل کی سب دھر دھریے (صنعتی۔مثنوی گلدستہ)

دھر دھڑنا: دھڑکنا۔لرزنا

سن حیدری نعرے کوں تج منگل کی مستک دھر دھڑے (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی)

دھرم دھاری: ایماندار۔مذہب پرست۔نیک

نہیں کوئی دھرم دھاری جو کہے پیتم سوں سمجھا کر (ولی۔کلیات ولی)

دھرن: دھرتی زمین

1۔ انھیں شبہ کیا شاہ دکھن دھرن (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ چلے تو ہتی ڈلیلے سب دھرن (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

دھرن: دھرنا۔رکھنا

1۔ کیے ہتھے ہر اک تن پہ کسوت دھرن (نصرتی۔علی نامہ) 2۔ مصطفیٰ کے امر پر سر بھیں دھرن آیا چندا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ نہ سکتا تھا بھوکوں انگے ڈگ دھرن (وجہی۔قطب مشتری)

دھرن ہار: دھرنے والا۔رکھنے والے

1۔ دھرن ہار جو شبہ سوں اخلاص تھے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔ دھرن ہار ساماں تھا بیشار (غواصی۔طوطی نامہ) 3 دھرن ہار لک غیب کے گنج ہوں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

دھرنا: پکڑنا۔حاصل کرنا۔گرفتار کرنا

وہ طوطی کوں ہر کیوں دھر دھر کے دام (نصرتی۔گلشن عشق)

دھروت۔دھڑوت: امانت

ہور اپنی دھروت گئی سو اس کا غم مت کھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھریں دھر: ہر طرف

دھریں دھر پھر لوگ کہتا پکار (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دھڑ: جسم (اسم۔مذکر)

1۔ مار بچھائے دھڑ پر دھڑ (اشرف۔نوسرہار) 2۔ نکل دھڑ میں تے جیو جاؤ اسے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

دھڑ: (سنسکرت درڑھ) ثابت۔مکمل۔سالم

ہے تک جو سچا ہزار جھوٹے + یک دھڑ تو ہیں بے شمار جھوٹے (محمود بحری۔من لگن)

دھڑا: وزن (اسم۔مذکر)

انوں ...... بھرم ہور دھڑے میں بھی بڑھ کر ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھڑا دھڑ: دل دھڑکنے کی آواز

جو سینہ منگل کا دھڑا دھڑ ہوا (صنعتی۔قصۂ بے نظیر)

دھڑ دھڑاتا: دھڑکتا

اجھوں دھڑ دھڑاتا ہے سینا مرا (غواصی۔طوطی نامہ)

دھڑک دھک ہونا: دھر دھر جلنا

دھڑک دھک ادک آگ ہو صبح و شام (نصرتی۔گلشن عشق)

دھڑی: پان یا مسی کی تہہ جو عورتیں ہونٹوں پر سجاتی ہیں۔ (اسم۔مونث)

1۔ رنگیلی دھڑی اس اپر یوں سہاوے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ چوبے کی مسی کی دھڑی لب کوں لائے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دھس: نوکدار ذرہ یا کانٹا گھسنا

1۔ دل کی چبی ہے پاؤں کو دھس آہ کیا کروں (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔ چلیا دھس کے ریکھیا نزک جا اسے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

3۔شر شور نشہ ہور خلل دھس کرامنگ سکتا نہیں (غواصی۔کلیات غواصی)

دھک: شعلہ (اسم۔مذکر)
جواس جھالوں تھے سرو تنگ کوں اٹھے دھک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دھکر: دہلیز (اسم۔مذکر)
سو دھکر اتیا کچ اونچا تھا اسے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

دھک دھکانا: چمکنا۔جگمگانا
دہی دھک دھکائے زرینے سیتی (غواصی۔طوطی نامہ)

دھک دھگی: دھکنا
ہوا دھک دھگی یک انگارا ہو لال (نصرتی۔علی نامہ)

دھکس: بھڑکنا۔غصہ کرنا
کہ جے دھکس رائے دھن منجھ پر (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دھکاری: چمکانے والی
تال دھکاری گا دنا مند سے دھکاری شاد ماں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دھکیلیا: دھکیلا
جو لشکر میانے دھکیلیا اسے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

دھگ: انبار
بٹے باٹ دھگ نورتن کے بچھائے (غواصی۔سیف الملوک بدیع الجمال)

دھگ: آگ۔شعلہ (اسم۔مذکر)
لگی پیاس کی دھگ درونی اسے (غواصی۔طوطی نامہ)

دھگ دھگانا: چمکنا۔آگ کا تیزی سے جلنا
1۔ ہور جنگل دھگ دھگانے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 2۔ مرے جیو نے برہا کیا دھگ دھگا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

دھگڑ: آشنا۔یار (اسم۔مذکر)
دھگڑ کوں کلیا بچھانے میں ست (غواصی۔طوطی نامہ)

دھگڑ باز: بدچلن۔عیاش (اسم۔مونث)
وہ عاشق اول تھے دھگڑ باز تھا (غواصی۔طوطی نامہ)

دھگڑیاں: دھگڑ (آشنا۔یار۔وہ مرد جس سے ناجائز تعلقات ہوں) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
مرد اجڑے گا بھوکا اور کھلاتے دل سے دھگڑیاں کوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

دھگے: جلے
سوں پر دھاراں خود کیاں جیو سر دے ہے تن من دھگے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

دھملا: بالوں کا جوڑا

دھمکارے: گونج۔دھمک
بجتے طنبورے تال سب منڈل کے دھمکارے ایں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دھلارا: گرد وغبار۔آندھی۔دھول (اسم۔مذکر)
1۔دے اس کے دلدل کے سم کا دھلارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔دھلارا الھیاں یوں وہاں سربسر (وجہی۔قطب مشتری) 3۔دھلارا اٹھا سخت شر شور کا (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 4۔ دھلارا اڑاتا وہاں آئیا (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

ڈھولارے: دھول۔گرد وغبار
چرنداں میں اچانے کوں دھولارے

دہلی: دہلیز (اسم۔مونث)
1۔آیا گھر میں دہلی آڑ (اشرف۔نوسرہار) 2۔دہلی پہ بیٹھا اس بات سوں کل گئے سو کوں اد کون تھے (محمود بحری۔کلیات بحری)

ڈھلایاں: ڈھلائی (فعل۔مونث) کی جمع
نہالاں دھلایاں اُسے در حمام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دھلے: لرزے۔ہلے
آکر حکموں قلم دھلے (جانم۔ارشاد نامہ)

دھم: ہجوم۔(اسم مونث)
وزیراں کی دھم ہور سپایاں کی لات (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

دھم: حملہ۔دوڑ
میدان خالی جاں تلک دیکھے سو وہاں لگ دھم کیے (نصرتی۔علی نامہ)

دھم پر دھم چلنا: زور وشور سے آگے بڑھنا
چلیا دھم پہ دھم شاہ جیوں مہ بلی (نصرتی۔علی نامہ)

دھمال: گڑبڑ۔ ہنگامہ
اودھمال تھا اس وضع سر بسر (صنعتی۔ قصۂ بے نظیر)

دھمد مابا ندنا: (دمدمہ) مورچہ بندی کرنا
بندے دھمد سے لیا ترنگیاں چڑائے (نصرتی۔ علی نامہ)

دھم کرنا: یلغار۔ حملہ کرنا
میدان خالی جاں تلک دیکھے سو دھاں لگ دھم کیے (نصرتی۔ علی نامہ)

دھم پہ دھم: دھوم دھام
چلیا دھم پہ دھم ات ترنگ ہور حشم (نصرتی۔ کلام نصرتی)

دھمد ھمات: طبل اور ڈھول کی آواز
طبل ڈھول جم جم کریں دھمد ھمات (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

دھمک: دھمکی (اسم۔ مونث)
دیئے جب یہ دھمک سالم رقیباں (سید محمد والہ۔ طالب و موہنی)

دھمد میاں: دمدمے
گگن دھمد ھمیاں کن دسے بے شکوہ (نصرتی۔ کلام نصرتی)

دھن: (سنسکرت دھنا) عورت۔ محبوبہ۔ رفیقۂ حیات (اسم۔ مونث)
1۔ ہمن بائے ہیں حلقہ کان میں پاوے سو اس دھن کے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ نبی کے صدقے عبداللہ اے دھن + عجب تج شبہ پری کا داب دیکھیا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ دیکھے دھن کو جوان حیران ہوا (وجدی۔ پنچھی باچھا) 4۔ جن پر پیو کا پیار ہے سو دھن بولی کوئے (وجہی۔ سب رس)

دھن: (سنسکرت) گرمی۔ بخار۔ آگ (اسم۔ مذکر)
نکلتا ہے جو گرم دھن تن کے بھار (نصرتی۔ گلشن عشق)

دھن: (سنسکرت۔ دھونی) آواز۔ آہٹ (اسم۔ مونث)
دھن پانوں کی تجہ نہ دوسرا پائے (محمود بحری۔ من لگن)

دہنا: جلنا
یا تت شاخ دکھ تے اگن میں دہے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلی مجنوں)

دھناسیری: (دھناسری) ایک راگ جو سری راگ سے ماخوذ ہے
دھناسیری گاکے دھن منج کو سرنگ پیالا پلاتی ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دھن پتی: دھن کا مالک۔ سچا رہنما (اسم۔ مذکر)
کہیں ڈھونڈ کر پا گرو دھن پتی کوں (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

دھنتر: ماہر۔ عظیم (اسم۔ مذکر)
رہیا چپ جگت تھے دھنتر حکیم (نصرتی۔ گلشن عشق)

دھند: دھن۔ دولت (اسم۔ مذکر)
انے تو اپنا دھند بالکل نچ چھوڑتا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دُھند: (سنسکرت دوند) دشمنی۔ مخالفت (اسم۔ مونث)
شیر مجھے دغا دیا ہور میرے کدھن دُھند رکھتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دھنداُچانا: فتنہ برپا کرنا
اچائے سکل ملک میں پیٹ دھند (نصرتی۔ علی نامہ)

دھند بندنا: ارادہ کرنا
میں دھند بندیا ہوں سو نہیں چھوڑوں گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دھندلا: دھاندلی باز (اسم۔ مذکر)
بڑا دھندلا ہور ڈباو ہور گھوٹو...... ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دھندگی: کاروبار۔ مشغلہ
پرائے کو یو دھندگی نا پھبا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

دھندلی: دھاندلی۔ دھوکا فریب (اسم۔ مونث)
غصے ہو کر کہی ماں ان اوئی دھندلی دھندلتی ہے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

دھنڈ: ڈھونڈ
1۔ آپس بیچ دھنڈ اپس میں دھنڈے گا (وجہی۔ تاج الحقائق) 2۔ نوے مغنماں دھنڈلیا تار ہوں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔ اپس میں بیچ دھنڈ کاڑ (وجہی تاج الحقائق)

دھنڈلاٹ: تلاش۔ کوشش (اسم۔ مونث)
میں بے سبب دھنڈلاٹ میں پڑیا سو یہ دولت کچھ سبب سوں تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دھنڈلانا: تلاش کرنا۔ گھومنا
چو کدھن پھرنے ہور دھنڈلانے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دھنڈلاونا: جستجو میں پھرنا
گئی راویں کن پھر وو دھنڈلاوتی (غواصی۔ طوطی نامہ)

دھنڈلیان ہار: ڈھونڈنے والا

بچن غیب کا دھنڈ دھنڈلیانہار (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

ڈھنڈن: ڈھونڈنا

جو پردیس اس دھنڈن تمیں پارکھی میں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ڈھنڈنا: ڈھونڈنا

توں ہر ہر کونا دھنڈے لک نہ پاسی (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

دھنڈورا پھرانا: دھنڈورا پیٹنا۔اعلان کرنا

نہیں سنتے لوگاں کوں سناتے کونچے کونچے دھنڈورا پھراتے (وجہی۔سب رس)

دھنڈولنا: تلاش کرنا

یوں جن دیکھے آپ دھنڈول (امین الدین اعلیٰ۔رموز السالکین)

ڈھنڈے: ڈھونڈے

جو اتنا دھنڈے ہور نہیں پائے گا (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

دھنس: گھس کر

پون کا بھی دھنس کر نہ آوے خیال (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دھنس: (دھنش) کمان

دو دکھن ہوئے دھنس کھا کر (اشرف۔نوسرہار)

دھنک: (سنسکرت۔دھنشیہ) کمان (اسم۔مونث)

1۔دھنک فکر کا لے بچن تیر مار (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔بڑا خان جے سنگ کوں دھنک بڑا (نصرتی۔علی نامہ) 3۔دھنک کو دھن کے ابرو کر دیکھیں (ابن نشاطی۔پھول بن) 4۔چلادیں اگر دھنک ہاتی پہ توڑ (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

دھنک اندر: (اندردھنش) قوس قزح (اسم۔مونث)

دھنک اندر چھاکر رہے گگن دھر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

دھنکرا: (سنسکرت دھنش کمان) قوس قزح (اسم۔مذکر)

جو دیسے دھنکرا جوں اس کے نزدیک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دھنکڑا: معمولی لباس۔چادر (اسم۔مذکر)

بندی خوب دھنکوا او جالا سو پاک (غواصی۔مینا ستونتی)

دھنگ: قوی۔مضبوط (اسم۔مذکر)

قوی دھنگ ورز ور کتا جواں (غواصی۔طوطی نامہ)

دھنگانا: جھگڑا۔دھنگامشتی (اسم۔مذکر)

1۔دھنگانا کچھ کا کچھ کیوں کے کنگن کوں بات لانے پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔یکبار بولے بس نہیں نت کا دھنگانا کو لگوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 3۔دھنگانا کچھ کا کچھ کرکے پوچھے تو سوگنداں کھاتی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

دھنگر: چرواہا (اسم۔مذکر)

1۔دھنگر کے آگے مانک کا گھر مول تو (نصرتی۔رباعی) 2۔بولا دھنگر کوں مارا قہر کا ہانک (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔یہ کتا دھنگر کا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھنگوی: معمولی کپڑا۔موٹا کپڑا (اسم۔مونث)

کہ نیلک بکای سو دھنگوی کے مول (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دھنور: سیاہ (صفت)

1۔دھنور تیلیا کا سواوس پر ترنگ (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔لگیں بھمیں پہ یوں سنبل اس کے دھنور (نصرتی۔گلشن عشق)

دھنور: دھواں (اسم۔مذکر)

1۔کہ عودسوز تے عود کا موب دھنور (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔دھنور پرگٹ ہوا ہے اپنے بن آگ (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

دھنور بید: ایک علم کا نام

1۔دھنور بیدات بھید ست پھیلا دھات (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔جو سولا کلا ز دھنور بید کے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

دھنوں: کمان۔قوس قزح (اسم۔مذکر)

دگر بھاروں خمی تھی یوں دھنوں دھات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دھنوں: دھن والا۔دولت مند (اسم۔مذکر)

کوئی کرامت کے مرشد کوئی دھنوں بھک موئے (میراں جی شمس العشاق)

دھنویں: دھواں (اسم۔مذکر)

1۔دھنویں کے رنگ سیتی جب دیکھیں جگ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔سُلگنے لگیا اس دھنویں میں انگار (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

ڈھنی: دھواں۔دھونی (اسم۔مونث)

1۔دھنی ایک بھاتا ہوں اس کوہ پر (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔دھنی من کی ہمارے سو تکو پوچھ (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھنو: سورج۔ (اسم۔مذکر)
نہ آکاش دھرتی نہ دھنو نہ چند (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دھنیں: دھنی۔مالک (اسم۔مذکر)
دھنیں تاج کا کون راجا ابھنگ (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دھواں بھرنا: دھواں نکلنا
ہر اک دیپ مکھ پر دھواں یوں بھرے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

دھوب گھاٹ: دھوبی گھاٹ (اسم۔مذکر)
تجل تھا صفائی پہ اس دھوب گھاٹ (نصرتی۔علی نامہ)

ڈھوپاں: دھوپ کی جمع (اسم مونث۔جمع)
سج تج عشق کے دھوپاں میں پیاسی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ڈھوپوں: دھوپ کی جمع
پچھن دیکھی جو دھوپوں بھاپ دستی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ڈھوت: دھونا
تو نانوں یاد دل تھے سبھی یاد دل تھے دھوت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ڈھوتر: دھوتی (اسم۔مونث)
بسر لنگ اپنا پھریں باند دھوتر (شاہ تراب۔من سمجھاون)

ڈھوتیاں: دھوتی پہننے والے
اپس سٹ بت خانے کوں او دھوتیاں (نصرتی۔علی نامہ)

دھور: جری۔سپہ سالار۔بڑا (اسم۔مذکر)
1۔ تمن جوڑ کا کون ہے آج دھور (نصرتی۔علی نامہ) 2۔ کہ کیں کہ لڑائی رہے باج ڈھور (نصرتی۔تاریخ اسکندری) 3۔ جتے ہیر بیراں میں تو دھور ہے (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی) 4۔ یو ہے حق میں دھوراں کے خوب اک مثل (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

دھورا: دوہرا
ہوا دو دھڑتے دل اول تھے دھورا (ابن نشاطی۔پھول بن)

دھوری: دھول (اسم۔مونث)
غنچے کی لے سنگی بجا دھوری لگایا لال کی (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی)

ڈھوک ڈھوک: دوڑ دوڑ
کہاں لگ کروں کام تج ڈھوک ڈھوک (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

ڈھوکا: اندیشہ
بادشاہی جاتے رہنے کے دھوکے سوں ایسا حکم کردیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھوکیا: حملہ کیا
کھڑک کھینچ دھوکیا ہے جس رائے پر (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

دھوکے دار: دھوکا دینے والا
جو کوئی یکا یک آتا ہے تو وہ دھوکے دار عورت کو دیکھتا تو ہو شیخ بھاگ جاتا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھول دھانی کر ڈالنا: پریشان کر ڈالنا
وے بڑے بڑے کئی دشمناں ہور مکھنڈاں کو دھول دھانی کر ڈالیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھول دھونی: برباد۔خراب
کھلا اپنے سہلیاں کوں کیتی سب مال دھول دھانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

دھول دھڑکا: دبدبہ۔رعب
بادشاہ کا دھول دھڑکا جانے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ڈھولارا: دھول۔گرد وغبار (اسم۔مذکر)
1۔ دھرت ہور گگن میں دھولارا اٹھا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)
2۔ جو ایسے میں واں اک دھولارا اٹھیا (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

ڈھولارے: دھول۔گرد وغبار۔ (اسم۔مذکر)
چندریاں میں اچانے کوں دھولارے (ابن نشاطی۔پھول بن)

ڈھولن: دلہن (اسم۔مونث)
میں کچھ کیا چ کیں لگ کروٹ ہوئے دھولن (محمود بحری۔کلیات بحری)

ڈھوم دھام: گڑبڑ۔ہنگامہ۔فتنہ وفساد
ہور اس کی دھوم دھام سوں ملک خوار وخراب (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ڈھوں: جلوں
سمندر ہو تیرے اگن میں دھوں (عاجز احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

دھونتال: مصیبت۔ ہنگامہ
وہ کیوں دیکھوں گی دھونتال (اشرف۔ نوسرہار)

دُھوں جگ: دونوں عالم
1۔ دھوں جگ نیرا اُمس کر بھریں گے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
2۔ دھوں جگ موجاں اس کیاں ہوئیں آچیں جیا دریا (محمود خوش دہاں۔ انصاف الحق)

دھونواں: دھواں (اسم۔ مذکر)
کا جرکری جھوٹ دھونواں دسے انجن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

دُھونڈ دھنڈول: تلاش۔ جستجو
دھونڈ دھنڈول کو مال پایا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دُھونڈیاں: دھونڈی (دھونڈی۔ فعل مونث) کی جمع
بہت نگراں کیاں ہور کی پانی کو بہت دھونڈیاں (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار)

دُھونک: نٹرا (اسم۔ مذکر)
سو جاڈھنک انکھیاں سیٹا اوس کی پھوڑ (غواصی۔ طوطی نامہ)

دھونگڑا: موٹا کپڑا۔ معمولی پارچہ (اسم۔ مذکر)
پہنے دھونگڑا اوراوڑے کمل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

دھونہارا: دھونے والا
دسواساں کوں ٹالن ہارا ہور کشافاں کوں دھونہارا

دھونی: ندی (اسم۔ مونث)
درگ دھونی پانڈ دپیہ پورپلکھاں پال (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

دھوئیا: دھویا
لہو ساتھ کھ آپنا دھوئیا (رستمی۔ خاور نامہ)

دھویاں: دھوئی (فعل مونث) کی جمع
لہو سوں سواں اپنا دھویاں بی تیغ (رستمی۔ خاور نامہ)

دھویں: دھواں (اسم۔ مذکر)
دھویں آہاں کے ہور سر پر بدل چھائے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

دِھی: (پراکرت دھیا): اَن بیاہی بیٹی۔ لڑکی (اسم۔ مونث)
1۔ آئی بیبیاں کی بی بی + نبی محمد کیری دھی (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ راضی کردں تجہ سوں دھی (اشرف۔ نوسرہار)

دِھنا: دہکنا۔ جلنا
یا لٹھ شاخ رُکھ تھے اگن میں دہے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

دِھیان پکڑنا: مراقبہ۔ حالت استغراق
خوب دھیان پکڑنا سوچ دیکھنا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

دِھیٹ: نڈر۔ بیباک۔ بےخوف
1۔ کیا ٹھوک کر نیٹ ہر دھیٹ کوں (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ) 2۔ ہمن میں تو یوں دھیٹ کوئی نہ دسے (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 3۔ نبز دھیٹ شوتی سوں آکر کھڑی جب (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ گگن ساکناں چہ کے ڈومرنے دھیٹ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

دِھیر: (سنسکرت دھیریہ) ہمت۔ حوصلہ (اسم۔ مونث)
1۔ ملک شاہ بن جگ کو کچ دھیر ٹمیں (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)
2۔ اب تو سن یہ دھیر بچن (امین الدین اعلیٰ۔ رموز سالکین)

دِھیر: طرف
سو باز اردھیر سیر کرتا چلا (غواصی۔ طوطی نامہ)

دِھیر اچھنا: ہمت رکھنا
اپس کوں باولی نہ کرنا بہت دھیر اچھنا (وجہی۔ سب رس)

دھیری تھیری: دہری تہری
جو دھیری تھیری کسوت نا کرے انگ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دھیرک: (سنسکرت دھیریہ) ہمت۔ دلاسا
1۔ شہنشاہ کوں دھیرک دے سب ایک بار (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔ دے تاجر کو دھیرک کہا غم نہ کھا (غواصی۔ طوطی نامہ)
3۔ او پیارے دھیرک دے (اشرف۔ نوسرہار) 4۔ حکیمانہ یوں شہ کوں دھیرک دیئے (نصرتی۔ گلشن عشق)

دھیری: احول
1۔ جو کوئی دیکھیں گے دو دھیری اہیں دو (ابن نشاطی۔ پھول بن)
2۔ اگر دھیری اچھے بی دو نہیں کہے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

دِھیرے رہو: ہمت سے کام لو
دھیرے رہو ہاشمی دو دن دیکھیں تدبیر کرہارے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

دھیڑی کوا: ایک قسم کا پہاڑی پرندہ

کوے دھیڑی نمن بے ہودہ گفتار (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ڈھیلی: مصیبت زدہ۔دُکھی (اسم۔مونث)
پرت سو پیو کے ہو کر ڈھیلی (ابن نشاطی۔پھول بن)

دھیما: معتدل مزاج۔آہستہ رو
اتا دلا سو بادلا دھیما سو گمبھیر (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دھیں: دہی (اسم۔مذکر)
1۔ ہر بائیں ہوئی ہے دھیں ٹھنڈی جم نیر سب یکبار کا (نصرتی۔کلام نصرتی) 2۔اگر دھیں نہیں او جو سٹ کر پیوے (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔دھیں کا چھاج ہوا تمام (وجہی۔سب رس) 4۔ جمودیں تو دھیں ہوئے اس دھات کا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دیا: مہربانی: کرم (اسم۔مونث)
1۔سدا کی دکھ داوی پر دیا کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔دیا کر دیا ہے یو توری نہال (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔دیا دھرتا ہمیشہ دان کیتا (سید محمد والہ۔طالب و موہنی) 4۔نبی کی دیا تھے قیامت تلگ گناد نبی کے سو مولود لاکھاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دیّا: بھگوان۔خدا
1۔جگا جوت سوں بھیج پیارے دیا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔دیا ہے بن لیکھے دیا سبھ بھاو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔رکھے جس حال سوں دیا اہیں تس حال پر راضی (حسن شوقی۔غزلیات)

دیال: مہربان
1۔دیکھیا نہیں کینچ تیرے سار کا دیال (غواصی۔کلیات غواصی)

دِیاں: دی (فعل مونث) کی جمع
1۔ہو مہرباں انوں نے لب کی دیاں ہیں لالیاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔نہ پڑنے دیاں سکھ کون پردے کے بھار (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔تیری سکاتیاں خط دیاں لکھ نج در حالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دیاونت: مہربان رحم کرنے والا
1۔دیاونت داتار ہے تیرا ناؤں (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔اس اللہ کے ناؤں سوں سب جگت + جو دائی دیاونت اس کی صفت (احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں) 3۔دیاونت داتار نامی اہے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ڈیپ: جزیرہ (اسم۔مذکر)
1۔ ہر اک ملک ہر دیپ ہر شہر گھر (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔زمین کوں ساتھ دیپ ہیں ہور آسماں کو سات طبق ہیں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

ڈیپ: چراغ۔دیا (اسم۔مذکر)
عاشق اپے ہو دیپ کر دھر کر کھڑا چند رطع (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ڈیپال: بھگوان۔خدا
سو اگھیال کرپال دیپال ہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

دیپک: (دیپ) چراغ (اسم۔مذکر)
1۔ چلیا دیپک پو پروانہ نمن شاہ (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔جن کا محبت قبر میں دیپک ہے تس شب تار کا (نصرتی۔علی نامہ) 3۔دِسیں جل پو دیپک ہزاروں ہزار (صنعتی۔قصۂ بے نظیر) 4۔بجھا لو دیپک کوں تر اسوں دینکر آئے گا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

ڈیپنا: روشن کرنا
ترا انور ہے تو چ دیپے میں (نصرتی۔گلشن عشق)

ڈیپن ہار: چمکنے والا۔روشن
1۔تجھ مکھ اجت کی جوت تھے عالم دیپن ہارا ہوا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔پھٹے دسیں سورج دیپن ہار جوں (غواصی۔طوطی نامہ)

ڈیپے: چمکے
1۔لگے دیپنے جوں دیوے رات میں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔تجلی دپے مکھ او پر نور کی (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

دیت: دیتا
نج تیرے لال لب کے چمن سوں سو کام دیت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دِیت: دھوپ (اسم۔مونث)
سو بھا دیت میں اے میگھ گھام جیسی میگھ راگ اساوری (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

ڈیٹ: (سنسکرت۔درشٹی) نظر۔آنکھ (اسم۔مونث)
1۔ان بولوں پر جو راکھے دیٹ (جانم ارشاد نامہ) 2۔یہاں بھی راکھے الٹی دیٹ + سیدا مارگ پکڑیں نیٹ (شیخ داول۔کشف الوجود)

دیٹھ: (سنسکرت درشٹی) نظر۔نظارہ (اسم۔مونث)
دیٹھ سہاوے جیو کھائے (اشرف۔نوسرہار)

دیٹھا: دیکھا
1۔آپس اپ دیٹھا سجن جل مجھار (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔سب سکھ دیٹھیا تیرے چاؤ (اشرف نوسرہار) 3۔جس تھے دیٹھا سکھ آنند (اشرف۔نوسرہار)

دیٹھے: دکھائی دے
بھرے مدرس کے دو نارنگ دیٹھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دیٹھیاں: دیٹھی۔دیکھی (فعل مونث۔جمع)
سگاتیاں ہور سکیاں یہ حال دیٹھیاں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دیدبان: پاسبان۔چوکیدار (اسم۔مذکر)
سورج چوتھے اسمان کا دیدبان (غواصی۔طوطی نامہ)

دیدباناں: چوکیدار۔پاسبان کی جمع (اسم۔مذکر)
1۔اُس قلعہ کے دیدباناں نے دیکھا (وجہی۔سب رس) 2۔رکھی دیدباناں کہ آنے نہ دیو (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

دیدیاں: دیدہ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
دلارام دیدیاں منیں لائی آب (رستمی۔خاورنامہ)

دیدیاں پو بڈھاپا اترنا: ضعیفی کی وجہ سے بینائی کمزور ہونا
ہور اس کے دیدیاں پو بڈھاپا اتریا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دیس: (سنسکرت دِوس) دن۔روز (اسم۔مذکر)
1۔جو ابر سے کچھ دیس چیلاں اگھائیں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔دیس اندھاری کالی رات (اشرف۔نوسرہار) 3۔تمام دیس سب رات لگ پادشاہ (رستمی۔خاورنامہ) 4۔بڑائی ہے بہوت اس دیس کو عیداں منیں سارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دیس میں: دیکھنے میں
دیس میں میں پنم چاند سوں ہو سرس (فائز۔رضواں شاہ و روح افزاء)

دیس انتر دینا: جلاوطن کرنا
ان چھنال نے مجھے دیس انتر دی (وجہی۔سب رس)

دیس انتری: جلاوطن

دیسا: دیس۔شہر
کیدھر جائیں اب کس دیسا (اشرف۔نوسرہار)

دیسن: دیکھنا
نہ دیسن وی کسے وہ ہیں ایک دج (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دیسن ہارا: جس کو دیکھا جائے
دیکھن ہارا دیسن ہارا نہ بن ایک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دیک: دیکھ
گدا ہوں کہنا دیک اہانت سوں مج (غواصی۔طوطی نامہ)

دیکتے: دیکھتے
1۔کہ جس دیکتے آدمی ہوئے ہلاک (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

دیکھ دکھا کر باوڑی میں پڑنا: جان بوجھ کر خطرہ مول لینا
کیا میں دیکھ دکھا کر باوڑی میں پڑتا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دیکھلان ہار: دکھانے والا
تو ہیں معجزیاں کوں سوں دیکھلان ہار (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

دیکھن: دیکھنے
1۔ترا درس دیکھن میرا جیو دیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔عالم اسے دیکھن کو آرزو ماد ہے (وجہی۔سب رس) 3۔دیکھن کوئی سکتا کاں اس پر ٹک تحن ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔بن تمن تیرا ہے مج دو جا تیر دیکھن تلخ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

دیکھن ہار: دیکھنے والا
دیکھن ہارے کوں او حیران کیا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

دیکھن ہاریاں: دیکھنے والے
1۔ہوا دیکھن ہاریاں کی انکھیاں بندیاں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔خلل پایا دیکھن ہاریاں کا بھی ہوش (رستمی۔خاورنامہ) 3۔دیکھن ہاریاں کا کالا کیتے بصر (رستمی۔خاورنامہ)

دیکھناچ: دیکھنا ہی
خواہش اس کو تیرا منہ دیکھناچ ہے (عبداللہ قطب شاہ۔دیوان عبداللہ قطب شاہ)

دیکھناں: دیکھنا کی انفیائی ہوئی شکل
کہ سنتا اول اور بزاں دیکھناں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

دیکو: دے کر
یہ کن دیکو بولا ج انکھیاں اوپر (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

دیکوڑیاں: چیونٹیاں (اسم۔مونث)
دیکوڑیاں ہوٹاں میں تے نکلیاں اُبل (نصرتی۔علی نامہ)

دیلا: دلا
کہ اے عادل ترت میرا دیلا داد (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

دین: دن (اسم۔مذکر)
1۔سیارے چاند آکھوں کتھ دین دوی دُکھی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔کدھیں دین کی ہور کدھیں رات کی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 3۔دو دین کی پیت میں اپنے شرم توں کی گنوائی ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔تری عمر چندرا برس دین کی (غواصی۔مینا ستونتی)

دِین دِین: دن بہ دن
بھاگ بلند دیں دیں سدا جوت منگل (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

دینّت: (سنسکرت) بھوت (اسم۔مذکر)
دیو پری تب دینّت بلا (اشرف۔نوسرہار)

دینگی: دین۔عطا
خدا کی دینگی سوں اُسے ایک بیٹا پیدا ہوا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دینہ: دین
چڑی مار کوں دینہ سب جگ دوس (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

دین ہار: دینے والا
1۔ہے اللہ فرزند تج دین ہار (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔جو کچ میں مانگا سو دین ہارا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔جکوئی لاخبر اس اول دین ہار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

دین ہارا: دینے والا
نصلتاں کو تربیت کر لینا ہور فاضلاں کو تعلیم دینا ہارا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

دیئی: دین۔عطا
یو خدا کی دیئی خدا تے پانا (وجہی۔سب رس)

دینے ہاری: دینے والی (اسم۔مونث)
توں محبوب مطلوب ہے حظ دینے ہاری (عبداللہ قطب شاہ۔دیوان عبداللہ قطب شاہ)

دیو: (سنسکرت) دیوتا (اسم۔مذکر)
توں دیو تو برہمن توں پوجا (محمود بحری۔من لگن)

دیو: دو
1۔میرے پنڈ کا سب بتا دیو ٹھاؤں (شاہ تراب من سمجھاون)
2۔سرافراز کوں چھوڑ دیو جی یہاں (رستمی۔خاور نامہ) 3۔اپس حال ج رات یو بول دیو (رستمی۔خاور نامہ)

دیوا: (سنسکرت دیو)۔دیوتا (اسم۔مذکر)
جو کہتے کوئی اسے اللہ کرتار کوئی دیوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دِیوا: دیا۔چراغ (اسم۔مذکر)
1۔دیوا عشق روشن ہوا تج نین کے رے شاب سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔پس دیوا بجھا (جانم۔کلمۃ الحقائق)
3۔دیوے میں حق نیں سوا جالا کیوں پڑے گا (وجہی۔سب رس) 4۔نہ سمجھا دل پتنگ کا کوئی بغیر از رات کا دیوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

دیوا اندر: راجہ اندر
جو دیوا اندرا ایسا یہاں گرو ہے (غواصی۔طوطی نامہ)

دیواکر: سورج (اسم۔مذکر)
ششی ہور دیواکر مہابل بنایا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

دیوا بڑاتا: دیپ بجھانا۔چراغ گل کرنا
ایک متقی ایک طول کے پاس بیٹھا تھا ایسے میں طول مرگیا دیوا جو وہاں جلتا تھا او متقی بڑا کیا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

دیوے سلایاں: دیوا سلائی (دیا سلائی) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
سمندر کے موں میں دیوے سلایاں تھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

دیواں: دیو کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
جو ایسے میں دیواں کا آیا سپاہ (صنعتی۔قصے بے نظیر)

دیوالاں: دیوال (دیوار) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
محل میں اس دیوالاں کی صفات سات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دیوترل: سری وینکٹیشورا۔ جس کا مشہور مندر ترپتی (آندھرا پردیش) میں واقع ہے
ہد بھیں ہو پڑیا ٹکڑے اچھل سر دیوترل کا

دیوتن: دیوی (اسم۔ مونث)
ہوی جشنی رات دیوتن کی بھیس (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

دیوٹی: دیا۔ چراغ۔ مشعل (اسم۔ مونث)
1۔ ہلالاں کی فوجاں و دیوٹیاں کی بھار (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ) 2۔ کہ دیوٹیاں ہلالاں لگے بے شمار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 3۔ کہ جیوں دیس کوں دیوٹیاں لائے ہیں (غواصی۔ مینا ستونتی) 4۔ کہ دیوٹیاں اتھیاں بھیج دو بے شمار (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

دیوڑی وان: دربان
دیوڑی وان کے سنگ سوتی ہوئی دیکھی ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

دیول: مندر۔ بت خانہ۔ گھر (اسم۔ مذکر)
1۔ جو مشرق کی دیول تے نکلیا بھار (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ او دیول میں بہرام اتر کر ترنگ (طبعی۔ بہرام وگل اندام) 3۔ اے من نہ دیول کا ہو تو پجاری (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 4۔ گھر تیرے ہے یہ رشک دیول چین (ولی۔ کلیات ولی)

دیون: دینا
1۔ یو پیغام بولیا کہ دیون تجے (طبعی۔ بہرام وگل اندام) 2۔ اپی آپ ہو کلیا بھی دیون کاج (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دیوٹل: بہو کا پودا
دکھا ئیشکر اور دیا دیوٹل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

دیبرہ: ایک باجا جو مدور ہوتا ہے
دیبرہ تنبورا جنتر دف ڈھول تال منڈل (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

دیو: دو
جیوتا پکڑ سولی دیو (اشرف۔ نوسرہار)

دیہہ: جسم
1۔ کس دیہہ بندھن کی نکت (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔ سو دو دو دیہہ ل یک دیہہ لائے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔ ہر کلی دیہہ پہ یو داغ ہے جیوں باغ میں گل (محمود بحری۔ کلیات بحری) 4۔ اگر دھرت پر وہ دیہہ سوں ہے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

دیئی: دی
جواب اس کوں دیئی چندر بدن او (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

دیوے: دیا۔ چراغ
1۔ دیوے تھے ہی زیادہ ہے دل کا ترے صفا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ شمع ہور دیوے رکھے ٹھار ٹھار (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

○○○○○

ڈ

ڈاٹ: شدید۔ مضبوط
1۔ صبر کے گھر کو جتا میں جو رکھو ڈاٹ چھوا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ ادک ڈاٹ چھیداں سوں دل گھٹ ہوا (نصرتی۔ گلشن عشق)

ڈاٹا ڈاٹ: کثرت سے
یعنی لگی جو برہ کی بھولوگ ڈاٹا ڈاٹ ہے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

ڈاٹن: کثرت۔ شدت
جاں وہم دوڑے واں تلک یوں حسن کی ڈاٹن ہوئی (نصرتی۔ علی نامہ)

ڈاٹن: ڈانٹنا
فرشتہ جب اس دیک ڈاٹن لگیا (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

ڈاٹنا: بکثرت ہونا۔ زیادہ ہونا
مدن آ کے ڈاٹیا کسے میں کنا (عبداللہ قطب شاہ۔ دیوان عبداللہ قطب شاہ)

ڈارنا: ڈالنا
1۔ اندھارا روپں کرنے تیئیں سوا دیپک بجا ڈارے (شاہی۔ کلیات شاہی) 2۔ جن جو یو سب ڈار سبک بار اچھے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

ڈاکاں: ڈاک (ڈنک) کی جمع
او کاٹیاں کوں ڈاکاں کا تاثیر تھا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

ڈاکن: ڈاکو کی جمع (اسم۔مذکر)
کہ ڈاکن اچھے لاوں اور جان چڑیل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ڈاکھ: انگور (اسم۔مذکر)
کہیں ڈاکھ کوں دیکھ یوں باشعور (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ڈاکھنا: ڈھانکنا
ستر عورت ڈاکھنا فرض ہے (شاہ علاء الدین چشتی۔فرائض اسلام)

ڈالھ: ڈال کی ہاکاری شکل
تما شاں مند ہے ڈالھ ہر ایک ٹھار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ڈاک: ڈنک
میں اپنی ڈاک سوں تیری پیٹھ کی کھوپری پر ہاتھ صاف کرتا ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ڈانکھ: ڈنک (اسم۔مذکر)
تو مارے عقرب اس کی آنکھ میں ڈانکھ (غواصی۔کلیات غواصی)

ڈانکے: ڈنکے (اسم۔مذکر)
اندیشے کے ڈانکے خبر پیچ لائے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ڈانڈ گے: تنومند (اسم۔مذکر)
چلے آئے سرسخت ہور ڈانڈ گے (نصرتی۔علی نامہ)

ڈاو: بازی
عشق کے ڈاو یک کھیلتی ہے ڈاو ڈاواں سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ڈاواں۔ڈاوا: بایاں
جس کی ڈاویں آنکھ سوں سیدھی آنکھ چھوٹی اچھیں گی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ڈاوں ڈولی: اضطراب
سیاہ گوش کی ڈاواں ڈولی دیکھ کر اس کے سات اپے روتا ہوا بھاگ بھروسا دیتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ڈاوں ڈونکھی: خطرہ
مسافری کے ڈاوں ڈونکھیاں سب کیا واسطے توں قبولیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ڈائن: خبیث روح۔ساحرہ (اسم۔مونث)
1۔نہ تھی جگ میں ڈائن کوئی اس کی مثال۔ (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔کہ یک دہ ڈائن تھی اس دار کی (غواصی۔طوطی نامہ)

ڈائناں: ڈائن کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
بڑی ڈائناں میں کی ہوں ماہرہ (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

ڈُب: ڈوب
1۔اگر پچ چلیں گے تو برا ڈب جی تدم ہوگا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔دریا میں تو ڈب کے غطے کھاتکو (رستمی۔خاور نامہ)

ڈب: ڈبہ (اسم۔مذکر)
اپنی ڈب میں تے ڈوری ریشم کی کاڑ (غواصی۔طوطی نامہ)

ڈُبتا: ڈوبتا
آفتاب ڈبتا ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

ڈُبتی: ڈوبتی
کہ دریا میں غم کی ڈبتی ہور ترتی (ابن نشاطی۔پھول بن)

ڈُبتے: ڈوبتے
تھے ڈبتے نکلتے نہنگاں کے سار (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

ڈبرا: گہراپانی (اسم۔مذکر)
جو کہ موتی سمندر سات۔ڈبرے میں لاگے ہات (جانم۔ارشاد نامہ)

ڈُبکی: غوطہ
1۔سمدور دل کے ڈبکی لیا (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)
2۔ڈبکی موجاں سوں لیوے سب کو جیو کا دیوے (میراں جی خدانما۔بشارت الانوار)

ڈُبی: ڈوبی۔غوطہ لگائی
1۔ڈبی لھو منے تیغ اس کی شتاب (رستمی۔خاور نامہ) 2۔دھرت سگلی ڈبی مانک رتن ماں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔ڈبی لے کو نکلیا او جھاڑاں سوں بھار (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

ڈُبی رات: ڈرجک شب
ڈبی رات میں تھی نکل دن کپور (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ڈُبے: ڈوبے

1۔ڈبے کوں کیوں بچا گی سو بچا اب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔ڈبے تھے چمن سر بسر پھول میں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ڈبیا: ڈبا

1۔انجواں کے موتیاں میں ڈبیا ہوں تمام (غواصی۔کلیات غواصی)
2۔صبوری کا ڈبیا اسباب سارا (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔اجالا ڈبیا ہور اندھارا بھیا (غواصی۔ مینا ستونتی) 4۔ڈبیا ہے عشق کے سمدور میں دل (ابن نشاطی۔پھول بن)

ڈٹا: دوڑا

ڈٹا گھن وحدت میں اے یار گھوڑا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

ڈٹا: ڈاٹنا

1۔بہرحال اس سانپ کو ڈٹا (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔کیا دور سب کوں ڈٹا بے شمار (صنعتی۔مثنوی گلدستہ)

ڈٹانا: ڈاٹنا

1۔کہیا جو تو ڈٹانا ماں ذرا ختی نئیں بے شک تو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔ڈٹا کر جو پوچھیا تو او نا رتب (غواصی۔طوطی نامہ)

ڈٹ پکڑنا: مضبوط پکڑنا

جو کام پکڑے بھی گھٹ پکڑنا۔خوب ڈٹ پکڑنا (وجہی۔سب رس)

ڈجال: دجال

اس طوفان میں ڈجال نکلے گا (عابد شاہ۔کنز المومنین)

ڈڈے: دوڑے

ڈڈے کوٹ کے پھوڑ بھڑ کل گیا (طبعی۔بہرام و گل اندام)

ڈرآنا: خوف زدہ ہونا۔ڈرنا

1۔اسی تے بھوت ڈرآتا ہیں اجڑے بختوں کی ہو کر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔سو وہ جا گا ڈرانا ہوئے نئج کوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ڈرالو: ڈرپوک۔بزدل

1۔کہے شہ بہت توں ڈرالوا ہے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔ڈرالو ہور گھابرا اپنی مراد کونئیں پاتا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ڈراں: ڈر کی جمع

دنیا کے ڈراں تے نہیں اس گزند (رستمی۔خاور نامہ)

ڈرانا: ڈراؤنا۔خوفناک

سو او جتا ڈرانا ہوئے نئج کوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ڈراون: ڈرنے والا۔ڈراونی

جو دیسے جوں ڈراوں گور کے کنتھ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ڈراون: ڈرانا

1۔نکو عیب کر دل میں کچھ ریب تے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔سو ہے منجلی عیب ہور ریب تے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

رِیت رسمانہ: شادی کی رسمیں اور تقاریب
دونو دھیر تے ریت رسمانہ تب + ادا نہ ہوئے چاد سوں ات عجب (نصرتی۔گلشن عشق)

رِیت: رسم (اسم۔مونث)
پرت کی ریت میں عاشق کوں دینا جیو واجب ہے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ریٹ: رینٹ۔ناک کی غلاظت
ناک کے ریٹ کو تھی عزہ ہے میری اتی بھی رووت نہیں رکھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ریج: (ریجھ) خواہش۔فریفتہ ہونا۔ولولہ (اسم۔مذکر)
1۔ریج عشق کا راحت (وجہی۔تاج الحقائق) 2۔اگر تو ہے فہم دار اپی ریج کو مار (وجہی۔سب رس)

ریجاتی: رجھاتی
ہنر میں کھن پو زُہرہ کوں ریجاتی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

ریجان ہارا: ریجھنے والا۔دلدادہ
رلیا سوں ہر گھڑی ریجان ہارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ریجھ: عاشق ہونا
جو ریجھ اس او پرویں دعا جو کیا (غواصی طوطی نامہ)

ریحل: رحل
کہ فرقاں ریحل پہ رکھی تھی کنور (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ریز: نزول۔اترنا
کیا واں تے جو پانچ یں گڑ پہ ریز (نصرتی۔علی نامہ)

ریز ہونا: ٹپکنا۔گرنا
ہوئے ریز سو راز کے خوش رتن (نصرتی۔گلشن عشق)

ریس: غصہ۔جذبہ
ترا کھڑگ مرغ ہے عجب ریس کا (وجہی۔قطب مشتری)

ریک: (سنسکرت ریکھا)۔لکیر۔(اسم مونث)
پتنگ بنا پتر کی سب ریک اسے کھڑ ہوسد (شاہی۔کلیات شاہی)

ریکاں: ریکھ (سنسکرت لکیر) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
ریکاں بدل میانے کیس تارے نکے لذت بھرے (محمد قلی قطب شاہ۔

کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ریکھ: (سنسکرت۔ ریکھا) لکیر (اسم۔ مونث)

1۔ ابرو کا اُتم ریکھ سو عیدی کا ثمر ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سیاہی میں پڑی شنگرف کی یک ریکھ (شفیق۔ تصویر جاناں)

ریکھ: خد و خال

دیکھت اس کو روپ نہ ریکھ (جانم۔ ارشاد نامہ)

ریکھاں: ریکھ (سنسکرت ریکھا) کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

1۔ سواساں کے ورق اوپر بدل ریکھاں سو معطر ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ یہ بیضا کے نمار ہیں ریکھیں (شفیق۔ تصویر جاناں)

ریکیباں: ریکب (رکاب) کی جمع (اسم۔ مذکر)

ریکیباں دوئی جوں دو نور کے طوق (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

ریل چھل: ریل پیل = دھوم (اسم۔ مذکر)

1۔ عشق میں اپنے ہے تو اُسے سب جا گا کی خبر بے نہایت ریل چھل ایک کھیلا اپنے کھیل (وجہی۔ سب رس) 2۔ دودھ گھی کی ریل چھیل ہوجاتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

ریلیں: بہائیں

رحمت تج پر ریلیں او (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

رین: رات (اسم۔ مونث)

1۔ اندھاری رین میں دیکھیاں سورکوں (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ رین ہے دلاں کوں سو ہے دل نواز (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 3۔ مجھے نوروز شبرات ہر دن ہر رین ہے کر (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

رینتی: ایک پھول کا نام (اسم۔ مونث)

سندر رینتی جو آئی ہے بجن بالے کے بالی ہے (شاہی۔ کلیات شاہی)

رینچ: ریچھ (اسم۔ مذکر)

کیتک دن پچھے جوں چیتل رینچ باگ (غواصی۔ طوطی نامہ)

رینچھ: ریچھ

بچے رینچھ کیں تے دو لا یا (غواصی۔ طوطی نامہ)

رین کال: رات کا وقت

رین کال دو زخ تھے بھاری مجھے (نصرتی۔ کلام نصرتی)

رینونی: بُر رنگ (اسم۔ مونث)

رگت بھر رینونی کو خندق کروں (نصرتی۔ علی نامہ)

رینی: رین۔ رات (اسم۔ مونث)

صفا ہور خوش ادا اس کی زلف کی شیام رینی کا (غواصی۔ کلیات غواصی)

ریونتی: ایک پھول کا نام (اسم۔ مونث)

خصوصاً ریونتی تس میں یو دساوے چنچل (شاہی۔ کلیات شاہی)

OOOOO

ڑ

ڑجپوتنیاں: راجپوت عورتیں (اسم۔ مونث۔ جمع)

اتھا تس سہیلیاں جوڑ جپوتنیاں (نصرتی۔ علی نامہ)

OOOOO

ز

زار بیزار: زار زار

معوی روئے زار بیزار (اشرف۔ نوسرہار)

زار زار بات کرنا: طراری کے ساتھ گفتگو کرنا

ہر یک بات کرتی ہے توں زار زار (غواصی۔ مینا ستونتی)

زارے زار: زار زار

ماریا آہ مجنوں رویا زارے زار (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنون)

زاست: زیادہ

کدھیں بولنا کم کدھیں بولے زاست (رستمی۔ خاور نامہ)

زال: استعارتاً عمر رسیدہ مرد یا عورت

رضا ہر حال سوں او زال دیتی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

زائیدا: زائیدہ۔ پیداشدہ۔ نشوونما پایا ہوا (فارسی)

تیرے شہر کا شاہ ہوں زا سیدا (طبعی ۔ بہرام وگل اندام)

زایاں : صنائع

عبث حال تے روپ زایاں کیے (غواصی ۔ مینا ستونتی)

زبان آڑی پڑنا : عاجز بیان ہونا

پڑے سوں میں چپٹی کے آڑی زباں (نصرتی ۔ علی نامہ)

زبان ایک کرنا : قوت گویائی کو مجتمع کرنا

سرھاون گنا کوں زباں ایک کریا (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

زبان دار : بدزبان

زباں دار عورت تے ذرنا بھلا (غواصی ۔ طوطی نامہ)

زبان لٹ پٹانا : زبان لڑکھڑانا

1 ۔ زباں سوں سنے لٹ پٹاتی اہے (وجہی ۔ قطب مشتری) 2 ۔ کدیاں لٹ پٹاتی ہے میری زبان (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

زبردستی : مضبوطی

زبردستی میں بیجاپر کا گڑ ہے (ولی ۔ کلیات ولی)

زُبوں لگنا : برا لگنا

تیرے جو سیس کو گر ہوئیگی بڑی ٹوپی + تو خوب جان کہ وہ بھی تجھے زبون لگے (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

زپاٹا : پروں کی آواز

ایک شاہین......اڑتے وقت زپاٹے سوں اڑھتی (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

زُخام : زُکام (اسم ۔ مذکر)

ولے جو کوئی خام جسے زُخام ہے اسے کیا باس آوے گی (وجہی ۔ سب رس)

زخماں : زخم کی جمع (اسم مذکر ۔ جمع)

1 ۔ جراحت کی زخماں لگیاں بے شمار (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا) 2 ۔ کہ کرتا ہے زخماں سوا اس شکار پر (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر) 3 ۔ مری شمشیر کے زخماں تھے بھاگے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 4 ۔ خصوصا تب بہت زخماں لگائے (سید محمد والہ ۔ طالب و موہنی)

زرائن : زرین لباس ۔ زیورات

پنہاں سب زرائن ہر اک دھات پھر (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

زرباف : زرین کپڑا

1 ۔ کہ نیلک و زرباف زرتار کا (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر) 2 ۔ جو زرباف دھنگوا انچل پاک ہے (غواصی ۔ مینا ستونتی) 3 ۔ سو زرباف سوں باغ باڑیاں مڑے (حسن شوقی ۔ میزبانی نامہ)

زربفت : ایک قسم کا زرین کپڑا

مرا دل ہے زربفت کا کارخانہ (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

زرتار : زرین

اکڑتا ہے کی چین زرتار کسوت (شاہ تراب ۔ من سمجھاون)

زرزری : زریں ۔ لباس ۔ ایک قسم کا کپڑا

جھبلیاں کیری کسوتاں زرزری (غواصی ۔ مینا ستونتی)

زرکر : کرپٹہ ۔ کمر کا ایک زیور (اسم ۔ مذکر)

1 ۔ کمر میں زرکر اس بھائے کس دھات (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 2 ۔ کڑے اور بازو بند گوٹھاں جوئی لول زرکر اُجڑو (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی) 3 ۔ سورج چندر من جھکے وو زرکر (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4 ۔ کمر میں پنائے زرکر نار کوں (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر)

زرینا : زیورات (اسم ۔ مذکر)

1 ۔ زرینا پنا کر سنواریا اتھا (رستمی ۔ خاورنامہ) 2 ۔ سورج کے سنے کا گھڑایا زرینا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3 ۔ دتی دھگ دھگاتے زرینے ستی (غواصی ۔ طوطی نامہ)

زُلالا : آبِ زُلال ۔ صاف اور شیریں پانی (اسم ۔ مذکر)

ہوئی ہوں منج پلا تج لب زلالا (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

زلازل : جلاجل ۔ زرین کپڑا ۔ جلجل (جھانجھ) کی جمع (اسم ۔ مذکر)

زلازل گلے میں دسے خوب یوں (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

زُلفاں : زُلف کی جمع (اسم ۔ مونث ۔ جمع)

کہ زلفاں دلاں کے ہنڈولے اہیں (طبعی ۔ بہرام وگل اندام)

زِلبیاں : جلیبیاں

زلبیاں کے جالے دھلویاں کے کوہ (حسن شوقی ۔ میزبانی نامہ)

زمانا : زمانہ

زمانا لے غاشا تگے دھائیا (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

زماناں : زمانا (زمانہ) کی انفیائی ہوئی شکل

کہ یا بازی گر جیوں زماناں دکھائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

زمرود: زمرد۔(اسم۔مذکر)

اتھا اس پہ سرپوش زمرود کا (بلاقی۔معراج نامہ)

زرایں: زریں لباس۔زیورات

مکلل زرایں منے بے قیاس (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

زمزما: زمزمہ

کیا کان میں اوس کی جیوں زمزما (غواصی۔طوطی نامہ)

زمین باندھ کر لڑنا: بہادری سے جنگ کرنا۔پامردی سے لڑنا

لڑائی میں لڑویوں کے بتوں زمین باندھ کر لڑنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

زمین پو ماتھا لگڑنا: عاجزی کرنا

ہور زمین پو ماتھا لگڑنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

زمین چکلنا: زمین پر چلنا

میں تو جوں تیوں وہاں تے یاں لگ زمین چکلیا (وجہی۔سب رس)

زمین سوں سٹنا: زمین پر گرانا

زمین سوں سٹے اس کو یک تیر سوں (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

زنانی غزل: ریختی

بولے ہیں خوب بھو تج غزلاں بھی کئی زنانی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

زَنَب: دم دار ستارا (اسم۔مذکر)

زنب ماہ رو چند تارے سمان (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

زنّبوری: آتش بازی کی ایک قسم (اسم۔مونث)

زنّبوری تفنگاں پھٹاخاں تمام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

زنّبورے: زنبور (چھوٹی توپ) کی جمع (اسم مذکر)

کنچن کے تس او پر تو پاں زنبورے (ابن نشاطی۔پھول بن)

زنجیریاں: زنجیر کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

زنجیریاں دلاں سو بچھوے او حال (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

زنزیریاں: زنجیر (اسم۔مونث)

کوئی پاؤں لنگر زنزیریاں پڑے (عبدل : ابراہیم نامہ)

زنگ: گھنگھرو (اسم۔مذکر)

اٹھے گا کر ہر اک ناچن پگوں کے زنگ بجیں منڈل (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

زنگ بندنا: زنگ لگنا

سنا زنگ بند کر ہوا ہے خراب (طبعی۔بہرام و گل اندام)

زنگاز وری ہونا: کشمکش ہونا۔زور آزمائی ہونا

تھوڑے ہونا تھوڑے نا ہونا کر کر بولے...... اُن میں زنگاز وری ہونے لگی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

زنگبار: زنجبار (ایک مقام کا نام)

یا مصر کے بازار میں زنگی کھڑا زنگبار کا (حسن شوقی۔غزلیات)

زنگن: حبشی عورت۔زنگی کی عورت　(اسم۔مونث)

لے کر گئے زنگن کنے شاہ کوں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

زنگین: زنگی

سو فائی دو زنگین ڈائن کھو سات (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

زوال: نزول

برہ کا زوال اس پہ کاری ہوا (نصرتی۔گلشن عشق)

زوالا: زوال آمادہ

کہ او پیالا ہے سورج بھی زوالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

زور سادھن۔زور سادن: قوت آزمائی کرنا

1۔ہوئے مستعد زور سادھن منے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔ہوا زور سادن میں رستم تے ور (نصرتی۔گلشن عشق)

زور مانڈنا: زیادتی کرنا

یوں اُن مانڈیا مجھ پر زور (اشرف۔نوسرہار)

زوری: زور

ہور اس کھان بھانے کی زوری پچھان (نصرتی۔گلشن عشق)

زوری پو آنا: زبردستی کرنا

بری بات نا سن و زوری پو آے (غواصی۔طوطی نامہ)

زہ: کرسی (مکان کی)　(اسم۔مونث)

طاق کسریٰ ہوئے معراج اسی زہ کے اگل (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی)

زھار : زہر (اسم۔مذکر)
1۔آپیں امرت آپیں زھار (شیخ داول۔کشف الوجود) 2۔ایک کوں کیا پیار، تو جانو دسری کوں دیا زھار (وجہی۔سب رس)

زہ زاد : اولاد
علی فاطم کی زہ زاد (اشرف۔نوسرہار)

زھر کی گھٹی :بس کی گانٹھ (اسم۔مونث)
وولے سر بسر زہر کی ہے گھٹی (غواصی۔طوطی نامہ)

زُہرا : تیسرے آسمان کا ایک ستارہ
دیا ثور و میزاں کوز ہرا نے زیور (شاہ تراب۔من سمجھاون)

زنگیر :ایک زیور (اسم۔مذکر)
ستی آرسی اور زنگیر میں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

زنگیر چھلے :پاؤں کے چھلے جو زمین کو چھوتے ہیں
پہن کر انگشتان و زنگیر چھلے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

زِیادت :زیادہ
کہ جیتا پاپ مرا ہوئے زیادت (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

زِیادی :زیادہ
اُسے اُس کی توں کر عمر زیادی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

زِیاست :زیادہ
1۔بعضے پیغمبراں پر موسیٰ کوں بڑائی زیاست ہے (میراں جی خدانما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ) 2۔دونوالے زیاست کھانے تے دونوالے کم کھانا خوب ہے (وجہی۔تاج الحقائق) نا دیکسی کہنا، دیکھیں گے، کہنے تے زیاست ہے (وجہی۔سب رس)

زیاستی :زیادہ، زیادتی، ظلم
1۔چہارم غصہ ہور ظلم زیاستی (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ) 2۔بچوں بچکوں کوں دیکھنے منگے بس سوز یاستی ہے (وجہی۔تاج الحقائق)۔اپنے حدسوں اچھے زیاستی فکر نا کرے (وجہی۔سب رس) 4۔کیا ہے برہ زیاستی داد دے (وجہی۔قطب مشتری)

زیوری دینا : آرائش کرنا۔زینت بخشنا
کیا شاہ کوں مہماں اچیں یک بزم کوں دے زیوری (نصرتی۔علی نامہ)

○○○○○

س

سابت قدم :ثابت قدم
جو کوئی سابت قدم اپنا رکھیا ہے عشق بازی میں (حسن شوقی۔غزلیات)

سابتی :سلامتی
بدل سابتی سوں تو رنگ چرخ ابلق (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سابق :سبق (اسم۔مذکر)
انو میانے لیلیٰ بی سابق لیتی (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

سابقا :سابقہ
اگر سابقا منج سوں کچ ہے تجے (غواصی۔طوطی نامہ)

سات :ساعت۔گھڑی (اسم۔مونث)
1۔لگے دیکھنے اس وقت سات کوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔ہور عورت کن آیا اسی سات میں (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔اول امید میرے دل میں ہے بھی ہر سات (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سات انبر :سات آسمان
بدرنے کوں لگے تھے سات انبر (ابن نشاطی۔پھول بن)

ساتا :مُردے کی ساتویں دن کی فاتحہ
ہور تیجا ساتا دسواں بیسواں چالیسواں کرنا یو سب بدعت ہے (علاء الدین چشتی۔فرائض اسلام)

سات بند دینا :عقد کردینا
مجھے اس کے سات بند دے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سات پنا :صحبت۔معیت
اس منتیاں کی طایفے کوں اپنی سات پنے کا عظمت عطا کیا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سات سہلیاں :شادی کی رسومات سات سہاگنیں انجام دیتی ہیں
کہ ساتو سہلیاں مل کے میرا گندیاں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ساترا :ساعت۔مدت (اسم۔مذکر)
رکھے اپسیں گردان یک ساترا (غواصی۔طوطی نامہ)

ساتری :ساعت۔پہر۔مدت

نبی علیہ السلام ایک ایک دو دو ساتری حرئی کی پہاڑ میں خلوت ہور عزلت سوں رہتے تھے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

ساتی: ساتھی

1۔ساتی کیا سامان جو چلنے کے تیں پردیس کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔اس بن یقین پہچان توں بھی کوئی تج ساتی نہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ساٹ: ساٹھ

لکھ دیکھ کیتا گنت ساٹ یہ (میراں جی شمس العشاق۔بشارت الذکر)

ساٹے بڈھاٹے: (مراٹھی) ضرب المثل۔ساٹھ برس کے بعد عقل جاتی رہتی ہے۔سٹیا جانا

کہ ساٹھے و بدھاٹے مشہور ہے (وجہی۔قطب مشتری)

ساج: (سنسکرت۔سج) سنگار۔ساز و سامان۔بناؤ سنگھار

1۔جو آدیں چمن میں سکیاں ساج سوں (وجہی۔قطب مشتری)
2۔دو جانے بدل جوں اُٹھی ساج سوں (غواصی۔طوطی نامہ)

ساج: زیب دینا

1۔ساج ہے بلقیس کا تج کو خطاب (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔سچ کو ہی بڑپنا ساجتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ساج: ساز و سامان (اسم۔مذکر)

گگن آپ تن یو کیا ساج کوں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ساج: (سانچ) سچا۔حقیقی

وہی ہے ساج میرا من مہانا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ساجنا: (ساجن) محبوب۔(اسم۔مذکر)

1۔بسنت کھیلیں ہمن ہور ساجنا یوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔محبت چیت ساجنا جگ من مہانا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ساچ: سچ

غلط نئیں میری بات یو ساچ ہے (غواصی۔طوطی نامہ)

ساچا: سچا

1۔جہیں ایک ساچا گسائیں امر (نظامی بیدری۔کدم راؤ پدم راؤ)
2۔منجھ پر جو کیوں ہوئے ساچا (جانم۔ارشاد نامہ)

ساچے: سچے۔حقیقی

ساچے پیر وہ دستگیر (محمود خوش دہاں۔رسالہ وجودیہ)

ساد: (سواد) مزہ۔لطف

برا او جو مزے کرے ڈھول ساد (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راؤ)

سادنا: (سنسکرت۔سادہ) سیکھنا۔بنانا

1۔گویا فلک چکول ہے سادیا اسی عیار کا (نصرتی۔علی نامہ) 2۔برا ک جھاڑ بن یوں وہ سادا ہوا (نصرتی۔گلشن عشق)

سادی: (سنسکرت) خالص

بل تجھ سوں یہ سب توں سب سوں سادی (محمود بحری۔کلیات بحری)

سار: سوار

1۔چلے واں تھے رف رف اپر سار ہو (صنعتی۔قصۂ بے نظیر) 2۔جو صحرا میں آتا تھا یک سارواں (رستمی۔خاور نامہ) 3۔مرادات کا جم ترنگ سار قطب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔دن سار نہ ہو سکے ست کنند (وجہی۔قطب مشتری)

سار: لوہا (اسم۔مذکر)

1۔چمک کھینچ لیتا ہے جیوں سار کوں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔جھلکتا ہے جہاں تجھ سار کا شور (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔کو در کہ چمک میر دمن سار (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سار: مانند۔جیسا

1۔اپس کوں اولیاء کے سار لیکھوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔انکھیاں ڈونگیاں جیوں کھڈے سار کے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔جس میں تو عالمگیر ہو آیا سکندر سار کا (نصرتی۔علی نامہ) 4۔تھے ڈبتے نکلتے نہنگاں کے سار (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سار: (سنسکرت) کسی شے کا بہترین یا منتخب حصہ۔نہایت عمدہ۔جوہر

روپوں اگلی، صورت سار (اشرف۔نوسرہار)

سارا: وہ آئینہ جو لوہے یا کسی دھات کو جلا دے کر بنایا جاتا تھا (اسم۔مذکر)

تجھ مکھ چندا جوت دسے سارا جیوں (فیروز بہمنی۔دکنی رباعیاں مرتبہ سیدہ جعفر)

سارنا: ختم کرنا

برہ سب دنداں پر سارنا تھا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سارتی: (سارتھی) گاڑی بان۔رتھ بان

1۔ یکا یک بڑے کج تھے سارتی اٹھے (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ اتھا کشن ارجن کیرا سارتی (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ) 3۔ کہ جس سار کا توں ہوا سارتی (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سارسل: ایک جانور جس کے جسم پر تیر کے جیسے پر لگے ہوتے ہیں۔ (اسم۔ مذکر)

1۔ دلیراں تن کوں لگ تیراں پڑے سو + نظر میں سارسل ہو کر دسے سو (ابن نشاطی۔ پھول بن) 2۔ پڑیا بھار ل جیوں موا سارسل (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ) 3۔ قوت شہ کا پاکر کبھی سارسل (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

سارگی نین: (سارنگی نین) مرگ نین۔ آہو چشم

سہاویں جس نگہہ تئیں سارگی نین (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سارن: سارے کی جمع (برج بھاشا)

سٹے کاندھے تھے سارن آپنا ہت (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سارنگ: گھوڑا (اسم۔ مذکر)

ابھنگ راوت سارنگ چڑ (اشرف۔ نوسرہار)

سارنا: انجام دینا۔ بنانا۔ تکمیل کو پہنچانا۔ پورا کرنا

1۔ شرف ساروں تجھ اموال (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ کھلگا ہتی کے کام سارے گا (وجہی۔ سب رس)

سارنا: گذارنا۔ ختم کرنا

1۔ لگ اس کے پچھے چپ جو دن سارنا (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ صبا کا کام بہتر سارنا آج (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سارنگ: ایک قسم کا باجا (اسم۔ مذکر)

بھنبھر دو سارنگ نٹ یمن کانی کدار کا ئیکوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سارنگ نینی: آہو چشم

موسارنگ نینی سب رنگ میں سورنگیاں سوں سہاتی ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ساروا: سرسوتی

ساروا گنیش ماتا پتا مانو نرل ہیپ ٹھک سیسی تاس (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

ساروان: ساربان (اسم۔ مذکر)

ساروان اونٹ کی سواری سوں چلے جاتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

ساری: مکمل۔ پوری

1۔ سب گن میں ساری عورت کاں ہے (وجہی۔ سب رس) 2۔ وفادار ہور رست میں ساری تھی او (غواصی۔ طوطی نامہ)

سارے: سارے۔ تمام

1۔ توں سلطان سردار ہیں سار لے (فیروز بیدری۔ پرت نامہ) 2۔ بیٹھے گرد بر گرد یوں سارئے (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سارے: (سرگئے) ختم ہوگئے

جیوں کے دن تو سارے (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

ساریاں: (جمع سارا) سب

1۔ دیو نہارے ساریاں کو ایمان توں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔ رکھو ساریاں کوں ہور ستو اس پہ خاک (رستمی۔ خاور نامہ) 3۔ پھول تو نازک ہے ساریاں تھے لطافت میں ولے (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔ دیکھاے باٹ ساریاں کوں خدا کا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

ساز کرنا: تیاری کرنا۔ ساز و سامان کرنا

گیتی ساز جانے بدل وقت فام (غواصی۔ طوطی نامہ)

ساز: آنکس

معلم مہاوت چلاویں لے ساز (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

ساڑو: ہم زلف

تو دے جواب اسے میں ہوں ساڑو ترا (غواصی۔ طوطی نامہ)

ساسانیاں: ایک آتشی مخلوق (اسم۔ مذکر)

یو ساسانیاں آتشی ذات ہیں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

ساق اروساں: ساق عروساں۔ ایک قسم کی مٹھائی (اسم۔ مونث)

بھیاں ساق اروساں پشمکہ بر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

ساک: (ساکشی) گواہ

1۔ نہ بولوں کدھیں جھوٹ کرتار ساک (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ جے کوئی اس کا ہووے ساک (برہان الدین جانم۔ ارشاد نامہ)

ساک ساک: (ساکھ ساکھ) سچ سچ

کہہ اپنا سب احوال او ساک ساک (غواصی۔طوطی نامہ)

ساکیاں: سکھیاں (اسم۔مذکر)

مرا افسوس کھاجو پور بھانیاں ساکیاں یو کیس (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سال: کانٹا۔چھید۔زخم (اسم۔مذکر)

جس کوں فراق جاناں سینے کا سال ہوگا (ولی۔کلیات ولی)

سالاں: سال۔برس کی جمع

1۔گئے ماہ و سالاں اسی بات میں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔سالاں کے غم بھانیاں سب ہی اس عید میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سالیچ: سالی ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)

سوان اپنی سالیچ ہے یو کر (غواصی۔طوطی نامہ)

سالو: ایک قسم کا کپڑا (اسم۔مذکر)

1۔حریر و بافتہ سالو سری صاف (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔اڑایا او سالو سو پیکر اوپر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سالنے: سالن (اسم۔مذکر)

سالنے کا کچھ نہ تھا ان کو انک (وجدی۔پنچھی باچھا)

سالم: صحت مند

کبھو سالم، کبھو بیمار ہیں ہم (محمد شریف۔کنز مخفی)

سام: (شیام) سیاہ۔کالا (صفت)

سلونی خوش الحان کو تل سیاہ + کری سام کسوت اک خوش نگاہ (نصرتی۔کلام نصرتی)

سامت: سلامت۔ثابت

سو ہے سامت صادق ایمان (جانم۔ارشاد نامہ)

سامن: سامنے

1۔لگا قصہ دو کہنے شہہ کے سامن (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔چلے تعظیم سوں اس ہوں سامن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سامنہ: سامنے

اس کے سامنہ چلے گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سامی: سوامی۔مالک۔خدا

1۔نرنجن جگت کا تو سامی اہے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

2۔جو سامی جہاں کا ہے پروردگار (غواصی۔طوطی نامہ)

سامی برن: سیاہ رنگ

دیکھت سنبل زلف سامی برن میں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سامیا: سوامی۔آقا۔مالک

1۔تجہیں جگ کا سامیا یا حفیظ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
2۔مشکل اگر دسے تج لے نانوں سامیا کا (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی) کیا بجے جن نام اچھے ہے تو اچنبا سامیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ساں: سے

1۔اچھے تجھ ساں بیعت کر (اشرف۔نوسرہار) 2۔گور نبی کی گل ساں لاؤ (اشرف۔نوسرہار)

سانبر: ایک قسم کا ہرن (اسم۔مونث)

سانبر شرزہ اچھلا جوں ہرن پر (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سانپ لڑا منہ خالی: سانپ ڈسنے کے بعد اس کا زہر ختم ہو جاتا ہے

مشہور مثل سانپ لڑا منہ خالی (ولی۔کلیات ولی)

سانپاں: سانپ کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

یوں تو سانپاں میں ہے بڑی دھامن (محمود بحری۔کلیات بحری)

سانپن: سانپ کی مادہ (اسم۔مونث)

چلیا ذوق سوں اپنی سانپن کنے (غواصی۔طوطی نامہ)

سانت: بارش ابر نیساں کا وہ قطرہ جس سے موتی بنتا ہے (اسم۔مذکر)

1۔عنایت کرا سانت برسائیا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2 ہور شعر ابھی بھانت بھانت کا تھا + بھو بھانت جو میگ سانت کا تھا (محمود بحری۔من لگن)

سانت: برسات۔بارش (اسم۔مذکر)

1۔وہ چاتک نیس ہوں میں جو سانت گئے پر + ہر اک پانی سو لب اپنا کروں تر (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔جدھاں تلگ یو بدل سانت کا ہے لولو بار (غواصی۔کلیات غواصی) 3۔ہر اک بند تس سانت کے آجے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔کہ جیوں سانت کے مینھوں تھے جگ اگھایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سانت: سات (ساتھ) کی انفیائی ہوئی شکل

بڑی فوجداری کوں دے اس کے سانت (نصرتی۔علی نامہ)

سانٹھ: سمجھ۔خیال کر

دھرم کوں دھرم پاپ کوں پاپ سانٹھ (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سانج: شام (اسم۔مونث)

1۔دیواباج اندھیارا اچھے گھر میں سانج (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

2۔پڑی سانج تو اڑ کوآ تا ہے بھاں (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

سانچ: سچا۔حقیقی

1۔یتی ملک میں آگ سلگی ہے سانچ (نصرتی۔تاریخ اسکندری) 2۔اتھا او یوں کتا ہوں سانچ گفتار (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔نبھے شیخ سانچا فقیری کا بھیس (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

سانچو: سچا

اچ رج مہا پیرا بلا بلی تو نہیں سانچو اوتار (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سانچھ: شام (اسم۔مونث)

1۔جو ہوئے سانچھ تو گھر کوں پھر آئے او (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔پڑی سانچھ دریا میں دو جائے کر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ساند: (سنسکرت) سندھی۔جوڑ

1۔تمام ساندے ساندے کی ہور رگ رگ کی ہور بوٹی بوٹی کی فہم میں اس کا فہم ہے (عابد شاہ۔کنز المومنین) 2۔ بھنوا کماناں تیر پلکاں ساند کر مارے جوتوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ساندن: (سنسکرت سندھی) جوڑنا۔ملانا

نہ تجویز کے دل کوں ساندن دیا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ساند بیٹھنا: تعلق پیدا کرنا

پچ جیو سوں جن جو ساند بیٹھے (محمود بحری۔من لگن)

ساندرے ساندرے: آہستہ آہستہ

چلیا ساندرے ساندرے ناگ دوات (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

ساندنا: جوڑنا۔ملانا

زمانے کا سر رشتہ ساندیا تجہیں (نصرتی۔گلشن عشق)

ساندھ: روزن۔جوڑ

ساندھ میں لوگوں کے جالا باندھ کر (وجدی۔پنچھی باچھا)

ساندھی ملانا: جوڑنا۔ملا دینا

وہ کوئی دن جدا تھے سو ساندھی ملا (نصرتی۔گلشن عشق)

ساندی: دیوانہ

عشق ساندی ہے عشق سری بچ (وجہی۔سب رس)

ساندی ساندی: جوڑ جوڑ

ساندی ساندی بند بند تے سب کس گیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ساندیا: جوڑا

زلیخا پتھ کوں دو نین ساندیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ساندے ساندے: عضو عضو۔جوڑ جوڑ

جتنا قوت ہور سکت کہ اس کے ساندے ساندے تھا سو گل گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سانڈن لگیا: جوڑنے لگا

یک یک کام یک پل میں سانڈن لگیا (نصرتی۔علی نامہ)

سانڈی: سانڈ۔سانڈا۔مسٹنڈا (اسم۔مذکر)

پڑیا بخت تیرے او سانڈی گوا (غواصی۔مینا ستونتی)

سانکل: (سنسکرت۔شرنکھلا) زنجیر

ولی، سودا زدہ دل کی حقیقت گر سکوں لکھنا + تو دیوانہ ہو سانکل یک میں باہر یک رقم نکلے (ولی۔کلیات ولی)

سانگ: (سنسکرت) برچھا۔نیزہ (اسم۔مذکر)

1۔یا سپاہی کی سخت سانگ میں ہے (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔عالم میں چوکا کیوں نہ ہوے سوکے کے تیرے سانگ کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

3۔اڑیاں با کداراں چھلیاں ہت تے سانگ (نصرتی۔علی نامہ)

سانگاں: (سنسکرت سانگ) برچھا کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

ہوا سے جدائی کے سانگاں کا مار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سانگڑا: چھوٹی کشتی (اسم۔مذکر)

یتا کچ حوض ڈونگا ہے تلک جاں تیر نیش سکے + لے آیا گھور سانگڑا آج کھاندے سٹ چندر گل کا (نصرتی۔علی نامہ)

سانگڑا: برچھی (اسم۔مذکر)

نہ جگ تھا پ شرزانہ جگ سانگڑا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

سانوؔل: سانولی یا سانولا
جو چندر سوں اجل ہوئے رین کی نار سانول کا (نصرتی۔علی نامہ)

سانوؔلیاں: سانولی کی جمع
سانولیاں سندر سہیلیاں میں تمام اے موہنی (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

ساوٗ: (سنسکرت۔سانڈھو) کھرا۔سادھو
1۔جتا چوری کر چور اپے ساوٗ ہوے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔کیائیں نہ ساواں میں نا یک پنا (نصرتی۔علی نامہ) 3۔نہ کن لوٹیا چور ہو ساوٗ کوں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 4۔ساو کر بولتا ہے تجھ سنار + ساو ہو کیوں نظر چراتا ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

ساواں: ساو (کھرا۔ایماندار) کی جمع (صفت)
ولے چورکاں آوے ساواں کے سر (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

ساوج: جانور (اسم۔مذکر)
جنگل کیرے پنکیر و ساوج (اشرف۔نوسرہار)

ساوٗچیت: ہوشیار۔چوکس
اپے اپنی جاگا بہت ساو چیت رہنا (وجہی۔سب رس)

ساوچیت: ساو۔سچا۔ایماندار + چیت۔چت: دل: وفادار
اتھے رسم میں عشق کے ساو چیت (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ساوچیت: بےفکر۔مطمئن
1۔تو آرسی میں دیکھوں ہو ساوٗ چیت پاڑی پٹیاں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔چلے لے کے عاروں کوں ساو چیت (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ساوک: ہرن کا بچہ (اسم۔مذکر)
سوشیث سادشٹ بھی دنا یک منوہر سنگ کھ دیکھن کٹھن ساوک نین پنت (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

ساہورا: سسرال (اسم۔مذکر)
پیو کا جالا ساہورا اس (اشرف۔نوسرہار)

ساہوری: سسرال (اسم۔مونث)
ساہوری بیوی کا ناہیں کوئے (اشرف۔نوسرہار)

ساہیں: سائیں۔محبوب
کہ ناہیں سنگتا ہے منج ساہیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سائت: ساعت (اسم۔مونث)
نگار وپ سائت میں نورس جو دھر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ساہ: ساہوکار
جیسے نہ سکے ساہ ہو بیس کر (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

ساہیت: (سنسکرت۔ساہتیہ) ادب۔
ساہیت لوت گن ندھانی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سائیں: (سنسکرت۔سوامی) مالک۔خدا۔محبوب
1۔خضر ہور چشمۂ حیواں ہمیں ہور نبہہ سائیں کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔نہ جانوں سائیں کار نے بھی اجنوں کیا کیا ہوے کر (وجہی۔قطب مشتری) 3۔دین دن ایک چت سوں میں کروں اس سائیں کا سیوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔اپس سائیں سوں پیوے جم لا پیالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سائیاں: سوامی۔مالک
محبوب جیسے پیر مخدوم جی سائیاں (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

سائی: آقا۔مالک۔محبوب (اسم۔مذکر)
دھن کے لوبھوں سائی کھوئی (اشرف۔نوسرہار)

سایا: سایہ (اسم۔مذکر)
ترا بجھ پو سایا سر پر چھتر (غواصی۔مینا ستونتی)

سبا اندر: اندر کی سبھا
سبا اندر رہ پاتراں بدھ کھوئے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سُباس: خوشبو (اسم۔مذکر)
1۔کرن جگ کوں پرورده ہو گل کی باس + بھنور ہو لیا معرفت کے سباس (نصرتی۔علی نامہ) 2۔پھنی اپس لاگت درگا گوری + سباس سینوتی سمنا (فخر دیں نظامی کدم راؤ پدم راؤ) 3۔سوبریاں دبغرا و قلیا سباس (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

سباہ: خریدنا۔حاصل کرنا
نہ لیتا سباہ اپنے مکر جھاڑ (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سبحو: صبح (اسم۔مونث)

سبحو تے سانج بستے کر مرگ جنگل تے لیایا ہے (علی عادل شاہ شاہی۔ کلیات شاہی)

سبد: (سنسکرت۔شبد) لفظ

1۔سبد بدھ کو افسوں سولے جان ہار (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔پتیارا راکھ کر شبہ کے سبد پر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 3۔سبد مرہٹی جے کھایا ایک پت (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سبد: (شبد) لفظ (کن جنیکوں سے مراد ہے)

رچا تین ترلوک لا کر سبد (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سبد: سامعہ۔حواس خمسہ میں سے ایک

دیا روپ رس کند سبد اسپرس او (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سبز رنگ: سانولا

سبز رنگ ہور موزوں قد (اشرف۔نوسرہار)

سُبک: خوب صورت۔دل فریب (صفت)

کہ نیناں کوں اس کے لگا سبک بھوت (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

سب کسے: ہر کسی کو

یو عقل بیش سب کسے نکر خدا دیوے جسے (وجہی۔سب رس)

سُبو: صبح (اسم۔مونث)

سبو دن کے جیوں آس پاسے نجوم (نصرتی۔گلشن عشق)

سُبھ (شُبھ): مبارک۔نیک

لیو سبھ نام سری سرتی کو تب پایو جس نورس (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سبھہ: سب۔تمام

سبھہ برتن جگت میں بات تجھے ہے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سپارش: سفارش

سپارش کرو میری شبہ کے حضور (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سپارنا: حوالے کرنا

سپاریا: دیا۔حوالے کیا

سپاریا پراں آپ میں تج کوں (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سپت: سات

1۔کہ آپی سب چھپے اس سپت پاتال (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سپت سمندر سیاہی بھریں (جانم۔ارشاد نامہ)

سپت چرخ: سات آسمان

بلکہ سپت چرخ کی صافی عدم (محمود بحری۔کلیات بحری)

سپتر: اچھا فرزند۔سپوت

دنے باپ سپتر مایا دیکہ (جانم۔ارشاد نامہ)

سپت سمند: سات سمندر

سپت سمند پانی جو مس کر بھرین (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سپت کھن: سات آسمان

تب تھے سپت کھن جوت پا کر جھلکن ہارے ہیں علی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سپت کھن: ۹۶۱ھ میں بیجاپور میں ابراہیم عادل شاہ نے جو سات منزلہ محل تعمیر کروایا تھا اس کا نام سپت کھن رکھا گیا تھا

1۔سپت کھن پست سور بانی بنائے امراد کوٹ باغ (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔دسے روپ سپت کھن گگن ہور نشان (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سپٹ: تمام

عرق سوں غرق کر سپٹ فرش کوں (وجہی۔قطب مشتری)

سپڑ جانا: پکڑا جانا

او بیوقوف سپڑ گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سپڑک: (سپڑے) پھنسے

سپڑک جال میں جیوں موے دو پر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سپلکی: چھپکلی

سپلکی اک ایسے منے ناگہاں (غواصی۔طوطی نامہ)

سپن: سپنا۔خواب (اسم۔مذکر)

1۔جاگرت ہور سپن یو دونوں چھوڑ (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔سپن میں جو میں دیکھی سو یہی ہے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔ایکس رات دیکھی زلیخا سپن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سپناں: سپنا (خواب) کی انفیائی ہوئی شکل

جوں اُن دیکھیا یہ سپناں (اشرف۔نوسرہار)

سپنے: خواب (اسم۔مذکر)
سواک پیر مرد آ کو سپنے منے (غواصی۔طوطی نامہ)

سپنات: (سپنا) آسیب۔بڑے خواب کا اثر
کہے کوئی اسے یو تو سپنات ہے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سپور: (سنسکرت۔سنپور) مکمل۔پورا
1۔تیرا بھید توں جانتا ہے سپور (بلاقی۔معراج نامہ) 2۔توں نرالا ہے سب تے تو نچھ سپور (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔اس نے جدا دکھتا نہیں وہی سپورن رہتا (جانم۔کلمۃ الحقائق) 4۔بالا چاند چودارات کی مسافری سوں سپورن بن جاتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ست: (سنسکرت) جان۔جوہر۔حقیقی وجود۔اصول (اسم مذکر۔اسم مونث)
1۔مائی باپ کے من کی ست (اشرف۔نوسرہار) 2۔بارے جیوں آب حیات پونے کوں سوں۔پیاریا اپنا ست، اپنا پت ہاریا (وجہی۔سب رس) 3۔اگر کوئی تمیں ست نہ بدلاؤتے (غواصی۔طوطی نامہ)
4۔وفادار ہور ست میں سارتی او (غواصی۔طوطی نامہ)

ستا: سوتا
ستا ہے سو کو دکان میں مرد ایک (طبعی۔بہرام وگل اندام)

ستاراں: بڑھئی
ستاراں لوہاراں ستاراں کی فوج (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

ستاریاں: ستارے
1۔ستاریاں کی پکڑے ہیں جگنے جھلک (نصرتی۔علی نامہ) 2۔ستاریاں کو کدھیں رکھتا کدھیں نیں (ابن نشاطی۔پھول بن)

ستاو: ستانے والا
جو کوئی بڑے ستاؤ ہیں...... ثواب ان میں نہ کدھی کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ستاں: مقام۔علاقہ۔زمین
ہور ستاں سب آئے ہات (اشرف۔نوسرہار)

ست بھید: ایک علم کا نام
دھنور بید رت بھید ست بھید دھات (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

ست پہ ہونا: سچائی پہ ہونا
ہم تو اپنے ست پہ ہیں کرتے ہیں پر کھب کوں سلام (محمود بحری۔کلیات بحری)

سچکار: قیمت (اسم۔مذکر)
جگت سچکار اس کا نا قبولوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ست گرو: حقیقی رہبر۔مرشد کامل۔سچا گرو
1۔ہے سارا سکت ست گرو کے چرن میں (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔ست گرو پر ساد ہیں تو دیکھے اس کا چاؤ (میراں جی شمس العشاق۔مغز مرغوب)

ستر: سوت۔دھاگا
ستر باندار واح تکلی کھلاؤ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ستر ائیگی: ستھراپن۔صفائی
ہور اس کے بوٹے ہور نالیوں کی ستر ائیگی + سوں..... باغ داغ کھایا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ستکاریا: سلام کیا۔تعریف کی
ستکاریا جے رکھے شہہ کر یک دہاں تب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ست گھڑی: ایک کھیل (اسم۔مونث)
شطرنج گنجفہ نرد نت کوڑی پچیسی ست گھڑی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ستلا: چیچک (اسم۔مونث)
1۔ہے موں کا رنگ یکساں جو دو ستلا کے یک دو داغ سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔ستلا کے یک دو داغ ہیں گوری کے رخسار پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ستنتر: (سنسکرت) آزاد
1۔اُسے نہ جان کر آپیں ستنتر دیکھتا و بے چوں و بے چگوں (جانم۔کلمۃ الحقائق) 2۔میں ستنتر آگے (جانم۔کلمۃ الحقائق) 3۔جیا آپ ستنتر تھا (جانم۔ارشاد نامہ)

ستنتری: آزادی
بلکہ ستنتری کا روپ دستا ہے (جانم۔کلمۃ الحقائق)

ستوراں: ستور (گھوڑا) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
ستوراں کے سم تھے زمیں خم کیے (رستمی۔خاور نامہ)

ستوڑا کرنا: تباہ کرنا۔برباد کرنا
ان کو ستوڑا کرنے میں بیگی کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ستوگن: اعلیٰ ترین روحانی خواہشات
تو ہینے میں ستوگن ہے وشنو کی بستی (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

ست ونت: باعصمت۔ سچی۔ نیک
1۔دیکھو آج ست ونت لیلیٰ ہوں میں (عالم۔ لیلیٰ مجنوں) 2۔وہ ست ونت مشفق ہوا اس ٹھان پر (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔پکاری پنت میں وہ نارست ونت (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

ستونتی: باعصمت عورت
انے تو اسے ستونتی نار کر (غواصی۔ طوطی نامہ)

ستی: سے
آدم وہی ہے جو کرے آدم ستی آدم گری (وجہی۔ سب رس) ارے من شتابی ستی آسرن میں (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

ستی: ایک ہندو رسم جس میں بیوہ اپنے شوہر کی چتا کے ساتھ جل جاتی ہے
کہ جوں آگ پر آ کو پڑتی ستی (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

سُتی: سوتی
1۔ستی بھی سو سمجھے نہ تیوں اس اٹھی (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ستی جاکے اک دن بچھانے اپر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 3۔ستی تھی سیج پہ کل رات بے خبر دلبر (محمود بحری۔ کلیات بحری) 4۔ستی تھی سو سمجھے نہ تیوں اس اٹھی (غواصی۔ طوطی نامہ)

سُتے: سوتے
ستے تیوں گود میں مہتاب دیکھیا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سُتیاں: سوتی (فعل۔ مونث) کی جمع
ستیاں تخت پر او بہ نزدیک شاہ (رستمی۔ خاور نامہ)

ستیاں: ستی (سچی باعصمت عورت) کی جمع
1۔جو اس نے گنوائی ستیاں کڈھنگ (غواصی۔ مینا ستونتی) 2۔ستیاں کاماں ست سوں رکھنے ہاری (ابن نشاطی۔ پھول بن)

ستیں: (ستی) سے
خوشی سیتی حضرت پاک (اشرف۔ نوسر ہار)

ست آنا: در آنا
کھتا ہوں سو میں بات تک سن لے پن + ست آیا ہے اتنا سوں کیوں نچ بن

(نصرتی۔ گلشن عشق)

سٹال: پھینک
کہ اس جوں کہ بے جام دیناسٹال (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سٹائی: لڑھک گئی
سٹائی کھائی لیٹی تخت پر جائے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سٹ دینا: چھوڑ دینا
1۔اگر حلال کوں بی منع کرتے تو حلال بی بہت بھاتا، حرام کوں سب سٹ دیتے (وجہی۔ سب رس) 2۔ولی اتیغ غم میں سٹ نکو ہوش (ولی ویلوری۔ روضۃ الشہداء)

سٹکا: لٹھ۔ ڈنڈا
قوی سٹکا ولیکن مول کوں بھار (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سٹن: (سٹنے) پھینکنا۔ ڈالنا
لگے اس پر سٹن شہہ ہور گوتی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سٹنا: چھوڑنا۔ گرنا۔ پڑنا
1۔کونے کیرا مارگ سٹ (اشرف۔ نوسرہار) 2۔سٹی مست ہور ہوشیاری انے (وجہی۔ قطب مشتری) 3۔پادشاہاں اس کی محبت تے دیوانے ہو کر سٹتے ہیں (وجہی۔ سب رس) 4۔اجڑ گی کیوں سٹی پایلاں چڑھی دیوار چوری سوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سٹن ہار: سٹنے (ڈالنے) والا۔ پھینکنے والا
سٹن ہار سورج پہ افشاں دسے (نصرتی۔ علی نامہ)

سٹیاں: سٹی (گرائی۔ ڈالی۔ فعل۔ مونث) کی جمع
اتھا تخت پر لا سٹیاں سب پریاں (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

سٹن ہار: سٹنے (ڈالنے) والا۔ پھینکنے والا
سٹن ہار سورج پہ افشاں دسے (نصرتی۔ علی نامہ)

سج: سجاوٹ۔ سج دھج
جس تدبیر میں رج نیں، واں عزت کوں کچھ سج نیں (وجہی۔ سب رس)

سج: سوجھ
نیں لگالا کہ جو تو بچھانا ہور کھانا سج (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سُجات: اعلیٰ ذات۔ اعلیٰ نسب

1۔ پڑیا تھا بڑا کام جاں اے سجات + نبی کا اتھا واں توں سیداچ ہات (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ سجات ایک ناگن کجات ایک سانپ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 3۔ گیا دن نہ آئی سوا دمہ سجات (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سُجاتی: اچھی ذات والی

کہا یو سجاتی مری نار ہے (غواصی۔ مینا ستونتی)

سُجان: سجن۔ محبوب

کہ تج یاد کرنا اچھوں اے سجان (وجہی۔ قطب مشتری)

سُجان: (سنسکرت) دانشمند۔ عارف

1۔ بھیدک سیانا پرم سجان (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ جوں حافظ کتا ہے، سگھڑ، چتر، سجان غیر کی بات بولن ہارا (وجہی۔ سب رس)

سجانا: سجن۔ محبوب (اسم مذکر۔ اسم مونث)

1۔ گفتا کہ راست گفتی اے گن بھرے سجانا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ ہماری چنچل دو سجانا کہاں (غواصی۔ کلیات غواصی)

سجانی: (سجن) محبوب (اسم۔ مونث)

لگے جب بھوک غم کھاوے سجانی (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

سجک: سج کر

کافر سلاح سجک سر ایک آیا بھار (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سجل: نفیس۔ آراستہ

کہیں گلی گل سوجاں کے ہندو سیام ڈھالاں کے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سجن: محبوب (اسم۔ مذکر)

1۔ سروپ اپنے سجن کارا کھ خاطر (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ سجن کی انجمن میں ہوئے تب ہر یک طبع روشن (ولی۔ کلیات ولی) 3۔ میں عورت ہوں اس کی وہ میرا سجن (غواصی۔ مینا ستونتی)

سُجنا: سجھائی دینا

کہ سجتا نہیں کچ چوندھیر تج (غواصی۔ طوطی نامہ)

سجنا: ساجن۔ محبوب

یا خضر قدح ہے سجنا ہت کا پیالا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سجے: سوجھے

ہر شئے میں ان کو محمد سجے (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار)

سچلا: سچا

پھول کیساں تھے دو جا اساں سچلا منج دکھائی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سچلا: سچا۔ اصلی۔ حقیقی

1۔ مانڈے منڈپ جوت تاریاں سوں ہے سچلا آسمانی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ تصور کریں باگ سچلا ہے کر (غواصی۔ طوطی نامہ)

سچلی: سچی۔ حقیقی۔ اصلی

1۔ مستی مستی سچلی ہنس کی چال چلتی او (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ ہے سچلی چاند صاحب وہ پونم کی چاندی عورت (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سچوئی: سچائی

1۔ ہر ایک کام ...... راستی ہور سچوئی سوں کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی) 2۔ باور تجے لگتا کہ سچوئی کے بول (غواصی۔ کلیات غواصی) 3۔ زباں کی سچوئی دو جگ کوں دسے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 4۔ سچوئی کا قاضی بھتر ہو کھڑا + کری ہے زبان کوں عدل کا ذرا (غواصی۔ مینا ستونتی)

سچھ: سچ

سچھ یوں کہ جیوں ماٹی کوں جل (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سچے: سچ سچ۔ حقیقی۔ بالکل

ڈولیس تس میں چھچیاں کے ناداں سچے (نصرتی۔ گلشن عشق)

سچیچ: حقیقتاً

سچیچ اگر مجھے اختیار ہوتا تو تجھے میں اتنا کا ہے کو تھکاتی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سچیں: سچا۔ واقعی

1۔ سچیں ہوا نوسر ہار (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ سچیں آج اے خسرو نیک نام (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ سچیں ہر درد کوں ہے ہر یکیں دوا (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔ سچیں تج روپ کے مجنوں ہو

پھرتے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سچیں مچیں: سچ مچ

سچیں مچیں یو فرشتا چھ ہے (وجہی۔سب رس)

سحر کا حقہ: جادو کی ڈبیا

لبد، سحر کا حقہ لبدان ہار۔سبد بدھ کو افسوں ہو لیجان ہار (نصرتی۔گلشن عشق)

سنچتچ: سخت ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)

سو بیتاب سختچ پایا ادک (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سخن اوڑانا: بات رد کرنا

سخن اس کا اڑاؤں نا، میں سب تکرار چھوڑی ہوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سد: (عربی) دیوار

چھپے کھن کے منڈوے بلند سد گگن (نصرتی۔گلشن عشق)

سد: درست، ٹھیک ٹھاک

آپس کا آپ ڈولا سد کریں ہیں (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سُد: خبر (اسم۔مونث)

1۔جو لک کس کوں نا ہیں سد (اشرف۔نوسرہار) 2۔یو سد اس بلقیس لگ بیات کیوں جاگی سو کو (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔دیوانہ ہے او سد نہیں کچ اسے (غواصی۔طوطی نامہ)

سد: (سدھ) برگزیدہ

1۔زمین میں توں ڈبوں جیوں سد سنیاس (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

2۔ہوئی رو سد سوں مل یاری (جانم۔ارشاد نامہ)

سدا کال: ہر وقت (اسم۔مذکر)

دلاں کے آہواں سب کے سدا کال + جفا کے تیر سوں تھے فارغ البال (ابن نشاطی۔پھول بن)

سُد بُد اڑنا: ہوش و حواس کھونا

دیکھ چال اس او دھیٹ کی سد بد مری اڑی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سداں: سدا۔ہمیشہ

سداں تلوار کی چمک میں اسے دولت کا سوں دستا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سداں: سمیت

تمھیں لشکر سداں نکل کو چلے جاؤ (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سُد بُد: سدھ بدھ

1۔نہ تھا سد بد تجے تھی سب صبوری (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

2۔سٹیاں اپنے سد بد ہویاں بے خبر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سُد بُد والا: عقلمند

کسی سد بد والے نے یہ بیت بولیا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سد بندنا: دیوار کھڑی کرنا

نھنے ہور بڑے میں نہیں حد بندیا + دونوں میں تو شمشیر کا سد بندیا (نصرتی۔علی نامہ)

سُد پانا: خبر پانا

ایسے میں سنگھات کے لوگاں کیں سد پائے (وجہی۔سب رس)

سُد پنتھی: راستے کی سدھ

نپٹ اندھار تھے سد پنتھی گنواویں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سُد تے ٹلنا: ہوش گنوانا

ہوا سوچہ ات بخت کا مئی پرست۔ٹلیا سد تے اپنی ادک ہو کہ مست (نصرتی۔علی نامہ)

سد سٹنا: ہوش و حواس کھونا

کاں کرتے ہیں کاں ہوی سب سد سٹی کبشری ہو دنگ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سد ستی: سچی ستی

یا آگ میں ہے تو سد ستی ہو (محمود بحری۔من لگن)

سُد نگ: اچھے ڈھنگ۔عمدہ۔خوبصورت

سد نگ ناچ ناچیں چتر پاتراں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔سد نگ جوگنیاں اپنے کپڑے اتار (نصرتی۔علی نامہ) 3۔دس آوے سر وتے سرلا سد نگ ہر جھاڑ نوفل کا (نصرتی۔کلام نصرتی)

سِدّ ول: (سدھوں) خدا پرست

کہاناتو سدّ ول منے بھارتی (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

سدھ: خبر۔معرفت

1۔گھر گھر چھپ رہے جاسوس سب سدھ پہنچاوے گا (ابراہیم عادل

شاہ۔کتاب نورس)2۔دھنڈورے کیری سدھ چندگاہ جائے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)3۔رہے ڈھوڑھ بھوتیک نہ سدھ پاؤ (عبدل۔ابراہیم نامہ)4۔نگر میں جب ہوئی یہ سدھ اشکار (نصرتی۔گلشن عشق)

سدھ: مقدس۔برگزیدہ

کیتک جوگی جنگم جتے سدہ آپار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سُر ہارنا: ہوش وحواس کھونا

لگیں پوچھنے اس سوں سر ہار ہو (نصرتی۔گلشن عشق)

سدھاکر: (سنسکرت) چاند

1۔عیدی کا سدھاکر ادد یا کرنا کہو کوئی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)2۔سندر مدگل سدھاکر مدچوانے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سدھانوشو: (سدھ: آب حیات+نوشو: کرنیں) آب حیات کی ضیاء

تیری اپہاں سدھانوشو لچھن جاہے امرت دکھائی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سُدھ دینا: خبر پہنچانا

بچن چپاوتی کا ہے جودی مدمالتی کی سدھ (نصرتی۔گلشن عشق)

سُدھرنا: سنبھل جانا۔سوجھ بوجھ سے کام لینا

1۔تجے کیا سدھرنا ہے ہور اس کام میں تجے کیا سوجھتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 2۔میں سدھر کر دیکھیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)3۔یہاں سب سدھرنا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سُدھن: محبوبہ (اسم۔مونث)

کاڑی سدنگ مانگ سدھن دیکھ ہم گرے (محمود بحری۔کلیات بحری)

سُدھیں: عالم۔فاضل

سدھیں مرشد ہیں مسلمان میں (وجہی۔سب رس)

سدی: صدی (اسم۔مونث)

کہا تاثیر ہے آخر سدی کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سُڈھال: اچھے موتی

میں سمندر تھے ور کاڑھوں سڈھال (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سر: ختم

ہوا ہور ہوس طمع سے سر گیا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سر: (سار) مانند۔جیسا

1۔ہر اک روپ بدیا میں اس سر نہ کوئے (عبدل۔ابراہیم نامہ)2۔اس کے سر کوئی نہیں سب باغ و گلشن میں عجب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سرا: جگہ۔مقام۔ٹھکانہ

سنسار کے سرا میں کھٹ کھٹ نہ کھیں تو کیا کھیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

سرانا: تعریف کرنا

سرا: تعریف کر

ادب کی روش سوں سرا بے حساب (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سُرا: (سنسکرت) شراب (اسم۔مذکر) (اسم۔مونث)

1۔جھلکنے لگی زعفرانی سرا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔اس کھیل میں پھلیا ہوں بھی کیا سرا پلاتی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)3۔سُرا پیو قران لے جالیا (فروز بیدری۔پرت نامہ)

سراپ: (شراپ) بددعا

ہر رنج کو سراپ ہر آرام کوں سلام (محمود بحری۔کلیات بحری)

سراتے: سراہتے۔تعریف کرتے

بجن تے شہاں کوں سراتے اہیں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سراچانا: سر بلند رکھنا

طمع کا آدمی سر نیں اچا تا جاں جاتا واں سر نواتا (وجہی۔سب رس)

سراں: سر کی جمع

1۔سراں وہ انکھیاں تین ہور ہات چار (صنعتی۔قصہ بے نظیر)2۔سراں تھے رکھے سب اپس کا کلاہ (رستمی۔خاور نامہ)

سرانا: سرہانا

1۔سرانے میرے آیا او خندہ لب (رستمی۔خاور نامہ)2۔سرانے ہات دیا ہے پھولاں پر اسائش کیا ہے (وجہی۔سب رس)3۔اسکے سرانے بیٹھ کر کھیاں جھیلنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)4۔میں سرانا ہوں سب میرے پائن (محمود بحری۔کلیات بحری)

سرانے: تعریف کرنے

1۔غواصی شعر کوں تیرے سرانے کی نہیں حاجت (غواصی۔کلیات

غواصی) 2۔اتھی اس کی صورت سرانے تھے بھار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سراون: سراہنا۔تعریف کرنا

1۔نہ اس کا روپ کوی سکے سراون (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
2۔سراوں لئی دسے تعریف تھوڑا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

سراون: ساون (اسم۔مذکر)

سراون کی جیوں روت میں بادلاں (نصرتی۔علی نامہ)

سراوے: تعریف کرے

سراوے کن اس نازکی نازکی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سراہی: صراحی

کہ گردن سراہی کی یا مور ہے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سرایا: سراہا

خدا قران میں تجھ کوں سرایا (ابن نشاطی۔ پھول بن)

سراپچے: خیمے

رخت سراپچے جس میں تان (اشرف۔نوسرہار)

سرایت: ہوشیار۔فنکار

سور سرایت سرانو سٹ سارے سرھائیں آتش خاں (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سرب: (سنسکرت سرو) سب۔تمام

1۔سرب دل سوں توں جائے جس باٹ تے (غواصی۔ طوطی نامہ)
2۔سرب فیض پائیں گے یک بار کا (نصرتی۔علی نامہ) 3۔سرب دل کا بل اس پر تھا مسلم (ابن نشاطی۔ پھول بن) 4۔سرب دل کے دنبال تھے دل پہ دل (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سرباندنا: پابند ہونا

باندیا ہے نبی کے شرع سوں سر (محمود بحری۔من لگن)

سربر کرنا: مدمقابل ہونا۔برابری کرنا

نہ سربر کریں یک کرن سرج ٹھار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سربر ہونا: ہمسری کرنا

ہوئے سور چندر کے سربر تارا ہر اک سنا کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سرپانولگ: از سرپا۔سر سے پاوں تک

کہ سرپانولگ نور میں غرق ہے (وجہی۔قطب مشتری)

سر پر سوں ڈھل جانا: کسی نعمت سے محروم ہوجانا

افسوس کہ ایسی دولت میرے سر پر سوں ڈھل گئی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سرپ: (سنسکرت) سانپ (اسم۔مذکر)

1۔دریا لہر میں جیوں سرپ آپھیریں (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔سرپ سنگار تشخص پر چھائیں کلیجرا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سر پر آسمان تٹ پڑنا: مصیبت نازل ہونا

میرے سر پر تٹ پڑیا آساں (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

سر پر بلا بسانا: مصیبت میں پڑنا

کہ شبہ لوب بسایا اپس سر بلا (فائز۔رضواں شاہ و روح افزا)

سر پر بلا پڑنا: مصیبت آپڑنا

بلا آکے کاری مرے سر پڑی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سر پر بلا ڈالنا: مصیبت میں مبتلا کرنا

بلایاں روز اس کے سر پو ڈالے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

سر پر جنجال بسانا: مصیبت میں مبتلا کرنا

بسایا سر اپر جنجال کیا ہے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

سر پر کبل وقت پڑنا: مصیبت نازل ہونا

کبل وقت پڑا ہے زلیخا کے سر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سرپن: (سرپ=سنسکرت) سانپ (اسم۔مذکر)

ایک من میں ہزار سرپن کوں (محمود بحری۔کلیات بحری)

سر پھرنا: بےہوش ہونا۔چکر آنا

مجے پھول کی باس بے سد کری + پھر یا سر پڑوں گی لکر میں ڈری (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

سر پھوڑی: دردسر

انھوں کے باتاں کرتے رہنا سر پھوڑی ہور ہوس پکانا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سرتا: ختم ہونا

جتا اس خرچتے سو سرتا نہیں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سرتوپا: سرسے پاوں تک۔ مکمل

کام ادھورا سرتوپا (اشرف۔نوسرہار)

سرتوپائے۔سرتوں پائے: سرسے پاؤں تک

1۔امرت کھولے سرتوپائے (اشرف۔نوسرہار) 2۔سرتوں پاؤں اوڑھی آگ (اشرف۔نوسرہار)

سرتھے: پھرسے۔دوبارہ

1۔گرجا ہے میگھ سرتھے تازہ ہوا ہے بستاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔کہ تیرے دور میں اے چاند سرتھے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سرتھے پگ لگوں: سرسے پاوں تک

جو تھے سرتھے پگ لگوں موتیاں ہیں دپ ہور جوہریاں تاریاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سرتھیں: پھرسے۔دوبارہ

1۔تو اسلام کوں زور سرتھیں دیا (فیروز بیدری۔پرت نامہ) 2۔سرتھیں سینے علم دیتا (اشرف۔نوسرہار)

سرتے: ختم ہوتے

کتا بولوں نہیں سرتے سو باتاں (ابن نشاطی۔پھول بن)

سرتے: پھرسے۔ازسرنو۔دوبارہ

کہ سرتے مجے رشک کا ٹھار ہوئی (وجہی۔قطب مشتری)

سرتے اٹھنا: خیال ترک کرنا

طمع داری کے سرتے جو اٹھے ہیں۔وہیں ایسے بلایاں سوں چھٹے ہیں (وجہی۔سب رس)

سُرج: سورج (اسم۔مذکر)

1۔سرج ذرہ ہے تیرے نور کا ٹک (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔دیکھا نہیں سرج کی جھلکار کا تماشا (ولی۔کلیات ولی) 3۔کہاں ہے سورج میرے ایمان کا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔سرج روپ دستا جو یوسف کے سار (غواصی۔طوطی نامہ)

سرجانا: ختم ہوجانا

جب چھوٹ پنا سرگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سرجن ہار: پیدا کرنے والا

1۔اول کیا ہوں عشق سوں میں حمد سرجن ہار کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

2۔رجیا یوں کچھ سرجن ہار (وجہی۔سب رس)

سرجنا: پیدا کرنا۔تخلیق کرنا

1۔حق تجھ عذار دیکھ کے سرجا ہے رنگ گل (ولی۔کلیات ولی) 2۔جن یو سرجیا بھوئیں آسمان (اشرف۔نوسرہار)

سرجائے: پیدا کرے

جو منج سرجائے کر دنیا میں لیایا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سرجائیا: پیدا کیا

تمیں جگ کوں سرجائیا سبج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سرجایا: پیدا کیا

خدا پیغمبری دے کر محمد کوں جو سرجایا (امین الدین۔اعلیٰ کلمۃ الاسرار)

سرجھاڑ جھاڑ: سرہلا ہلا کر

کتے یو نچہ دنگ ہو کے سرجھاڑ جھاڑ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سرجی: تخلیق ہوئی

یک نور کی سرجی یو دو یک گوشت ہور یک لھو منیں (نصرتی۔علی نامہ)

سرجے: پیدا ہوئے

سرجے جس یک برج تھے چندر سورج دو خلف (نصرتی۔علی نامہ)

سرجیا: پیدا ہوا۔پیدا کیا

1۔جتا تج حسن سرجیا تج پتاں میں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔تو تجھ سرجیا دیکھ ربی (جانم۔ارشاد نامہ) 3۔تو کن کے اشارت منے سرجیا (عاجز ابن احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 4۔ہمنا اپس دیکھنے خاطر سرجیا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سرپرلیاں: سرپہ لینے والے

یو ملامت آپ ہو سرپرلیاں کوں پوچھنا (محمود بحری۔کلیات بحری)

سرچڑانا: سرپر رکھنا۔عزت دینا

دل دو انگوٹی دیکھ چوم چاٹ سرچڑایا (وجہی۔سب رس)

سرچڑنا: غلبہ حاصل کرنا

دشمن اگر چھٹی ہے تو بھی عداوت سرچڑگی (وجہی۔سب رس)

سرچڑھانا: لازم قرار دینا۔ عائد کرنا
ترے احکام محشر لگ جگت کے سرچڑھایا ہے (شاہی۔کلیات شاہی)

سرخ: سرخا (ایک پرندہ)
دیسے سرخ کے نین لالے سوں مست (نصرتی۔گلشن عشق)

سختیاں: سختیاں ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)
وہیں بخت تختی تے سختیاچ اپر (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

سرخک: ایک پرندہ جس پر سفید اور سرخ دھبے ہوتے ہیں
ترے ہوٹاں کے کنج میں تل دسیا منج + مگر سرخک نے پکڑی مو میں رالا
(عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سردھرنا: سر جھکانا۔ تسلیم کرنا
عشق بادشاہ کے فرمان تلے رقیب سردھرے (وجہی۔سب رس)

سردھنی: سردار۔محبوب
سب یاد آئے گاماں او سردھنی نطے پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سرس: (سنسکرت شرےسیں) برتر۔ اعلیٰ عظیم۔ غالب
1۔ دیسوں میں پنم چاند سوں ہو سرس (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)
2۔ جو نرس تھا سو ہوا سب سے سرس (وجدی۔پنچھی باچھا) 3۔ کہیا ہے
توں یو شعر ایسا سرس (وجہی۔قطب مشتری) 4۔ ایک بڑا الڑائی خورناگ
سب پر سرس ہو گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سُرس: رسیلا۔ میٹھا
سرس مور آواز جگ کو رجھایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سرستی: سرسوتی۔علم کی دیوی
1۔ سرستی گوری جیسے گنج ونت پوتری کو کس ستاری سنوارنے بنا (ابراہیم
عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔ تیرے فہم کی سرستی داس ہے (نصرتی۔گلشن
عشق) 3۔ یوست سرستی ماتا ابراہیم پرساد بھی دونی (ابراہیم عادل شاہ۔
کتاب نورس) 4۔ سرستی سو چھ سندری مہارتم جات نرمل (ابراہیم عادل
شاہ۔کتاب نورس)

سُرسُری: تیز۔گھومنے پھرنے والی
کیا جانے کاں اتھی ماں یو اجڑ گئی سرسری سوکن (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سرسوں پاوں لگوں بولنا: تفصیل بیان کرنا
احوال........ سرسوں پاوں لگوں بولنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔
انوار سہیلی)

سرسوں کرنا: بہ سروچشم بجالانا
جو کہ توں بولی سو میں سرسوں کروں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سرسی: عمدہ۔نفیس
سرسی گالوں سنتھے جات (اشرف۔نوسرہار)

سرسے: ختم ہوگا (صیغہ مستقبل۔پنجابی)
نہ سرسے کتھا یو میرا ادک کا راز (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سرصوبگی: سرداری
سرصوبگی منصور کوں ہستی ہے اے سردار ہو (محمود بحری۔کلیات بحری)

سرطان: چوتھا برج
اسد جائے خورشید سرطاں میں چندا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سرک: پھندا۔جال۔گانٹھ
1۔ سرک کھولیا جے تھے دام میں وہ (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔
سرک پھانس دے منجھ کوں لٹکائیں گے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
3۔ جو جھیلے جائیں ریشم تھے سرک کے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
4۔ لکھ لکھ الک سرک سٹ دکھلائے فن سوں تل تل (محمد قلی قطب
شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سرک جال: پھندے والا جال
سرک جال میں جیوں موے دوڑ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سُرکرنا: مقابلہ کرنا
ولے چاند ہور سرج کیوں سر کروں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سرکناہ: سرکنا
اور دستر خواں پر سے پیچھے سرکناہ (عابد شاہ۔کنز المومنین)

سرکھڑا ہونا: سر پر مصیبت آپڑنا
جو کچ سرکھڑا تھا جنگل گھاٹ میں (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

سرکھنڈی: پیشانی
سو سرکھنڈی کستوری لے وت بھر (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راو)

سُرگ: (سنسکرت) جنت۔ آسمان

1۔فرشتے سرگ ساتوں کوں ستاریاں سوں سنوارے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔اس سوں تھی نت سرگ کی کارسازی (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔غبار اس کے نعلین کا جھڑ پڑیا سو سرگ اچھریاں کے ہے تن کا عبیر (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔جھوٹ ہے جانو جہنم سانچ ہے گویا سرگ (محمود بحری۔کلیات بحری)

سُرگ اچھر: جنت کی حور (اسم۔مونث)

سرگ اچھر ہوتی ہے اس دیوانے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُرگ باغ: جنت کا باغ

سن سرگ باغ تھے حور اپن کھن بن تھے تت تارے نمن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُرگ بن: باغ جنت

1۔سرگ بن یاد اس کہ کا کیا جوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔نین جھلکا جاگھن پر دیکھت چنتے سرگ بن پر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُرگ کی کمان: قوس قزح

سہے ریشمیں ناڑے پنچ رنگ سنوار + سرگ میں کماناں جیوں بادل نگار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سُرگ لوگ: (سورگ کے لوگ) بہشت کے رہنے والے

سرگ لوگ دیکھے جو کیا ہے یہ غل (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

سرگشت: شہر گشت

پھرالیائے سرگشت ختنا کیے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

سرگئی: ختم ہوگئی

سرگئی ہے رات ہاشم کیسے تمہیں چھوڑوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سرلوڑے تو گٹ چھپارک: سر کی خیر چاہتا ہے تو راز فشانہ کر

کہ سرلوڑے سلامت گٹ چھپارک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سُرما: سرمہ (اسم۔مذکر)

1۔رین دن کے تئیں سرما لگایا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔ہے سرما چندر سور کے نین کا (غواصی۔طوطی نامہ)

سُرماں: سرما (سرمہ) کی انفیائی ہوئی شکل

1۔کری سرماں گرشبہ کے چرن کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔گرانوں کی نعل کا سرماں کریں شاہ دوزیر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُرمک خطائی: ایک قسم کا کپڑا

سور وسندس سرمک خطائی (ابن نشاطی۔پھول بن)

سرمنڈل: ڈھول (اسم۔مذکر)

1۔تنبورے جنتر بینا سرمنڈل (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔طنبورا سرمنڈل جنتر دوتارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سُرمیں: سرمے کی انفیائی ہوئی شکل

نین کھلے کیتے سرمیں سوں سرمائی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سرن: اہل ہندو کا طریقہ سلام (اسم۔مذکر)

1۔سل ہے مجھے جو دانت کی ہور زلف کی تری + اس "سین" کو سرن ہے ہور اس "لام" کو سلام (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔وہ درویش کوں دیکھ کیتا سرن (نصرتی۔گلشن عشق)

سرن: (سنسکرت) پناہ

1۔ارے من شتابی ستی آسرن میں + ہے سارا سکت ست گرو کے چرن میں (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔جتے انبیا تھے کیے آسرن (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

سرن: سراہنا۔تعریف

نہ آوے بن سرن ہور کچ میرے ہات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سرن: خوبصورت

نہ لاتے مشک کا تل اس سرن کے ہونٹ برابر (محمود بحری۔کلیات بحری)

سرن کرنا: پناہ مانگنا

سو سب سرن کرتیاں اتھیاں دیکھ اس (محمود بحری۔کلیات بحری)

سرنا: ختم ہونا۔پورا ہونا

1۔سو ہے آپس تے سرنا (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) 2۔گنج قارون اگر اچھے تو بی دیتے دیتے سرگا (وجہی۔سب رس) 3۔رات کا عنبر سریا صبح کی پھوٹی کرن (لطفی۔کلام لطفی)

سُرنگ: خوش رنگ

1۔سونیلک داطلس سوطا سے سرنگ (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔ہے

لطافت کا لپیٹا لال سرا دپر سرنگ (محمود بحری۔کلیات بحری) 3۔یورنگ رنگ کے پھول سرنگ مقبول (وجہی۔سب رس)

سُرنگاں: سرنگ کی جمع

سرنگاں کھود یک چھند سور کھاوے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سُرنگ تر: خوش رنگ تر

نہ ڈونگر سرنگ تر لیا تھا بہار + فلک بلکہ برسیا اتھا لعل انگار (نصرتی۔گلشن عشق)

سُرنگی: سرنگ بنانے والا

اتھا تسرا جسے کہتے سرنگی (ملک خوشنود جنت سنگار)

سرنھاؤنا: نہانا (سرا ور جسم دونوں دھونا)

سو یک دلیس سرنھاؤنے کوں دو جان (غواصی۔طوطی نامہ)

سروا: (گجراتی۔سرواہ) دردسر

1۔ساقی بغیر سیو ئے گا سب ہوئے گا سروا کیا کروں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔عشق نے جب سے کیا سروا مجھے (وجدی۔پنچھی باچھا) 3۔پڑیا سرجسے ہوئے سرواہ تس (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راو)

سُروالے: سُر والا (ایک قسم کی گھانس کا کانٹا) کی جمع

کہ رو مارو م سروا ے ہو میرے تن میں سلتے ہیں (غواصی۔کلیات غواصی)

سروان: سرو (درخت) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔سرواں کھڑے چمن کے تج قد کوں دیکھ تب تے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔قداں سرواں کے توں کہتا ہے سیدے (ابن نشاطی۔پھول بن)

سروپ: (سنسکرت) اچھے روپ والا۔خوبصورت

1۔کندن تختا سروپ اپر دپ وہ پیٹ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔جے وہ درشا سد سروپ (جانم۔ارشاد نامہ) 3۔کندن رنگ تپلی کوتلی ہور سروپ روپوں نویلی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔یا قد سروپ ہے دیا زلف کا الف ہے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سروترپن: بزرگی۔عظمت کا احساس۔غرور

یو بدمیں بات باغی ہو سروترپن آیا جب (نصرتی۔علی نامہ)

سروترپنا: بزرگی۔عظمت

پڑیا دے بھڑی پر سروترپنا (نصرتی۔علی نامہ)

سروور: تالاب (اسم۔مذکر)

1۔یا جیوں سروور نے نیں کوئی کنول تج سار کا (حسن شوقی۔غزلیات) 2۔اس چک کیرے سرور موتی جان (جانم۔ارشاد نامہ) 3۔رھیا روپ سرور ہو عالم میں بھر (عبدل۔ابراہیم نامہ) 4۔دودریا آتشیں ابلے بھرانے لھو کے سرور کوں (نصرتی۔علی نامہ)

سرومٹکن: سرو کا ہلنا

جو توں پھول ڈال ہوئی اب سرومٹکن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سرون: (سنسکرت) کان (اسم۔مذکر)

1۔سرون بھی تپتے ہیں مرے ان کو بھی دے گفتار عیش (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔بچن کا پڑیا نادسرون نے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔سرون ترا جو کر لیوں جو کہ شکر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سرونگ: (مراٹھی) تمام۔سرتاپا

سدا سرونگ جن کے نور میں غرق (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سرونگ بھوگ: تمام لذتوں سے آشنا

کلاونت کلا جان سرونگ بھوگ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سرونی: کان لگا کر سننا

نورس بھید کو اتپت بچن آکھوں سرونی ہت چت اڑے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سروے: (سنسکرت) تمام۔مکمل

بچھو چڑیا سروے انگ (اشرف۔نوسرہار)

سرویاتم: سرواتم۔اعلیٰ

ناسک دیپاموتی سرویاتم جھولت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سرہاون: سراہنا۔تعریف کرنا

سرہاون کنا کو زباں ایک کریا (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سری: (سنسکرت شری) خوبصورتی۔نور

سورج سوں دیا سری سسی کوں (محمود بحری۔من لگن)

سری: ختم ہوی

ترے مرد کی عمر تو سب سری (غواصی۔طوطی نامہ)

سری: سڑی۔ دیوانہ
عشق سا ندی ہے عشق سری پچ (وجہی۔ سب رس)

سری راگاں: سری راگ (چھ راگوں میں کا ایک راگ۔ دھنا سری)
1۔ سری راگاں جو گاتی استری تو من کوں بھاتی ہے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ پریاں حوراں ستیں مل کر سری راگاں ستیں گاوے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سرے: ختم ہو
1۔ چڑی کی بوند پیتن نہ دریا سرے (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 2۔ مرا مال لوٹے تو کچھ نا سرے (طبعی۔ بہرام وگل اندام) 3۔ سرانا نہ سرے اس سکت دار کوں (نصرتی۔ علی نامہ)

ثُریا: ثریا
سریا کے تارک پہ ہے اس کا پاؤں (غواصی۔ طوطی نامہ)

سریا: پیدا کیا۔ انجام دیا
تہیں او نچھا انبر سریا باج ادھار (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راد)

سُریا پان: (سنسکرت۔ سوریہ پان)۔ چتر شاہی
کہا یہ سور ہے دسرا سریا پان سور پکڑ کوں (نصرتی۔ علی نامہ)

سریاں: سر۔ راز۔ بھید۔ کی جمع
دکھن کی بات سوں سریاں کو کہہ کھول (ابن نشاطی۔ پھول بن)

سریر: (سنسکرت) شریر۔ جسم
1۔ مرے بیچ گال آپنا سب سریر (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ لگائی ملائی کا چکسا سریر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 3۔ تو لب خشک ہیں اور جھجا ہے سریر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سریجن: محبوب
1۔ دل کو گر مرتبہ ہے درپن کا + مفت ہے دیکھنا سریجن کا (ولی۔ کلیات ولی) 2۔ سریجن پیا سیج کوں دو جانہ بھاوے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سریکا: جیسا۔ مانند
1۔ اگر اس سریکا نہ ہوتا سب (صنعتی۔ قصہ بے نظیر) 2۔ یہ کتاب سکل عالم کو معلوم ہوئے سریکا بنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سریکی: مانند۔ جیسی
بڑھے کے سریکی یک صورت نچھل + جھلکتی ہے دیوار پو جھل اچھل (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

سڑک: دیوانہ۔ دیوانی۔ بے سدھ
1۔ جوانی کیچ مستی چڑاتا بھو تجھ سڑک ہوئی ہے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
2۔ ہے مست ہو کر ہاشمی ان کیچ مئے سوں ہے سڑک (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
3۔ اپنے دھیان میں اپے ایسا سڑک تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سڑک دھار: بوچھار
رکھے کوٹ پر چھا اگن کا ابھال + سڑک دھار ہاتاں تھے ات برشکال (نصرتی۔ علی نامہ)

سڑک ہوجانا: مست ہوجانا۔ بے سدھ ہوجانا
اپنے بل ہور زور پر سڑک ہو جا کر جھگڑے میں نیں آئے گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سڑی: سیڑھی (اسم۔ مذکر)
1۔ سڑی اس تھانب کوں اول لگانا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 2۔ کیا ٹیک مدن کا اونچ لگتا ہے مجھے + رہے پاؤں سڑی پرت کا چڑھتے چڑھتے (شاہی۔ کلیات شاہی)

سڑیا: سڑا ہوا۔ میلا
1۔ لنگوٹی کھٹی ہور سڑیا گوڑا (غواصی۔ میناستونتی) 2۔ سڑیا چیکو گندا پانی بہو دھات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سڑیاں: سیڑھیاں (اسم۔ مونث۔ جمع)
گگن کیاں سڑیاں سات تو چھوڑ کب (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

سس: (سنسکرت ششی) چاند (اسم۔ مذکر)
رب سس تے مل شاہی نے جب تکیا ہے تیرے حسن کوں (شاہی۔ کلیات شاہی)

سسا: خرگوش (اسم۔ مذکر)
1۔ ہور سسا بھی اپنے بہت محنت کرنے سوں جیو سوں بچوں گا کر کر جان لیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی) 2۔ عقل جو سسے کے پاؤں لگا کر جاوے

تو بچاری زلف کدھر تے کھیچ کرلیائے (وجہی۔سب رس)

سس پھول: سر کا ایک زیور (اسم۔مذکر)

چکریاں سس پھول نس کے الگ (شاہی۔کلیات شاہی)

سستی کھانا: تساہل سے کام لینا

میں اسے سستی کھاکر ذرے کے واسطے تناپالیوں کیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سسرار: سسرال (اسم۔مونث)

دکھائی موسسرارکوں جاؤ جوں (نصرتی۔گلشن عشق)

سسی: (سنسکرت ششی) چاند (اسم۔مذکر)

1۔جوں ہے پر بھاسسی روی (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔سسی بھارا آپی بھارسوں (محمود بحری۔کلیات بحری)

سمہ موہتر: اچھا مہورت۔نیک ساعت

ہوا سمہ موہترسوں تیزی سوار (نصرتی۔گلشن عشق)

سطراں: سطر کی جمع

مضامیں کے لیے کر سطراں کی فوج (نصرتی۔علی نامہ)

سطرلاب: (عربی اسطرلاب) ستارہ شناسی کا آلہ

مہندس سطرلاب لے ہات میں (طبعی۔بہرام وگل اندام)

سفرا: (عربی سفرۃ) دسترخوان۔دعوت (اسم۔مذکر)

1۔نہ ہوے سفرا بچھادن دھرت پوری (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔انبر سفرے میں قدی جوڑ چندر سور کیاں پوریاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سفرے: دسترخوان۔دعوت (اسم۔مذکر)

بچھایاں رنگیں سفرے کئی دھات دھات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سقلاد: ایک قسم کا کپڑا (اسم۔مذکر)

1۔کرصوف ہور سقلاد باڑاں دیے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔مطبق نیلک وسقلاد مخمل (ابن نشاطی۔پھول بن)

سُک: سوکھ

1۔حلق سک کرموی بی ہور جگر پھوٹ (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔لہو سک جاہوادل بے خبر آج (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔ادکون جو پھر نم کرے سک گئے سو قلم کوں (محمود بحری۔کلیات بحری) 4۔ایک جھاڑ سکا کھوڑ ہرا ہو گیا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سُک: سُکھ

1۔سینہ سک تے خالی نین پرزآب (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔نام اس کا کرسک انجن (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

سکا: (سکہ) تراشیدہ۔مہر

1۔سکا صورت خوب از حد (اشرف۔نوسرہار) 2۔بچ سکا تار کا پلکھاں لکھوٹی پہنے تاپر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سکّا کرنا: مہر لگانا

اوپں لکھ کے نامے کوں سکا کیا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سکا بھرا کر: سکھا پڑھا کر

باگ کو سکا بھرا کرا سے مارنے فرمایا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سکاتے: سکھاتے

ولیکن دلبری کا علم عشاقاں سکاتے ہیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

سُکا کھڑک: بالکل سوکھا ہوا

اور تلاد سکا کھڑک ہو جا کو اس میں کا پانی جنگل بیابان میں ریل چھیل ہو جائے گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سُکال: خوش حالی کا دور۔ارزانی کا زمانہ

1۔ہوا ملک کا ہند میں سب سکال (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 2۔اوسے دکال سکال کدھر تھا کچھ نہیں جانتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سکال: (سکل) پورا۔مکمل

پڑھایا اکھر ناتھ منتر سکال (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سُکانیاں: خط سرمہ (اسم۔مونث)

تیری سکانیاں خط دیاں لکھ تج کوں درحالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سکانیاں: سہیلیاں

گل اندام اپنی سکانیاں بلا (طبعی۔بہرام وگل اندام)

سکاویں: سکھاویں

کوئی سکاویں اسم دعایاں کوئی سکاویں ٹوناں (میراں جی شمس

العشاق۔ وصیت النور)

سکائے: سکھائے

سکاے ناچتے سرو شمشاد کوں (رستمی۔ خاور نامہ)

سُکایا: سکھایا

اس دو دکھ درد تھے انجھو گلا ان کا سکایا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سکت: طاقت (اسم۔ مذکر)

ہے سارا سکت ست گرو کے چرن میں (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

سکتا: قادر

خدا قادر خدا حاضر خدا ناظر خدا سکتا (وجہی۔ سب رس)

سکت پنا: قدرت

اسکا سکت پنا ہمارے سکت سری کا ہے (علاء الدین چشتی۔ فرائض اسلام)

سکت دار: قدرت والا۔ قادر

1۔ سرانا نہ سرے اس سکت دار کوں (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ عجب جگ کا خالق سکت دار ہے (نصرتی۔ گلشن عشق)

سکتی: شکتی۔ طاقت

نہ سکتی تے ہو کوئی سرفراز (نصرتی۔ گلشن عشق)

سکٹ: مکمل۔ پورا

لگے لال پھولاں سو مشعل سکٹ (نصرتی۔ گلشن عشق)

سکر: قیام

رکھی اکثر بھنور میں یا سکر میں کوئی چھبیلی نے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سُکرت: (سو+کرت) اچھا کام

بھرے جگ میں تجھ سکرت ات کت (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سک سکائی: چلائی

کتے کے تمن مارسوں سک سکائی (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

سکسیں: سکیں گے۔ (صیغہ مستقبل۔ پنجابی)

نہ پھر جانے سکسیں جو پائے اہیں (رستمی۔ خاور نامہ)

سکل: تمام۔ پورا

1۔ رنگ آمیزی سکل مجلس کیے تھے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 2۔ سنوار یا جگت کا سکل پھول بن (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

سکلاوں: سکھلاوں

او سکلاؤں گا تجھ کوں اے جان نیک (غواصی۔ طوطی نامہ)

سکلایا: سکھلایا

وہ کیا کیا کیا تجھ کوں سکلایا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سکلی: پوری تمام

سد بد سکلی اس کے پاس (شیخ داول۔ کشف الوجود)

سکنا: کر سکنا۔ طاقت رکھنا

1۔ وہی سکے نا ہور کوئے (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ غرض جتنا سکتا اتنا رکھتا (وجہی۔ سب رس)

سکنت: سکنات

اخلاص او ہے جو تمام حرکت سکنت خدا چ سوں اچھے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

سکن ہار: سیکھنے والا

سکن ہار عطار دانوں پاس علم (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سکو چینی: تکلف۔ پس و پیش۔ شک و شبہ

پھنی اسیس لاگت درگا درسن دیکھت مانو سور پسیت لیا سکو چینی کہت تھر تھر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

سکونت پکڑنا: خاموشی اختیار کرنا

سکونت پکڑ کر رہیا چپ انے (صنعتی۔ مثنوی گلدستہ)

سُکھ: سوکھ

1۔ رہے سکھ کے یوں جیوں سکے ہے انار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ کہ جیوں شاخ تے پات تھ سک رہے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں) 3۔ کاڑی ہوا ہوں سکھ سکھ کاڑی میں ہور منج میں + بن عشق کر سکے نہ کوئی انتخاب ہرگز (غواصی۔ کلیات غواصی)

سُکھ: آرام۔ چین

دکھ درد سب ہی دور کر اور سکھ شفا بخش (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سکھارے: سکھ دینے والے
سکھارے ڈولارے میں کی جھولتا رے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)
سکھان: (س+کھان) اچھا کھانا
بھرین کیاے تھالی میں پانی سکھان (عبدل۔ ابراہیم نامہ)
سکھ بخش: سکھ دینے والے
کرن بزم سکھ بخش روشن تمام (نصرتی۔ گلشن عشق)
سکھ بلاس: عیش وعشرت
نبی صدقے قطبا کرے سکھ بلاس (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سکھ بھوگنا: سکھ اٹھانا
سب سکھ بھوگیا دیکھیا راج (اشرف۔ نوسرہار)
سکھ زاد: (سکھ کی اولاد) سکھ اٹھانے والے
ہمارا حال کیا جانیں گے سکھ زاد (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سکہ کرنا: مہر لگانا
رسالت کے فرماں پہ سکہ کیا (نصرتی۔ گلشن عشق)
سکھ میں پڑنا: عیش میں گم ہوجانا
سکھ میں پڑکو دولت چھوڑ دینا یا محنت میں پڑپنالے کو دولت کرتے اچھنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
سکھیا: سکھی
1۔ نظر اوس پہ کرتو او ہودے سکھیا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ دعا گو کوں سکھیا رکھ دان دیوے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
سکھیاں: سکھی (فعل۔ مونث) کی جمع
نہ جانوں کہاں کون منتر سکھیاں (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)
سکھیں: سکھی۔ محبوبہ (اسم۔ مونث)
1۔ اے سکھیں میں نے دیکھیا سنگ کر کے یار کا (محمود بحری۔ کلیات بحری) 2۔ دوا توں میری مائی میری سکھیں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 3۔ سکھیں باتاں شکر کرتی دلے میٹھائی آسے نا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سکی: بنو کھی
1۔ سکی کاڑی سوں امریت سمندر دکھاوں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
2۔ سکی لکڑی اگر کوں لاکو گاڑے (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔ سکی
ڈالیاں سب ہرے جھاڑ ہوئیں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)
سکی: سکھی
1۔ سکی نیند سوں ارد ماتر میں سوئے گا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)
2۔ رکھوں گا تجے پھول تے بھی سکی (غواصی۔ طوطی نامہ)
سکی: سکھ
کلیاں انند کھلے ہیں ہے رت یو سکی کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سکے: بنو کھے
ہور سات ہرے جھونکے کھیلں کے سات سکے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)
سکیا: سکھی
الہی جنم رک تو مجکوں سکیا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
سکیا: سکا
1۔ ملک عشق کا ٹھاو ڈھونڈیں نیں سکیا ہے (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ جو دکھلا سکیا نیں دہاں چاند سوں (رستمی۔ خاور نامہ) 3۔ لیا نیں سکیا اتنا اس ٹھار تھا (رستمی۔ خاور نامہ)
4۔ اسکا جواب دے نیں سکیا (وجہی۔ تاج الحقائق)
سکیا: سوکھا
سکیا شیر کے چک کے چشمے کا آب (نصرتی۔ علی نامہ)
سکیش: (س+کیش) اچھے بال۔ خوبصورت بال
1۔ ابراہیم رام کلی راگنی کستوری شیام سکیش کے دھملا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)
سگاوت: رشتہ داری
یے دستر کی سگاوت ہے کہاں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
سگاوت جگانا: رشتہ قائم کرنا
او دونوں اپنے میں سگاوت جگاتے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
سگائی کرنا: دوستی کرنا۔ رشتہ قائم کرنا
دشمن میں سگائی کرنا نادانگی سراسر ہے (وجہی۔ سب رس)
سکٹ (سکت): مکمل۔ تمام۔ سب
1۔ الہی توں صاحب سکٹ کا کریم (محمود خوش دہاں۔ مناجات)
2۔ سریہ معتا دیکہ سکٹ (جانم۔ ارشاد نامہ) 3۔ نہ کرمول سب کا سکٹ

تیں دام (وجہی۔قطب مشتری) 4۔اسی ہٹ سوں انوں کے میں سکٹ سیجار چھوڑی ہوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سگال: تمام۔پورا۔سب

تو عاشق نہو ویں دلبراں سن سگال (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سگڑ: سلیقہ مند

چھبیلا جواں ایک گیانی سگڑ (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

سگل (سکل): تمام۔سب

چمن کے جھاڑ سب خوش ہو سگل بھولاں سنے تیرا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سگلا: پورا۔تمام۔مکمل

1۔اپس سر تھے کر بھار سگلا فضول (رستمی۔خاور نامہ) 2۔تقصیر تو سگلا ہوا دلے عشق اتال اول تے ہی اگلا ہوا (وجہی۔سب رس) 3۔پہنے سگلے کاپڑ دھوے (اشرف۔نوسرہار)

سگلا راج: مکمل حکمران (مطلق العنان)

یزید ہوا سگلا راج (اشرف۔نوسرہار)

سگلیاں: سگلی (اسم۔مونث) کی جمع

1۔سو بے سد ہوا اس پاس سگلیاں موتیاں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔کہ ہے مرگ سگلیاں پچھیں ایک بار (رستمی۔خاور نامہ)

سگن: اچھے گن۔خوش صفات

سگن کا دھنی ہور خوش دل رکھا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سگن: شگن (اسم۔مذکر)

1۔سگن تو ہاشمی لیوے مبارک مال والی کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی) 2۔صبح کے وقت دیا صبح سگن خوب کوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔سگن اوشگن نیکیں پر چپ جانت تم سگل بدھ کو ساگر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سگند: خوشبو (اسم۔مونث)

جیسا کپور سوگند کا بھاوا (محمود خوش دہاں۔رسالہ علم الحیوۃ)

سگند باس: خوشبو

سگند باس رنگ کوں پرمل سوں مہکائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سوگند بالاں: معطر بال

سگند بالاں سوں اپنے کھل کے جھاڑ انگن نگارے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سگھر: سلیقہ مند

سگھر سمرت سجانی توں رسیلا ہور نورانی توں (غواصی۔کلیات غواصی)

سگے سودر: رشتہ دار

سگلے سودر دھریں سب عار تج تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سگے سودرے: عزیز۔رشتہ دار

1۔سگے سودرے مل کو رونا ہے آخر (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔اپنے سگے سودرے یاراں آشنا کی سنگت (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سگیان: (س+گیان) عالم

لکیاں سگیان لوگاں سوں بچارن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سگیاں: سگی (رشتہ دار) کی جمع

تیری میری عورت ہے بھاناں سگیاں (غواصی۔طوطی نامہ)

سل: خلش۔کھٹک۔چبھن

1۔بہت دن تھے چھاتی سنے سل اہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔تو سل بیٹھے سینے کا (اشرف۔نوسرہار) 3۔سل ہے مجھے جو دانت کی ہور زلف کی تیری (محمود بحری۔کلیات بحری)

سل: پھانسی (اسم۔مونث)

سڑے پاوں میں جے چھرے سل کپال (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سلادس: سلاجیت

گلابی عطر کا جوڑا اٹو ناجو ہر سلادس کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سلاماں: سلام کی جمع

1۔سلاماں کیے سب سپاہی اسے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
2۔جو بار اماماں ہیں لک ان پہ سلاماں ہیں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سلاماں علیکیاں: سلام علیک (جمع)

ہوئے دو طرف تے سلاماں علیکیاں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سلام بھوڑانا: سلام پھیرنا
نماز میں جب امام سلام بھوڑایا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سلاوے: سہلاوے
بڑھاپا وں ہور لکوے سلاوے مرے (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

سلائی آنکھ میں دینا: آنکھیں روشن کرنا
عجب کچھ بے بدل کنجر کیا ہے+ سلائی آنکھ میں سب کے دیا ہے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سلتے: کھٹکتے۔چبھتے
1۔ہو کر سلتے ہیں کانٹے تن پوروں روں (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔سلے سینے میں کانٹا ہور ہمن کوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سلٹ: ایک قسم کی دھات (اسم۔مونث)
سلٹ کی دھات پر جیسی چمک ہے (شفیق۔تصویر جاناں)

سلس: سلیس
میں یو کہا تازہ ہوسن ہر بول چنچل تے سلس (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سلسکانا: سسک سسک کر رونا
روئیں سلسکایا او پاک دل (علاوالدین فقیر۔ابلیس نامہ)

سلکھن: اچھے گن والے۔خوش صفات۔مبارک
1۔کہ آپی سلکھن ترنگ سرس تھا (وجہی۔قطب مشتری) 2۔سلکھن رات شب رات براتیاں لیائی ساریاں کی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سلگ: دوستی۔مانوس ہونا
1۔میرا ہاتھ کرتا سلگ جو بناں سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔بہوت دیساں تے تجھ سوں مجھ سلگ تھا (ابن نشاطی۔پھول بن)
3۔ولے خوب یو منج سوں ہوے لگ سلگ (غواصی۔طوطی نامہ)

سلگ: عشرت (اسم۔مونث)
1۔گلے سلگ چڑیا کیا پائے بند (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راو)
2۔بھونداجو پاوے سلگ چک رائے (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راو)

سلگ پکڑنا: دوستی کرنا
1۔جے کوئی خدا سوں سلگ کرے سو خلق تے بچے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا) 2۔سلگ پکڑنا خلق سوں سو مفلسی کی نشانی ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سلگ دینا: منہ لگانا
1۔نہ دینا سلگ ہرگز اس ذات کوں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔کو یتاں کوں سلگ دیے تو موں چاٹنے آتے (وجہی۔سب رس)

سلگی: دوست
جسے خدا سوں سلگ اچھے تو خدا سب مخلوقات کوں اس کا سلگی کرے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سلگی ہونا: مانوس ہونا۔دوستی کرنا
ہوے سلگی پتلے سوں یو او بچے (غواصی۔طوطی نامہ)

سلسلاتا: جوش کھاتا
ادک گرم ہو سلسلاتا ہے تیل (غواصی۔طوطی نامہ)

سلسلاٹ: سلسلاہٹ۔چبھن
باغ والے کی چھاتی میں بلبل کے کڑھن سوں سلسلاہٹ پیدا ہو کو...... بہت تنتر منتر سوں اسے پکڑلیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سلنا: چبھنا۔کھٹکنا
یہ بات دل میں اس کے سلتی اور کھپکاتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سلوک باٹ لینا: راہ سلوک اختیار کرنا
ہوران میں کس کے سنگ سلوک باٹ لینے میں اپنی بھلائی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سلول: سلونا۔حسین۔سڈول
1۔سلول اچھے نرم دو دونڈ نیکے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔سو کچ سلول باہاں ہیں سہن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سلون: خوبصورت
سجا دیوں منجھ سلون (جانم۔ارشاد نامہ)

سلونی: خوبصورت۔حسینہ (اسم۔مونث)
سنی جوں او سندر سلونی یہ بول (غواصی۔طوطی نامہ)

سلونے: ملیح۔سانولا۔محبوب
کہ دل چرانے کی عادت ہے اس سلونے میں (غواصی۔کلیات غواصی)

سلونیاں: سلونی (خوبصورت) کی جمع
سلونیاں سکھن سگند باس کیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

سلی: سولی (اسم۔مونث)
آیا واں سلی گاڑنے جس ٹھار تھے (رستمی۔خاور نامہ)

سلے: کھٹکے۔چبھے
او دیکھیاں کے سلے سینے کٹارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سلیں: کھٹکیں۔چبھیں
پلک کے دو ناوک دونیوں سلیں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

سم: برابر۔مقابل
1۔نولی کے قدم سم سرو کد نہ ہووے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔اسے گھوڑا تھا خنگ پولا دسم (رستمی۔خاور نامہ) 3۔بجے اس حکیماں کے توں سم نہ کر (غواصی۔طوطی نامہ)

سماچار: خبریں (اسم۔مونث) جمع
1۔زلیخا کیاں رکھیں خبراں سماچار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔پنچھی سار اینوں بھاؤں سماچار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سماد: سادھی (اسم۔مونث)
جگا جوت جوگی جو لیتا سماد (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

سماد لینا: سادھی اختیار کرنا۔دھیان میں محو ہو جانا
وہ لے رہی اچھتی برہ سوں نت سماد (نصرتی۔گلشن عشق)

سماع بولنا: سماع میں حصہ لینا
اگر قوال اپنے کسب ہور ہنر کی قوت سوں سماع بولتا ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سماع پکڑنا: وجد کی کیفیت طاری ہونا
ہور کیس کوں سماع پکڑیا یعنی ذوق لذت ہوا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سماع کرنا: سماع میں حصہ لینا
اگر قوال سماع خوب نہ کرے تو عیب نہ پکڑے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سمال: سنبھال
اتا تو حرص کوں توں اپنے سمال (غواصی۔مینا ستونتی)

سمالے: سنبھالے
و لے رہیاں گھر اس کے سمالے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سماں: (سماء) آسماں
چلے واں سوں پہلے سماں کے کنے (بلاقی۔معراج نامہ)

سمان: جیسا۔مانند
گیاں چک اپس گھٹ سمان (جانم۔ارشاد نامہ)

سماں: جسم کے پانچ پرانوں میں سے ایک پران ہے اس کا مقام سینہ ہے
سمجھ خوب سینے میں باد سماں ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سماؤ: سماجانا
1۔تجھ گھڑے وہاں سماؤ روپ (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔آؤ سارے پیٹ سماؤ (اشرف۔نوسرہار)

سماون: سمانا
سماون سک نہیں کچ ٹھاؤں اگلا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سمایا: مفہوم۔مطلب
کہ ہر بیت میں ہے سمایا جدا (غواصی۔طوطی نامہ)

سمایا: (سمئے) وقت۔براوقت
1۔سمایا دکھائے کر کے برسانت کا (ہاشمیؔ۔یوسف زلیخا) 2۔کہ پھر لیلیٰ مجنوں کا سمایا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 3۔سمایا عجب آ کھڑیا دیکھ تج (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔یہ کیا ہے ہائے یہ کیسا سمایا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سمایا کھڑا ہونا: براوقت آپڑنا
1۔سمایا کھڑا ہے ہمن سراپر (غواصی۔مینا ستونتی) 2۔سمایا تو آیوں کھڑیا ہے مجے (غواصی۔طوطی نامہ)

سمائی: سماوی
اسی کو آفت سمائی کہتے ہیں (عابد شاہ۔کنز المومنین)

سمھوگھ: عیش

کیا میں بھی سمجھو کہ اسوں ذوق سوں (غواصی۔طوطی نامہ)

سُمت: محبوب۔دوست

1۔سمت مت لالنا جگ جیو بھلاتا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔جو تجھ بھاوے سمت میت (جانم۔ارشاد نامہ) 3۔سمت سائیں گت نہ چار ہے تج (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سمج: سمجھ

سمج بولی چترا اوحور چو بہار (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سمج بوج: سمجھ بوجھ

ان کا سمج بوج ایسا ہو (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

سمجتیاں: سمجتی۔سمجھتی (فعل۔مونث) کی جمع

تج بھوت دیکھتے دھن من کوں سکیاں سمجتیاں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سمجھن ہار: سمجھنے والے

سمج لیؤں قدر اپنا کوئی سمجھن ہار نیں تو نیں (غواصی۔کلیات غواصی)

سمجیاں: سمجی: سمجھی۔فعل۔مونث) کی جمع

نہ سمجیاں سو مہ دل کا نت کچھ حرام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سمد: (سنسکرت۔سمدر) سمندر (اسم۔مذکر)

1۔سمد گیان کا عاشق بے نظیر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔دھرتی سرنگین فرش کی چوندھیر سمد جوں حوض ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔کیس کوں سیج میں رکھ کر سمد میں ڈال دو جے کوں (شاہی۔کلیات شاہی)

سمدور: (سنسکرت سمدر) سمندر (اسم۔مذکر)

1۔لہو سمدور میں ولدل ترایا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 2۔سمدور کوں کیوں باندتا پول (وجہی۔سب رس) 3۔کنھیر اس بجن کے پیرت سمدور آگے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔بجی کا آج دل بھر پور جون سمدور دستا ہے (آگاہ۔محبوب القلوب)

سمد پور: بھرا ہوا سمندر (اسم۔مذکر)

گلابی نین میں تیرے سمد پور موج مارے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سمدر: (سمندر) ایک کیڑا جو آگ میں رہتا ہے (اسم۔مذکر)

یہ طوفان آتش سمدرا ہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

سمدراں: سمندر کی جمع

جواہر سمدراں اُبلیں ہر یک تازے خیالاں میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سمدنیاں: سمدن (سمدھن) کی جمع (اسم مونث۔جمع)

یو سمدنیاں کی تعظیم ہورے لگ اودہر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سمدوری: سمندری

لے نادر اتم جوہراں سمدوری (غواصی۔طوطی نامہ)

سمدی: (سنسکرت۔سمودیے) تمام۔پورا

ہم سمدی پاٹو یو ہیں سرسدا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

سمر: یادکر

سمر شاہ استاد کا بچن گیان (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سمرت: (سرتھ) بڑا آدمی۔عظیم

1۔بس کرتا اے سمرت (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) 2۔وہ سمرت پنکھی بھوگئی دسرے دن (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔توں مجھ سمرت داتا پیر (جانم۔ارشاد نامہ) 4۔بڑا و داتم جان سمرت کنھیر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سُمرن: تسبیح (اسم۔مونث)۔حمد وثنا

1۔یاد جس کا رات دن سمرن ہوا (ولی۔کلیات ولی) 2۔کرے جیو جنتو سوا جس کی سمرن (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سمروت: (سنسکرت۔سمرتھ) طاقتور

بڑے دل والا سمروت مرد......... حیات منگتا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سمریں: (سمرن۔تسبیح) تسبیح کریں (اسم۔مونث)

ذکر کریں مدح وثنا کریں تس کو سمریں تن من شاد (میراں جی شمس العشاق۔خوش نامہ)

سمساری پنا: دنیاداری

سمساری پنے سوں جینا کریں گے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سمسکرت: سنسکرت
کہ سات سمندر نمن سمسکرت کا علم ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سمک: (عربی) مچھلی (اسم۔مونث)
یا مکہ کے جل تھل میں جوڑا ہے اک سمک کا (حسن شوقی۔غزلیات)
سمن: (سمان) مانند۔جیسا
سورج اسے درپن ترا نبر سمن انگن ترا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سمن: پھول (اسم۔مذکر)
کانٹھ کلب پر چرنج پیلا پکلا جڑیالا تنبول پھل رسال چاپک سمن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
سُماں: سَم کی جمع (اسم۔مذکر)
اچھے مردا گھے سرساں کے تلار (رستمی۔خاور نامہ)
سُمنا: (سمن) پھول (اسم۔مذکر)
پھینس ایسیں لاگت درگا گوری سباس سیونتی سمنا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
سمناں: سمن (پھول) کی جمع (اسم۔مذکر)
میگ ملہار بھونرا گائے سوتن تن سمناں میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سمن پت: پنکھڑی (اسم۔مونث)
سمن پت بھری ہے او یک نازتن (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
سمند: (سنسکرت سمدر) سمندر (اسم۔مذکر)
1۔موتی جھڑیں باتاں سنے جھل تھے سمند کھارے اہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سمندر نہیں سمند تجہ ایک بند (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 3۔پرم مد بھیریا سمند تج دل سنے (فیروز بیدری۔پرت نامہ) 4۔بھی یہ گیان ہے کس سمند (جانم۔ارشاد نامہ)
سمندر: آگ میں رہنے والا ایک کیڑا (اسم۔مذکر)
کیا ہے اگن میں سمندر وطن (صنعتی۔قصہ بے نظیر)
سمنہ: سامنے
سکتا صاحب بھوروپ دنیا سمنہ کھیل کھلادے (محمود خوش دہاں۔انصاف الحق)

سمنے: سامنے
سمنے دیا دستار اس (جانم۔ارشاد نامہ)
سمودا: (سنسکرت سمودیے) تمام۔پورا
اگرچہ او دیا ایک جاگا ہے و لے سمودی گھر میں اسکا اجالا پڑیا ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)
سمور: ایک قسم کا کپڑا (اسم۔مذکر)
سمور و سندس و سرک خطائی (ابن نشاطی۔پھول بن)
سموں: سماجائے
عاشق جس میں جائے سموں (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)
سمیٹ: اختصار۔اجمال
اس لپیٹ کو کھول کر بول ہور اس سمیٹ کا بیان کر (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
سمیر: سمیر پربت۔دیومالا کا ایک پہاڑ
سکوڑی زمیں سمند بھر تیل نیر + کھیا آن درمیاں سوہاتی سمیر (عبدل۔ابراہیم نامہ)
سُن: بے حس
تن کے سن کوں سد بدفام (شیخ داول۔کشف الوجود)
سنا: سینہ۔چھاتی (اسم۔مذکر)
1۔سنے کے در جگ منیں جتن سوں رکھی رتن کر پرم ہار (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔سنا دک سوں لکوئے پھاڑ اپنا (ابن نشاطی۔پھول بن)
سُنا۔سنّا: سونا (ایک قیمتی دھات) (اسم۔مذکر)
1۔جیوں کہ سنا موس میں ڈال (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔صبح اٹھ صبح کا سنا کرے جل (ابن نشاطی۔پھول بن) 3۔کہ سنے کی پیالی میں ہے مشک جیوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سناٹا: آواز کی سنسناہٹ (اسم۔مذکر)
خرگوش اس کے دم کے سناٹے ......سوں ہوشیار ہو کر بھچک پڑیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
سنانویں: سناویں کی انفیائی ہوئی شکل
جو بات تھہر کی ان کوں سنانویں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
سنبال: سنبھال
1۔محمدی میدان توں سنبال (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن) 2۔زباں کوں سنبال

هورتو کھول گوش (رستمی۔ خاور نامہ)

سنبارا: سنبھالا

تو تن کی باس آتا سچلا جیا سنبارا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنبالیا: سنبھالا

تب سنبالیا جب رکت کھٹ تھا جو میں ماتا کے پیٹ (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سنبلہ: آسمان کا چھٹا برج (اسم۔ مذکر)

عطارد لیا سنبلہ اور جوزا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

سنبلاں: سنبل کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

زلف سنبلاں سی میرے جیو کی (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سنبھار: سنبھال

دلے سو نڈر رکھتا ہے اپنی سنبھار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سنبھالن ہار: سنبھالنے والا

منج کوں سنبھالن ہار اب تج بن نہیں کوئی یا علی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنبھالیا: سنبھالا

درد ہور دکھ میں سنبھالیا بہت (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

سنبھوگ: حظ۔ لطف اندوزی۔ وصل

1۔ نبی صدقے ہو کے سوں کر سنبھوگ بھاگوں ل (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ کہ خوش ہے وہ سنبھوگ کی چاؤتے (وجہی۔ قطب مشتری)

سنپات: بیماری۔ دیوانگی۔ آسیب کا اثر

1۔ یو سنپات کیا تج کوں او چیٹ ہوا (غواصی۔ مینا ستونتی) 2۔ باول ہوا تمارا اگر بولتا ہے عالم + کہتے تمہیں سریجن سنپات بات یاں ہے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سنپارا: سنپولا (اسم۔ مذکر)

او گھڑ کھیلاں میں دستی توں ساچلی سنپارا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنپارے: سپیرے (اسم۔ مذکر۔ جمع)

چھرائے ناگ تج لٹ کے سنپارے دیک کر جھلتے (وجہی۔ قطب مشتری)

سنپت: دولت (اسم۔ مونث)

1۔ ہے پیم کی سنپت میں وہ ساریں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سکھ دے سنپت میں باری تھا ہاشمی سپت میں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 3۔ کن اس کن اپنی سنپت سرا گا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سنپت: سارا۔ تمام۔ سات۔ ہفت

چڑھا بس سنپت رنگ پر مانڈ پھوڑ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سنپڑتی: گرفت میں آتی۔ پھنستی

کر تیری سنپڑتی ہات میں کیں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سنپڑنا: گرفتار ہونا

1۔ سنپڑتا ہے کی حرص کے ہات میں (وجہی۔ قطب مشتری) 2۔ بھوڑ وہی بندہ ڈھونڈے تو سنپڑتا ہے (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 3۔ کہ سنڈ پھانسے میں دشمن نت سنپڑتا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ بسر گھاٹ کو باٹ میں نا سنپڑتا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

سنپڑے: گرفتار ہوئے۔ پکڑا جائے

نہ سنپڑے کسی کوں جو دیکھے نجا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سنپڑیاں: سنپڑی (فعل مونث) کی جمع

کہ سنپڑیاں ہیں مچھلیاں سو جالے میں جوں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سنپور: مکمل

1۔ سمس صندوق پر مل مشک سنپور (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ سنپور زرانکار درشٹی اگوچر (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 3۔ دل نین میں نور او سنپور کر کے خوش خوش (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ محل عاروس تھے تھا نور سنپور (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سپورن: معمور۔ بھرا ہوا

سپورن ہے تم جوت سوں سب جگت (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُنت: سن کر

سنت بوجھیں ربت (میراں جی شمس العشاق۔ شہادت الحقیقت)

سُنتا پنا: ساعت

اس کا سنتا پنا قدیم ہے (علاء الدین چشتی۔ فرائض اسلام)

سُنتاچ: سنتے ہی

یو پیغام سنتاچ وو دادگر (غواصی ۔ طوطی نامہ)

سنتارے: ستارے کی انفیائی ہوئی شکل

اے ساتو سنتارے آنداں سوں ناچیں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنتاتا: ستانا

1 ۔ پیا بن سنتاتا مدن ہالے بالا (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2 ۔ برہا یو سنتاتا منجے تج باج تل تل رے پیا (وجہی ۔ قطب مشتری)

سنتاپ: جلن ۔ حسد

1 ۔ دھروں تن تاپ میں سنتاپ اسی تھے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 2 ۔ برہ سنتاپ تھے تن تھے جھڑی خوئی (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 3 ۔ مرے دل تھے سنتاپ سب دور کرتوں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنتاوتیں: ستانا ۔ ظلم

برہا سنتاوتیں کس تھے سہا جائے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

سنتائیں ۔ ستائیں کی انفیائی ہوئی شکل

تواس لھوا دل بھوتیک سنتائیں (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

سنتر: عدد ستر (۷۰) کی انفیائی ہوئی شکل

سنترے چلے ریت ساکاں جم (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سنتوسیانیو یامن: قلب مطمئنہ

دیکھ سنتوسیانیو یامن (جانم ۔ ارشاد نامہ)

سنتوش: آرام ۔ مسرت

1 ۔ سنتوش ادک اس عید تھے پھر پائیاں سکیاں بھی (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2 ۔ لگا آنگ کوں انگ سنتوش پاؤں (غواصی ۔ طوطی نامہ) 3 ۔ یہ سن لینا بھوت سنتوش (جانم ۔ ارشاد نامہ) 4 ۔ پریت پورت سنی سنتوش سنگات (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

سنتوش رکھنا: خوش رکھنا ۔ مطمئن ہونا

رکھوں اس وضع تج کوں سنتوش کر (غواصی ۔ طوطی نامہ)

سنتوک: (سنتوش) اطمینان ۔ خوشی

مہاں سنتوک سیتی باپ آیا (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

سُن ٹکا: اشرفی (سونے کا ٹکا)

جو دے گا اول سن ٹکے لک منجے (غواصی ۔ طوطی نامہ)

سنجارے: سویرے ۔ صبح

سنجارے لگ نہ تھا بن عشق بھی کام (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

سنجری: بادشاہت

اتال ایک سنجری رہیا کھولناں (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سنجنا: (سنسکرت ۔ سین یگ) ترتیب دینا

حیلے کا کیا حد سجیا قران (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

سنجنجل: (عربی) آئینہ

1 ۔ سنور نے فتح آ دیکھے اجھوں واں اپنی صورت کا + پڑیا ہے عکس جس دن میں کھڑک کی تج سنجنجل کا (نصرتی ۔ علی نامہ) 2 ۔ بوجھے وہ جو پہنچا ہے سنجنجل کے معنی کوں (ولی ۔ کلیات ولی)

سنجوت: آلات حرب وضرب ۔ ہتھیار

1 ۔ لڑائی کرن سلح سنجوت سوں (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

2 ۔ تج تن سلح سنجوت جم ساجے سراسر فتح (غواصی ۔ کلیات غواصی)

سنجوگ: ملاقات ۔ ملنا

1 ۔ زلیخا تیں سبہہ سنجوگ کیتے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 2 ۔ ان سے جن جن عشق سوں سنجوگ ہے (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

سنچار: پھیلا ہوا

ہوئے رات ہور دیس مل کر سنچار (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سنچار: (سنچر ۔ سنچل) قدموں کی آواز

جو ہوئے نیند کوں اس بچ سنچار (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

سنچت: بے فکر ۔ مطمئن

نور نورانا سنچت سار (جانم ۔ ارشاد نامہ)

سنچر: (سنسکرت سنچل) آہٹ ۔ شور ۔ دخل

1 ۔ گھر گھر خوشی ہور عیش کا سنچر ہوا بھودھات سوں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2 ۔ یو جاگا پوآدم کو نیں ہے سنچر (فائز ۔ رضوان شاہ و روح افزا) 3 ۔ سنچر نے تکو دے تو شیطان کوں (وجہی ۔ قطب مشتری) 4 ۔ اہے اس زلف تھے سنچر سرگ ماں (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

سنچرنا: (سنسکرت سنچل) آہٹ پیدا کرنا۔شور مچانا۔دخل دینا
پرت آمن میں سنچرنا نہ کرتا ہے سو سب کرتا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سنچرے: آہٹ سنے
یارا جو ہے شیطان میں سنچرے نہ قطبا کان میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنچکلا: آواز۔آہٹ (اسم۔مذکر)
اس کے پاداں کے سنچکلا سوں ہشیار ہو کر بھبک پڑیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سنچل: آہٹ۔شور۔دخل (اسم۔مذکر)
1۔دیباں کوں وانچ جادا ہے سبد جاں پائے سنچل کا (نصرتی۔علی نامہ)
2۔نہ تھا خاص ہور عام کا کچھ سنچل (صنعتی۔مثنوی گلدستہ)

سنچھانا: چھڑکنا
چندن اس پور سنچھایا نو شیلا کد پتر گوری ہمکر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سنچیا: سوچا
سنچیا نہ تھا دل میں بار (جانم۔ارشادنامہ)

سند: جوڑ
توں بھی بات کوں بات سوں سند کر+زباں آوراں کی زباں بند کر (رستمی۔خاور نامہ)

سندان: (سنسکرت) کہنی
دکھاویں تو سنداں پہ توڑاں کے بھانت (نصرتی۔تاریخ اسکندری)

سندسند: (ساند ساند) جوڑ۔طبق۔درز۔شگاف
سنے پتریاں ستیں سند سند جوڑے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) ہوئے ہاتیاں کے مستک سب کنڈالے لھو کی سینیاں کے + کیتے نیرنگ بھرے سنداں چھڑ کنے رنگ لشکر کوں (نصرتی۔علی نامہ)

سندر: سندور
سندر ٹیلا پیشانی را کھے تل تل رے نوا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُندر: خوبصورت
1۔او عورت سندر گھونتی بے نظیر (غواصی۔طوطی نامہ) 1۔کہ جوں جوں او بالا میری مہ سندر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سندرناری: خوبصورت عورت
اتم سندرناری ایسی کہاں (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سُندری: حسینہ۔عورت۔محبوبہ
یکس تے اہے خوب یک سندری (وجہی۔قطب مشتری)

سندس: نفیس کپڑے کی ایک قسم
سمور و سندس و سرنگ خطائی (ابن نشاطی۔پھول بن)

سندواری: ثبوت کے ساتھ
اگر نصیحت کرنا ہے سندواری کرو (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سندولے: کھجور کی طرح ایک چھوٹا سا معمولی پھل
سندولے پیڑ تو ہووے گی کھجور (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سندھ: رخنہ۔خلا
جمیا منج سوں کچھ نہ دستا ہے سندھ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سُندھر: (سندر) خوبصورت۔حسین عورت
بچن بحری کے سن سندھر کہے کیس دل دیا ہوگا (محمود بحری۔کلیات بحری)

سندھے کی بوری: جوٹ کا تھیلا
منافق کی روش کچھ کم نہیں سندھے کی بوری تھے (نصرتی۔کلام نصرتی)

سُندھری: سندری۔خوبصورت عورت۔محبوبہ (اسم۔مونث)
جو پوچھیا کہ سچ بول اے سندھیری (وجہی۔قطب مشتری)

سندھیاں: شام (اسم۔مونث)
سندھیاں کر سنگار لوب لکھ لاوے گا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سندیا: شام کی پوجا
جوں اساں تے سورکار ہمن+چلیا غرب گنگا میں سندیا کرن (غواصی۔طوطی نامہ)

سندیسا: پیغام (اسم۔مذکر)
سوس نہ سک عشق کے سندیس کوں (محمود بحری۔کلیات بحری)

سندیسا: پیام (اسم۔مذکر)
1۔ایک سندیسا اپچا اس (جانم۔ارشادنامہ) 2۔سب سندیسا سن لے کر بولیا کہ ارے میاں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سندیسہ:(سندیسا) پیام (اسم۔مذکر)
سندیسہ کی بجھاتے خوں تُمے ہر کس کے ہاتاں سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سُنڈ: سونڈ (اسم۔مونث)
1۔کہ سنڈ پھانسے میں دشمن نت سپڑتا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔نکل سوں نہ میں سنڈ میں تے بھار (غواصی۔طوطی نامہ)

سنسار: دنیا (اسم۔مذکر)
1۔شہر بانو کہے آکر اے سنسار کے سرور (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ایک تن نچ یو سکل سنسار (محمود بحری۔کلیات بحری)

سنسارا:(سنسار) دنیا (اسم۔مذکر)
عاجز ہوا اس کی شرح کا حیران سنسارا ہوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سنساری: دنیادار
اگرچہ میں ہوں دھندے دار ہور سنساری (غواصی۔کلیات غواصی)

سنکارا:(سنکیت) اشارہ (اسم۔مذکر)
1۔دو جگ میں چیتن ہارا کرتا سب سنکارا (جانم۔کلمۃ الحقائق)
2۔سب ہے پسنداں سنکارا اس میں ناہیں سک (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

سنکل:(سنسکرت۔شرنکھل) زنجیر (اسم۔مونث)
اس کے گلے میں بڑی گھٹ سنکل ڈالیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سنکلپ: تصور
نہ سنکلپ نہ کلپ دنا امیرن تھا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سنکھرا ابھرن: کیدار بلاول سے ماخوذ راگنی
مرے سنگ مل بجاتی سنکھ گاتی سنکھرا ابھرن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنکھ: شنکھ۔ایک ساز
1۔مرے سنگ مل بجاتی سنکھ گاتی سنکھرا ابھرن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔لے کر ہاڑ کا سنکھ کہ میں بجاویں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سنکھ:(سنگھ) شیر (اسم۔مذکر)
تجے باگ نکھ سنکھ و نت سار ہے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

سنکھپال: ایک قسم کا ہتھیار
ڈراون سو کچھ منہ گیا سنکھپال (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سنکی: شنکھ (اسم۔مذکر)
سنکی یک ہت میں یک ہت میں کھپر لے (ابن نشاطی۔پھول بن)

سنگ: ساتھ
1۔پتھر کے سنگ سوں شیشے کوں نمیں ڈر (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔پاپن سوں اب کیا سنگ (اشرف۔نوسرہار) 3۔گے رات دن یوں ہمیں سنگ توں (وجہی۔قطب مشتری) 4۔مل ان سوں لگے کھیلنے سنگ کر (غواصی۔طوطی نامہ)

سنگات: ساتھ
1۔سنوار یا تو اساں ستاریاں سنگات (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔رلیاں سوں رہ ست ہو نگ سنگات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سنگاتن: محبوبہ۔ساتھی عورت (اسم۔مونث)
1۔سنگاتن کو سنگاتی لے کے سنگات (ابن نشاطی۔پھول بن) 2۔کہی اے سنگاتن ییتے رہیں توں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سنگاتی: ساتھی (اسم۔مونث)
1۔شراب عشرت کا سنگاتی (وجہی۔سب رس) 2۔سنگاتی کے لوگاں ترے ہات تے (وجہی۔قطب مشتری) 3۔تکو جا سنکھن سنگاتی ایتال (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سنگاتیچ: ساتھ ہی (چ=تاکیدی مراٹھی)
1۔نکل او سنگاتیچ اپ آئے گا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
2۔سنگاتیچ نکل بھار آیا ہوں میں (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔سنگاتیچ مھاڑی کے اتری تلار (غواصی۔طوطی نامہ)

سنگاتین: ساتھی
پیٹ سنگاتیں پکڑ رہ (اشرف۔نوسرہار)

سنگارا: سنگار (اسم۔مذکر)
کہ جس رنگ تے ہوتا چمن کا سنگارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنگاربن: چمنستان
تو سنگار بن ہور دسے وشت سب (غواصی۔طوطی نامہ)

سنگار کھسنا: سنگار بگڑ جانا

پشواز بھائی ہور کھسا سنگار ردتی شاباش خوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سنگارن: سنگار کرنا۔ آراستہ کرنا

سخن کوں توں سنگارن جانتا ہے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

سنگارنا: آرائش کرنا

جو فیروزی مہاڑیاں نوجتن کے تیئں سنگارے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنگارہ: سنگار (اسم۔ مذکر)

سنبل بجن کوں گلے ہاس کر سنگار کریں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنگاری: سنگار کیا

صبا کھتر اٹھی ہور تج سنگاری (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سنگت: ساتھ

1۔ اسیا گھوڑا تس کے سنگت رام ہے (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ دھریا بھید سنگت میں نو سر پکڑ (عبدل۔ ابراہیم نامہ) 3۔ سکھیاں سنگت سہت کھلت چہاڈ پترم آنو کھی ٹھگا (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

سنگت: (سنگیت) موسیقی (اسم۔ مونث)

سنگت سا بیت لولت گن ندھانی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سنگت پستک: موسیقی کی کتاب

اک ہست سنگت پستک دوجے پاٹری پھلک سمرن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

سنگاسن: سنگھاسن

1۔ ولایت کا سنگاسن زیر پا اس (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ کچوں نیچے دھرے کوندن سنگاسن (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سنگاں: سنگ کی جمع (اسم مونث۔ جمع)

کیتاں کوں سنگاں سر پو جوگا وتیش (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

سنگتی: ساتھی

مہرونت سنگتیاں ہوئی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سنگرام: جدوجہد۔ وصل

1۔ دونین دو بھونرے اہیں سنگرام کے دریا منے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سیج پر سنگرام کے وقت کام کی عورت نے مرد کی بہت منت کرنا (وجہی۔ سب رس) 3۔ کبھی بھوگ سنگرام خوش جاں ہوئے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

سنگ کرنا: دوستی کرنا۔ محبت کرنا

اے سکھیں میں دیکھیا سنگ کر کے یار کا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سنگنا: سونگھنا

1۔ تمھاری باس تے بھی پھول ہے سنگنا گستاخ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ ایسے پھولاں اچھوں کے تمیں ملے سنگنے دل میں بھرے اساس (وجہی۔ سب رس)

سنگوں: محبت۔ ساتھ

1۔ ان کے سنگوں توں ہوا خوار (شیخ داول۔ کشف الوجود) 2۔ اس عشق کی سنگوں سیہ جیوں مشک تا تاری ہوا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سنگھات: ساتھ

جوں ہمارا وجود ہے ہمارے سنگھات (وجہی۔ سب رس)

سنگھاتیں: رفیق۔ ساتھی

نہ پنچھ سنگھاتیں گھر میں جوئی (اشرف۔ نوسرہار)

سنگھاتیاں: سنگھاتی (ساتھی) کی جمع

سنگھاتیاں سوں پیالے پیتے دم بہ دم (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنگ ہونا: ساتھ ہونا۔ رفاقت

میں ہور تیرے میں سنگ تو نہیں ہوسکتی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سنگھ: شیر

سیرے سنگھ کوں دیکھ سپنے منے (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سنگی: (سنسکرت) شنگھ

بجادے سنگی آہ کی دھیان دھر (نصرتی۔ گلشن عشق)

سنگھے: سونگھے

جنے باس اس کی سنگھے سو مرے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

سنگیں: زیادہ۔ بیحد

جو گج بات کا قدر سنگیں کیا (نصرتی۔ گلشن عشق)

سنگین ہونا: بے رحم ہونا۔ ظالم

جیو جل کہتا ہوں میں پن سن توں سنگیں ہو تکو (محمود بحری ۔ کلیات بحری)

سنگینی: بوجھ ۔ بار

دیوے کی چھاؤں جو پڑتی تھی اس پر + سنگینی سو رحتی تھی اوٹ نہ سک کر (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

سنگین مول: قیمتی

اس خزینے میں سنگین مول کے گوہراں، محبت ہور عشق معرفت کے اسرار امانت رکھے (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا)

سنمکھ: سنمک: روبرو ۔ سامنے

1۔ گئے پھانک سنمک تے یک یک طرف (نصرتی ۔ گلشن عشق) 2۔ ہور کانٹوں کے چڑ کے تیرے سنمکھ ہوں گے (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی) 3۔ جوات اڑدہا شبہ کے سنمک چلیا (وجہی ۔ قطب مشتری) 4۔ طبل ٹھوک سنمک رخ دھر چلے (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سُنن: سنا

سنند: سند ۔ مستند

یہ مجھ پو چھا و خوب سنند (جانم ۔ ارشاد نامہ)

سُنن ہار: سننے والا

1۔ نظامی کہانی کہن ہار ہوئے + سنن ہار سن نغز گفتار ہوئے (فخر دین نظامی ۔ کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ چھپانکوتوں نصیحت کو بول ہر یک سوں اگر چہ اس کے سنہار سوں ہووے تقصیر (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی) 3۔ سنہار کا کرتوں دل باغ باغ (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

سُنن ہارا: سننے والا

کہن ہارا سنن ہارا نہ بن ایک (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

سُنن ہاریاں: سننے والے

سماع سنن ہاریاں کیں خصلتاں (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیاء)

سُنواں: سوں (قسم) کی جمع

سنواں کھاتی تھی اس کی ست پو بی بیاں (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

سُنوارن: سنوارنے

1۔ لیلیٰ کوں مشاطہ سنوارن لگی (عاجز ابن احمد گجراتی ۔ لیلیٰ مجنوں) 2۔ جہیز اس تیئں سنوارن چت لگایا (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

سنوانری: سنواری کی انفیائی ہوئی شکل

سنوانری ہوں میں صدر سینہ توں کیں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنوانرے: سنوارے کی انفیائی ہوئی شکل

فرشتے سرگ ساتوں کوں ستاریاں سوں سنوانرے ہیں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سنواریا: سنوارا

1۔ سنواریا ہے ہر طرف اس برج پا (رستمی ۔ خاور نامہ) 2۔ سنواریا جک کا سکل پھول بن (صنعتی ۔ قصہ بے نظیر) 3۔ سنواریا نو اسمان تاریاں سنگات (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر)

سنوں کھانا ۔ سوں کھانا: قسم کھانا

تیری تو میں سنوں کھائی (اشرف ۔ نوسرہار)

سُنھ: (سپنا) خواب (اسم ۔ مذکر)

دیکھیا ہوں سنھ کے میخانے کا ہوا در باز (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُنے: سونے ۔ طلائی

1۔ سنے کے جام میں جوں زہر بایا (ابن نشاطی ۔ پھول بن) 2۔ تو لکھے سنے کے پانی سوں عطار دخوش دبیر (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ اچاؤلے اوپر دانے کا ہر روز (رستمی ۔ خاور نامہ) 4۔ نول رہے ہیں سنے کے ڈالیاں پو پھول (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

سنے: سینے

خار خار اپنے سنے کا دور کر یک دھر سیتے (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سُنیا: سونا (اسم ۔ مذکر)

سنیا سا رول گال کندن کیا (فیروز بیدری ۔ پرت نامہ)

سنیا: سنا (فعل ۔ ماضی)

یو آواز نعرے کی شہ جب سنیا (رستمی ۔ خاور نامہ) 2۔ مجھ شعر کی روانی سنیا جب سوں اے ولی (ولی ۔ کلیات ولی)

سُینچ: سونے ہی کے (چیتا کیڈمی مراٹھی)

جو تھے پتلے سب اس میں سینچ کے (غواصی ۔ طوطی نامہ)

سنیرے: سنہرے
سنیرے روپہرے ہزاراں ہزار (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)
سنیں: سناں۔نیزہ
سنیں اس کے سینے منے بائیا (رستمی۔خاور نامہ)
سنیاسی: تارک الدنیا آدمی
وسیا اس منے یک سنیاسی کُسھیر (فائز۔رضواں شاہ وروح افزاء)
سنیو: (سنسکرت سنگھ) شیر (اسم۔مذکر)
جوڑے تجھ سوں پرت سینو (اشرف۔نوسرہار)
سنیری: سنہری
تجے کاں او صدراں سنیری محل (غواصی۔مینا ستونتی)
سُوا: توتا (اسم۔مذکر)
تجے شیہ سیت سوا چو تھے ابج کر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
سُواد: مزہ۔لطف (اسم۔مذکر)
1۔وِلے تا ابد اس کے پھل کا سواد (نصرتی۔کلام نصرتی) 2۔دو بات بجتی تالی تالی کا سواد ہے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ارشاد اس لیکھن جس میں حق سواد (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور) 4۔دنیا کا تو کچھ نیچ دیکھی سواد (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
سواد تٹا: لطف ختم ہو گیا
از مانے گئے تو سواد تٹا لذت کم ہوتا (وجہی۔سب رس)
سواراں: سوار کی جمع۔(اسم۔مذکر۔جمع)
راوت پیارے سواراں پر (اشرف۔نوسرہار)
سوالا: شوالہ
سوالا کے پربت جسے ایک دھانوں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)
سوالاک: متعدد۔بیشمار
ہمن عقل تجہ حکمتاں پاس یوں + سوا لاک پربت پہ چیٹی ہے جیوں (نصرتی۔علی نامہ)
سوالیاں: سوالی (پوری کی ایک قسم جس میں کچھ بھرا نہیں جاتا)
سوالیاں بڑے اور کروڑیاں پیڑے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
سُوانت۔آب نیساں (سواتی)

سرتی پوتر سوانت گھن جل بسیں جی جانی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
سُوباس: خوشبودار۔معطر
1۔گل مولسر تھے ہوا ہے سوباس (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔جو جائی و جوی وسوں سوباس (حسن شوقی۔میزبانی نامہ) 3۔مغز اس کا سوباس ہوتا ہے (ولی۔کلیات ولی)
سوبالی: (س+بالی) حسینہ (اسم۔مونث)
سوبالی کی چوٹی گندی چاوسوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سوباؤ: (سنسکرت سبھاؤ) اچھا سلوک
وہ دنیا کی خوبی نہ پایا سوباؤ (غواصی۔کلیات غواصی)
سوبھاگن: خوش قسمت (اسم۔مونث)
دیوانے کی جورو سہاگن نہیں سہاگن نہیں اور سوبھاگن نہیں (عالم۔لیلیٰ مجنوں)
سوبھاواں: سوبھاؤ (مزاج۔طور طریق) کی جمع
کہ جس کے سوبھاواں جگت من کوں بھاوے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
سوت: دشمن
معوی جو ہے تجھ سیں سوت (اشرف۔نوسرہار)
ست: ڈوری۔نبض
سونڈے دم اور مونڈے سَت (اشرف۔نوسرہار)
سُوتر: (سنسکرت) سوت۔ڈوری
1۔سوتر باندار داج پکی کھلاؤ (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔دسے ناک دیدور سوتر درمیاں (عبدل۔ابراہیم نامہ)
سُوتربند: سلائی
مرحم نکو لگاؤ سوتر بند نکو کرو (حسن شوقی۔غزلیات)
سُوتری: ستھری
پرتھم پربھات کی سوتری پیار مانو ادہی ساس نورس کو (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
سوتن: سوت (سوکن) کی جمع (اسم۔مونث)
سب سوتن میں میں مان ستی (شاہی۔کلیات شاہی)
سُوتی سوبھاگری: جس کی قسمت سو رہی ہو
کہی اے سوتی سوبھاگری ہو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سُوجان: سجن۔محبوب

1۔نہ ایسا کہیں شاہ سوجان ہے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)
2۔کہ تج یاد کرتا اچھوں اے سوجان (وجہی۔قطب مشتری) 3۔سنگاتیں ریجا نیاں ناریاں ملیاں سوجان سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سوٹے: سونٹے (اسم۔مذکر)

سیس پر سوٹے کی کندارا ک دیکھ (محمود بحری۔کلیات بحری)

سُوجے: سوجھے

کچ اپنا لاب ہور نشت اس نہ سوجے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سوجھے: سوگنا

مرا ہے وہ جان تے سوجھے (وجہی۔قطب مشتری)

سُود: سدھ

برانا ہو کرسٹ دیا تن کی سود (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

سُودامنی: (سنسکرت) بجلی (اسم۔مونث)

یا جھلکے مکھرُت سودامنی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سُودشت: خوش نما۔خوبصورت

سودشت بھئی دنا یک منوہرن لکھ دکھیں (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سُودھ: سدھ

گر تجہ کو کچھ ناہیں سودھ۔ (شیخ داول۔کشف الوجود)

سودھرے: سگے۔عزیز واقارب

سگے سودھرل کو رونا ہے آخر (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سودہلی: سنبھلا

سودہلی میں کوی اپست پر جار نیڑا (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سودھن: خوبصورت عورت (اسم۔مونث)

1۔سودھن آسمانی انچل اوڑی ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
2۔سودھن کرتی ہے تن کوں جھاڑ پھانٹے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سُودھے: تلاش کرے

1۔سنیا تھا تو تجھ آئے سودھے اپن (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔جے وہ سودھے آپ صحی (جانم۔ارشاد نامہ)

سُور: (سنسکرت سوریہ) سورج

1۔مسخر کیا سور دے ہت علم (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔سوتوں چندہ جوں سورج نور تلی (فیروز بیدری۔پرت نامہ) (3) سور کوں نور کہتے ہیں سور ہے تو نور ہے (وجہی۔سب رس) (4) پنم چاند ہور سور تے خوب تھی (غواصی۔طوطی نامہ)

سور: سورما۔بہادر (اسم۔مذکر)

اے شاہ عادل توں علی صاحب ہے سب سینسار کا (نصرتی۔علی نامہ)

سُورا: اندھا

جہاں جے ہوا ات سوراندان (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سُورات: حرص۔خواہش

1۔کہ ساریاں کی یک سار سورات نیں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔مجھ شاہ کے دل کی سورات کوں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔خدا جانے کسی پر گئیں ہے سورات (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سورات بھر کو کھانا: نیت بھر کر کھانا

سورات بھر کو کھا کر ایک کدھن جا کر سو گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سُوراتی: حریص۔لالچی

1۔اگر لوبڑی اگھاری ہور سوراتی نہ ہوتی اپڑیکوں کا ڈھپانا کھاتی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 2۔سوراتی کو کھینچ جگہ نہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سوراُجالے: سورج کی روشنی

کمل جوں سوراجالے تھے کھیلن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سوراں کھینچنا: سر نکالنا

دونوں رات دن مل کر گیتاں راگ بازی کرتے ہور کبھی کبھی اچھے غزلاں کے سوراں کھینچتے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سُورانے: سنوارنے

دنیا کوں باندی کر لیا گھر دین کا سورانے (نصرتی۔علی نامہ)

سوربنسی: سوریہ ونشی۔جو سورج کی نسل سے ہو

کھیا اے سوربنسی سورزادے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سور پرکاش: سورج کی روشنی

کمھیں سور پرکاش ہو چھین لے (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

سورج دبکتیاں: سورج کو چمکانے والیاں۔ نہایت حسین

چنچل چھند بھریاں سورج دبکتیاں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

سُورجگتاب: دنیا کو روشن کرنے والا سورج

اول آدم اعلیٰ ہے سورجگتاب (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

سورج گیراں: سورج گہن

سورج گیراں چھونے لگ (عابد شاہ۔ کنز المومنین)

سورزادے: سوریہ ونشی۔ جو سورج کی نسل سے ہو۔

کھیا اے سورونشی سورزادے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

سُورگپال: (سورگ: جنت + پال: پالنے والا) جنت کو پالنے یا قائم رکھنے والا۔

سورگپال کرپال دیپال ہے (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سُورمار: سورما (اسم۔ مذکر)

بڑے بڑے سورمار سپاہی ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سُورمکھ: سورج کا چہرہ

سورمکھ کرن جھلکے تن کے کنارے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سورمور: ایک کھیل جو بچے درخت پر چڑھ کر کھیلتے ہیں

کہ سورمور کھیلیں سو اک جھاڑ چڑ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سُورَن: (سنسکرت سورنا) سونا۔ زرین (اسم۔ مذکر)

1۔ نیکے مانک تھے سورن پاچ نکلیا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ برون دھپارتی سورن اسپند سارے تار (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

سُورنر: (سور: بہادر + نر: آدمی) بہادر آدمی

1۔ ہے سورنر کی خاصیت گھیگائے پرناہٹ پڑے (نصرتی۔ علی نامہ) 2۔ اگر عشق نیں ہے تو کی سورنر + فدا جیو کرے اپنے ناموس پر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سُورنگ: خوش رنگ

1۔ سورنگ رنگیلی مہندی بہورنگ سوں کلا کر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سرخ وسفید زعفرانی سورنگ (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
3۔ اگر عشق نمیں ہے تو پاتر سورنگ + گیتاں گائے ناچے بندے چگ

کوں جنگ (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سُوریج: (سنسکرت۔ سوریہ)۔ سورج (اسم۔ مذکر)

1۔ کہیں چاند سوریج تارے انبڑ (وجہی۔ قطب مشتری) 2۔ سوریج ہے در بن ترا انبر سمن انگن ترا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ پکڑے اپنے سوریج کوں بیچ ماہ دیکھو (محمد قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُوریہ پان: سوریاپان: چھتر۔ چھتری (اسم۔ مذکر)

1۔ چھتر ہور سوریاپان اپنے نشان (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سُوریاکنت: (سوریہ کانت) آتشی شیشہ (اسم۔ مذکر)

جون بھان ایک سوریاکنت (جانم۔ ارشاد نامہ)

سُوریجن: (سریجن) محبوب۔ سجن

نکو جا سوریجن مجے چھوڑ کر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سُوزن کا نکا: سوئی کا ناکا

تنگ سوزن کے نکے سے وہ دہن (وجدی۔ پنچھی باچھا)

سُوڑ: بدلہ

جو اس سوڑ لینے کر آیا دیا ہوں (رستمی۔ خاور نامہ)

سُوس: جذبہ۔ احساس۔ برداشت

1۔ جیوں کھڑا تیوں سوس عارف ہے تو چنداں غم نہ کھا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ مجھے حرص کی سوس لاودن نکو (نصرتی۔ علی نامہ)

سُوستی: برداشت کرتی

کہ طعنے ادیکھیاں کے میں سوستی (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سوسنا: برداشت کرنا

1۔ اپی کیا اسے کیا علاج جیسا پڑے ویسا سوسے باج (وجہی۔ سب رس)
2۔ عاشق ہے تو معشوق کا ناز سوس (وجہی۔ سب رس)

سوسنے: برداشت کرنے

برہ کو سوسنے کا کج منے کچ تاب نمیں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سوسمار: ایک جانور (اسم۔ مذکر)

نہ کھاویں بجز مار یا سوسمار (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سوسیا: برداشت کیا

1۔ جے کچھ اس ٹھار پر سوسیا سو سب بہتر کیا بحری (محمود بحری۔کلیات بحری)
2۔ کہ سوسیا ہے یو شخص پھر لئی عذاب (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

سوسنار کی ایک لوہار کی: ایک بڑا کام متعدد چھوٹے کاموں سے زیادہ ہوتا ہے
لگت دس ہتوڑیاں گھڑی گر سونار + او ک دس تے ہوئے یک جو مارے لوہار (نصرتی۔کلام نصرتی)

سوف: ایک قسم کا کپڑا (اسم۔مذکر)
خنک ہور طاش قطنی سوف زیبا (ابن نشاطی۔پھول بن)

سُوک: شکھ
اچیں ل کے چنداسوں پایا ہے سوک (غواصی۔مینا ستونتی)

سُوک سُوک: سوکھ سوکھ
ہوا تھا جو کاڑی نمن سوک سوک (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سُوکا: سوکھا
سوکا کیس کھوڑا اگر ہے تو اچھے او کھوڑ صندل کا (نصرتی۔علی نامہ)

سوکا: خط سرمہ
ہر اک سوکا ہے تیرا جیوں کٹارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سوکال: خوش حالی کا دور
1۔ آدئیں گے پیول میں سک کا سوکال ہوئے گا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔ رہیا اس کے نیت تھے دائم سوکال (نصرتی۔گلشن عشق)

سُوکچھم: (سنسکرت: سوکشم)۔ عالم ملکوت
جو لکھنے سوں نقطہ نکل بھار آیا + او ہی سوکچھم اردماتر کلایا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سُوکشم: (سنسکرت) عالم ملکوت
جا کر بھیے سوکشم کے باسی (محمود بحری۔من لگن)

سوکناں: سوکن (سوت) کی جمع
اگر کڑ دے نا تے سوں کوئی سوکناں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سُوکھ: شکھ
1۔ کرن ہار فکراں مری سوکھ کے (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔ سوکھ پر دوکھ کوں کیا سردار (غواصی۔طوطی نامہ)

سوکھ سوہیلی: سکھ سہیلا۔ خوشی کا گیت۔ عارفانہ گیت
گانا بجانا چھوڑ کر سنناستی سوکھ سوہیلی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سوکھا لگ جانا: قحط پڑنا۔ فاقے پڑنا
جدھاں باگ سوں شکار چھوٹ گیا تدھاں لومڑی کو سوکھا لگنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سوکے: سوکھے
1۔ سوکے جھاڑ کوں سمر پل میں کرے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔ سوکے جھاڑاں کوں توں تو ہریا کرے (رستمی۔خاور نامہ)

سوکیا: سوکا (خط سرمہ)
سوکیا سوں دو طرف تھے ترے نین چلبلے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سوکیاں: سوکا (خط سرمہ) کی جمع
یا بھوت کرتے کھوڑ کر سوکیاں کے پگ زنجیر ہے (حسن شوقی۔غزلیات)

سوگزیاں: دریاں جو سوگز لمبائی کی ہوتی تھیں (اسم۔مونث۔جمع)
کہیں نوگزیاں پر بیسا سوگزیاں (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

سوگز سٹنا ایک گز نہ پھاڑنا: ظاہر میں محبت جتانا
سوگز سٹوں گی وار پر یک گز نہ دیئوں پھاڑ کر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سُوگند: (سگند) خوشبو (اسم۔مونث)
یو دونوں بی ہو دیں سُنا ہور سوگند (وجہی۔قطب مشتری)

سوگند: قسم (اسم۔مونث)
تیرا جی چاہے سوگند اب دلاؤں + کہے تو جس طرح سوگند کھاوں (شفیق۔تصویر جاناں)

سوگنداں: سوگند (قسم) کی جمع
کتی ہے سوگنداں کھا کھا تماری ہوں دیوانی میں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سوگند سپت کھانا: (سنسکرت۔شپت: عہد۔قسم) قسم کھانا
دمنہ اوسے بھروسا ہوئے قسم کھانا سر لکا سوگند سپت کھائی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سوگند ہونا: قطعی ہونا
میں مینا او گوال سوگند ہے + وہی میت میرا اجن چند ہے (غواصی۔

بینا ستونتی)

سوگنی: خوش صفات۔ اچھے گن والی

اپ خیال سے آتی اگر ہے سوگنی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُوگی: سوگ کرنے والا

سکھ آنند پاے بسر سوگ سوگی (شاہ تراب۔من سمجھاون)

سول: عالم ناسوت (اسم۔مذکر)

اس سول کے سیر کوں کرنے خوش (محمود بحری۔من لگن)

سُول: سُولی (اسم۔مذکر)

سیرے سول چڑھ کر کھڑک تل مرے (فخر دیں نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سولا کلا: وشنو پران کی رو سے چاند کی سطح سولہ کلاوں۔میں منقسم ہے سولہ سنگار بھی مشہور ہیں چاند کے قطر کا سولھواں حصہ۔چاند کو کلا ندھی کہتے ہیں

1۔جو سولہ کلا نر دھنوّر بید کے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔دو جیس چاند سولہ کلا جاگتی (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سُولکھن: خوش صفات۔ خوش قسمت

1۔تکو جا سولکھن سنگاتی ایتال (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔سولکھن شہنشاہ گردوں سریر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سولکھناں: سلکھن (خوش نصیب) کی جمع

سولکھناں سولکھن گھڑیا میں امرت بھر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سولکُھن ونتی: نیک بخت۔خوش قسمت

1۔سولکھن ونتی شہر بانو کلھیر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔سولکھن ونتی دھن بدیع الجمال (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سوم: چاند

1۔سوم بیچ نور اتم اجایا کرتار (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
2۔سوم دور سیت مدسیام مانو نین سندری روپ لچھن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سوما سور: چاند سورج

بر ہے ماتھی بھو جنگ مانوس پر گٹ ادیک سوما سور (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

سومکھ: حسین چہرہ

سومکھ سوں روشنی پایا خبر کر شاہ خاور کوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سون: عمل تولید

سون لاگے تو زہ درد (اشرف۔نوسرہار)

سُوں: قسم

1۔تجے سوں ہے کہ جیوں آیا ہے تیوں جا (ابن نشاطی۔پھول بن)
2۔مصحف کی سوں دو ہمنا بھوت مانے گا (وجہی۔سب رس) 3۔تیرے سر کی تو اس قران کی سوں (شفیق۔تصویر جاناں) 4۔او سوں کھا کے بولیا کہ کرتا ہوں کام (رستمی۔خاور نامہ)

سوں: سے

1۔دو سب سوں ملیا ہور سب سوں جدا ہے (وجہی۔سب رس) 2۔اگر شاہ دل سوں اُسے سیوے گا (رستمی۔خاور نامہ) 3۔اپس سائیں سوں پیوے جم مد پیالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ولاں کے آہواں سب کے سدا سال + جفا کے تیر سوں تھے فارغ البال (ابن نشاطی۔پھول بن)

سوں: سو کی انفیائی ہوئی شکل

1۔جو کچھ محمد نے پایا سوں علی کوں سمجھایا (وجہی۔سب رس) 2۔شہہ کے منڈھر آنگن میں نٹ سوں نچاؤ سکیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سون: سن

دغا کھاے بات اس سنیاسی کی سون (غواصی۔طوطی نامہ)

سونا: (سنسکرت سوپن۔سپنا) خواب

1۔میں سونا دیکھیا جو تجے ذبح کرتا ہوں اسمٰعیل کہے اگر تمیں نا سوتے تو ایسا سونا نا دیکھتے (میران یعقوب۔شمائل الاتقیا) 2۔محی الدین ہم سونے میں آیا (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

سونار: سنار

لگت دس ہتوڑیاں گھڑے گر سونار (نصرتی۔کلام نصرتی)

سونانے: سنانے

خیالاں دھر پتاں تمنا سونانے تلملاتی ہے (ہاشمی۔ریختی)

سُونایا: سنایا

جن یو غزل سونا یا جلیتاں کوں پھر جلایا (حسن شوقی۔غزلیات)

سونپنا: حوالے کرنا

سونپیا: سونپا

1۔ کہ سونپیا اورحمان کو خوب تر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ بُلا کر او پیکر کو سونپیا اسے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سوتِلا: سوتیلا

اور نو چچا سوتلے تھے (عابد شاہ۔ کنزالمومنین)

سوں جتن رکھنا: بہت حفاظت سے رکھنا

رکھیا سورتن ڈھانگ جو سوں جتن (فروز بیدری۔ پرت نامہ)

سوندائیگی: سوندا پن

ہور مٹھاس ہور سوندائیگی میں مصری کے شربت (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سُوندھرا: (سنسکرت۔ سادندرا) خوش شکل

سوکُ شہ کا سوندھرا روپ نہ بولیا جائے (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

سُوندے: پیوست ہوگئے۔ جڑ گئے

فلک ساتوں سوندے یکس یک اوپر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سوندل: جنگ۔ لڑائی (اسم۔مذکر)

1۔ نظامیا سوں ج آج سوندل اہے (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ) 2۔ شہنشاہ لڑکے سوندل اپنگ (نصرتی۔ علی نامہ)

سونسار: سنسار۔ دنیا (اسم۔مذکر)

ای کے عشق تے سونسار تر جگ کا بھرایا ہے (شاہی۔کلیات شاہی)

سونسار ساگر: دنیا کا ساگر۔ سنسار ساگر

سونسار ساگر بھریا ہوئے (جانم۔ارشاد نامہ)

سونسار کرنا: زندگی گذارنا

ہور فراغت سوں سونسار کریں گے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سوں سان: سنسان

رھیا ہے سنگل شہر سوں سان ہو (نصرتی۔ گلشن عشق)

سُوں سپت کھالنا: (سنسکرت شپت) قسم کھا کر عہد کرنا

دونو سوں سپت کھال یاری کیے (وجہی۔قطب مشتری)

سووتا: سوتا

جو سوی سووتا اس لاگ چھاتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سونگ: سوانگ (اسم۔مذکر)

1۔ سکندر بادشاہ نے قاصد کا سونگ لے کر نوشابہ پاس گیا (امین الدین اعلیٰ۔ کلمۃ الاسرار) 2۔ کافراں کا سونگ لینا ہور انو کی وزا سوں جانوا باندنا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا) 3۔ پاشا دکھ کے سونگاں جو جو کرتا تھا سو سب کر چکیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سونگ چڑنا: سوانگ بھرنا

مگر چچ ہو مجنوں نمن سونگ چڑ (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

سُونگیا: سونگھا

آدمی کا روح ناطقہ اسے سونگیا کرے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

سُونھار کرنا: (سنسکرت۔ سنھار) تاراج۔ فنا

سونھارنت کرے توں افواج اشقیا کا (شاہی۔کلیات شاہی)

سُونے: سنے

1۔ نہ سونے باج گرجن بائیں کیرا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔ سونے سب حقیقت سو اس کی تمام (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 3۔ تین سونے یہ خبر (اشرف۔نوسرہار)

سونیاں: سنا

صحی حدیث سونیاں ہوں اودیار کنھاں تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُونیں: سنیں

سونیں گے جو ماں باپ مجھ چور کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سوؤں کھانا: قسم کھانا

میں کیں تو جاتی نیں کر جھٹ سوؤں کھاتی ہے ہر روز (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سوؤں محل: شبستان (اسم۔مذکر)

دیکھت اس رنگ سوں سوون محل سب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سُوہار: مناسب

بڑے جو کہے بدھ کریں سو ہار (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سُوہاوا: زیبائش۔ آرائش
منڈپ تل ہوا کے سوہاوے تھے آویں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سوہائی: ساہی۔ قبولیت
سوہائی ہوئی آج اس رائے کوں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سوہن: حسین۔ خوبصورت
بندیا سر شجاعت کا سہرا سوہن (نصرتی۔ گلشن عشق)

سوہزاراں: متعدد۔ کئی
سوہزاراں ناز کی باندھے ہیں کیوں ہر یک دیگر (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

سوئی: (سو+ ہی) وہی
جو او بھے سوئی نیر نکلے سمند (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سوئی: ایک بھاجی جس میں تیز بو ہوتی ہے
متھی سوئی چوکا اموتی چنولل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سوئی پٹی: سوہن پٹی ایک قسم کی مٹھائی
بے سے سوئی پٹی سویوں ٹھار ٹھار + ہریا رنگ دے محل کے جوں خیار (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سُوئی میں دھاگا پُرائے سری کا: جزئیات بیان کرنا تفصیل سے تشریح کرنا
جو کچھ سن لیں گا سب سوئی میں دھاگا پرائے سریکا دشمن کے کان میں پھونک دے گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سویاں: سوئی کی جمع
سویاں ہو کے سلتے مرے بال سب (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

سُہات: سہاتا ہے۔ زیب دیتا ہے
چاند سورج جگ میں اس نوراں سہات (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُہاتے: زیب دیتے
ثریا کے سہاتے گوشوارے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

سُوچ: سوہی (چہ تاکیدی۔ مراٹھی)
کہ اے یار توں جے کہے سوچ سہی (غواصی۔ طوطی نامہ)

سُویم بہو: خود بخود پیدا ہونے والا
دتا ابجو یونی سویم بہو کلایا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

سُہاس: (س + ہاس: ہنسلی) خوبصورت ہنسلی
جڑت کوٹ کا پنچ گل میں سہاس (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

سہاسن: (سنسکرت سنگھاسن) تخت
سہاسن بچھا بیٹھ دکھن دھرن (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

سُہاگاں: سہاگ کی جمع
سہاگاں بھاگ پھل مستک کھلے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُہاوا: سنوارا ہوا۔ سجا ہوا
شیطانی تھے دیتے ترک جب سہاوا بھاؤ (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

سُہاون: سہانا۔ خوبصورت
سہاون دیسے سانچھ دیونٹیاں سو آئے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

سُہایا: زیب دیا
1۔ سہایا ولایت کے مسند اپر (صنعتی۔ قصہ بے نظیر) 2۔ کہ یا پھول پر سہایا مشک کا داغ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سہ پایا: تپائی
کے ہیں پانی رکھنے کی سہ پایا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سہت: (س + ہت: درست) اچھا درست۔ محبوب
سہت چت ساجنا جگ من سہانا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سہج: آسان۔ فطرت۔ خدا
1۔ سہج ہمارا ٹھارا (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 2۔ گہر بار جس کی سہج گفتگو (نصرتی۔ علی نامہ)

سہد سیس: وطن
جو کچھ میں کہا بھید سہد سیس نا (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سہس: (سنسکرت سہسر) ہزار
1۔ بکاوے ہری پنکھ دمڑی سہس (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)
2۔ سہس ہور اس پر جو تھے تین سال (نصرتی۔ تاریخ اسکندری) 3۔ جس کے چار اٹھارہ سہس (اشرف۔ نوسرہار) 4۔ سہس شکر کرتوں سرں گانٹھ

پایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سہتی: زیب دیتی

بندہ نبی کا جم رہے سہتی ہے سلطانی مجھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سُہتے: زیب دیتے۔خوبصورت

1۔سری گالوں سہتے جانت (اشرف۔نوسرہار) 2۔الک سہتے گھونگر والے بدن پر (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سہس آنکھ: ہزار آنکھ۔روایت ہے کہ اندر کی ہزار آنکھیں تھیں۔

اندر لوگ بولیں سہس آنکھ جان (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سہسر: (سنسکرت) ہزار

اشارہ سہسر عالم جن+انھیں سر جیا ہور کن (اشرف۔نوسرہار)

سہک سہک رونا: سسک سسک کر رونا

1۔سہک سہک کر ہیا گھال (اشرف۔نوسرہار) 2۔رووَن لاگا سہک سہک (اشرف۔نوسرہار)

سہس گن: ہزار گنا

ادک ہوئے سہس گن پاپ تس ٹھار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سہس لک: ہزار لاکھ

سو بہتر سے سہس لک دان دیوے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سہیلی پن: دوستی

سہیلی پن سو رہتیاں تھیاں یکس سات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سہم: خوف۔ڈر

1۔کیا سہم ہے آفتاب قیامت ستی اس کوں (ولی۔کلیات ولی) 2۔دل میں بادشاہاں کا بہت اچھتا سہم (وجہی۔سب رس)

سہن: (سہانا) زیب دینا

نکھیتر پھول کھل ہوئے ات سہن جب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سُہنا: زیب دینا۔سہانا

1۔دھوں جگ میں بس اس کی چھاؤں سہنا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
2۔بزرگی تجے سب دلیاں میں سہے (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

سہنا: (سپنا) خواب

1۔عشق سپنے میں دیکھیا ایک سہنا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جے کوئی جس دھات کا سہنا دیکھے سو (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سُہناں: سپنا۔خواب

1۔ایسے میں یوں سہناں دیکھ (اشرف۔نوسرہار) 2۔تو جس رات سہناں میں سچ مانیا (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

سہنڈ: سینڈ۔ایک خاردار جھاڑی (اسم۔مونث)

بکائیں سہنڈ نیب میٹھا نا ہوئے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

سہنسکرت: سنسکرت

رکھیا کم سہنسکرت کے اس میں بول (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

سہنک: صحنک (اسم۔مونث)

سہنک بھوکا کھانے دوڑیا سہنک بھریا کھان (میراں جی شمس العشاق۔خوش نامہ)

سہنے: سونے۔خواب۔نیند

1۔سو فیروز سہنے میں پایا رتن (فیروز بیدری۔پرت نامہ) 2۔کرین سہنے میں بھنو تیک بادشاہی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سہواں: سہو (غلطی) کی جمع

سہواں جن کے ایسے ہوں (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

سہوپنے: خطا۔غلطی

سہوپنے کا کرتا توں (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

سہوک: سیوک۔خدمت کرنے والا

خاوند کی اپنی بھنی سہوک نت سیوا کرو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

سہی: صحیح

غلط نہیں یو غلط نہیں یو سہی ہے (نصرتی۔گلشن عشق)

سُہیلا: مدحیہ گیت۔متصوفانہ۔کلام (اسم۔مذکر)

1۔سہیلا گاؤتے ہاتاں کے ہاتاں سو بجا تالا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔سہلیاں ہوگا وو سہیلا نبی کا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔سہیلا شاہ کا الحاں سوں زہرہ گا گیا سرتھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سہیلی: (سہیلا) متصوفانہ کلام

سہیلی گائیں شہنشایاں میں یہ دھات (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

سُہیں: زیب دیں
سُہیں لال جھیلے کے اس شان سوں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سسی: (سنسکرت ششی) چاند (اسم۔ مذکر)
سسی بھار آ آپنی بھار سوں (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سیا: سیاہ
کہ سر بند سیا سوں ہے اب منج کوں کام (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سیاست: عدالت
دیا بھیج کرنے سیاست کی ٹھار (غواصی۔ طوطی نامہ)

سیاستر: شاستر
یو بید پران سیاستر گیان (محمود بحری۔ من لگن)

سیاست کرنا: سزا دینا
تو یوں نا تگتے سیاست کر شہر میں (وجہی۔ قطب مشتری)

سیاسن: سنگھاسن (اسم۔ مذکر)
بیٹھا رام تب آسیاسن اوپر (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سیالا: سردی کا موسم
ٹھنڈا سیالا سیتل سیئوں (اشرف۔ نوسر ہار)

سیام: (شیام) کالا۔ سیاہ۔ کرشن جی
1۔ لہائی پر چھاتی سندر لٹ سیام بھر کچ تس بھتر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سام سر اس بھنوّاں کا چک اچالے نا سکے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ دھر یا سیام ابرک میں منسیل زرد (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سیام گھن: کالا آسمان (اسم۔ مذکر)
جیوں چاند سو ستارے اوکھے ہیں سیام گھن میں (حسن شوقی۔ غزلیات)

سیاں: سی کی جمع
1۔ باتاں گہر سیاں نرملیاں واریا جو تیرے ناؤں پر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ پھریں چاند سیاں سندھریاں اس منے (وجہی۔ قطب مشتری) 3۔ سہلیاں ستاریاں سیاں تھیاں سربسر (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سیان پن: ہوشیاری
تو ناؤں کا نادان ہے پن سیان پن کی شان سب (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سیانیاں: سیانے (عقلمند) کی جمع
سیانیاں کرے سدھ سوں بدھ کن (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سیاہ پن: سیاہی
سیاہ پن منے دین کے تھے مثال (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سیائی: سیاہی
صفا پانی کے چشماں میں ہے یوں چھاؤں اُپر سیائی (نصرتی۔ کلام نصرتی)

سپہر: سپر
ہوئیں گولیاں صاف شبنم کیاں سیرے سینے کے سپہر سوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سیت: (مراٹھی) کھیت۔ میدان
1۔ دو جگ فتح کے ماریا سیت میں (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)
2۔ موجاں تے پانی سیت کا دھل جاؤبی رامیسری (نصرتی۔ علی نامہ)

سیت: سفید
1۔ کاگت سیت نرمل تین سندر اکھر کھت کیر کا جر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) 2۔ سوم دو رسیت مدسیام مانو نین سندری روپ بھن (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

سیت آسیت: سفید سیاہ
نین تھے سیت آسیت نیلم موتی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سیت: پل
1۔ یوں جی میں آتا ہے اتا دریا پہ جانا سیت کر (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
2۔ ڈالیا گلے میں ہار تجھ سیتا ہوں لیعنی بندھ کے سیت (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 3۔ تک سیت بند پر باندکر لنکھا طرف حملہ کرے (نصرتی۔ علی نامہ)

سیت پتر: سفید ورق۔ سفید پتے
کرنا ئی گوری مانو کیکی بیچ سیت پتر (ابراہیم عادل شاہ کتاب نورس)

سیتج: سے ہی (چتا کیدی مراٹھی)
جنگل نور سیتج بستا ہے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

سیتل: (سنسکرت شیتل) ٹھنڈا۔ سرد
1۔ یا جوں چندن سیتل سات (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔ اے سیتل ہوا منج گے نا پیا بن (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ ٹھنڈا سیالا سیتل جیوں (اشرف۔ نوسر ہار)

سیتن: سیت (پل) کی جمع

لٹکا ہوئی سیتن دار (اشرف۔ نوسر ہار)

سیت وستر: سفید لباس

سرستی مہا سندری اچھے گوری سیت وستر بھج چتر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

سیتھیں: سے

نوازیں اپ میا سیتھیں توں مج کوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سیتھی: سے

1۔ سیوا ڈرے پچھان سیتھی جس ہوئے نارن (شاہ میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور) 2۔ ہوا پرگٹ جدھاں سیتھی دنیا ہور دین قدرت سوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سیتھے: (سیتے) سے

1۔ کس سیتھے اے شیوے سیکھ کرتے کباب (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ خار خار اپنے سنے کا دور کر یک دھر سیتھے (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سیتیں: سے

سو اس سیتیں فلک پنتھ کھیل کھیلا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سیتی: سے

سورج کی تاب سیتی جیوں پگھلتا برف آپس میں (مشتاق۔ کلام مشتاق)

سیٹل: کمزور۔ لاغر

اس کی کوٹھی میں ایک بیل سو سیٹل (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سیٹی بھل جانا: سٹی گم ہونا

بادشاہ پھرا سے دیکھنے میں سیٹی بھول گیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سیجار: خاندان۔ قبیلہ

تو بیزار سب اس سوں سیجار ہے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

سیجارنیاں: کپڑے فروخت کرنے والی عورتیں

کہے سیجارنیاں اوی یو بڑی کنگال بولوں لگی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سیجاڑ: شیخ

جو آکے مرے رہے ہیں سیجاڑ چاند صاحب (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سیجری: سیج

دیکھ سپن میں پیا کوں شاہ مری سیجری آیا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سیج سنگرام: (سیج+سنگرام) جدوجہد۔ ہاتھاپائی

ہوا سو سیج سنگرام آ جو نوشو سوں عروسائی (نصرتی۔ گلشن عشق)

سیدا: سیدھا

1۔ کیوں لکھے بنگی تری لٹ کا صفت سیدا قلم (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ سو سیدا الف آپ آلا ہے وو (غواصی۔ کلیات غواصی)

سیداچ: سیدھا ہی (چہ تاکیدی۔ مراٹھی)

نبی کا اتھا داں تو سیداچ ہات (نصرتی۔ علی نامہ)

سیدھیں: سیدھے

تھاں لکھے سدھیں کھول (اشرف۔ نوسر ہار)

سیدی: سیدھی

بغیر مکر سیدی کریں یو نہ بات (غواصی۔ طوطی نامہ)

سیدی راہ: صراط مستقیم۔ سیدھا راستہ

جو گناہ گار تھے سو سیدھی راہ پائے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

سیدے:

1۔ بنگی کے بن نہ چلے کام سچ بی سیدے کا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

2۔ قد اس سرواں کے توں کرتا ہے سیدے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

سیر: سر (اسم۔ مذکر)

1۔ نین ہور سیر جا اس ٹھار رگڑیا (ابن نشاطی۔ پھول بن) 2۔ بھاگ انوچ کے سیر جنو میں عقل ہور تدبیر (وجہی۔ سب رس) 3۔ ادک دیکھے تو رکھے جینے وہ بھوں سیر (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور) 4۔ نہیں تو سیر اس بدل جاؤنا (غواصی۔ طوطی نامہ)

سئیرا۔ سئیراں: سہرا (اسم۔ مذکر)

1۔ کہ ساتوں سکیاں مل کے سیرا گندیاں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ ہات کنگن سیر کو سیراں ہے اسے (محمود بحری۔ کلیات بحری) 3۔ سیرا بندنا حرام ہے (علاء الدین چشتی۔ فرائض اسلام)

سیر آب کھانا: سیراب کرنا

نزل تھل ادھر تھے سیر آب کھائے طالب (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سیراں: سیر (سر) کی جمع

او چا کر سوحوراں کے سیراں پہ دی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سیر تے: پھر سے۔ازسرنو

سوکا باغ من کا کھلیا سیر تے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

سئیرے: سہرے (اسم۔مذکر۔جمع)

کہ سئیرے نئے گا کے داڑی رجھائیں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

سیڑی: سیڑھی (اسم۔مونث)

1۔فلک تالاب سوں باندھیا ہے سیڑی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سیڑی کوں نہ لانا ہے اسمان کوں (غواصی۔طوطی نامہ)

سیس: (سنسکرت) سر (اسم۔مذکر)۔(اسم مونث)

1۔نکو لیویں ہم سیس بدنام کوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔اگر باؤ ہور مینگھ نہ آؤتا + یقین ہے کہ مجھ سیس یو جاؤتا (صنعتی۔مثنوی گلدستہ) 3۔پھوٹن لاگیا سیس کپال (اشرف۔نوسرہار)

سیس بدنام لینا: سر پر بدنامی لینا

نکو لیویں ہم سیس بدنام کوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سیس پھول: بالوں میں لگایا جانے والا ایک زیور (اسم۔مذکر)

1۔کہ سیس پھول جھمکے دسے جوں چندر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔کوئی رکھ جڑت سیس پھول سیس بال (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سیس تاننا: غرور کرنا۔سر اونچا کرنا

لیا مانگ لالچ سوں شاہ دان + رتن نوگرہ کر رھیا سیس تاں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

سیس کبل کھڑا ہونا: مصیبت آپڑنا

کھڑیا تھا تیری سیس کیسا کبل (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سیسوں: سیس (سر) کی جمع

سیسوں نبی کا ہے چرن جب لگ ہے تن میانے جیا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سیک: سینک۔گرمی (اسم۔مونث)

1۔برت کی اگن کی بڑی کچ ہے سیک (غواصی۔طوطی نامہ)

وقت کے بزرگاں دیئے ہیں یو سیک (وجہی۔قطب مشتری)

سیک: سیکھ

1۔کہ کائد پر پند ہے تو بی سیک (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔نہ سیک پگڑی پو کھیل سکتی گھڑی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ہنر سیک ہنروند ہوا سب منے (وجہی۔قطب مشتری)

سیکا: سکہ (اسم۔مذکر)

پھلوی کا موتی ناک پر سیکا دسے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سیکا: سیکھا

ہنر تجھ کنے آنے مجھ کوں سکا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

سیکل: تمام۔پورا

اچائے سیکل ملک میں پیٹ دھنڈ (نصرتی۔علی نامہ)

سیکی: سیکھی

عقل کچھ اسی تھے جو دانش سیکی (رستمی۔خاور نامہ)

سیکیا: سیکھا

1۔سیکیا ہوئے گا کچ ادب پند توں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔تج بات تے نت بزم گہہ گہ سیکیا ہنر سنگار کا (نصرتی۔علی نامہ)

سیکیں: سیکھیں

شاہ عبداللہ کنے تھے سیکیں آدم بحث (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سینگڑوں: سینکڑوں

اگر ہوں سینگڑوں تو لے کو جانا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

سیلا: وہ چادر جو گلے اور کاندھے پر ڈالتے ہیں

کھادے کے اپرنہ صاف سیلا (محمود بحری۔من لگن)

سیم: کھیت (اسم۔مذکر)

چلے بیگ یک سیم منے آبیٹھے (غواصی۔مینا ستونتی)

سیمیا: وہ علم جس سے کرشمات دکھائے جاسکتے ہیں

1۔کیا سیمیا کیا ہیمیا کیا ریمیا کیا کیمیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔دکھلانول تماشے تاثیر سیمیا کا (شاہی۔کلیات شاہی) 3۔فلاطوں بوعلی کی سیمیا کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

سین: (سنسکرت) علامت۔ نشان۔ اشارہ

1۔ دسیں تجھ منے سب سیادت کے سین (فیروز بیدری۔ پرت نامہ) 2۔ کرین لک چھند بند حل حل نین کے یک سین میانے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ دیا ترتیب سب ساقی سین کا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 4۔ دیکھت روز اس صبح کے سین کا (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

سین: سن۔ عمر

بہت خوبصورت ننھے سین کا (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

سین: (سنسکرت شین) بستر

انگاروں سوں بھری سودن شین سب (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سیں: سہی

پھر کیا کیا علتے غیب میں آتے ہیں سو برے دیکھیں تو سیں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

سیں: سے

معوی جو ہے تج سیں موت (اشرف۔ نوسرہار)

سینا: سینہ

1۔ سینا کوٹ سر مارلئی تڑ پڑی (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 2۔ کدھیں کوئی دکھادے سینا کھول کر (وجہی۔ قطب مشتری)

سینا پیسنا: زحمت اٹھانا

صبا لگ سینا پیس کر ہر رین (غواصی۔ طوطی نامہ)

سینا سخت کرنا: دل کو مضبوط کرنا

بازاں بنی سینا سخت + کر چپ رہے یوں اس وقت (اشرف۔ نوسرہار)

سینپ: سیپ

اچھے تج سمد بیچ سینپیاں ساں (وجہی۔ قطب مشتری)

سینپ پور: (سنپور) مکمل۔ بھرپور

سینپ پور زنکار درشت اگو چر (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

سینپی: سیپ۔ صدف

1۔ تمھاری قہر سینپی (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس) 2۔ جیوں سینپی میں کیڑا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

سیندور: سرخ سفوف جو ہندو سہاگن اپنی مانگ میں لگاتی ہے

1۔ بھری مانگ میں بھوئیں کے سیندور جوں (نصرتی۔ کلام نصرتی)

سیندوری: دعوت۔ ضیافت

دلے مار بیری سیندوری کروں (فخر دیں نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

سیندوری: سیندور کا

صفا تھے پہ سیندوری ستارا سہل مت جانو (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سیندی: سیندھی

ستر حوریں او ہے نار سیندی شراب (علاء الدین فقیر۔ ابلیس نامہ)

سینسار: سنسار۔ دنیا

1۔ نکلا کیتا جن سینسار (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔ گرہستی تھا بہت سینسار کا دو (سید محمد والہ۔ طالب دموہنی) 3۔ تمہیں شاہ رستم جو سینسار کا (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سینہ پھوٹنا: دل چاک ہونا۔ سینہ پھٹنا

دل میں بھڑکا اٹھیا سینہ پھوٹیا (وجہی۔ سب رس)

سینہ دھڑ دھڑانا: دل دھڑکنا

اجوں دھڑ دھڑاتا ہے سینہ مرا (غواصی۔ طوطی نامہ)

سینیاں: سینا (سینہ) کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)

1۔ کیا دور سینیاں پو کے زنگ کوں (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ گئے ہو صاف سینیاں کے پرسوں (ابن نشاطی۔ پھول بن)

سیو: سیوک۔ خادم (اسم۔ مذکر)

سرمنڈل سیوسار جنتر کا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سیوا: سیواجی

باغی سیوا ہو وندکیا ہت میں کوکن آئے پر (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

سیوال: کائی (اسم۔ مذکر)

1۔ کدم کیج سیوال میں تو پاک پانی سی (محمود بحری۔ من لگن) 2۔ کدم کیچ سیوال مالا ہوا (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

سیونا: خدمت کرنا

چھپن بھاس کا پرس جس سیوتا (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

سیوتے: سیوا کرتے۔ خدمت کرتے

اسے سیوتے دوئی جگ جم رہیں (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

سیوٹ: (مراٹھی) حد۔ انتہا۔ آخر۔ سرحد

1۔ اوسیوٹ کوں کافر سو ہوکر مریں (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 2۔ اٹھیا سیوٹ اس دھات سوں بول کر (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ وَلے سیوٹ کٹنے پن کی او پھل کھائے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 4۔ بحری میں بحر و بر ہے ہور بحر و بر میں بحری + اس بات کوں عزیزاں سیوٹ نہ کہیں تو کیا کہیں (محمود بحری۔ کلیات بحری)

سُورگ: جنت (اسم۔ مونث)

دہاں سورگ اپر دپ موتی بنایا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

سیوکاریاں: خدمت گار

سولکھن روپ دھنیاں سیوکاریاں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سیوکی: لونڈی۔ کنیز (اسم۔ مونث) اور (اسم۔ مذکر)

1۔ رہوں گی سیوکی ہو میں پیا کی رینج ہے جس سوں (شاہی۔ کلیات شاہی) 2۔ شاہ عبداللہ جو ہے حضرت نبی کا سیوکی (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ سدا اس کے دربار کی سیوکی ہوں (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

سیون: حد

جہاں گاؤ نچھ نیں وہاں سیون کیا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

سیوؤں: خدمت کروں

ہور اخلاص سوں تجھ کوں نت سیوؤں گا (غواصی۔ طوطی نامہ)

سیون ہارے: سینے والے

سیون ہارے اپے پیسے سو جاگے + سو نچ انکھیاں پرودیں سوئی میں دھاگے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

سیونا: سیوا کرنا۔ خدمت کرنا

تجے سیونا مُنج کوں ناچار ہے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

سیونے: خدمت کرنے

جو گذرانوں نیں اس سیونے سات (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

سوہانی: سہانی

بنا کر اپس شکل دائم سوہانی (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

سیوے: خدمت کرے

1۔ اگر شاہ دل سوں اسے سیوے گا (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ عاشق صادق مشتاق ہوکر دربار مرشد سیوے (محمود خوش دہاں۔ رسالہ وجودیہ) 3۔ سدا سیوے مل سات عالم تجھے (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔ اہے مطلب ترے سیوے سوں میرا (ابن نشاطی۔ پھول بن)

سیوے کی بندی: خدمت گذار۔ کنیز

پیا ہیں ہوں سیوے کی بندی تمھاری (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

سیویں: سیوا کریں۔ خدمت کریں

سیویں مسجدیں ہور دیری تج (نصرتی۔ کلام نصرتی)

سیہ گوش: ایک جانور جسکے کان کالے ہوتے ہیں

سیہ گوشاں چکاریاں پر پڑے یوں (ابن نشاطی۔ پھول بن)

سئی: سہی

اودکھ بھوت ہوں سئی ہوں تیرے بدل (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

سیویاں: سویاں۔ فارسی میں رشتہ حلوا اور عربی میں شیریہ کہتے ہیں۔

1۔ سینولے لٹ کے دکھلا کر ذرا مت + کہ یو سیویاں نمن چارہ ہمارا (محمود بحری۔ کلیات بحری) 2۔ خرم خوشیاں سوں شیوے کی سیویاں بھری پُری (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

OOOO

ش

شاب: شہاب۔ چمک

1۔ چھپیا نور بھی شاب لے نور کا (غواصی۔ طوطی نامہ) 2۔ دن جوت بجلیاں نمن شاب تھے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 3۔ اُس کے رخسار نے شاباں سٹیا ہے (وجہی۔ سب رس)

شابی: روشنی (اسم۔ مذکر)

اُبجا ہے ترے مکھ تھے جے شابی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

شادیاں گنانا: خوشی منانا

او دونوں اپس میں بڑے گت سوں شادیاں گناتے تھے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

شاخ: سینگ (اسم۔ مذکر)

کھڑک سوں شاخ اوتاریا ہرن کا (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

شارو: مینا (اسم۔ مونث)

1۔ہور اس پاس ہے ایک شار و عجب (غواصی۔طوطی نامہ)2۔او شار و کے موں سے سنی جو یو بین (غواصی۔طوطی نامہ)

شار :شہر (اسم۔مذکر)
اخوناں جتے تھے ہر اک شار کے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

شانا :سیانا۔ہوشیار
1۔آچیں پارو ہی ہود ! بہوت چتر شانا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)2۔دل بادشاہ چتر جوہری بہت شانا (وجہی۔سب رس)3۔بڑا پکا ور شانا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

شانا ہونا :سیانا ہونا۔سن شعور کو پہنچنا
1۔دو بالک جو دن دن کوں شانا ہوا (غواصی۔طوطی نامہ)

شاند:فکر۔خیال (اسم۔مونث۔اسم مذکر)
1۔دیوانہ ہو کر شاند کرتا ہے (وجہی۔قطب مشتری)2۔سوئی پڑمڑی کا اٹھیا شاند دئیں (غواصی۔ طوطی نامہ)3۔مجے کاں تے یو شاند پیدا ہوئی (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)4۔نہ رہ سک حماقت سوں لے پھر او شاند (غواصی۔طوطی نامہ)

شاند اُٹھنا :فکر لاحق ہونا
اٹھیا ہے تجے شاند کس بات کا (فائز۔رضوان شاہ روح افزا)

شاوں:شاہوں
گداہوں کی خبر کیا شاوں کے تئیں (شفیق۔تصویر جاناں)

شاہ باش:شاباش
1۔مرد یوں رہنا جو خدا بھی شاہ باش شاہ باش کہنا (وجہی۔سب رس)
2۔شاہ باش چورا ساچ ہونا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

شالا : شال۔دوشالہ (اسم۔مذکر)
اڑاؤ صبح پرت کا شاہ شالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

شاہدی :گواہی۔ثبوت
شاہدی بھاں عقلمند کی عقل ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

شاہدی بھرنا :گواہی دینا
سب کھول کر بولیا ہور اس مجلس میں شاہدی بھریا (ابراہیم۔ بیجاپوری انوار سہیلی)

شاہیناں : شاہین (پرندہ) کی جمع
اڑائے یک طرف تھے شاہیناں کوں (ابن نشاطی۔پھول بن)

شاہ اسوار :شہ سوار
کتے شاہ اسوار اس پنتھ آئے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

شاہ مارگ:(سنسکرت مارگ راستہ) شاہراہ (اسم۔مذکر)
سونا گاہ یک شاہ مارگ منے (غواصی۔طوطی نامہ)

شاہ نورس : ابراہیم عادل شاہ ثانی
ہوا جگت گرو شاہ نورس نگار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

شاہ نائے : شہنائی (اسم۔مونث)
بھری روح کیوں جیوں بجا شاہ نائے (نصرتی ۔ گلشن عشق)

شب شب : راتوں رات
شب شب ہوا ہے کسی دلبری (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

شباپڑنا : شبخون مارنا
کونسے وقت تمھارے پر آکر شباپڑتے ہیں کی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

شبا بھانا : شبخون مارنا
دیکھو اجڑ گئی شوشوی راتاں کو جاتی ہے ہر روز+کیا جانوں ماں کس پر شبا جا جا کے بھاتی ہے ہر روز (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

شبد : لفظ۔(کن فیکون) (اسم۔مذکر)
شبد سوں یو برہمانڈ سارا سنوارا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

شبی :شبیہ۔تصویر (اسم۔مونث)
جو لکھتے تھے ہر یک شبی اُس کے ساتھ (نصرتی۔گلشن عشق)

شبے خوں:شب خون
شبے خوں ہے اے شاہ ہے عالی جناب (طبعی۔بہرام وگل اندام)

شبے قدر : شب قدر
شبے قدر تے بال باریک تر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

شبینے : رات کا پہرہ۔رات کی نوکری
سو یک دن سپاہی شبینا کیا (غواصی مینا۔ستونتی)

شپاشپ :تیر کے کمان سے نکلنے کی آواز

چھوٹے سراسر بان ہور تیراں شپاشپ بے شار (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

شتابی : جلدی

ارے من شتابی ستی آسرن میں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

شتال : (سنسکرت شیتھل) پسینا۔کمزور کرنا۔

1۔کیا یوں اسے عشق تیرا شتال (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔رجھانے لگیں شہ کو من میں شتال (وجہی۔قطب مشتری)

شتالنا : چھیڑنا۔اُکسانا

جوں تار شتالنے سوں مضراب (محمود بحری۔من لگن)

شتالا : بے چینی۔اضطراب

1۔مجھے اس کدن سوں شتالا ہوا (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 2۔شتالیا پرت کا جو تپنا اسے (غواصی۔طوطی نامہ)

شُتری : (سنسکرت شترو) دشمن عورت (اسم۔مونث)

مرے باند پانچ کوں لاکر جھڑاوں گی بال شتری کے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

شجات : شجاعت

دیا تھا خدا نے جنن کوں شجات (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

شدے : علم جو محرم میں استادہ کیے جاتے ہیں (اسم۔مذکر۔جمع)

1۔کیتے شدے کرنے کھڑے رونق کیتے بستار کا (نصرتی۔علی نامہ) 2۔شہہ کے نکلتے کر شدے سب شہر میں بلبل ہوا (نصرتی۔علی نامہ)

شراب دار : شراب والا (اسم۔مذکر)

یک بندی واں شراب دار خواب دیکھیا کہ شراب کی خاطر داک نچوڑتا ہوں (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

شرابے : ریلا۔دھار

انکھیاں تے ہو کے شرابے چلے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

شربت خوری : شادی کے لیے منسوب کرنے کی رسم

1۔کہ اول تیرا باپ اے شہہ پری + کیا ہے میری تیری شربت خوری (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 2۔کہ مجھ واسطے بج کو اے شہہ پری + کیا ہے عرس تیری شربت خوری (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

شردھی : سادھو۔گیان دھیان کرنے والا

تو ایسا رشی شردھی نہیں کوئی آج (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

شرشور : شور وغل۔ہنگامہ۔غضب

1۔رگاں میں سو یہہ کا او شرشور تھا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔سو شرشور غل عالی ہوا سب تمام (وجہی۔قطب مشتری) 3۔دھلارا اٹھیا سخت شرشور کا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

شرطاں : شرط کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

1۔اس موتی اس دیس کے شرطاں و باتاں کیا ہوئے (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔بجالیائے شرطاں سو اُومہ بتے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 3۔سو حرمت کی شرطاں بجالیا تمام (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

شرف دار : شرف رکھنے والا

یقیں مانو سکل دن میں بھی دن ہے شرف دارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

شرف ناک : عالی نسب۔معزز

شرف ناک عالی نسب ات بزرگ (نصرتی۔گلشن عشق)

شرک لیانا : شرک کرنا

خدا سوں شرک لیانا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

شرگشت : شہر گشت۔نوشہ کا جلوس

مگر شرگشت کا نوشو چلیا ہے خوش بنی گھر کوں (نصرتی۔علی نامہ)

شرم حضوری کرنا : لحاظ کرنا۔خیال کرنا

بعضے لوگاں مزدوری کرتے صاحب کے کام پو نظر نہیں ہر کسی کی شرم حضوری کرتے (وجہی۔سب رس)

شرم رکھنا : لاج رکھنا

اتنا تو بی میری آشنائی کی نہیں رکھی شرم (وجہی۔سب رس)

شرم کھانا : رسوا کرنا۔بے عزت کرنا

1۔انو کے جینے چھٹتے، انو کی شرم ایکس کے کھانے اٹھتے (وجہی۔سب رس) 2۔مری شرم کوں جگ میں کھائی ہے توں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنون)

شرن : پناہ۔زیر سایہ

کیا شرمندا اس کے شرن دوڑ جا (غواصی۔طوطی نامہ)

شرنگ : اندرائین۔ایک کڑوا پھل (اسم۔مذکر)

شکر نہ شرنگ سوں ملا گھول (محمود بحری۔ من لگن)

شروار : شلوار (اسم۔مونث)

کہ شروار چادر سو سر بند سیاہ (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

شریر : جسم (اسم۔مذکر)

1۔ شریر اس کا جو پھولوں راس سارا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ سراسر شریر آپنا جالتا (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 3۔ شریر اس کا گلا پانی میں جوں لون (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

شست : دنیا

وہی شست وسور دوہی بھن ہے (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

ششش : چاند (اسم۔مذکر)

گھڑی گھنٹ پل مینھ پڑے اند ششش (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

ششی : چاند (اسم۔مونث)

1۔ ششی ہور دیوا کر مہابل بنایا (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 2۔ دے سور ہور ششی کوں تری بزرگی کوں بانٹ (محمود بحری۔ کلیات بحری)

ششٹی : بقا (اسم۔مذکر)

نہ ششٹی ذرا تھا نہ کوئی مرن تھا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

شطت : (عربی) شطط، ظلم (اسم۔مذکر)

یک سال او باغی سیوا جگ میں شطت پیدا کیا (نصرتی۔ علی نامہ)

شعلا : شعلہ (اسم۔مذکر)

1۔ عشق کوں یک شعلا جان (جانم۔ ارشاد نامہ) 2۔ نہیں گرچہ شعلا اہے کولتی (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

شعری : شاعری

کریہ، اشرف، کچہ شعری (اشرف۔ نوسرہار)

شعورداریاں : باشعور عورتیں (اسم۔مونث۔جمع)

شعورداریاں کوئی ہیں وہ دیکھیاں سو بھی نا کہیں گیاں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

شغلاں : شغل کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

تو بن عشق شغلاں کے پلے نہ ہو (محمود بحری۔ کلیات بحری)

شِکاریچ : شکار ہی (چیتا کیدی۔ مراٹھی)

1۔ شکاریچ میں وقت اپنا گمائے (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا) 2۔ شکاریچ تیری کدھر جاؤں گی (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

شک ٹٹنا : شک دور کرنا

بڑی کا ٹٹنا شک کہی کھول سب (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)

شکتی : طاقت۔ توانائی (اسم۔مونث)

لوگاں کی شکتی کو لگ چت آپنا چرانا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

شکتے : شک کرتے

ہمیں جھگڑے کوں بیس شکتے ہیں ذرا (ابن نشاطی۔ پھول بن)

شکر بچن : شیریں سخن

ترشی اپس جیس سو نکال اے شکر بچن (ولی۔ کلیات ولی)

شکر پھٹانے : شکر لپیٹے چنے (اسم۔مذکر)

کنکر بج سوں شکر پھٹانے دسیں (نصرتی۔ گلشن عشق)

شکر سارنا : شکر ادا کرنا

سکے کون تیرا شکر سارنے (وجہی۔ قطب مشتری)

شکر : ایک ستارے کا نام (اسم۔مذکر)

نہ شکر ششی بدھ نہ دایو نہ بادل (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

شکر کی چھری : میٹھی چھری

دو بہت بری ہے، شکر کی چھری ہے (وجہی۔ سب رس)

شکریاں : شکرا (ایک پرندہ) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

ترتیاں ہور شکریاں مل کے جھٹ پٹ (ابن نشاطی۔ پھول بن)

شکنا : جھجکنا۔ ڈرنا۔ پس و پیش کرنا۔ شک کرنا

1۔ ہم جو جس بولنے کو شکتے ہیں + سو قلندر تمام بکتے ہیں (محمود بحری۔ کلیات بحری) 2۔ اُن اپنے دل میں شکیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی) 3۔ برا نامرد ہے کر کر اوشکی (غواصی۔ مینا ستونتی)

شکھ : توتا (اسم۔مذکر)

ایک بست پتنگ دو جے پائری سمرن کرن تجے شیہ شکھ (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

شکوں : شک کروں

قبیلے سے میرے بہوت میں شکوں (عاجز ابن احمد گجراتی ۔ لیلیٰ مجنوں)

شکی: شک کیا ۔ جھجکی

کرن کام اس دھات کائیں شکی (غواصی ۔ طوطی نامہ)

شکیا : شک کیا

1 ۔ اُسے دیکھ کر بہوت دل میں شکیا (رستمی ۔ خاور نامہ) 2 ۔ او بزرگ سرا بہوت عالی اتھا + دیکھت شاہزادہ تو دل میں شکیا (صنعتی ۔ مثنوی گلدستہ)

شلڈی : سڑی ۔ دیوانہ

یکا یک ایک ریچھ اوڈھگا ...... شلڈی او بھی یکیلے پنے سوں اُڑ چک ہوکر اوس پہاڑ پو سوں اُترتا تھا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

شلو : بیوقوف

ہوئی رات لئی جاکے سوویں چلو + نہ ہونا انن سنگ اپن بھی شلو (صنعتی ۔ مثنوی گلدستہ)

شمے : شمع (اسم ۔ مذکر ۔ اسم ۔ مونث)

1 ۔ جلا سو شمے بزم طرب میں نکولاؤ (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2 ۔ کہی یوں کہ او جگمگاتی شمع (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

شنائی : شہنائی (اسم ۔ مونث)

1 ۔ کہ بج گئی ہے عالم میں سب یو شنائی (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 2 ۔ شنائی پاوا نے خالوا چنگ (ابراہیم عادل شاہ ۔ کتاب نورس)

شنایاں : شہنائیاں (اسم ۔ مونث ۔ جمع)

شنایاں او کرنا بجیں ہر مقام (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر)

شنکا: (سنسکرت) شک ۔ شبہ

شنکا نہ انن کے سوچ کے بیچ (محمود بحری ۔ من لگن)

شنکھ : ایک قسم کی بین جو دریائی جانور کی ہڈی سے بنائی جاتی ہے اس جانور کو انگریزی میں chench کہتے ہیں (اسم ۔ مذکر)

لے کر ہاڈ کا شنکھ کہ میں بجادیں (شاہ تراب ۔ من سمجھاون)

شوانی : شہانی

شوانی قبا پہن بہرام نر (لطفی ۔ بہرام و گل اندام)

شوخاں : شوخ کی جمع

جو یہ شوخاں اُسے کچ شوق کیتاں (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

شوخوی : شوخ عورت (اسم ۔ مونث)

1 ۔ چلای شوخ سوں شوخوی کا خطاب (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی) 2 ۔ بڑی ہے شوخوی عورت پوچھے نت ہاشمی کاں ہیں (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی) 3 ۔ دو آملے گی شوخوی جس پر بڑیاں کانٹیں ہے داب (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

شوخویاں : شوخری (شوخ عورت کی جمع)

رکھیاں شوق تھے شوخویاں اپنا نام (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

شوروا : شوربا (اسم ۔ مذکر)

مچھل شوروے میں وطن کر رھیاں (نصرتی ۔ گلشن عشق)

شہاباں : شہاب کی جمع (اسم ۔ مذکر ۔ جمع)

کہے تو گگن تھے شہاباں چھٹے (صنعتی ۔ قصہ بے نظیر)

شہار : شہر (اسم ۔ مذکر)

1 ۔ کرے قصد جس ملک جس شہار کا (غواصی ۔ طوطی نامہ) 2 ۔ اسے گز ولایت بہت شہار تھے (غواصی مینا ۔ ستونتی) نہ جنگل میں دستا ہے نا شہار میں (فائز ۔ رضوان شاہ و روح افزا)

شہانی : شاہانہ

شہانی کیے یو بڑا کام شاہ (وجہی ۔ قطب مشتری)

شہدے شکستے : غنڈے اور بدمعاش

ہور شہدے شکستوں کو اپنی سنگت میں ملالیا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

شہہ سار : شہسوار (اسم ۔ مذکر)

بروت تج شہہ سار کا تر دار مارن ہار آج (غواصی ۔ کلیات غواصی)

شید : (سنسکرت کشیلا) دکھ

کھیا شہ اپس دل میں ہے شید کیا (نصرتی ۔ گلشن عشق)

شیخی جگانا : شیخی کرنا

بزرگی سوں باگاں نے شیخی جگائے (نصرتی ۔ علی نامہ)

شیراں : شیر کی جمع (اسم ۔ مذکر ۔ جمع)

1 ۔ سچا شیر نر ہے تو شیراں میں آج (غواصی ۔ طوطی نامہ) 2 ۔ تو شیراں نہ پاتے کدھیں یک چپتل (صنعتی ۔ قصہ بے نظیر)

شیشا : شیشہ (اسم ۔ مذکر)

تس او پر جیو کا شیشا کیا چور (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

شیش شائی: (شیش ناگ) ناگ پر سونے والا۔ وشنو
اُو پر میشور شیش شائی ہے داتا (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

شیشہ سرا: شراب کا شیشہ
نیہ پرسوں من دھرتے نہیں شیشہ سرا ابھرتے نہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

شیشی تاس: دھوپ گھڑی جو شیشے کی بنی ہوتی ہے
ایگ کر پھر اول دم تن جو کیتی شیشی تاس (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

شیو: شوہر۔ دولھا (اسم۔ مذکر)
اڑاتے تھے شیو پر شہانی رومال (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

شیونیہ: عدم (اسم۔ مذکر)
1۔ گرو جی او شیونیہ کیوں اتھا سو بتاو (شاہ تراب۔ من سمجھاون) 2۔ نہ تھا جب یو پرپنچ تب شیونیہ تھا سب (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

شیوانی: شہوانی
سہیلی بنی نیلی رت میں شیوانی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

شیویاں: شیوہ کی جمع
1۔ دلارام شیویاں میں استاد ہے (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ) 2۔ اے شیویاں سیتی چت سوں چت باندے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ شیویاں سنے استاد ہے باتاں مین نادانی ہنوز (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

شیہ: ہاتھ (اسم۔ مذکر)
تیجے شیہ سیت سوا چو تھے ایچ کر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

○○○○○

ص

صاحب تروار: صاحب سیف۔
تکوار کا دھنی ہر سپہ سالار سوں صاحب ترواروں مل کر یک دل کر بہت قرار کیے (وجہی۔ سب رس)

صافی: صفائی
دل مرا صافی میں جیوں درپن ہوا (ولی: کلیات ولی)

صُبا: صبح (اسم۔ مونث)
1۔ صبا کترا اٹھی ہور تج سنگاری (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ صبا اُٹھ انو کاموں دیکھے تو جھڑتے سب پاپ (وجہی۔ سب رس)

صبا: سجا (اسم۔ مونث)
1۔ کتے ہیں آنہارے ہیں اندر کی صبا ان کیاں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)
2۔ اندر کی صبا ساری واں ہوئی تھی رد (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

صُبا پارا: صبح کا پہر
صبا پارا ہوا سارا ٹھنڈا بارا ہے ہر ٹھارا (عبداللہ قطب شاہ: کلیات عبداللہ قطب شاہ)

صُباح: صبح (اسم۔ مونث)
اجھوں دیس چڑیا میں پاؤ گھڑی جو صباح پڑی (وجہی۔ سب رس)

صُبا قیامت: صبح قیامت
صبا قیامت کے دن عاشقاں کوں پوچھیں گے (میراں یعقوب شمائل الاتقیا)

صُباں: کل
اگر آج کا کام صباں پو پڑیا تو اُس میں بہت آفتاں ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

صُبائی: صبح ہی (اسم۔ مونث)
محل میں تے دولت نکل کر صبائی (طبعی۔ بہرام و گل اندام)

صبر جانا: صبر کرنا
ارے میاں فقیر ذرہ صبر جا (ابراہیم بیجاپوری: انوار سہیلی)

صبرنا: صبر کرنا
تمہیں ذرہ صبرو (ابراہیم بیجاپوری: انوار سہیلی)

صُبورنا: ٹھہرنا۔ رکنا
قاضی حجام کو سزا دینے میں صبورنا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

صبی: (عربی) لڑکا۔ جوان (اسم۔ مذکر)
اے مجھ پیارے ہر دو صبی (اشرف: نوسرہار)

صحبت توڑنا: صحبت ختم کرنا
موں کے سنگیوں سیں تو صحبت توڑنا بہتر ہے جان (اولیا۔ قصہ ابوشحمہ)

صُحبتی پنا: دوستی

ارے میاں صحبتی پنے کے حق سوں اس بات سوں کان کھول دیتا ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

صحی: صحیح۔درست

صحی حدیث سنیا ہوں لوبار کھعاں تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

صحی: صحیح

1۔ وہ خالق میں مخلوق اس کا صحی (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)
2۔صحی کر کو بولیا ہوں میں بے خلاف (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 3۔رین تے تو ہے دلیس روشن صحی (غواصی۔طوطی نامہ)

صحیفہ: خط۔تحریر　(اسم۔مذکر)

لیلٰی نے صحیفہ پھڑی سر بہ سر　(عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلٰی مجنوں)

صحنکاں: صحنک کی جمع　(اسم مونث۔جمع)

بھر دو صحنکاں نعمتاں محترم (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

صرصری باد: باد صرصر

جوانی چلے باد ہو صرصری (غواصی: مینا ستونتی)

صُرائی: صراحی　(اسم۔مونث)

دیتا صرائی ثریا دیکھ صبح اتال ساقی (ک۔ن)

صُرایاں: صراحیاں　(اسم مونث۔جمع)

جو بن سو سوہنیاں کی پتلیاں ہیں جو صرایاں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

صفا: صفحہ　(اسم۔مذکر)

ترے مکھ کے صفے پر خط لکھا قدرت کے کاتب نے (ولی۔کلیات ولی)

صِفت سرانا: تعریف کرنا

صفت اُس کی قدرت کی اول سرا تو (نصرتی۔گلشن عشق)

صِفت کر: تعریف کر

صفت کر اول اس کی جو رام ہے گا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

صِفایات: صفائی

یہاں سوں واں تلک ہوئے صفایات (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

صف کوں لوٹ پوٹ کرنا: صف الٹ دینا

علی کا تو دل صف توں کر لوٹ پوٹ

صفہ: چبوترہ　(اسم۔مذکر)

صفے میں سراسر بچھانا بچھا (طبعی۔بہرام وگل اندام)

صلاح: صلح

دیسے دشمن سیں صلاح کیوں کر کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

صلاح بازی کرنا: صلح صفائی کرنا

دندیاں سوں کر و صلح بازی اول (فائز۔رضواں شاہ و روح افزا)

صمدی: سمدھی (سمبندھی۔رشتہ دار)　(اسم۔مذکر)

کہ صمدی کا نسبت ہمن میں دھریں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

صندل ہات: شادی کی رسم جس میں سمدھنوں کے ہاتھ کو صندل لگایا جاتا ہے

سہاگن جو دیتے ہیں صندل کے ہات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

صُورت پھرانا: روپ بدلنا

کہ اس دھات، ور حاصل صورت پھرا (غواصی۔طوطی نامہ)

صُورت لکھنا: تصویر کشی کرنا

1۔لکھیا صورتاں اس میں بھونا زسوں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔حسن، دھن کی صورت لکھ کر دکھلایا (وجہی۔سب رس)

صُورتی عشق: جسمانی عشق

عشق صورتی کام نہ آے کچ (وجہی۔قطب مشتری)

صُورتاں: صورت کی جمع　(اسم۔مونث۔جمع)

کیا صورتاں اپنی تصویر لے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

صوف: ایک قسم کا کپڑا (اسم۔مذکر)

کہ صوف ہور سقلا دباڑاں دیے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

صوفہ: شہہ نشین　(اسم۔مذکر)

صوفے کے موں کو ناندھوں یک پال سوتے پڑم کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

OOOO

ض

ضبط میں لانا: قابو میں لانا

کہ لیایا جتے ضبط میں سب دکن (وجہی۔قطب مشتری)

ضد مانڈنا : ضد کرنا

پیروں تو رت مانڈے ضد (اشرف ۔ نوسرہار)

ضرب : رعب داب

ہمارا لاؤ لشکر بڑے ضرب سوں لڑائی کے موں کو لگ جاتا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

ضرب لینا: چوٹ کھانا

تجھے نیر تو ضرب لے پائے گا (ہاشمی ۔ یوسف زلیخا)

ضرور : ضروری

1) مجھے لگیا ہے شہر دیدار کا خیال، رضا دے اتال بہوت ضرور ہے جو کام (وجہی ۔ سب رس) 2) اگر یک آدا نفل ضرور قضا ہووے تو پھر کر ادا کرے (میراں یعقوب شمائل الاتقیا)

ضرور پڑنا : ضرورت پڑنا

ضرور پڑیا تو چ نکلوں گا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

ضرورسوں : ضرورتاً ۔ مجبوراً

شیر ...... ضرورسوں اپنے دل کا بھید دمنہ سوں بولیا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

ضرورت کوں: ضرورتاً

1۔ضرورت کوں دھندا قبول کیے (وجہی ۔ سب رس) 2۔ضرورت کوں شہہ اٹھاتے ہیے (وجہی ۔ قطب مشتری)

ضمان : ضامن

(1) تو مجھ ہے مجھے دل کو ملانے کا ضمان (وجہی ۔ سب رس)

(2) پوچھیا اس ضماں ہو تو فرزند کوں (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر)

OOOOO

ط

طاس: گھنٹہ ۔ تھال پر گھنٹہ بجایا جاتا تھا (اسم ۔ مذکر)

1۔کل اک برس کی رات تھی مہینے کا اک اک طاس تھا (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی) 2۔ترنگ پر چڑیا جیوں بجا ایک طاس (طبعی ۔ بہرام و گل اندام)

طاس: (عربی) ایک نفیس اور قیمتی کپڑا ۔ ریشمی کپڑا (اسم ۔ مذکر)

1۔قبا طاس کی طاس کو خوش لگائے (نصرتی ۔ گلشن عشق) 2۔بر میں تیرے لباس طاسی ہے (ولی ۔ کلیات ولی)

طاقیہ: دستار کے نیچے پہنی جانے والی ٹوپی (اسم ۔ مذکر)

پیر تھے خرقی یا طاقیہ یا ہور کچ کپڑا منڈا اسایا پیرہن پانا (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا)

طبانچہ: طمانچہ

طبانچے میں دکھلاؤں شرزے کا زور (نصرتی ۔ علی نامہ)

طبقاں: طبق کی جمع

پیالے پٹیاں پان طبقاں دھرے (احمد جنیدی ۔ ماہ پیکر)

طبل: صندوق (اسم ۔ مذکر)

دل دجی کا جاگا ہور وحدانیت کا طبل ہے (میراں یعقوب ۔ شمائل الاتقیا)

طبل کے نادشورا جانا: ظاہرداری کرنا

کتے عاشق نہیں سو چپ کے آتے + طبل کے ناد خالی شورا جاتے (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

طبلہ: صندوقچی ۔ ایک ساز (اسم ۔ مذکر)

1۔لئی دھن کے طبلے سو لعل آئے بھار (وجہی ۔ قطب مشتری) 2۔لے طبلے کئی برس تے گئی تھی نھاس (غواصی ۔ طوطی نامہ)

طبیلے : طویلے

کیت اک طبیلے میں تھا کام کا (طبعی ۔ بہرام و گل اندام)

طبلیاں: طبلہ (صندوقچہ) کی جمع

کوئی یاقوت طبلیاں کوئی پاچ دھر (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

طرا: طرہ

طرا موتیاں کیرا اس پر دیے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

طرح تمیز دیکھنا: رنگ ڈھنگ دیکھنا

جس طرح تمیز دیکھ لئے سو پھرا سے دیکھنا کیا فائدہ (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

طرقے: ترخے

پھر طرقے سینا پھاٹ (اشرف ۔ نوسرہار)

طعما: طعام ۔ غذا

طمعا و پانی باج میں کیوں رہ سکوں تج پیار بن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

طفلے مکتب: طفل مکتب

کہ ابلیس تھا طفلے مکتب مدام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

طلب دھرنا: مانگنا

نہ طالب کسی کن طلب تو دھرے (بلاقی۔معراج نامہ)

طلخ: تلخ

کہ ظاہر میٹھا ہور چھپا طلخ تر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

طنبی: کھڑکی۔دریچہ (اسم۔مونث)

1۔طنبیاں کی سفے دھرن ہار بام (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔طنبی کا دے دروازہ کھلا کر دادرا ہلکا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

طوبیٰ: جنت کا ایک درخت (اسم۔مذکر)

مگر اس قد تھے طوبیٰ چھاؤں پایا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

طوباں: طوبیٰ (جنت کا ایک درخت) کی جمع

سو طوباں سوں سہاتا ہے جنت نمنے چمن سارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

طورا: طرہ

کہ طورا او سے سر کا جوں تاج ہے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

طور طور ہونا: تبدیل ہونا۔بدل جانا

تو تل تل کوں ہوتا ہے توں طور طور (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

طوری: خاص وضع سے تیار کیا ہوا پھولوں کا ہار

کہ چونڈی او طوری جتے تھے وتے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

طوطیاں: توطے (اسم۔مونث)

وہاں سب طوطیاں کی فوج آئی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

طوفان مارنا: طوفان اٹھنا

جیو کے دریا میں پیار کا طوفان ماریا (وجہی۔سب رس)

OOOO

ظ

ظہیرا: زہرا۔حضرت فاطمہ

فاطمہ ظہیرا کے فرزند (اشرف۔نوسر ہار)

OOOO

ع

عاجیز وار: عاجزی کے ساتھ

پڑے پاؤں سب شہ کے عاجیز وار (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

عاجیزی: عاجزی

کہ عاجیزی اس سوں بہوت دھات کر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

عار دھرنا: عار کرنا

سگے سو دودھریں سب عار منج تھے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

عاروس: عروس (اسم۔مونث)

1۔گئے شہ عاروس خلوت منے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔میں عاروس پیاری، توں نوشو بنا (غواصی۔مینا ستونتی) 3۔یہ عاروس میری ہے چھینے اسے (غواصی۔کلیات غواصی)

عاصا: عصا (اسم۔مذکر)

1۔بخشتا ہے عاصا آہ کا تجھ چشم کے بیمار کوں (ولی۔کلیات ولی) 2۔دیوے بچہ عاصا سو پروردگار (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3۔کہ عاصا و موسیٰ الف راست تر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

عاصی: آسی۔توقع کرنے والا=امیدوار

پیا کا درس دیکھن کوں رہے ہیں چک اُپاسی ہو + سد تتے نیت جیتے نہیں سوتے ہیں عاصی ہو (سلطان۔دیوان سلطان)

عاقلی: عقلمندی=دانشمندی

جنے یو پھول دیکھیا سو ہوا دیوانہ، عاقلی بڑی دیوانگی کھڑی (وجہی۔سب رس)

عالی شانی: عالی شان

قوت کچھ اور ہے قوت کی کچھ ہور عالی شانی ہے (وجہی۔سب رس)

عاماں: عام لوگ۔عامی

عاماں پر حرام ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

عاموں: عام لوگ

عاموں کیرا ایک گمان (جانم۔ارشاد نامہ)

عبدقادر: عبدالقادر

تمھیں عبد قادر سو قادر دسے (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

عبس: عبث

عبس کی تو پڑتا زلیخا کے سات (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

عبیر : ایک قسم کا خوشبودار سفوف (اسم۔مذکر)

اگر عشق کیس ہے تو کی یہ عبیر+ بسا کر جو جیتا ہے دھن کا سر یر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

عجائب: عجب

1۔عجائب ہے کسوت تمن حسن کی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔یو کتاب عجائب ایک بندر ہے (وجہی۔سب رس)

عجب میں آنا: تعجب کرنا

چور عجب میں آکر اس بات کو دریافت کرنا کر کر چپتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

عداوت سارنا: عداوت کرنا۔عداوت نکالنا

سگے بھایاں نے سگے بھایاں سوں عداوت سارے ہیں (وجہی۔سب رس)

عرابہ: پہیوں والی توپ (اسم۔مذکر)

سب اس دل سوں عرابہ رچ کھڑا تھا جوں یو بے ڈرکوں (نصرتی۔علی نامہ)

عرابی: عربی

اتھا گھوڑا اس کا عرابی نژاد (رستمی۔خاور نامہ)

عربنیاں: عرب عورتیں (اسم۔مونث۔جمع)

عربنیاں عجمنیاں یکندر بلاؤ (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

عرعری : سرو

لگی تھی رُوں روں کا پٹنے مانند شاخ عرعری (نصرتی۔علی نامہ)

عِشق بھوگنا: عشق کا مزہ لینا

بھوگنا عشق کوں سوائے بحری+ یا تلکھ یا نپٹ تجمل ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

عِشق پیچے: عشق پیچاں۔ایک بیل کا نام

جتے عشق پیچے اتھے خوش نظر (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

عِشق داٹنا: جذبہ عشق کا زور کرنا

عشق داٹنا سخت، کانداں کو دنے کا آتا وقت (وجہی۔سب رس)

عشور: عاشورہ

یو شور شر عشور کا گھر گھر ندا ہوا (شاہی۔کلیات شاہی)

عضاب: عذاب (اسم۔مذکر)

عضاب جاں کندنی سوں ہور عضاب گور سوں (امین الدین اعلیٰ۔کلمۃ الاسرار)

عضوی: عضو

کرے گا جو عضوی سوں عضوی جدا (غواصی۔مینا ستونتی)

عقل اونچی چڑنا: تیز عقل کا ہونا

اس کی عقل بھی تو اونچی چڑی ہے (وجہی۔سب رس)

عقل تے گرنا: عقل کھودینا

رقیب گمراہ۔روسیاہ، حیران پریشان سرگردان، فکر میں چوکیا، عقل تے گرپا (وجہی۔سب رس)

عقل دلالی: فہم استدلالی

عقل دلالی کا اُپجنا عقل مقیم میں تھے ہے (برہان الدین جانم۔کلمۃ الحقائق)

عقل سوجنا: عقل کی بات سوجھنا

غرور کو اچھی عقل کھاں سوجتی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

عقل سوں عقل ملنا: ہم خیال ہونا

اپنی عقل سوں اگر دوسرے کی عقل ملے تو واہ واہ اس تے بھی کیا خوب (وجہی۔سب رس)

عقل مقیم: استدلالی عقل کے برعکس فہم

عقل دلالی کا اپجنا عقل مقیم میں تھے ہے (برہان الدین جانم۔کلمۃ الحقائق)

عقل کوٹھکانے سرلانا: سمجھ بوجھ سے کام لینا

عقل کو ٹھکانے سرلاتا ہور دل کو سمجھاتا (ابراہیم نامہ۔انوار سہیلی)

عقل ونتا: عقلمند (اسم۔مذکر)

مسافری کے محنتاں میں عمر بھرنا عقل ونتے کا کام نہیں (ابراہیم نامہ۔انوار سہیلی)

عقل ونتی: عقل مند عورت (اسم۔مونث)

دوسری سکھڑ نام کہ عقل ونتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

عقل وند: عقل مند

عقل وند بیٹی ہے اس راج کی (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

عقید: عقیل (امام حسین کے چچا)
مسلم بن عقید اس نام (اشرف۔نوسرہار)
عکساں: عکس کی جمع (اسم مذکر۔جمع)
رومالاں کے عکساں جھلکنے لگے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
علاوہ: (الاوہ) الاؤ (اسم۔مذکر)
تھا عاشقاں کے دل تے چڑ ہر یک علاوا سوز میں (نصرتی علی نامہ)
علاجاں: علاج کی جمع (اسم مذکر)
برہ کا درد پا کر مجھ علاجاں کوئی کرتا نھیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
علم اُچانا: علم اٹھانا
ولایت سوتوں جب اچایا علم (فیروز بیدری۔پرت نامہ)
علفے (عربی علف): علوفہ۔غذا۔چارہ
پھر کیا کیا علفے غیب میں آتے ہیں سوبرے دیکھیں تو سیش (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
علم اوبھا کرنا: علم بلند کرنا
دکھن کے شعر کوں عزت دیا جن+زمانے میں علم اوبھا کیا جن (مومن۔اسرار عشق)
عمارتاں: عمارت کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
پھرن ہارے ہیں، ہم پربت گھراں عمارتاں کیا کام (غواصی۔میناستونتی)
عمر بھرنا: زندگی گزارنا
مسافری کے محنتاں میں عمر بھرنا عقل دنتے کا کام نہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
عُمراں: عُمر کی جمع
رو رو عمراں سب کھوے رے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)
عمود صبح: سورج کی کرن
کرتا عمود صبح نت سیوا تری جگ ڈھال کی (نصرتی۔علی نامہ)
عنن۔عنان: باگ
1۔ اُسے سارہت دے عنن یا سیج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ ہور حکم عنن کھینچتا ہے (شاہ ابوالحسن۔سکھ انجن)

عُود سوزاں: عوددان۔انگھیٹی جس میں عود وغیرہ جلاتے ہیں (اسم۔مذکر)
1۔ گگن عود سوزاں کے دیکھت جھجر (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔ کہ عود سوز ہر اک سو آلا دسے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
عُود یل: عود کا عطر یا تیل (اسم۔مذکر)
بھرا شیشوں میں عود یل اور پھلیل (مذنب۔پنجۂ آفتاب)
عورت بھانا: عورت کا گھر میں ڈال لینا۔نکاح کرنا
چار عورتاں بھایاں تو کیا مرد ہوئے (وجہی۔سب رس)
عورتاں: عورت کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
جتاں عورتاں دوستاں کی تھیاں (غواصی۔کلیات غواصی)
عورت ورتا: عورت پرست۔عورت کی خدمت کرنے والا (اسم۔مذکر)
یک عوت ورت کو کر شادمانی (ملک خشنود۔جنت سنگار)
عیب پوش کرنہار: عیب پوشی کرنے والا
مری عیب پوشی کرن ہار توں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
عیب کرنا: عیب گیری کرنا۔برا ماننا
1۔ چوک خطا کا عیب نہ کرنا (اشرف۔نوسرہار) 2۔ اگر میں تجے سچ کہی اے سندھر+دیوانی ہوں اُس کا کو عیب کر (وجہی۔قطب مشتری)
عیباں: عیب کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔ لوگاں مرے سنیں گے عیباں مرے چنیں گے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
2۔ دغاباز عیباں چنن ہار ہیں (وجہی۔قطب مشتری) 3۔ یو تج شاہ قابل کے عیباں چھپے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)
عیداں: عید کی جمع (اسم مونث۔جمع)
اُسے جگ کے عیداں سو کیا کام ہے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
عین پنا: عین ذات
خدا کا عین پنا میسر ہووے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

عین ذات: اچھی نسل
کہ اس دھات یک بادپا عین ذات + منگایا جت کے خوش ابرھن
سنگات (غواصی۔ سیف الملوک بدیع الجمال)

OOOOO

غ

غائی : مغرور (اسم۔مونث)
اپیں بھی بھوت غائی ہے رہی ہور غائیاں میں او (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

غارت میں اُجانا : تباہ ہوجانا
ہور مال غارت میں اُجائے گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

غاشا : غاشیہ = زین پوش (اسم۔مذکر)
1۔ سورج کرن پر چم دسے غاشا بدل کارا ہوا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ بغل میانے غاشا لے کر خاصہ دار + ہوا جبرئیل ہور پکڑیا نکھار (وجہی۔ قطب مشتری)

غاشادار : غاشہ دار
میکائیل لشکر لے ہفتاد ہزار + محمد کے انگے ہوے غاشدار (بلاقی۔ معراج نامہ)

غباری کا خطاں: خط غبار = آرائشی خطوط میں کا ایک خط (خطاں = خط کی جمع)
غباری کا خطاں پڑھنے سو چشمک سوں آنکھی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

غبغب : ٹھوڑی کے نیچے کا گوشت۔ ٹھوڑی (اسم۔مونث)
کہ غبغب دیکھے سرغ سرخی پکڑ (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

غبغباں : غبغب (ٹھوڑی کی جمع) (اسم۔مونث۔جمع)
ٹھوڑی سیب دنارنج بہ غبغباں (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

غپ چپ ہونا: خاموش وساکت ہونا
اگے بھان! ہاگ غپ چپ ہے ہور خوشی بھول گیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

غدر: ظلم۔ زیادتی (اسم۔مذکر)
کہ کرتا ہے منج پر توں ایسا غدر (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

غدر مانڈنا: غداری کا الزام لگانا
یا زید مانڈیا تجھ پر غدر (اشرف۔ نوسرہار)

غدرا: غدر کرنے والا (اسم۔مذکر)
توں موافق اپی ہور غدرا ہے توں (بہرام وگل اندام)

غدری: غدار = بے وفا
1۔ ایسی باللہ توں غدری (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ کیتک مرداں بہت غدری اچھتے ہیں (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

غراب: ایک قسم کی کشتی (اسم۔مونث)
کیا نقل راوی کو جب او غراب (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)

غرراتا: غُرّانا
او نے مار غرراتا مانند شیر (ستی۔ خاورنامہ)

غراراسٹنا: پیک تھوکنا
جہاں توں پان کھاسٹی غرارا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

غرّاز: (فارسی گراز) مغرور۔ تند
وہ باتوں منے بھوت غراز ہوے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

غرض وند: غرض مند
کہ ساتو جتے ہیں غرض وندیو (غواصی۔ طوطی نامہ)

غرضی: غرض والا
نہ آنے دے تجھ پاس غرضی کے تیئں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

غرغرہ: غرارہ (اسم۔مذکر)
تین مرتبہ غرغرہ کرنا (عابد شاہ۔ کنزالمومنین)

غُرکانا: گھرکنا۔ ڈانٹنا
تیتر کو غُرکا کو بولیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

غریبڑا: غریبی۔ افلاس
مبہوت ہوا جو میں لیا یو مجکوں غریبڑا دیاؤ (محمود بحری۔ من لگن)

غریبی بجالانا: عاجزی کرنا
میرے دل میں اُس کا ذرہ بھی دھوکا نہیں آیا جو میں اس میں غریبی بجالاؤں (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

غربی کرنا: انکسار برتنا۔عاجزی کرنا
شتر بہ سلام لے کو اُس سوں غربی کیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

غربی لینا: عاجزی دکھانا
دندی سوں اتنا چ غربی لینا جتنی سوں ارماں تیرے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

غزلاں: غزل کی جمع
جو غزلاں شاعراں کیا کیا کہے ہیں دیکھ سننے میں (غواصی۔کلیات غواصی)

غزلانچ: غزلیں ہی (چیتا کیدی۔مراٹھی)
یو غزلانچ گادیں سونای قوال (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

غرّپ: غرق۔ڈوبا ہوا
لہو میں پڑیا ہے غرّپ ہو جواں (رستمی۔خاور نامہ)

غُصا: غصہ (اسم۔مذکر)
1۔غصا دل میں ابلیا سونا سوں مرد (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔سمجھے میں کتی ہوں تکو کر غصا (غواص۔مینا ستونتی)

غُصا چُھٹنا: غصہ آنا
چھٹیا وَنیں غصا منج کوں سوآیا (غواصی۔طوطی نامہ)

غُصا کھانا: غصہ پینا
اول غصے کو کھا کر کھیر ہونا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

غُصالا: غصیلا
غصالا ہو شمشیر کوں ہات لے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

غُصالا ہونا: غصہ کرنا۔ناراض ہونا
غصالا ہوا جوں او شہ دادگر (غواصی۔طوطی نامہ)

غُصالیاں: غصالی (غصیلی) کی جمع
باطن میں مہرباں ہو ظاہر ہوئیں غصالیاں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

غضب کوں لگنا: غصہ پینا
جنے غضب کوں لگے تو خدا کی حلیمی کی صفت پاوے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

غُطا: غوطہ (اسم۔مذکر)
غطا غم کے دریا منے سر تے مار (غواصی۔طوطی نامہ)

غُطے: غوطے (اسم۔مذکر۔جمع)
1۔نہ کد لکے غطے کھا کھا مرے تن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔دریا میں تو ڈب کر غطے کھا تکو (رستمی۔خاور نامہ)

غُل: غول۔گروہ۔انبوہ (اسم۔مذکر)
رچیا جوڑ تیا کچھ جہازاں سوں غل (نصرتی۔گلشن عشق)

غُل اچانا: شور مچانا۔غل مچانا
1۔جگت سب جگمگایا بھی خوشیاں کا غل اچائیاں بھی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔سینا کوٹ لے، ہکر سوں غل اُچائے (غواصی۔طوطی نامہ)

غلّا: غلہ (اسم۔مذکر)
بے کچ کھانے کے تئیں لاگے سو غلا (نصرتی۔گلشن عشق)

غُلّا میں: غلامی کی انفیائی ہوئی شکل
حلقہ غلا میں کان با پکڑے ہیں گل واں عید کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

غُل بانگ: شہرہ
1۔غل بانگ ہو رہیا ہے تجھ روپ کا دو جگ میں (حسن شوقی۔غزلیات)
2۔ہر ملک میں آواز ہے تجھ حسن کے غل بانگ کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

غُل بل: شور۔ہنگامہ
اُجڑیاں کی اُجڑی بات سن ہرگز تکو غلبل کرو (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

غُلبلا: شور۔ہنگامہ۔غلغلہ (اسم۔مذکر)
کدھیں شور کرتی کدھیں غلبلا (وجہی۔قطب مشتری)

غُلبلا سٹنا: ہنگامہ کرنا
لکڑ بیسری: ایک پرندہ جو اپنی چونچ سے لکڑی میں سوراخ کر دیتا ہے۔

کہتے باز بہری لکڑ بیسری (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

لکڑی سے بجانا: لکڑی سے مارنا

میری بات کی لکڑی سوں نچ اسے بجاؤں گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

لک لکا: چمک دمک۔ آب وتاب (اسم۔ مذکر)

یک سو کیا یک لک لکے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

لک لکاٹ: چمک دمک آب وتاب (اسم۔ مذکر)

1۔ بتاوں لال چادر کیرا لک لکاٹ (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ) 2۔ اس کے رخساراں کی لک لکاٹ سوں دنیا میں اجالا کرنے والا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

لک لکاٹاں: لک لکاٹ (چمک دمک) کی جمع

دیک رنگ لک لکاٹاں کرتے ہیں کاٹ کاٹاں (میراں جی خدانما۔ بشارت الانوار)

لک لکانا: چمکنا

سورگگن میں سوں لک لکائے سری کا چمکتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

لک لک: ایک پرندہ (اسم۔ مذکر)

سو ہدہد و لک لک مولے و مور (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ)

لکن: چھپنے کی جگہ

بہوت کر میرے تمن ہے کہیں لکن کتوال کا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

لک لوٹ: روشن۔ منور (اسم۔ مذکر)

اس میں ایک صندوق تھا ہیرے کنکر سیں لک لوٹ (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

لکھ: لاکھ
1۔سلام ان پر خدا کا نت لکھ بار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔انجھو ڈھاے کیتے لکھ (اشرف۔نوسرہار)

لکھ لکھا: چمکدار
زرکیاں کناریاں لکھ لکھا اوڑھنی ہے دلبر اوڑھنی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

لکھا: خط۔تحریر۔نوشتہ (اسم۔مذکر)
1۔لکھا کو نے کا دکھلاؤ (اشرف۔نوسرہار) 2۔بختاں میں لکھا لکھیا سو کیا جاوے گا (وجہی۔سب رس)

لکھ بارا: لاکھ بار
اولب خنداں کے افسوں پر سو داروں آپ لکھ بارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لکھا کھوں: لاکھوں
لکھا کھوں راویں دیون مار کر (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

لکھت: تحریر (اسم۔مونث)
سریانی بولی کی لکھت سوں ایک کاغذ دھریا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لک لکھے: مہکتے ہوئے۔معطر
ہزاراں جنس باس میں لک لکھے (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

لکھن: (سنسکرت لکشن) لچھن۔گن۔علامت۔آثار۔قسمت (اسم۔مذکر)
1۔کون بکھانے لکھن اس کے نپایا جائے سو ہی (میراں جی شمس العشاق۔خوش نامہ) 2۔آدمی کوں آدمی پچانا کیا جانے کوئی کسی کے لکھن (وجہی۔سب رس) 3۔تیرے ڈھنگ لکھن دیکھ کر میرا دل بھوتچ کھل گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لکھن: لکھنا
نہ پورن لکھن مد تو حید تے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

لکھن: لکشمن جی
1۔نہ میں رام بل رام لکھن ہوں میں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)
2۔نہ ہنونت سکے نہ لکھن نہ رام (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

لکھنا: تصویر کھینچنا
لکھنے منے مانی سے چتارے کو نہ مانی (محمود بحری۔کلیات بحری)

لکھن بھریا: خوبیوں کا حامل
نازک اچنبا بے بدل لکھن بھریا ایسا محل (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

لکھنت: تحریر۔نوشتہ (اسم۔مونث)
لکھنت میں تری خوش کرامت کی دھات (نصرتی۔علی نامہ)

لکھن ھار: لکھنے والا (اسم۔مذکر)
1۔جیا جیو تر لوک ہو لکھن ہار (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔لکھن ہار ہوں ان کے کراں تمام (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔لکھن ہار جو اس نمط نہ لکھے (رستمی۔خاور نامہ)

لکھن وتیاں: نیک کردار (اسم۔مونث۔جمع)
لکھن وتیاں تھے سن کیاں سنگاتیاں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

لکھن: تعریف۔تشریح
جبلیاں کی لکھن لکھن سکے کون (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

لکھنے میں نیئں سماتا: ضبط تحریر میں نہیں آسکتا
اس علم کوں ایسا درجہ ہے جو بولنے میں نہیں آتا ہور ایسی بزرگی ہے جو لکھنے میں نہیں سماتا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

لکھو: علم عروض کی اصطلاح میں چھوٹی ماترا کو لکھو کہتے ہیں یہ اصطلاح موسیقی میں بھی مستعمل ہے۔
دو ورت لکھو گرو ہور پلیت ایک کر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

لکھوٹا: دستخط (اسم۔مذکر)
لکھا شرح کا نامہ خوش دھات سوں+لکھوٹا کیا مہر کر ہات سوں (صنعتی۔مثنوی گلدستہ)

لکھوٹا: خط۔نوشتہ (اسم۔مذکر)
جو قاصد لکھوٹا جو اس کوں دیا (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

لکھوٹا کرنا: تحریر کرنا
لکھوٹا کر اس مہر کی مہر کر (نصرتی۔گلشن عشق)

لکھی: لیے
1۔مری ہے بچاری او تیرے لکھی (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

2۔ میری پوکھی یک ڈلی ہے کر جان (غواصی۔طوطی نامہ)

لکھیر: لکیر (اسم۔مونث)

اس پو ہرے لکھیراں بھی تھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لگ: تک

1۔ سرپاوں لگ تج آج ویں جو دیکھتا ہوں خوب میں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ جو عمران سید ھادھاں لگ گیا (رستمی۔خاور نامہ) 3۔ تو یاد کر اس پیو کوں اپس بسرے لگ (وجہی۔قطب مشتری)

لگا لگ: متواتر۔لگاتار

1۔ خوشیاں جگ پہ یارب لگا لگ اچھو (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔ لگا لگ اسی دھات چالیس دن (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

لگلگے: چمک دمک (اسم)

یک سو کیا یک پل میں لک لک لگلگے (محمود بحری۔کلیات بحری)

لگاؤ بجاؤ: چغل خور

یہ لوگاں بڑے تتلماری لگاؤ بجاؤ ہور بکھیڑے ڈالو لڑائی خور ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لگ بگ: (مراٹھی)۔جلدی

چلے بھار پر بھار لگ بگ ستے (نصرتی۔علی نامہ)

لگت: فوراً

1۔ ستیا دھیر لے بے قراری کو بہت + کریں جیو سومیش اس کی لگت (صنعتی۔مثنوی گلدستہ) 2۔ آواز سننے کے لگت اڑتا آکر پہنچا ہوں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لگتاچ: لگتا ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)

تین مرتبہ کھجانا لگتا چ لگت (عابد شاہ۔کنزالمومنین)

لگتیچ: لگتے ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)

عشق لگتیچ سب میں فاش ہوا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

لگڑ: لکڑ بھگا (اسم۔مذکر)

کہ جوں بگ کوں لیتا چنگل میں لگڑ (شاہی۔کلیات شاہی)

لگڑنا: رگڑنا

لگڑنے لگی گال تلواں کے ساتھ (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

لَلِت: (سنسکرت) پیارا محبوب (اسم۔مذکر)

(۱) پنواگی توں ایسے للت سوں مل کے ائے دوتن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) (۲) للت اس کا ہے سورج و مشتری (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لَلچتیاں: للچتی۔(للچاتی۔فعل۔مونث) کی جمع

کہی لونڈیاں للچتیاں ہیں یوناوں سن زر رینے کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

للچنا: للچانا

لَلچے: للچائے

جو دیکھے تو للچے او بے اختیار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

لَلچیگی: للچائے گی

کہی کون کیا لونڈی ہے کہو للچیگی وہ للچائے پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

لَلک: جھلک۔امنگ (اسم۔مذکر)

للک جس میں دسے دانشوری کا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

لَلکاٹ: چمک۔آب و تاب (اسم۔مذکر)

دیکھت سلح نجوت کا للکاٹ (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

لَلھاٹی: (گجراتی۔للاٹ) پیشانی (اسم۔مونث)

1۔ للھاٹی دپے چند جگ جوت (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ رکھی تج تائیں ماٹی پر للاٹی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

لَلن: محبوب (اسم۔مذکر)

ہوے میری دیوانی جب دیئے منج کوں للن تعویذ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لَلنا: محبوب (اسم۔مذکر)

کہ دیو منجے کوں اثر تم للنا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لگن: تک

جہالت کو اس حد لگن لیائے (وجہی۔سب رس)

لگوں: تک

1۔ کہ تیرے مریداں لگوں آسکے (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔ آرس پر نظر ہے لگوں سول نہیں دستا ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا) 3۔ جنے یاں

لگوں اس کو لایا چلا (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 4۔مرے دھڑ میں جی ہے لگوں پھر کو مسافری نیس کروں گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

لگھیں: تگیں
زلیخا کے لگھیں سب دیس کالا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

لگیا: لگا
1۔اس کو ای تھے نس دن تیرا لگیا ہے دھندا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔نوادر کی ماتم او کرنے لگیا (رستمی۔ خاور نامہ) 3۔لگیا تھا درونے میں بھڑ کا مجے (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا) 4۔سیاہ نھاٹ کرواں تھے چلنے لگیا (رستمی۔ خاور نامہ)

لگیاں: لگی کی جمع
1۔کلیاں چون چون گود بھرنے لگیاں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال) 2۔کنیزاں اتھیاں جج پہ رونے لگیاں (رستمی۔ خاور نامہ)

لمبیاں: لبی (صفت) کی جمع
اتارے بائیں میں رسڑیاں لبیاں چھوڑ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

لَم تڑانگ: لانبا (اسم۔ مذکر)
انچا لم تڑانگ ہور موٹا ڈھپا (اولیاء۔ قصہ ابوشحمہ)

لنّبا: لمبا
1۔کم وبیش لنّبا تھا اودس رتن (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔قصہ ہے مختصر کچھ نیں ہے لنّبا (سید محمد والہ۔ طالب وموہنی)

لَنبت: (پرتی لبت) عکس
ذات وصفات کے شعاع تھے آرسی کا لنبت کنارے ہوا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

لنبائی: لمبی عورت (اسم۔ مونث)
کیوں بھاتا ان کو کیا جانو لنبا قد اس لنبائی کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

لنبی: لمبی (اسم۔ مونث)
1۔جو چھوڑیا تھا داڑھی لنبی تا بہ ناف (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔لنبی کر بات کوں تمنا سناتی ہے جو بیچ کی خوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 3۔رات لنبی ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

لنّبے: لمبے۔ دراز
(۱) لنبے بال ہور گد گلے گال کی (غواصی۔ طوطی نامہ) (۲) لنبے لنبے بال

پکڑ (اشرف۔ نوسرہار)

لَنج: ایک قسم کی الرجی۔ کسی دوا یا غذا کا برا ردعمل (اسم۔ مذکر)
شفا بھوت ہے اور چڑ تا ئیں لنج (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

لَندی: ست۔ کاہل (اسم۔ مونث)
1۔لندی دیکھ نھاٹے وہاں کارزار (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔دل افروز کا گھوڑا لندی کیا (رستمی۔ خاور نامہ)

لَندے: ست۔ بزدل (اسم۔ مذکر)
1۔ولاور ہے بہتر لندیاں تے ہزار (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔لندے کام آتے نہیں بے شمار (رستمی۔ خاور نامہ)

لنڈی: دم کٹی۔ مصیبت زدہ
دلبری کے تمیں دن ہیں تو پڑی کون لنڈی (محمود بحری۔ کلیات بحری)

لَنکھا: لنگا
1۔لیا کوٹ لنکھا سو سیتا بدل (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ) 2۔تک سیت بند پر باندرخ لنکھا طرف حملہ کرے (نصرتی۔ علی نامہ)

لَنکھن: محنت
1۔اتاریں ماندگی جا گن لنکھن کی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔لنکھن تھے ست ہو جن انکھ نہ کھولے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

لُنگ: لنگی۔ تہہ بند (اسم۔ مذکر)
بسر لنگ اپنا پھریں باندھ دھوتر (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

لَنگن: فاقہ (اسم۔ مذکر)
لنگن کھینچتے وقت کھانے زقوم (نصرتی۔ علی نامہ)

لَنگنا: (فارسی لنگ) لنگڑانا
چلے لنگتا چھوڑ دے تو یہ شاند (غواصی۔ طوطی نامہ)

لَنگتی: (فارسی لنگ) لنگڑاتی
چھلیاں سوں پاؤں کے گا ہے وہ لنگتی (ابن نشاطی۔ پھول بن)

لنگریاں: طشت (اسم۔ مونث۔ جمع)
رکھے لنگریاں لا کو دم پخت کے (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

لِنگ: شیو کی علامت۔ لنگایت فرقے کے لوگ اس کی پوجا کرتے ہیں (اسم۔ مذکر)

بھوت دیو ہور لنگ سب پھوڑیا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

لنگوڑا: لنگوٹی (اسم۔مذکر)

لنگ لنگوڑا کھادے کنڈا (امین الدین اعلیٰ۔کلمۃ الاسرار)

لنبان: لمبائی

سوا کوس کا لنبان (عابد شاہ۔کنز المومنین)

لو: لہو۔خون (اسم۔مذکر)

رھیا لو مرا ہو بجز صبر تے (غواصی۔طوطی نامہ)

لوائی: (کولتی) ادھ جلی لکڑی (اسم۔مونث)

نا آگ نہ دیگ نالوائی (محمود بحری۔من لگن)

لوب: (لابھ) فائدہ (اسم۔مذکر)

نہ تھا اس لوب دو جا پنتھ بن تب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

لوبھا: لبھا

جو رہے ترلوک کا عالم لوبھا (وجدی۔پنچھی باچھا)

لوبھانے: لوبان (اسم۔مذکر)

اگر ہور برگھی عنبر چندن ہور عود لوبھانے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

لوبھوں: لوبھ (لابھ) کی جمع

دھن کے لوبھوں سائی کھوئی (اشرف۔نوسرہار)

لوپ: حرص (اسم۔مذکر)

کرو د کام اور لوپ کا پاپ کرمت (شاہ تراب۔من سمجھاون)

لوپ: چھپ

1۔کہ حاتم گیا لوپ تجھ دان تل (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راؤ) 2۔ ھئیں سمندر راکھوں رتن تجھ لوپ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

لوپیا: چھپا

1۔کچھ نہ لوپیا تجھ درشت (جانم۔ارشاد نامہ) 2۔کچھ نہ لوپیا نظر تلھار (جانم۔ارشاد نامہ)

لوت پوت: لت پت

رکت میں لھولھواں ہور لوت پوت ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لوتری: لتری

جھوٹیاں باتاں کئی، کیکا متی، لوتری چاڑی خور (وجہی۔سب رس)

لوٹ: موج (اسم۔مونث)

بھتی دیک ورز ور پانی کی لوٹ (غواصی۔طوطی نامہ)

لوٹاں: لوٹ (موج) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

لوٹاں کے مچھلیاں پہ زرہ جالے دسیں ہر نوہ میں (نصرتی۔علی نامہ)

لوٹاری: لوٹنے والا

لوٹاری لئے چھوڑ گذریاں کوں بیل (نصرتی۔علی نامہ)

لوٹ لباڑ: لوٹ مار (اسم۔مونث)

لوٹ لباڑ نا ہوئے سر یکا جتنا نیگی کرنا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لوٹن: کبوتر کی ایک قسم (اسم۔مذکر)

رہی لوٹتی بھوئیں پو لوٹن کے سار (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

لوٹھا: جوان۔گبرو (اسم۔مذکر)

انوں کے پڑوس میں ایک لوٹھا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لوٹھاں: لوٹھ (لوٹ۔موج) کی جمع (اسم۔مونث جمع)

خندق کا آب لوٹھاں بھر ہوا کا ناٹ کا پردا (نصرتی۔علی نامہ)

لوٹیا: لوٹا

مری سد بولوٹیا میری بد نگایا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

لوج: (لوچ) تکلیف۔رنج (اسم۔مذکر)

ان جو کتیا گاڑھا لوج (اشرف۔نوسرہار)

لوچ: تکلیف۔زحمت (اسم۔مونث)

کسے آشتی دے کسے لوچ دے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

لوچ: پگھلنا

سکے لوچ کر چک پانی سنگات (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

لوچن: آنکھ

1۔ابراہیم رنگھا ہل ہل لوچن نگ کر چل میں آنو (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔جیوں پھول تازا بن منے جیوں پوتلی لوچن منے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔کنول لوچن کنول جو بن کنول من (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 4۔دو لوچن ہیں تیرے نسنگ چور راوت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لوچنا: نوچنا
لگی بال لوچن اپن ہات سوں (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

لوچناں: لوچن (آنکھ) کی جمع
بھوں کماناں نا چڑا اب لوچناں کے گوشے سوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لُوچ: نوچ
برہ سوں لال کرلی لوچ بالاں (ابن نشاطی۔ پھول بن)

لورتا: چاہتا
جو مارن لورتا یک دشت سوں مار (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

لوریا: چاہا
دیکھنے لوریا تو کیا بنگ کوں (محمود بحری۔ کلیات بحری)

لوڑ: تمنا۔ مرضی (اسم۔ مونث)
1۔ پیلاڑ جو کچ ہوئے خدا کی لوڑ (وجہی۔ سب رس) 2۔ پکڑ نا توں ہے لوڑ جتا سپاہ (رستمی۔ خاور نامہ) 3۔ پس لوڑیا کہ ظہور کرون (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 4۔ اس کی لوڑ لوڑ نا اپنی خوشی اس کی خوشی پر چھوڑ نا (وجہی۔ سب رس)

لُوڑے: چاہے۔ پسند کرے
1۔ وہ جس لوڑے تس رکھے (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ لیکن جسے خدا لوڑے اسے راہ دیوے (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 3۔ جیچ لوڑے کرے سب کا دھنی وہ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 4۔ مہا گج کوں لوڑے تو چابے کچا (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

لُوڑون: چاہوں
استوت لوڑوں کرنے چکہ (جانم۔ ارشاد نامہ)

لوڑیا چ: (لوڑیا: چاہا۔ چہ تاکیدی۔ مراٹھی) چاہا
تو ایسا ہو لوڑیا چ کہہ کہ منجھے (غواصی۔ طوطی نامہ)

لوگ ہنسائی: جگ ہنسائی (اسم۔ مونث)
یوں لاف مار کر یو کیا کیا لوگ ہنسائی (وجہی۔ سب رس)

لوگاں: لوگ کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
1۔ پراں آگھے جو ہیں لوگاں پرانے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ بچن تچ ہوتے ہیں لوگاں بڑے (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال) 3۔ جس دھر کہوں اپنا قصہ لوگاں کہیں لاگیا پیا (حسن شوقی۔ غزلیات) 4۔ دلے لوگاں کے ڈرتے بھی اپس تمہیں کو نڈر رکھتی ہوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لُوگن: لوگ کی جمع (اسم۔ مذکر جمع)
1۔ سکلے لوگن یہاں بھر (اشرف۔ نورسرہار) 2۔ مل کر لگے لوگن سات (اشرف۔ نوسرہار) 3۔ تال تتاان لوگن کے سر کیسے دسے دکھائے (محمود بحری۔ کلیات بحری)

لُول: کان کا ایک زیور۔ لولو (اسم۔ مذکر)
کڑے ہور باز و بند گوشاں جوئی لول زر کمرا جڑ د (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

لُولاں: لولو۔ کان کا ایک زیور (اسم۔ مذکر)
زنجیراں ولولاں سو بچھوے او جال (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

لُولت: للت۔ خوبصورت۔ مرغوب
سنگت سا بہت لولت گن مدھانی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

لولیاں: لولی (طوائف) کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)
1۔ کریں لولیاں ڈومنیاں سوں کلول (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ) 2۔ ڈمکیاں ملیاں ڈومنیاں لولیاں (غواصی۔ سیف الملوک وبدیع الجمال)

لُوم: لومڑی (اسم۔ مونث)
ہر یک لوم لڑلڑ کے ہنسنے لگی (نصرتی۔ علی نامہ)

لون: نمک۔ نون (اسم۔ مذکر)
1۔ شریر اس کا گلیا پانی میں جوں لون (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ منہ پر اس کے کس وضع کا لون ہے (وجدی۔ پنچھی باچھا) 3۔ سوتس کندوری لون تیں سمدور سب کھارا ہوا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ پانی میں لون سے تیوں مل ادا یکی دھات کہو (محمود بحری۔ کلیات بحری)

لونا: نمکین۔ ملیح۔ سلونا
انکھیاں میں کھار بھرتا کہ تیرا روپ ہے لونا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

لونچ: نوچ
1۔ کری مکھ کوں سورنگ اولونچ لونچ (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر) 2۔ شکر کے میوے کھا کرتوں دکھا اپنے جیو تھے لونچ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لُونچہ: نوچ
سٹےلونچہ بستاں کرے جیو ہلاک (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
لونیاں: لون (نمک) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
تج لونیاں سم ڈھال میں موتی کسی سمدر میں (غواصی۔کلیات غواصی)
لُوہ: لوہا (اسم۔مذکر)
1۔سوشبہ حکمت گر ہے پرس جیو نشاں + ملے لوہ شاگرد چوطرف جان (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔پرس سوں سنا کرے لوہ تھیں (فخر دین نظامی۔کدم راو پدم راؤ)
لُوہاراں کن ہنجن لجاناں نیں: جس کا کام اسی سے لیا جاتا ہے
مثل ہے کوئی لوہاراں کن سویاں ہنجن لجاتا ہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
لوہان: لوہار
جو لوہے کیرا گھاؤ لوہان کھائے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
لُوہو: لہو۔خون
1۔لوہو سارا جنگل بھر (اشرف۔نوسرہار) 2۔پانی ہوئے لوہو سا (اشرف۔نوسرہار)
لُوہی: لہو۔خون
لوہی تن ماتھ کچ تج باج ناہیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
لوہے: لہو۔خون (اسم۔مذکر)
1۔بھری اس کے چرن لوہے سوں دھرتی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔پتھر کانٹیاں تھے لوہے مان ڈوبے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
لُوئی: (لگائی) عورت۔زوجہ (اسم۔مونث)
پرت باند گھیرے بھی لایا ہے لوئی (شاہ میراں جی شمس العشاق۔بشارت الذکر)
لُوے: خواہش کرے
کیس کیرے بھوتیک لوئے (جانم۔ارشاد نامہ)
لوین: آنکھیں (اسم۔مذکر)
1۔سودلوین تیرے پھاندے دھرن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔چرن رگڑیاں سنگاتیاں سیس لوین (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔تو کھوے آپ لوین دوے تج پر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
لُوئن: آنکھ
لوئن نیچ پر چھائی پیو کی مورت اچرج چمتکار (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
لہائی: پیشانی
لہائی پر چھائی سندر لٹ سیام بھر کچ تس بھتر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
لھار: لہر (اسم۔مذکر)
1۔جڑیا ہے مدن کا سو خوش لھار اسے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔کس گھڑی پی ہے کہ مئے اجنوں خماری کا لہار + نازسوں گھلتا ہے تیرے مست لوچن میں عجب (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔مدن مدبھریا سانپ کا لھار ہے (غواصی۔مینا ستونتی)
لُہار: لوہار (اسم۔مذکر)
جمع کر کوسارے بڑایاں لہار (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)
لُہاراں: لہر کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
ہمن میانے ان میانے پرت کی ہیں لہاراں خوش (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
لُہاڑی: پوچ۔لچر (اسم۔مونث)
مجھے ڈر ہے جواو چھی کوئی لہاڑی بول بیٹھے گی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
لہالا: خوش۔آسودہ
نہ چھپے باس کا ہوئے لہالا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
لہالیاں: لہالی (نازو ادا) کی حامل لڑکیاں (اسم۔مونث۔جمع)
بھلادن جائیں سب اس ہولہالیاں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
لہرا: چھوٹا
لہرا بڑا سب سنبھال (اشرف۔نوسرہار)
لہراں: لہر کی جمع
1۔کہ بولے کے دریا کی لہراں چلے (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔سولہراں دسے اس منیں ٹھار ٹھار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 3۔جواہر کے لہراں سو آیا بسنت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
لَھڑاں: لھڑا۔لہرا (سانپ یا زہریلے جانور کے کاٹنے کے بعد زہر کا چڑھنا لہر کہلاتا ہے۔)

رہے بےخبر ہوش لھڑاں بچار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

لَبنی: حاصل

کیا تھا عشق کوسودے کی لبنی (سید محمد والہ۔طالب وموہنی)

لَھوا: لوہا (اسم۔مذکر)

لھوا اوڑتا ہے چمبک کے کدن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

لھوا: (لوہا) تلوار (اسم۔مذکر)

1۔لھواہات میں لے ہوباول وہیں (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔کمر میں بڑے مول کا تھا لھوا (طبعی۔بہرام وگل اندام) 3۔دوڑیا ہے عشق جس پر لھوا کھینچ باندکر (وجہی۔سب رس)

لَھوار: لوہار (اسم۔مذکر)

1۔لھوا گرم کرتا ہے اگ میں لھوار (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔لھوار کا کھیل جو آگ سوں ہے تو یکادے وقت جلتا بھی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لَھواراں: لھوار (لوہار) کی جمع

دیا بھیج بیگی لھواراں بلا (رستمی۔خاورنامہ)

لہوآٹنا: خون کھولانا

لگیا پینے آتا لہوآنٹ کر (وجہی۔سب رس)

لَھو تپنا: لہوکھولنا

یوں لھو تپیا رگے رگ میرا (غواصی۔میناستونتی)

لَھو تھجنا: لہوجمنا

ان کے آنگ میں لھو تھجنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لَھو چلنا: خون بہنا

بانس انو کی آنکھ میں لگیا سو لھو چلیا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

لَھو چھانڈے: منھ سے لہو اگلے

لھو چھانڈے آوے کھنک (اشرف۔نوسرہار)

لَھورا: جھوٹا

لھورے بڑے عورت مرد (اشرف۔نوسرہار)

لَھورپنا: بچپن

لھورپنے کا تیرا شان (اشرف۔نوسرہار)

لَھو گھٹنا: لہو کے گھونٹ پینا

کیا عقل میں اچ کے لھو گھٹنا (وجہی۔قطب مشتری)

لھو گھٹیا: لہو کے گھونٹ پیے

مجنوں جیوتے اٹھیا اپنا لھو آپی گھٹیا (وجہی۔سب رس)

لَھو گھٹی: لہو کے گھونٹ پینے

اوستونت مینا نے سن لھو گھٹی (غواصی۔میناستونتی)

لھو گھٹنے: لہو کے گھونٹ پینے

اس پر لھو گھٹنے لگیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لَھو لھوان: لہولہان

اس کے کپڑے لتے لھو ہور رگت میں لھو لھوان ہور لوت پوت ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لَھوے: لوہے (اسم۔مذکر)

1۔لھوے کوں کیا موم تے نرم تر (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔لھوے کا ڈونگر جوں ہلیا چھوڑ جانے (رستمی۔خاورنامہ) 3۔تاڑ کے لھو کوں شہرت کی باڑ پیچن (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

لَہوے: لہوا (ایک قسم کا پرندہ جو بٹیر سے مشابہہ ہوتا ہے) کی جمع۔ (اسم۔مذکر)

دراجاں تلے سو لہوے او تیتر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

لَھے: لے

1۔ولیکن کسے باج نہ کچھ لھے (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔وہ کیوں لھے باج سیوا (جانم۔ارشادنامہ)

لَئی: (مراٹھی) بہت۔زیادہ

1۔شراب ہور عشق بازی باج مج تے نارہیا جاسی+ کہ یو دو کام کرنا کر میں لئی سوگند کھایا ہوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔تکو کر تو لئی بولنے کا ہوس (وجہی۔قطب مشتری) 3۔نظر نے لئی جفا دیکھا لگیا اب کام ہمت سوں (وجہی۔سب رس) 4۔اور ملتا ہے لئی سفر میں ہنر (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

لَیا: لا

نہ لیا تاب بوجا لی دھرتری (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

لیتاچ: لیتا ہی (چ۔تاکیدی۔مراٹھی)
حسن جیوں تیوں بی دل کوں کھینچ لیتا چ (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

لیجا: شرم (اسم۔مونث)
تو کاڑی زلیخا لیجا کا نقاب (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

لیجان ہار: لے جانے والا
کہا ہے میرا جیوا و لیجان ہار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

لیچ: لیے ہی (چ۔تاکیدی۔مراٹھی)
تیرے لیچ پھرتا ہوں میں رات دیس (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

لیڑھی: غلطاں ہوئی
لیڑھی جو دھول ماٹی میں تری آس (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

لیاسے: لاسکے گا (پنجابی۔صیغہ مستقبل)
لجا گور کا توشہ نہ لیا سے ہوا (رستمی۔خاور نامہ)

لیاق: سزاوار۔لائق
تری سلطنت لیاق کا کام کر (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

لیاکو: لاکر
سوایسی جو ظلمات تے لیاکو بھار (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

لیالیاے: لے آئے
خدا اس کوں لیالیاے اس ٹھار اب (وجہی۔قطب مشتری)

لیایا: لایا
سورج ہور چاند تارے ہارلیایا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

لیانا: لانا
دل کوں اس ٹھار لیانے سکتی ہے (وجہی۔سب رس)

لیانوں: لے آوں
اسے لیانوں گا میں بھی اندر حصار (رستمی۔خاور نامہ)

لیانے: لانے
جب اسے اس گھٹ منے لیانے منگیا (محمود بحری۔کلیات بحری)

لیاو: لاؤ
جو لیاو کارواں کا تمیں رخت و بار (رستمی۔خاور نامہ)

لیاویچ: لائے ہی (چ۔تاکیدی۔مراٹھی)
جو آوے زمیں تاب لیاویچ کیوں (غواصی۔طوطی نامہ)

لیاونا: لانا
جلتا سو شمع بزم طرب میں نکو لیاؤ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لیادیں: لادیں
نہ سپڑیں گے لیادیں گے گر صد کمند (رستمی۔خاور نامہ)

لیائیا: لایا
اتگے جا انن کوں بلا لیائیاں (رستمی۔خاور نامہ)

لیک: لیکن
کنول ہوں لیک پانی سے ہوں میں دور (شفیق۔تصویر جاناں)

لیک: لکیر (اسم۔مونث)
کہ شیشے سے مئے گلاب کی لیک (شفیق۔تصویر جاناں)

لیکن ہار: (لیکھن ہار) لکھنے والا
ذرہ ذرہ کا لیکن ہار (جانم۔ارشاد نامہ)

لیکھ: لکیر (اسم۔مونث)
جیوں پتھر پر کی لیکھ جس کی بات (حسن شوقی۔غزلیات)

لیکھ: لکھ
پورب لیکھ تو پر بے ہری رام کے (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

لیک: لے کر
گیا لیک پیکر کوں گھر کے بھتر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

لیکھا: تحریر۔نوشتہ
1۔لکھد سو بھو رنگوں سو نہ لکھیں لیکھا ئیک (میراں جی شمس العشاق۔خوش نامہ) 2۔نہ لیکھا جائے سو بہتر رہن چپ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

لیکھن: لکھنا
نہ گردن کی لکھن لیکھن سکے کون (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

لیکھن: لیے
1۔نگر منج لیکھن وو دھتورا ہوا (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔دستا ہے دیس رات ہو میرے لیکھن تمام (غواصی۔کلیات غواصی)

لیکھوں: دیکھوں
ایس کوں اولیاء کے سار لیکھوں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

لیکھنا: دیکھنا
بلندی سقف کی لکھت نہ ہو طاقت بھی کسے (شاہی۔ کلیات شاہی)

لیکھے: لیے
ہے میرے لیکھے یہ خرابا گراں (غواصی۔ طوطی نامہ)

لیکھے: لکھے
1۔ بیس لیکھے ہیں مورخ تاریخ اس حکایت (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ اگر سو بار لیکھے اور پونچھے تو یو بھی قدیم قلم پھیریا تھا (جانم۔ کلمۃ الحقائق)

لیکھیا: دیکھا
دلیراں میں اول تجے لیکھیا ہوں (رستمی۔ خاور نامہ)

لیلاٹ: خوشی (اسم۔ مونث)
لیلاٹ کے چمن میں ٹلا چند چوترا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لیلم: نیلم (اسم۔ مذکر)
کوئی فیروز لیلم ہر ایک جنس بھر (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

لیموں: لیمو کی انفیائی ہوئی شکل
حق میں میرے ہے شربت لیموں (ولی۔ کلیات ولی)

لین ہار: لینے والا
جم پیار ذوالمنن کا لین ہار یا علی توں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

لیؤ: لو
1۔ کھیا یزید پڑ لیؤ (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ میٹھو بند کا لیؤ ہت پیالہ (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ نکل یاں تے نا جائے تو منگ لیو (غواصی۔ طوطی نامہ) 4۔ نہ پلکھاں ہلا خوب انکیاں مونچھ لیو (غواصی۔ طوطی نامہ)

لیوا دیوی: لین دین (اسم۔ مونث)
اس سونچ ایک سوں ایک بھلائی پاتا ہور لیوا دیوی ہوتی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

لیوتے: لیتے
جو کوئی پیو باج سنا لیوتے پھاڑ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

لیس: لی
1۔ پٹن جو شادمانی کا لیس تیوں (ملک خشنود۔ جنت سنگار) 2۔ اپنے کاماں کا لیس بھوگ (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن)

لیوں: لوں
1۔ پہلیں لیؤں اس اللہ کا ناؤں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ بھونرا ہو باس لیؤں اس کا محمد ہو منجے بھایا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ بزاں لیوں گا گھوڑا ہور ساز جنگ (رستمی۔ خاور نامہ) 4 غنیمت جو اللہ کا نام لیوں (فائز۔ رضوان شاہ وروح افزا)

لیون ہار: لینے والا
نبی کے صدقے تے خوش اس ٹھار بھوگے ذوق لیون ہار (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

لیھ: لے
1۔ دونوں ہاتھوں لیھ اچائے (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ چمنے چمن لیھ لائے گل (محمود خوش دہاں۔ رسالہ علم الحیاۃ) 3۔ فہم فہم لیھ سائے تو تیرا کہاں جاگا؟ (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 4۔ تو کیوں نالیہ اچاوے (میراں جی شمس العشاق۔ شہادت الحقیقت)

لیہا: (لیہ) لے
پگوں تب رگڑی لاگی لیہا خوش کر نام (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نامہ)

OOOOO

م

مَا: لفظ ''ماں'' کی غیر انفیائی ہوئی شکل (اسم۔ مونث)
1۔ تو نچ انہوں کا ما ہور باپ (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ ہوا ما کوں دیک شاہ یوں شادماں (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

ماپھل : مازو۔ماجو۔ایک پھل(اسم۔مذکر)
بھلاداں کس ہے کس بڑرا ہے کیں ماپھل ومنڈل کا(نصرتی۔کلام نصرتی)

ماتا: ماں (اسم۔مونث)
1۔تب سنبالیا جب رکٹ کھٹ تھا جو میں ماتا کے پیٹ (محمود بحری۔کلیات بحری)2۔ماتا بالک بے دھن جان (جانم۔ارشاد نامہ)

ماتا: ساتا
کر میں ڈاب نئیں ماتا اپتی چوڑی کمر ہوئی ہے(ہاشمی بیجاپوری۔دیوان ہاشمی)

ماتا : مست
یو اس کا ماتا دواس کی ماتی (وجہی۔سب رس)

ماتنگ: ہاتھی (اسم۔مذکر)
1۔یا کارن کنہتی دینو ماں ماتنگ کھ سوروپ کینو اپنا(ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)2۔کود چاہے ماتنگ تکھا کودرتن مال(ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)3۔مست ماتنگ واکو چار دما نجر کو لے کیوں کر کھائے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

ماتھے چڑھانا: سرآنکھوں پر رکھنا
وہی حکم میں لیوں ماتھے چڑھائے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ماتے منگل: مست ہاتھی
ماتے منگل جو مد میں گل جھلتے ہیں تج در بار سو (غواصی۔کلیات غواصی)

ماتی: مست۔مدہوش
1۔کھیایوں جوا ے مدکی ماتی چنچل(غواصی۔طوطی نامہ)2۔ پیاماتے ہیں ہوں ماتی لگاتی سینے سوں ساتی (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)3۔یو اس کا ماتا دواس کی ماتی (وجہی۔سب رس)

ماتیاں: ماتی (مست) کی جمع
سکیاں منج عشق کیاں ماتیاں عشق کھیل (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ماٹ: (ماٹھ) گھڑا (اسم۔مذکر)
1۔یک کھاٹ نہ دھرنہ ماٹ یک دھر (محمود بحری۔من لگن)2۔ چھپیاں دو سینے پر ہیں دو ماٹ جیوں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ماٹ: ایک بھاجی
جواری کی ایک رونیچ بس بھاجی کھٹی بھر ماٹ کی (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

ماٹاں: ماٹ (گھڑا) کی جمع
گھڑے ہور مشکاں سو ماٹاں بھرے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ماٹی: مٹی (اسم۔مونث)
1۔ماٹی کنکر آب رواں (اشرف۔نوسرہار)2۔موحد سو جانے عین ماٹی پانی آگ (میراں جی شمس العشاق۔خوش نامہ)3۔زمیں ہور ماٹی اپن خون سات(احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔جو ماٹی پکڑ ہٹ سنا کرے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

ماٹی کلانا: مٹی گوندھنا
دل کی ماٹی کوں بہشت کی چکڑ تھے بسائے ہور ابد کے آب حیات سوں کلائے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

ماٹی میں جانا: خاک میں مل جانا۔برباد ہونا
ماٹی میں جاونگ نام، ایسے آدی کو پیکاں سوں غرض پیکاں سوں کام (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ماجنی: سگی ماں۔حقیقی ماں (اسم۔مونث)
1۔ سنی بات اس دھات جب ماجنی (وجہی۔قطب مشتری)2۔ پلادود پالیس گی جن ماجنی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ماچ: بوسہ (اسم۔مذکر)
سینے سوں لگا شاہ صیفور کوں+کیتک ماچ دے کر ملاموں کوں موں (طبعی۔بہرام وگل اندام)

ماچھی: مچھلی (اسم۔مونث)
سمندر ماں ماچھی ناترے سم (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مادی: مادہ (اسم۔مونث)
یعنی بچھایا ہر یک نر کوں اپنی مادی سوں صحبت کیوں کرنا سو (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

مارادھاڑی : ماردھاڑ
اس خاطر ماردھاڑی پو بات آگئی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مارامار ی: مارپیٹ
اگر بارہ ہزار جنے ماریں گے تو بی مارا مار بچہ ہاریں گے (وجہی۔سب رس)

مارپاڑنا: مارڈالنا
کیوں بھی اسے مارپاڑینگے (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)
مارپاڑو: قاتل (اسم۔مذکر)
اُس کا زہر مارپاڑو (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)
مارکا: معرکہ (اسم۔مذکر)
گرنہ کھڑتا سرپہ تیرے یومجازی مارکا (محمود بحری۔کلیات بحری)
مارگ: (سنسکرت) راستہ (اسم۔مذکر)
1۔کوئے کیرامارگ ست (اشرف۔نوسرہار) 2۔میں آپ دین چھوڑا پکڑیا اس دین کا مارگ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔گرد بن یہ مارگ تو کھٹ پٹ میں ہے رے (شاہ تراب۔من سمجھاون) 4۔جسے رام مارگ گرونے بتایا (شاہ تراب۔من سمجھاون)
مارگ کاٹنا: راہ طے کرنا
بہت مارگ کاٹنے سوں دبلے کانٹے ہوگئے (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)
مارگ گھٹنا: راستہ طے کرنا
اتنا راستہ ہور اتنی مارگ گھٹائے (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)
مارگ منے لانا: راہ پرلانا
وہی اس کوں مارگ منے لائے گا (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
مارگے مارگ: راستہ راستہ
جاتا ہے نت مارگے مارگ (اشرف۔نوسرہار)
مارن جوگ: مارنے کے قابل۔قابل گردن زونی
قصد کیا مجھ مارن جوگ (اشرف۔نوسرہار)
مارن لگیا: مارنے لگا
سو سرکوٹ سینے میں مارن لگیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)
مارن: مارنے
دندیاں مارن کوں لاکھور کے تس بھال (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
ماریا: مارا
1۔ماریا پنجہ بھی شیر نے گاؤ پر (رستمی۔خاورنامہ) 2۔بیٹا باپ پر تیغ ماریا مہان (رستمی۔خاورنامہ)

ماریا: جیتا
دوجگ مدح کے ماریا سیت میں (فیروز بیدری۔پرت نامہ)
ماری پڑنا: مارے جانا
دمنہ اپنی بدچال ہور چاڑی چغلی سوں نبل کے بدل ماری پڑی (ابراہیم بیجاپوری۔انوارسہیلی)
ماڑ: (ماڑی=مہاڑی) محل (اسم۔مونث)
چلی آی بہرام کن ماڑ پر (طبعی۔بہرام وگل اندام)
ماڑھوں: ماڑی (مہاڑی=محل) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
ہوا بخش ہرٹھاوں ماڑھوں اوپر (عبدل۔ابراہیم نامہ)
ماڑی: (مہاڑی) محل۔گھر (اسم۔مونث)
ماڑی پہ تے جھانکو کو ہوئیگا حشر کا غلغلہ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)
ماڑیاں: (مہاڑیاں کی غیر ہاکاری شکل) محل۔گھر (اسم۔مونث جمع)
1۔بھی یو سات ماڑیاں مدور کیا (رستمی۔خاورنامہ) 2۔تنکٹ لال سوں کاخ ماڑیں مڑے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)
ماس: مہینہ (اسم۔مذکر)
1۔پورے ہوے جب دو ماس (اشرف۔نوسرہار) 2۔تجھو کالے بارہ ماس (اشرف۔نوسرہار) 3۔خبر کچہ نہ دھر سال ہور ماس کا (طبعی۔بہرام وگل اندام)
ماڑیں: ماڑی (مہاڑی=محل) کی جمع
تنکٹ لال سوں کاخ ماڑیں مڑے (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)
ماس: گوشت (اسم۔مذکر)
نہ کھاوے کدھیں ماس توں گائے کا (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)
ماسک: (سنسکرت) مہینہ (اسم۔مذکر)
بعد از مدت ماسک تن (اشرف۔نوسرہار)
ماگ: (سنسکرت۔مارگ) راستہ (اسم۔مذکر)
اتھا کوٹ ایسا کو بل ماگ کا (ثانی۔کلیات شاہی) 2۔اس ماگ مین یعنی گم پناہے (محمود بحری۔من لگن)
مال: مالا۔سمرن۔تسبیح (اسم۔مونث)
لے جپ مال خوش کر کا ہات میں (غواصی۔طوطی نامہ)

مال خاوند: مالک (اسم۔مذکر)
کلیج میرا مال خاوند یہاں آیا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مال کوں چیچے کرکورولنا: روپیہ پانی کی طرح بہانا
چیچے کرکورولیں گے یاں مال کوں (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)
مالنی: مالن (اسم۔مونث)
زبان مالنی گند بچن تارلڑ (عبدل۔ابراہیم نامہ)
مالنیاں: مالن کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
اتھیاں مالنیاں گلشن راز کیاں (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
مان: عزت (اسم۔مونث)
1۔جس تھے ہوا تجھ کوں مان (اشرف۔نوسرہار) 2۔ہوا خرآن کا آداب ہور مان (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔نزک اپنے دے مان بسلائیا (غواصی۔طوطی نامہ)
ماں: میں
1۔نہ کوثر ماں میٹھا نیر دیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔تو یک تل ماں خاے سب دھو میں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔کہ تھا وہ روپ اس چک ماں اپرروپ (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 4۔دھرتی سگلی ڈبی مانک رتن ماں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
ماں باپوں: ماں باپ
اچھوں دکھ ماں باپوں کا (اشرف۔نوسرہار)
معاملا: معاملہ (اسم۔مذکر)
دنیا کا معاملا تو یوں ہے (وجہی۔تاج الحقائق)
مانا: سمانا
1۔سپرہات مادے اچھے جیوں ابھال (میراں جی شمس العشاق۔مغزمرغوب) 2۔جان اپنے نیس ماتا، واں دسرا کیوں سماتا (وجہی۔سب رس)
مانا: معنیٰ (اسم۔مذکر)
1۔آپس میں آپ بتی کہنا یو کیا ہے مانا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔سواس کا یو مانا (وجہی۔تاج الحقائق)
مان پان: عزت (اسم۔مونث)
پادشاہزادے کو بہت مان پان سوں لاکر تخت پو بیٹھادیئے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
ماں پنا: ماں پن۔مادریت
بڈھی ماں پنے کی مہر سوں رات دن روتی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مَانت: منت
او مانت کرنے سوں مراد برآئی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مانتھے: ماتھے کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)
کالا ٹیکا مانتھے دھر (اشرف۔نوسرہار)
مانجر: (مانجار) بلی (اسم۔مونث)
ست مانگ واکو چارو مانجر کو لے کیوں کرکھائے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)
مانجھ: درمیاں۔جدا۔دور
جیوں چکوے سوں چکوی مانجھ ہے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)
ماندا: (سنسکرت۔مندھ) مضمحل۔تھکا ہوا۔بے ہوش
1۔ہوے پانو ماندے جو چلتی نہیں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔ہوا ماندا رھیا اسی ٹھار تیزی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
ماندگی نکل جانا: تھکن دور ہونا
تھوڑے آرام پانے سوں ماندگی نکل جائے گی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
ماندی ہری: تھکی ہاری
پھر آنے لگی ہو کے ماندی ہری (نصرتی۔گلشن عشق)
ماندے: تھکے ہوئے
ہو ماندے بہوت یک جزیرے میں آئے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)
مانہ: میں
1۔ڈوبے نورتن ماہ سرتاقدم (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ) 2۔تھا مدینہ مانہہ امیر (اشرف۔نوسرہار) 3۔ڈوبیا ہے پاپ سمدور مانہ بھی تن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)
مانڈیا: بنایا۔آراستہ کیا
دوکاں مانڈیا واں بھوت سازسوں (وجہی۔قطب مشتری)
مانڈا: نان۔پھلکا (اسم۔مذکر)
کماچیاں کو لیجے لا مانڈے تھے راک (ہاشمی بیجاپوری۔یوسف زلیخا)

مانڈنا: بنانا۔کھڑا کرنا۔قائم کرنا۔واقع ہونا
1۔ات پر مانڈیا یہ سہر روپ (اشرف۔نوسرہار) 2۔یہ کیا مانڈیا ایکا ایک (اشرف۔نوسرہار) 3۔تس پر مانڈیا یوں تجھ کوں (اشرف۔نوسرہار)

مانڈیا: بنایا آراستہ کیا۔ترتیب دیا
1۔دو جگ مانڈیا کیسا میل (شیخ داول۔کشف الوجود) 2۔ایسا عشق کا مانڈیا کھیل (جانم۔ارشاد نامہ) 3۔دکاں مانڈیا دھاں بھوت ساز سوں (وجہی۔قطب مشتری)

مانڈی: (سنسکرت) مانڈی، زانو۔گھٹنا (اسم۔مونث)
1۔منڈی اپنی مانڈی پو لے کر سلائی (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 2۔ہور بڈھا بے فکری سوں جورو کی مانڈی پو سر رکھ کر سو گیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 3۔لگا اوس کی مانڈی کوں مانڈی شتاب (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مانڈے: مانڈنا۔بنانا۔آراستہ کرنا
کرن چال مانڈے ہیں بازی عظیم (نصرتی۔علی نامہ)

مانس: (سنسکرت۔منشیا) انسان۔مخلوق (اسم۔مذکر)
1۔ساتوں دھرت کے مانس سارے دیکھن کے ہے دھیان منے (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔بچپن ہور بد مانس سار پورت (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔کہ اوٹھیاں پوچھتاں یہ ہوئے مانس (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مانساں: مانس (منش=انسان) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
دیکھو تمیں دے مانساں دانے چریں ناپنکھیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مانس گُن: بشریت۔انسان کے گن
جس آرسی میں مانس گن تھا دیچ تینوں سک (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

مان سرور: ایک تالاب کا نام
ہنساں جوں مان سرور کے کنارے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

مانک: جواہر (اسم۔مذکر)
کھیا جوں بھرے اس میں مانک در (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

مانگ کھاؤ: مانگ کھانے والا۔فقیر
میں بڈھی مانگ کھاؤ ہوں ہر کیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مانو: گویا
1۔کرنائی گوری مانو کیکی بیچ سیت پتر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔کنچتی اتم روپ کی تنگ جوت مانو سور جگنگے ات بسنت (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مانوس: انسان (اسم۔مذکر)
برہے ساتھی بھوجنگ مانوس پر گٹ اک سوباس (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مانیا: مانا
1۔وہ ہرگز کہا اس کا مانیا نئیں (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔سو تحقیق ہے کہ امر مانیا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ماو: مفہوم، معنی۔بھید
نہ پوچھا کہیں اس ستہ کا جو ماؤ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ماؤ: ساتھ۔میں
کہوں ناتوں ہوں باج پر بیچ ماؤ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

ماؤ: دھوکا
وہ تو بھو دیسکہ دھارے ماؤ (جانم۔ارشاد نامہ)

ماؤ: مایا۔اصل۔بنیاد
یا کرامت ابلیس کیری باسنساری ماؤ (میراں جی شمس العشاق۔خوش نامہ)

ماواں: ماں کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
1۔بیٹا بیٹی اپنیاں ماواں خاطر جدا لڑتے (وجہی۔سب رس) 2۔تا ہوں کہ ماواں جدا تھیاں لگر (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

ماوتی: ماں (اسم۔مونث)
1۔کہ آئے ماوتی پاک دامان کی (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔اس اپراں وہ ماوتی نیک بخت (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

ماؤ جائی: بہن (اسم۔مونث)
کدھیں میں سو میری سگی ماؤ جائی (غواصی۔طوطی نامہ)

ماولی: (مراٹھی) ماں (اسم۔مونث)
1۔سوئس ماولی پاس شہ یوں کہے (وجہی۔قطب مشتری) 2۔کہی اے گل بدن گن بھری ماولی (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔اگے ماولی! تیرے موں پولنی کھا برات بستی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

ماولی: سادہ۔سفید۔روپہلی
گلابی ہور ماولی ہور اُجالا (عبداللہ قطب شاہ۔دیوان عبداللہ قطب شاہ)

ماوی: ہیرے کا برادہ جس سے سونے چاندی کو چمکاتے ہیں۔بھڑکیلی
کوئی سرمائی ماوی کو بنجائی بھر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ماوے: سفید۔سادہ۔روپہری
پیاریاں پریاں سو ماوے اپراور رومال عید (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ماوے: سادہ۔سفید
لکھے نیک و بد ورق ماوے اوپر (عبدل۔ابراہیم نامہ)

ماوے: سمائے
انگوٹھی منیں ماوے کر نار کی (وجہی۔قطب مشتری)

ماویں: سمائیں
گنہ میرے گگن پلڑے نہ ماویں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ماہ: میں
دیکھائے سب سرگ بن ماہ ہنڈلائے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

ماہرا: ماہر (مونث کے لئے)
وہاں ہے بڈی سحر میں ماہرا (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

ماہی: میں
یکس ماہی یکھی نور (شیخ داول۔کشف الوجود)

ماہیں: میں
تینوں ماہیں بھید نظر کا نا مو ماہیں سنتا بھر (شیخ داول۔کشف الوجود)

ماہیں: میں
تھان کیا شاپور ماہیں وہ تو پیارا تھا م (میراجی شمس العشاق۔خوش نامہ)

ماہی مراتب: شاہی نشان (اسم۔مذکر)
سو ہے ماہی مراتب پاتر اں ہم عید وہم نوروز (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ماہیاں: ماہی (مچھلی) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
1۔بچن ماہیاں سات کر ابن غیب (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ہتی سار کی ماہیاں بے نظیر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

مائی: ماں۔عزیزہ (تخاطب کا ایک انداز) (اسم۔مونث)
1۔مائی آئی بانہہ پار (اشرف۔نوسرہار) 2۔کھیا مائی کوں باپ دو آئے کر (وجہی۔قطب مشتری) 3۔کہ اے مائی کیا دیکھی اس ٹھار توں (وجہی۔قطب مشتری)

مائیں: میں
جسے سولی چڑادیں عشق مائیں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مائیں: سمائیں
کہ کیوں دو کھنڈے مائیں گے یک میان (غواصی۔طوطی نامہ)

مائیں: میں
کوئی کہے کہ کونے مائیں (اشرف۔نوسرہار)

مایا: بھید۔راز۔محبت (اسم۔مذکر)
1۔یکس کا مایا لینا، و لے اپنا مایا کسے نا دینا (وجہی۔سب رس) 2۔دیکھو اژ ما کر یہ مایا برے (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔محبت کا اتھا جو دل میں مایا (ملک خوشنود۔جنت سنگار) 4۔اپنا مایا کھولے ناں (محمود خوش دہاں۔رسالہ علم الحیات)

مایا: دولت (اسم۔مونث)
1۔دیا ہے ہات اب اس کے دنیا و دین کا مایا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔او مایا کہاں ہور او ساماں کہاں (غواصی۔طوطی نامہ)

مائی: ماں (اسم۔مونث)
1۔تکو دے نصیحت توں مائی میری (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔ان کو آپس تھان لگائے ہم کوں کوڑے مائی (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

مائی جائی: سگی بہن (اسم۔مونث)
وہاں میرا ایک بھائی ہے ایک مائی جائی (وجہی۔سب رس)

مائی کا جایا: ماں کا بیٹا۔بھائی (اسم۔مذکر)
تر ی مائی کا جایا ہے کون کم (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)

مُبارکی: مبارکبادی
عید آئیا انندسوں یاراں مبارکی کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُبالغہ: زیادہ سے زیادہ
یو سودا بازاری، مبالغہ ایک رات کی یاری (وجہی۔سب رس)

مت: دھیان۔خیال۔خواہش۔رائے
1۔ میں مت پکڑی جس کی آس (اشرف۔نوسرہار) 2۔ مجھے مرے کام کوں ہمت دے، ہمت کی کچھ مت دے (وجہی۔سب رس)

مِت: (سنسکرت) دوست۔محبوب
1۔ بزحیف جو یاں نہ وہ مت ہوا (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔ متاریاں کوں بستا مت انگلیاں اُپر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مِت راجن (مت۔سنسکرت) دوست+راجن: راجا۔محبوب راجا۔محبوب بادشاہ (اسم۔مذکر)
کہ مت راجن کہیں سنتے ہوس رک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مت: متھ
سکا جوں کہ کاڑے مت (شیخ داول: کشف الوجود)

متا: مست
1۔ نئویاں کوں نین پتلیاں کی مد پلا متی کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ متا ہت ہمیت سوں سونا سکے (نصرتی۔گلشن عشق) 3۔ خدا کے عشق سوں متے ہیں (وجہی۔سب رس) 4۔ دایم شراب شوق کو پی کر متا اچھوں (میراں جی خدانما۔غزل)

متا گج: مست ہاتھی
میں وہ متا گج ہوں کہ ہے اسمان کیف بارا مرا (غواصی۔کلیات غواصی)

متا: متاع (اسم۔مذکر)
میرے پاس دھن مال ہے ئی متا (غواصی۔مینا ستونتی)

متاری: ڈنڈے
کر بستہ ہمت کا بھاری کیا+اٹل قصد کی ہت متاری کیا (نصرتی۔گلشن عشق)

متاعاں: متاع۔سرمایہ۔اثاثہ کی جمع
متاعاں ہر اک جنس کی بھوت لے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

متا متنا: منور کرنا۔روشن کرنا
ان دونو نے یو متا متنے (وجہی۔سب رس)

متعال: (عربی) اعلیٰ۔برتر (اسم۔مذکر)
ایسا قادر حق متعال (اشرف۔نوسرہار)

متنگ: ہاتھی (اسم۔مذکر)
1۔ آج افیوں اپر چھکیہ رس ہے سو نہ کس مدمتی متنگ میں رنگ (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔ ست ماتنگ ورکو چارو مانجر کو لے کیوں کر کھاے (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

متنگل: ہاتھی
سو منگل متنگل سو جنگل کے جو (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

متواری: متوالی (اسم۔مونث)
انچل سر چھوٹ گل لالی جھولے اس متواری کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

متوال: متوالا۔مست۔مدہوش۔مخمور (اسم۔مذکر)
1۔ متوال سب ملے ہیں، جوں پھل چمن کھلے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ نبی صدقے مدن متوال عبداللہ راجے کوں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مِتھ: (سنسکرت) ست، میت دوست۔ساتھی
لیتا اس کوں ہات متھ (اشرف۔نوسرہار)

متھن: خلاصہ۔خیال۔نچوڑ
اب تجھ کہہ سوں تیرا متھن (جانم۔ارشاد نامہ)

متھی: بیتھی=ایک خوشبودار چھوٹے پتوں کی بھاجی
متھی سوں چوں اموتی چنول (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

متی: مست
1۔ متی ہو کے جاناں سو گرنے لگے (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 2۔ ہوا گم کہ بیہوش ہے یا متی (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا) 3۔ متی ہو ست جوں منگل سو مد پی پیو کی پیاری کا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

متے: مست
متے گج کوں لایا متنگ تھان میں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

متیاں: متی (مست۔مخمور) کی جمع
سومہ پی ہویاں تھی متیاں او جتیاں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

مٹ : (مٹھ) مکان۔جگہ۔مقام (اسم۔مذکر)
1۔یو روضا سو ہے مٹ کسی خاص کا (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔نہیں قید ہو کر وہ اک مٹ میں ہے رہے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

مٹارے (متارے): ڈنڈے
دیکھ پہ دولاک متارے تتے (محمود بحری۔کلیات بحری)

مٹالا: ڈھفل (اسم۔مذکر)
جنوں نیشکر سور مٹالا ہوا دندا (محمود بحری۔کلیات بحری)

مٹکاونا: مٹکنے والا
سکھن مٹکاونا ہے روپ سنگار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مٹکاونا: مٹکنا
جو اس مٹکاونے کوں دیکھ ہیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مٹھائی: مٹھاس
1۔جوں جوت نیں سو گھر جوں مٹھائی نیں سو شکر (وجہی۔سب رس) 2۔مٹھائی زبان میں مبارک بچن (غواصی۔میناستونتی)

مٹھبول: میٹھی بولی والا
1۔دیکھا ایک مینا کو مٹھ بول خوب (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔کہ اے امرت ادھر مٹھ بول دھولن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔پیا مٹھ بول تھے ہور اس ادھر تھے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔جو مٹھ بول سکیاں میں تو ہے سگو (غواصی۔طوطی نامہ)

مٹھ بولتی: شیریں سخن، میٹھی باتیں کرنے والی (اسم۔مونث)
مری مٹھ بولتی مٹھائی سوں پیالا پلاتی ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مٹھ بولیاں: میٹھی باتیں کرنے والی (اسم۔مونث)
سہاگن ونت مٹھ بولیاں شکر قند (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مٹھی: میٹھی
الٰہی منجے توں مٹھی بات دے (طبعی۔بہرام و گل اندام)

مٹھیاں: میٹھی کی جمع
مٹھیاں گر چہ دستیاں ہیں جوں شکر آج (غواصی۔طوطی نامہ)

مثال: تصویر (اسم۔مونث)
لکھن بار باریک جل پر مثال (نصرتی۔گلشن عشق)

مثال لینا : بھیس لینا۔شکل بنانا
اسی سات انے برہمن کا مثال (غواصی۔طوطی نامہ)

مثلاً: مثل۔ضرب المثل
1۔کہ مثلا اہے ایک پنت ہور دو کاج (وجہی۔قطب مشتری) 2۔دکھن کا ہے یو مثلا (وجہی۔سب رس) 3۔مثلا ہے کہ "اتاولا سو باؤلا، دھیما سو گنبھیر" (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مج: جال
سٹ اس وھات سو فکر کا اس پہ مج (غواصی۔طوطی نامہ)

مجار: مجھار۔میں
لوٹ نہ لے مجھ ڈو وہ مجار (اشرف۔نو سر ہار)

مُجاہدیاں : مجاہدوں
مجاہدیاں کی پاک کرنی سوں جھاڑتن (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

مجلس بھراونا: مجلس منعقد کرنا
جب آشنا ملوکاں سوں مجلس بھراویں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مجلس میں چڑنا: مقام حاصل کرنا
عاشق ہوئے عاشقاں کی مجلس میں چڑے (وجہی۔سب رس)

مجھ۔مج : مجھے۔میرا
محی دین میراں نگہدار مجھ + دنیاں سوں کو کر گرفتار مجھ (فیروز بیدری۔پرت نامہ)

مجھار: (سنسکرت) درمیان۔بیچ۔میں
1۔بچن جوت مانک رکھوں تس مجھار (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔ترنگ اوں معانی کے میداں مجھار (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 3۔کہ دے ہات بیٹھے دونوں باقرار + دیوانہ کیا بعد اس کے مجھار (صنعتی۔مثنوی گلدستہ)

مجھ میں چلنا: میری چلنا
تجھ میں غیرت ہے مجھے اتی کہ اگر مجھ میں چلے میں نہ چھوڑوں کہ تو چنتے میں کسی کے جاوے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مچ: مچھلی (اسم۔مونث)
جوں جل کے مجھار کچ ہے مچ ہے (محمود بحری۔من لگن)

مچ: بند
ہوئیں گے غضب میں لاکھ توموں مچ کے چپ انجان (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مچلی: مچھلی کی غیر ہاکاری شکل (اسم۔مونث)
مچلی نمنے تلملوں ہوتا ہے کہ مد روز توں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مچھ: مچھلی (اسم۔مونث)
تمہارا خیال لو جن نیر میں تیرے مچھ ہو (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مچھارا: مچھلبارا۔مچھیرا (اسم۔مذکر)
جیسے ہووے مچھارا (میراں جی شمس العشاق۔شہادت الحقیقت)

مچھارے: مچھلبارے (اسم۔مذکر۔جمع)
جنوں مچھارے کوں جال بیس کچھ ہے (محمود بحری۔کلیات بحری)

مچھرک: مسیں (اسم۔مونث)
ہوراوس کی مچھرک سنبل کے روں کے سریکا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مچھلبارے: مچھیرے
آج دو مچھلبارے یہاں آئے تھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مَچھی: مچھلی
1۔مچھی بن نیر کے چشمے میں پڑ کر (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔مچھی جیوں کہ لڑے بے آب ہو کر (سید محمد والہ۔طالب وموہنی) 3۔مچھی ہے سو دریا کے پانی میں نھادیں (شاہ تراب۔من سمجھاوں) 4۔یو جیو بادل تج بنا بن جل مچھی تڑپا جانم۔کلمۃ الحقائق)

مچھیاں: موچھیں (اسم۔مونث۔جمع)
تراش اپنی داڑھی مچھیاں دے کہ چھوڑ (نصرتی۔کلام نصرتی)

محافے: چراغ کی ایک قسم (اسم۔مذکر)
محافے اتھے سارے چو پھر تمام (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

محال: محل
کھے یاں بند و خوشتر یں یک محال (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

محبت تٹنا: محبت کم ہونا
ابوبکر سوں دوستی رکھتے میں خدا کی محبت تٹتی نمیں (میراں جی خدانما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

محبت پکڑنا: محبت کرنا
ہور اس کا محبت دل میں پکڑنا برا ہے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

محبت جوڑنا: محبت کرنا
اسی سوں محبت جوڑو (وجہی۔تاج الحقائق)

محبت ساندنا: محبت کرنا۔رشتہ الفت جوڑنا
کچے بار سوں دل نہیں باندنا + کچے سوں محبت نہیں ساندنا (عالم۔لیلیٰ مجنوں)

محبت کا دم مارنا: محبت کا دم بھرنا
جسے کوئی محبت کا دم مارنا (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

محبت لانا: محبت کرنا
دنیا میں محبت کسی سوں نا لانا (وجہی۔سب رس)

محصی: خدا کا ایک نام۔شمار کرنے والا
توں محصی توں مہدی توں واحد سچا (وجہی۔قطب مشتری)

محلا دینا: پڑاؤ کرنا
انجھو کی فوج کا ائے شاہ خوباں + دیا ہوں تجھ گلے میں محلا (ولی۔کلیات ولی)

محلاں: محل کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
چلی آئی محلاں سے شہہ کی وہیں (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

محلے محل: محل محل
ملیکاں ہزاروں سوں تھے محلے محل (غواصی۔مینا ستونتی)

محنت: (عربی) سختی۔مصیبت
نظر بولیا کہ تیری محنت تے تیری دولت تے رقیب کی دولت نے آسودہ ہوا (وجہی۔سب رس)

محنت پر کھڑنا: کلفت برداشت کرنا
جتنی راحت منگے اتنی محنت پر کھڑے تو نبی تو ولی تو بڑے (وجہی۔سب رس)

محنت چیز ہونا: محنت کا پھل حاصل ہونا
بڑی چیز ہوئی سب او محنت میری (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

محنت کریا: محنت کش۔ مزدور (اسم۔ مذکر)
بھوندو نگر گھٹ تھا محنت کریا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

محنت میں سنپڑنا: مصیبت میں پرنا
عقلمند آرام کو چھوڑ کر محنت میں اپنے سوں اپے نیس سنپڑے گا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

محوپنا: محویت
محوپنے کی حالت کوں نشان ہے ہور محو ہونھارے کا حال بے نشان اچھتا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

محیّا: مہیا
کہ پیکر کے کارن محیا کیا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

محی دین: محی الدین
محی دین توں دین تجھ تھے جیا (فیروز بیدری۔ پرت نامہ)

محی الدینیاں: محی الدین کے پیرو
جہاں لگ محی الدینیاں ہیں تمام (غواصی۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)

مُخا: یمن کے مغربی ساحل پر ایک بندرگاہ
1۔ مخا مصر و کنعاں و غور و حلب (امین الدین اعلیٰ۔ گفتار امین) 2۔ مخا آگرہ ہور سگل پرتگال (وجہی۔ سب رس)

مخزی: گوٹ۔ زر کا پٹہ جو کپڑوں پر ٹانکا جاتا ہے (اسم۔ مذکر)
گوری کا گورا رنگ یو ہور لال مخزی کا تہبند (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

مقفیج: مخفی ہی (چتا کیدی۔ مراٹھی)
کیتک گنج مقفیج رب نے دیا (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

مخمول: (عربی) نڈھال۔ مغموم۔ افسردہ
1۔ کی توں ہو دایوں مخمول (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ ہو مخمول جوں پھول باسی اتھا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

مَد: شراب (اسم۔ مذکر)
1۔ پیو کے ہاتھوں مد بھر پیو (شاہ ابوالحسن۔ سکھ انجن) 2۔ ہو امد پینے کا آیا ہے پیارا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ کیا عاشق کے دل کوں مد سکل شاد (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)

مُدا: مدعا
کہ پوچھن لگی اس کے دل کا مدا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

مَداں: مد کی جمع
لٹاں جیوں مداں ہیں تلاں جیوں ہیں نکتے (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مَد پان: شراب نوشی
مد پان کے پیالے سوں تجے پر کھلیا ہوں (محمود بحری۔ کلیات بحری)

مَد پرت: شراب عشق
نہ اترے مد پرت جو جگ گذرے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

مَد پیر: پیر مغاں (اسم۔ مذکر)
کروں سیو یک چت سوں مد پیر کا میں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُدت: مدو (اسم۔ مونث)
1۔ نہ توں جس مدت کوئی ناتس مدت (فیروز بیدری۔ پرت نامہ) 2۔ تو یہ مدت بھیجی میں (اشرف۔ نوسرہار) 3۔ مدت دیوے اس کوں پھیر (امین الدین اعلیٰ۔ رموز السالکین) 4۔ مدت حق تعالیٰ تبارک تمھیں (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

مَدخانہ: مئے خانہ (اسم۔ مذکر)
مدخانہ عشرت کا کھلیا، بہتا پون آنند کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَدخماری: شراب کا نشہ
نین ناری رنگ دھاری مدخماری سرنے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُدرا: علامت۔ نشان (اسم۔ مذکر)
کھیاں آج وہ دیکھ تج مدرا (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

مَدرس: (مد=شراب+رس) شراب (اسم۔ مونث)
1۔ بہت چھند سوں لگی مدرس پلانے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار) 2۔ بھرے مدرس کی دو نارنگ دیٹھے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

مُدری: (مدرا)۔ آویزہ۔ کان کا بندا۔ (اسم۔ مونث)
صبوری کی مدری دیا گوش کوں (عاجز ابن احمد گجراتی۔ لیلیٰ مجنوں)

مُدرے: حلقے۔ آویزے جو کان میں پہنے جاتے ہیں (اسم۔ مذکر)
1۔ لگیا کاناں کوں مدرے ہور چکرے (ابن نشاطی۔ پھول بن) 2۔

بھری نے کان تیں مدرے چڑائی ہے بوتی تن (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔سارے پھلاں سوکان میں مدرے کیا ہے آپ (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی)

مدن: محبت کا دیوتا۔محبت (اسم۔مذکر)
1۔ پیان ستا تا مدن بالے بالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ بنی سد تے مدن متوال عبداللہ راجے کوں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔کیا نیک مدن کا اونچ لگتا ہے مجھے (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی) 4۔کہ یا ہو مدن روپ شاہ زماں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

مَدنا یک: سردار (اسم۔مذکر)
1۔ کیا شاہ کوں مدنا یک اس ٹھار کا (وجہی۔قطب مشتری) 2۔یو دو نو حسن کے مدنا یک (وجہی۔سب رس)

مدنا یک نگینا: وہ نگینا جو زیور کے بیچ میں لگایا جاتا ہے
جیوں دیپک میں دسے مدنا نک نگینا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مَدن باؤ: (مدن = عشق کا دیوتا مجازاً محبت + باد = ہوا) عشق کی ہوا وہوس
کہا اے مدن باؤ کی باوری (غواصی۔طوطی نامہ)

مدَن بھوگی: محبت سے لطف اندوز ہونے والا۔عیش کرنے والا
1۔ مدن بھوگی مست متوال ہو (وجہی۔قطب مشتری) 2۔اس مدن بھوگی کی دولت پائے یوں رتجان ہو (غواصی۔کلیات غواصی)

مَدن بیلاس: مدن دیلاس۔عیش وعشرت
مدن بیلاس کا دان ادسے تن آس (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مدن پُورن: پریم نگری
ان کے مدن پورن میں پیوئی پھرا دورائی (علی عادل شاہ۔کلیات شاہی)

مَدن کالھار: محبت کا نشہ
چڑیا ہے مدن کا سوخوش لھارا ے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

مدن مد: (مدن محبت کا دیوتا استعارتاً محبت + مد = شراب) شراب محبت
مدن مد اثر سے مدن جان جام + نین مدمستاں کی سوزش تمام (نصرتی۔گلشن عشق)

مدن مان: ایک خوشبودار پھول جس کا رنگ سبز ہوتا ہے اسے جنوبی ہند میں "مدن مست" بھی کہتے ہیں۔

کہا کیا صفت میں مدن مان کی (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مَدن مُورت: پیار کی مورت
قامت اس کا نام.....قبول صورت، مدن مورت (وجہی۔سب رس)

مَدمتی: مخمور۔مست
اے مدمتی بھا تا ترا کیتی جو ڈل ڈل بولنا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مدھ: بیں۔درمیاں
تلک چندن بیچ اکشا سمر ودمدھ میرو پربت (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مَدھ سُونا یک: سردار (اسم۔مذکر)
ہوئے مدھ سونا یک نبی درمیان (عبدل۔ابراہیم نامہ)

مَدھر: خوش گوار۔میٹھا
مدھر نہ کھتر ہوئے کھر نہ مدھر (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

مَدھکر: بھونرا (اسم۔مذکر)
1۔مدھکر سوآ کر نیہہ سوں بیٹھا ہے جوں اربند سو (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی) 2۔چھاریا ہی کھور چندن تن تا پرانگار کھوں کیوں بجھرہے کو ئلے مانو مدھکر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مَدھوتہ: موم (اسم۔مذکر)
ابراہیم ہیم پر چیت نار کا مدھوتہ پر (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مدھونا یک: زیور کے درمیان کا خوب صورت رتن یا منی (اسم۔مذکر)
1۔ہوا مدھونا یک محل شاہ کا (عبدل۔ابراہیم نامہ) 2۔جیوں دیپک میں دسے مدھ نا نک نگینا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مَڈاں: وسعت (منڈاں) گھیر
ولیکن جتا کچھ زمیں کا مڈاں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

مراد کرنا: مراد پوری کرنا
جو کوئی قدم تجھ پہ ثابت دھرے + تو اس کی مراداں تو پل میں کرے (بلاقی۔معراج نامہ)

مرادونتا: حاجت مند
سخیاں مرادونتی کو نکے نیں اڑاتے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مُراداں: مراد کی جمع
بچن تھے مراداں جگت پادتے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

مَرائی: (عربی) ریا کاری
مرائی یعنی ریا کے عمل کرن ہارا (میراں یعقوب ـ شمائل الاتقیا)

مرت: مرتیو موت
سرگ، مرت، پاتال ہر ایک دھر (عبدل ـ ابراہیم نامہ)

مُرت: ہوا (اسم ـ مذکر)
باو رانجرتا پر مرت لاگے کب گپت کب پرگت دسے بدن (ابراہیم عادل شاہ ـ کتاب نورس)

مَرتبا: مرتبہ
1 ـ دیاج کو یارب توئی مرتبا (شاہ تراب ـ من سمجھاون) 2 ـ سو کچ ہے مرتبا اس پیرداں کوں (احمد جنیدی ـ ماہ پیکر)

مَرتیاں: مرتی (فعل مونث) کی جمع
پریاں جلتیاں کتے تج سم نہ آسک ہور مرتیاں ہیں (غواصی ـ کلیات غواصی)

مَرتے کے ساتھ کون مرتا ہے: مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا
چلی وہیں نے کہہ کر رکھوں کیوں میں بات + کہو کون مرتا ہے مرتے کے ساتھ (نصرتی ـ گلشن عشق)

مَرجاو: حد (اسم ـ مونث)
نہ مرجاو توں چھوڑ او گن کرن (فخر دین نظامی ـ کدم راؤ پدم راؤ)

مَرتبانا: مرتبان کی جمع (اسم ـ مذکر جمع)
رکھے تھے مرتباناں واں ہزاراں (ملک خوشنود ـ جنت سنگار)

مُرچھن: (سنسکرت مورچھ) بے ہوش ـ از خود رفتہ
1 ـ ابراہیم کلچیاں راگ راتی مورت نور سوھن بنی مرچھن بھی ایچھ اندرا چھے سندر ناتی (ابراہیم عادل شاہ ـ کتاب نورس) 2 ـ پڑی مرچھن آ کوئی نہ تھے خواب میں (نصرتی ـ علی نامہ)

مَرحم: مرہم
نہیں اس زخم کو منج پاس مرحم (طبعی ـ بہرام وگل اندام)

مَردانے مرداں: بہادر آدمی
کیے شبہ کہ مردانے مرداں کہیں + اگے کا پچھیں پاؤں رکھتے نہیں (وجہی ـ قطب مشتری)

مَردک: (فارسی) قابل حقارت آدمی ـ بدمعاش (اسم ـ مذکر)
ایسا پاپی مردک تانٹھ (اشرف ـ نوسرہار)

مَرسی: مرے گا (صیغہ مستقبل ـ پنجابی)
بے عشق توں نکوا چھ تا تو کدھیں نہ مرسی (میراں یعقوب ـ شمائل الاتقیا)

مَرغولنا: چہچہانا
1 ـ پنچھی جیواں کے مرغولیں دیکھت کھوئیں پراں خوشیاں (محمد قلی قطب شاہ ـ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2 ـ جناور ڈالیاں پر مست مرغولتے ہیں (وجہی ـ سب رس)

مرغولتیاں: مرغولتی (چہچہاتی فعل ـ مونث) کی جمع
لالا گن ہو بلبلاں پاتار کی مرغولتیاں (ہاشمی بیجاپوری ـ دیوان ہاشمی)

مرغولیاں کرنا: چہچہانا ـ خوش فعلیاں کرنا
ہور سداں مرغولیاں کرتے تھے (ابراہیم بیجاپوری ـ انوار سہیلی)

مرک: مورکھ ـ بے وقوف
سجان کوں بس ایک سخن اور مرک کوں سو گفتار (محمود بحری ـ کلیات بحری)

مرکٹ: بندر (اسم ـ مذکر)
نہیں تو مرکٹ کیری دھات (جانم ـ ارشاد نامہ)

مرکونڈی مار کر پڑنا: اٹوائی کھٹوائی لینا
دیکھا کہ اپنی بیٹی کونے میں مرکونڈی مار کر پڑی ہے (ابراہیم بیجاپوری ـ انوار سہیلی)

مرگ: بارش کی پہلی کارتی جب دکن میں موسم باراں کا آغاز ہوتا ہے۔
1 ـ آنندان سیتی پھر آیا مرگ سال (محمد قلی قطب شاہ ـ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2 ـ مرگ میں مرگنیاں کی کسوت سہانی (محمد قلی قطب شاہ ـ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مرگ: ہرن (اسم ـ مذکر)
1 ـ مرگ ہور مرگنیاں بن میں چرن ہار (احمد گجراتی ـ یوسف زلیخا) 2 ـ مرگ کا نافہ تمن یاد تھے ہوا خوشبو (محمد قلی قطب شاہ ـ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3 ـ نین مرگ تیرے ہیں ہور سو کے شاخ (محمد قلی قطب شاہ ـ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مرگاں: مرگ (موت) کی جمع
بڑی یہ بات مرگاں منیں تھے (احمد گجراتی ـ یوسف زلیخا)

مرگ جل: وہ پانی جس سے موت واقع ہو (آب حیات کے برعکس)
کیا بند مرگ جل مجھے (حسن شوقی ـ فتح نامہ نظام شاہ)

مرگ چھال: ہرن کی کھال جو اکثر سنیاسی استعمال کرتے ہیں
بچھا کر مرگ چھال شہنشاہ کلا دیں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

مرگ سال: موسم برسات
مرگ سال آئیا پھر تھے مرگ نینی سنگاراں کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مرگ لوچنی: ہرن جیسی آنکھ والی عورت آہو چشم
کوئی باندھ ٹکٹی مرگ لوچنیاں (عبدل۔ابراہیم نامہ)

مرگوں: مرگ (ہرن) کی جمع
نین مرگوں کی گھانس پکڑے مکھ (ولی۔کلیات ولی)

مرگیا: ہرن (اسم۔مذکر)
خوشبوگی مغز میں کستور مرگیا کا (علی عادل شاہ شاہی۔کلیات شاہی)

مرگیاں: مرے ہوئے لوگ۔مرحومین
کہ جن ہمن کوں موے مرگیاں میں پیچانے (محمود بحری۔کلیات بحری)

مرگنیاں: مرگ (ہرن) کی جمع ہرنیں آہو چشم محبوبائیں
مرگ میں مرگنیاں کی سوت سہانی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مرل: جنوبی ہند کی مشہور مچھلی جو بہت لذیذ ہوتی ہے
سنگے تو کہیں مرل دار دکوں بیٹھ ہے (ابن نشاطی۔پھول بن)

مَرم: (سنسکرت) بھید۔راز۔پوشیدہ۔جوہر
مرم بات کا بوجھ دل ہات لے (عبدل۔ابراہیم نامہ)

مَرن: مرنا (اسم۔مذکر)+(اسم۔مونث)
1۔مرن آکے پڑتا ہے دیپک کے سنگ (ہاشمی بیجاپوری۔دیوان ہاشمی)
2۔اُچھلتے عشق کے شعلے کہوں کس جا مرن اپنی (حسن شوقی۔غزلیات)

مرناچ: مرناہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)
جہاز پھوٹیا تو پچھیں غوطے کھا کھا مرناچ ہے (وجہی۔تاج الحقائق)

مَرن ہار: مرنے والا
1۔مرن ہار نیئں دیکھتا خوب زشت (نصرتی۔علی نامہ) 2۔جو میں جاں کندنی تھے ہوں مرن ہار (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مَرن دیس: مرنے کے دن
کہ جے چیونٹی کوں مرن دیس ہوئے (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

مَروا: ایک قسم کی خوشبودار بوٹی (اسم۔مذکر)
سود دنا و مرواوہ بالانفیس (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

مَروریا: مزوڑا
مروریا کان اس کے دی فقیری (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

مریاں: مردہ۔مرے ہوئے
و لے جیوتیان کوں توں مارے مریاں کوں توں جواتا ہے (محمود خوش دہاں۔نکتہ راز و نیاز)

مروتا سنبلا: سنبل پیچاں (اسم۔مذکر)
مروتا سنبلا پر لاف مار آج + جھمک تج نور تھے پاداں طرا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مَروتے: اتراتے
یوں شہہ مروتے آئے تک دربار لگ یک یک قدم (نصرتی۔علی نامہ)

مَرونا: اترانا۔اکڑنا۔شان و شوکت سے نکلنا۔گھومنا
1۔دھگڑ کوں لے پڑی ہے، بہت اپس کوں مروتی ہے (وجہی۔سب رس) 2۔ہنسی رھتی کا مروتی چڑی (غواصی۔مینا ستونتی)

مَروتے: اتراتے
1۔مروتے پر یک چوک بازار تے (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔مروتے گئے جب نبی کے موگھر (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 3 لیے عزلت چڑے سب مروتے (ابن نشاطی۔پھول بن)

مَزاخ: مذاق (اسم۔مذکر)
ہنسی ہنسی میں گھال کر کئی کئی کرے گی وہ مزاخ (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مَزائیگی: مزہ۔لذت
ادھر پر دھر مزائیگی آزمانا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

مَزبوت: مضبوط
پکڑ چور کوں خوب مزبوت کیا (غواصی۔مینا ستونتی)

مزوری: مزدوری
1۔بعضے لوگاں مزوری کرتے (وجہی۔سب رس) 2۔تیری یک بات کا ہے یو مزوری (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

مزوراں: مزور (مزدور) کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

مڑوراں جتے تھے نھنے ہور بڑے (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

مَڑ: کٹی۔ جھوپڑی (اسم۔ مونث)

سرج جوگی فلک جوگی کی مڑ ہے (ولی۔ کلیات ولی)

مَڑوڑنا: موڑنا

دل اور طرف نہ کہ مڑوڑیا (محمود بحری۔ من لگن)

مَڑوڑنا: نچوڑنا

برس تھا مو لے گئے ہیں اکثر مڑوڑ (غواصی۔ طوطی نامہ)

مَڑی: کیاری (اسم۔ مونث)

1۔ کہ اس بن کے میانے اہے یک مڑی (نصرتی۔ گلشن عشق) 2۔ لب لال رنج اڑا یالائے گی ہر مڑی کا (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

مڑنا: مڑھنا

مَڑیا: مڑھا

ہر اک بول کوں میں سنے میں مڑیا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مَڑیا: مڑا ہوا

مڑیا زلف سنپولا کھیارے عجب (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَڑے: مڑھے۔ ملمع کیا ہوا

مرصع کرے ہور مڑے ہیں طلا (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

مڑیاں: مڑی (کیاری) کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)

تہاں کا مالی پرم کا پانی نین مڑیاں میں سدا بھرائے (شاہی۔ کلیات شاہی)

مِس: سیاہی (اسم۔ مونث)

1۔ دھوں جگ نہرا گر مس کر بھریں گے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ سپت سمندر پانی جو مسکر بھریں (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

مُسافر چلنا: سفر کرنا

اونٹ کی سواری سوں مسافر چلے جاتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

مُسانڈ: (مراٹھی) ٹکر۔ حملہ۔ جھپٹ

مسانڈ یک وہیں لے کے خنزیر کا + ولایت کھنڈ یلتا چ چوندھیر کا (نصرتی۔ علی نامہ)

مستان مارا: مست۔ مستانہ

عجب فتنہ ہے وو مستان مارا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مُستید: مستعد

1۔ ہوا ساز چلنے کا مستید سب (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ دکھایا محل کوں جو مستید کر (وجہی۔ قطب مشتری)

مُستعید کرنا: تیار کرنا

یوں اس کیتا مستعید (اشرف۔ نوسرہار)

مُستعیدی: تیاری کا ساز و سامان

1۔ جو کچھ مستعیدی منگا موو ہے (وجہی۔ قطب مشتری) 2۔ ہمیں تمہیں مل کر جائیں جو کچھ مستعدی ہونا شہر دیدار تے لیائیں (وجہی۔ سب رس)

مُستقیم ہونا: قائم ہونا

اور رسم ہور روش ابتال ہمارے زمانے لگ مشائخاں کیاں مستقیم ہوا ہے (میراں یعقوب۔ شمائل الاتقیا)

مَستک: (سنسکرت۔ مستک) پیشانی (اسم۔ مونث)

1۔ سہاگاں بھاگ پھل مستک کھلے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ محمد قطب تج مستک لکھے ہیں داس پیغمبر (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ مستک میں لاگے تیر جو ہاتی کے ہو ڈھونپر سوں پار (ہاشمی۔ قصیدہ ہاشمی) 4۔ نہ ہر گج کی مستک میں گوہر اچھے (صنعتی۔ قصہ بے نظیر)

مَستوری: عورت (اسم۔ مونث)

شہ کی بھیتن سوں ہے مستوریاں کی عید (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مستی ٹھنڈی کرنا: غرور توڑنا۔ دماغ ٹھیک کرنا

ٹھنڈی سرتے باغی کی مستی کروں (نصرتی۔ علی نامہ)

مَسخراگی: تمسخر۔ مسخرہ پن۔ مذاق

1۔ اچھی جان صالح تو ابلیس ڈرے بڑی فحش سوں مسخراگی کرے (غواصی۔ مینا ستونتی) 2۔ کدھیں نیں سو ہوی مسخراگی بڑی (غواصی۔ طوطی نامہ) 3۔ کہ کا ہے مسخراگی مجھ لاوے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

مَسکا: مکھن (اسم۔ مذکر)

1۔ دو جوں چھاچ میں مسکا (جانم۔ کلمۃ الحقائق) 2۔ اگن پاس مسکہ جو پگلیچ گا (ہاشمی۔ یوسف زلیخا) 3۔ مسکاموں کے کاڑے مت (شیخ داول۔ کشف الوجود) 4۔ جو مسکا آگ کی آنچ کھایا ہور صورت پایا

کھیو کہایا (وجہی۔سب رس)

مُسکاتی: مسکراتی

بولے جو بول تو او مسکاتی بولنے میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُسکتی: مسکراتی

1۔ نہ سک پچکڑی پھو کھیل مسکتی کھڑی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ مسکتی ہنستی نخلی ہنس کی چال چلتی او (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُسکتے: مسکراتے

جو دائم مسکتے ہیں وہ میٹھے لب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مُسکنا: مسکرانا

سنی بات اس کی، مسکی مسکنی (غواصی۔مینا ستونتی)

مُسکاونا: مسکراہٹ

النکار سوں سائیں مسکاونا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُسکتی ہنسنا: تبسم کرنا

تیسرا تبسم ہے وہ سو کیا ناا وزادے ہونٹ کھلے اسے مسکتی ہنسا بولتے ہیں (علاء الدین چشتی۔فرائض اسلام)

مُسکنی: مسکراتی

حماقت پر اس کی ہنسی مسکنی (غواصی۔طوطی نامہ)

مُسکنیاں: تبسم

خوشی سوں مسکنیاں ہو ہونٹ کھولیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مُسکناتی: مسکراتی

رہی ناز میں مسکناتی کلی (نصرتی۔کلام نصرتی)

مُسکانے: مسکراتے

پہلے روز سماع میں یو بہت سنے ہور دوسرے روز مسکانے جیو دیے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

مُسکرائیاں: مسکرائیں (فعل۔مونث) کی جمع

خوشی سوں بی بیاں مسکرائیاں تمام (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مسکے ستی بال نکالنا: ہوشیاری سے کام انجام دینا

نکالوں میں جو بال مسکے ستی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مُسل: موسل

مسل ہو کے دوڑی تھی رو مادلی (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

مُسلاں سوں ڈھول بجانا: آزادی سے عیش کرنا۔من مانی کرنا

ہور دل جتنا چیتا ہے سو اتنا مسلاں سوں ڈھول بجاتا رہو (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مُسلّم: بمکمل

مسلم ہور اس فکر سوں بے قرار (غواصی۔طوطی نامہ)

مَسند: مسند

سخن بڑا ہے نزک عاشقاں کے یوں مسند (ولی۔کلیات ولی)

مُسوں: مجھ سے (مو=مجھ+سوں=سے)

1۔ مسوں عیش مل رات ساری کیا (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ درنگ نہ لا نہ کر گلا کہ بسملا مسوں مل آ (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ) 3۔ رُٹھے ہیں لال مسوں کرتے نہیں بات (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مُشارا: مشاہرہ۔تنخواہ

مشارے کوں حاضر ہو نوبت چکائے (وجہی۔قطب مشتری)

مَشاقت: مشقت

مشاقت و محنت سو تجھ دل اپر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

مُشاہیدہ: مشاہدہ

کتاں کو مشاہیدہ حاصل ہوا (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

مُشکل کھڑیا ہونا: مصیبت آپڑنا

وہی بوجھ کھڑیا ہے جس پر مشکل (ابن نشاطی۔پھول بن)

مُشکل گھڑنا: مشکل پڑنا

ایک مشکل گھڑی تو بڑی نرمی سوں ٹال دینا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مُشکل لگنا: مشکل معلوم ہونا

یہاں کے لوگاں کی دل بستگی تو ذکر جانا تک مشکل لگتا ہے (وجہی۔سب رس)

مُشکلا: مشکل

تیرا دھیان امرت اب مرنا مشکلا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مُشکاں: مشک کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)

1۔فلک سے سقے ہوئے کہ مشکاں بدل (ہاشمی بیجاپوری۔یوسف زلیخا) 2۔خضرواں لے پانی سو مشکاں سوں بھر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

مُشکے ختن: مشک ختن

کہ جیوں خوش باس کا مشکے ختن ہے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

مشالا: مشعل

مشالا دک سرا چایا سرست (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

مُشورت لانا: مشورہ کرنا

اس سوں مشورت لائی (وجہی۔سب رس)

مَصلحت لینا: صلاح لینا

اس سوں ہمیں مصلحت لینا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مضمناں: مضمون کی جمع (مضامین)

نوے مضمناں دھنڈلیا تا رہوں (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

مَطلب نبڑنا: مراد حاصل ہونا

بڑا اس گڑبڑ ہور ہتی ہے جو مطلب اپنا نبڑے پر (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مَعذور رکھ: معاف کر

میں یوسف ثانی تجے سہوا کھیا معذور رکھ (حسن شوقی۔غزلیات)

معملہ: معاملہ (اسم۔مذکر)

جیو نقدلیوں میں معملہ سودا کروں گی روک کا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مُعلم: (عربی) کشتی کا ملاح۔جہاز کا ناخدا (اسم۔مذکر)

معلم رہے نوح تج جہاز کا (وجہی۔قطب مشتری)

مَعوی: معاویہ

1۔معوی جو ہے تجھ سیں سوت (اشرف۔نوسرہار) 2۔کھیا معادی انکھیں بھاو (اشرف۔نوسرہار) 3۔اس کوں معوی کا ڈر (اشرف۔نوسرہار)

مَعانچ: معنیٰ ہی (چہ تاکیدی۔مراٹھی)

حقائق معانچ منقول ہیں (محمود بحری۔کلیات بحری)

مَعنا: معنی

1۔ہر اک معنا جیوا کھول (محمود خوش دہاں۔رسالہ علم الحیٰوۃ) 2۔لکھائی لکھ پہ صندل کیا معنا (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

مُغول: مغل

نہ دکھنی نہ روی نہ سمجھے مغول (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

مقام دینا: قیام کرنا۔ٹھہرانا

دیے شاہزادے کوں تب واں مقام (نصرتی۔گلشن عشق)

مِقدار: بڑائی۔قدر۔وزن

جکوئی سمجھتا ہے بات کا مانا و نفر کوں دیکھ صاحب کا مقدار جانتا ہے (وجہی۔سب رس)

مقصود سبڑنا: مقصود حاصل ہونا۔مدعا بر آنا

بارے ہمنا کچھ فیض انپڑے، تیری دولت مقصود سبڑے (وجہی۔سب رس)

مُک: (مکھ) چہرہ۔صورت (اسم۔مذکر)

1۔بغیر مک سو دیکھن نہ کچھ کار ہے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 2۔سک نین کوں تو بڑبڑے جو دیکھے شہہ کا مک (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور) 3۔ہو معشوق پھر مک دکھایا اُسے (احمد جنیدی۔ماہ پیکر) 4۔لے کر ہاڑ کا شنگ مک میں بجاوئیں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

مَکا: مکہ

1۔سوا لی خلق کا گویا مکا ہے (غواصی۔کلیات غواصی) 2۔سکی کا مکھ مکا ہور کیس کسوت جیوں بنائے ہیں + ویسے یوں مانگ موتیاں کی کہ حاجی حج کو آئے ہیں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَکابرا: حجت۔جھگڑا (اسم۔مذکر)

نادان سوں مکابرا کرنا بڑا عذاب ہے (وجہی۔سب رس)

مَکاناں: مکان کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)

منور ہوئے تھے مکاناں تمام (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

مَکارا: (مہکار) خوشبو

سرو صنوبر سمن کے بیلاں پھلے ہیں پھولاں اچھے مکارا (شاہی۔کلیات شاہی)

مُکت: موتی (اسم۔مونث)

1۔مکت مصحف کے تارے ہور ہے خوباں کے مکھ پر کی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔مکت عرفان کے باتاں سوں رولے (ملک خوشنود۔جنت سنگار)

مُکتا: موتی (اسم۔مونث)

1۔مکتا بھوشن بھوشیاسیت رکتا سر چنگ چھیلا (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس) 2۔ابراہیم نورس مکتا نکست یا کارن نہجیں مانی (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مُکت چوسرا: موتیوں سے تیار کیا ہوا گلے کا زیور جس میں چار لڑیں ہوتی ہیں

مکت چوسرا جیوں دسے اس گلے (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں)

مُکتی: مہکتی

خشبوئی مکتی رہے سدا (شیخ داول۔کشف الوجود)

مُکٹ: تاج۔(اسم۔مذکر)

1۔مکٹ ساز کر سور سب آئے ہیں (وجہی۔قطب مشتری) 2۔مکھٹ پر مکٹ چڑھائے کلت کا گت سنے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ڈال مکٹ آگ میں پھر جال جال (محمود بحری۔کلیات بحری)

مُکٹن: مکٹ=تاج۔(اسم۔مذکر)

کسی رائے سرتوں دھرے مکٹن (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

مُکر: مکار

نہیں تو کروں تج کوں ٹکڑے مکر (غواصی۔مینا ستونتی)

مُکرا: ناک کا ایک زیور (اسم۔مذکر)

جب ناک میں مکرا سہا گن چین آئی جلوہ میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُکرات: مکر جانا

1۔معشوق کوں عاشق کہتے عزت نئی مکرات سوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

2۔جو مکرات ان کا بڑا ہے جو کام (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مُکراں: مکر کی جمع

لکھن ہار ہوں ان کے مکراں تمام (غواصی۔طوطی نامہ)

مکر زن: دلالہ۔کٹنی (اسم۔مونث)

1۔مکر زناں کو بھاتا میانے میان (وجہی۔سب رس) 2۔شہر کی بڈیاں میں مراہا نک ہے+مکر زن زناں میں مرادھا نک ہے (غواصی۔مینا ستونتی)

مُکرند: گلاب کا عرق (اسم۔مذکر)

کستوری کپور بھرم کیسری پال مکرند اومالی مدن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مُکری: مکار

1۔یو مکری دغاباز اس کام کیا آتے (وجہی۔سب رس) 2۔جو دو شوخ مکری ملعن سکی (غواصی۔طوطی نامہ)

مُکڑے: (مکرا) ناک کا ایک زیور (اسم۔مذکر)

سودھن ناک یوں پل ہے مکڑے کی سنگ (وجہی۔قطب مشتری)

مکمبر: (مو=بال+ کمبر=کمبل) بالوں کا بنا ہوا کمبل

1۔سج فرش مخمل مکمبر بچھائے (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔اوڑے گوڈری ہور بچھاوے مکمبر (شاہ تراب۔من سمجھاون)

مُک مڑوڑنا: منہ موڑنا

1۔تو سب طرف سوں جو یکبار مک مڑوڑ چلیا (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔دل اور طرف نہ مکھ مڑوڑیا (محمود بحری۔من لگن)

مُکمکانا: مہکنا

1۔بنے بن پون مکمکاتی اچھے (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال)

2۔واں کے بارے کی بو ہے بوے+عبیر مکمکاتی ہے اس کی سب چو دھیر (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مکمکانی: مہک

تر اتد پھول کی ڈالی نمن کھل مکمکانی تھے (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مُکمکیے: مہکے

باس تیری برکی دھن کیا مکمکا یک دکھن (محمود بحری۔کلیات بحری)

مُکھ بھیڑ ہونا: مُنہ بھیڑ ہونا

راستے میں ایک سور مکھ بھیڑ ہو کر ہلکیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مُکھ تلخ کرنا: ترش رو ہونا

پرم رس کے ساقی پہ کی تلخ مکھ (نصرتی۔گلشن عشق)

مُکھ: منہ۔چہرہ۔(اسم۔مذکر)
1۔اچھو کالا مکھ اس جگہبان کا (رستمی۔خاور نامہ) 2۔سیت مکھ دیکھتے دل سوز پکڑیا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
مکھڑا: چہرہ (اسم۔مذکر)
مکھڑا ترا نچھائے آئینوں جب آنکھ کھول (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)
مُکھاں: مکھ (چہرہ) کی جمع
مکھاں دیو ساراں کے جا کر پیکھیا (رستمی۔خاور نامہ)
مُکھارے راگ: ساز کے بجائے مکھ یا منہ سے گائے جانے والے راگ
مکھارے راگ گاتی مکھ مہراں سوں سوہاتی ہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
مُکھڑی: بکڑی (اسم۔مونث)
تو مکھڑی کے سرب کاج ہوتی ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مُکھ گھونٹ کر: دبا کر۔ڈھکوس کر
کوئی کھا اجل پیڑے مکھ گھونٹ کر (عبدل۔ابراہیم نامہ)
مکھڑے پہ پانی ہونا: آبرو کا ہونا۔آبرو بخشنا
توحید کے مکھڑے پہ توکل سوں ہے پانی (محمود بحری۔کلیات بحری)
مُکھن: منہ۔رخ۔چہرہ (اسم۔مذکر)
سور چھپایا خنجر چندر دکھایا مکھن (لطفی۔کلام لطفی)
مکھند: لائق
سیناسیاں میں کر مکھند جوگیاں سنے کر جت ہوا (حسن شوقی۔غزلیات)
مکھنڈ: لائق۔طاقت ور۔سر برآوردہ
بادشاہاں بڑے مکھنڈ دں کو چن کر بھیجتے تھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مُکھی: مکا۔گھونسا (اسم۔مونث)
1۔مکھیاں سوں پہاڑاں کرے چور چور (وجہی۔قطب مشتری) 2۔جم کی مکھی تے کم نہ تھا دھکا گرز کی مارکا (نصرتی۔علی نامہ)
مَکھیاں جھلنا: مکھیاں اڑانا
اس کے سرانے بیٹھ کر مکھیاں جھلتا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مَکھیاں ہنکالنا: مکھیاں اڑانا
رنج او مکھیاں ہنکالتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مَکھی چلنا: مکا مارنا
جو کہ دیوانہ پو غصے سوں چلا مکھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مُکھے: مکے (اسم۔مذکر۔جمع)
تو جانا مکھے میر۔راندر نبرد (رستمی۔خاور نامہ)
مُگرا: موگرا۔ایک خوشبودار پھول (اسم۔مذکر)
کدھیں مگرا کدھیں چمپا چنبیلی (ابن نشاطی۔پھول بن)
مُگریل: خوشبودار مسالہ جس سے عورتیں سر دھوتی ہیں (اسم۔مذکر)
بکس یک کے سر میں سو مگریل بھائے (ہاشمی۔یوسف زلیخا)
مَگھ گانا: مہکنا
جنت کی خوشبویاں تھے دو جگ مگھگایا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
مگمگن: مہک۔خوشبو
سواس غنچے کے باساں تھے لگیا جگ مگمگن سارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
مِگھا: میگھ۔بادل (اسم۔مذکر)
مگھا چھائے انبر رنگار رنگ نہانی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
مگے: مانگے کی غیر انفیائی شکل۔(مانگے)
مگے شاہ عالم تو دے دان رنگ (عبدل۔ابراہیم نامہ)
ملاحظہ: خیال۔لحاظ۔حجاب
1۔جاں جیو چیتا تا، داں ہر یک بات کنے کوں دل میں کچھ ملاحظہ پیش آتا (وجہی۔سب رس)
ملاذا: لحاظ۔پاس
1۔نہ تج میں ملاذا نہ تج میں ادب (وجہی۔قطب مشتری) 2۔ملاذا ہے اس کا سٹوں جیو کوں وار (غواصی۔مینا ستونتی) 3۔ہمن سے ملاذا نہ کر کھول بول (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)
ملازا: ملاحظہ۔لحاظ
ملازا نہ کرنا ہم اس بات کوں (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

مالاظہ: نمانا

مالاظہ تو ز نا سنب ر سنگے سوں آن دیتی ہوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مالالا: ملال (اسم۔مذکر)

لکو چھاتی کہ جاوے دل ملالا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

ملالت: بیماری

ہرگز نہیں ہے اس کی ملالت کوں کیں شفا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مُلاں: ملا کی انفیانی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)

ملاں پاس بہرام کو بیسلائے (طبعی۔بہرام وگل اندام)

مُلانا: ملا (اسم۔مذکر)

نہ چھوڑوں ملانا نہ چھوڑوں فقیر + نہ بڑکا نہ اڑکا نہ برنا نہ پیر (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

ملانا: پاس رکھنا۔فراہم کرنا

1۔مال ملاسنے مختا تو مال ملاتیاں کوں منگ (وجہی۔سب رس) 2۔سنتی ہوں کہ یک شہر کا شہر یار + ملایا تھا درویش کی ایک نار (غواصی۔مینا ستونتی) 3۔دوانی ملاتی ہوں بالا کنور (غواصی۔مینا ستونتی)

مِلانوں: ملاؤں

مِلاوا: میل۔مڈبھیڑ۔وصل۔ملن

1۔ترنگ پر ترنگ کی ملاوے منے (نصرتی۔گلشن عشق) 2۔ملاوے کے جب روز نزدیک آئے (نصرتی۔گلشن عشق)

مَلائی: بالائی (اسم۔مونث)

نین ادھر کے نقل سیتی مج کھلاتی ہے ملائی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات قلی قطب شاہ)

مُلکا: کونپل

اس کے ملکے مرے سر سبز ہونگی ہے بھار (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مَلکاو: دھوکا۔مایوس

یوں نہ دے مجھ اب ملکاؤ (اشرف۔نوسر ہار)

مَلکاں: ملک (فرشتہ) کی جمع (اسم۔مذکر)

1۔مرگ مینے کوں، بلائے ملکاں مل لگناں میں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔وو ملکاں کا لشکروں آیا تمام (رستمی۔خاور نامہ)

مُلکاں: ملکا۔کونپل۔انکور

اور بال پن میں دسیا جوبناں کا ملکاں سخت (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُلک پھٹنا: ملک میں پھوٹ پڑنا

اتا ملک پھٹنے میں نیکی بار کچ (فائز۔رضوان شاہ وروح افزا)

مَلکنا: متلی محسوس کرنا

چو پیچ جی ملکتا ہے بھاتا نیں ان (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مُلک کرنا: حکومت کرنا

ملک لینے میں ملک کرنے میں جم سیں بڑ کر تھا ہور سکندر سیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مَلک موت: ملک الموت

محمد نے بولے ملک موت کوں (بلاقی۔معراج نامہ)

مُلکے: کونپلیں (اسم۔مذکر)

سرگ سبز کی ملکے پھٹ رہے جوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مُلکے ملک: ملک ملک

1۔بدیانت ملکے ملک کے تمام (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔یہیں دونو پھرتے تھے ملکے ملک (محمود خوش دہاں۔مکالمہ روح وتن) 3۔پریشان اس کا ہوں ملکے ملک (غواصی۔سیف الملوک وبدیع الجمال) 4۔تجارت اتھی اس کی ملکے ملک (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

ملک میدان: ایک بڑی توپ کا نام

1۔جو جھبکار ہے ملک میدان کا (نصرتی۔علی نامہ) 2۔منگا بھیج اے ملک میدان کوں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

مَلکی جہاں: ملکۂ جہاں

دھنی بی بی چاند سلطان ملکی جہاں (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مُلگ: ملک (اسم۔مذکر)

جس ملگ میں انگھڑ بڑک ہور گھڑ خوار فتنے ہیں سو وو ملک میں بہت خرابی ہوں گی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مُلم: مرہم (اسم۔مذکر)
1۔غم کے الم کوں پھر کے یہی غم ملم ہوا (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔کسی ملم سیس چنگائیں ہویں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 3۔ہونٹاں کا پھوئے ملم لاؤ تا کہ ہوئے ملیح (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
4۔ہر ایک الم بغیر ملم نہیں ہے جو عجب (محمود بحری۔کلیات بحری)

مِلن: ملاقات
ملن آس سوں بھوت گمبھیر ہورہ (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مَلنار۔ملناڑ: مغربی گھاٹ کا ایک علاقہ جو اب ریاست میسور میں شامل ہے۔
رکھے ملک ملناڑ جانب نشان (نصرتی۔علی نامہ)

مِلن ہار: ملنے والا
1۔ترا مرد تج سوں ملن ہار ہے (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔ملن ہار اک ٹھار نیں ہے یو چار (وجہی۔قطب مشتری)

مَلول: بیمار
جس نہ معرفت ہے سدا تو اس ملول جان (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مَلہار۔ملہارا: ایک راگنی جو میگھ راگ سے ماخوذ ہے
1۔سبھی راگاں کے گل پھل ہار جایا ہے سو ملہارا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ہے آج عیش کا دن ملہار گاؤ سکیاں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَلہاری: ملہار (ایک راگ) گانے والی
گلابی ہیں گالاں پیا کے ملہاری (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مِلیا پنا: کیفیت وصل۔حالت وصل
وصال کے فوت کا ڈر آوے یعنی ملیا پنا نکل جاگا کر ڈرے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

مِلیاوان: ملاقات۔ملن
ملیاوان بھی بچھڑیا ہوا تل منے (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

مِلیاں: ملی (فعل۔مونث) کی جمع
سنگار میں اُپچائیاں ناریاں ملیاں سو جان سوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُماں: ماں
مماں اور بھان کے آگے بسرتی کیں ہے پل تمنا (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مَمولک: قیمتی
1۔جوان کے رنگ پر موتی ممولک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔جڈائی جگ دیپن مانک ممولک (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مِن: (سنسکرت=مین) مچھلی (اسم۔مونث)
رکھیا جوں توں دریا میں من یا سیج (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَن: ایک وزن (اسم۔مذکر)
کھنڈیاں سونچ موتی منوں سوں رتن (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مَن: دل
1۔ارے من شتابی ستی آ شرن میں (شاہ تراب۔من سمجھاون) 2۔ہمن من کے مراداں کے بھرے جام دیوے گا (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَنا: منع
1۔یو ٹھار نیں ہے دو جو کسے کوئی منا کرے (وجہی۔سب رس) 2۔ارے وصل تک آئے کرمنا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مَناتیاں: مناتی (فعل۔مونث) کی جمع
اگر ایسی نہ دیتا تو انوں تپک پر مناتیاں کی (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَناں: منع
1۔تو ڑے سرکوں مجنون کتیاں مناں (عاجز ابن احمد گجراتی۔لیلیٰ مجنوں) 2۔جو کرنے مناں آیا ہے کی یہاں (رستمی۔خاور نامہ)

مَناں: من (وزن کا ایک پیمانہ) کی جمع
مناں سوں تھارو پا کھنڈیاں سوں سنا (ابن نشاطی۔پھول بن)

مَن اینچو: دلربا
تھی چندر کھ مشک بو من اینچو (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مَن بھلائی: دل کو موہ لینے والی
عجب صورت سیانی من بھلائی (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مَن تَسلا: دل کی تسلی
رجس میں سات دے مج من تسلا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)
مَنتاں: منت کی جمع
کہ اک بات پگ پرسوں منتاں کیا (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)
مَنتر تنتر واد: منتر کا کاروبار
نانہاں منتر تنتر واد+صدق محبت یقین صاد (امین الدین اعلیٰ۔ رموز السالکین
مَنتر سنّنا: منتر پڑھوانا
ٹکا گروڑیاں کو سنّیں گے منتر (فائز۔ رضوان شاہ و روح افزا)
مَنتراں: منتر کی جمع (اسم۔ مذکر۔ جمع)
وفا کے منتراں سیتی سودھن کا من رجھایا ہوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
مَنتر کاری: منتر کرنے والا
منتر کاری بھی کوئی حاضر نہیں (وجہی۔ قطب مشتری)
مَن ٹھرن: دل کا قرار
کیوں من ٹھرن رکھوں میں وہ من ٹھرن کہاں ہے (حسن شوقی۔ غزلیات)
مَنج: مج (مجھ) کی انفیائی ہوئی شکل
گذرتا ہے غم منج پو جیتج بولیا (غواصی۔ طوطی نامہ)
مَنچا: تخت۔ نشست (اسم۔ مذکر)
منچا اہے اسمان ہور تارے جڑے اس کوں جڑت (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)
مَنجار: درمیان۔ میں
ورلے گگن آکر چھپے تس منجار (عبدل۔ ابراہیم نامہ)
مَنجل: تاڑ کے درخت کا پھل (اسم۔ مذکر)
میٹھے کے نیر کے چشمے تے بھر رہا ہے منجل (شاہی۔ کلیات شاہی)
مَنجلس: مجلس کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔ مونث)
رنگ آمیزی سکل مجلس کیے تھے (ملک خوشنود۔ جنت سنگار)
مَنجری: کلی۔ غنچہ (اسم۔ مونث)
بٹھایا جو تھا راے اس منجری (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

مَنجھ: مجھ
1۔ ناکر باللہ منجھ پر روس (اشرف۔ نوسرہار) 2۔ کھولو لطد کیرا یاں بیان یک یک منجھ دھیر (میراں جی شمس العشاق۔ خوش نامہ)
مَنجھار: درمیان۔ بیچ۔ میں
1۔ کراس دھات کے جل منجھارے وطن (نصرتی۔ گلشن عشق) 2۔ رودے گھال کر مکھ کوٹھی منجھار (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 3۔ ندی اک طرف جس کے خندق منجھار (نصرتی۔ علی نامہ)
مَن جیت: من جیتنے والا۔ محبوب
دونوں جگ میں منجیت وہی (جانم۔ ارشاد نامہ)
مَن چیت: ایک اڑن کھٹولے کا نام
سنیا تھا کھٹولا جو من چیت ناؤں (عبدل۔ ابراہیم نامہ)
مَند: تھوڑا۔ ذرا
سکے جگ کو لے کرا مند مکھ (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)
مَندا: گلہ۔ ریوڑ۔ جھنڈ۔ ٹولی
1۔ عشاق کے دلاں کا ہیبت زدا ہے مندا (عبداللہ قطب شاہ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ) 2۔ ایسے میں بغولیاں کا مندا آیا (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)
مَندا: نادان
سید میراں دیکھ میں مندا ہوں تو مند خوب (میراں جی خدا نما۔ بشارت الانوار)
مَنداکنی: کہکشاں (اسم۔ مونث)
منداکنی وٹڑی گگن پکھا پھر سدا پھارے (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)
مَندر: محل (اسم۔ مذکر)
سکھی سوں بولی پیالا مندر میں میرے مندر سنوار دیا لا (شاہی۔ کلیات شاہی)
مَندر: گھر (اسم۔ مذکر)
1۔ سونا مندر پڑا ہے لالن بنا سہیلی (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی) 2۔ دیکھ کر شاہی تری اور یہ مندر (وجدی۔ پنچھی باچھا) 3۔ سکیاں او بھی ہوں میں سن خوش خبر پیو مندر آنے کی (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مندف: منڈپ۔عارضی سائبان (اسم۔مذکر)
دسے نوگزی زرتے ہوئے مندف (طبعی۔بہرام وگل اندام)

مِندل: مردنگ (اسم۔مذکر)
اتم چندنا تیرے گھر کا مندل ہے (غواصی۔کلیات غواصی)

مندل: دور
راج بھو گواندسوں جگ جگ بھو مندل (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مُند مالا: (منڈ مالا) سروں کی مالا (اسم۔مذکر)
سر عشاق سب اکٹھے کر + ہات میں لے چلا ہے مند مالا (ولی۔ کلیات ولی)

مندن: آراستہ
گھر کے مندن چھانوں دیسے (جانم۔ارشاد نامہ)

مندھا: ریوڑ۔گلہ (اسم۔مذکر)
سو باگاں مل کر بکریاں کے مندھے میں وہ خرابیاں کریں جے کچھ ایک شیطان آدمی سوں کرے (میراں یعقوب۔شمائل الاتقیا)

مندھر: مکان۔محل۔گھر (اسم۔مذکر)
1۔سرج افشاں گرہو کر بنی مندھر دواراں پر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔دیوا دل، بتی دم، مندھر جسم ہے (وجہی۔قطب مشتری) 3۔صاحب معراج کے من کے مندھر کا چراغ (غواصی۔کلیات غواصی) 4۔خوشی سوں جو آیا پھر اپنے مندھیر (غواصی۔طوطی نامہ)

مندھر: مندر (اسم۔مونث)
کنیا تو مندھر پرستار کا ہے (شاہ تراب۔من سمجھاون)

مَندھیر: مکان (اسم۔مذکر)
سلامت سوں آئی توں اپنے مندھیر (غواصی۔طوطی نامہ)

مندیل: پگڑی۔عمامہ۔کمر کا پٹکا (اسم۔مذکر)
سفید پٹکا زرین ہوئے سالو مندیل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مندے: مندا (گلہ) کی جمع (اسم۔مذکر جمع)
ہرن کے تو مندے ہزاراں ہزار (فائز۔رضوان شاہ روح افزا)

مُنڈ: (منڈی) سر (اسم۔مذکر)
کدھیں منڈ پچھاری سو آہ مار مار (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

منڈاسا: عمامہ (اسم۔مذکر)
1۔بھی کسوت اومردانگی کا کری + منڈاسا بندی ایک سوداگری (غواصی۔ مینا ستونتی) 2۔منڈاسا پھر ابا ند بولن لگیا (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔پاڑ منڈاسا سر ییس کھاڑ (اشرف۔نوسرہار) 4۔منڈاسا بندی خوب اپ سیس پر (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

مُنڈاسا پچھاڑ نا: تعظیماً قدموں پر پگڑی ڈالنا
منڈاسا پچھاڑے اتگے شہ کے سب (فائز۔رضوان شاہ و روح افزا)

منڈاسے: منڈل۔مردنگ۔ایک قسم کا باجا (اسم۔مذکر)
جو گت لے اٹھے پھر منڈاسے تمام (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

مَنڈان: کائنات۔آسمان۔دنیا (اسم۔مذکر)
1۔نبی کے نور سوں کل منڈان پیدا ہوا (امین الدین اعلیٰ۔وصل نامہ) 2: کام سیں منڈان کے انجاں تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 3۔ہوا شوق منڈان کا رام کوں جب (شاہ تراب۔من سمجھاون) 4۔تداں عشق کا جو نہ تھا کچ منڈان (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مَنڈان رہنا: قائم رہنا۔آراستہ رہنا
کہ جو تلکوں دنیا رہے کر منڈان (عبدل۔ابراہیم نامہ)

منڈ بنا: بے حس ہو جانا
خوب راٹھور ہور منڈ بن گئی تھی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مَنڈپ: سائباں (اسم۔مذکر)
کہ منڈپ ابر کا اچتا ہے سایا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

منڈپاں: منڈپ (سائبان۔شامیانہ) کی جمع
بدل کے منڈپاں چوندھیر اپا کر (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَنڈپ مانڈ نا: چھت گیری لگانا
مانڈے منڈپ جوت تاریاں سو ہے بچلا آسمان (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

منڈ پنا کرنا: ہٹ کرنا۔ضد کرنا
انے بچپن سوں بڑپن میں آویں گا تو میری بولی کو ٹال دیں گا ہور منڈ پنا کریں گا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

منڈ پھوڑ: منڈی (سر) پھوڑنے والے

نلے تو ڑگل پھاڑ منڈ پھوڑ ہیں (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ)

مَنڈل: حلقہ (اسم ۔ مذکر)

کلندر دھو ر رنگ منڈل اتھرکا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مَنڈل مارنا: حلقہ بنانا

منڈل مار کر جا گگن سوں بھڑیاں (نصرتی ۔ گلشن عشق)

مُنڈلڑ کائے: سر جھکائے

جورایاں اس کنے بھی منڈلڑ کائے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

مَنڈو: تیار کرو ۔ بناؤ

منڈو بلبل کی خاطر ایک پھاندا (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

مُنڈی: سر (اسم ۔ مذکر)

1 ۔ دیکھیا جیوں چندر اس منڈی کا ذکر (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال) 2 ۔ منڈی گردن منے بھا کر ابس کے آپ منصف ہو (ولی ۔ کلیات ولی)

مُنڈی توڑنا: منہ بگاڑنا ۔ خفگی کا اظہار کرنا

1 ۔ اندھا منڈی توڑ کر بولیا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی) 2 ۔ جاتیاں ہیں تڑکاں مار انھ اجڑیاں منڈیاں کی توڑتیاں (ہاشمی ۔ دیوان ہاشمی)

منڈی تولنا: حملہ کرنا

منڈی تولنا سارے جنگیوں پو ہور.......... (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

مُنڈیلاں: مندیل (رومال ۔ کمرکا پٹکا ۔ پگڑی) کی جمع (اسم ۔ مونث)

منڈیلاں جتاں چادراں زر کی باٹ (نصرتی ۔ علی نامہ)

مَنرا: منترا ۔ دل

جس دن تے تمن سات لگیا منترا اھارا (شاہی ۔ کلیات شاہی)

مُنزگی: تنزیہہ

منزگی کے محل میں جاں لگ سبھی ہی صفات (بحری ۔ کلیات بحری)

مَنَس: (سنسکرت منشیا) انسان (اسم ۔ مذکر)

منس ناحق جیوں مار (اشرف ۔ نوسرہار)

مَنسا: (سنسکرت) خواہش ۔ ارادہ

ابراہیم پایا اتم منسا ناری نواس (ابراہیم عادل شاہ ۔ کتاب نورس)

مَنس ماری: جس کا منس (آدمی) مرگیا ہو ۔ بیوہ (اسم ۔ مونث)

منس ماری پیارے موئی (اشرف ۔ نوسرہار)

مَنساں: منس (منشیا ۔ انسان) کی جمع (اسم ۔ مذکر ۔ جمع)

دغا سوں پل میں کئی منساں کوں مارے (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

مَنصوبا گھڑنا: منصوبہ تیار کرنا

گھڑے گایوں کہ منصوبانہ جانیا (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

مِنک: مانک ۔ موتی (اسم ۔ مونث)

تلک پھندنانہ ساجے کیوں کہ منک موتیاں کی پڑے یوں (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُنکر جانا: مکر جانا

نہیں تو دو کا ندار لے کر منکر جاوے گا (عابد شاہ ۔ کنز المومنین)

منکیاں: منکے (اسم ۔ مذکر)

ستارے گت رہ سو منکیاں کے ہار (عبدل ۔ ابراہیم نامہ)

مَنگ: مانگ

1 ۔ اے ابلیس ات رحمت مانگ اپنے حق تعالیٰ کن (محمود بحری ۔ کلیات بحری) 2 ۔ دلا منگ خدا کن کے خدا کام دیوے گا (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَنگاون: مانگنا

کب لگ منگتا اچھے منگاون جو نا اچھے (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

منگنا: مانگنا

عشق کا لذت او جو معشوق منگنا (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

منگٹ ۔ منکٹ: (مراٹھی) کلائی

1 ۔ دونوں ہاتھ جدا جدا دھو کر پھر میلا کر دھونا نیچے سے منگٹ لگ (عابد شاہ ۔ کنز المومنین) 2 ۔ اول دونوں ہاتاں کوں منکٹ تے دھو (شاہ ملک ۔ احکام الصلوۃ)

مَنگ ریک: مانگ کی لکیر

عجب منگ ریک میں موتی سنواری (ملک خوشنود ۔ جنت سنگار)

مَنگل: ہاتھی بہرام ۔ مریخ (اسم ۔ مذکر)

متی ہو مست جوں منگل سو مد پی پیو کی پیاری کا (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات

محمد قلی قطب شاہ) 2۔ گگن پر پانچویں لرزیا کلیجا ڈرسوں منگل کا (نصرتی ۔ علی نامہ) 3۔ جو سینہ منگل کا دھڑ ادھڑ ہوا (صنعتی ۔ قصہ بے نظیر)

مَنگل :منحوس (منگل کے معنی مبارک کے بھی ہیں)
سٹیا آن کر سر منگل پائے تل (حسن شوقی ۔ فتح نامہ نظام شاہ)

مَن گل جانا :دل پگھل جانا ۔ ترس آنا
بلّیکا من اس کے پلانے ترسنے پوگل گیا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

مَنگل گنانا :خوشی منانا
گنائے ہیں ملک منگل، عرش پر گاجتے منڈل (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

منگ لے کے :اصرار سے ۔ خواہش سے
جو بھوتیج منگ لے کے خدمت کری (وجہی ۔ قطب مشتری)

منگلی :مریخ ۔ اچھا اثر ۔ بہرام (اسم ۔ مونث)
عمر ہور قدا و نچ منگلی اتھی (رستمی ۔ خاور نامہ)

مَن گمنا :دل بہلنا
مرا من......تماشیوں میں گمے گا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

منگن :مانگنے
ہر دن بدن موہن پوتری بالوسوم آیو بھجنا منگن (ابراہیم عادل شاہ ۔ کتاب نورس)

منگنا :منگنی
میں جسے چہتا ہوں اس کا منگنا کرلیا ہوں (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

منگنا :چاہنا ۔ مانگنا
1۔ خدا جس کوں منگتا اسے یوں ہوتا (وجہی ۔ قطب مشتری) 2۔ بعضے مرداں جو کوئی عورت منگتی اسے خوار خوار کرتے جو کوئی نہیں منگتی اسے پیار کرتے (وجہی ۔ سب رس)

منگنا ڈالنا :منگنی کرنا
میں منگنا ڈالیا ہوں کہا سو، عاروس کون ہے (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

منگناں :منگنی ۔ شادی کا پیام
بھی کہہ بھیجا اس منگناں (اشرف ۔ نوسرہار)

منگن کرنا :مانگنا ۔ چاہنا
منگن کرتے گگن ہو کر ہراک جھاڑ (عبداللہ قطب شاہ ۔ کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مَنگن ہار :مانگنے والا
جو دیتا ہے منگیا منگن ہار کا (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
2۔ نہ دہ کرتا بن ہور کچھ منگن ہار (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا) 3۔ جنگ تھے ان سو آپ سیوا منگن ہار (احمد گجراتی ۔ یوسف زلیخا)

منگوس :نیولا (اسم ۔ مذکر)
منگوس ایک ایک کو کھاتا ہوا دوسری کے دھیان میں جاویں گا (ابراہیم بیجاپوری ۔ انوار سہیلی)

منگہار :مانگنے والا
منگہار میرا جو ہے اوب آج (غواصی ۔ طوطی نامہ)

مَنگی :مانگی
رضا پھر منگی نہیں کہی میں درد (رستمی ۔ خاور نامہ)

منگے :(مانگے) چاہے
جہاں دل منگے واں اترنے لگے (غواصی ۔ طوطی نامہ)

منگیا :مانگا ۔ طلب کیا
1۔ جو دینا ہے منگیا منگن ہار کا (غواصی ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال)
2۔ مناجات کر حق کنے یو منگیا (عاجز ابن احمد گجراتی ۔ لیلیٰ مجنوں)

منگیا :چاہا
منگیا کرنے کتاب ایجاد دو یک (ابن نشاطی ۔ پھول بن)

منگے سو جلے نہیں منگے سو بھلے :مانگنے والا شرمندہ ہوتا ہے نہ مانگنے والا اس سے بہتر ہے
منگے سو جلے نہیں منگے سو بھلے (وجہی ۔ سب رس)

منگین :مانگنے
اماں منگین لاگے جیتے واں رہے (رستمی ۔ خاور نامہ)

منم :غرور گرتی
1۔ جو بھارائے کئی کر منم + کہی حسن میں کوئی نیں اپنے سم (غواصی ۔ طوطی نامہ) 2۔ پیاری نہ کرتوں تمن سوں منم (محمد قلی قطب شاہ ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ رات کوں پکڑیا جو تھا کبر منم ہور وقار (غواصی ۔ کلیات غواصی)

من موں روس پکڑنا: غصہ کرنا۔ برہم ہونا
۔ ییہ پکڑیا من موں روس (اشرف۔ نوسرہار)

من مُہانا: من موہن۔ محبوب
۔ سمت چیت ساجنا جگ من مہانا (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ کہ اپنا
ن مہانا جب نزک ہوئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

من مُہانہ: محبوب
د اس کا من مہانہ اس بھلا ہوئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

مَن مُہن: من موہن
نسب دکھ ترا اے من مہن مجھ جیو پر کاری ہوا (محمود بحری۔ کلیات بحری)

مَن میت: (دل کا دوست) محبوب
و میرے جیو کا من میت کاں ہے (ابن نشاطی۔ پھول بن)

مَن میں بھیدنا: دل ہی دل میں سوچنا
بیا آپنے من میں اس دھات بھید (غواصی۔ طوطی نامہ)

مَن میں پھنسنا: دل کو لگنا
یہہ نصیحت اس کے من میں نیں پھنسی (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

مَنوکت: روح۔ باطن۔ دل کی بات
1۔ سمندر منوکت سمندر سرے (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ) 2۔ منوکت
ترا آج پوری نہ کوئے (فخر دین نظامی۔ کدم راؤ پدم راؤ)

مَن ہرن: دل کو جیتنے والا۔ دلربا
1۔ کہاں دو چتر چنچلا من ہرن (وجہی۔ قطب مشتری) 2۔ جن من ہریا
ہمارا وہ من ہرن کہاں ہے (حسن شوقی۔ غزلیات)

مُنہ میں انگلی پکڑنا: حیرت زدہ ہونا
جو حیرت کا منہ میں انگلیاں ایلتے سمراں پکڑے (غواصی۔ کلیات غواصی)

مَنہری: دلربا۔ محبوب
کرتا او من ہری منج آوے دل میں (ابن نشاطی۔ پھول بن)

مُو بند: موبند۔ وہ فیتہ جس سے بال باندھتے ہیں
کرسے ٹکڑے منہ بند کاندے پولیل (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

مُنی: (سنسکرت) موتی۔ جواہر (اسم۔ مونث)
سو عشرت ہور انندمنیاں پکڑ بے حد لیایا عید (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مَنی: میں پن
جب تلک تجھ کو منی ہے اور غرور (وجدی۔ پنچھی باچھا)

مَنے: میں
1۔ دیس تج نے سیادت کی سین (فیروز بیدری۔ پرت نامہ) 2۔ ہر ایک شے منے دیتا ہے جلوہ نور اس کا (وجہی۔ سب رس) 3۔ مجھ نگری ہور یار کی جب ہوس آتی دل منے (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

مَنیل: گندک۔ ایک آتش گیر مادہ (اسم۔ مذکر)
دھریا سیام ابرک میں منیل زرد (حسن شوقی۔ فتح نامہ نظام شاہ)

مو: (برج بھاشا) میرا
1۔ مو لب تو لبد انے میں لے بوسے تجھ لب بھانے میں لے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔ بھنواں ہلال تھے نس دن ہے موجیا روشن (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 3۔ کہ مو من میں بن پیو ہور نا ساوے (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ) 4۔ دیا ہے جوت اپنے نور تھے مو طبع انور کوں (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُو: منہ (اسم۔ مذکر)
کسی کے مو تھے نہ کر شر سارا اے باری (غواصی۔ کلیات غواصی)

مواں: مو (منہ) کی جمع
1۔ دونو لیائے اپنے مواں پر سپر (رستمی۔ خاور نامہ) 2۔ لہوسوں مواں اپنا دھویا بی تیغ (رستمی۔ خاور نامہ) 3۔ مواں چار آئینے سوں مل دسے یوں (ابن نشاطی۔ پھول بن)

مُوا: مرا ہوا
موا بکرا آگ تے نہ ڈرے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

مواس کرنا: پناہ لینا
ملک میں سن کے اس مواس نہ کر (محمود بحری۔ کلیات بحری)

مواساں: مواس (پناہ دینے والا) کی جمع
غصے کے مواساں کو مارا دیگر (ہاشمی بیجاپوری۔ یوسف زلیخا)

مواش: پناہ گزیں
رھتا تھا مواس گڑپہ ہو یک مواش (نصرتی۔علی نامہ)

موپ: (مراٹھی) بہت۔کثیر۔ساز و سامان (اسم۔مذکر)
1۔نظر جواب دیا کہ اس منے کی ترکیب کوں کچھ کچھد اروں کا موپ درکار ہے (وجہی۔سب رس) 2۔نہر کا ملا موپ لے مایہ دار+عمارت اچایا ہوں خوش مایہ دار (نصرتی۔گلشن عشق) 3۔کتک جنس کا موپ کر بے شمار (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال) 4۔کیے مستعد موپ عشرت اپار (وجہی۔قطب مشتری)

موتاد: معتاد۔حساب
اس معتیاں کوں موتاد نہیں (میراں جی خدانما۔شرح شرح تمہیدات عین القضاۃ)

موتن: موتی (اسم۔مذکر)
تن مجھ نین انجن موتن ابھرن گجن پنجن چلکر نگ با بہن (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

موتیاں: موتی کی جمع
سٹیا کہکشاں گل میں موتیاں کا مال (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

موتھی: موتی (موتی کی بگاری شکل) (اسم۔مذکر)
1۔وہ بات ہے تو موتھی پکڑا جاتا ہے (میراں جی خدانما۔رسالہ وجودیہ)
2۔کیوں کہ ہر پتھر ڈھیلا نہ ہو موتھی کلی (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

موتی چور: چوڑیوں کا ایک ڈزائن
تو نقدے کی بنگڑیاں پنی موتی چور (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

موٹ: گٹھری۔پوٹلی۔پلندہ (اسم۔مونث)
1۔مجھ سر آوے دکھ کی موٹ (اشرف۔نوسرہار) 2۔مرے ہر بچن میں معانی کے موٹ (نصرتی۔گلشن عشق)

موٹ: لنگوٹ (اسم۔مونث)
کھیا کاڑ سوت تری باند موٹ (غواصی۔طوطی نامہ)

موٹاں: موٹ (گٹھری۔پوٹلی) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
کہ موٹاں نہیں باندھتے رنگ کیاں (وجہی۔قطب مشتری)

موٹلی: موٹی
اس موٹلی بلی کی سنگت میں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

موٹھی: مٹھی۔مشت (اسم۔مونث)
1۔جن دیا بیواس موٹھی بھر ناک کوں (وجدی۔پنچھی باچھا) 2۔[illegible] میں گرچہ موٹھی پر بھواں میں (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔موٹھی بھر [illegible] مہراں اور روز یک شال دیتے ہیں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

موٹھی میں بارا پکڑنا: ناممکن کام کرنا
کنے پکڑ پائیں موٹھی میں بارا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

موٹھاں: موٹھ (تیر) کی جمع
چلاتی ہے خطا موٹھاں ہمارے دل کے پیانے پر (حسن شوقی۔غزلیات)

موئی کٹی: بھٹی کٹی
ایک موئی کٹی بھینس (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

موج: مجھ
الٰہی زباں گنج تو کھول موجھ (عبدل۔ابراہیم نامہ)

موجاں: موج کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
1۔سمندر پو موجاں کے درموج تھے (صنعتی۔قصہ بے نظیر) 2۔دریا کوں توں موجاں بہت ہیں دو یک (غواصی۔طوطی نامہ) 3۔سمندر میں لایا ہے موجاں کا شور (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

موچنا: بند کرنا
1۔پڑیا ہے انکھاں موچ بے اختیار (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔تٹ کا کواڑ موچیا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

موچیاں: مونچیں (اسم۔مذکر)
داڑی موچیاں آیا تو کیا مرد ہوئے (وجہی۔سب رس)

موراں: مور کی جمع (اسم۔مذکر۔جمع)
موراں پیچھے کونلاں تج شوق تھے گاویں عبث (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مورت اتارنا: مورت بنانا
اچھے نچھن دیکھ دیکھیا کو مورت اتارے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مورتاں لکھنا: تصویر بنانا
ہور مورتاں لکھنے میں سب کے پاس پسند آیا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

مُورت کھینچنا: تصویر بنانا
قلم سوں اس نے مورت کھینچنا گر (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مُورک: (مورکھ) نادان
سومورک نہ ہوں ہوں جولا بھ آپ دیکھ (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)
مُورک سمجھاونی: (مورک = مورکھ۔نادان+ سمجھاونی = نصیحت = سمجھانا) نادان کے لیے نصیحت
مورک سمجھاونی کی بات کہنی (ملک خوشنود۔جنت سنگار)
مورکھ: نادان۔بے وقوف
1۔تجھ پہ خوش ہنستا ہے مورکھ جانور (وجدی۔پنچھی باچھا) 2۔او مورکھ کی سوباتاں کیا کہ بولوں (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)
موڑ: کونپل (اسم۔مذکر)
1۔نکل آئے کنکریاں تے مرجاں کے موڑ (نصرتی۔علی نامہ) 2۔لیوں کے لعلوں کے چورس اُگے تھے موڑ ہرے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی) 3۔اگے موڑ تجویز کے تھار تھار (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 4۔جو پھر اس کا کدھیں کوں نا پھٹے موڑ (غواصی۔کلیات غواصی)
موڑ دینا: شکست دینا
رات کے لشکر کو دیا موڑ تب (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
موڑکا: (موڑکا) کونپل (اسم۔مذکر)
جب موڑکا لکلا تو میوے کا جھاڑ معلوم ہوتا تھا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
موڑ کھانا: (مراٹھی) پیٹھ دکھانا۔شکست کھانا
1۔ولے موڑ کھا جو ہر بدسگال+ بھریاں جنگل فوج ہو پائمال (نصرتی۔علی نامہ) 2۔موڑ کھا گے کے پیچھے.....بکلیا بیٹھا اچھیا (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)
مَوز: (عربی) کیلا (اسم۔مذکر)
1۔دکھا موز مجھ کوں دیا آک پھل (ہاشمی۔یوسف زلیخا) 2۔ہر اک موز کی چھاک اچھے ہر موز (نصرتی۔علی نامہ)
مَوز: موج (اسم۔مونث)
یہ کون برہے اس کی موز (جانم۔ارشاد نامہ)

موس: کٹھالی۔چاندی سونا گلانے کی پیالی (اسم۔مونث)
1۔عرفان کے خاص موس میں ڈال (محمود بحری۔من لگن) 2۔یہ تن ایک موس ہے اس میں جیورس اوت کرلیا (جانم۔کلمتہ الحقائق) 3۔گلے وہ سونا نانوں اندر موس (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 4۔سکت موس کی سو سے آگ (جانم۔ارشاد نامہ)
موش: پیالی (اسم۔مونث)
گیا ڈال دے موش ہور جھار کوں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)
مُوک: شروع
پورا پیر دو کھادے راہ اپنی کرنی موک (میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)
مُوک: مکھ۔چہرا۔منھ (اسم۔مذکر)
1۔اس موکھ کوں نہ موک نہ اس خط کوں خط کہوں (محمود بحری۔کلیات بحری) 2۔موم بتی جوں اگن موک (برہان الدین جانم۔شرح مرغوب القلوب)
موکریل: آتش بازی کی ایک قسم
ہوا ریز دیوٹیاں او پر موکریل (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)
موکل: کھلا ہوا۔آزاد جس پر کوئی بندش نہ ہو
1۔اے کھڑے ہو موکل بانی (اشرف۔نوسر ہار) 2۔جنم مست موکل پھرے ہتہ عشق (نصرتی۔گلشن عشق)
موکلا: کھلا ہوا۔آزاد
1۔گھالے سرسوں موکلے بال (اشرف۔نوسر ہار) 2۔توں دل کوں نکو موکلا چھوڑیوں (وجہی۔قطب مشتری) 3۔مگل ثور پر موکلا کر کہ شیر (نصرتی۔علی نامہ)
موکوں: مجھ کو
پناتے اجوں موکوں ہندوے فرخ (محمد قلی قطب شاہ: کلیات محمد قلی قطب شاہ)
مُوکھ: منھ۔چہرہ (اسم۔مذکر)
1۔نہ لیا تاب تب میں کہی موکھ کھول (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔رہے وہ تاک میانے موکھ کے یوں (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 3۔کہ پھولاں کیرے موکھ چُھتے اتھے (وجہی۔قطب مشتری)

موکھڑا: (مکھڑا) منہ
1۔ رکت دو جن لہو سوں موکھڑا دھوے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا) 2۔ نہ دیکھی آرسی نا موکھڑا دھوئے (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

مُوکھیاں: مکی کی جمع (اسم۔ مونث۔ جمع)
موکھیاں لات کونیاں بہوت مار مار (احمد جنیدی۔ ماہ پیکر)

موکی: (سنسکرت۔ سوکھ) گونگی
موکی ہو، اشارت سوں کرتی ہے بات (غواصی۔ مینا ستونتی)

موگرا: نتھ کا موتی (اسم۔ مذکر)
ٹوٹیا تھا موگرا نتھ کا جھڑے تھے پات جھمکیاں کے (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

موگریل: ایک سیاہ بیج جس سے خوشبودار تیل نکالا جاتا ہے (اسم۔ مذکر)
میں دیکھتا موگریل میں چوٹیاں پٹیاں لٹاں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

موگی: چیونٹی (اسم۔ مونث)
ولیکن ہوئی ہوس موگی کوں آئے (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

مولا دھار چکر: انسانی جسم میں آٹھ مختلف چکر ہوتے ہیں ان میں سب سے پہلا چکر مولا دھار چکر ہے جس کا مقام نشست گاہ ہے
مولا دھار چکر میں تو آیان ہے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

مول پر نہیں آنا: قیمت پر نہ اٹھنا
جو بازار میں بیچیں گے تو بتل مول میں کم جاتا سنے کے مول پر نہیں آتا (وجہی۔ سب رس)

مول خریدیا: زرخرید
ہور زمانہ اس کا مول خریدیا غلام (ابراہیم بیجاپوری۔ انوار سہیلی)

مولسر: مولسری (اسم۔ مونث)
گل مولسر تھے ہوا ہو سو باس (نصرتی۔ گلشن عشق)

مولکا: (سنسکرت۔ مولیہ) بیج سے نمودار ہونے والی پہلی بالیدگی۔ کونپل (اسم۔ مذکر)
بچن بیج ہے عقل کی مولکا (عبدل۔ ابراہیم نامہ)

مولکے: کونپل (اسم۔ مذکر۔ جمع)
دل میں بی محبت کے مولکے پھٹنے دے (وجہی۔ تاج الحقائق)

مولنا: خریدنا
چیچی چڑ کو ہو دھتی کی مولتا رے (شاہ تراب۔ من سمجھاون)

مُولود: میلاد
مومناں خوشیاں کرو ہے آج دن مولود کا (محمد قلی قطب شاہ۔ کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مولوں: مول (قیمت) کی جمع
نہ یک ذرہ کیرے مولوں بکاویں (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

مُولے: پیٹر (اسم۔ مذکر)
کوئل کوکے کیرڑا کرتے وسنتی مولے چکر (ابراہیم عادل شاہ۔ کتاب نورس)

مولے: مگر۔ لیکن
ایک بھار ڈھویں مولے یہ ڈھویں دو بھار (میراں جی شمس العشاق۔ وصیت النور)

موم باتیاں: موم بتیاں
1۔ لگے موم باتیاں کنچن کے لگن (حسن شوقی۔ میزبانی نامہ) 2۔ جتے موم باتیاں کے جھاڑاں لگے (ہاشمی۔ یوسف زلیخا)

موں: منہ۔ صورت (اسم۔ مذکر)
1۔ پیار دل بھیتر، موں پر لوگاں کا ڈر (اسم۔ مذکر) (وجہی۔ سب رس)
2۔ میرے مطلب کے شاہد کا دکھا موں (ابن نشاطی۔ پھول بن) 3۔ بلا اختیار موں آسماں کی طرف کرتے ہیں (وجہی۔ تاج الحقائق)

مون: گھڑا۔ رنجن (اسم۔ مذکر)
کہا دل میں مون کا نمونہ ہے یو (طبعی۔ بہرام وگل اندام)

مون: محبت۔ فریفتگی
پیئی من ماں مون اچھر لکھائی (احمد گجراتی۔ یوسف زلیخا)

موں بھر ناؤں لینا: پیار سے نام لینا
بڑی ہے شوخ ہی عورت پوچھے نت ہاشمی کاں ہیں + پی یاں میں ناؤں لے موں بھرا جرگی کوں ہوا کیا خوں (ہاشمی۔ دیوان ہاشمی)

موں پر آنا: سامنے آنا۔ مقابلے میں آنا
جیتا کوی شجاعت میں پڑا تا اس کے موں پر کون آتا (وجہی۔ سب رس)

مُوں پر چڑانا: منہ چڑھانا

بادشاہاں بستی کے سب عقلمنداں کو اپنے موں پو چڑ ائیں لیتے ہیں (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

موں پر چڑیا: مقابلہ کیا

بارے او ایک دیس غمزا آکر عقل کے موں پر چڑیا خوب دو دو ہات لڑیا (وجہی۔سب رس)

موں پر کھڑا ہونا: مدمقابل ہونا

نہ موں پر کھڑا ہو سکے آفتاب (غواصی۔طوطی نامہ)

مُوں پر نور چڑنا: چہرے پر نور کا آنا

دل میں اجالا پڑے گا موں پر نور چڑے گا (وجہی۔سب رس)

موں پو سے اترنا: دل سے اترنا

سب کے موں پو سوں اتریا ہوا ہے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

موں پھاٹی: بے لگام۔بیہودہ گفتار (اسم۔مونث)

موں پھاٹی، جھوٹنے کاٹی، میرا بس ہوئے تو اسے بہت ٹھوکوں (وجہی۔سب رس)

مُوں پھٹے بلا او ٹھے: نامناسب گفتگو مسائل پیدا کرتی ہے۔

بات ہو یا تیر نکلے پو پھر نیں الٹتی مثال ہے کہ موں پھٹے بلا او ٹھے (ابراہیم بیجاپوری۔انوار سہیلی)

موتجل: تاڑ کے درخت کا پھل (اسم۔مذکر)

کھجوراں ٹینڈ شالو کا جو موتجل (ہاشمی۔یوسف زلیخا)

مونجے: مجھے

سب کچھ مونجے دے کر چھوڑ (جانم۔ارشاد نامہ)

مُونج: موند۔بند

چڑیا جو کھیا او رانکھیا مونج کر (غواصی۔سیف الملوک و بدیع الجمال)

مُونچھا: بند کیا

چھپا ہے بھوت یو او نچا جو دیکھیا نیں وو مونچھا (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

مُونچ: بند

1۔نہ پلکھاں ہلا خوب انکھیاں مونچ لیو (غواصی۔طوطی نامہ) 2۔نین مونچ صورت رکھی تھی چھپائی (احمد جنیدی۔ماہ پیکر)

مُونچے: بند کیے

پنکھی ان پر سننے کے چونچ مونچے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مُوندھیا: بند کیا

جواب روندھن تھے سکھ کی دار موندھیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مُوندے: بند کرے

نیندالے نین موندے نیند بھرے موئے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

منڈھے: کاندھے (اسم۔مذکر)

موڈھے توڑ کر تجھ کنے گاڑنا (علاء الدین فقیر۔ابلیس نامہ)

موںڈ: (منڈی) سر (اسم۔مذکر)

رہے پرگم موںڈ پلیٹ (اشرف۔نوسرہار)

موںڈی: سر (اسم۔مذکر)

1۔رھیا یوں کر موںڈی تل (اشرف۔نوسرہار) 2۔کوئی برا کو یا بھلا، تلیں موںڈی کیسے ہو لکھند گا (وجہی۔سب رس) 3۔جو دشمن منڈی تل کرے لاج کر (حسن شوقی۔میزبانی نامہ)

موںڈی تلھیں کرنا: سر جھکا لینا

رہی موںڈی تلھیں کر (اشرف۔نوسرہار)

موں کا پانی گنوانا: آبرو کھونا

نجل ہور تن پانی موں کا گنوائے (وجہی۔قطب مشتری)

مُوں کی پھوڑ: زبان دراز

چھٹی ہٹ اُنے کیوں ہیں کرو بھٹول موں کی پھوڑ ہے (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مونکھ: موکھ (کھ) کی انفیائی ہوئی شکل (اسم۔مذکر)

دیوے بیچ موکھ جلیں ہار ہار (عبدل۔ابراہیم نامہ)

مونکھی: نکی۔مکا

مونکھی مارنا: پاؤں موتے مار کر دابنا

مونکھیاں مار چک نیندا سے تک ایک (غواصی۔مینا ستونتی)

مُونگا: موتی (اسم۔مذکر)

مونگا شکر ہے ہاشمی لذت ہے ان کے لب میں جیوں (ہاشمی۔دیوان ہاشمی)

مُونگ کیریاں پھلیاں: مونگ کی پھلیاں (اسم۔مونث)

مناسب تج انگلیاں انادھرتے ہیں کر+تم مونگ کیریاں پھلیاں پائیں حظ (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

مُوں میں مائی بھانا: منہ میں مٹی ڈالنا
سرکوٹ لیا، موں میں مائی بھانے لگیا (وجہی۔سب رس)

مونہہ: میں۔اندر
میرے جیو مونہہ یہ ہے چاؤ (اشرف۔نوسرہار)

مُونہ: منھ
کلا ٹیکا مونہ کوں دھر (اشرف۔نوسرہار)

موہت: جسکا دل موہ لیا گیا ہو۔عاشق
1۔جگت موہت ترے توں جگ موہن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا) 2۔جوبن دیسیں اسے موہیت ہوئیں کوے (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

موہن: محبوب
جو موہت کی طرف دیکھے نہ موہن (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

موہنی: دل کو موہنے والی۔محبوبہ (اسم۔مونث)
کہ اے موہنی تو ہے ناری اصیل (غواصی۔طوطی نامہ)

موہنیاں: موہنی (محبوبہ) کی جمع (اسم۔مونث۔جمع)
1۔ساقی ہو عید آیا دیکھ حال موہنیاں کے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔جو بن سو موہنیاں کی پتلیاں ہیں جو صرایاں (عبداللہ قطب شاہ۔کلیات عبداللہ قطب شاہ)

موہنا: فریفتہ ہونا
1۔او چال دیکھ ہنس موہیا چنچل سگھڑ بالی اہے (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ) 2۔او چلنے کوں دیکھ ہنس دریائی موہے سب (محمد قلی قطب شاہ۔کلیات محمد قلی قطب شاہ)

موہیا: موہنے والا
1۔کیا وصف اب کروں میں اس مست موہیا کا (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔جو اس مکھ اوسنے کوں دیکھ موہیا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

موہے: (برج بھاشا) مجھے
نہ موہے کت دیکھت وہ روپ یعقوب (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مویا: مردہ
مویوں جیوادے جیتوں مار (اشرف۔نوسرہار)

مویو: مردہ
بدیا چھاڈ جیونا امرچ سن سورکھ مویو پران (ابراہیم عادل شاہ۔کتاب نورس)

مُوئی: مرگئی
موت اس کی موئی ہور او جیوں کا جیوں رہا (امین الدین اعلیٰ۔کلمۃ الاسرار)

مُویاں: مردہ
1۔مویاں تھے کیے دل اُپر بھوت درد (رستمی۔خاور نامہ) 2۔دو جیتیاں منے تیس مویاں میں اہے (غواصی۔طوطی نامہ)

مَہارت: محاورہ۔کہاوت۔ضرب المثل
اس بات میں کہی مہارت، تو دکنی میں بھی بولے ہیں کہ ٹٹو کوں ٹومنی، تیزی کوں اشارت (وجہی۔سب رس)

مَہابت: ہیبت۔بزرگی
مہابت سوں اس سور کی سر سبز (صنعتی۔قصہ بے نظیر)

مَہابل: (مہابلی) طاقتور۔بڑی طاقت والا
1۔میری مہابل جس اتھے سد چھوڑ دے دنگ ہو کھڑے (شاہی۔کلیات شاہی) 2۔کروں اس تیں منترا ایسے مہابل (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مَہابل: بہت طاقت والا (خدا)
ششی ہور دیوا کر مہابل بنایا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

مہابُ ھج بل: مضبوط بازو والا۔طاقت ور
کہ توں کون ایسا مہا بھج بل (فخر دین نظامی۔کدم راؤ پدم راؤ)

مَہابیر: نہایت بہادر (مہا = بڑا عظیم + بیر = بہادر)
مہابیر بل بھو بلوند رایا (احمد گجراتی۔یوسف زلیخا)

مَہاپرس: بڑا آدمی۔عظیم انسان (اسم۔مذکر)
مہاپرس گیانی قلندر کلادیں (شاہ تراب۔من سمجھاون)

مھات: بات
جس مرے سوں مہات کرے سن اسے نوازش بھاو (شاہ میراں جی شمس العشاق۔وصیت النور)

مَہاجوج: بڑا جنگجو
نبڑا راج پنڈا مہاجوج توں (حسن شوقی۔فتح نامہ نظام شاہ)

مہادیو: شیوجی۔مہیش
مہادیو کا روپ جس نے دکھایا (شاہ تراب۔من سمجھاون)

مَہاڑی: محل (اسم۔مونث)
